حکیم الامت مجدد الملت حضرت مولانا اشرف علی تھانوی رحمۃ اللہ علیہ

ملفوظات حکیم الامت

ادارہ تالیفاتِ اشرفیہ
چوک فوارہ تھانہ پاکستان
061-4540513-4519240

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1



ملفوظات

کمالاتِ اشرفیہ

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

ملفوظات

کمالاتِ اشرفیہ

جدید ایڈیشن

حکیم الامت مجدد الملت

حضرۃ مولانا اشرف علی تھانوی قدس سرہ

ادارۂ تالیفاتِ اشرفیہ

چوک فوارہ ملتان پاکستان

(061-4540513-4519240

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

ملفوظات کمالاتِ اشرفیہ

تاریخ اشاعت.....ذیقعدہ ۱۴۲۷ھ
ناشر.....ادارہ تالیفات اشرفیہ ملتان
طباعت.....سلامت اقبال پریس ملتان

جملہ حقوق محفوظ ہیں

قارئین سے گذارش

ادارہ کی حتی الامکان کوشش ہوتی ہے کہ پروف ریڈنگ معیاری ہو۔ الحمد للہ اس کام کیلئے ادارہ میں علماء کی ایک جماعت موجود رہتی ہے۔ پھر بھی کوئی غلطی نظر آئے تو برائے مہربانی مطلع فرما کر ممنون فرمائیں تاکہ آئندہ اشاعت میں درست ہو سکے۔ جزاک اللہ

ملنے کے پتے

ادارہ تالیفات اشرفیہ.....چوک فوارہ.....ملتان
مکتبہ رشیدیہ.....راجہ بازار.....راولپنڈی
ادارہ اسلامیات.....انارکلی.....لاہور
یونیورسٹی بک ایجنسی.....خیبر بازار.....پشاور
مکتبہ سید احمد شہید.....اردو بازار.....لاہور
ادارۃ القرآن.....غزنی سٹریٹ.....کراچی نمبر 5
مکتبہ رحمانیہ.....اردو بازار.....لاہور
مکتبہ لدھیانوی.....جامعہ حسینیہ.....جلی پور
مکتبہ المنظور الاسلامیہ.....بلاک زیڈ.....مدینہ ٹاؤن.....بنک سٹاپ.....فیصل آباد

ادارہ اشاعت الخیر - حضوری باغ روڈ - ملتان

ISLAMIC EDUCATIONAL TRUST U.K 119-121- HALLIWELL ROAD
(ISLAMIC BOOKS CENTERE BOLTON BL1 3NE. (U.K.)

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1



عرض ناشر

اَلْحَمدُ لله اللہ تعالیٰ کا لاکھ لاکھ شکر ہے کہ اُس نے ہمیں حکیم الامت مجدد الملت حضرت تھانوی نور اللہ مرقدہ جیسے مجدد وقت کی نایاب تالیفات شائع کرنے کا شرف بخشا ہے۔ اور یہ سب ہمارے مشائخ کرام حضرت تھانوی رحمہ اللہ کے خلفاء کرام رحمہم اللہ کی خصوصی دُعاؤں اور توجہات کا ثمرہ ہے۔

زیرِ نظر مجموعہ ''ملفوظات کمالات اشرفیہ'' حضرت حکیم الامت تھانوی رحمہ اللہ کے جملہ خلفاء کا پسندیدہ ہے۔ جو آپ کے سامنے (خوبصورت ترتیب اور کمپیوٹر کتابت کے ساتھ) پیش خدمت ہے۔

اللہ تعالیٰ محض اپنے فضل وکرم سے شرف قبولیت نصیب فرمائے امین

احقر

محمد اسحٰق عفی عنہ

ذیقعدہ ۱۴۲۷ھ

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

مقدمہ

بعد الحمد والصلوٰۃ

یہ تراب اقدام نعال رجال عرض گذار ہے کہ مقبولان الٰہی کے ذکر احوال کے محمود و مفید ہونے کے اثبات میں ان آیات کا جا بجا منتشر ہونا'

وَاذْكُرْ فِي الْكِتَابِ مَرْيَمَ ☆ وَاذْكُرْ فِي الْكِتَابِ اِبْرَاهِيْم
وَاذْكُرْ فِي الْكِتَابِ مُوْسٰى ☆ وَاذْكُرْ فِي الْكِتَابِ اِسْمٰعِيْل
وَاذْكُرْ فِي الْكِتَابِ اِدْرِيْس ☆ وَاذْكُرْ عَبْدَنَا دَاوٗدَ ذَاالْاَيْدِ
وَاذْكُرْ عَبْدَنَا اَيُّوْبَ ☆ وَاذْكُرْ عَبْدَنَا اِبْرَاهِيْمَ وَاِسْحَاق
وَيَعْقُوْبَ اُولِي الْاَيْدِيْ وَالْاَبْصَارِ ☆ وَاذْكُرْ اِسْمٰعِيْلَ
وَالْيَسَعَ وَذَاالْكِفْلِ كُلٌّ مِّنَ الْاَخْيَارِ وغیرھا اجمالاً

دلیل کافی ہے۔ موقع پر یاد آ جانے سے غوائل نفس سے بچ جانا۔ ملفوظات و مقولات کے جاننے سے بہت سے غلط خیالات کا رفع ہو جانا۔ بہت سے دستور العمل اور طرق سلوک کے معلوم ہو جانا بہت سی علمی پیچیدگیاں حل ہو جانا جو تجربہ اور مشاہدہ

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

سے ثابت ہے تفصیلاً برہان وافی ہے۔

اسی لئے اس کی تدوین ہمیشہ اکابر کا معمول رہا ہے اور اکثر اپنے خاص خاص بزرگوں کے حالت کو تدوین کے لئے اختیار کرتے رہے اور اس میں ایک خاص نفع یہ بھی ہے کہ ان خاص حضرات کے زمانہ کے قریب کے لوگوں کے طبائع و مذاق و استعداد کے اعتبار سے یہ حالت خاصہ اصلاح قلب و تہذیب نفس میں بوجہ تناسب زیادہ معین ہوتے ہیں۔

اسی طرح اس چودھویں صدی میں چونکہ یہ امر بفضلہٖ تعالیٰ محتاج دلیل نہیں رہا کہ حضرت اقدس قطب العارفین مجدد الملۃ والدین حکیم الامت بالیقین مولانا و مقتدانا مرشدی و مولائی وسیلتی یومی و غذی جناب مولوی حاجی حافظ قاری شاہ محمد اشرف علی صاحب حنفی چشتی امدادی تھانوی لازالت شموس فیوضہم بازغۃ و شآبیب رحمۃ اللہ علیہم فائضہ حضور سرور عالم فخر بنی آدم صلی اللہ علیہ وسلم کے سچے وارث و جانشین ہیں۔

نیز حضرت کا وجود باجود مرکز رد و ہدایت و سرچشمہ علم و حکمت ہے بالخصوص امراض روحانی کی تشخیص اور ان کے معالجہ میں تو وہ خداداد ملکہ اور دست شفا حاصل ہے کہ حضرت حق کی جانب سے حکیم الامت کا لقب عام طور سے قلب میں القا فرما دیا گیا۔

ذَالِکَ فَضْلُ اللّٰہِ یُؤْتِیْہِ مَنْ یَّشَآءُ وَاللّٰہُ ذُوالْفَضْلِ الْعَظِیْم

بنا بریں احقر نے چاہا کہ حضرت ممدوح الذکر کے چند ایسے واقعات و حالات و ملفوظات کو اختصار کے ساتھ بطور نمونہ از خروارے یکجا جمع کر دیئے جاویں جن سے سالکین کو طریق میں خاص طور پر اور عوام کو معاشرت میں عام طور پر اعانت ہو اور جو فی الحقیقت حضرت والا کے سوانح کا جزو اعظم بن سکیں۔

اس تالیف میں ہر واقعہ کو ترتیبی نمبر سے شروع کیا ہے اور چونکہ شان علم و تربیت و تحقیق و حکمت حضرت والا طال عمرہ کے کمالات کا خاص جزو ہے اور سالکین کے استفادہ کے لئے خاص چیز ہے اس لئے اس کمال کا ایک خاص باب اول ہی میں رکھا گیا ہے اور ہر ہر واقعہ کی

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

فہرست بھی لکھ دی گئی ہے اور دوسرا باب دیگر کمالات کا جدا قائم کیا گیا ہے۔ اور اس کے ختم پر فائدہ بڑھا کر وہ واقعہ کلیات کمال میں سے جس کلی کی جزئی معلوم ہوئی ہے اس کی تصریح کر دی ہے کہ رہروان طریق کو اقتضار و استفادہ سیر میں جو مقصود اصلی تدوین سے سہولت ہو اور اس مجموعہ کا نام کمالات اشرفیہ رکھتا ہوں۔ اللہ تعالیٰ اس کو نافع و مقبول فرما دیں۔

اور حضرت والا کے وجود باجود کو بایں فیوض و برکات تا مدت مدید بعافیت تمام سلامت باکرامت رکھیں اور ہم لوگوں کو اخذ فیوض کی توفیق دیں آمین ثم آمین

واللہ المستعان وعلیہ التکلان

ماخذ ان ملفوظات کا حسب ذیل رسالے ہیں

مواعظ مختلفہ۔ حسن العزیز۔ التشرف۔ تربیت السالک

الافاضات الیومیہ۔ اشرف المعمولات۔ امداد الفتاوی

کمالات امدادیہ

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

فہرست مضامین

شان تربیت وعلم وتحقیق وحکمت	۴۲
محبت کی حقیقت	۴۲
مصائب تغیرات طبعی	۴۲
شیخ معلم کو انفع وافضل سمجھے	۴۳
جہاد کیلئے طبعی آمادگی	۴۳
دعا کی ترجیح قنوت نازلہ پر	۴۳
اصل تدبیر مصائب کی	۴۳
دشمن کا مقابلہ	۴۳
آثار تعلق مع اللہ	۴۴
جھوٹ کا علاج	۴۴
انقباض طبعی کا علاج	۴۴
غصہ کا مجرب علاج	۴۴
امور غیر اختیاریہ	۴۴
کبر کا علمی علاج	۴۵
یارسول کہنے میں تفصیل	۴۵
اپنی اصلاح کی فکر مقدم ہے	۴۵
اپنوں کی معیت	۴۵
روح الطریق	۴۵
غصہ کا ایک مجرب علاج	۴۶
معاصی کا علاج	۴۶
رسوخ سے مقصود عمل ہے	۴۶
مصلح کو مرض کی اطلاع کب کرے	۴۶
اعتقاد کبر وعمل کبر کا علاج	۴۶
اخلاق رذیلہ	۴۷
حق امام راتب	۴۷
مجاہدہ اختیاریہ سے جاہ کا علاج	۴۷
صاحب مقام کی ایک شان	۴۸
پیشین گوئی مانع تدبیر نہیں	۴۸
صوفی کے صبر کرنے کی وجہ	۴۸
نااتفاقی محمود اور اتفاق مذموم	۴۹
قرآن کے لقب فرقان کے معنی	۴۹
اتفاق کرانے کا طریقہ	۵۰
فساد کے حقیقی معنی	۵۰
جاہ مذموم	۵۰
غیبت عداوت کا باپ بھی اور بیٹا بھی	۵۰
شرافت اخلاق بے حیائی سے مانع ہے	۵۰
پردہ کے اثبات میں عجیب دلیل	۵۱
خانگی مفسدات سے بچنے کی تدبیر	۵۱

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

جو کام تنہا ہو سکے وہ مجمع کے ساتھ مل کر نہ کرو	۵۱
اعمال کا صدور دوام محض موہبت	۵۱
شوق پیدا کرنے کے اسباب	۵۲
دخول جنت وحصول مغفرت	۵۲
محنت کا نتیجہ راحت ہے	۵۲
مشغولی نماز مسکن حزن ہے	۵۳
صوت عورت بھی عورت ہے	۵۳
اقامۃ صلوۃ کے معنی	۵۳
حکم رطوبت جنین	۵۳
نابینائی خلقی سبب عار نہیں	۵۳
اشتغال بالنکاح کی فضیلت	۵۳
کمال مقصود	۵۳
شہوات دنیا کے موجب کمال	۵۴
حکمت خود تابع ہے فعل حق سبحانہ کے	۵۴
جہاد حکومت اسلام قائم کرنے کیلئے	۵۴
"صوفیہ ہر مسلمان سے دعا کے طالب ہوتے ہیں"	۵۴
قبول بیعت میں توسیع اور تنگی	۵۴
سہولت معاشرت کی رعایت	۵۵
دین کی عزت کا خیال رکھو	۵۵
توسط بین التکلف والتوسع کا امر	۵۵
موت سے آسانی اور آزادی	۵۵
اہل وجاہت کی لغزشوں کو معاف کرو	۵۵
امت محمدیہ کے بڑے درجہ کے لوگ	۵۵
ایک بار سے زیادہ دن میں کھانا	۵۶
موتی کے غیر مسموعات کے ادراک	۵۶
نیت کے ساتھ عمل ہونا بھی ضروری ہے	۵۶
حزب البحر کا حکم	۵۶
اسرار کا حکم	۵۷
اکابر کے علوم سے موافقت	۵۷
محقق ہونے کی ایک علامت	۵۷
شیخ کا فن دان ہونا ضروری ہے	۵۷
حزن کو وصول الی اللہ میں زیادہ دخل ہے	۵۷
غیبت کا علاج	۵۷
طاعت کا نقص	۵۷
محبوبیت کا ایک درجہ	۵۸
امور دینویہ کا انتظام واہتمام	۵۸
عروج روحانی	۵۸
مجذوب کا فعل حجت نہیں	۵۸
جنازہ کیلئے نماز جمعہ کا انتظار	۵۸
ہر امر کا ضابطہ ہونا چاہئے	۵۹
لذائذ میں عارفین کی نیت	۵۹
محل حرام میں مشاہدہ جمال صانع کا	۵۹
حق العبد میں حق اللہ ہوتا ہے	۵۹
ایک ضد کبھی دوسرے ضد کے حصول کا باعث ہو جاتی ہے	۵۹
توجہ مرشد کے نفع کی شرط	۶۰
فہم سلیم اور تفقہ فی الدین	۶۰
عاشق ناکامی وکامیابی	۶۰

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

معراج کی حقیقت	۶۰
عسر یسر ظاہری و باطنی	۶۱
نصف شعبان	۶۱
اعراض کی ایک صورت	۶۱
موت تک عمل سے استغنا نہیں	۶۲
امید ورجا کے لئے عمل شرط ہے	۶۲
عقائد جیسا فی نفسہٖ مقصود ہیں	۶۲
جس علم کے مقتضا پر عمل نہ ہو وہ کالعدم ہے	۶۲
اسلام اختصار تعلقات کی تعلیم دیتا ہے	۶۲
مال کے ساتھ بھی زہد و توکل ہوسکتا ہے	۶۲
معرفت اور حقیقت	۶۳
زجر و تنبیہ کے ساتھ عدم تحقیر کا اجتماع	۶۳
ریا حابط عمل ہے	۶۳
طریق قلندر کی تعریف	۶۳
کامل مکمل کی تعریف	۶۳
نفس کو قابو میں لانا اصل چیز ہے	۶۴
فنا کا درجہ اعلیٰ درجہ ہے محبت کا	۶۴
اہل اللہ کو مجنون کا لقب کیوں دیا جاتا ہے	۶۴
حضور ﷺ کو شاعر و ساحر کیوں کہا جاتا تھا	۶۴
جنکی باطنی آنکھ پٹ ہے وہ باطنی دولت کو کیا جانیں	۶۴
وصول کا اقرب طریق اتباع سنت ہے	۶۵
قلندر کی تعریف	۶۵
اللہ کے محبوب بننے کی ترکیب	۶۵
حقوق مرشد	۶۵
شیخ کامل کی شناخت	۶۵
ضرورت کے اقسام اور شرعی حکم	۶۶
توکل کی خامی کی دلیل	۶۶
حال پیدا کرنے کا طریقہ	۶۷
مبتدی متوسط منتہی کی شان	۶۷
مسافر آخرت پر غلبہ مال کی علامات	۶۷
ملامتی کا طرز	۶۷
اہل حال کے اقوال کے اظہار کا حکم	۶۷
ذکر بے لذت بھی محصل مقصود ہے	۶۸
حرارت عزیزیہ	۶۸
حق تعالیٰ کی غایت شفقت و رافت کی دلیل	۶۸
حکم شکر کا ایک نکتہ	۶۸
بواسطہ دیدار کی صورت	۶۸
عارفین کو جنت محبوب ہونیکی وجہ	۶۹
غلامی کا راز	۶۹
احوال صادقہ	۶۹
ہمارے خشک نہ ہونے کی دلیل	۶۹
سنوار کر پڑھنے کی دو صورتیں	۶۹
عمل مقصود ہے نہ کہ رسوخ	
تحمل ہی طریق کا ادب ہے	
خود بدخو ہے	
تمام اخلاق کا خلاصہ	
اپنے کام کا بار کسی پر نہ ڈالے	

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

جواب میں تاخیر کرنا یا نہ دینا	
اتفاق کا راز	
اجنبی سے ملاقات کا طرز	
صوفیہ کا ایک مقولہ	
اس جوش خوشی کا علاج جو فتح غیبت تک پہنچا دے	
قاری کو ہدیہ دینے کا ادب	۷۲
دنیا اور آخرت کی مثال	۷۲
حق تعالیٰ کی محبت	۷۲
قبر سے فیض کے اقسام	۷۲
عربی کے علاوہ دیگر زبان میں جمعہ یا عید کا خطبہ	۷۳
ہمارے بھائیوں کی تباہی کی وجہ	۷۳
خدا کے لئے جان کیا چیز ہے	۷۳
بے موقع ذکر اللہ کی بھی ممانعت	۷۳
ظلم مذیل سلطنت ہے نہ کہ کفر	۷۴
مجذوبین میں گو عقل نہیں لیکن سلامت حواس ہوتی ہے	۷۴
غم وفکر سے روح میں نور پیدا ہوتا ہے	۷۴
اصلاح نفس کے لئے نری دعا کافی نہیں	۷۴
امراض جسمانی میں امراض نفسانی	۷۴
خواب پر عزم بیعت کی بنا کی مثال	۷۴
علاج غیبت	۷۵
رضائے عوام کا درجہ	۷۵
بخل کے درجے	۷۵
شناخت تکبر کا معیار	۷۵
ہمت پیدا کرنے کا طریقہ	۷۵
اصل مقصود طریقت	۷۵
سہولت تصوف	۷۵
دین کی اصلاح سے دنیا کی بھی اصلاح	۷۶
تقریبات میں عورتوں کا جانا	۷۶
اجابۃ داعی کے عموم کا بیان	۷۶
ذکر وشغل صرف معین اصلاح ہیں	۷۶
محقق کی ایک شناخت	۷۶
آثار کثرت معصیت	۷۶
کامل یکسوئی کا انتظار فضول ہے	۷۷
روح اعتکاف کی انتظار صلوٰۃ ہے	۷۷
دو شخصوں کے ہجرت کی ممانعت	۷۷
نفس تو شیطان کا بھی گمراہ کنندہ ہے	۷۷
اتفاق کا معیار	۷۷
حیات طیبہ کی حقیقت	۷۷
فساد بین الزوجین	۷۸
امر بالمعروف کا ایک قاعدہ	۷۸
اختلاط بالامثین کا طریق	۷۸
عورت مرتدہ کے نکاح کا حکم	۷۸
رضا بالکفر کے کفر ہونے کی توضیح	۷۹
تجدید ایمان وتجدید نکاح کا طریقہ	۷۹
گناہ کا اثر متعدی ہے	۷۹
کسب کا بار آور ہونا حیثیت ہی پر ہے	۷۹
صدقہ وزکوٰۃ تمہارے نفع کیلئے	۷۹

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

بیع معدوم کی حرمت کا بیان	۷۹
اثر طعام حرام	۸۰
اصلاح بیع معدوم کا طریقہ	۸۰
مسائل عشر	۸۰
عشر نکالنے سے پیداوار میں ترقی ہوتی ہے	۸۱
اسراف کی حقیقت	۸۲
تملیک کے تحقق کی شرط	۸۲
مشاہدہ حق معصیت کیساتھ جمع نہیں ہوسکتا	۸۲
خوف سے رونے کی مدح	۸۲
قوت شہوانی کی نگہداشت	۸۲
مسنون طریقہ علاج کرنا	۸۳
تداوی بالحرام کا حکم	۸۳
پوری گائے کا حکم عقیقہ میں	۸۳
حدیث لولاک الخ کی اصل	۸۳
شک وتردد کا اصلی علاج	۸۴
قرض کے معاف کرنیکا طریقہ	۸۴
اسراف فی النکاح مزیل برکت	۸۴
ایسا قرض جس سے معصیت کی اعانت ہو	۸۴
شیخ کا ایک دستور العمل	۸۵
ایذائے شیوخ بلا مقصد بھی مضر ہے	۸۵
راحت رسانی شیخ کا ایک طریقہ	۸۵
مسجد کے لوٹے کا محبوس کرنا	۸۵
عقل کا کام	۸۵
قیامت میں ہر عمل کی ہیئت	۸۵
واردات کی مخالفت مضر	۸۶
ذکر محبوب مقلل ہوتا ہے	۸۶
اہل اللہ کے زندہ دل ہونیکا راز	۸۶
معصیت سے بچنے کا طریقہ	۸۶
عشرہ اخیر میں حضور ﷺ کی حالت	۸۶
نقل اور اصل	۸۷
عشاء فجر کی جماعت کا مصلی	۸۷
غلو فی البلاغۃ مبغوض ہے	۸۷
معصیت کی ایک بڑی خرابی	۸۷
حب رسول معلوم کرنے کا راز	۸۸
عوام وخواص کی محبت کا فرق	۸۸
اہل سنت کا مذہب	۸۸
ملنے کا ایک دستور العمل	۸۹
حدت لوازم ایمان سے ہے	۸۹
قرآن وحدیث کا مدلول اصلی	۸۹
چندہ اور غربا	۸۹
شوق رکھ کر کام کرو	۸۹
وسعت نظر سے اعتراض	۸۹
غیبت کا ایک علاج	۹۰
بدعتی اور کافر کے اکرام کا فرق	۹۰
علمائے دین کی توہین کا نتیجہ	۹۰
صوفیہ مجوزین ومانعین	۹۰
معتقد فیہ کے مغلوب ہونے کی تمنا	۹۰
بزرگوں کے قریب دفن ہونیکی تمنا	۹۱

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

اولیاء اور انبیاء کے کشف کو تفاوت	۹۱
ضعیف اور مضیف	۹۱
طریق میں مقصود جمعیت قلب ہے	۹۱
رفع تشابہ کا معیار	۹۱
تصرفات نفسانیہ	۹۲
مولانا قاسم نانوتوی کا طرز تربیت	۹۲
غیر اللہ کا اہتمام ناپسندیدہ ہے	۹۲
محققین اور منتہین کی شان	۹۲
شغلی وحدۃ الوجود کے شرائط	۹۳
اعمال صالحہ کی توفیق عطا پر ہے	۹۳
نعمہائے جنت	۹۳
منتہی کو اولاد کے مرنے پر آنسو	۹۴
خلق معصیت اور کسب معصیت	۹۴
معصیت کر لینے سے مادہ معصیت کا قوی ہونا	۹۴
طاعات کے ساتھ تقاضائے معصیت	۹۴
نماز میں سنن کی رعایت	۹۴
کیفیت موجب قرب نہیں	۹۵
گناہ کی کمیت و کیفیت کو دیکھ کر توبہ نہ کرنا	۹۵
تشبیہ بالصوفیہ بھی قابل قدر ہے	۹۵
تہجد کی توفیق پر ناز نہ چاہئے	۹۵
توبہ سے سارے گناہوں کے مٹ جانیکی مثال	۹۶
گناہوں کو سخت سمجھنا علامت ہے ایمان کی	۹۶
جو اعتقاد توبہ سے مانع ہو وہ مذموم ہے	۹۶
کون قابل صحبت ہے	۹۶
محبت حق پیدا کرنیکا طریقہ	۹۶
بندہ کا کام ہمت ہے	۹۷
مبتدیوں کو تشبث بالاسباب	۹۷
عشاء کے وقت بھی تہجد	۹۷
زیادت کرنے کیلئے قلق کرنیکی مثال	۹۸
رضائے واقعی معلوم کرنیکی صورت	۹۸
حق تعالیٰ کے غنی ہونے کے معنی	۹۹
مسام سے کوئی چیز جوف میں پہنچنا	۹۹
مناظرہ کی صورت	۹۹
جاھدوا سے کیا مراد ہے	۹۹
سواد اعظم سے کونسی جماعت مراد ہے	۹۹
انتقام کے زیادہ درپے ہونا	۹۹
اوروں کی فکر میں کاوش	۱۰۰
تعلیم حسن معاشرت	۱۰۰
سفارش کا طریقہ	۱۰۰
مرید کا ایک ادب	۱۰۰
قبض اور معاصی	۱۰۰
ناقصین کو افضل کی تحری	۱۰۱
علت و حکمت کا فرق	۱۰۱
تخلیہ کاملہ سے تخلیہ	۱۰۱
حیا کے غلبہ کا اعتدال	۱۰۱
مسجد کے بعض آداب کلیہ ہیں	۱۰۱
کون سے مشاہد کیلئے سفر کرنا جائز	۱۰۱
تہذیب.. بلا ضرورت دوسرے سے فرمائش	۱۰۲

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

خبر رؤیت ہلال کی اشاعت	۱۰۲
دنیا کی حقیقت	۱۰۲
محافظت مجاہدین بھی جہاد	۱۰۲
بعض مواقع جواز غیبت	۱۰۲
مال کی حقیقت	۱۰۲
لغو اور فضول ابتداءً و مباح ہے	۱۰۳
قرب نزول کی ایک مثال	۱۰۳
سر ہو کر دعا مانگنا حق تعالیٰ کو پسند	۱۰۳
حق تعالیٰ کیوجہ سے مخلوق کیساتھ محبت کرنا	۱۰۳
عارف کا ہر کام خدا کے واسطے ہوتا ہے	۱۰۳
سلف کے خدام کا مذاق	۱۰۳
کشف القبور کوئی کمال نہیں	۱۰۴
ایمان و عمل صالح سے قبولیت	۱۰۴
ایمان و عمل صالح سے غذائے روحانی	۱۰۵
مشاہدہ کے اقسام مع حکمت و مثال	۱۰۵
نعمت	۱۰۶
حسن ظن و قوت رجا شرط قبولیت دعا	۱۰۶
حق تعالیٰ کے کرم کی ایک دلیل	۱۰۶
امساک باران کا ایک علاج	۱۰۷
شرط عادی عطا کی یہ ہے کہ جلدی نہ مچائے	۱۰۷
مناسبت شیخ کے معنی	۱۰۷
علم مطلوب کی تعریف	۱۰۷
وعظ سے خود واعظ کو کس طرح نفع ہو جاتا ہے	۱۰۸
بددین کے ساتھ ظلم	۱۰۸
مناظرہ کے قصد سے مخالفین کی کتابوں کا مطالعہ	۱۰۸
قلب کا اثر	۱۰۹
شیخ کی محبت	۱۰۹
تبرکات کا اصل	۱۰۹
علم مطلوب کون ہے	۱۰۹
معقولات کب نافع ہیں	۱۱۰
تمثیل مکروہ	۱۱۰
تبلیغ اور مصالح	۱۱۰
حقیقت تقویٰ	۱۱۰
میراث کے متعلق ایک اہم مسئلہ	۱۱۰
شرف نسب سبب فخر نہیں	۱۱۱
ماں کا نسب معتبر نہیں	۱۱۱
سیادت کا مدار فاطمہؓ پر	۱۱۱
انگریزی کو دین سے کوئی تعلق نہیں	۱۱۱
سودا کا مسخر اپن اپنی بیوی سے	۱۱۱
فلاح کی حقیقت راحت ہے	۱۱۲
نماز سے صحت اچھی رہتی ہے	۱۱۲
اعمال کے آثار چہرے پر نمایاں	۱۱۲
گناہوں کی سوزش کا احساس نہ ہونیکا راز	۱۱۲
گناہوں سے دل کمزور ہو جاتا ہے	۱۱۴
قوت عملیہ کی کمزوری کیوجہ قوت علمیہ	۱۱۳
خلوت کا مقصود اور جلوت میں خلوت	۱۱۳
علم و عمل موجب شرف کب ہے	۱۱۳
سلوک کا مدار ہی کف نفس پر ہے	۱۱۴

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

مسلمانوں کو گناہ میں پوری لذت نہیں مل سکتی	۱۱۴
مومن کو تحصیل شدہ اشیاء کا احساس	۱۱۴
منکر نکیر کی اصلیت	۱۱۴
خواب میں حضور ﷺ کی زیارت کا حکم	۱۱۴
خطا معاف کر دینے سے دل کا کھل جانا بھی ضروری نہیں	۱۱۵
جذبات بشریہ	۱۱۵
ہر حالت میں عزیمت	۱۱۵
ہر مسلمان کو گناہ سے وحشت	۱۱۵
امر بالمعروف کا طریق	۱۱۶
انفاق معتبر کی تعریف	۱۱۶
مال حرام وحرام مخلوط بالحلال کی زکوٰۃ	۱۱۶
اطمینان بالدنیا کا مطلب	۱۱۷
حسن سے سیری کی دو صورتیں	۱۱۷
طلب اور دھن پیدا کرنے کا طریقہ	۱۱۷
مراقبہ حیات کا طریقہ	۱۱۷
سوچنے کی مثال	۱۱۷
حقہ کیا ہے ایک ڈاکو ہے	۱۱۷
گھوڑوں کے پرداخت کی ترغیب	۱۱۸
مرض کا تعدیہ نہیں	۱۱۸
مسلمان کی وضع اتباع احکام ہے	۱۱۸
ہدیہ کے استعمال کی ترغیب	۱۱۸
مباحات میں تنگی مناسب نہیں	۱۱۹
کمال ہر کام کا انہماک سے ہوتا ہے	۱۱۹
ذراری المشرکین والمومنین کا حکم	۱۱۹
لذت اور سہولت کی طلب نفس کا کید ہے	۱۲۰
جمعیت قلب کے تحصیل کی فکر	۱۲۰
بدعت ظاہری بدظنی کی تعریف	۱۲۰
عارف اپنے کو رائی کے برابر سمجھتا ہے	۱۲۰
بلا قصد حسین کا خیال	۱۲۰
تعلیم اعتدال فی الطلب	۱۲۱
اعطائے عشق ولذت کا راز	۱۲۱
لذت مقصود ہی نہیں	۱۲۱
مقصودیت کی شان	۱۲۲
اشتغال کیمیا ممنوع ہے	۱۲۲
احکام نذر تدقیق وتنقیح	۱۲۲
حضرت حاجی صاحبؒ کی عبدیت	۱۲۳
علاج فرح بالمدح	۱۲۳
کم فہموں سے مناسبت نہیں	۱۲۴
اللہ کے بندوں کے ساتھ رعایت	۱۲۴
شق راحت کا اختیار	۱۲۴
ظاہر وباطن کا یکساں ہونا	۱۲۴
بیعت کو آڑ دینا	۱۲۵
فکر سے راستہ کا انکشاف	۱۲۵
دو موذیوں کے درمیان حفاظت کی فکر	۱۲۵
مسلمانوں کی خدمت	۱۲۵
غصہ کی حالت میں فیصلہ	۱۲۵
جہاں علم کی ضرورت ہو وہاں نری خوش نیتی کافی نہیں	۱۲۵

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

عدل نرمی نرمی کا نام نہیں	۱۲۶
شفقت طبعی	۱۲۶
ذابح سے زیادہ رحم	۱۲۶
آیت اِدْفَعْ بِالَّتِیْ الخ	۱۲۶
عقل باندی ہے شریعت سلطان	۱۲۷
صلح کرانے کا صحیح طریقہ	۱۲۷
سرپرست کی رائے کب معتبر	۱۲۷
مشکلین کی دریافت کرنیکا قاعدہ کلیہ	۱۲۷
ہماری حس کی مثال اور اسکا علاج	۱۲۸
اصلاح کا طریقہ	۱۲۸
اطمینان باالدنیا	۱۲۸
آخرت سے بے خوفی کیوجہ	۱۲۸
تمام مثنوی کا خلاصہ	۱۲۹
قول ثابت کی تحقیق	۱۲۹
کثرت ذکر کا طریقہ	۱۲۹
اعمال میں کوتاہی کا سبب	۱۲۹
تواضع میں جذب	۱۲۹
ولی مقتول کے عفو میں سراسر مصلحت	۱۳۰
میلان الی المعصیت لوازم بشریہ	۱۳۰
تعشق کا علاج تزوج ہے	۱۳۱
کثرت اکل وحرص طعام مرض نہیں	۱۳۱
ذلت سے بچنے کا حکم شرعی	۱۳۱
فساد قلبی کی دلیل	۱۳۱
حصول کیفیات کے لئے دعا	۱۳۱
چین نہ آنا معصیت نہیں	۱۳۲
جنت میں انتظار و بے چینی نہ ہوگی	۱۳۲
بوڑھوں، سیدوں اور ذاکرین کا احترام	۱۳۲
مسائل مختلف فیہ کا محل اور دستور العمل	۱۳۲
نااتفاقی محمود بعد مذموم کا بیان	۱۳۲
صلح کیلئے مصافحہ کافی نہیں	۱۳۳
صلوٰۃ الخوف کا محل	۱۳۳
اسلامی تعلیم خود جاذب قلوب	۱۳۳
کسب دنیا بضرورت مذموم نہیں	۱۳۳
مسلمانوں کی ترقی کا راز محض دین	۱۳۴
اتباع شریعت موجب عزت حقیقی	۱۳۴
بقائے اتحاد کا مدار تقویٰ پر ہے	۱۳۵
دیندار سے زیادہ کوئی تعلقات کے حقوق ادا نہیں کرسکتا	۱۳۵
ستر پوشی کی ترغیب	۱۳۵
عمل دائمی کا اثر باطن پر	۱۳۵
رعایا کے سلطنت کی ہوس کا نتیجہ	۱۳۶
ساری پریشانیوں کا مدار اپنی تجویز	۱۳۶
آج کل کی ترقی کی حقیقت حرص ہے	۱۳۷
حرص ام الامراض ہے	۱۳۷
شریعت کا مقصود ملاپن ہے	۱۳۸
حرص کے مقتضا پر عمل کرنا	۱۳۸
جہنم میں کافر نہ جانے کی تاویل	۱۳۸
نفس کے تقاضوں پر عمل	۱۳۸

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

تکرار مقاومت کا تقاضا	۱۳۹
اخذ کمیشن کا حکم	۱۳۹
توکل کے اقسام اور ان کا حکم	۱۳۹
اصلاح کی کوئی انتہا نہیں	۱۴۰
معصیت کا علاج	۱۴۰
تقلیل طعام کا صحیح طریقہ	۱۴۰
تصوف کی کتاب سے اصلاح نفس	۱۴۰
نماز کے اندر مباح امر کا خیال	۱۴۰
جسم کو کیا دخل ہے روح کے ترقی و تنزلی میں	۱۴۱
ادائیگی قرض کا صحیح طریقہ	۱۴۱
سالک کو کام لگنا چاہئے	۱۴۱
پاکوں پر طعنہ زنی کی مذمت	۱۴۲
اہل باطل کے بھی تکفیر کی ممانعت	۱۴۲
اعتراض بر معلم مضر طریق ہے	۱۴۲
خدا کی محبت کے آثار	۱۴۲
وہمی کا علاج	۱۴۲
مدعی نبوت کو مسلمان کہنا	۱۴۳
گناہ کا علاج گناہ سے	۱۴۳
آثار خشوع	۱۴۳
اعتدال ہی میں دوام ہے	۱۴۳
صوفیہ کو علم سے زیادہ عمل کا اہتمام	۱۴۳
ایمان پر تقدیر کی ایک بڑی دولت	۱۴۴
اخلاق کی حقیقت	۱۴۴
طریقہ معتدل در ترک اسباب	۱۴۴
بعض وہ سورتیں جس میں فتویٰ پر عمل انسب ہے تقویٰ پر عمل کرنے سے	۱۴۴
حقیقت کبر اور اس کا علاج	۱۴۵
تزئین میں اعتدال محمود ہے	۱۴۷
طلب رضا شیخ خلاف اخلاص نہیں	۱۴۸
صحبت حرام کی صورت	۱۴۸
قدرت کے وقت قتال	۱۴۸
استطاعت لغویہ اور شرعیہ کا فرق	۱۴۹
قتال اور تدابیر مخترعہ کا فرق	۱۴۹
مسائل زوجیتین	۱۵۰
حسد کا علاج	۱۵۰
سن کی زیادتی سے بیوی کی محبت	۱۵۰
بیعت کی حقیقت	۱۵۰
معصیت کو طاعت سمجھنا کفر ہے	۱۵۱
قیامت کی ہیبت	۱۵۱
حرص کا عجیب و غریب علاج	۱۵۱
تتمہ علاج حرص	۱۵۲
عورتوں کے عیب اکثریہ ہیں	۱۵۲
علوم جدید کی تعلیم عورتوں کو سخت مضر ہے	۱۵۲
علاج مفیدہ فساد سفر حج میں مال تجارت لے جانے کا حکم	۱۵۳
حرص کی مثال خارش کی سی ہے	۱۵۳
مسلمان سے ایک سال تک نہ بولنے کا گناہ	۱۵۴
مصیبت کا دستور العمل	۱۵۴

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

نابالغ بچوں سے چندہ لینے کا حکم	۱۵۴
کسی کے مالی کاموں میں پڑنا مناسب نہیں	۱۵۴
تملیک زکوٰۃ کی صورت	۱۵۴
الدال علی الخیر	۱۵۵
دین کے کام میں دینا خدا کو دینا ہے	۱۵۵
مواساۃ کی ترغیب	۱۵۵
مواساۃ پر بعض اعتراضات کا جواب	۱۵۶
اتفاق کا راز	۱۵۶
نیت اللہ کیلئے ہو تو ناگواری سے دینے میں زیادہ ثواب	۱۵۶
حق کا مدار علاقہ پر ہے	۱۵۶
بے دردی جانور کا خاصہ ہے	۱۵۷
مصیبت کی تعریف	۱۵۷
عورت کو چندہ وغیرہ میں شوہر سے اجازت	۱۵۷
منتہی کی تعریف	۱۵۷
مدارات اور مداہنت	۱۵۷
البذاذۃ کی حقیقت	۱۵۸
نئے آنیوالوں کو آؤ بھگت سے لیا کرو	۱۵۸
بزرگوں کو کوئی نہ کوئی تکلیف ضرور ہوتی ہے	۱۵۹
امور اختیاریہ اور غیر اختیاریہ کا حکم	۱۵۹
انبیاء علیہم السلام اور آباؤ اجداد کے سامنے عرض اعمال	۱۶۰
اپنی چیز کی حفاظت کا اہتمام شغل مع اللہ کے منافی نہیں	۱۶۰
وہ لوگ جن کی امداد خدا کے ذمہ ہو	۱۶۱
ناکامی کی صورت میں دوہرا اجر ملے گا	۱۶۱
افاضہ اور استفاضہ کی شرائط	۱۶۱
معاصی اور اعمال صالح کی خاصیت	۱۶۱
قتل عمد کا حکم تحقیقی	۱۶۱
نقائص جاہ	۱۶۲
علاج کلفت	۱۶۲
تفسیر عجیب آیت ان الصلوٰۃ تنھیٰ	۱۶۲
بزرگوں کی صحبت کا ادنیٰ اثر	۱۶۳
حمایت الٰہی کے نزول کا راز	۱۶۳
نور فہم کیسے درست ہوتا ہے	۱۶۳
ذبیحہ گائے شعائر اسلام ہے	۱۶۳
حج میں گھر بار کو یاد نہ کرنا چاہئے	۱۶۳
تبلیغ کا کام شفقت سے ہوتا ہے	۱۶۴
اسلام کا ایک حسن	۱۶۴
حضور کا اپنا بال تقسیم کرنے کا راز	۱۶۴
تقبیل حجر اسود کا منشاء	۱۶۴
اجتماع ظاہر کو اجتماع باطن میں بڑا دخل	۱۶۴
نماز اور غلاموں کا خوب خیال رکھو	۱۶۴
جہاد کی مشروعیت کی وجہ	۱۶۵
محاسن اسلام کا ایک اثر	۱۶۵
ہر چیز کا اعتدال وہی ہے جو حکم شریعت کا ہے	۱۶۶
شریعت کا اتباع ہر بشر پر لازم ہے	۱۶۶
ختم نبوت کی حکمت	۱۶۷

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

ادائیگی زکوٰۃ کی پیشگی میں حکمت	۱۶۷
ماعنداللہ باق کا بیان	۱۶۷
کمال شریعت	۱۶۷
حالت مصیبت کے احکام	۱۶۷
مصیبت کی حقیقت	۱۶۸
تفویض نہایت اعلیٰ مقام ہے	۱۶۸
خالی الذہن ہونا بھی قبول کیلئے کافی ہے	۱۶۹
ریا کا مدار نیت پر ہے	۱۶۹
خیلاء کا محل مشروع	۱۶۹
غربا کا ایک پیسہ تجارت کیلئے ویسا ہی ہے جیسے امرا کا ہزار دو ہزار	۱۶۹
غرباء کے چندہ کی قدر کرنی چاہئے	۱۷۰
مقبولین کو چھیڑنا موجب غضب الٰہی ہے	۱۷۰
حضور ﷺ کی دعا و استغفار کے مفید ہونیکی شرط	۱۷۰
خدا کی راہ میں خرچ کرنے کی ترغیب	۱۷۱
من سن سنۃ ''حسنۃ'' میں بانی عام ہے اضافی ہو یا حقیقی	۱۷۱
ہماری شریعت کفار محسنین کے شکریہ کی تعلیم دیتی ہے	۱۷۱
نفس تو شیطان کا بھی باپ ہے	۱۷۲
الحزم سوء الظن کی تفسیر	۱۷۲
دوسرے کے ساتھ حسن ظن کی تعلیم	۱۷۲
برکت حقیقت	۱۷۳
مولوی اس ترقی کے حامی نہیں جس میں دین کی خرابی ہو	۱۷۳
شب برات کی خصوصیت	۱۷۴
تہجد کی فضیلت	۱۷۴
عجب کی مذمت	۱۷۴
سلف نے معاشرت تک میں عجب کا علاج کیا	۱۷۴
ہم میں اور صحابہ میں فرق	۱۷۴
ہیئت ممتاز بنانے کی کبھی کوشش نہ کرے	۱۷۵
سختی کی حقیقت	۱۷۵
گورنمنٹ کی مداخلت وقف میں جائز نہیں	۱۷۵
مظالم حکام کے دفعیہ کیلئے تدابیر	۱۷۶
مصالح دنیویہ کی تقدیم شریعت پر مناسب نہیں	۱۷۶
امر خلافت کیلئے قوت امیر المومنین کی ضرورت ہے	۱۷۶
ہر کام میں مومن کی من جانب اللہ	۱۷۷
جنت میں بیبیاں حوروں سے افضل ہونگی	۱۷۷
ضاد کا حکم مقتضی یہ ہے	۱۷۷
رنج طبعی منافی تفویض نہیں	۱۷۷
توکل و تفویض و رضا کی حقیقت	۱۷۸
تکبیر کا ایک علاج	۱۷۸
شیخ اور مرید کی مناسبت کے معنی	۱۷۸
تاکید عصمت اور بر بالاباء	۱۷۸
آخرت میں کفار پر بھی رحمت ہوگی	۱۷۸
شب قدر میں نیند کے دفعیہ کی ترکیب	۱۷۹
تواضع و شکر جمع ہو سکتے ہیں	۱۷۹
حق تعالیٰ کی شان کے سامنے کسی کا زہد و طاعت کچھ حقیقت نہیں رکھتا	۱۸۰

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

بی بی کا ایک حق جیب خرچ بھی ہے	۱۸۰
حیا مفرط قابل ترک ہے	۱۸۰
عورتوں کی اصلاح کا بہترین طریقہ	۱۸۰
عورتوں پر سختی کرنا جوانمردی کے خلاف	۱۸۰
عورتوں کو پردے میں رکھنا عین دلجوئی ہے	۱۸۱
اللہ تعالیٰ کی سفارش عورتوں کے بارے میں	۱۸۱
صفات عظمت صرف درجہ مادہ میں مطلوب ہیں	۱۸۱
کیفیت میں عقلیت کا غلبہ	۱۸۲
محل اتباع شیخ	۱۸۲
علاج شغف شاعری	۱۸۳
قادیانی عورت سے نکاح کا حکم	۱۸۴
اختیار عبد کا ثبوت تقدیر سے	۱۸۴
محتاج کو چاہئے کہ وہ محتاج الیہ کے پاس جائے	۱۸۴
بیبیوں کی قدر کرنا چاہئے	۱۸۵
اندھے کو سلام نہ کرنا خیانت	۱۸۵
دریافت حکمت سے طاعت کی عظمت جاتی رہتی ہے	۱۸۵
اوراد کے وقت نیند کو زبردستی دفع نہ کرے	۱۸۶
تشدد فی العمل کے متعلق ایک دقیق اور مفید بات	۱۸۶
چشم بند گوش بند ولب کا مطلب	۱۸۶
لباس کا معیار	۱۸۷
تفویض بہترین تدبیر پریشانیوں کے دفع کی	۱۸۷
تعلیم کمال عبدیت	۱۸۷
ذوق حاصل کرنے کا طریقہ	۱۸۸
طالب کی نیت کیا ہونی چاہئے	۱۸۹
حضرت حاجی صاحب کا طریق	۱۸۹
اہل اللہ میں خودداری کہاں	۱۸۹
تحصیل راحت کا گر	۱۹۰
مجمل کلام بولنا خلاف سنت ہے	۱۹۰
شیخ کیلئے نرا صالح ہونا کافی نہیں	۱۹۰
آداب طریقت کے خلاف ورزی کا ضرر	۱۹۱
پیر کے مکدر کرنے کی تین صورتیں	۱۹۱
ترک لایعنی کی ترغیب	۱۹۱
مذمت جاہ	۱۹۲
مدح وذم کا یکساں ہونا علامت عدم کبر کی ہے	۱۹۲
مابین الخطبتین دعا کی ترکیب	۱۹۲
بدعتی کی امامت کا حکم	۱۹۲
وظیفہ علاج وسواس کا نہیں	۱۹۳
بزرگوں سے برکت حاصل کرنیکی شرط اعتقاد ہے	۱۹۳
مجذوب مجنون میں فرق	۱۹۳
تحقیق متعلق لیلۃ القدر	۱۹۳
تحقیق متعلق نسیان قرآن	۱۹۴
ایک جلسہ میں متعدد اشخاص کے قرآن بالجہر پڑھنے کا حکم	۱۹۴
قول وفعل اس کا معتبر ہے جو جامع ہو	۱۹۴
تراویح کے معمولات کی تحقیق	۱۹۴
تہذیب	۱۹۵

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

موقع امتحان سالک	۱۹۵
سفارش کی حد	۱۹۵
خدمت کا طریقہ	۱۹۶
اسرار احکام الٰہی کے معلوم کرنیکا طریقہ	۱۹۶
عبادت مالی کا ثواب	۱۹۷
ہٹے کٹے سائل کو دینا حرام ہے	۱۹۷
صبر وتحمل کی تعلیم	۱۹۸
تعلیم....عنوان لطیف کے استعمال کی	۱۹۹
فاتحہ کی حقیقت اوراس کی غلوکا بیان	۲۰۰
چاندی خریدنے میں بائع کونوٹ دینے کا حکم	۲۰۱
کھوٹے سکہ کا حکم	۲۰۱
بنک میں روپیہ جمع کرنے کا حکم	۲۰۲
ہندوستان کے دارالحرب ہونے کی تحقیق	۲۰۲
ہندوستان میں جواز ربوٰ کی تحقیق	۲۰۲
وقار وتکبر کا فرق	۲۰۳
رجاء اور غرور کا فرق	۲۰۳
شکر اور کبر کا فرق	۲۰۳
انبیاء علیہم السلام کے علوم	۲۰۴
تفکر مظہر حقائق ہے	۲۰۴
تعدیہ امراض کی تحقیق	۲۰۵
منی آرڈر کے جواز کی تاویل	۲۰۶
ترکی ٹوپی کا حکم	۲۰۷
چوتھی صدی کے بعد اجتہاد نہیں	۲۰۷
یا شیخ عبدالقادر کی تحقیق	۲۰۸
نسبت وہابی کی تکذیب	۲۰۸
نیاز مروجہ کی تحقیق	۲۰۹
گیارہویں کی مٹھائی کی تحقیق	۲۰۹
اخلاص کا ایک امتحان	۲۱۰
تراویح میں قرآن سنانے کی اجرت	۲۱۰
تعلیم دین قرآن پڑھوانے کی اجرت	۲۱۱
خشوع وخضوع کی تحقیق	۲۱۱
تھوڑی آمدنی کب کافی ہوسکتی ہے	۲۱۲
عوام کے معاملہ تعویذ کی اصلاح	۲۱۲
شش عید کے روزوں کا ادغام	۲۱۳
غیر مختار کی حفاظت منجانب اللہ ہوتی ہے	۲۱۳
بچپن کی تربیت پختہ ہوتی ہے	۲۱۴
حضرت والا کا ملکہ شناخت	۲۱۴
اہل صوفیہ کے نزدیک جنت ودوزخ	۲۱۵
نیند کا علاج	۲۱۶
قرب قیامت میں مال کی رغبت نہ رہے گی	۲۱۶
مال کی مرغوبیت حقیقیہ نہیں	۲۱۶
کسب دنیا اور چیز اور حب دنیا اور	۲۱۶
دنیائے مذموم کی مثال	۲۱۷
حرص کا علاج	۲۱۸
غم معتدل کے فوائد	۲۱۸
حد سے زیادہ غم کرنا	۲۱۹
ختم ہونیوالی چیز سے کیا جی لگانا	۲۱۹
شوق آخرت پیدا کرنیکا سہل طریقہ	۲۲۰

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

استفاضہ علم میں تقویٰ	۲۲۳
متقدمین کے کام میں برکت	۲۲۴
بیعت اس وقت اچھی ہے جب پیر سے محبت ہو	۲۲۴
تعلیم اطاعت والدین شفقت علی الضعفاء	۲۲۵
طلوع کے وقت نماز کب تک منع ہے	۲۲۵
غیبت کہاں جائز ہے اور کہاں ناجائز	۲۲۵
بیعت کا طریق	۲۲۶
علاج طاعون	۲۲۶
حکم پڑیا کے رنگ کا	۲۲۶
افضلیت سنن موکدہ کی مسجد میں	۲۲۶
درود شریف کی خاصیت	۲۲۷
سورہ حج میں سجدہ ثانیہ کا حکم	۲۲۷
اسم ذات انسب ہے بہتری کے لئے	۲۲۷
ایک تدبیر درستگی ذہن وحافظہ کی	۲۲۷
خودرائی کا علاج شان تربیت	۲۲۸
لیلۃ القدر کی دعا	۲۲۹
الاستقامۃ فوق الکرامت	۲۲۹
نفع باطنی کا مدار نسبت پر	۲۲۹
بیعت ٹالنے کی مصلحت مفیدہ	۲۲۹
جتنی عدیم الفرصتی ہو اتنا ہی اچھا ہے	۲۳۰
آج کل عورتوں کی اصلاح کا طریق	۲۳۰
طالب کیلئے خود طلب بڑی سفارش ہے	۲۳۰
نکاح ثانی اگر کرے توبہ نیت مجاہدہ کرے	۲۳۱
حکمت وسادگی	۲۳۱
مزاح وحضرت والا	۲۳۱
حکمت وبیدار مغزی حضرت والا	۲۳۱
حسن خلق ورحمت عامہ	۲۳۲
حسن معاشرت	۲۳۲
وبال عمل خلاف شریعت	۲۳۳
بعض امور باطنہ مرض نہیں	۲۳۳
مصنوعی متانت دلیل کبر ہے	۲۳۳
تعلیم زہد	۲۳۴
درندوں کی کھال کی ممانعت	۲۳۴
بے تکلفی کی علامت	۲۳۴
بزرگوں کا اپنے کمالات کے نفی کرنیکی بنا	۲۳۴
طالب کیلئے تزئین نامناسب طریق ہے	۲۳۵
اہل اللہ کے قلب میں کسی کی ہیبت نہیں	۲۳۵
طالب کا کام	۲۳۵
کبر رہزن طرق ہے	۲۳۶
تعلیم توکل	۲۳۶
کبر حسد ریاء سخت مرض ہیں	۲۳۶
تعلیم معاشرت	۲۳۶
طرز مشورہ	۲۳۶
توجہ متعارف اصلاح کا مسنون طریقہ نہیں	۲۳۷
مجبور ومختار کا فرق	۲۳۷
تعلیم صدق وتواضع	۲۳۸
تحقیق سماع موتی	۲۳۸
علم وجامعیت	۲۳۸

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

تعلیم ادب شیخ	۲۳۸
شان تربیت، تواضع	۲۳۸
معرفت کید نفس وشان تربیت	۲۴۰
تصرف کی حقیقت	۲۴۰
توجہ وہمت وشان تربیت	۲۴۰
مماۃ مجذوب	۲۴۱
حیات مجذوب	۲۴۲
علاج وساوس	۲۴۴
مراقبہ مرغبہ الی الاعمال الصالحہ	۲۴۴
تعلیم ایثار	۲۴۴
تعلیم رضا وتفویض	۲۴۴
تواضع بقصد تکبر اور تواضع بقصد تواضع	۲۴۵
فانی فی الحق کی علامت	۲۴۵
تعلیم مخالفت نفس	۲۴۵
اہل اللہ کی محبت کی عظمت	۲۴۵
تعلیم وحدت مطلب	۲۴۵
وقف کلام مجید کے متعلق ایک تحقیق	۲۴۶
محل حرام، مظہر جمال الٰہی نہیں	۲۴۶
غیر اللہ کی دوستی کا انجام	۲۴۶
نسبت کا اثر	۲۴۶
صحبت کی ضرورت	۲۴۷
شیخ کا خود نگرانی نہ کرنا بلکہ مرید کے پوچھنے پر بتلانا	۲۴۷
تعلیم فراغ قلب	۲۴۷
وصول الی اللہ کا طریق	۲۴۷
گاؤکشی کے شعائر اسلام ہونیکا ثبوت	۲۴۷
شیخ کے کہنے کا برا نہ مانے	۲۴۸
تعلیم حب شیخ	۲۴۸
تعلیم تقویٰ واحتیاط	۲۴۸
تکبر، چالاکی کی انتساب	۲۴۸
مالداری کی مصلحت	۲۴۹
سلام کا جواب	۲۴۹
اصلاح کے لئے صحبت زیادہ مفید ہے	۲۴۹
رحمت عامہ ہونا	۲۴۹
طلب ذکر میں خلوئے قلب ضروری ہے	۲۵۰
عورتوں سے نرمی اور امردوں کی صحبت	۲۵۰
پردہ کس عمر سے ہے	۲۵۰
نکات ولطائف سے عمل کو ترجیح ہے	۲۵۱
مشائخ کی اہلیت کی برکت	۲۵۱
کثرت شہوت کا علاج	۲۵۲
امتحان طلب صادق	۲۵۳
اہل اللہ اور اہل دنیا کی عزت	۲۵۴
فلسفہ کی تعلیم کا مرتبہ	۲۵۵
تعلیم تہذیب مجلس	۲۵۵
تعلیم ذکر	۲۵۵
تعلیم عبدیت	۲۵۶
عادات شیخ کا اتباع	۲۵۸
نسبۃ بالرسولؐ ونسبۃ باللہ	۲۵۸
علماء کی تعظیم، علماء وعلم کیلئے سخت مضر ہے	۲۵۹

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

تعلیم تجہیز و تکفین	۲۵۹
امور غیر اختیاریہ کا حکم	۲۶۰
شفقت علی الخلق صاف گوئی شان تربیت	۲۶۰
ماتحتوں سے معافی کا طریقہ	۲۶۱
مسجد میں چارپائی بچھانے کا حکم	۲۶۲
پردہ کے متعلق ایک مسئلہ	۲۶۲
اجرت تراویح کا اثر	۲۶۲
دیہاتی کا اعتکاف اولی ہے اسکے جمعہ پڑھنے سے شہر میں	۲۶۲
بدوں صحبت شیخ ذکر نافع نہیں	۲۶۲
صحبت شیخ کے فوائد	۲۶۳
بعض اصلاح موقوف ہے	۲۶۳
تکمیل کے بعد شیخ کا دخل تربیت میں نہیں	۲۶۳
قطعہ صحبت نیک	۲۶۳
عدم پابندی نماز کا علاج	۲۶۴
تسخیر اور قبولیت عند اللہ کا فرق	۲۶۴
امردوں کے ساتھ عشق میں ظلمت زیادہ ہے	۲۶۴
عشق مجازی کے متعلق ایک عجیب بات	۲۶۵
بزرگوں کا تعلق دنیا کی نیت سے نہ چاہئے	۲۶۵
کبر کا ایک عجیب علاج	۲۶۵
اعتقاد کا معیار	۲۶۶
ذکر کا نفع اول روز سے شروع ہو جاتا ہے	۲۶۶
نماز و ذکر وغیرہ میں سرسری توجہ رکھے	۲۶۷
مختلف اذکار میں نفع نہیں	۲۶۷
اصلی چیز اتباع اور محبت ہے	۲۶۷
شک اور وسوسہ کا فرق	۲۶۸
بیعت عوام و خواص کیلئے کب نافع ہوتی ہے	۲۷۰
باطنی حالت کسی سے کہنا گویا اپنی بیوی کو دوسرے کے بغل میں دینا ہے	۲۷۰
قبر پر جا کر فاتحہ پڑھنے کی مصلحتیں	۲۷۱
ایصال ثواب	۲۷۱
ایصال ثواب کی تقسیم	۲۷۲
حضرت والا کا طرز لباس اور لباس کا حکم	۲۷۲
غنی کی تعریف	۲۷۲
حضرت والا کے سختی کی وجہ	۲۷۳
حضرت والا کے غضب کی وجہ	۲۷۳
سوال کے جواب میں انتظار	۲۷۳
طعام میں گفتگو	۲۷۳
حضرت والا کا تعلقات سے وحشت	۲۷۴
حضرت والا کا اپنے کام کو مختلف جماعتوں میں منتشر کرنا	۲۷۴
لازمہ طریق مرید کے ذمہ	۲۷۴
حضرت والا کا ادب بزرگان	۲۷۴
ہدیہ میں نیت ثواب کی بھی مناسبت نہیں	۲۷۵
دین سے فہم درست ہوتی ہے	۲۷۵
جہالت کی اصلاح	۲۷۵
تحصیل ثمرات کے لئے یکسوئی	۲۷۵
مرید کو چاہئے کہ نفع کو شیخ ہی سے سمجھے	۲۷۶

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

ذاکر وشاغل اپنے کام سے کام رکھے	۲۷۶
وقف شدہ چیزیں	۲۷۶
وعظ میں مسائل فقہیہ کا بیان	۲۷۷
کسی کی خدمت بغیر اس کے معمولات معلوم کئے نہ کرنا چاہئے	۲۷۷
دعا ترک دعا سے افضل ہے	۲۷۸
بعض احوال میں رخصت پر عمل کرنا افضل ہے	۲۷۸
زہد ترک لذات کا نام نہیں بلکہ تقلیل لذات کا نام ہے	۲۷۹
جاہ عند الخالق کا قصد بھی ناپسندیدہ ہے	۲۷۹
عزلت میں نیت کیا ہونا چاہئے	۲۸۰
دوسروں کے جوتے کی حفاظت میں اپنی گٹھڑی نہ اٹھوادے	۲۸۰
خدمت خلق وایثار موجب	۲۸۰
اچھے برتاؤ سے دشمن بھی دوست ہوجاتے ہیں	۲۸۱
عامی کو شتوق فرض کرکے جواب دینا مضر ہے	۲۸۱
مجذوب کا حکم معذور کا ہے	۲۸۱
حاضرات کی حقیقت	۲۸۱
کاملین پر بھی حال غالب اور اسکا درجہ ہوتا ہے	۲۸۱
انبیاء علیہم السلام کے احوال میں گفتگو	۲۸۲
وسوسہ طہارت کا علاج	۲۸۲
تکلف وتصنع خلاف خلوص ہے	۲۸۲
وساوس نامہ اعمال میں بطور حسنات	۲۸۳
فرق درمیان استغراق ونوم	۲۸۳
رذیوں کے نماز جنازہ کا حکم	۲۸۳
رشوت سے معافی کا طریقہ	۲۸۳
اپنے شیخ کی طرف دوسروں کو ترغیب کا طریقہ	۲۸۳
اصل طریق میں استغنا ہے	۲۸۴
آداب کا استعمال بدعت ہے	۲۸۴
آرام سے رہیں لیکن حرام سے ڈریں	۲۸۴
مسجد کی چھت پر چڑھنا بلا ضرورت ممنوع ہے	۲۸۵
ذکر کے وقت ایک معمول	۲۸۵
وسوسہ قلب کے باہر سے ہے	۲۸۵
مقصود مشقت مطلوب ہے	۲۸۵
ریا الشیخ خیر من اخلاص المرید کے معنی	۲۸۶
اپنی غلطی کی تاویل قابل نفرت ہے	۲۸۶
حرص وکبر دونوں منافی شان علم ہیں	۲۸۶
امراء سے تعلق کس وقت مناسب ہے	۲۸۶
طمع احتمالات بعیدہ نکالتا ہے	۲۸۶
مسلمانوں کے دو پیسہ کا نقصان بھی نہ چاہئے	۲۸۷
قوانین کے مقرر کرنے کا سبب	۲۸۷
تعلیم طفلاں کس وقت سے دلانی چاہئے	۲۸۷
تربیت کے آثار	۲۸۷
معاصی قابل ترک ہیں	۲۸۷
گناہ چھڑوانے کے مختلف طریقے	۲۸۸
ذکر میں سرسری توجہ کافی ہے	۲۸۸
حضرت والا کا طرز تربیت	۲۸۹
مسجد کے مسجد ہونے کی ایک شرط	۲۸۹

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

اظہار کمالات خلاف شان استغنا ہے	۲۸۹
شیخ زبان ہوتا ہے اور مریدکان	۲۸۹
جس آرام کی اجازت ہے اس کو ضرور برتے	۲۸۹
زندگی بڑی قدر کی چیز ہے	۲۹۰
دوسروں سے دعا کرانے کی ترغیب	۲۹۰
بزرگوں کا فیض جانوروں پر بھی ہوتا ہے	۲۹۰
تہذیب جدید	۲۹۱
باطنی بے ادبی کی سزا باطنی ملتی ہے	۲۹۱
قبل فجر سفر کرنے میں برکت ہے	۲۹۱
درویشی کی حقیقت	۲۹۱
اس طریق میں صحت یقینی ہے	۲۹۱
طالب سے انکسار کرنا	۲۹۲
اصل نفع حق بات کا پہنچانا	۲۹۲
بدوں مناسبت بیعت نامناسب	۲۹۲
امراء وغرباء کیلئے شکر کا محل	۲۹۲
ناگواری کا باعث اکثر تکبر ہے	۲۹۳
وہ سورتیں جو فاتحہ کیلئے افضل	۲۹۳
قبر پر نشان کیلئے سادی سل	۲۹۳
جنت میں خواص طبیعت کا مدار	۲۹۳
عورتوں کی دو صفات قابل تعریف	۲۹۳
عظمت حق پر نظر کر کے ہماری نماز کامل نہیں	۲۹۴
اپنے عجز کا مشاہدہ بڑی دولت	۲۹۴
توجہ قبر و توجہ متعارف کا فرق	۲۹۴
شوخی علامت عدم کبر کی ہے	۲۹۵
کھانے وقت کی اور ہاتھ دھونے کس طرح سنت ہے	۲۹۵
مباح امور کے خیالات وقایہ ہیں معاصی کے خیالات سے	۲۹۵
تسلی دینے سے سلوک جلد طے ہوتا ہے	۲۹۵
کشف، فراست و عقل کا فرق	۲۹۵
دعا ضرور قبول ہوتی ہے	۲۹۶
کام میں لگنے والے کیلئے دعا	۲۹۶
امتیاز والتجا سے بچنا چاہئے	۲۹۶
لایعنی فضولیات سے عذر	۲۹۶
جائیداد فساد کی جڑ ہے	۲۹۶
رسمی دینے لینے کی تحقیق	۲۹۷
اہل علم کے اموال	۲۹۷
محل اخراجات کو خوب سوچ سمجھ کر خرچ کرنا چاہیے	۲۹۸
حق مہر کے متعلق ایک مسئلہ	۲۹۸
تعلیٰ آمیز حکایات	۲۹۸
نظر کی دو قسم	۳۰۱
دوسرے پر ہنسنے کی خرابی	۳۰۱
بالکل مامون ہو جانا کفر ہے	۳۰۱
لحاظ و وجاہت سے کام لینا	۳۰۱
اختلاط صدہا مفاسد کی جڑ ہے	۳۰۲
وجد و گریہ قابل اعتبار نہیں	۳۰۲
تقریبات کی شرکت	۳۰۲
لڑکوں کی نگرانی کا خیال	۳۰۲

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

خدمت لینے کی شرائط	۳۰۲
بزرگوں سے ردوکد	۳۰۳
ایذا سے سخت حذر ہونا چاہئے	۳۰۳
مشغول کو متوجہ کرنا بے ادبی ہے	۳۰۳
پرچہ دینے کا طریقہ مشغول کو	۳۰۳
رومال کندھے پر ڈال کر نماز پڑھنا	۳۰۳
بزرگوں سے حسن عقیدت چاہئے	۳۰۳
ہر کام کیلئے وقت اور ہر وقت کیلئے کام مناسب ہے	۳۰۴
انقباض شیخ مانع فیض ہے	۳۰۴
خلوص خود سبب شہرت ہے	۳۰۴
کشش ومیلان کا علاج	۳۰۴
امور طبعیہ کی دو قسم	۳۰۵
اذکار میں سرسری توجہ مناسب ہے	۳۰۵
استخارہ کی حقیقت اور اسکا محل	۳۰۵
اوراق کہنہ قرآن کے ادب اور احترام کا طریق	۳۰۶
وجد وحال کی قدر کرنا چاہئے	۳۰۶
اعمال شرعیہ سارے امور طبعیہ ہی کے مقتضا ہیں	۳۰۶
شیطان کی دشمنی میں خیر کا پہلو	۳۰۷
شیخ کیساتھ محبت کی ضرورت	۳۰۷
بڑوں چھوٹوں کی بھی ضرورت	۳۰۸
ظاہری کمالات	۳۰۸
عارفین کے زہد کی علامت	۳۰۹
عدم مناسبت موجب علیحدگی ہے	۳۰۹
شیخ کو بھی اپنی اصلاح کے طریقے سوچنا چاہئے	۳۰۹
تجویز سزا کے وقت بھی سزا حد سے تجاوز نہ ہو	۳۰۹
اپنی مصلحت مقدم رکھے دوسروں کی دلشکنی پر	۳۱۰
تحمل سے زیادہ کبھی اپنے ذمہ کام نہ لے	۳۱۰
کسی کی بھلائی برائی کا خیال نہ کرے	۳۱۰
ضعف وقوت امور طبعیہ سے ہیں ولایت سے نہیں	۳۱۰
فی زمانہ مال کو خوب احتیاط سے خرچ کرنا چاہئے	۳۱۱
اسباب میں بالاجماع حکمتیں ہیں	۳۱۱
اسلام کی اشاعت کی علت حقیقی	۳۱۱
تعدی للغیر ہرگز مناسب نہیں	۳۱۲
محقق وغیر محقق کے تقریر کا تفاوت	۳۱۲
نکاح موافق سنت میں نورانیت	۳۱۲
نبی اور ساحر میں فرق	۳۱۲
مناظرہ کا طریقہ اچھا نہیں	۳۱۳
زمانہ سلف کے وعظ کا طریقہ	۳۱۳
امرا کے پیسے میں برکت غربا کے شامل کرنے سے آتی ہے	۳۱۳
مطالعہ کتب کے دنیا ہونیکی صورت	۳۱۳
عیادت کے شرائط	۳۱۳
تعلیم تعلق مع اللہ	۳۱۴
تعلیم رضا وصبر	۳۱۴
گرانی سے بچنے کی تعلیم	۳۱۴
اپنے عیوب کو پیش نظر رکھنے کی تعلیم	۳۱۴
ذکر وشغل کے دو ثمرے ہیں	۳۱۴

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

بیدلی سے تعلیم کی مثال	۳۱۵
نظربازی کا علاج	۳۱۵
دوسرے کے نفع کیلئے اپنے کو مضرت میں ڈالنا	۳۱۵
اعتراض کا جواب	۳۱۵
بڑی بات اصلاح ہے	۳۱۶
شیخ سے دعا کرانے کا طریقہ	۳۱۶
اتباع سنت بڑی دولت ہے	۳۱۶
عقل کو غالب کرنا چاہئے	۳۱۶
بے پروائی وخودرائی تغیر ہے	۳۱۶
واسطہ کی قدر کرنی چاہئے	۳۱۷
طریق شناخت ولایت	۳۱۷
افراد مشروع شہوت کا بھی مضر ہے	۳۱۷
نگاہ بد کو غیر اختیاری سمجھنے میں کیا کید نفس ہے	۳۱۷
وہ کیا اہل حق ہے جس کی غیر پر نظر ہو	۳۱۷
طلب ہی بہت بڑی سفارش ہے	۳۱۸
نسبت کی یکسوئی کے معنی	۳۱۸
تعلیم آداب مجلس	۳۱۹
بزرگ جو کہیں اسے ٹھیک سمجھئے	۳۱۹
مخالفت طبیعت کی مجاہدہ ہے	۳۲۰
صوفیا فقہا دونوں حکیم ہیں	۳۲۰
چند شرائط کیساتھ سختی بھی کمال	۳۲۰
بزرگوں کی مختلف شانیں	۳۲۰
تعلیم تواضع	۳۲۱
علم نہ ہونے سے مواخذہ	۳۲۱
صحبت کے ضروری ہونیکی حد	۳۲۱
طالب کی بے قدری موجب حرمان	۳۲۲
ذکر میں کیا تصور رکھے	۳۲۲
صحیح سلسلہ کا اثر	۳۲۲
معدہ اور دماغ کی حفاظت	۳۲۲
اولیاء اللہ میں صفت	۳۲۲
حضرت موسیٰ کے تھپڑ مارنے سے حضرت عزرائیل کی آنکھ پھوٹ جانے کی توجیہ	۳۲۳
مجاہدہ اضطراریہ پر بھی اجر ہوتا ہے	۳۲۳
توکل ودعا کا جمع کرنا کمال ہے	۳۲۳
سلف وخلف کے استعداد ورنگ	۳۲۴
تکوینی مصلحت کے احتمال پر تشریع کو نہ چھوڑا جائیگا	۳۲۴
طلب بمنزلہ وصول ہی کے ہے	۳۲۴
قبض کے مصالح اور اسکی عجیب مثال	۳۲۴
روایت کو روایت ہی کے طور پر لکھنا چاہئے	۳۲۵
حساب کتاب میں بڑے تیقظ کی ضرورت ہے حساب اور تحویل دونوں کا ایک شخص کے پاس رہنا مناسب نہیں	۳۲۶
عشق امارد صورۃ ایک سخت عذاب ہے	۳۲۶
شرافت اور ریاست کی موجودہ حالت	۳۲۷
شیخ کے ساتھ محبت کے آداب	۳۲۷
نسبت اویسیہ کی حقیقت اور اسکا نا کافی ہونا	۳۲۷
''شیخ پر مرید کا سایہ نہ پڑنے پاوے''	۳۲۸
شیخ سے محبت پیدا کرنا تو ضروری ہے	۳۲۸

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

اظہار معصیت	۳۲۸
ذکر کا ایک ادب	۳۲۹
ذکر سرمایہ تسلی ہے	۳۲۹
اپنے بزرگوں کو برا بھلا کہنا	۳۲۹
کبھی اسکا منشاء کبر ہوتا ہے	۳۲۹
ذاکر کو دوسرے سے ملنے کی کب فرصت ہوسکتی ہے	۳۳۰
اپنی چیز کو اس طرح رکھ کر جاوے کہ دوسروں کو حفاظت نہ کرنا پڑے	۳۳۰
سفر کی کلفتیں	۳۳۰
اپنوں کیساتھ معاملہ ہی نہ کرے بڑی خرابی ہے	۳۳۱
محبت میں شان کہاں	۳۳۱
اکابر اپنے اوپر سے طعن مٹانے کی سعی نہیں کرتے اور کیوں؟	۳۳۱
کھانا باپ کی شرکت میں رکھو لیکن اپنی آمدنی الگ رکھو بات وہ کرے جس میں برائی نہ آوے	۳۳۲
متعارف اخلاق اور اسکی ایک مثال	۳۳۲
اللہ سے تعلق پیدا کرنیکی ایک بڑی ترکیب	۳۳۲
رعایت خلافیات کی اچھی ہے	۳۳۳
دین میں محنت کم ہے اور ثمرہ زیادہ اور اسکی مثال	۳۳۳
اللہ تعالیٰ کیساتھ جیسا ظن ہو ویسا ہی معاملہ فرماتے ہیں	۳۳۳
رمضان میں قرآن سنانا بڑی برکت کی چیز ہے	۳۳۴
بدگمانی اور بدزبانی کا منشا کبر ہے	۳۳۴
مجاہدہ کا ثمرہ اونچا رہتا ہے اور ناز و نعم کا ثمرہ نیچا ہوتا ہے اور اسکی ایک دلچسپ حکایت	۳۳۴
بیعت کو ضروری سمجھنا بدعت ہے	۳۳۵
ذکر شغل کیسیے صرف اسلام شرط ہے بس	۳۳۶
ایک ظریف کا قول برائے تعلیم ملازم	۳۳۶
زنا کے متعلق بعض مسائل کی تحقیق	۳۳۶
تغیرات طبعی کا منشا ضعف قلب ہے	۳۳۷
جوانی کی عفت قوی ہوتی ہے بزرگوں میں میلان قوی ہوتا ہے بہ نسبت دوسروں کے مع مثال	۳۳۷
مصافحہ کے بعد ہاتھ چومنے کی رسم	۳۳۸
کنکھجورے کا حکم	۳۳۹
عورتوں کے حسن و جمال میں احتمال فتنہ غالب ہے	۳۳۹
بدیہ آنا علامت مہدی الیہ کے مقبولیت کی ہے	۳۳۹
نیت اختیاری ہے	۳۳۹
اصل چیز بزرگوں کا اتباع ہے	۳۴۰
حب دنیا شان علم کے خلاف ہے	۳۴۰
ادھوری بات کہنا سخت تکلیف دہ ہے	۳۴۰
اہل اللہ کے دل	۳۴۰
بڑی چیز اخلاق باطنہ کی اصلاح ہے	۳۴۱
نفس کی اصلاح کا طریقہ	۳۴۱
چشتیہ میں جہر خفیف کی اجازت ہے اور اسکا منشاء	۳۴۲
کشف قبور حقیقتاً مضر ہے و محل تلبیس ابلیس ہے	۳۴۲
قدم موسیٰ و قدم عیسیٰ کی توضیح	۳۴۳
حب جاہ کے مرض کا پتہ مشکل سے چلتا ہے	۳۴۳
ولایت سلب کر لینے کے معنی	۳۴۳

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

القائے نسبت کے معنی	۳۴۴
دفع احتلام کا وظیفہ	۳۴۵
حفظ کا وظیفہ اگر قوت حفظ نہ ہو حفظ مناسب نہیں	۳۴۵
شیخ کا زیادہ مقرب بننے سے حسد پیدا ہونے لگتا ہے	۳۴۵
حدیث پر کچھ اشکال اور اسکا جواب	۳۴۶
تہجد کا وقت	۳۴۶
ذہن کی درستی کا طریقہ	۳۴۶
کسی امید کی وجہ سے معاف کرنا	۳۴۶
گناہ کا کفارہ	۳۴۷
امتحان کی کامیابی کا وظیفہ	۳۴۷
بواسیر کا وظیفہ	۳۴۷
تقدیر کی اجمالی تفہیم	۳۴۷
علامت مقبولیت	۳۴۷
ندامت کا نفع بھی معمولات سے کم نہیں	۳۴۷
قساوت کی علامت	۳۴۸
حفظ صحت مقدم ہے مستحب کی تحصیل سے	۳۴۸
جس سے کام لینا ہو اسکی سہولت کا ہر طرح خیال رکھو	۳۴۸
طالب حق کو کسی کی ناراضی کی کیا پرواہ	۳۴۸
کشف کی بنا پر کسی مسلمان کا دل شکستہ کرنا دیانت سے بہت بعید ہے	۳۴۸
کمال توبہ یہ ہے کہ زبان سے بھی تضرع کیساتھ ہو	۳۴۹
شیخ کی خشونت بھی نفع کثیر رکھتی ہے	۳۴۹
نماز کا وقت شرعاً اجارہ سے مستثنیٰ ہے	۳۴۹
ذکر و شغل کی تعلیم سے صفائی معاملہ و اجتناب معاصی کی تعلیم مقدم ہے	۳۵۰
اپنے ذمہ تحمل سے زیادہ بار نہ لے	۳۵۰
صرف مصائب حقیقی مسبب ہوتے ہیں معاصی سے اور مصائب صوری و حقیقی کی تعریف	۳۵۰
طریق کی مناسبت کا طریقہ	۳۵۱
یاس و اضطراب کا علاج	۳۵۱
غایات و ثمرات کی طلب شیخ سے عبث ہے اسلئے کہ یہ غیر اختیاری ہیں	۳۵۱
اہل اللہ کی صحبت میں ضرور فائدہ ہوتا ہے	۳۵۲
معاملہ کی صفائی دوسری چیز ہے اور معاصی دوسری	۳۵۳
شیخ سے سارے تعلق سے قوی تعلق رکھنے کے معنی	۳۵۴
توحش عن الخلق مسبب ہے انس مع الحق سے اور کبھی سبب ہو جاتا ہے انس مع الحق کا	۳۵۴
مخلوق کے خیال سے ترک عبادت بھی ریا ہے	۳۵۴
اپنی غرض کیلئے کسی مسلمان کی مصلحت آزادی میں خلل نہ ڈالنا چاہئے	۳۵۵
عقل کا فتویٰ مقدم ہے شوق کے فتویٰ پر	۳۵۵
رضا اصل مطلوب ہے	۳۵۵
تبدل اوقات مضر نہیں، تغیر احوال اس طریق میں لازم ہے دوام و استقامت اصل چیز ہے	۳۵۵
شرمندگی کا تدارک	۳۵۵
تکدر شیخ سخت مضر ہے دنیا کیلئے بھی دین کیلئے بھی	۳۵۶
اللہ و رسول کی اجازت کے بعد کسی کی اجازت کی حاجت نہیں	۳۵۶
محبت امرد کا علاج	۳۵۶

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

عملیات مضر ہیں طالب حق کیلئے	۳۵۶
حضور کے دو درجے ہیں	۳۵۶
شکستگی پسندیدہ ادا ہے	۳۵۷
طالب کی اعانت منجانب اللہ ہوتی ہے	۳۵۷
ہدیہ لینا بدوں کافی جان پہچان اور باہم مناسبت کے مناسب نہیں	۳۵۷
طریقہ جواب اعتراضات	۳۵۷
علاج غیبت وعشق مجازی	۳۵۸
خوف کیساتھ توکل وعزم بھی ضروری ہے	۳۵۸
عورت کی نماز بلاشرکت دوسرے مرد کے	۳۵۸
کتے کی وجہ سے گھر میں رحمت کے فرشتے نہ آنے کے معنی	۳۵۸
تعدیہ امراض کی بھی شرط مشیت ہے	۳۵۸
اختلاف مذاہب مانع مناسبت ہے	۳۵۹
عقل دنیوی کی قلت نقص نہیں بڑی چیز توفیق ہے	۳۵۹
تعلق بالتکوین کے خصوصیات وعلامات	۳۵۹
تہجد میں قضا نمازیں پڑھنے کی اصلاح	۳۶۰
ذاکر کو ایک ضروری ہدایت	۳۶۰
بعد امتحان طلب سہولت کی تدبیر بتلانی چاہئے	۳۶۰
استیذان کی تاکید	۳۶۰
ہوائے نفسانی اور عقل معاد کا فرق	۳۶۰
ردوکد میں نفسانیت ضرور آجاتی ہیں	۳۶۱
عمل ناقص بنیاد ہے عمل کامل کی اسلئے عمل تو ترک نہ کرے گو ناقص ہو	۳۶۱
حکایت قوت یقینیہ	۳۶۲
زبان سے ذکر جاری رکھنا احوط واسلم ہے	۳۶۲
اس طریق میں سہولت کا انتظار نہ چاہئے	۳۶۲
طریق کی شرط مقدم	۳۶۳
سہولت مقاصد موقوف ہے صحبت شیخ پر	۳۶۳
مناسبت شیخ شرط طریق ہے	۳۶۴
اس طریق میں نفع کی شرط	۳۶۴
یاجوج ماجوج کی غذا	۳۶۴
یاجوج ماجوج کو تبلیغ ہوجانے کی دلیل	۳۶۴
شیشہ کی صورت کو تصویر نہیں کہہ سکتے	۳۶۴
کتاب کو دیکھ کر وعظ کہنے سے تعب نہیں ہوتا	۳۶۵
شیخ کیلئے کن صفات کمال کی ضرورت ہے	۳۶۵
اتحاد واخوت کا راز تعلق مع اللہ ہے	۳۶۵
بزرگوں سے مشورہ لینے میں عوام وخواص کی مصلحتیں	۳۶۶
نفع کی شرط فکر اصلاح ہے	۳۶۶
برکت بزرگوں کی حق ہے	۳۶۶
اب مریدین کیلئے تعزیر ومحاسبہ کی ضرورت ہے	۳۶۷
اہل اللہ کی مجالست میں کیا نیت ہونی چاہئے	۳۶۷
فقہی کتاب بھی تصوف ہے	۳۶۷
غدر وسرقہ کافر کیساتھ بھی حرام ہے	۳۶۸
باغی کا کوئی کمال کمال نہیں	۳۶۸
گناہ کی تاویل عذر بدتر از گناہ ہے	۳۶۸
توفیق دوام ذکر وہبی ہے	۳۶۸
ذکر اللہ کو اپنا اصلی کام سمجھو	۳۶۹

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

نفع کی چیز میں کسی کی ہنسی کی پرواہ نہیں کی جاتی	۳۶۹
کوشش بیہودہ بہ از خفتگی	۳۷۰
اصلی عقل کا فتویٰ مضرت ومنفعت کے بارے میں	۳۷۰
رزق کا مدار عقل پر نہیں	۳۷۰
تکبر کا علمی وعملی علاج	۳۷۱
حق تعالیٰ کے حلم کا بیان	۳۷۱
اللہ تعالیٰ قلوب کا آپریشن کرتے ہیں	۳۷۲
قیامت بہت ہی قریب ہے	۳۷۲
کوئی طاعت جزائے فوری سے خالی نہیں	۳۷۲
بزرگوں کو لایعنی فعل وکلام سے بھی سخت کلفت ہوتی ہے	۳۷۳
ذکر میں سرور ونشاط ہونیکی وجہ	۳۷۳
احوال میں دوام نہیں ہوتا	۳۷۴
بدگمانی کا علاج	۳۷۴
اتباع وارد کی نیت سے عمل کرنا	۳۷۴
مجاہدہ کا محل وحی سے متعین ہوگا	۳۷۵
مجنون ومجذوب کا فرق	۳۷۵
مومنین اور کافرین کے عذاب کا فرق	۳۷۵
اعمال حسنہ ممتدہ میں صرف ابتدا میں ارادہ کرلینا کافی ہے	۳۷۶
ملکات رذیلہ بالذات مذموم نہیں	۳۷۷
خشوع کی حقیقت	۳۷۷
سکوت مامور بہ بھی عبادت ہے	۳۷۷
ترک کی دو قسمیں	۳۷۸
سالک کے احوال کی تبدیلیوں کا بیان	۳۷۸
تمنائے آخرت اور جنت کی طرف طبیعت کے نہ ابھرنے کی وجہ	۳۸۰
مقبول بندہ کا فیض بلا اطلاع بھی پہنچتا ہے	۳۸۰
ایک شخص عمر بھر جنتیوں کا کام کرتا ہے پھر اخیر میں ایسا عمل کرتا ہے جو موجب نار ہے اسکا مطلب	۳۸۱
قبر کی حقیقت	۳۸۱
تعویذ کے اثر کی وجہ قوت خیالیہ	۳۸۱
نری عقل سے کچھ نہیں ہوتا	۳۸۲
تارک دنیا کا استغناء	۳۸۲
جنت ایک چٹیل میدان ہے اور اسکا درخت سبحان اللہ اغ ہے	۳۸۳
پل صراط کی حقیقت	۳۸۴
کرامت واستدراج کا فرق	۳۸۵
سماع کے حدود	۳۸۵
وسوسہ کی حقیقت	۳۸۶
بزرگوں کو اشعار لکھنا	۳۸۶
حقوق شیخ کا خلاصہ	۳۸۷
ظنیات پر جزم نہ کرنا چاہئے	۳۸۷
قطب التکوین دائما اور قطب الارشاد احیانا متعدد ہوتے ہیں	۳۸۷
انبیاء کیلئے تعبیر بالمعصیت محض صورۃ	۳۸۷
معاصی کے تدارک کا طریقہ	۳۸۸

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

تاسف من مافات احیاناً حجاب مستقل	۳۸۸
عمل دین کا مدار	۳۸۸
کامیابی کا مدار طلب پر ہے	۳۸۸
ہر نفس کی سزا جدا ہے	۳۸۸
طلب وقصد بھی قرب وقبول میں بجائے حصول ہی کے ہے	۳۸۸
عجب کا علاج اور سرور علی النعم کا حکم	۳۸۹
غیر اختیاری امور میں بے حد مصالح اور منافع ہوتے ہیں	۳۸۹
حق تعالیٰ کی محبت میں شان عقلیت	۳۸۹
فیصلہ لطیف درمیان احناف اور غیر مقلدین	۳۹۰
شرط تبلیغ عام	۳۹۰
طبیب جسمانی یا روحانی کا ایک ادب	۳۹۰
سکون مطلوب ہی نہیں بلکہ عمل	۳۹۰
تعلق مع الخلق سراسر مضرت ہے	۳۹۱
بغیر الارم کے تہجد کیلئے آنکھ نہ کھلنا	۳۹۱
اجانب کیساتھ برتاؤ	۳۹۱
صحت کی حفاظت مقدم ہے	۳۹۲
اپنی طاعت کو جتلانا	۳۹۲
ہر امر میں بشمول نفسانیت	۳۹۲
کثرت سوال کا منشاء عمل نہ کرنا	۳۹۳
اصلاح کا ایک سریع التاثیر طریق	۳۹۳
بلندی اور رفعت کے تحصیل کا نافع طریق	۳۹۳
حرمت سود کی ایک ذوقی دلیل	۳۹۳
زکوٰۃ کے روپیہ کی تملیک مدرسہ میں فوراً ہوجانا مناسب ہے	۳۹۳
مثنوی دانی کا بڑا کمال	۳۹۴
سالک کا دستور العمل	۳۹۴
صرف اذکار اصلاح کیلئے ہرگز کافی نہیں	۳۹۴
اس طریق میں نفع کا مدار مناسبت پر ہے خواہ طبعی ہو خواہ عقلی	۳۹۵
تشویش کی چیز پس حق تعالیٰ کی عدم رضا ہے	۳۹۵
رشوت کی زکوٰۃ نہ دینے کا حکم	۳۹۶
طریق استشارہ	۳۹۶
کثرت کلام کا تدارک	۳۹۶
کثرت کلام کا منشاء کبر وغفلت ہے	۳۹۷
اپنے کو بڑا سمجھنے میں مفاسد ہی مفاسد ہیں اور اسکے دفعیہ کا طریقہ	۳۹۷
شریعت نے بناوٹ اور محض ظاہری محبت سے منع کیا ہے	۳۹۷
سادہ معاشرت سے اصلی محبت وہمدردی پیدا ہوجاتی ہے	۳۹۸
زیور کے مضرات دنیاوی ودینیہ	۳۹۸
عورتوں کے تکلف وتصنع وتزئین	۳۹۹
سوال حرام پر دینا بھی حرام ہے	۴۰۰
کثرت سوال کا منشاء عمل نہ کرنا ہے	۴۰۰
عارفین کے زہد کی علامت	۴۰۰
مال کی حقیقت	۴۰۰

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

حسن انتظام، تواضع اور حب جاہ سے نفرت	۴۰۱
عملیات سے تنفر، حکمت وفراست	۴۰۲
حکمت سادگی، سہولت پسندی، عدم پابندی	۴۰۳
مناسبت یا تعبیر	۴۰۳
عمل باالاحتیاط وتقویٰ	۴۰۳
عمل بالاحتیاط، ورع وتقویٰ	۴۰۴
حسن انتظام	۴۰۵
حکمت وظرافت وشان تربیت وحقیقت شناسی	۴۰۵
فراست وحقیقت شناسی	۴۰۶
رسومات سے حذر، شان تربیت حقیقت شناسی	۴۰۶
تقویٰ واحتیاط، صفائی معاملہ عبدیت،	۴۰۶
تکلیف وتصنع سے تواضع، عبدیت	۴۰۷
شان استغناء	۴۰۷
حقیقت شناسی، انجام بینی	۴۰۷
عدل بین الزوجین تقویٰ احتیاط	۴۰۸
ترک لایعنی	۴۰۸
دقت نظری، سلامت فہمی، حمول پسندی،	۴۰۸
حقیقت شناسی اور اشاعت دین	۴۰۹
کید نفس کی شناخت	۴۱۰
ادعا واظہار سے نفرت	۴۱۰
شان تربیت واستغناء	۴۱۰
حب تقلیل تعلقات	۴۱۱
حکمت وعقل کامل، تجربہ	۴۱۲
فراست وحقیقت پسندی	۴۱۴
حسن انتظام سلامت روی	۴۱۴
لایعنی سے احتراز	۴۱۴
حسن انتظام حدود شرعیہ کا لحاظ	۴۱۵
فراست صحیحہ غیر الدین	۴۱۶
حقیقت شناسی، زوائد سے نفرت	۴۱۶
پسندیدگی	۴۱۷
رعایت اصحاب	۴۲۱
تجربہ فراست، انجام بینی، دوراندیشی	۴۲۲
دقت نظری، معنی شناسی حقائق رسی	۴۲۲
طرز سفارش مشتمل بر مراعات مذاق	۴۲۳
طرز بیعت مشتمل بر حقیقت	۴۲۴
مراعات احباب	۴۲۵
فضولیات سے نفرت	۴۲۶
شان تربیت شفقت علی الصغار	۴۲۶
سہولت پسندی، رفق ونرم خوئی، کمال شفقت	۴۲۷
کمال احتیاط وتقوی	۴۲۸
کمال شفقت، حدود شرعیہ	۴۲۸
استغناء، تجربہ، فراست، صحیحہ	۴۲۸
تواضع واتباع سنت	۴۳۰
کمال تواضع وانکسار وافتقار	۴۳۰
تواضع عفو وحلم وحسن خلق	۴۳۱
حکمت وشان تحقیق	۴۳۱
ترغیب فنا	۴۳۱
شان تحقیق (متعلق اشغال صوفیہ)	۴۳۱

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

حکمت وشان تحقیق ومعرفت	۴۳۲
غمیات سے تنفر	۴۳۲
حسن معاشرت، بیدار مغزی	۴۳۲
تواضع وحسن تربیت	۴۳۳
کمال شفقت تطبیب قلب مساکین	۴۳۴
مزاح	۴۳۴
کمال شفقت محبت بامریدین	۴۳۵
شریعت کا طبیعت ثانیہ ہوجانا	۴۳۶
بلا اجرت کسی سے کام نہ لینا	۴۳۷
حسن معاشرت وتربیت، بے تکلفی	۴۳۷
کمال تراحم قلع وقمع رسوم اور تبلیغ احکام میں عدم خوف لومۃ لائم	۴۳۸
لطف ونرمی، رعایت حدود	۴۳۹
کمال اتباع سنت	۴۴۰
زہد وکمال شفقت	۴۴۰
تعلیم حقوق العباد	۴۴۰
کمال اتباع شریعت وحسن تربیت	۴۴۰
ظرافت تعلیم استیذان	۴۴۱
کمال زہد	۴۴۱
کمال عبدیت	۴۴۲
کمال عبدیت	۴۴۲
کمال شفقت وشان تربیت	۴۴۲
مزاح وشان تربیت	۴۴۳
اعتدال نظر تربیت مریدین	۴۴۳
تعلیم شفقت ومحبت	۴۴۳
معرفت عدو نفس	۴۴۴
فراست وتجربہ	۴۴۴
لطافت فہم، عمق نظر	۴۴۵
صفائی معاملہ وشان تربیت	۴۴۵
لطافت فہم، خشیت، حق ادب	۴۴۵
کشف حقائق وقوت کا استنباط	۴۴۶
حب خمول، کتمان حال، تحزب سے نفرت، عقل وحکمت	۴۴۶
کمال استغناء	۴۴۷
حق گوئی، اشاعت دین کی محبت	۴۴۷
تعلیم تواضع واصلاح اخلاق	۴۴۸
تواضع وافتقار وعبدیت	۴۴۹
عرفیات ورسوم سے آزادی	۴۴۹
شان تربیت، فراست صحیحہ	۴۴۹
دقت فہم معنی رسی	۴۵۱
بے تکلفی، سادگی، شان تربیت	۴۵۱
حسن انتظام، تعلیم آداب معاشرت	۴۵۲
حقیقت شناسی	۴۵۲
رعایت مذاق مخاطب	۴۵۲
حقیقت شناسی	۴۵۳
دقت فہم	۴۵۳
عزت دین، عقل وتجربہ وفہم سلیم	۴۵۳
کمال ادب بزرگان	۴۵۳

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

حقائق شناسی، عقل زرین، فہم سلیم	۴۵۴
حق شناسی، عداوت نفس وحکمت	۴۵۴
تجربہ وعقل وفہم سلیم	۴۵۴
حقیقت شناسی، انصاف، ذوق سلیم	۴۵۵
احتیاط وتقویٰ وتوکل	۴۵۵
حقیقت شناسی، انصاف بذوق سلیم	۴۵۵
قلت تعلق مع الغیر	۴۵۵
تحقیر دنیا۔ شان تربیت	۴۵۶
حقیقت شناسی علم وحکمت وشان	۴۵۶
احتیاط وتقویٰ وتوکل	۴۵۷
نظر بر حقیقت	۴۵۷
حقیقت شناسی	۴۵۸
اپنا بار کسی پر نہ ڈالنا	۴۵۸
دقت فہم	۴۵۸
سہولت پسندی	۴۵۸
احسان نہ لینا، رعایت مخاطب	۴۵۸
تواضع خشیت از ایذا دیگر وشان	۴۵۹
لایعنی سے حذر	۴۶۰
مدارات مخاطب	۴۶۱
استغناء وایثار	۴۶۱
رویا صحیحہ ایک شبہ کا جواب	۴۶۲
معاملہ کی صفائی۔ فراست وتواضع	۴۶۳
حسن معاشرت اہلیہ کیساتھ	۴۶۴
تواضع وانکسار اور دوسرے کی عدم دلشکنی واہانت کا خیال	۴۶۵
احتیاط وتقویٰ ودوراندیشی	۴۶۶
تواضع ورفق حسن اخلاق	۴۶۷
حقیقت شناسی واستغناء	۴۶۸
حقیقت شناسی استغناء عقل وتجربہ	۴۶۹
شان استغناء خشیت حق تائید ایزدی	۴۷۰
قوت تطبیق، ذہن رسی	۴۷۰
تقویٰ واحتیاط موافق طرز سلف	۴۷۱
صفائی معاملہ وشدت تعلق مع اللہ	۴۷۲
حفظ مراتب وصفائی معاملہ وغایت اعتناء باالاحکام الشرعیہ	۴۷۳
احسان شناسی حسن معاشرت بالاہل، غایت تقویٰ	۴۷۴
تواضع وعبودیت کالشمس فی النصف النہار ظاہر وباہر	۴۷۵
حسن تدبیر	۴۷۵
پابندیٔ اوقات	۴۷۵
ظرافت	۴۷۶
شدت تعلق مع اللہ	۴۷۷
ضبط وتحمل	۴۷۷
رسوخ عظمت حق شدت تعلق مع اللہ	۴۷۹
تواضع وافتقار وعبودیت	۴۸۰
ناپسندیدگی تکلف، مزاج، دلجوئی	۴۸۰
حقیقت شناسی دقت نظری	۴۸۱
خشیت حق	۴۸۱
تقاضا شدید امتثال امر کا اور عبدیت	۴۸۱

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

احسان نہ لینا	۴۸۲
عقل وحکمت	۴۸۲
حقیقت رسی وتوحید	۴۸۲
فراست لایعنی سے حذر	۴۸۳
کمال شفقت ورافت	۴۸۳
کمال شفقت ورافت	۴۸۳
کمال شفقت علی الخلوق	۴۸۴
شفقت وحکمت	۴۸۴
شان استغناء دین کی عظمت وحکمت	۴۸۴
حقیقت شناسی' کمال عقل	۴۸۴
انکسار وتواضع	۴۸۵
توقیر اہل علم	۴۸۵
حسن انتظام' اہتمام حفظ نظام دین' غایت احتیاط	۴۸۵
تواضع وبزرگوں کا ادب	۴۸۶
حذر از ایذاء مسلم احتیاط وتقویٰ	۴۸۶
قدر طلباء استغناء شان تربیت وطرز سلف سے موافقت	۴۸۷
تجربہ سہولت پسندی' عقل سلیم	۴۸۸
شفقت وسہولت پسندی	۴۸۸
عدم تصنع' نفاست طبع	۴۸۹
کمال فہم' تجربہ وفراست محبت اعزا	۴۸۹
ضبط اوقات	۴۸۹
ملکہ شناخت کیوونفسانیہ	۴۹۰
کمال تجربہ	۴۹۰
نور معرفت' نورانیت قلب' نورانیت	۴۹۱
دوسرے کی گرانی قلب کا لحاظ	۴۹۱
مراعات بالاہل کی تعلیم وتاکید	۴۹۲
سادگی طبیعت' مراعاۃ احباب' تکلف وتصنع	۴۹۲
طرز سفارش' کمال عقل وتجربہ	۴۹۳
دین کی عزت کا خیال' عقل کا کمال	۴۹۴
سلامتی طبیعت قوت استنباط	۴۹۴
زہد واستغناء	۴۹۴
عملی تعلیم' اتباع سنت' نعمت الٰہی	۴۹۵
تجربہ ولحاظ ومروت	۴۹۵
دوسرے کی دل شکنی کا لحاظ	۴۹۶
شان تربیت' ضبط وتحمل' تناسب طبیعت	۴۹۶
سادگی' معاملہ کی صفائی	۴۹۷
دین کی عزت کا خیال دوسروں کی گرانی قلب کا لحاظ اور عدم خداع	۴۹۷
امراء سے سخت استغناء	۴۹۸
سوال۔ چندہ سے نفرت' پسندیدگی طرز سلف صالحین' اعتدال طبع	۴۹۸
ظرافت اور حاضر جوابی	۴۹۸
تنفر از رسوم شان تربیت	۴۹۹
فضولیات سے سخت عذر	۴۹۹
تحدث بالنعمہ' اعتناء بالمقاصد	۴۹۹
شان تربیت کمال تجربہ وعقل علم طریقت	۵۰۰
پرانے فیشن کی مرغوبیت	۵۰۰

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

سوال اور تملق امراء سے نہایت تنفر	۵۰۰
حیاء وغیرت	۵۰۱
لاضرر ولاضرار فی الاسلام کا مصداق ہونا	۵۰۲
کمال عقل خوش فہمی رعایت متضادین	۵۰۲
کمال تجربہ حقیقت رسی	۵۰۲
کمال اتباع سنت	۵۰۳
زہد عن الدنیا	۵۰۴
ہر بات میں اصول اور قاعدہ	۵۰۴
صفائی معاملات	۵۰۵
غلبہ عبدیت	۵۰۵
عفو رحم شفقت' خوف وخشیت از حق	۵۰۵
سلامتی فہم' جامعیت اور رعایت	۵۰۶
طبیعت کا موزونیت جو ہونا	۵۰۷
الفت غلبہ وعقلیت' نرم خوئی	۵۰۷
اہتمام حق العبد اتباع شریعت	۵۰۷
اتباع سنت	۵۰۸
صفائی معاملہ کسی پر کسی کا بار بلا اجرت نہ رکھنا	۵۰۸
افراط تفریط سے بالکل مبرا ہونا	۵۰۹
انکسار وتواضع' مشورہ حسن	۵۰۹
سلامت طبع۔ حقیقت شناسی' اخلاص' شان تربیت تاکید حقوق العباد	۵۱۰
سلسلہ روایات سے تنفر	۵۱۰
قوت استنباط اور تطبیق	۵۱۱
حقیقت شناسی' معنی رسی' قوت تمثیل	۵۱۲
کسی پر ذرہ برابر بھی بار نہ ڈالنا	۵۱۲
ڈاک کا اہتمام	۵۱۳
صفائی معاملات' دوسرے کے معاملہ میں دخل نہ دینا'	۵۱۳
حد شریعت تک دوسرے کو آزادی دینا اپنا دباؤ نہ ڈالنا' مقاومت نفس	۵۱۴
سلامت عقل' رسائی ذہن' بلا ضرورت کافر کو کافر کہنا مخالف سے بھی عنوان شائستہ کو استعمال کرنا	۵۱۵
قوت استنباط	۵۱۶
اللہ ورسول کی محبت' دنیا سے نفرت'	۵۱۹
طریق سفارش مشتمل بر رعایت شریعت وعقل وغیرت وحیا ومخاطب	۵۱۹
طریق تقریظ مشتمل بر انکسار وتواضع وحذر از جدال ولایعنی	۵۲۰
اظہار حق بہ پیرایہ حکمت	۵۲۰
جواب مخالفین مشتلم بر تحقیق وحکمت	۵۲۰
دلیل عجیب وغریب العمارۃ بر قبر النبی صلی اللہ علیہ وسلم بناء قبر حضرات شیخین تحت القبہ مع النبی صلی اللہ علیہ وسلم	۵۲۱
سلامت فہم' نور فراست' علم وحکمت	۵۲۳
تعدیہ ثواب' منقص ثواب عامل نہیں تحقیق وصول ثواب بلا تجزی	۵۲۴
تبحر علم وحقائق وشفقت علی الخلوق	۵۲۶

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

تبحر فقہ ونور فہم حقیقت شناسی	۵۲۷
سیف وجزیہ نہ جزائے کفر ہیں نہ مقصود بالذات	۵۲۸
تراویح میں صبی کی اقتداء کا حکم	۵۲۹
وجوہ ترجیح شروع نماز بعد از اختتام	۵۳۰
کمال حذم واحتیاط	۵۳۰
کمال حذم واحتیاط واقتداء طرز سلف	۵۳۱
معیار کفر واسلام	۵۳۱
عقل سلیم، حکمت، شفقت علی الخلوق	۵۳۴
فہم، سلیم، حکمت، دقت نظر	۵۳۵
حقیقت رسی استحضار قواعد فقہیہ	۵۳۶
حقیقت رسی استحضار قواعد فقہیہ	۵۳۶
دور اندیشی اظہار حقیقت سلامت فہم	۵۳۶
حکیم الامۃ رحمۃ اللہ علیہ	۵۳۷
دور اندیشی، مسلمانوں کی خیر خواہی، معاملہ رسی، استحضار قواعد فقیہ	۵۳۷
تتمہ باب اول	۵۳۹
رسمیں چھوڑنے کیلئے انتظار نہ کریں	۵۳۹
اہل اللہ کا مال سے اجتناب	۵۳۹
کثرت قیل وقال وکثرت سوال	۵۴۰
ترغیب فنا	۵۴۱
تعریف تمکین	۵۴۱
ذکر قلبی کی حقیقت	۵۴۱
کمال اعمال کو دخل ہے کمال ایمان میں اور اسی طرح اسکا برعکس	۵۴۱
نسبت صوفیا کیا چیز ہے	۵۴۱
وسوسہ کا وہ درجہ جو قابل مواخذہ ہے	۵۴۲
علاج الخیال	۵۴۲
مجموعہ کلیات امدادیہ	۵۴۳
النفائس المرغوبہ فی حکم الدعاء	۵۴۳
خیر الاختیار، خیر الاختیار	۵۴۴
مجلس بعد نماز	۵۴۴
حسن العلاج امور غیر اختیاریہ کا	۵۴۴

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

ملفوظات

کمالاتِ اشرفیہ

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

باب اول

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

شان تربیت وعلم وتحقیق وحکمت

محبت کی حقیقت اور اس کے درجے

فرمایا کہ حقیقت محبت کی میلان قلب ہے اور یہ درجہ طبعی اور غیر مامور بہ ہے مگر نعمت اور وہبی ہے۔ پھر اس میلان کے آثار میں سے رضائے محبوب کو رضائے غیر محبوب پر ترجیح دینا ہے اور یہ محبت عقلی اور مامور بہ ہے پھر اس ترجیح کے اقسام ہیں باعتبار محل ترجیح کے۔ چنانچہ ایک قسم ہے ایمان کو ترجیح دینا کفر پر اور یہ ادنیٰ درجہ ہے محبت کا بدوں اس کے بندہ مومن نہیں ہے اور دوسرے اقسام میں دوسرے احکام کو ترجیح دینا غیر احکام پر اور احکام کے درجات کے اعتبار سے اس کے درجات ہیں کوئی اوسط اور واجب کوئی اعلیٰ ومستحب۔

مصائب تغیرات طبعی کا علاج

ایک صاحب نے کہا کہ جس زمانہ میں کوئی تکلیف نہ ہو اس وقت تو طبعی محبت بھی اللہ تعالیٰ سے ہوتی ہے اور تکالیف کی حالت میں چونکہ ان کا صدور منجانب اللہ متیقن ہے اس لئے عقلی محبت رہ جاتی ہے۔ بعض اوقات تو ایسے شبہات پیدا ہوتے ہیں جن کا اظہار کفر ہے۔ فرمایا کہ ایسے تغیرات لوازم قطع مسافت سے ہیں جیسے سفر میں تعب بھی ہوتا ہے۔ آبلے بھی پڑتے ہیں۔ ٹانگوں میں درد بھی ہوتا ہے مگر بعد وصول منزل مقصود کے سب کا تدارک کر دیا جاتا ہے۔

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

شیخ معلم کو انفع وافضل سمجھے

ایک شخص نے دریافت کیا کہ کوئی بیعت تو ایک شیخ سے ہے اور تعلیم دوسرے شیخ سے باجازت یا بلا اجازت شیخ اول کے حاصل کرتا ہے تو وہ اپنے لئے افید وانفع افضل ہونے کا اعتقاد کس کے ساتھ رکھے فرمایا ثانی کے ساتھ مگر اول کو اس نفع کا سبب بعید یعنی سبب السبب سمجھے اور اس کے ساتھ گستاخی نہ کرے۔

جہاد کے لئے طبعی آمادگی واجب نہیں

فرمایا کہ طبعی آمادگی اور رضا جہاد کے لئے واجب نہیں کیونکہ یہ اختیار میں نہیں صرف عقلی رضا واجب ہے جو اختیاری ہے۔ اور وہ یہ ہے کہ اگر شریعت کا حکم ہو کہ موقع قتال میں حاضر رہے خواہ کیسی ہی وحشت اور دہشت ہو تب بھی وہاں سے نہ ہٹیں گے خواہ جان ہی جاتی رہے تو بس ادائے واجب کے لئے اتنا عزم کافی ہے۔

دعا کی ترجیح قنوت نازلہ پر

فرمایا کہ میرے نزدیک بجائے قنوت نازلہ کے یہی بہتر ہے کہ ہر نماز پنج گانہ کے بعد دعا کیا کریں یہ عجیب وغریب طریق ہے نیز اسلم واسہل۔ اس میں خفاء بھی ہے اور قنوت نازلہ میں تو دوسروں کو یاد دلانا بھی ہے کہ ہمیں فکر واندیشہ ہے۔

اصل تدبیر مصائب کی

فرمایا کہ اصل تدبیر مصائب وتکالیف کی تو اصلاح اعمال ہے اگر ایسا کریں تو چند روز میں ان شاء اللہ اس کی برکت سے دشمن خائف ہو جاویں۔

دشمن کے مقابلہ کا شرعی دستور العمل

مخترع طریقوں کے متعلق فرمایا کہ ایسے وقت میں شریعت میں دو ہی صورتیں ہیں قوت کے وقت مقابلہ اور عجز کے وقت صبر ودعا۔ خدا معلوم یہ تیسری صورت بخوشی گرفتار ہو جانے کی کہاں سے نکالی۔ بس یورپ ہی سے سبق لیا ہے۔

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

آثار تعلق مع اللہ

فرمایا کہ جو خدا کے بندے ہیں اور مقبولان حق ہیں ان کو جو طاعت حق میں لطف حاصل ہوا ہے تو ان کو ممالک دنیا کی پرواہ نہیں رہی اور اگر ان کو ملتے بھی ہیں تو وہ دعا کرتے ہیں کہ اے اللہ بس وہ ذوق طاعت عطا فرماوے اور جاہ وحشم دنیا کی ہمیں ضرورت نہیں اسی لئے وہ فقر وفاقہ میں بالاختیار رہتے ہیں اور بزبان قال وحال یہ اشعار پڑھتے ہیں۔

ایک ذوق سجدہ پیش خدا — خوشتر آید از دو صد دولت ترا
ملک آں سجدہ مسلم کن مرا — بادشاہان جہاں از بردگی
بس بنا لے کہ نخواہم ملکہا — بونہ بردند از شراب بندگی
ورنہ ادہم وار سرگرداں و دنگ — ملک را برہم زدندے بید رنگ

جھوٹ کا علاج

فرمایا کہ جس کو جھوٹ بولنے کی عادت ہو بہت بڑا علاج اس کا یہ ہے کہ جب کذب صادر ہو فوراً اپنی تکذیب مخاطب کے سامنے کرے کہ یہ بات میری کذب ہے۔

انقباض طبعی کا علاج

فرمایا کہ غیبت کرنے سے برا بھلا کہنے سے جو نفرت اس غیبت کرنے والے سے ہو جاتی ہے اور جو انقباض اس سے ہو جاتا ہے وہ قابل ملامت نہیں کیونکہ طبعی وغیر اختیاری ہے لیکن بتکلف سلام وکلام کرتے رہنے سے چند روز میں وہ اثر دل میں بھی ضعیف ہو جاتا ہے۔

غصہ کا مجرب علاج

فرمایا کہ اگر اس کا التزام کرلیں کہ جب کسی پر غصہ آجاوے تو مغضوب علیہ کو کچھ ہدیہ دیا کریں اور قلیل ہی مقدار ہو تو زیادہ نفع ہو۔

امور غیر اختیاریہ کے مقتضا کا حکم

فرمایا کہ امور غیر اختیاریہ کے مقتضا پر عمل کرنا بعض اوقات مذموم ہوتا ہے اور اختیاری

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

ہوتا ہے اس کا ترک بالاختیار واجب ہے۔ (مثلاً بدنظری کا میلان)

کبر کا علمی علاج

اگر اپنی خوبی اور دوسرے کی زشتی پر نظر پڑے تو یہ سمجھنا واجب ہے کہ ممکن ہے کہ اس میں کوئی ایسی خوبی ہو اور مجھ میں کوئی ایسی زشتی ہو کہ اس کی وجہ سے یہ شخص مجھ سے عنداللہ اچھا ہو بس کبر سے خارج ہونے کے لئے اتنا کافی ہے۔

یارسولؐ کہنے میں تفصیل

فرمایا کہ بارادہ استعانت و استغاثہ یا باعتقاد حاضر ناظر ہونے کے یارسول اللہ کہنا منہی عنہ ہے اور بدوں اس اعتقاد کے محض شوقاً واستلذاذاً ماذون فیہ ہے۔

اپنی اصلاح کی فکر مقدم ہے دوسروں کی اصلاح کی فکر سے

فرمایا کہ بڑی ضرورت اس کی ہے کہ ہر شخص اپنی فکر میں لگے اور اپنے اعمال کی اصلاح کرے۔ آج کل یہ مرض عام ہو گیا ہے عوام میں بھی خواص میں بھی کہ دوسروں کی تو اصلاح کی فکر ہے اور اپنی خبر نہیں۔ دوسروں کی جوتیوں کی حفاظت کی بدولت اپنی گٹھڑی اٹھوا دینا کیسی حماقت ہے۔

اپنوں کی معیت فضل خداوندی ہے

فرمایا کہ میں تو اس کو بہت ہی بڑا فضل خداوندی سمجھتا ہوں کہ جس کو اپنوں کی معیت نصیب ہو جاوے ورنہ یہ زمانہ بہت ہی پرفتن ہے دوسری جگہ جا کر وہ حالت رہتی ہی نہیں۔ اکثر تجربہ ہو رہا ہے۔

روح الطریق

فرمایا کہ مقصود سلوک رضائے حق ہے اس کے بعد دو چیزیں ہیں طریق کا علم اور اس پر عمل سو طریق صرف ایک ہی ہے یعنی احکام ظاہرہ و باطنہ کی پابندی اور اس طریق کا معین دو چیزیں ہیں ایک ذکر جس پر دوام ہو سکے دوسری صحبت اہل اللہ کی جس کی کثرت سے مقدور ہو۔ اور اگر کثرت کے لئے فراغ نہ ہو تو بزرگوں کے حالات و مقالات کا مطالعہ اس کا بدل

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

ہے اور دو چیزیں طریق یا مقصود کی مانع ہیں معاصی اور فضول میں مشغولی اور ایک امر ان سب کے نافع ہونے کی شرط ہے یعنی اطلاع حالات کا التزام۔ اب اس کے بعد اپنی استعداد ہے۔ حسب اختلاف استعداد مقصود میں اویر سویر ہوتی ہے۔ یہ خلاصہ ہے سارے طریق کا۔

غصہ کا ایک مجرب علاج

فرمایا کہ غصہ کا ایک مجرب علاج یہ ہے کہ مغضوب علیہ کو اپنے پاس سے جدا کر دیا جاوے یا اس کے پاس سے خود جدا ہو جاوے اور فوراً کسی شغل میں لگ جاوے۔

معاصی کا علاج

فرمایا کہ علاج بدنگاہی کا یہ ہے کہ بزرگوں کے تذکرہ کی کتابیں پابندی سے دیکھو اور کسی وقت خلوت میں معاصی پر جو وعیدیں اور عتاب وارد ہوا ہے اس کو سوچا کرو۔ اور وسوسہ معصیت کے وقت بھی ایسی ہی استحضار کی تجدید کرو۔ ان شاء اللہ تعالیٰ نفس سے تقاضا جاتا رہے گا اور اگر خفیف میلان ہو تو اس کا مقابلہ ہمت سے کرو۔ بدوں ہمت کے کوئی تدبیر کافی نہیں۔

رسوخ سے مقصود عمل ہے

فرمایا کہ رسوخ سے مقصود عمل ہے۔ عمل سے رسوخ مقصود نہیں۔ اگر عمل بلا رسوخ ہوتا رہے مقصود حاصل ہے۔ اس لئے کسی محمود کیفیت کے راسخ نہ ہونے پر رنج نہ کرے ہاں عمل میں کوتاہی نہ ہونے پاوے۔

مصلح کو مرض کی اطلاع کب کرے

فرمایا کہ جب کوئی مرض یاد آ جاوے اس کو فوراً نوٹ کر لیا اور ایک ہفتہ تک دیکھا کہ وہ زائل ہوا یا نہیں۔ اگر زائل نہ ہوا ہو تو نفس کو اور مہلت نہ دے بلکہ مصلح کو اطلاع کر دے۔

اعتقاد کبر و عمل کبر کا علاج

فرمایا کہ اعتقاد کبر کا علاج یہ ہے کہ اس احتمال کو مستحضر کرے کہ ہم کو عند اللہ کسی کے رتبہ کا کیا پتہ ہے اور اپنے عیوب کو بھی پیش نظر کرے۔ ممکن ہے کہ ان میں کوئی خوبی ایسی بھی ہو

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

جس کا مجھ کو علم نہیں اور وہ حق تعالیٰ کو پسند ہو۔ اور اپنے اندر ایسے عیوب ہوں جن پر مواخذہ ہو جاوے اور عمل کبر یہ ہے کہ برتاؤ تحقیر کا ہو اس کا علاج یہ ہے کہ ان میں جو اہل حق ہیں ان کی مدح زبان سے اور اکرام برتاؤ سے کیا جاوے اور جو اہل باطن ہیں ان کی بلا ضرورت محض مشغلہ کے طور پر غیبت وغیرہ بالکل نہ کی جاوے۔

اخلاق رذیلہ کا عام اور مختصر علاج

فرمایا کہ اخلاق رذیلہ کا مختصر علاج یہ ہے کہ تامل و تحمل یعنی جو کام کرے سوچ کے کرے کہ شرعاً جائز ہے یا نہیں اور جلدی نہ کرے بلکہ تحمل سے کام کیا کرے۔ یا اطلاع و اتباع یعنی اپنے احوال و اعمال سے شیخ کو مطلع کرتے رہیں اور اس کی تجویز پر عمل کرے یا انقیاد و اعتماد یعنی اپنے شیخ کی اطاعت کاملہ کرے اور وہ جو کچھ کہے اس پر اعتماد کرے۔

حق امام راتب

فرمایا کہ امام راتب جب تک معزول نہ ہو اس سے افضل کو بھی حق امامت نہیں ہاں اس کے اذن سے جائز ہے۔

مجاہدہ اختیاریہ سے جاہ کا علاج

فرمایا کہ جب اللہ تعالیٰ کسی بندہ کے ساتھ خیر چاہتے ہیں اور مجاہدہ و اختیاریہ سے اس کو قاصر و عاجز دیکھتے ہیں تو ایسے اسباب غیب سے پیدا فرما دیتے ہیں جس سے اس کے امراض نفسانیہ حب جاہ وغیرہ کا علاج ہو جاتا ہے مثلاً اس پر کوئی مرض مسلط ہو جاتا ہے یا کوئی عدو مسلط ہو جاتا ہے جو اس کو ایذائیں خصوصی بدنامی کی ایذا پہنچاتا ہے جس کی روایات کو اگر کوئی غلط سمجھتا ہے تو دوسرا صحیح سمجھتا ہے اور اس طرح سے وہ رسوا ہو جاتا ہے جو اول اول نفس کو بے حد ناگوار ہوتا ہے مگر جب وہ صبر و رضا اختیار کرتا ہے تو پھر تو اس میں ایسی قوت تحمل کی ہو جاتی ہے کہ نہایت ہمت کے ساتھ یہ کہنے لگتا ہے۔

ساقیا برخیز و دردہ جام را　　خاک برسر کن غم ایام را
گرچہ بدنامی است نزد عاقلاں　　ما نمی خواہیم ننگ و نام را

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

پھر مع العسر یسرا کے موافق اس کو قبول عام و عزت نصیب فرماتے ہیں جس میں اس کو ناز نہیں ہوتا۔ جس قدر رفعت بڑھتی جاتی ہے نیاز میں ترقی ہوتی جاتی ہے۔ بس جاہ عظیم میسر ہوتی ہے اور جاہ پسندی فنا ہو جاتی ہے۔

صاحب مقام کی ایک شان

فرمایا کہ صاحب مشاہدہ مسمی کے ساتھ اسم کو بھی جمع کرتا ہے کیونکہ وہ دیکھتا ہے کہ محبوب کو یہی پسند ہے کہ دیکھتے بھی جاؤ اور ہمارا نام بھی لیتے رہو اس لئے وہ دونوں کو جمع کرتا ہے۔ دوسرا راز اتفاقاً ابونواس شاعر کے منہ سے نکل گیا تھا۔

الافا سقنی خمرا وقل لی ھی الخمر

ولا تسقنی سرا ومتی امکن الجھر

یعنی مجھ کو شراب پلاتا جا اور یہ بھی کہتا جا کہ یہ شراب ہے شراب۔ اس کہنے کی یہ ضرورت تھی تا کہ نام سن کر کانوں کے ذریعہ سے لذت حاصل ہو اور دیکھ کر آنکھ کے ذریعہ لذت حاصل ہو اور پی کر زبان کے واسطے سے لذت حاصل ہو۔

پیشین گوئی مانع تدبیر نہیں

فرمایا کہ کسی امر کی پیش گوئی وارد ہونے سے اس کا خارج از اختیار لازم نہیں آتا اور جب وہ اختیار سے خارج نہیں تو اس کی تدبیر کرنا فضول نہیں۔ وہ اگر پیش گوئی مانع تدبیر ہو تو چاہئے کہ آج سے حفظ قرآن کو ترک کر دیا جاوے کیونکہ قرآن میں حفاظت قرآن کا وعدہ ہے۔ انا نحن نزلنا الذکر و انا له لحافظون

صوفی کے صبر کرنے کی وجہ

فرمایا کہ صوفی بیچارے ہر زمانہ میں بدنام رہے ہیں کیونکہ وہ خاموش اور صابر ہوتے ہیں مگر معلوم بھی ہے کہ وہ صبر کیوں کرتے ہیں۔ وہ صبر کر کے حق تعالیٰ کو اپنے ساتھ کرتے ہیں کیونکہ حدیث میں ہے جو شخص اپنا انتقام خود لے لیتا ہے تو حق تعالیٰ معاملہ کو اسی کے سپرد کر دیتے ہیں اور جو صبر کرتا ہے اس کی طرف سے حق تعالیٰ خود انتقام لیتے ہیں۔ پھر وہ انتقام

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

کیسا ہوگا اس کے متعلق حدیث میں آیا ہے کہ حق تعالیٰ اپنے مقبول بندوں کے لئے ایسا غضب ناک ہوتے ہیں جیسے شیر اپنے بچوں کے لئے غضب ناک ہوا کرتا ہے پھر کبھی دنیا میں بھی مزہ چکھا دیتے ہیں اور کبھی آخرت پر پوری سزا کو ملتوی رکھتے ہیں اور دنیا میں کبھی تو ایسی سزا دیتے ہیں جس کو یہ شخص بھی سزا سمجھتا ہے اور کبھی اس طرح میٹھی مار مارتے ہیں کہ یہ اس کو انعام سمجھتا ہے جیسا کہ ایک مجذوب نے ایک سپاہی کو جس نے انہیں ہنٹر مار دیا تھا بددعا دی تھی کہ اے اللہ اس کو تھانہ دار کر دے اور وہ چند ہی روز میں تھانہ دار ہو گیا تھا۔

نا اتفاقی محمود اور اتفاق مذموم کی صورت

فرمایا کہ نا اتفاقی اس واسطے مذموم ہے کہ یہ دین کو مضر ہے اور اگر دین کو مفید ہو گو دنیا کو مضر ہو تو وہ مذموم نہیں چنانچہ ایک نا اتفاقی وہ بھی ہے جس کو حضرت ابراہیم علیہ السلام نے اختیار فرمایا تھا چنانچہ حق تعالیٰ فرماتے ہیں **قد کانت لکم اسوة حسنة فی ابراهیم والذین معه اذقالوا لقومهم انا براء منکم و مماتعبدون من دون الله کفرنا بکم و بدابیننا و بینکم العداوة والبغضاء ابداً حتی تؤمنوا بالله وحده** کیا اس نا اتفاقی کو کوئی مذموم کہہ سکتا ہے اور ایک اتفاق وہ تھا کہ جس کے بارے میں حضرت ابراہیم علیہ السلام فرماتے ہیں **وقال انما اتخذتم من دون الله او ثاناً مودة بینکم فی الحیوٰة الدنیا ثم یوم القیامة یکفر بعضکم ببعض ویلعن بعضکم بعضاً و ماوکم النار** اس سے صاف معلوم ہوا کہ ابراہیم علیہ السلام کے مقابلہ میں جو کفار تھے ان میں باہم اتفاق واتحاد کامل تھا مگر اس اتفاق کو کوئی محمود کہہ سکتا ہے ہرگز نہیں۔ بلکہ حضرت ابراہیم علیہ السلام نے تو اس اتفاق کی بنیادیں اکھاڑ کر پھینک دی تھیں کیونکہ یہ اتفاق خلاف حق پر تھا۔ پس خوب سمجھ لو کہ اتفاق صرف اسی وقت مطلوب ومحمود ہے جبکہ دین کو مفید ہو اور نا اتفاقی جبھی مذموم ہے کہ دین کو مضر ہو اور اگر اتفاق دین کو مضر ہو اور نا اتفاقی دین کو مفید ہو تو اس وقت نا اتفاقی ہی مطلوب ہوگی۔

قرآن کے لقب فرقان کے معنی

فرمایا کہ قرآن کا ایک لقب فرقان بھی ہے جس سے معلوم ہوا کہ قرآن ہمیشہ جو رتا

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

ہی نہیں بلکہ کہیں جوڑتا ہے اور کہیں توڑتا ہے۔ جو لوگ حق پر ہوں اس کے ساتھ وصل کا حکم ہے اور جو باطل پر ہوں ان کے ساتھ فصل کا حکم ہے۔

اتفاق کرانے کا طریقہ

فرمایا کہ مقتضائے حق یہی ہے کہ جب دو جماعتوں یا دو شخصوں میں اختلاف ہے تو اول یہ معلوم کیا جاوے کہ حق پر کون ہے اور ناحق پر کون جب حق متعین ہو جاوے تو صاحب حق سے کچھ نہ کہا جاوے بلکہ اس کا ساتھ دیا جاوے اور صاحب باطل کو اس کی مخالفت سے روکا جاوے۔ چنانچہ نص ہے **فقاتلوا التی تبغی حتیٰ تفیٔ الیٰ امر اللہ**

فساد کے حقیقی معنی

فرمایا کہ فساد کے معنی ہیں حالت کا اعتدال شرعی سے نکل جانا اور یہ افتراق ہی کے ساتھ خاص نہیں بلکہ کبھی اتفاق سے بھی فساد ہوتا ہے پس ایسا اتفاق بھی مذموم ہے۔

جاہ مذموم: فرمایا کہ شہرت سے دینی و دنیوی دونوں طرح ضرر ہوتا ہے مگر یہ وہ شہرت ہے جو اختیار و طلب سے حاصل ہو اور جو شہرت غیر اختیاری ہو وہ نعمت ہے۔

غیبت عداوت کا باپ بھی ہے اور بیٹا بھی

فرمایا کہ غیبت عداوت کا باپ بھی ہے اور بیٹا بھی یعنی کبھی عداوت سے غیبت پیدا ہوتی ہے اور کبھی غیبت سے عداوت پیدا ہو جاتی ہے جس کا نسب ایسا بے ہودہ ہو اس کی بے ہودگی کے لئے یہی بات کافی ہے۔ پھر جب کوئی کسی کے درپے ہو جاتا ہے تو مشاہدہ ہے کہ دین کا خیال بالکل نہیں رہتا۔ نہ ایذا سے دریغ ہے نہ جھوٹ اور فریب سے۔ ہر شخص یہی چاہتا ہے کہ دشمن کو ضرر پہنچ جاوے چاہے اس کے ساتھ ہمارا بھی خاتمہ کیوں نہ ہو جاوے۔

شرافت اخلاق بھی بے حیائی سے مانع ہے

فرمایا کہ اگر انسان میں دین بھی نہ ہو مگر شرافت ہو تو جب بھی بہت سے بے ہودہ کاموں سے بچا رہتا ہے اور جب نہ دین ہو اور نہ شرافت تو اب اس سے کسی بے حیائی کے

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

کام سے رکنے کی امید نہیں ۔ آج کل شرافت نسب گو باقی ہے مگر شرافت اخلاق نہیں رہی ۔ اسی لئے آج کل دشمنی میں انسان کسی قسم کی حرکتوں سے باز نہیں آتا۔

پردہ کے اثبات میں ایک عجیب دلیل

فرمایا کہ پردہ کے متعلق ایک موٹی بات یہ ہے کہ خدا تعالیٰ نے جن کو مجنوں بنایا ہے ان کو آپ خود قید کر دیتے ہیں اس سے معلوم ہوا کہ نقص عقل موجب قید ہے۔ جب یہ بات مسلم ہوگئی تو عورتوں کے لئے بھی اسی وجہ سے قید پردہ کی ضرورت ہے کیونکہ ان کا بھی بات ناقص العقل ہونا مسلم ہے ہاں یہ فرق ضرور ہونا چاہئے کہ جیسا نقص ہو ویسا ہی قید ہو مجنوں کامل کے لئے قید بھی کامل ہوتی ہے کہ ایک کوٹھری میں بند کر دیتے ہیں۔ ہاتھ پیر باندھ دیتے ہیں اور مجنوں ناقص کے لئے قید ناقص ہونا چاہئے کہ اس کو بلا اجازت گھر سے نکلنے کا اختیار نہ دیا جاوے۔

خانگی مفسدات سے بچنے کی تدبیر

فرمایا کہ خانگی مفسدات سے بچنے کی ایک عمدہ تدبیر یہ ہے کہ چند خاندان ایک گھر میں اکٹھے نہ رہا کریں کیونکہ چند عورتوں کا ایک مکان میں رہنا ہی زیادہ فساد کا سبب ہے۔

جو کام تنہا ہو سکے وہ مجمع کے ساتھ مل کر ہرگز نہ کرو

فرمایا کہ جو کام تنہا ہو سکے وہ مجمع کے ساتھ ہرگز نہ کرو اکثر دیکھا ہے کہ مجمع میں کام بگڑ جاتا ہے۔ دنیوی کامیابی بھی اکثر نہیں ہوتی اور کبھی کچھ دنیا مل بھی گئی تو دین کا ستیاناس ہی ہو جاتا ہے اور جو کام تنہا نہ ہو سکے مجمع ہی کے ساتھ ہو سکے۔ اس کے لئے اگر دینداروں کو مجمع میسر ہو جاوے تو کرو بشرطیکہ سب دیندار ہوں یا دینداروں کو غلبہ ہو اور اگر غلبہ دنیاداروں کو ہو اور دیندار مغلوب یا تابع ہوں تو ایسے مجمع کے ساتھ مل کر کام کرنا واجب نہیں۔ اس وقت آپ اس کام کے مکلف ہی نہ رہیں گے کیونکہ یہ مجمع بظاہر مجمع ہے اور حقیقت میں یہاں تشتت ہے۔ وہی حال ہوگا۔ تحسبهم جميعا و قلوبهم شتى.

اعمال کا صدور دوام محض موہبت ہے

فرمایا کہ جن اعمال کا دوام ہم سے صدور ہوتا ہے یہ محض موہبت ہے حق تعالیٰ نے

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

ایک داعیہ آپ کے اندر پیدا کر دیا ہے جو کشاں کشاں آپ کو عمل کی طرف لے جاتا ہے اس لئے ہم کو اپنے اعمال پر ناز نہ کرنا چاہئے بلکہ شکر و نیاز چاہئے۔

شوق پیدا کرنے کے اسباب اختیاری بھی ہیں

فرمایا کہ بیشک شوق وہبی ہے مگر شوق پیدا کرنے کے اسباب تو اختیاری بھی ہیں۔ اگر کسی میں بطور وہب کے شوق نہیں ہے تو اس کے اسباب اختیار کر کے کسب کر کے شوق کو حاصل کرے گو اس وقت بھی وہ حاصل ہوگا وہب ہی سے مگر حق تعالیٰ نے وہب کے لئے بھی کچھ اسباب کسبیہ ایسے بنا دیئے ہیں جن کے اختیار کرنے پر وہب مرتب ہو جاتا ہے اور مقصود حصول وہب ہے خواہ خود بخود ہو جاوے یا تمہارے کسب پر مرتب ہو جاوے۔ پس خود بخود شوق پیدا ہو جاوے تو کیا اور اسباب اختیار کرنے پر مرتب ہو جاوے تو کیا ہر حالت میں مقصود حاصل ہے (اس کی مثال آئندہ ملفوظ میں ہے)

دخول جنت و حصول مغفرت گو وہبی ہیں لیکن ان کے اسباب اختیاری ہیں

فرمایا کہ دخول جنت و حصول مغفرت گو فی نفسہ وہبی ہیں اور بالذات اختیاری نہیں مگر عادۃً جن اسباب پر اس موہبت کا ترتب ہو جاتا ہے وہ اسباب اختیاری ہیں اس لئے ان کے ساتھ وہی معاملہ کیا گیا جو اختیارات کے ساتھ کیا جاتا ہے کہ ان کی تحصیل کا امر ہے اور ان کی طرف مسارعت نہ کرنے پر شکایت ہے۔ چنانچہ حدیث میں ہے۔ **لایدخل الجنة احد بعمله** لیکن باایں ہمہ ارشاد ہے۔ **سارعوا الیٰ مغفرة من ربکم و جنة عرضها کعرض السماء والارض.**

محنت کا نتیجہ راحت ہے

فرمایا کہ عادۃ اللہ یہی ہے کہ محنت کا نتیجہ راحت ہے اور مشقت کا ثمرہ سہولت ہے چنانچہ ارشاد ہے۔ **ان مع العسر یسرا.**

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

مشغولی نماز مسکن حزن ہے

فرمایا کہ حدیث میں ہے اذاافزع به خرج الی الصلوٰۃ یعنی جب حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو کوئی بڑی فکر پیش آتی تو آپ جلدی سے نماز میں مشغول ہو جاتے تا کہ حق تعالیٰ سے باتیں کر کے دل بہلائیں اور تسلی وسکون حاصل کریں۔ واقعی تجربہ ومشاہدہ ہے کہ رنج و فکر کی حالت میں نماز میں مشغول ہو جانے سے رنج بہت کم ہو جاتا ہے۔

صوت عورت بھی عورت ہے

فرمایا کہ بعض فقہا نے صوت عورت کو عورت کہا ہے گو بدن مستور ہی ہو کیونکہ گفتگو اور کلام سے بھی عشق اور میلان ہو جاتا ہے۔

اقامۃ صلوۃ کے معنی

فرمایا کہ اقامت صلوۃ یہ ہے کہ اس کے سب ارکان اعتدال وتسویہ کے ساتھ ادا کئے جاویں۔

حکم رطوبت جنین

فرمایا کہ جو رطوبت جسم جنین کے ساتھ لگی رہتی ہے امام ابوحنیفہ کے نزدیک طاہر ہے۔

نابینائی خلقی سبب عار نہیں

فرمایا کہ عرفاً نابینائی سبب عار وہ ہے جو خلقی ہو اور کسی عارض سے نابینا ہو جانا سبب عار نہیں جیسے پیدائشی لنجا ہو جانا عیب ہے اور لڑائی وغیرہ میں ہاتھ کٹنے سے لنجا ہو جاوے تو عرفاً یہ عیب نہیں۔

اشتغال بالنکاح کی فضیلت

فرمایا کہ ہمارے امام صاحب کے نزدیک اشغال بالنکاح افضل ہے۔ اشتغال بالطاعات سے بشرطیکہ مہر ونفقہ پر حلال طریقہ سے قادر ہو۔ امام شافعی اشتغال بالطاعات کو افضل کہتے ہیں۔

کمال مقصود

فرمایا کہ کمال مقصود یہ ہے کہ اقتضاعات بشریہ سب بدرجہ کمال موجود ہوں پھر مستقل

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

رہے کہ شریعت سے تجاوز نہ ہو۔

شہوات دنیا کے موجب کمال ہونے کی صورت

فرمایا کہ شہوات دنیا موجب نقص نہیں بلکہ یہی موجب کمال ہیں۔ ناٹ کا پردہ زانی نہ ہوتو کیا کمال ہے۔ اندھا نظر بد نہ کرے تو کیا کمال ہے۔ بلکہ کمال تو یہ ہے کہ حسن کا ادراک اور اس کی طرف طبیعت میں میلان بھی ہو پھر بھی نامحرم کو آنکھ اٹھا کر نہ دیکھے۔

حکمت خود تابع ہے فعل حق سبحانہ کے

فرمایا کہ حکمت تابع فعل حق سبحانہ کے یعنی وہ کچھ اپنے اختیار مطلق سے کرے وہی حکمت ہے اور اس کا فعل حکمت کا پابند نہیں کہ مفوت اختیار مطلق ہے۔

جہاد حکومت اسلام قائم کرنے کے لئے ہے

جہاد اشاعت اسلام کے لئے مقرر نہیں ہوا بلکہ حکومت اسلام قائم کرنے کے لئے مشروع ہوا۔ (اس کی دلیل مدلل تقریر باب دوم نمبر میں ہے)۔

''صوفیہ ہر مسلمان سے دعا کے طالب ہوتے ہیں'' اس کی سند

فرمایا کہ صوفیہ ہر مسلمان سے دعا طلب کرتے ہیں جس کی سند یہ حدیث ہے۔

استکثر من الناس من دعاء الخیر لک فان العبد لایدری علیٰ لسان من یستجاب له اوبرحم

یعنی لوگوں سے دعا خیر کثرت سے طلب کیا کرو کیونکہ بندہ کو معلوم نہیں کس کی زبان پر اس کے لئے دعا قبول ہو جاوے یا اس پر رحمت ہو جاوے۔

قبول بیعت میں توسیع اور تنگی کے وجوہ

فرمایا کہ بعض مشائخ قبول بیعت میں توسیع کرتے ہیں جس کی سند یہ حدیث ہے۔ **استکثروامن الاخوان فان لکل من شفاعة یوم القیامة** بہت سے بھائی بناؤ کیونکہ ہر مومن کے لئے قیامت کے روز ایک شفاعت ہوگی۔ (شاید وہ شفاعت تمہارے ہی حق میں ہو جاوے اور بعض

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

مشائخ اس میں تنگی فرماتے ہیں غیرت فرماتے ہیں غیرت فی الدین اور امتحان طالبین کے لئے۔

سہولت معاشرت کی رعایت

فرمایا کہ حدیث میں ہے کہ سب میں بڑا اجر اس عیادت میں ہے جو ہلکی ہو اور تعزیت ایک بار ہونا چاہئے۔ اس حدیث میں سہولت معاشرت کی کس قدر رعایت ہے۔

دین کی عزت کا خیال رکھو

فرمایا کہ ایسا کام مت کرو جس سے دین کی سبکی ہو چنانچہ حدیث میں اعزامر اللہ یعزک اللہ یعنی اللہ کے دین کو غالب کرو اللہ تعالیٰ تم کو غالب (ومعزز) بنائیں گے۔

توسط بین التکلف والتوسع کا امر

فرمایا کہ اپنے ہاتھوں کو دھو کر ان میں پانی پیا کرو اس لئے کہ کوئی برتن ہاتھ سے زیادہ پاکیزہ نہیں ہے۔ یہ حدیث کا مضمون ہے اس میں توسط بین التکلف والتوسع کا امر ہے۔

موت سے آسانی اور آزادی سے زندگی بسر کرنے کی ترکیب

فرمایا کہ حدیث میں ہے کہ گناہ کم کر یعنی مت کر تجھ پر موت آسان ہو جاوے گی اور قرض کم کر یعنی مت کر تو آزادی کی زندگی بسر کرے گا یعنی کسی کے سامنے تذلیل نہ اختیار کرنا پڑے گا۔

اہل وجاہت کی لغزشوں کو معاف کرو

فرمایا کہ حدیث میں ہے اقیلوا ذوی الھیئات عثراتھم الاالحدود یعنی اہل وجاہت کی لغزشیں معاف کر دیا کرو بجز حدود کے۔

امت محمدیہ صلی اللہ علیہ وسلم کے بڑے درجہ کے لوگ کون ہیں

فرمایا کہ حدیث میں ہے اکبر امتی الذین لم یعطوا فیبطروا ولم یقتر علیھم فلیسالوا یعنی میری امت میں سب سے بڑے درجہ میں وہ لوگ ہیں جن کو نہ اتنا مال ملا ہو جس سے وہ اترانے لگیں اور نہ ان پر اتنی تنگی کی گئی ہو جس سے وہ لوگوں سے مانگنے لگیں (یہ مانگنا عام ہے خواہ صریح طور پر خواہ ترکیبوں سے ہو)

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

ایک بار سے زیادہ دن میں کھانا جبکہ بدوں بھوک اسراف ہے

فرمایا کہ حدیث میں ہے اکثر من اکلة کل یوم سرف یعنی ایک دن میں ایک بار سے زیادہ کھانا اسراف ہے۔ چونکہ ''اسراف'' حاجت اور اباحت کے ساتھ جمع نہیں ہوتا اس لئے حدیث اس صورت پر محمول ہوگی کہ جب دوسری بار بدوں بھوک کے کھائے جیسا اہل تنعم خادمان شکم کی عادت ہے کہ محض ادائے حق وقت کے لئے کھاتے ہیں۔

موتی کے غیر مسموعات کے ادراک کا حکم

فرمایا کہ میت میں مطلق ادراک تو احادیث سوال نکیرین سے باجماع اہل حق ثابت ہے۔ ادراک مسموعات بھی باختلاف ہیں اہل حق بعض احادیث کا منطوق ہے۔ چنانچہ سماع موتی کی روایات اور ان کی توجیہ میں اختلاف مشہور ہے اور غیر مسموعات کا ادراک اور ان کی طرف توجہ اور ان کے متعلق کوئی قصد اثباتاً یا نفیاً نصوص میں مسکوت عنہ ہے اور مسکوت عنہ فی النصوص پر اگر کوئی دلیل صحیح قطعی یا ظنی ہے ایسے ہی کشف سے بعض موتی کا علم بالمستفیض اور قصد افاضہ ثابت ہے۔ پس اس افاضہ کا بدرجہ ظن قائم ہونا جائز ہوگا اور چونکہ دلیل ظنی دوسروں پر حجت نہیں۔ اس لئے اس کا مطلقاً انکار بھی جائز ہے لیکن امر قابل تنبیہ یہ ہے کہ ارواح سے ایسا استفادہ مستفید میں بعض شرائط پر موقوف ہے اس واسطے عام طور پر اس میں مشغول ہونا وقت کو ضائع کرنا ہے۔

نیت کے ساتھ عمل ماذون فیہ ہونا بھی ضروری ہے

فرمایا کہ اجر مطلق نیت پر موعود نہیں بلکہ عمل کا ماذون فیہ ہونا بھی شرط ہے۔ مثلاً کوئی ناچ اس لئے کرائے کہ لوگ جمع ہوں تو وعظ کہلاؤں گا تو ناجائز ہوگا۔

حزب البحر کا حکم

فرمایا کہ عام طور پر قلوب میں اعتقاد احزب البحر کی ایسی وقعت ہے کہ ادعیہ ماثورہ کی وہ وقعت نہیں اور اس کا غلو ہونا ظاہر ہے۔ پس اس کا ورد قابل ترک ومنع ہے۔

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

اسرار کا حکم: فرمایا کہ اسرار کے تلاش میں کاوش نہ کرے اور جو بے ساختہ کوئی بات قلب میں آجائے اور قواعد شرعیہ کے خلاف نہ ہو تو اس کو بیان کر دے۔

اکابر کے علوم سے موافقت دلیل سلامت فہم کی ہے

فرمایا کہ اکابرین کے علوم سے اپنے علوم کی موافقت بڑی دولت ہے جو نعمت ''صحت مذاق وسلامت فہم'' کی علامت ہے اس لئے قابل شکر ومسرت ہے۔

محقق ہونے کی ایک علامت

فرمایا کہ محقق ہونے کی علامات میں سے یہ بھی ہے کہ اسکی بات سے اطمینان اور قلب کو قرار ہو جائے۔

شیخ کا فن دان ہونا ضروری ہے گو ولی اور مقبول نہ ہو

فرمایا کہ شیخ کا ولی ہونا ضروری نہیں۔ مقبول ہونا ضروری نہیں۔ ہاں فن کا جاننا اور اس میں مہارت ہونا ضروری ہے۔ جیسے طبیب کہ اس کا پرہیز گار ہونا ضروری نہیں۔ فن کا جاننا البتہ ضروری ہے۔ اسی طرح اگر اعمال صالحہ ہوں، تقویٰ ہو، ولایت حاصل ہو جائے گی گو شیخ نہ ہو۔ ہاں یہ ضرور ہے کہ اگر شیخ ولی بھی ہو تو اس کی تعلیم میں برکت زیادہ ہوگی۔

حزن کو وصول الی اللہ میں زیادہ دخل ہے

فرمایا کہ حزن سے جس قدر جلد مراتب سلوک کے طے ہوتے ہیں مجاہدہ سے اس قدر جلد طے نہیں ہوتے یہ بات یاد رکھنے کے قابل ہے۔

غیبت کا علاج

فرمایا کہ جب کبھی کسی کی شکایت زبان سے نکلے مجمع میں اس شخص کی خوبیاں بیان کرنا چاہئے کیونکہ کوئی نہ کوئی خوبی تو ہوگی۔

طاعت کا نقص غیر اختیاری بھی باطن کو نافع ہے

فرمایا کہ امراض روحانی کا ایک علاج جیسا کہ اختیاری ہے اس میں اہتمام کی ضرورت ہے دوسرا علاج غیر اختیاری بھی ہے یعنی سقم۔ یا وہم وغم۔ اگرچہ طاعات غیر واجبہ میں کما یا طاعات

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

واجبہ میں کیفاً کچھ نقص یا خلل ہی واقع ہو جاوے تب بھی باطنی نفع اس پر مرتب ہوتا ہے۔

محبوبیت کا ایک درجہ جس میں انتقام الٰہی ضرور ہوتا ہے

فرمایا کہ ایک درجہ محبوبیت کا یہ ہے کہ محبوب کے ایذا دینے والے سے ہر حال میں مواخذہ ہوتا ہے۔ محبوب معاف بھی کر دے جب بھی جرم معاف نہیں ہوتا۔

امور دینویہ کے انتظام واہتمام کا دستور العمل

فرمایا کہ ایسے امور دینویہ کے انتظام کا اہتمام جن کا تعلق صرف اپنی ذات سے ہے (مثلاً آرائش کمرہ کی) بعض اوقات مفضی ہو جاتا ہے قلت اہتمام کی طرف امور دینویہ میں۔ اس لئے ان میں تلون اور عدم پابندی کا مضائقہ نہیں۔ البتہ جن امور دینویہ کا تعلق دوسرے لوگوں سے ہے ان میں تلون سبب ہو جاتا ہے ان کی ذات کا ان میں انتظام کا اہتمام ضروری اور عین دین ہے۔ (مثلاً اپنے آمد کی خبر دینا پھر رائے بدل دینا بدوں اور اطلاع)

عروج روحانی کے تحصیل کا طریق

فرمایا کہ ظاہری جسم کے (خلاف شریعت) مقتضیات پر عمل مت کرو اس کو ترک کرو تب تم کو عروج روحانی حاصل ہوگا۔

مجذوب کا فعل حجت نہیں اور اس کی وجہ

فرمایا کہ مجذوب کی نظر کبھی تو چھوٹی چھوٹی اور معمولی معمولی باتوں پر ہو جاتی ہے اور نہ ہو تو بڑی سی بڑی بات پر نہیں ہوتی اس لئے کہ جذب کی وجہ سے استغراقی کیفیت ان حضرات پر غالب رہتی ہے اسی لئے ان کا فعل حجت نہیں۔

جنازہ کے لئے نماز جمعہ کا انتظار عبث وممنوع ہے

فرمایا کہ حدیث میں ہے کہ جمعہ کے روز جو مر جاتا ہے اس کا حساب قیامت تک فرشتے نہیں لیتے اس کی وجہ یوم جمعہ کی فضیلت ہے۔ نماز جمعہ سے قبل یا بعد کو کوئی دخل نہیں۔ اس لئے جنازہ کے لئے نماز جمعہ کا انتظار خلاف شریعت وعبث ہے۔

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

ہر امر کا ضابطہ ہونا چاہئے

فرمایا کہ شمائل ترمذی میں مروی ہے کہ کان له عتاد فی کل شئ یعنی حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا ہر امر میں ایک ضابطہ مقرر تھا۔ اس لئے ہر امر میں ایک ضابطہ ہونا چاہئے۔

لذائذ میں عارفین کی نیت

فرمایا کہ عارفین زیادت شکر کے لئے لذائذ میں مشغول ہوتے ہیں۔

محل حرام میں مشاہدہ جمال صانع کا ہوتا ہی نہیں

فرمایا کہ مشاہدہ جمال صانع کے لئے حرام محل اختیار کرنا ہرگز جائز نہیں کیونکہ حرام میں مشاہدہ جمال صانع ہوتا ہی نہیں۔ وہاں محض نفسانیت اور بہیمیت ہی ہوتی ہے۔ پس جو لوگ امردوں اور نامحرم عورتوں کو گھورتے ہیں اور دعویٰ مشاہدہ جمال حق کا کرتے ہیں وہ جھوٹے ہیں۔

حق العبد میں حق اللہ ہوتا ہے

فرمایا کہ عام طور پر لوگوں کا یہ خیال ہے کہ حق العبد میں محض بندہ ہی کا حق ہوتا ہے حق تعالیٰ کا حق نہیں ہوتا یہ غلط ہے۔ کیونکہ بندہ کا وہ حق اللہ تعالیٰ ہی نے مقرر فرمایا ہے مثلاً حکم دیا ہے کہ مظلوم کی امداد کرو۔ کسی مسلمان کی غیبت نہ کرو۔ کسی کو ایذا نہ دو۔ تو جب ان احکام کے خلاف کسی کو ایذا دی جاوے گی تو جیسے بندہ کا حق فوت کیا ایسے ہی خدا تعالیٰ کا بھی حق فوت کیا۔ کہ ان کے حکم کی مخالفت کی۔ اس لئے حقوق العباد تلف کرنے میں محض بندوں کی معافی کافی نہیں بلکہ حق تعالیٰ سے بھی توبہ واستغفار کرنا چاہئے گو عام حقوق العباد میں بندہ کی معافی کے بعد حق تعالیٰ اکثر اپنا حق بھی معاف کر دیتے ہیں۔ مگر بعض اوقات محبوبان خاص کی حق تلفی میں ان کو معافی کے بعد بھی حق تعالیٰ اپنا حق معاف نہیں فرماتے۔ بلکہ مواخذہ ضرور ہوتا ہے۔

ایک ضد کبھی دوسرے ضد کے حصول کا باعث ہو جاتی ہے

فرمایا کہ ایک ضد کبھی دوسرے ضد کے حصول کا سبب ہو جاتی ہے جیسے قبض سبب ہو جاتا ہے بسط کا بوجہ مجاہدہ حزن وغم کے جو مورث ہے عجز وانکسار کا اور قاطع ہے عجب وخود بینی

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

کا۔ یا غنا سبب ہو جاتا ہے افلاس کا کیونکہ غنا سے بے فکری ہوتی ہے اور بے فکری سے فضول خرچی ہوتی ہے جس سے افلاس تک نوبت پہنچتی ہے یا افلاس سبب ہو جاتا ہے غنا کا اس طرح کہ بوجہ عسرت و تنگی محنت و جانفشانی کے ساتھ تحصیل رزق میں سعی کرتا ہے اور بعد چندے افلاس دور ہو کر غنا نصیب ہو جاتا ہے یا وساوس کا ہجوم سبب ہو جاتا ہے حضور و جمعی کا اس طرح سوچنے سے کہ خدا تعالیٰ کی کیا قدرت ہے کہ میرے دل میں ایک دریا خیالات و وساوس کا بہا دیا جس کے بند کرنے سے بندہ عاجز ہے۔

توجہ مرشد کے نفع کی شرط

فرمایا کہ توجہ مرشد کی اس وقت نافع ہوتی ہے جبکہ اس کی اطاعت کی جاوے اور اس کے بتلانے کے موافق عمل کیا جاوے اور اپنے کو اس کے ہاتھ میں "مردہ بدست زندہ" کر دیا جاوے کہ وہ جس طرح چاہے تم میں تصرف کرے اس کے بعد جو توجہ مرشد کی ہوتی ہے وہ واقعی کیمیا ہوتی ہے۔

فہم سلیم اور تفقہ فی الدین کے تحصیل کا طریقہ

فرمایا کہ فہم سلیم اور تفقہ فی الدین اس کو حاصل ہوتا ہے جس نے توجہ سے پڑھا ہو اور اساتذہ کو راضی رکھا ہو جس طالب علم نے محض محنت ہی کی ہو مگر اساتذہ کو راضی نہ رکھا ہو تجربہ کر لیا جائے کہ اس کو حقیقی علم ہرگز حاصل نہ ہوگا۔

عاشق ناکامی و کامیابی کو نہیں دیکھتا

فرمایا کہ عاشق کو اس سے بحث نہیں ہوتی کہ میرے عمل پر کچھ ثمرہ مرتب ہوا یا نہیں اور عمل سے فائدہ ہوتا ہے یا نہیں وہ تو محض محبت کی وجہ سے محبوب کی خدمت میں لگا رہتا ہے چاہے کامیابی ہو یا ناکامی۔

معراج کی حقیقت قرب حق ہے

فرمایا کہ معراج کی حقیقت قرب حق اور قرب حق کسی خاص صورت کے ساتھ مقید نہیں بلکہ بصورت عروج ہوتا ہے جیسا کہ ہمارے رسول مقبول صلی اللہ علیہ وسلم کو ہوا اور کبھی

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

بصورت نزول جیسا کہ حضرت یونس علیہ السلام کو بطن حوت میں ہوا۔

عسر یسر ظاہری و باطنی دونوں کا سبب ہو جاتا ہے

عسر کو یسر میں خاص دخل ہے کیونکہ عسر سے نفس پامال ہوتا ہے اور عارف کو اس وقت اپنا عجز و فنا مشاہدہ ہوتا ہے نیز صبر جمیل اور رضا بالقضا حاصل ہوتا ہے یہ سب یسر و فرح کا سبب بن جاتے ہیں۔ اس کے ساتھ جب وہ حدیث ملالی جاوے تو انبیاء پر تکالیف و شدائد اس لئے زیادہ آتے ہیں تا کہ ان کے درجات بلند ہوں پھر تو عسر کے سبب یسر سے ہوئے اور کوئی اشکال نہیں رہے گا۔ اس کے ساتھ اتنا اور سمجھ لیجئے کہ عسر یسر باطنی کا سبب تو ہوتا ہی ہے کیونکہ درجات بڑھتے ہیں مگر اکثر یسر ظاہری کا بھی سبب بن جاتا ہے۔ چنانچہ ارشاد ہے۔ **انا لننصر رسلنا والذین امنوا الخ ان الارض یرثھا عبادی الصالحون وعد اللہ الذین امنوا منکم وعملوا الصالحات لیستخلفنھم فی الارض الخ**

نصف شعبان: حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے نصف شعبان کے بعد صوم کو صوم رمضان کا معین بنایا ہے اور صوم نصف شعبان میں اعانت بالمثل علی المثل سے کام لیا ہے۔

فرمایا کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے نصف شعبان کے بعد ترک صوم کا اس لئے حکم دیا ہے کہ رمضان سے پہلے ترک صوم سے صوم رمضان پر قوت زیادہ ہوگی اور انتظار و اشتیاق کی شان پیدا ہو کر رمضان کے روزوں میں نشاط زیادہ ہوگا گویا حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک ضد دوسرے ضد کے لئے معین بنایا ہے۔ اسی طرح نصف شعبان کا روزہ رمضان کے نمونہ کے لئے مسنون فرمایا تا کہ رمضان سے وحشت و ہیبت نہ ہو اور اس تاریخ میں رات کو عبادت بھی تراویح رمضان کا نمونہ ہے۔ اس سے تراویح کے لئے حوصلہ بڑھتا ہے کہ جب زیادہ رات تک جاگنا کچھ بھی نہ معلوم ہوا تو تراویح کے لئے ایک گھنٹہ جاگنا کیا معلوم ہوگا پس اس میں اعانت بالمثل علی المثل سے کام لیا گیا ہے۔

اعراض کی ایک صورت

فرمایا کہ طلب کے بعد ترک طلب اشد ہے کیونکہ یہ اعراض ہے۔

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

موت تک عمل سے استغنا نہیں

فرمایا کہ واعبدربک حتیٰ یاتیک الیقین کا مطلب یہ ہے کہ موت تک عمل سے استغنا نہیں ہوسکتا۔

امیدورجا کے لئے عمل شرط ہے

فرمایا کہ امیدورجا وہی ہے جو عمل کے ساتھ ہو ورنہ غرور ہے۔

عقائد جیسا فی نفسہٖ مقصود ہیں

فرمایا کہ عقائد فی نفسہ بھی مقصود ہیں اور عمل کے واسطے بھی مقصود ہیں۔ مثلاً مسئلہ تقدیر کی تعلیم سے صرف اعتقاد کرلینا ہی مقصود نہیں بلکہ یہ عمل بھی مقصود ہے کہ مصائب میں مستقل رہے ہر مصیبت کو مقدر سمجھ کر پریشان نہ ہو اسی طرح نعمتوں پر بطر و تکبر نہ ہو ان کو اپنا کمال نہ سمجھے۔ مثلاً توحید کے عقیدہ سے مقصود یہ معلوم ہوتا ہے کہ غیر اللہ کا خوف اور اس سے طمع نہ رہے۔

جس علم کے مقتضا پر عمل نہ ہو وہ کالعدم ہے

فرمایا کہ جب عمل خلاف مقتضائے علم ہوتا ہے تو علم کو کالعدم سمجھتے ہیں۔ جیسے کوئی لڑکا باپ سے گستاخی کرتا ہو تو ایسے کہتے ہیں باپ ہے باپ یعنی گویا منکر ابوت سمجھ کر خطاب کرتے ہیں۔

اسلام اختصار تعلقات کی تعلیم دیتا ہے

فرمایا کہ اسلام نہ ترک تعلقات کی تعلیم کرتا ہے نہ انہماک فی الدنیا کی اجازت دیتا ہے بلکہ تعلقات میں اختصار کی تعلیم دیتا ہے۔

مال کے ساتھ بھی زہد و توکل ہوسکتا ہے

فرمایا کہ مال جمع کرنے کے ساتھ بھی زہد و توکل ہوسکتا ہے جس کی صورت یہ ہے کہ مال کے ساتھ دل نہ لگائے اور ضرورت سے زیادہ درپے نہ ہو پس یہ زہد ہے اور اگر بدوں طلب و انہماک کے ضرورت سے زیادہ سامان حق تعالیٰ عطا فرماویں تو یہ بھی زہد کے خلاف نہیں۔ اور توکل یہ ہے کہ اسباب کو موثر نہ سمجھے نہ ان پر اعتماد کرے بلکہ حق تعالیٰ پر نظر رکھے اور ہر چیز کو ان کی عطا سمجھے۔ اس کے لئے ترک اسباب اور ترک ملازمت ضروری نہیں۔

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

معرفت اور حقیقت

فرمایا کہ معرفت اس کا نام ہے کہ دنیا کی قدر دانی نہ ہو اور اس سے دل کو خالی رکھے بے ضرورت سامان جمع نہ کرے۔

چیست تقویٰ ترک شبہات وحرام از لباس واز شراب واز طعام
ہر چہ افزوں است اگر باشد حلال نزد اصحاب ورع باشد وبال

زجر وتنبیہ کے ساتھ عدم تحقیر کا اجتماع ہوسکتا ہے

فرمایا کہ نمازیوں کو زجر وتنبیہ تو کرو محض شفقت کی وجہ سے لیکن ان کو ذلت کی نگاہ سے نہ دیکھو اور اپنے کو ان سے افضل نہ سمجھو۔ پس زجر وتنبیہ تو اس بنا پر کرو کہ یہ اپنی قوت ارادیہ سے کام کیوں نہیں لیتے اور اپنے کو ان سے افضل اس لئے نہ سمجھو کہ یہ مومنیت ہمارے ساتھ نہ ہوتی تو ہم بھی ایسے ہی ہوتے ہیں جیسے یہ ہیں۔ تو دیکھئے زجر وتنبیہ عدم تحقیر کے ساتھ کس طرح جمع ہوگئی۔

ریا حابط عمل ہے: فرمایا کہ ریا حابط عمل ہے گو فرض سر سے اتر جاتا ہے لیکن مقبول نہیں ہوتا اور مقصود مقبولیت ہی ہے۔

طریق قلندر کی تعریف

فرمایا کہ طریق قلندر کے دو جزو ہیں ایک عمل جو حقیقت ہے طریق پارسائی کی اور دوسرا محبت طریق قلندر نام ہے ان دونوں کے مجموعہ کا۔ اصطلاح متقدمین میں طریق قلندر وہ ہے جس میں اعمال ظاہرہ مستحبہ کی تو تقلیل ہو لیکن محبت کی خاص رعایت ہو یعنی تفکر ومراقبہ زیادہ ہو اور متاخرین کی اصطلاح میں یہ ہے کہ خواہ ان اعمال کی تکثیر بھی ہو مگر غلبہ آزادی کو ہو لیکن آزادی خلق سے نہ کہ خالق سے یعنی قلندر کو دنیا کی وضع اور رسوم اور دنیویہ مصلحتوں کی پرواہ نہیں ہوتی۔

کامل مکمل کی تعریف

فرمایا کہ کامل مکمل وہی ہے جو قدم بقدم ہو جناب رسول مقبول صلی اللہ علیہ وسلم کے جس کا ظاہر ہو مثل ظاہر پیغمبر (صلی اللہ علیہ وسلم) کے اور جس کا باطن ہو مثل باطن پیغمبر (صلی اللہ

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

علیہ وسلم) کے یعنی ہر امر اور ہر حال میں پیغمبر (صلی اللہ علیہ وسلم) ہی اس کے قبلہ و کعبہ ہوں۔

نفس کو قابو میں لانا اصل چیز ہے

فرمایا کہ خواجہ عبید اللہ انصاری احرار فرماتے ہیں۔

برہوا پری مکسے باشی برآب روی خسے باشی

دل (خود) بدست آر کہ کسے باشی

فنا کا درجہ اعلیٰ درجہ ہے محبت کا

فرمایا کہ فنا کا درجہ اعلیٰ درجہ ہے محبت کا۔ یعنی تمام تعلقات غیر اللہ اس قدر مغلوب ہو جائیں کہ کوئی نہ معبود ہونے میں شریک رہے جو حاصل ہے لاالٰہ الا اللہ کا اور نہ مقصود ہونے میں شریک رہے جو حاصل ہے۔ فلیعمل عملاً صالحاً ولا یشرک بعبادۃ ربہ احداً ز اور نہ سالک کی نظر میں موجود ہونے میں شریک رہے جو حاصل ہے۔ کل شیٔ ھالک الا وجھہ کا

اہل اللہ کو مجنون کا لقب کیوں دیا جاتا ہے

فرمایا کہ جو شخص اعلیٰ درجہ کا محب ہوتا ہے اس کے افعال عقل معاش اور دنیوی مصلحت کے خلاف ہونے لگتے ہیں اسی لئے دنیاداران کو پاگل و مجنوں کا لقب دینے لگتے ہیں چنانچہ کفار مکہ نے صحابہؓ کو السفھاء کہا تھا کیونکہ وہ حضرات سب اعزہ و اقربا کو چھوڑ کر اور مال و متاع کو خیرباد کہہ کر ایمان لائے تھے۔

حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو شاعر و ساحر کیوں کہا جاتا تھا

حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے کلام مبارک میں ایسا اثر تھا کہ جب کفار سنتے تھے تو انکے خیالات میں عظیم الشان تبدیلی واقع ہو جاتی تھی پس طرز بیان کی تاثیر کو تو شاعری اور مضمون کی تاثیر کو ساحری کہتے ہیں۔

جن کی باطنی آنکھ پٹ ہے وہ باطنی دولت کو کیا جانیں

فرمایا کہ اندھے مادرزاد کو کیا خبر کہ نظر کسے کہتے ہیں اور روشنی کیسی ہوتی ہے۔ عنین کیا

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

جانے کہ نکاح کا کیا مزہ ہے اور منکوحہ کیسی قابل قدر چیز ہے۔ اسی طرح جن کی باطنی آنکھیں پٹ ہیں وہ باطنی دولت کی حقیقت کیا سمجھیں۔

وصول کا اقرب طریق اتباع سنت ہے

فرمایا کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی اتباع میں خاص برکت کا راز یہ ہے کہ جو شخص آپ کی ہیئت بناتا ہے اس پر خدا تعالیٰ کو محبت اور پیار آتا ہے کہ یہ میرے محبوب کا ہمشکل ہے پس یہ وصول کا سب سے اقرب طریق ہے۔

قلندر کی تعریف

فرمایا کہ ایسی شان کے شخص کو قلندر کہتے ہیں جو خدا سے کامل محبت رکھتا ہے۔ خدمت اور طاعت میں پوری شفقت اٹھاتا ہو اور کسی کی ملامت سے نہ ڈرتا ہو۔

اللہ کے محبوب بننے کی ترکیب حقوق مرشد

فرمایا کہ اللہ تعالیٰ کے محبوب اور محب بننا چاہو تو اعمال میں ہمت کر کے شریعت کے پابند رہو ظاہراً بھی اور باطناً بھی۔ اور اللہ اللہ کرو اور کبھی کبھی اہل اللہ کی صحبت میں جایا کرو۔ اور ان کی غیبت میں جو کتابیں وہ بتائیں ان کو پڑھا کرو۔

حقوق مرشد

فرمایا کہ ''تین حق مرشد کے ہیں رکھ ان کو یاد'' اعتقاد و اعتماد و انقیاد

شیخ کامل کی شناخت

فرمایا کہ شیخ کامل کی پہچان یہ ہے کہ شریعت کا پورا متبع ہو۔ بدعت اور شرک سے محفوظ ہو۔ کوئی جہل کی بات نہ کرتا ہو۔ اس کی صحبت میں بیٹھنے کا اثر ہو کہ دنیا کی محبت گھٹتی جاوے اور حق تعالیٰ کی محبت بڑھتی جاوے اور جو مرض باطنی بیان کرو اس کو توجہ سے سن کر اس کا علاج تجویز کرے اور جو علاج تجویز کرے اس علاج سے دمبدم نفع ہوتا چلا جاوے اور اس کے اتباع کی بدولت روز بروز حالت درست ہوتی جاوے۔

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

ضرورت کے اقسام اوران کا شرعی حکم

فرمایا کہ تمام اخراجات اور سامانوں میں اختصار کرو یعنی قدر ضرورت پر اکتفا کرو۔ پھر ضرورت کے بھی درجے ہیں ایک یہ کہ جس کے بغیر کام نہ چل سکے یہ تو مباح کیا واجب ہے دوسرے یہ کہ ایک چیز کے بغیر کام تو چل سکتا ہے مگر اس کے ہونے سے راحت ملتی ہے اگر نہ ہو تو تکلیف ہوگی تو کام چل جائے گا مگر وقت سے چلے گا ایسے سامان رکھنے کی بھی اجازت ہے ایک سامان اس قسم کا ہے جس پر کوئی کام نہیں اٹکتا نہ اس کے بغیر تکلیف ہوگی مگر اس کے ہونے سے اپنا دل خوش ہوگا تو اپنا جی خوش کرنے کے واسطے بھی کسی سامان کے رکھنے کا بشرط وسعت مضائقہ نہیں یہ بھی جائز ہے۔ ایک یہ کہ دوسروں کو دکھانے اور ان کی نگاہ میں بڑا بننے کے لئے سامان رکھا جاوے یہ حرام ہے۔ پس جو عورتیں اپنی راحت کے لئے یا اپنا یا اپنے خاوند کا جی خوش کرنے کے لئے قیمتی کپڑا یا زیور پہنتی ہیں ان کو تو بشرط مذکور گناہ نہیں ہوتا اور جو محض دکھاوے کے لئے پہنتی ہیں وہ گنہگار ہیں۔ اور اس کی علامت یہ ہے کہ اپنے گھر میں تو ذلیل وخوار بھنگیوں کی طرح رہتی ہیں اور جب کہیں تقریب میں نکلیں گی تو نواب کی بچی بن کر جائیں گی۔ یہ تاویل کرنا عورتوں کا کہ ہم تو اپنے خاوند کی عزت کے لئے عمدہ کپڑا پہن کر جاتی ہیں یہ بھی غلط ہے کیونکہ پہلی دفعہ جو ایک جوڑا تقریب کے لئے نکالا گیا تھا خاوند کی عزت کے لئے کافی تھا پھر ہر دن نیا جوڑا یا کم از کم دوپٹہ کا بدل کر جانا ان کی ریا کی بین دلیل ہے۔ یہ مذکورہ بالا درجے ہر چیز میں ہیں۔ مکان میں بھی اور برتنوں میں بھی کہ جس کے بغیر تکلیف ہو وہ ضروری ہے اور جس کے بغیر تکلیف نہ ہو وہ غیر ضروری ہے۔ اب اگر اس میں اپنا دل خوش کرنے کی نیت ہے تو مباح ہے اور اگر دوسروں کی نظر میں بڑا بننے کی نیت ہو تو حرام ہے۔

توکل کی خامی کی دلیل

فرمایا کہ ایک دفعہ حضرت مولانا قاسم صاحب قدس سرہ نے حضرت حاجی صاحب نور اللہ مرقدہ سے عرض کیا کہ حضرت میں ملازمت چھوڑنا چاہتا ہوں۔ حضرت حاجی صاحب نے فرمایا مولوی صاحب ابھی تو پوچھ رہے ہو۔ پوچھنا دلیل تردد کی ہے اور تردد دلیل خامی کی ہے اور خامی میں نوکری چھوڑنا مناسب نہیں۔

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

حال پیدا کرنے کا طریقہ

فرمایا کہ حال پیدا ہوتا ہے دوام عمل سے اور کسی قدر ذکر اور معیت کاملین سے۔

مبتدی متوسط منتہی کی شان

فرمایا کہ مبتدی متوسط اور منتہی کی ایسی مثال ہے کہ جیسے ایک شخص نے تو شراب کبھی پی ہی نہ ہو اس لئے ہوش میں ہے یہ تو مبتدی ہے ایک شخص نے ابھی شراب پینا شروع کیا ہے اس لئے مست ہے یہ متوسط ہے۔ اور ایک شخص برسوں سے پینے کا عادی ہے اس کو کسی قدر تو نشہ ہوتا ہے مگر زیادہ نہیں یہ منتہی ہے۔

مسافر آخرت پر غلبہ مال کے علامات

فرمایا کہ کن فی الدنیا کانک غریب (یعنی دنیا میں اس طرح رہ کہ گویا تو مسافر ہے) کا حال جس پر طاری ہوگا اس کے یہ علامات ہوں گے کہ غیر ضروری سامان میں اس کو انہماک نہ ہو گا۔ نیز وہ کسی سے لڑے گا بھڑے گا نہیں۔ کیونکہ مسافر کو اگر کوئی برا بھلا کہہ دے تو وہ اس کی وجہ سے منزل کھوٹی نہیں کیا کرتا۔ چنانچہ اسٹیشن اور سرائے میں کسی کو اگر کسی سے تکلیف پہنچے تو رپٹ نہیں لکھواتا۔ یہاں غریب سے مراد وہی مسافر ہے جو بیکس و بے مددگار ہو پردیس میں۔

ملامتی کا طرز: فرمایا کہ بزرگوں میں جو ملامتی ہوتے ہیں وہ ڈاکوؤں سے بچنے کے لئے اپنے اعمال چھپاتے ہیں اور رندوں کی سی وضع بنائے ہوتے ہیں۔ کیونکہ ہجوم عوام سے ان کے معمولات میں خلل پڑتا ہے اس لئے عوام کو وہ ڈاکو سمجھتے ہیں۔

اہل حال کے اقوال کے اظہار کا حکم

فرمایا کہ جو لوگ بدوں حال یا علم کے علوم غامضہ کا اظہار کرتے ہیں اور تصوف کے مسائل اور اہل حال کے اقوال کتابوں میں دیکھ کر نقل کرتے ہیں وہ اپنا اور دوسروں کا ایمان ضائع کرتے ہیں اس دریا میں تو وہ شخص آئے جس کے پاس کشتی ہو (یعنی علم) یا اسے تیرنا آتا ہو۔ (یعنی صاحب حال ہو)

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

ذکر بے لذت بھی محصل مقصود ہے

فرمایا کہ ذکر بے لذت پر بھی مداومت کرنے سے معیت حق کا انکشاف اور قلب کی صحت حاصل ہوتی ہے جس کے سامنے ساری لذتیں گرد ہیں۔

حرارت عزیزیہ کی مستی کو لذت روحانی سمجھنا غلطی ہے

فرمایا کہ بہت لوگ حرارت عزیزیہ کی مستی کو روحانی لذت سمجھ لیتے ہیں ان کو بڑھاپے میں اپنی غلطی کا احساس ہوتا ہے کیونکہ اس وقت حرارت عزیزیہ کم ہو جاتی ہے اور جس کو جوانی میں روحانی لذت حاصل ہو چکی ہے بڑھاپے میں اس کی لذت کم نہیں ہوتی۔ جیسے پرانی جورو سے انس میں زیادتی ہوتی ہے۔

حق تعالیٰ کی غایت شفقت ورافت کی دلیل

فرمایا کہ حق تعالیٰ فرماتے ہیں کہ جب کسی کو قرض دیا کرو تو لکھ لیا کرو اور اس پر دو آدمیوں کو گواہ کر لیا کرو۔ اس سے معلوم ہوا کہ حق تعالیٰ کو ہمارے ساتھ غایت شفقت و رافت ہے کہ ہمارے پیسہ کا نقصان بھی گوارا نہیں کرتے تو جان کا نقصان کب گوارا ہوگا۔ پھر وہ جنت سے محروم کر کے دوزخ میں کب ڈالنا چاہیں گے۔ جب تک کہ تم خود نہ گھسو (معاصی کر کے) چنانچہ ارشاد ہے۔ مایفعل اللہ بعذابکم ان شکرتم وامنتم

حکم شکر کا ایک نکتہ: فرمایا کہ غذا کے بعد جو شکر کا حکم کیا گیا ہے تو درحقیقت اسی غذا کے ہضم کے واسطے چورن بتلایا گیا ہے تاکہ پھر بھی غذا کھا سکے کیونکہ شکر سے نعمتیں بڑھتی ہیں جس طرح چورن سے دوسرے وقت زیادہ کھا سکے گا اور ناشکری سے سلب ہو جاتی ہے۔

بواسطہ دیدار کی صورت

فرمایا بواسطہ دیدار کی صورت یہ ہے کہ مخلوقات ومصنوعات میں حق تعالیٰ کی صفات قدرت کا مشاہدہ کرے کیونکہ مصنوع سے بھی صانع کا دیدار ہو جاتا ہے۔ چنانچہ زیب النساء کا شعر ہے۔

در سخن مخفی منم چوں بوئے گل در برگ گل ہر کہ دیدن میل دارد در سخن بیند مرا

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

عارفین کو جنت محبوب ہونے کی وجہ

فرمایا کہ جن حضرات میں اتباع سنت غالب ہے وہ جنت سے استغنا ظاہر نہیں کرتے کیونکہ وہ بھی ایک آئینہ جمال الٰہی ہے۔

عاشقاں جنت برائے دوست می دارند دوست

غلامی کا راز

فرمایا کہ غلامی کا راز یہ ہے کہ اس نے عبداللہ بننے سے انکار کیا تھا اس لئے سزا کے طور پر عبداللہ کا عبد بنایا گیا جو کہ بالکل عقل کے موافق ہے چنانچہ سلاطین بھی جب کوئی بادشاہ بغاوت کرتا ہے تو اس کو قید کر کے ایک معمولی جیلر کی سپردگی میں دے دیتے ہیں۔

احوال صادقہ عمل ہی کی برکت سے ہوتے ہیں

فرمایا کہ احوال صادقہ عمل ہی کی برکت سے حاصل ہوتے ہیں اس کے بغیر محض تکلف وتصنع ہے چنانچہ رافضیوں کا رونا محض تکلف ہی سے ہوتا ہے ورنہ جس کو واقعی رنج کی وجہ سے رونا آتا ہو کیا وہ کہیں رونے کے بعد مٹھائی تقسیم کرتا ہے۔

ہمارے خشک نہ ہونے کی دلیل

فرمایا کہ اہل عرس جو ہم کو خشک کہتے ہیں حالانکہ وہ قوالی سن کر دل کا بھاپ نکال لیتے ہیں اور یہاں یہ حالت ہے کہ اندر ہی اندر گھٹتے ہیں دل کا بھڑاس کبھی نہیں نکلتا۔ جتنی بھاپ پیدا ہوتی ہے سب اندر ہی اندر بند رہتی ہے پھر ہم خشک کیونکر ہو گئے۔

سنوار کر پڑھنے کی دو صورتیں اور ان کا حکم

فرمایا کہ سنوار کر پڑھنے کی دو صورتیں ہیں ایک یہ کہ اس نیت سے سنوار کر پڑھیں کہ لوگ ہماری تعریف کریں گے۔ ہم قاری مشہور ہوں گے یہ تو واقعی ریا ہے۔ اور ایک یہ کہ ایک مسلمان کا جی خوش ہوگا اور تطییب قلب مسلم بھی مطلوب ہے یہ یقینی عبادت ہے۔ چنانچہ ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ کا قرآن سن کر حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا لقد اوتیت مزمارا من مزامیر داؤد یعنی خدا تعالیٰ نے داؤد علیہ السلام کی خوش الحانی سے تم کو حصہ عطا کیا ہے اور حضرت ابو

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

موسیٰ نے عرض کیا لو علمت بک یا رسول اللہ لحبرتہ لک تحبیرا (یعنی یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اگر مجھے یہ خبر ہو جاتی کہ آپ میرا قرآن سن رہے ہیں تو میں آپ کی خاطر اور زیادہ بنا سنوار کر پڑھتا) تو حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے اس قول پر مطلق نکیر نہیں فرمایا۔

عمل مقصود ہے نہ کہ رسوخ

فرمایا کہ بندہ رسوخ کا مکلف نہیں صرف عمل کا مکلف ہے حتیٰ کہ اگر عمر بھر میں رسوخ نہ ہو تو مقصود میں کوئی خلل نہیں۔ کمال عبادت اور اجر اور قرب میں ذرا کمی نہ ہوگی بشرطیکہ عمل میں کمی نہ کرے۔

تحمل ہی طریق کا ادب ہے

فرمایا کہ طریق طلب میں تحمل اور بردباری کرنا ہی اس طریق کا ادب ہے۔

خود بدخو ہے

فرمایا کہ اگر کوئی شخص بدخوئی کی شکایت کرے تو سمجھ لو کہ یہ شاکی صاحب بھی بدخو ہیں اس لئے کہ اگر خوشخو ہوتے تو یہ اس کی بدخوئی کا تحمل کرتے شکایت نہ کرتے پھرتے۔

تمام اخلاق کا خلاصہ

فرمایا کہ احادیث کے تتبع سے معلوم ہوتا ہے کہ تمام اخلاق کا خلاصہ یہی ہے کہ کسی کو دوسرے سے تکلیف نہ پہنچے چنانچہ حدیث میں آیا ہے کہ کوئی اپنے بھائی کی لکڑی نہ اٹھاوے کیونکہ وہ پریشان ہوگا۔ (لالا عبا ولا جدا) یعنی نہ ہنسی میں اور نہ بقصد۔ ایسی ہنسی سے ممانعت کی علت وہی اذیت ہے۔

اپنے کام کا بار کسی پر نہ ڈالے

فرمایا کہ اگرچہ ہمارے گھر بہت سے آدمی اور بہت سے کام نہیں ہیں تاہم ایک تنخواہ دار خادم رکھ لیا ہے تاکہ ہمارے کام کا کسی پر بار نہ ہو اور اس کا لحاظ ہر امر میں رکھنا ضروری ہے۔ فرائض کے بعد ان ہی کا مرتبہ ہے۔ میں ان کا زیادہ لحاظ رکھتا ہوں اور اذکار کا مرتبہ ان کے بعد سمجھتا ہوں۔

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

جواب میں تاخیر کرنا یا نہ دینا بے ادبی ہے

فرمایا کہ بات کا جواب نہ دینا سخت بے ادبی ہے اسی طرح دیر میں جواب دے کر انتظار کی تکلیف پہنچانا بھی بے ادبی ہے۔

اتفاق کا راز

فرمایا کہ اتفاق کا راز یہ ہے کہ کسی کا بار دوسرے پر نہ ہو حتیٰ کہ بھائی کے نوکروں سے کبھی کام نہ لے کہ ممکن ہے تنگدلی پیدا ہو اور کوئی چیز مثلاً سوختہ کی لکڑی بھی لے تو قیمتاً لے۔ چنانچہ حکمائے عرب کا قول ہے۔ **تعاشروا کالاخوان وتعاملوا کالا جانب** باہم رہو سہو تو بھائیوں کی طرح اور معاملہ کرو اجنبیوں کی طرح۔

اجنبی سے ملاقات کا طرز

فرمایا کہ جن لوگوں کو مجھ سے کوئی تعلق نہیں ہوتا میں ان کو کچھ نہیں کہتا کیونکہ ایسے موقع پر کہنے سے سوائے ناگواری کے اور کوئی معتد بہ فائدہ نہیں ہوتا بلکہ آئندہ کے لئے اور وحشت ہو جاتی ہے جس سے نفع اور بعید ہو جاتا ہے۔ میری نظر ملاقاتیوں کے تو ہنر پر ہوتی ہے اور متعلقین کے عیوب پر۔

صوفیہ کا ایک مقولہ

فرمایا کہ صوفیہ کا مقولہ ہے **زلات المقربین رفعة لمقامهم** یعنی مقربین کی لغزشیں رفع درجات کے لئے ہوتی ہیں۔

اس جوش خوشی کا علاج جو فحش اور غیبت تک نوبت پہنچا دے

فرمایا کہ علاج کی حقیقت ہے ازالہ سبب مرض۔ جب مرض کا سبب جوش ہے خوشی تو اس کا علاج ہے جوش کا فرو کرنا اور کو اس کی ضد یعنی فکر و غم سے مغلوب کرنا اور سب سے زیادہ فکر و غم کی چیز موت و احوال بعد الموت ہیں۔ یعنی واقعات برزخ و محشر و صراط و عقوبات معاصی۔ پس ایسے وقت میں ان واقعات کو مستحضر کر لیا جاوے۔ اگر ویسے استحضار ضعیف ہو تو کوئی کتاب اس مضمون کی لے کر مطالعہ شروع کر دیا جاوے اور بہتر ہے کہ فوراً خلوت میں جا کر مراقبہ کیا

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

جاوے۔ اس کا علاج تو فوراً ہو جاوے گا۔ پھر اگر ضعف طبیعت سے ہیبت کے غلبہ سے تکلیف ہونے لگے تو رحمت ورجا کی حدیثوں کو مستحضر کر لیا جاوے بس اعتدال ہو جاوے اور اصل خوشی رہ جاوے گی۔ جو مامور بہ ہے۔ قل بفضل اللہ و برحمتہ فبذلک فلیفرحوا

قاری کو ہدیہ دینے کا ادب

فرمایا کہ ہدیہ دینے والا قاری کو مجلس قرات میں ہدیہ نہ دے اور اگر وہ مجلس قرات ہی میں دے تو قاری کو اس مجلس میں ہدیہ قبول نہ کرنا چاہئے۔

دنیا اور آخرت کی مثال اور راحت وچین کا مطلب

فرمایا کہ ہمارے حاجی صاحب رحمۃ اللہ علیہ فرماتے تھے کہ دنیا کی مثال آخرت کے ساتھ ایسی ہے جیسی پرندہ اور سایہ۔ آخرت پرندہ ہے اور دنیا سایہ ہے۔ تم پرندہ کو پکڑ لو سایہ خود بخود اس کے ساتھ چلا آئے گا اور اگر سایہ کو پکڑو گے تو نہ وہ قبضہ میں آوے گا نہ یہ۔ اس کا مطلب ہے کہ طالب آخرت کے پاس مال بہت آجاتا ہے نہیں بلکہ حق تعالیٰ اپنے چاہنے والوں کو راحت اور چین دیتے ہیں اور ایسے راحت دیتے ہیں کہ بادشاہوں کو بھی نصیب نہیں ہوتی۔ چاہے اس کے پاس مال ودولت کچھ نہ ہو مگر اطمینان اور انشراح قلب سب سے زیادہ ہوتا ہے۔

حق تعالیٰ جن سے محبت کرتے ہیں اس کو دنیا سے بچاتے ہیں

فرمایا کہ حدیث میں ہے کہ حق تعالیٰ جب اپنے بندے کو چاہتے ہیں تو اس کو دنیا سے ایسا بچاتے ہیں جیسا کہ تم استسقا کے بیمار کو پانی سے بچاتے ہو۔ کیونکہ زیادہ مال ودولت جمع ہونے سے وہ جمعیت باطن فوت ہو جاتی ہے جس پر راحت کا مدار ہے جس کے سامنے ہفت اقلیم بھی ہیچ ہے۔

قبر سے فیض کے اقسام اور ان کے فوائد اور استفاضہ کا طریقہ

فرمایا کہ فیض دو ہیں ایک تعلیم کا ایک تقویت نسبت کا۔ پھر ایک فیض ہے ایک فیض کا ادراک۔ پھر ادراک ایک فوری ہے ایک متورخ۔ پس فیض تعلیم تو اہل کشف کے ساتھ خاص ہے مگر وہ تعلیم تربیت کے لئے کافی نہیں۔ اور فیض تقویت نسبت اہل کشف کے ساتھ خاص نہیں غیر اہل کشف کو

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

بھی ہوتا ہے اتنا فرق ہے کہ اہل کشف کو اس کا ادراک فوری ہوتا ہے اور غیر اہل کشف کو بتدریج لیکن بقا اس فیض کو بھی نہیں ہوتا تاوقتیکہ اس کی بقا کا اہتمام اعمال سے نہ کیا جاوے۔ پھر اس بتدریج میں تفاوت ہے بعض کو فطرۃً یا مزاولت اشغال سے اجتماع خواطر و قطع افکار حاصل ہو جاتا ہے جو معین تعجیل ادراک ہوتا ہے اور بعض پر تشتت و تفرق غالب ہوتا ہے جو مانع تعجیل ادراک ہوتا ہے اور طریقہ استفاضہ کا یہ ہے کہ قبر کے قریب بیٹھ کر اپنی اور میت کی روح کا تصور کرے اور دونوں میں اتصال کا تصور کرے اور یہ تصور کرے کہ اس اتصال سے فلاں کیفیت مثلاً محبت یا خشیت وغیرہ کی میت روح سے میری روح پر فائض ہو رہی ہے اگر اول جی نہ لگے تنگ نہ ہو۔

عربی کے علاوہ دیگر زبان میں جمعہ یا عید کے خطبہ کا حکم

فرمایا کہ جس طرح نماز کے اندر قرأت عربی زبان میں پڑھنا امر تعبدی ہے اسی طرح خطبہ کا عربی زبان میں پڑھنا بھی امر تعبدی ہے کیونکہ حق تعالیٰ نے خطبہ کو ذکر اللہ فرمایا ہے نہ کہ تذکیر فاسعوا الی ذکر اللہ عیدین کے خطبہ عربی زبان کے بعد اگر ترجمہ یا تذکیر مناسب سمجھے تو ہیئت اوفق بالسنت یہ ہے کہ خطبہ سے فارغ ہو کر منبر سے نیچے اتر کر بیان کرے۔

ہمارے بھائیوں کی تباہی کی وجہ

فرمایا کہ ہمارے بھائیوں کی تباہی اور بربادی کی وجہ یہ ہے کہ ان کا اتباع کا مادہ نہیں۔ اگر دین کامل نہ ہو تو یہ مادہ تو ہو کہ کسی کا اتباع کریں۔

خدا کے لئے جان کیا چیز ہے

فرمایا کہ خدا کے لئے جان کیا چیز ہے مگر یہ تو اطمینان ہو کہ یہ یقیناً خدا کے واسطے صرف ہوئی تذبذب کی حالت میں جان دینا کیونکر جائز ہوگا ہم کو تو حکم ہے کہ تذبذب کی حالت میں جبکہ ان کی اباحت دم میں تردد ہو کفار کی جان بھی نہ لیں۔

بے موقع ذکر اللہ کی بھی ممانعت ہے

فرمایا کہ بے موقع ذکر اللہ کو فقہا نے منع لکھا ہے بلکہ بعض مقامات پر کفر کہا ہے جیسے حرام طعام پر بسم اللہ کہنا۔

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

ظلم مذیل سلطنت ہے نہ کہ کفر

فرمایا کہ کفر سے سلطنت کو زوال نہیں ہوتا ظلم سے زوال ہوتا ہے۔

مجذوبین میں گو عقل نہیں لیکن سلامت حواس ہوتی ہے

فرمایا کہ مجذوبین میں عقل گو نہیں ہوتی لیکن جو کام ان کے سپرد کیا جاتا ہے اس میں عقل کی ضرورت نہیں ہوتی اس لئے اس کو بخوبی انجام دیتے ہیں کیونکہ ان کاموں کے انجام دہی کے لئے سلامت حواس کافی ہے۔ ان مجذوبین کی حالت مشابہ بچوں کے ہے جن میں حواس تو سلیم ہوتے ہیں لیکن عقل نہیں ہوتی۔ یہی وجہ ہے کہ سالکین مراتب میں مجذوبین سے افضل ہیں۔

غم وفکر سے روح میں نور پیدا ہوتا ہے

فرمایا کہ غم سے نفس کو تکلیف ہوتی ہے لیکن روح میں نور پیدا ہوتا ہے کیونکہ یہ مجاہدہ ہے گو اضطراری سہی۔ اور مجاہدہ اضطراری بھی موجب اجر ہے۔ حدیثیں اس میں صریح ہیں چنانچہ مرض فکر اور بلا پر بشارتیں وارد ہیں اور اس کے ساتھ ہی اس کے لئے دعا و تدبیر کا بھی امر ہے پس دعا و تدبیر کرنا چاہئے اور غم کے فضائل و بشارت پر نظر کر کے صبر رضا بھی اختیار کرنا چاہئے۔

اصلاح نفس کے لئے نری دعا کافی نہیں

اصلاح نفس کے لئے صرف دعا کافی نہیں بلکہ تدابیر کی بھی ضرورت ہے جیسے بچہ پیدا ہونے کے لئے نری دعا کافی نہیں بلکہ زوجین کی بھی ضرورت ہے۔

امراض جسمانی میں امراض نفسانی مورث آثار نہیں

فرمایا کہ امراض جسمانی میں امراض نفسانی اضطراراً مضمحل ہو جاتے ہیں اور مورث آثار نہیں ہوتے اور آثار ہی قابل ازالہ ہوتے ہیں۔

خواب پر عزم بیعت کی بنا کی مثال

فرمایا کہ خواب پر عزم بیعت کو مبنی کرنا سنگین عمارت کو ریگ پر تعمیر کرنا ہے پس جب تک اس کا خواب کا اثر قلب سے نہ ڈھل جائے مقتضائے خواب پر عمل کرنا مناسب نہیں۔

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

علاج غیبت

فرمایا کہ بجز استحضار قبل الوقت و ہمت در عین وقت و تدارک بعد وقت ہیچ علاج غیبت نیست۔

رضائے عوام کا درجہ

فرمایا کہ رضا کا درجہ ہر شخص کے لئے جدا جدا ہے۔ عوام کی رضا کا جو درجہ ہے "دنیا کے حصول کے لئے وظائف پڑھنا" اس کے خلاف نہیں۔

بخل کے درجے

فرمایا کہ بخل کے دو درجے ہیں۔ ایک خلاف مقتضائے شریعت اور یہ معصیت ہے۔ دوسرا خلاف مقتضائے مروت اور یہ معصیت نہیں۔ فضیلت تو یہ ہے کہ یہ بھی نہ ہو اور تدبیر اس کی یہ ہے کہ اس مقتضا کی مخالفت کی جاوے۔ لیکن اگر ہمت نہ ہو تو کوئی فکر کی بات نہیں۔

شناخت تکبر کا معیار

فرمایا کہ اپنے علوم کو کسی دوسرے سے زیادہ سمجھنے کے وقت اس کا بھی استحضار ہو کہ یہ عطائے حق ہے جب چاہیں سلب کر لیں نیز اگر میرے اندر ایک کمال ہو تو دوسرے میں ممکن ہے کہ اس سے زیادہ دوسرا کمال ہو جس کے سبب یہ عنداللہ مجھ سے افضل ہو تو یہ تکبر نہیں۔

ہمت پیدا کرنے کا طریقہ

فرمایا کہ ہمت سے انسان کام لے تو کوئی کام بھی مشکل نہیں اور یہ ہمت پیدا ہوتی ہے کسی کامل کی صحبت میں رہنے سے یا اس سے تعلق پیدا کرنے سے۔

اصل مقصود طریقت

فرمایا کہ طریقت میں اصل مقصود نفس کی اصلاح اور اعمال کی خبر گیری ہے۔

سہولت تصوف

فرمایا کہ اس طریق میں دشواری اسی وقت تک ہے جب تک اس کی حقیقت سے بے خبری

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

ہے۔ حقیقت معلوم ہو جانے کے بعد پھر اس سے زیادہ سہل اور آسان کوئی چیز نہیں آتی۔ لوگوں نے فن نہ معلوم ہونے کی وجہ سے اس کو ہوا بنا رکھا ہے۔ حالانکہ تصوف صرف ایک مسئلہ پر ختم ہے عمل ایک اختیاری ہے اور ایک غیر اختیاری۔ اختیاری کو لے لو اور غیر اختیاری کے درپے نہ ہو۔

دین کی اصلاح سے دنیا کی بھی اصلاح ہو جاتی ہے

فرمایا کہ اگر مسلمان اپنی اصلاح کر لیں اور دین ان میں راسخ ہو جاوے تو دنیوی مصائب کا بھی ان شاء اللہ چند ہی روز میں کایا پلٹ ہو جاوے۔

تقریبات میں عورتوں کے جانے کے انسداد کا سہل طریقہ

فرمایا کہ تقریبات میں عورتوں کے جانے کے انسداد کا طریقہ سہل یہ ہے کہ جانے کو منع نہ کریں مگر اس پر مجبور کریں کہ کپڑے زیور وغیرہ کچھ نہ پہنیں۔ جس حیثیت سے اپنے گھر رہتی ہیں اسی طرح چلی جاویں۔ خود بخود جانا بند ہو جاوے گا۔

اجابۃ داعی کے عموم کا بیان

فرمایا کہ حدیث میں جو اجابۃ الداعی آیا ہے خطوں کا جواب دینا بھی اس کے عموم میں داخل ہے۔ اس لئے خطوط کا جواب دینا حتی المقدور جلد ضروری ہے۔

ذکر و شغل صرف معین اصلاح ہیں

فرمایا کہ اصلاحیں مسہل ہیں اور ذکر و شغل میں ہیں۔ اگر اصلاح نہ ہو تو ذکر و شغل بیکار ہیں۔

محقق کی ایک شناخت

فرمایا کہ محقق ہمیشہ ضرورت و حالت مخاطب کے لحاظ سے مضمون اختیار کرتا ہے بیان کے لئے چاہے مکرر ہو یا پرانا ہو۔

آثار کثرت معصیت

فرمایا کہ کثرت گناہ سے دل کا حس خراب ہو جاتا ہے تو گناہ کی پریشانی اور ظلمت کا احساس بھی نہیں ہوتا۔

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

کامل یکسوئی کا انتظار فضول ہے

فرمایا کہ کامل یکسوئی کا انتظار فضول ہے یہ تو دنیا میں پھنس کر ہو نہیں سکتا۔ اس کے حصول کا طریقہ صرف یہ ہے کہ اسی پریشانی کی حالت میں تعلق مع اللہ کا سلسلہ شروع کر دے پھر رفتہ رفتہ اطمینان کلی نصیب ہو جائے گا ورنہ عمریوں ہی ختم ہو جاوے گی اور یکسوئی نصیب نہ ہوگی۔

روح اعتکاف کی انتظار صلوٰۃ ہے

فرمایا کہ روح اعتکاف انتظار صلوٰۃ ہی ہے معتکف کو ہر وقت نماز کا ثواب ملتا ہے کیونکہ وہ نماز باجماعت ہی کی پابندی کے لئے معتکف ہوا ہے اسی لئے اعتکاف کے لئے مسجد جماعت شرط ہے۔ جس مسجد میں جماعت نہ ہوتی ہو وہاں اعتکاف جائز نہیں۔

دو شخصوں کے ہجرت کی ممانعت

فرمایا کہ حضرت حاجی صاحب دو شخص کو ہجرت سے منع فرماتے تھے۔ ایک تو کٹے دنیاداروں کو کیونکہ یہ لوگ مکہ کے حقوق کیا ادا کریں گے دوسرے علماء مقتداؤں کو کیونکہ ان کی ہجرت سے ہندوستان ہم پولیس ہو جاوے گا۔ چنانچہ ارشاد ہے کہ دل مکہ و جسم بہ ہندوستان بہ از آنکہ جسم مکہ و دل بہ ہندوستان۔

نفس تو شیطان کا بھی گمراہ کنندہ ہے

فرمایا کہ شیطان کے گمراہ کرنے کو دوسرا شیطان نہیں آیا تھا یہی نفس تھا جس نے اس کو ابلیس بنا دیا ورنہ تو عزازیل تھا۔ پس نفس کا مغلوب کرنا کفار کے مغلوب کرنے سے اہم ہے اسی واسطے مجاہدہ نفس کو جہاد اکبر کہا گیا ہے۔

اتفاق کا معیار

فرمایا کہ جہاں حق متعین ہو تو اہل باطل کو اتفاق پر مجبور کرنا چاہئے کہ تم اہل حق سے نزاع نہ کرو۔

حیات طیبہ کی حقیقت کا انکشاف

فرمایا کہ لطف زندگانی کا مدار مال نہیں بلکہ نشاط طبیعت و روح پر ہے اور روحانی نشاط کا

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

مدار دین وتعلق مع اللہ پر ہے۔ پس دین کے ساتھ دنیا گو کم ہے مگر پر لطف ہوتی ہے اور بدوں دین کے خود دنیا بے لطف ہے۔ اگر کسی دنیادار کو لطف میں دیکھو تو وہ یا تو اس کے حصہ دین کا اثر ہے یا دیکھنے والے کو اس کی ظاہری حالت سے دھوکہ ہو گیا ہے۔ اگر اندرونی حالت کی تفتیش کی جاوے تو پریشانی ہی ثابت ہوگی یا اس نے حقیقی لطف وراحت کو دیکھا ہی نہیں۔ وہ صورت لطف کو لطف سمجھ گیا ہے اور راز اس کا وہی ہے کہ لطف وراحت اور چیز ہے اور سامان لطف وراحت اور چیز ہے جن اسباب دنیا کو لوگ سامان راحت سمجھتے ہیں اگر حقیقی راحت نہ ہو تو حقیقت میں واللہ وہ عذاب ہے چنانچہ حق تعالیٰ فرماتے ہیں۔ **ولاتعجبک اموالھم واولادھم انما یریداللہ ان یعذبھم بھا فی الدنیا الخ** پس یہ ضروری نہیں کہ جس کے پاس سامان راحت نہ ہو اس کو راحت حاصل نہ ہو خود اللہ تعالیٰ کی عادت ہے کہ وہ مسلمان تارک دین کو راحت سے محروم کر دیتے ہیں۔ پس دین کا ضرر ایسا ضرر ہے جس سے دنیا کی راحت بھی برباد ہو جاتی ہے۔

فساد بین الزوجین اصل ہے سینکڑوں فساد کی

فرمایا کہ میاں بی بی کا فساد سب فسادوں کی مرغی ہے۔ یعنی سینکڑوں فساد کو پیدا کرتی ہے۔

امر بالمعروف کا ایک قاعدہ

فرمایا کہ کسی پر تشدد یا قطع تعلق کرنے میں مفسدہ کا اندیشہ ہو اور اس کی طرف سے اضرار کا خوف ہو اور اپنے اندر تحمل کی طاقت نہ ہو اس کو امر بالمعروف سے سکوت کی اجازت ہے باقی جس کو ہمت ہو اس کو سکوت کی اجازت نہیں۔

اختلاط بالاثمین کا طریق

فرمایا کہ اپنے گنہگار بھائیوں سے ملو مگر ان کو سمجھاؤ۔ یعنی ملنے کا حق بھی ادا کرو تو ملو۔

عورت مرتدہ کے نکاح کا حکم: فرمایا کہ عورت مرتدہ (جو نکاح توڑنے کے لئے مرتد ہو جاوے) ارتداد کے بعد کسی اور مرد سے نکاح نہیں کر سکتی بلکہ شوہر اول ہی سے نکاح پر مجبور کی جاوے گی حکومت سے ورنہ محبوس کی جاوے گی اور اسلام لانے پر مجبور کی جاوے گی۔

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

رضا بالکفر کے کفر ہونے کی توضیح: فرمایا کہ رضا بالکفر کفر ہے۔ خواہ اپنے کفر سے رضا ہو یا غیر کے کفر سے یعنی اگر کوئی شخص اپنے لئے تو کفر پسند نہ کرے مگر دوسرے کے کافر ہونے سے راضی ہو۔ تو خود وہ دوسرا کافر ہوا ہو یا نہ۔ مگر یہ راضی ہونے والا فوراً ہی کافر ہو گیا۔

تجدید ایمان وتجدید نکاح کا طریقہ

فرمایا کہ تجدید ایمان کے لئے صرف دو چار آدمیوں کے سامنے لا الہ الا اللہ محمد اللہ رسول اللہ زور سے کہہ دینا اور اپنی غلطی پر اظہار ندامت کافی ہے اور تجدید نکاح میں اعلان عام کی بھی ضرورت نہیں نہ خطبہ کی ضرورت ہے نہ قاضی کی نہ پانچوں کلمہ کی بلکہ کسی خاص مجلس میں دو آدمیوں کے سامنے ایجاب وقبول کر لیا جاوے۔

گناہ کا اثر متعدی ہے

فرمایا کہ حدیث میں ہے کہ ایک مرتبہ نماز میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو سہو ہو گیا بعد نماز کے آپ نے فرمایا کہ لوگوں کا کیا حال ہے کہ وضو اچھی طرح کر کے نہیں آتے جس سے امام کو نماز میں سہو ہو جاتا ہے اس سے معلوم ہوا کہ گنہگار کے گناہ کا اثر بے گناہوں پر بھی پہنچتا ہے۔

کسب کا بار آور ہونا حیثیت ہی پر ہے

فرمایا کہ یہ اللہ تعالیٰ کی حکمت ہے کہ جب انسان کسب کرتا ہے تو اس میں اللہ تعالیٰ اثر دے دیتے ہیں ورنہ اس کے کسب کو بالذات کوئی دخل نہیں۔

صدقہ وزکوٰۃ حقیقتاً تمہارے نفع کے لئے ہے

فرمایا کہ جو کچھ صدقہ وزکوٰۃ تم دیتے ہو تو مجازاً خدا کا حق کہلاتا ہے ورنہ حقیقت میں وہ تمہارے ہی نفع کے واسطے مقرر کیا گیا ہے تاکہ دنیا میں تمہارے مال میں برکت ہو اور آخرت میں تم کو ثواب ملے۔

بیع معدوم کی حرمت کا بیان

فرمایا کہ ۱- جو لوگ پھل آنے سے پہلے بیع کرتے ہیں چونکہ یہ بیع باطل ہے کہ

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

جس سے نہ بائع کی ملک زائل ہوتی ہے نہ مشتری کی ثابت ہوتی ہے اس لئے وہ خود بھی حرام کھاتے ہیں اور دوسروں کو بھی حرام کھلاتے ہیں اس میں تبدیل ملک سے تبدل عین کا حکم نہیں اس لئے جہاں تک بیع وشرا کا سلسلہ چلے گا سب حرام کھانے میں مبتلا ہوں گے۔

۲- جولوگ جان بوجھ کر کھاتے ہیں وہ تو حرام کھانے کے ساتھ گنہگار بھی ہوتے ہیں

۳- جولوگ بغیر علم کے کھاتے ہیں ان کو گناہ تو نہیں ہوتا مگر نقصان ضرور پہنچے گا اور وہ نقصان قلب کی ظلمت ہے۔

۴- وہ لوگ جن کو یہ علم ہے کہ اس شہر میں باغ کثرت سے پھل نمودار ہونے سے پہلے فروخت ہوتے ہیں مگر یہ علم نہیں کہ بازار میں جو پھل بک رہا ہے وہ کس باغ کا ہے تو اس کا حکم یہ ہے کہ ان پر تحقیق واجب ہے۔

اثر طعام حرام: فرمایا کہ جس چیز کا خود کھانا حرام ہے اسے اولاد کو کھلانا بھی حرام ہے بلکہ جانوروں کو بھی کھلانا حرام ہے۔ جانوروں کو خود نہ کھلاؤ بلکہ ایسی جگہ رکھ دو کہ وہ خود آ کر کھالیں یاد رکھو کہ اپنی اولاد کو جو حرام مال کھلاتا ہے وہ ان کے اندر شرارت کا مادہ پیدا کرتا ہے۔

اصلاح بیع معدوم کا طریقہ

فرمایا کہ جولوگ پھل آنے سے پہلے باغ فروخت کر چکے ہیں وہ اب پھل آنے کے بعد دو جملے کہہ دیں تو اصلاح ہو جاوے گی۔ بائع یہ کہہ دے کہ میں قیمت معلومہ پر باغ کا پھل بیچتا ہوں اور مشتری یہ کہہ دے کہ میں خریدتا ہوں۔

مسائل عشر: فرمایا کہ مسائل عشر حسب ذیل یاد رکھنے کے قابل ہیں۔

۱- کھیتوں کی بیع میں عشر کی یہ تفصیل ہے کہ تیاری سے پہلے بیچے تو عشر مشتری کے ذمہ ہے اور تیاری کے بعد بیچے تو بائع کے ذمے۔ بخلاف پھلوں کے کہ وہ چونکہ مع درختوں کے نہیں بکتے اس لئے جب تک پھل درختوں پر نہ آ جاویں بیع معدوم کی لازم آوے گی اس لئے ناجائز ہے اور عشر بائع کے ذمہ ہے مشتری کے ذمہ نہیں۔ پھل باغ والے ہی کا ہے اس لئے اس کے ذمہ فقراء کا حق ہے۔

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

۲-اگر کھیت پر آفت آ گئی یا باغ کا پھل پھول برباد ہو گیا تو عشر واجب نہیں۔

۳-عشر کاشتکار پر ہے خواہ زمین خود کاشتکار کی ہے یا دوسرے سے کرایہ پر لی ہو

۴-اگر زمیندار زمین کاشتکار کو بٹائی پر دے تو اس صورت میں اپنے اپنے حصوں کا عشر دونوں کے ذمہ ہے۔

۵-اگر زمیندار زمین ٹھیکہ پر دے مثلاً فی بیگھہ من بھر غلہ پر باقی بیگھہ دو روپیہ پر۔اس صورت میں علماء کا اختلاف ہے مگر علماء دیوبند کا فتویٰ یہ ہے کہ عشر کاشتکار کے ذمہ ہے کیونکہ کاشت کا وہی مالک ہے۔

۶-بارانی زمین عشری پر دسواں حصہ اور غیر بارانی پر یعنی کنویں یا نہر سے سینچی جاتی ہو) اس پر بیسواں حصہ

۷-عشر عشری زمین پر ہے اور عشری زمین وہ ہے کہ جب سے مسلمانوں نے اس کو فتح کیا ہے تو وہ کسی کافر کے قبضہ میں نہ آئی ہو۔اب زمین کی تین حالتیں ہیں

۱- ایک یہ کہ معلوم ہو جاوے کہ یہ زمین مسلمانوں کے ہاتھوں میں آتی رہی ہے۔اس میں عشر کا وجوب ظاہر ہے۔

۲- دوسرے یہ کہ معلوم نہ ہو کہ یہ زمین کافروں کے ہاتھ سے آئی ہے اس میں عشر نہیں ہے۔

۳- یہ معلوم نہ ہو کہ یہ کافروں کے پاس سے آئی ہے مگر اس وقت وہ مسلمانوں کے ہاتھ میں ہے یہ بھی باستصحاب حال قسم اول کے حکم میں ہے۔

۸-عشر تمام پیداوار پر ہوگا۔زکوٰۃ کی طرح قرض منہا نہ ہوگا۔

عشر نکالنے سے پیداوار میں ترقی ہوتی ہے

فرمایا کہ عشر سے مال میں کمی نہیں آتی۔ان شاء اللہ برکت ہوگی اور اس کی برکت سے آئندہ پیداوار میں ترقی ہوگی۔جو لوگ عشر ادا کرتے ہیں اس کی برکت کا حال ان سے پوچھ لو کہ خدا نے ان کو کس قدر ترقی دی ہے۔

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

اسراف کی حقیقت

فرمایا کہ واتوا حقہ یوم حصادہ ولا تسرفوا کا مطلب ہے کہ فقراء کا حق ادا کرو اور سارا کا سارا خود ہی نہ کھا جاؤ کہ مسکینوں کا حق بھی کھالو کیونکہ یہ اسراف ہے اور اسراف کی حقیقت تجاوز عن الحد ہے۔

تملیک کے تحقق کی شرط

فرمایا کہ جب تک لینے والا اپنے کو مالک نہ سمجھ لے اس وقت تک تملیک کا تحقق ہی نہیں ہوا۔

مشاہدہ حق معصیت کے ساتھ جمع نہیں ہوسکتا

فرمایا کہ یاد رکھو کہ خدا کی نافرمانی کے ساتھ مشاہدہ جمال حق کبھی نہیں ہوسکتا دل اور روح کی آنکھیں اس وقت کھلتی ہیں جب نفس کی شہوت ولذات کو حرام جگہ سے روکا جائے۔

خوف سے رونے کی مدح

فرمایا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ قیامت کے دن ہر آنکھ روتی ہوگی بجز اس آنکھ کے جو اللہ کی حرام کی ہوئی چیز کے دیکھنے سے روکی گئی اور وہ آنکھ جس نے اللہ کے راستہ میں پہرہ دیا اور وہ آنکھ جس میں سے خوف الٰہی کی وجہ سے مکھی کے سر کے برابر آنسو نکل آیا۔

قوت شہوانی کی نگہداشت مفید باطن ہے

مولانا رومی فرماتے ہیں کہ قوت شہوانی ایک ایسی قوت ہے کہ اس کو اگر اپنے اندر جمع رکھا جائے اور اس سے کام لیا جاوے تو وہی قوت موصل الی الحق ہو جاتی ہے اس لئے کہ اس کے رہنے سے ایک جوش اور ہمت رہتی ہے اور کام جوش اور ہمت ہی سے ہوتا ہے تو بس اس کو اندر رکھ کر کام کرے تو کام خوب ہوتا ہے اور اگر اس کو نکال دیا تو سمجھو کہ اس سے کسل ہوگا اور ایسا ہوگا کہ گویا تم نے اپنا پر اکھاڑ دیا۔ لہٰذا چاہئے کہ اس میں افراط نہ کرو۔ بزرگوں نے لکھا ہے کہ افراط شہوت رانی سے باطنی نقصان ہوتا ہے چنانچہ ارشاد ہے۔

پرنگہدار و چنیں شہوت مراں　　تا پر میلت بردسوئے جناں
خلق پندارند عشرت می کنند　　برخیالے پرخود برمی کنند

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

مسنون طریقہ علاج کرنا

فرمایا کہ حدیث میں ہے ان اللہ تعالیٰ انزل الداء والدواء وجعل لکل داء دواء فتداووا ولاتداووا بالحرام یعنی بیشک اللہ تعالیٰ نے مرض ودوا دونوں اتارا ہے اور ہر مرض کے لئے دوا رکھی ہے۔ پس دوا تو کرو لیکن حرام سے علاج نہ کرو۔ اس میں ترغیب ہے دوا کرنے پر غالب عادت حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی یہی تھی۔ سو مسنون طریقہ یہی ہوا لیکن امر چونکہ ارشادی ہے اس لئے ترک تداوی بھی جائز ہے اور قابل ملامت نہیں خصوص اگر غلبہ توکل سے ہو تو یہ بھی ایک درجہ کا توکل ہے یعنی ترک اسباب ظنیہ اور اس درجہ سے اعلیٰ درجہ وہ توکل ہے جو مباشرت اسباب کے ساتھ ہو کیونکہ اسباب کو استعمال کرتے ہوئے اسباب پر اعتماد نہ کرنا بہ نسبت اس کے زیادہ عجیب ہے کہ اسباب کو استعمال نہ کیا جاوے اور پھر اس پر نظر نہ ہو۔

تداوی بالحرام کا حکم

فرمایا کہ متقدمین حنفیہ کا یہ مذہب ہے کہ نہ حرام خالص سے تداوی جائز اور نہ ایسی چیز سے جائز ہے جس میں کوئی حرام جزو ہو جیسے گدھی کا دودھ اور حرام گوشت اور تریاق (جو سانپوں سے تیار ہوتا ہے) اور متاخرین حنفیہ نے ضرورت شدیدہ کے وقت تداوی بالحرام کے جواز پر فتویٰ دیا ہے۔

پوری گائے کا حکم عقیقہ میں

فرمایا کہ عقیقہ میں پوری گائے یا پورا اونٹ کا ذبح کرنا جائز ہے۔

حدیث لولاک الخ کی اصل

فرمایا کہ اب تک حدیث لولاک الخ کی اصل معلوم نہ تھی مگر اب معلوم ہوگئی چنانچہ ارشاد ہے۔ فقد روی الدیلمی عن ابن عباسؓ مرفوعاً اتانی جبرائیل فقال یا محمد لولاک ماخلقت الجنة ولولاک ماخلقت النار و فی روایه ابن عساکر لولاک ماخلقت الدنیا

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

شک وتردد کا اصلی علاج

فرمایا کہ ایسی چیز مت دیکھو جس سے شک یا تردد پیدا ہو اور جو بلا قصد ایسی بات کان میں پڑ جاوے اور یہی حالت پیدا ہو جاوے تو اس کو کسی خاص تدبیر سے زائل کرنے کی ضرورت نہیں کیونکہ اس اہتمام سے پریشانی اور بڑھے گی۔ اور ہمیشہ کے لئے ایک مستقل شغل ہو جاوے گا۔ بلکہ بجائے تدبیر کے اس سے بے التفاتی اختیار کرو اور کتنا ہی وسوسہ ستاوے بالکل پرواہ نہ کرو۔ البتہ دعا و تضرع کرتے رہو اور اس کو کافی سمجھو ان شاء اللہ بہت جلد طبیعت صاف ہو جاوے گی۔ اور جب یہی عادت ہو جاوے گی تو قلب میں ایسی قوت پیدا ہو جاوے گی کہ وہ ایسی چیزوں سے متاثر نہ ہوگا۔

قرض کے معاف کرنے کا طریقہ شرعی

فرمایا کہ مقرض اگر یہ کہہ دے کہ قرض کو ہم نہ دنیا میں لیں گے نہ آخرت میں یہ شرعاً لغو ہے (جب تک یہ نہ کہہ دے کہ ہم نے معاف کیا) دنیا میں بھی اس کو مطالبہ کا حق ہے اور اگر مطالبہ نہ بھی کیا اور مر گیا تو اضطراراً وہ قرض ان کے ورثہ کی ملک ہو جاوے گا اور ان کو مطالبہ کا حق ہوگا مورث کا وہ کہنا کہ ہم نہ لیں گے ورثہ پر حجت نہ ہوگا۔ اسی طرح اس وعدہ کا اثر آخرت میں کچھ نہیں ہو سکتا وہاں کیا حال ہوا اور کیا خیال ہو۔ ممکن ہے کہ جب مدیون کی نیکیاں ملتی ہوئی یا اپنے گناہ مدیون پر پڑتے ہوئے دیکھے تو معاف نہ کرے۔

اسراف فی النکاح مزیل برکت ہے

فرمایا کہ حدیث میں ہے اعظم النکاح برکۃ ایسرہ مؤنۃ اس سے صاف ظاہر ہے کہ جتنا زیادہ نکاح میں خرچ کیا جاوے گا برکت کم ہوگی۔

ایسا قرض جس سے معصیت کی اعانت ہو مقروض کے لئے موجب گناہ

فرمایا کہ شادی بیاہ میں قرض دینا بھی جس سے رسومات ادا کئے جاویں یا اسراف کیا

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

جاوے ممنوع ہے کیونکہ گو اس مقرض کی نیت اتلاف مال کی نہ ہو مگر تلف کا وقوع تو ہوا اس کا سبب اس شخص کا فعل ہے اور امر منکر کا مباشر ہونا جس طرح منکر ہے اسی طرح سبب بننا بھی۔ دلیلہ قولہ تعالیٰ لاتسبوا الذین یدعون من دون اللہ الخ

شیخ کا ایک دستور العمل

فرمایا کہ ایسے کو مرید کرنا مناسب نہیں جس کا ادب شیخ کو کرنا پڑے بلکہ ایسے کو کرنا چاہئے کہ جس کو جو چاہے کہہ سکے۔

ایذائے شیوخ بلا مقصد بھی مضر ہے

فرمایا کہ ایذائے شیوخ بلا قصد بھی وبال سے خالی نہیں ہوتی۔ اس لئے افراط فی الشفقت مضر ہے کیونکہ جتنی شفقت زیادہ شیخ کو ہوگی اتنی ہی مرید کی بے تمیزیوں سے زیادہ ایذا ہوگی۔

راحت رسانی شیخ کا ایک طریقہ

فرمایا کہ جو جس کام کے لئے آوے اس میں لگا رہے اور جو خدمت چاہے مجھ سے لیوے تو مجھ کو اس میں راحت ہوتی ہے۔

مسجد کے لوٹے کا محبوس کرنا

فرمایا کہ مسجد کا لوٹا چونکہ وقف ہوتا ہے اس لئے کسی کا اس لوٹے کو اپنے قبضہ میں محبوس کر لینا گو تھوڑی ہی دیر کیلئے ہو کہ جس سے دوسرا کام نہ لے سکے ممنوع ہے۔

عقل کا کام

فرمایا کہ صاحبو اس عقل سے جو کام لینے کا ہے وہ یہ ہے کہ خدا تعالیٰ پر اعتماد انقیاد کا اپنے کو مکلف سمجھ لے اور وحی کا اتباع کرے۔

قیامت میں ہر عمل کی ہیئت مشاہدہ ہوگی

فرمایا کہ بعض اکابر کا قول ہے کہ قیامت میں ہر عمل کی ہیئت مشاہدہ ہوگی۔ مثلاً کسی شخص نے کسی اجنبیہ سے زنا کیا تھا تو ویسا زنا کرتا ہوا قیامت میں نظر آئے گا۔

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

واردات کی مخالفت مضر ہے اس کی توضیح

فرمایا کہ واردات کی مخالفت معصیت تو نہیں مگر دنیاوی ضرر ضرور ہو جاتا ہے اور یہ ضرر (اضطراراً تو نہیں مگر اختیاراً) کبھی مفضی ہو جاتا ہے ضرر دینی کی طرف اور وہ ضرر دینی اس طرح پر ہوتا ہے کہ کسی معصیت کا وسوسہ ہوا اور اس سے بچنے کے لئے (کہ ہمت سے اس کی مقاومت ہو سکتی تھی مگر طبعاً) کسل ہو گیا اور اس سے غباوت ہو گئی اس لئے اعمال میں کمی ہو گئی۔ اب اس میں دو ہی صورتیں ہیں کہ پھر وہ عمل اگر واجب تھا تو خسران ہوا اور اگر واجب نہ تھا تو حرمان ہوا ہے یہ بڑا نازک راستہ بڑے ہی سنبھل کر چلنے کی ضرورت ہے۔

ذکر محبوب مقلل ہوتا ہے

فرمایا کہ روزہ کی خاصیت یہ ہے کہ اس سے خود بخود غذا کم ہو جاتی ہے۔ روزہ دار زیادہ کھا نہیں سکتا۔ عاشق کو محبوب کی یاد سے ایسی تسلی اور خوشی ہوتی ہے کہ اس خوشی کی وجہ سے بھوک اڑ جاتی ہے۔

اہل اللہ کے زندہ دل ہونے کا راز

فرمایا کہ ذکر اللہ سے لطافت کے ساتھ بشاشت بھی قلب میں بڑھ جاتی ہے اس لئے اہل اللہ زندہ دل ہوتے ہیں۔ مردہ دل نہیں ہوتے۔

معصیت سے بچنے کا طریقہ

فرمایا کہ معصیت سے بچنے کا طریقہ یہ ہے کہ اول ہمت خود کرے اور اس کے ساتھ خدا تعالیٰ سے ہمت طلب کرے اور خاصان خدا سے بھی دعا کرائے۔ ان شاء اللہ گناہوں سے بچنے کی ضرور ہمت ہوگی۔ صاحبو کامیابی گاڑی کے دو پہیے ہیں ایک اپنی ہمت دوسرے بزرگوں کی دعا۔ ان دونوں پہیوں سے گاڑی کو چلاؤ ایک پہیہ کافی نہیں۔

عشرہ اخیر میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی حالت

فرمایا کہ حدیث ہے کان اذا دخل العشر الاخر من رمضان شد میزرہ

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

وایقظ اھلہ یعنی حضور صلی اللہ علیہ وسلم عشرہ اخیرہ میں لنگی مضبوط باندھ لیتے تھے یعنی عبادت کے لئے مستعد ہو جاتے تھے یا بیویوں کے پاس جانے سے بچتے تھے۔

نقل میں بعض دفعہ اصل سے بھی زیادہ انعام ملتا ہے

فرمایا کہ نقل میں بعض دفعہ اصل سے بھی زیادہ انعام ملتا ہے۔ چنانچہ ایک رئیس کے یہاں ایک شخص خربوزہ لایا۔ اس کو خربوزہ کی بازاری قیمت دی گئی۔ دوسرا شخص مٹی کا خربوزہ لایا اس کو بہت روپیہ انعام دیا گیا۔

عشاء فجر کی جماعت کا مصلی بھی ثواب لیلۃ القدر پائے گا

فرمایا کہ جو شخص عشاء اور صبح دونوں کی نماز جماعت سے ادا کرے اس کو لیلۃ القدر سے حصہ مل جائے گا۔ یعنی یہ بھی جاگنے والوں میں شمار ہوگا گو اس رات میں عشاء کے بعد صبح تک سوتا رہا ہو مگر اس کا جاگنے والوں میں شمار ہونا ایسا ہے جیسا چاندی کے چمچوں میں گلت کا چمچہ چاندی کی قلعی کر کے رکھ دیا جاوے۔ ابن المسیب کا ارشاد ہے کہ عشاء کی نماز جماعت سے پڑھ لینا بھی فضیلت لیلۃ القدر کے لئے کافی ہے کیونکہ فوت جماعت فجر غیر اختیاری ہے اس لئے یہ فوت منقص ثواب لیلۃ القدر نہ ہوگا۔

غلو فی البلاغۃ مبغوض ہے

فرمایا کہ اگر تقریر کرنے والے کو آمد مضامین کی نہ ہو اور تکلف کر کے گھیر گھار کر کے مضامین کو لاوے یعنی تکلف سے بلاغت کا جلب کرے تا کہ سننے والے سمجھیں کہ اس کو قوت ہے بیان میں تو یہ غلو فی البلاغۃ مبغوض ہے۔ ان اللہ یبغض البلیغ من الرجال کا مصداق ہے اور ایک غلو سننے والوں کے لئے ہے وہ یہ ہے کہ اگر بیان میں کوئی خاص رنگ نہ ہو تو اس بیان سے منتفع ہی نہ ہوں بلکہ منتظر رہیں دوسرے رنگ کے۔

معصیت کی ایک بڑی خرابی

فرمایا کہ جس قدر نافرمانی ہوتی جاتی ہے حق سبحانہ تعالیٰ سے بندہ کا تعلق گھٹتا چلا جاتا ہے۔ اور اس

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

دوسرے ضرر کا مقتضا یہ ہے کہ اگر گناہوں پر عقوبت اور سزا کا اندیشہ نہ بھی ہو تب بھی گناہ نہ کرنا چاہئے۔

حب رسول صلی اللہ علیہ وسلم معلوم کرنے کا راز

فرمایا کہ مسلمان کو اپنی اولاد سے چاہے کتنی ہی محبت ہو لیکن اگر وہی اولاد خدا و رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی شان میں گستاخی کر بیٹھے تو پھر دیکھئے باپ کو کس قدر غصہ آئے گا کہ اتنا اپنے ساتھ گستاخی کرنے پر ہرگز نہ آتا تو دیکھئے اگر اس باپ کو حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے طبعی محبت نہ تھی تو اتنا غصہ کیوں آیا۔

عوام اور خواص کی محبت کا فرق

فرمایا کہ محبت خدا و رسول صلی اللہ علیہ وسلم میں عوام تو سب کچھ کر گزرتے ہیں اور خواص دیکھتے ہی رہ جاتے ہیں اس کی وجہ یہ ہے کہ عوام کی نظر میں تو صرف ایک چیز ہوتی ہے یعنی محبت لہذا وہ اس کے مقتضا پر عمل کرنے لگ جاتے ہیں اور خواص کی نظر محبت کے ساتھ حکمت پر بھی ہوتی ہے مثلاً وہ مواقع پر دیکھتے ہیں کہ اگر مقتضائے محبت پر عمل کیا گیا تو اس سے مسلمانوں کو بمقابلہ نفع کے ضرر زیادہ پہنچے گا۔ خواص کی نظروں میں یہ چیزیں ہوتی ہیں جو عوام کی طرح جوش ظاہر کرنے سے ان کو روکتی ہیں کیونکہ تنہا جوش کافی نہیں بلکہ ہوش سے کام لینا بھی ضروری ہے۔

اہل سنت کا مذہب عبدیت کے زیادہ قریب ہے

فرمایا کہ حقیقت یہ ہے کہ عبدیت اسی میں زیادہ ہے کہ اپنی مشیت و اختیار کو تسلیم کر کے اس کو مشیت حق کا تابع سمجھے۔ اس میں عبدیت کچھ زیادہ نہیں کہ اپنی مشیت و اختیار کی بالکل نفی کر دے اور جبر کا قائل ہو جاوے کمال تو یہ ہے کہ اپنے اختیار کا مشاہدہ کر رہا ہے اور پھر اس کو ضعیف سمجھ رہا ہے۔ اس کی مثال یہ ہے کہ بادشاہ کے سامنے رعیت کا ایک معمولی آدمی اپنے کو بے اختیار سمجھے یہ زیادہ کمال نہیں۔ ہاں اگر کوئی نواب حیدرآباد اپنے کو کسی قدر با اختیار سمجھتے ہوئے بھی اپنے اختیار کو بادشاہ کے اختیار کا تابع بنا دے یہ کمال عبدیت ہے اسی سے اہل سنت کا مذہب عبدیت کے زیادہ قریب ہے کیونکہ ان کے عقیدہ میں عبدیت اہل جبر سے زیادہ ہے۔

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

ملنے کا ایک دستور العمل: فرمایا کہ کوئی شخص کسی کے پاس ایسے وقت نہ جاوے جس میں اس نے خلوت کا قصد کیا ہو کیونکہ اس پر گرانی ہوگی۔

حدت لوازم ایمان سے ہے

فرمایا کہ حدت اور ہے اور شدت اور حدت لوازم ایمان سے ہے۔ مومن بہت غیرتمند ہوتا ہے مثلاً اگر کوئی کسی کی بیوی کو چھیڑے تو غصہ آتا ہے۔ اب اگر دیکھنے والا یہ کہے کہ یہ تو بہت تیز مزاج ہے تو اس سے یہ کہا جائے گا کہ کمبخت کچھ نہ کہنا تو بے غیرتی ہے اس طرح دیندار کو خلاف دین پر تحمل نہیں ہوتا۔

قرآن وحدیث کا مدلول اصلی

فرمایا کہ قرآن وحدیث کا مدلول جو بے تکلف ماہر کے ذہن میں آجاوے وہ صحیح ہے اور اس کے بعد اپنے اہوا کی نصرت ہے۔

چندہ غربا ہی سے مانگنا مناسب ہے

فرمایا کہ چندہ مانگو تو غریبوں سے مانگو۔ کچھ ذلت نہیں۔ وہ جو کچھ بھی دیں گے نہایت خلوص اور تواضع سے دیں گے اور اس میں برکت بھی ہوگی اور امرا تو محصل کو ذلیل اور خود کو بڑا سمجھ کر دیتے ہیں اس لئے اس میں ذلت بھی ہے دوسرے یہ کہ وہ تو بیچارے رحم کے قابل ہیں کہ ان کا خرچ آمدنی سے بڑھا ہوتا ہے اس لئے پریشان رہتے ہیں۔

شوق رکھ کر کام کرو

فرمایا کہ ذکر کرنے کا جس قدر شوق ہو اس سے کچھ کم کرنا چاہئے۔ یعنی شوق کو کچھ باقی چھوڑ دے دیکھو جب چکی پر تھوڑا سے تاگا رہ جاتا ہے تو پھر لوٹ آتی ہے اور جب بالکل نہیں رہتا تو نہیں لوٹتی۔

وسعت نظر سے اعتراض کم ہوتا ہے

فرمایا کہ حضرت حاجی صاحب رحمۃ اللہ علیہ کا ارشاد ہے کہ جس قدر نظر وسیع ہوتی جاتی ہے اعتراض کم ہوتا جاتا ہے۔

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

غیبت کا ایک علاج

فرمایا کہ حضرت حاجی صاحب کے یہاں کسی کی شکایت نہیں سنی جاتی تھی اور نہ کسی سے بدگمان ہوتے تھے۔ اگر کوئی کہنے لگا اور حضرت بوجہ حلم منع بھی نہ کرتے مگر جب وہ کہہ لیتے تو فرماتے کہ وہ شخص ایسا نہیں ہے (یعنی تم جھوٹے ہو)

بدعتی اور کافر کے اکرام کا فرق

فرمایا کہ کافر کے اکرام میں مفسدہ نہیں ہے بدعتی کے اکرام میں مفسدہ ہے۔

علمائے دین کی توہین کا نتیجہ

فرمایا کہ حضرت مولانا گنگوہی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے تھے کہ جو لوگ علمائے دین کی توہین اور ان پر طعن و تشنیع کرتے ہیں قبر میں ان کا منہ قبلہ سے پھر جاتا ہے اور یہ بھی فرمایا کہ جس کا جی چاہے دیکھ لے۔

صوفیہ مجوزین و مانعین مولد شریف کا راز

فرمایا کہ صوفیہ مجوزین مولد شریف پر حسن ظن غالب ہے اور مانعین پر حزم و انتظام غالب ہے اور یہ اختلاف مسئلہ میں ایسا ہے جیسے حنفیہ جمعہ کے روز صبح کی نماز میں الم تنزیل السجدۃ کی قرأت کے التزام کو باوجود نقل کے ایہام عوام کے سبب مکروہ کہتے ہیں اور شافعیہ مستحب کہتے ہیں اور ایہام کا علاج اصلاح بالقول کو کہتے ہیں۔

معتقد فیہ کے مغلوب ہونے کی تمنا پیدا ہونا عدم محبت و عقیدت کی دلیل ہے

درمنثور میں ہے کہ دل میں ایسا احتمال پیدا ہونا جس میں اپنے معتقد فیہ کے مغلوب ہونے کا احتمال ہو دعوی محبت و عقیدت و رجاء من اللہ کے خلاف ہے بلکہ اگر تمنا معتقد فیہ کے مغلوب ہونے کی پیدا ہو تو عدم محبت و عقیدت کی دلیل ہے۔

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

بزرگوں کے قریب دفن ہونے کی تمنا عبث نہیں

فرمایا کہ جب حق تعالیٰ کی طرف رحمت و مغفرت کی ہوائیں چلتی ہیں تو گو اس سے مقصود کوئی خاص بزرگ ہوں لیکن حسب قرب و بعد آس پاس کو بھی پہنچتی ہے جیسا کہ کسی کے پنکھا جھلا جاوے تو آس پاس کے لوگوں کو بھی ہوا ضرور لگتی ہے اس لئے بزرگوں کے قریب دفن ہونے کی تمنا کرنا عبث نہیں۔ سلف و خلف کا تعامل صاف دلیل ہے کہ یہ عمل بے اصل نہیں۔

اولیاء اور انبیاء کے کشف کو تفاوت

فرمایا کہ اولیاء جو شے کشف میں دیکھتے ہیں بالکل حق ہوتی ہے مگر چونکہ دور سے دیکھتے ہیں اس لئے اس کی توقیت یعنی زمان و مکان معین کرنے میں ان کا تخمینہ ہوتا ہے جس میں غلطی بھی ممکن ہے بخلاف کشف انبیاء کے کہ وہ دیکھتے بھی حق ہیں اور انہیں اس شے کے سر پر لے جا کر کھڑا کر دیا جاتا ہے اور نہایت قریب سے دیکھتے ہیں اس لئے ان سے تخمین و تعین مکان و زمان میں بھی غلطی نہیں ہو سکتی۔

ضیف اور مضیف دونوں کے لئے ضیافت عذر افطار ہے

فرمایا کہ ضیف و مضیف دونوں کے لئے ضیافت عذر افطار ہے جبکہ ضیف یا مضیف مجرد حضور اور ترک افطار پر راضی نہ ہو۔

فرمایا کہ مدعی کی اصلاح کے واسطے علم کا اظہار بھی جائز ہے۔

طریق میں مقصود جمعیت قلب ہے

فرمایا کہ طریق میں مقصود جمعیت قلب ہے۔ فطرۃً کسی کو ترک اسباب میں جمعیت ہوتی ہے اور کسی کو مباشرت اسباب میں۔ پس دونوں میں محبوب کی تجویز تکوینی ہی کی طرف تفویض ہے اور تشریعاً دونوں مخیر فیہ ہیں۔

رفع تشابہ کا معیار

فرمایا کہ بند لگانا اور بٹن سے اجتناب یہ احتیاط ہے۔ باقی شیوع عام جس سے دیکھنے

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

والے کو کھٹک نہ ہو رافع تشبہ ہے۔

تصرفات نفسانیہ کمالات مقصودہ سے نہیں نیز اس میں افتتان وعجب کا خطرہ ہے

فرمایا کہ تصرفات کا صدور قوت نفسانیہ سے ہوتا ہے اور جس طرح قوت جسمانیہ کمالات مقصودہ سے نہیں جیسے مصارعت (کشتی لڑنا) اسی طرح قوت نفسانیہ بھی۔ اور اسی وجہ سے یہ قوت نفسانیہ اہل باطل میں بھی پائی جاتی ہے بلکہ بعض محققین کا قول ہے کہ عارف را ہمت نہ باشد۔ ہمت سے مراد تصرف ہے یعنی وہ اس کے عدم کو اس کے وجود پر ترجیح دیتے ہیں اور وجہ اس کی یہ بتلاتے ہیں کہ اس میں شان عبدیت سے بعد ہے اور یہ وجہ افعال جسمانیہ میں نہیں پائی جاتی ہے کیونکہ اس میں اسباب مادیہ کی طرف احتیاج ظاہر ہے۔ جو عین عبدیت ہے اور تصرفات نفسانیہ میں اسباب خفی ہیں اس لئے احتیاج کی شان اس میں خفی ہے۔ نیز افعال جسمانیہ کے صدور میں عوام معتقد نہیں ہوتے اور تصرفات میں معتقد ہو جاتے ہیں تو اس میں افتتان اور عجب کا خطرہ بھی ہے۔

حضرت مولانا قاسم صاحب کا طرز تربیت وطرز گمنامی

فرمایا کہ حضرت مولانا قاسم صاحب ہر دینی کام میں سب کے روح رواں تھے اور نام رکھنے میں ہمیشہ پیچھے رہتے تھے۔ اور جس طالب علم کے اندر تکبر دیکھتے تھے اس سے کبھی کبھی جوتے اٹھوایا کرتے تھے اور جس کے اندر تواضع دیکھتے تھے اس کے جوتے خود اٹھالیا کرتے تھے۔

غیر اللہ کا اہتمام ناپسندیدہ ہے

فرمایا کہ غیر اللہ کے اہتمام میں لگ جانا اور اسی میں منہمک ہو جانا یہ ناپسندیدہ ہے اگرچہ وہ انہماک اور اہتمام مباح ہی کا کیوں نہ ہو۔

محققین اور منتہین کی شان

محققین اور منتہین کی یہ شان ہوتی ہے کہ ان کے لئے ہر ہر چیز آئینہ جمال خداوندی

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

بن جاتی ہے جہاں زیادہ غصہ کا موقع ہوتا ہے زیادہ غصہ کرتا ہے جہاں رنج کا موقع ہوتا ہے زیادہ رنج کرتا ہے۔ غرض وہ جہاں جیسا محل ہوتا ہے ویسا ہی بن جاتا ہے یہی مطلب ہے اس مضمون کا جو حدیث میں آیا ہے۔ **کنت سمعه الذی یسمع به و بصره الذی یبصر به الخ** یعنی میں ہی اس کی آنکھ بن جاتا ہوں جس سے وہ دیکھتا ہے اور میں ہی اس کا کان بن جاتا ہوں جس سے وہ سنتا ہے الخ اس کے یہ معنی نہیں کہ نعوذ باللہ حق تعالیٰ اس کے آلہ بن جاتے ہیں بلکہ جیسے آلہ وذی آلہ میں اختلاف نہیں ہوتا۔ اسی طرح وہ بالکل امر حق کا تابع بن جاتا ہے اور اس کا قول وفعل امر حق کے مخالف نہیں ہوتا۔

شغل وحدۃ الوجود کے شرائط

فرمایا کہ شغل وحدۃ الوجود نافع اس شخص کے لئے ہوگا جس میں دو شرط جمع ہوں ایک تو اللہ تعالیٰ کی فاعلیت اور کمال وجود کا مشاہدہ جس کا خاصہ یہ ہے کہ اسباب سے نظر اٹھ جاتی ہے دوسرے محبت۔ اگر مشاہدہ حاصل ہے اور محبت نہیں تو اندیشہ ہے کہ کفر میں مبتلا ہو جاوے مثلاً کسی کا باپ مرا اب چونکہ اس کو مشاہدہ حاصل ہے اس لئے اس کو خدا تعالیٰ کی طرف سے سمجھے گا مگر چونکہ اس کو ابھی محبت حاصل نہیں اس لئے وہ اس کو حق تعالیٰ کی طرف سے ناگواری پیدا ہو جاوے گی جو کفر ہے۔

اعمال صالحہ کی توفیق عطا پر ہے

فرمایا کہ ایک تو عمل نافع کا ہم کو امر فرمایا جس میں سراسر ہمارا ہی نفع ہے۔ پھر عمل کی بھی توفیق دی پھر توفیق کے بعد اس کو ہمارا عمل فرمایا اور جب عمل سے نفع پہنچا تو اوپر سے انعام بھی دیا تو گویا عطا پر عطا ہوئی۔

نعمہائے جنت محض عطایائے حق ہیں اور اس کی مثال

فرمایا کہ ہماری ریاضت ومجاہدہ کیا چیز ہے جس پر کوئی ثمرہ مرتب ہو یہ سب کچھ حق تعالیٰ کی عطا ہے جو جنت میں ملے گا جیسے کسی سخی نے رائی کا دانہ لے کر کسی کو ایک گاؤں دے دیا تو اب کیا کوئی شخص کہہ سکتا ہے کہ یہ رائی کا دانہ اس قابل تھا اس کے عوض ایک گاؤں دیا جاوے۔

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

منتہی کو اولاد کے مرنے پر آنسو نکلنے کا منشا ترحم ہے ناگواری حکم خدا نہیں

فرمایا کہ منتہی کو اولاد کے مرنے پر آنسو ناگواری (حکم خداوندی) سے نہیں نکلتے بلکہ ترحم سے نکلتے ہیں کہ وہ اپنی آنکھوں سے اپنے بچہ کی اس حالت کو دیکھ نہیں سکتا۔ اگر آنسو نہ نکلتے تو بچہ کا حق ادا نہ ہوتا کیونکہ ترحم بچہ کا حق ہے۔ بعض بلا میں خاصیت ہے کہ اس سے آنسو نکلا کرتے ہیں اور باوجود آنسو نکلنے کے وہ دل سے ناراض نہیں ہوتا جیسا مرچ کھانے والا دل سے ناراض نہیں ہوتا گو آنکھیں رو رہی ہیں پس رضا والم جمع ہو سکتے ہیں۔

خلق معصیت اور کسب معصیت میں حکمت بیان کرنیکا فرق

فرمایا کہ خلق معصیت میں حکمت بیان کرنا تو فعل حق میں حکمت بیان کرنا ہے اس لئے محمود ہے کسب معصیت میں حکمت بیان کرنا تو قریب بکفر ہے۔

معصیت کر لینے سے مادہ معصیت کا قوی ہو جاتا ہے

فرمایا کہ درحقیقت یہ شیطان کا ایک دھوکہ ہے کہ گناہ کر لینے سے تقاضا کم ہو جائے گا کیونکہ ارتکاب معصیت سے فی الحال کچھ دیر کو تقاضا کم ہو جائے گا مگر اس کا اثر یہ ہوگا کہ آئندہ کے لئے مادہ معصیت قوی ہو جائے گا اور ازالہ قدرت سے باہر ہو جائے گا۔

طاعات کے ساتھ تقاضائے معصیت موجب قرب ہے اور معصیت کے ساتھ عدم تقاضائے موجب قرب نہیں

فرمایا کہ طاعات کے ساتھ تقاضائے معصیت موجب قرب ہے اور معصیت کے ساتھ عدم تقاضا موجب قرب نہیں ہو سکتا بلکہ ارتکاب سے پہلے جو اس تقاضا کی وہ مخالفت کرتا ہے وہ مقاومت نفس اور مجاہدہ کی ایک فرد تھی جو موجب قرب ہے۔

نماز میں سنن کی رعایت زیادہ مقبول ہے

فرمایا کہ اگر نماز سنت کے موافق ہو تو گو اس میں لاکھوں وساوس آئیں وہ خدا تعالیٰ

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

کے نزدیک زیادہ پسندیدہ ہے اس نماز سے جو خلاف طریقہ سنت مسنون پڑھی جاوے کیونکہ پہلی نماز اوفق بالسنۃ ہے اور دوسری بعد من السنۃ ہے۔

کیفیت موجب قرب نہیں بلکہ عمل باعث قرب ہے

فرمایا کہ تقاضائے معصیت پر عمل کر لینے کے بعد جو ایک قسم کا سکون محسوس ہوتا ہے وہ ہرگز قابل قدر نہیں کیونکہ یہ کیفیت ہے عمل نہیں اور کیفیت موجب قرب نہیں بلکہ عمل باعث قرب ہے۔

گناہ کی کمیت و کیفیت کو دیکھ کر توبہ نہ کرنا مکر ہے

فرمایا کہ بندہ اگر اس وجہ سے توبہ نہ کرلے کہ میرے گناہ اس قدر ہیں یا اس درجہ کے ہیں کہ توبہ سے کچھ فائدہ نہ ہوگا یہ بھی حماقت اور شیطان کا جال ہے کیونکہ گو یہ صورۃً شرمندگی ہے لیکن حقیقت میں یہ کبر ہے کہ اپنے کو اتنا بڑا سمجھتا ہے کہ گویا اس نے حق تعالیٰ کا کچھ ایسا نقصان کر دیا ہے کہ اب اس کو وہ معاف نہیں کر سکتے یاد رکھو یہ برتاؤ بالکل مساوات کا سا ہے۔ حالانکہ خدا تعالیٰ اور اس کی صفات کاملہ کے سامنے تمہاری اور تمہارے افعال کی ہستی ہی کیا ہے۔ سارا عالم بھی نافرمان ہو جاوے تو ان کا ذرہ برابر بھی کچھ نقصان نہیں ہوسکتا نہ ان کو عفو و کرم سے مانع ہوسکتا ہے۔ مشہور ہے ایک مچھر بیل کے سینگ پر جا بیٹھا جب وہاں سے اڑنے لگا تو بیل سے معذرت چاہی کہ معاف کیجئے گا آپ کو میرے بیٹھنے سے بہت تکلیف ہوئی ہوگی بیل نے کہا کہ ارے بھائی مجھ کو تو خبر بھی نہیں ہوئی تو کب بیٹھا کب اڑا۔

تشبیہ بالصوفیہ بھی قابل قدر ہے

فرمایا کہ صوفی قابل قدر تو ہے ہی متشبہ بالصوفی بھی قابل قدر ہے۔ گوریا کی نیت ہے صوفیوں کی شکل بنانا فی نفسہ محمود نہیں۔ مگر اس تشبیہ سے یہ تو معلوم ہوگیا ہے کہ اس کے دل میں اہل اللہ کی عظمت ہے۔

تہجد کی توفیق پر ناز نہ چاہئے بلکہ نیاز و شکر چاہئے

فرمایا کہ اللہ تعالیٰ اپنے خاص بندوں کو جو تہجد کے عادی ہیں وقت پر جگا کر اپنے ساتھ ہمکلام ہونے کا شرف دیتے ہیں۔ اس لئے بجائے ناز کے نیاز و شکر چاہئے۔

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

توبہ سے سارے گناہوں کے مٹ جانے کی مثال

فرمایا کہ اگر ساری زمین گناہوں سے بھر جاوے تو توبہ سب کو مٹا دیتی ہے۔ دیکھئے بارود ذرا سی ہوتی ہے مگر بڑے بڑے پہاڑوں کو اڑا دیتی ہے۔

گناہوں کو سخت سمجھنا علامت ہے ایمان کی اور ہلکا سمجھنا علامت ہے بے ایمانی کی

فرمایا کہ اگر بندوں کو رحمت حق کا مشاہدہ ہونے لگے تو گناہوں کو بڑا سمجھنے پر شرمندگی ہوگی۔ ناامیدی تو بھلا کیا ہوتی۔ مگر اس شرمندگی کے مقتضا پر (کہ توبہ نہ کرے) عمل نہ کرنا چاہئے۔ کیونکہ گناہ اگرچہ رحمت حق کے مقابلہ میں چھوٹے ہیں مگر تمہارے لئے تو بڑے ہی ہیں تولہ بھر سنکھیا اگرچہ من بھر تریاق کے سامنے چھوٹا ہے مگر معدہ کے مقابلہ میں بڑا ہے۔

جو اعتقاد توبہ سے مانع ہو وہ مذموم ہے

فرمایا کہ مومن اپنے گناہوں سے ڈرتا ہے گو ادنیٰ ہی گناہ ہو۔ بخلاف فاجر کے کہ گناہ کو مثل مکھی کے سمجھتا ہے کہ آئی اور اڑا دیا۔ تو معلوم ہوا کہ گناہ کو سخت سمجھ کر توبہ کرنا علامت ایمان کی ہے اور اس کو ہلکا سمجھنا علامت بے ایمانی کی ہے اور اوپر جو آیا ہے کہ گناہ کو بڑا نہ سمجھے۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ اتنا بڑا نہ سمجھے کہ توبہ سے مانع ہو جاوے اور یہاں بڑا سمجھنے کا مطلب یہ ہے کہ اتنا چھوٹا نہ سمجھے کو توبہ کی ضرورت نہ سمجھے۔ غرض اصل چیز توبہ ہے جو اعتقاد توبہ سے مانع ہو وہ مذموم ہے خواہ بڑے ہونے کا اعتقاد ہو خواہ چھوٹا ہونے کا۔

کون قابل صحبت ہے

فرمایا کہ جس شخص کے اندر یہ تین باتیں ہوں اس کی صحبت کو غنیمت سمجھو۔ ایک یہ کہ فقیہ ہو دوسرے محدث ہو تیسرے صوفی ہو۔

محبت حق پیدا کرنیکا طریقہ

فرمایا کہ محبت حق پیدا کرنیکا آسان طریقہ یہ ہے کہ محبت والوں کے پاس بیٹھنا شروع کر دے۔

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

آہن کہ بپارس آشنا شد فی الحال بصورت طلا شد

بندہ کا کام ہمت ہے اور تکمیل کا کام حق تعالیٰ کا

فرمایا کہ بندہ کو چاہئے کہ خود ہمت کرے پھر اس کی تکمیل حق تعالیٰ خود کر دیتے ہیں جیسے باپ جب دیکھتا ہے کہ بچہ دس قدم چلا اور گر گیا تو خود ہی رحم کھا کر اس کی مدد کرتا ہے اور اس کو گود میں اٹھا لیتا ہے تو جیسے باپ چاہتا ہے کہ بچہ اپنی طرف سے کوشش کرے چلنے کی اسی طرح حق تعالیٰ ہماری طلب کو دیکھنا چاہتے ہیں مگر افسوس تو یہ ہے کہ ہم تو سرکتے ہی نہیں اپنی جگہ سے۔

مبتدیوں کو تشبث بالاسباب ہی انسب ہے اور اس کی توضیح

فرمایا کہ ہم جیسے مبتدیوں کے لئے اسباب ہی کے ساتھ تشبث انسب ہے اور تفصیل پر عمل کرنا کہ قوت قلب کے وقت اسباب کو اختیار نہ کیا جاوے اور ضعف کے وقت اسباب کو اختیار کیا جاوے یہ خود مشوش قلب ہے کہ ہر موقع پر سوچا کریں کہ اس وقت قلب میں قوت ہے یا ضعف اور مبتدی کو تشویش خود مضر ہے اور بعض اوقات اس کا فیصلہ محتاج تامل ہوگا اس وقت زیادہ تشویش ہوگی اور بعض دفعہ اسی میں غلطی ہوگی جو بعد میں ظاہر ہوگی تو اس وقت تاسف کا غلبہ ہوگا جو تشویش سے بھی زیادہ مضر ہے اور بعض اوقات ترک اسباب اور پھر کامیابی سے عجب پیدا ہو جاتا ہے جو سب سے زیادہ مضر ہے۔ تو محض ایک امر غیر ضروری یعنی ترک اسباب کے لئے اپنے کو اتنے خطرات میں ڈالنا خلاف طریق ہے اور مباشرت اسباب میں ان سب سے امن ہے اور ساتھ ہی مشاہدہ ہے اپنے عجز و ضعف و افتقار کا جو طریق میں مطلوب بھی ہے اور معین بھی ہے۔ البتہ اہل تمکین و اہل رسوخ کے لئے دوسرے احکام ہیں۔

عشاء کے وقت بھی تہجد پڑھ لینے سے ثواب تہجد کا ملتا ہے

ایک صاحب کا خط تہجد کے وقت آنکھ نہ کھلنے یا باوجود آنکھ کھلنے کے ضعف باقی بعد المرض کے سبب ہمت نہ ہونے کے متعلق مع اطلاع پابندی نوافل بعد العشاء آیا جس میں بے حد اظہار قلق کیا تھا۔ اس پر حسب ذیل جواب لکھا گیا۔

اسلم یہی ہے کہ صلوٰۃ اللیل کا التزام رہے اور اگر بعد سونے کے خود بلا اہتمام آنکھ کھل

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

گئی تہجد بھی پڑھ لیا جائے ورنہ جب تک قوت نہ آ جائے اس کا اہتمام نہ کیا جاوے۔ فضائل کی احادیث میں قیام اللیل وصلوٰۃ اللیل کا عنوان بکثرت وارد ہے جس سے نفس فضیلت کا حاصل ہو جانا ثابت ہوتا ہے اور اس باب میں یہ اور تہجد مشارک ہیں۔ اب رہ گئی زیادہ فضیلت اور قیام بعد النوم کے ساتھ خاص ہے خواہ نوم حقیقتاً ہو خواہ حکماً (یعنی اول شب سے آخر تک بیدار رہا اور ایسے وقت نماز پڑھی کہ اس کے قبل عادۃ نوم ہوا کرتی ہے) اس زیادت کے لئے قلق کرنا ایسا ہے جیسا رمضان میں کسی کی آنکھ سحور کے لئے نہ کھلے مگر روزہ کی توفیق ہو اور روزہ سے اتنا مسرور نہیں ہوتا جتنا فضیلت سحور کے فوت ہونے سے محزون ہوتا ہے تو کیا یہ حزن طبعی عقلاً بھی مطلوب ہے خصوص جب حدیث میں تصریح ہے کہ اگر اٹھنے کا ارادہ ہو اور آنکھ نہ کھلے کان نومه علیه صدقة اور قوی کا مساعدت نہ کرنا بجائے آنکھ نہ کھلنے کے ہے لکون کل منها عذرا واللہ اعلم.

اس زیادت کرنے کے لئے قلق کرنے کی مثال

فرمایا کہ احکام آخرت کا مدار عامل کی نیت اور عمل پر ہے نہ کہ واقعہ پر پس اگر کسی کو اپنی طہارت وادائیگی شرائط اذکار وعبادات کا علم اپنے زعم میں تو ہے گویا اعتبار واقع کے نہیں تو اس حالت قبول موعود ہے ان اللہ لا یخلف المیعاد عدم قبول ومطرودیت اختیاری کوتاہی پر ہوتی ہے نہ کہ غیر اختیاری پر اور غیر معلوم ہونے کے لئے غیر اختیاری ہونا لازم ہے۔

اللہ تعالیٰ کے رضائے واقعی معلوم کرنیکی صورت اور مومن کی خشیت کے وجود

فرمایا کہ اللہ تعالیٰ کی رضا واقعی معلوم کرنے کی صورت ان کا وعدہ اور شرائط وعدہ کا تحقق ہے۔ اور اس پر بھی جو خشیت مومن کے لئے لازم ہے اس کی دو وجہ ہیں ایک تو مال میں احتمال کہ شاید کوئی اختیاری کوتاہی ہو جاوے دوسرے یہ کہ شاید کوئی اختیاری کوتاہی فی الحال ہو گئی ہو۔ جس کا علم بھی التفات سے ہو سکتا تھا اور التفات میں کوئی کوتاہی ہوئی ہو کہ یہ بھی اختیاری ہے۔

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

حق تعالیٰ کے غنی ہونے کے معنی

فرمایا کہ حق تعالیٰ کے غنی ہونے کے یہ معنیٰ نہیں کہ وہ غفور وشکور نہیں یا وہاں توجہ و انتظام نہیں نعوذ باللہ۔ بلکہ معنی یہ ہیں کہ ہمارے اعمال سے ان کا کوئی نفع یا ضرر نہیں۔

مسام سے کوئی چیز جوف میں پہنچنا مفسد صوم نہیں اور جوف کی تصریح

فرمایا کہ جب منفذ سے کوئی چیز جوف میں پہنچے تو مفسد صوم ہے اور مسام سے پہنچنا مفسد صوم نہیں اس لئے سوئی وغیرہ لگانے سے روزہ نہیں ٹوٹتا اور جوف معدہ کے ساتھ خاص نہیں۔ دماغ اور معدہ دونوں کو شامل ہے۔

مناظرہ کی صورت طریق سلوک میں سخت مضر ہے

فرمایا کہ میں بغرض تربیت آنے والوں کے لئے قید لگا دیتا ہوں کہ بولا مت کرو۔ اس لئے کہ بدوں ذوق کے بولنا مناظرہ کی صورت پیدا کرتا ہے اور یہ اس طریق میں سخت مضر ہے۔

جاہدوا سے کیا مراد ہے

فرمایا کہ والذین جاھدوا فینا لنھدینھم سبلنا میں جاھدوا سے مراد غور وفکر دعا والتجا۔ سعی وکوشش۔ حق تعالیٰ کے سامنے الحاح وزاری۔ تواضع وخاکساری یہ چیزیں پیدا کرو۔ رونا چلانا شروع کرو۔ نخوت وتکبر کو دماغ سے نکال کر پھینک دو۔ اس کے بعد وصول میں دیر نہیں ہوتی۔ بجز اس حالت کے پیدا کئے ہوئے کامیابی مشکل ہے۔

فہم و خاطر تیز کردن نیست راہ　　جز شکستہ می نگیرد فضل شاہ

سواد اعظم سے کونسی جماعت مراد ہے

فرمایا کہ کثرت رائے کو بعض حضرات سواد اعظم سے تعبیر کرتے ہیں اور اسی معنی کو بنائے جمہوریت قرار دیتے ہیں حالانکہ سواد اعظم سے مراد بیاض اعظم ہے یعنی نور شریعت جس جماعت میں ہو مگر لوگوں کو ایسی ہی باتوں میں سواد (مزہ) آتا ہے۔

انتقام کے زیادہ درپے ہونا مناسب نہیں

فرمایا کہ بعض اوقات کسی سے اتنا انتقام لینا (جیسا کہ کسی سے کوئی رنج پہنچا ہو تو انتقاما

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

یہ کہہ دینا کہ ہاں تمہاری اس حرکت سے مجھے رنج ضرور ہے) اچھا ہے۔اس سے دل صاف ہو جاتا ہے البتہ زیادہ پیچھے نہ پڑنا چاہئے۔

اوروں کی فکر میں کاوش ٹھیک نہیں

فرمایا کہ اصل یہ ہے کہ اوروں کی فکر میں کیوں پڑے۔آدمی اپنا ایمان سنبھالے۔

تعلیم حسن معاشرت

فرمایا کہ میں اپنے شاگردوں کو اگر خط لکھتا ہوں اپنے کام کے لئے تو جوابی خط لکھتا ہوں یہ سمجھ کر کہ اس بیچارہ پر ایک یہی بار بہت ہے کہ جواب لکھے گا چہ جائیکہ ٹکٹ کا بار مکتوب الیہ پر ڈالا جاوے۔اپنے کام کے واسطے خط اور ٹکٹ کا بار مکتوب الیہ پر ڈالنا خلاف عقل بھی ہے۔بعض محبین مجھ سے اس کی شکایت کرتے ہیں کہ ہم کو جوابی کارڈ کیوں بھیجا۔میں کہتا ہوں کہ بھائی یہی اچھا ہے مجھے ہلکا پھلکا ہی رہنے دو۔

سفارش کا طریقہ

فرمایا کہ میں کسی کو سفارش کے طور پر لکھتا لکھاتا نہیں کہتا کہلاتا نہیں۔جیسا کہ زمانہ میں ہو رہا ہے کسی کی سفارش کے لئے مجبوراً کچھ لکھنا بھی پڑتا ہے۔تو اسی وقت ڈاک کے ذریعہ سے مکتوب الیہ کو لکھ دیتا ہوں کہ فلاں شخص سفارشی خط لاتا ہے کالعدم سمجھنا چاہئے۔

مرید کا ایک ادب

فرمایا کہ مرید کے لئے شیخ کے قلب میں اپنی طرف رغبت وانس پیدا کرنے کا طریق اتباع ہے نہ کہ اس سے اختلاف کرنا اور مریدی کے سر ہو جانا۔

قبض جو معاصی سے اور جو غیر معاصی سے ہو اس کا فرق

فرمایا کہ معاصی سے جو قبض ہوتا ہے اس میں حزن طبعی اور خوف طرد نہیں ہوتا جمود محض ہوتا ہے یہی قساوت ہے اور جو غیر معاصی سے ہوتا ہے اس میں یہ حزن اور خوف ہوتا ہے بجائے جمود کے بے چینی ہوتی ہے۔

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

ناقصین کو افضل کی تحری غیر ضروری ہے

فرمایا کہ ہم جیسوں کے لئے کہ ناقص ہیں افضل کی تحری غیر ضروری ہے جس میں جمعیت زیادہ ہو اختیار کرلیا جاوے۔

علت وحکمت کا فرق معہ امثال

علت وجود میں متقدم ہوتی ہے اور حکمت متاخر پس اپنے اپنے زمانہ میں دونوں موجود ہوسکتی ہیں مثلاً شدت سکرات موت حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی علت قوت مزاج وشدت تعلق بالامۃ ہے (کہ قوت مزاج سے حرارت تیز ہوگئی اور شدت تعلق بالامۃ سے روح کے تعلق کا انفکاک شدید ہوگیا) اور حکمت مقام صبر کی تکمیل اور ترقی درجات ہے۔

تحلیہ کاملہ سے تخلیہ بھی ہوجاتا ہے

فرمایا کہ شیوخ مجتہد ہوتے ہیں۔ بعض کی یہی رائے ہے کہ تخلیہ کاملہ سے تحلیہ بھی ہوجاتا ہے۔

حیا کے غلبہ کا اعتدال علامت تمکین ہے

فرمایا کہ حیا کے غلبہ سے کبھی ایسا ہوجاتا ہے کہ پیر پھیلا کر سونا مشکل معلوم ہوتا ہے اور بیت الخلاء میں ستر کھولنا اور بھی زائد باعث شرم معلوم ہوتا ہے یہ حالت رفیعہ ہے۔ پھر غلبہ کے بعد اعتدال ہوجاتا ہے جو اس سے ارفع ہے۔

مسجد کے بعض آداب کلیہ ہیں مع تمثیل وجزئیات

فرمایا کہ مسجد میں وہ فعل مباح بھی جائز نہیں جس کے لئے مسجد نہیں بنائی گئی حتیٰ کہ اپنی گم شدہ چیز کیلئے اعلان کرنا' خرید وفروخت کرنا' دنیا کی باتیں کرنا' ان کے لئے جمع ہوکر بیٹھنا' بدبودار چیز کھا کر مسجد میں جانا جائز نہیں جس کی علت ملائکہ کی تاذی فرمائی گئی اور ملائکہ کو معاشی سے جو ایذا ہوتی ہے وہ ایسی چیزوں کے کھانے سے بدرجہا زائد ہے اس لئے کوئی معصیت کرنا جائز نہیں۔

کون کون سے مشاہد کے لئے سفر کرنا جائز ہے

فرمایا کہ مسجد حرام مسجد اقصیٰ مسجد نبوی صلی اللہ علیہ وسلم میں نماز پڑھنے میں تضاعف

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

ثواب موجود ہے سو اس تضاعف کی تحصیل اگر بدوں سفر ممکن نہ ہو سفر کی بھی اجازت ہے۔ بخلاف دوسرے مشاہد کے (مثلاً کوہ طور' کربلا' اجمیر وغیرہ) وہاں کوئی دلیل ثواب کی نہیں اس لئے وہاں اس نیت سے سفر کرنا امر غیر ثابت کا اعتقاد ہے۔

تہذیب یہ ہے کہ بلا ضرورت دوسرے سے فرمائش نہ کرے

فرمایا کہ تہذیب کی بات یہ ہے کہ جو کام خود کر سکے اس کی فرمائش دوسرے سے نہ کرے۔ بس اس کام کو دوسرے سے کہے جو بغیر اس کے ممکن نہ ہو۔ وہ بھی بشرط اپنی ضرورت اور اس کی سہولت کے۔

خبر رؤیت ہلال کی اشاعت میں مبالغہ مناسب نہیں

فرمایا کہ میں اس کا مخالف ہوں کہ ایک مقام کی خبر رویت ہلال دوسرے مواضع میں اس طرح اشاعت کی جاوے کہ اس میں غلو و مبالغہ ہو اور اس میں غلطاں و پیچاں رہیں جس سے اکثر تشویش و مخالفت بڑھ جاتی ہے۔

دنیا کی حقیقت: فرمایا کہ دنیا کی حقیقت ہے حظوظ و لذات نفسانیہ مضرہ آخرت میں مشغول ہونا۔

محافظت مجاہدین بھی جہاد ہے

فرمایا کہ محافظت مجاہدین بھی جہاد ہے۔

بعض مواقع جواز غیبت

فرمایا کہ اگر کسی سے امداد کی توقع ہو تو وہاں ظالم کی شکایت جائز ہے۔ اگر کسی سے اس کی بھی توقع نہ ہو وہاں بھی شفائے غیظ کے لئے ظالم کی برائی کرنا جائز ہے۔ مگر جہاں شفائے غیظ بھی نہ ہو نہ کسی نے تم پر ظلم کیا ہو وہاں محض بلا وجہ غیبت کرنا اور تاویل کر کے اپنے فعل کو مباح میں داخل کرنا سراسر تلبیس و خداع ہے۔

مال کی حقیقت

فرمایا کہ صاحب مال کی قدر کرو مال دنیا کی زندگی کا سہارا ہے اسکو ہوش و عقل کے ساتھ

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

خرچ کرو اور اگر خرچ کرنے ہی کا جوش ہے تو اللہ کی راہ میں دو اس میں حوصلہ آزمائی کرو۔

لغو اور فضول ابتداءً مباح ہے مگر انتہاء معصیت ہے

فرمایا کہ میں بقسم کہتا ہوں کہ اگر کوئی شخص اپنے فضول کاموں میں غور کرے تو اس کو معلوم ہوگا کہ لغو اور فضول کاموں سے ضرور بطور افضاء کے گناہ تک وصول ہو گیا۔ مثلاً مجھے خود یہ واقعہ پیش آتا ہے کہ بعض دفعہ کوئی شخص آ کر بلا ضرورت پوچھتا ہے کہ آپ فلاں جگہ کب جاویں گے اس سوال سے مجھ پر گرانی ہوتی ہے اور مسلمان کے قلب پر گرانی ڈالنا خود معصیت ہے۔ اگر سوال کرنے والا مخلص ہو جب بھی مجھے گرانی ہوتی ہے کہ اس کو ہمارے ذاتی افعال کی تفتیش کا کیا حق ہے غرضیکہ کوئی لغو اور فضول کام ایسا نہیں جس کی سرحد معصیت سے نہ ملی ہو۔ پس لغو اور فضول ابتداء تو مباح ہے مگر انتہاء معصیت ہے۔

قرب نزول کی ایک مثال: فرمایا کہ سجدہ میں بندہ کو قرب بصورت نزول ہوتا ہے۔

سر ہو کر دعا مانگنا حق تعالیٰ کو پسند ہے

فرمایا کہ حق تعالیٰ کو یہ بات پسند ہے کہ بندہ سر ہو کر ان سے مانگے چنانچہ حدیث میں ہے۔ ان اللہ یحب الملحین فی الدعاء

حق تعالیٰ کی وجہ سے مخلوق کے ساتھ محبت کرنا محمود ہے

فرمایا کہ کسی کے تعلق اور واسطہ سے کسی کو چاہنا حقیقت میں واسطہ کو چاہنا ہے۔ پس خدا تعالیٰ کی وجہ سے مخلوق کے ساتھ محبت کرنا بھی محمود ہے۔

عارف کا ہر کام خدا کے واسطے ہوتا ہے

فرمایا کہ عارف کا کوئی کام اپنے واسطے یعنی حظ نفس کے واسطے نہیں ہوتا بلکہ خدا کے واسطے ہوتا ہے۔

سلف کے خدام کا مذاق

فرمایا کہ سلف کے خدام کا یہ مذاق تھا کہ شیخ نے ذرا بھی شریعت سے تجاوز کیا فوراً گرفت کرتے تھے اور یہ سبق صحابہؓ نے ہم کو پڑھایا ہے۔ چنانچہ حضرت عمرؓ نے ایک دفعہ

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

خطبہ میں صحابہؓ سے پوچھا لوملت عن الحق شیئاً فما تفعلون اگر میں حق سے ذرا ہٹ جاؤں تو تم کیا کرو گے۔ اسی وقت ایک صحابیؓ تلوار لے کر اٹھے اور سیدھی کر کے کہا لنقیمنک بھذاالسیف یعنی ہم تلوار سے آپ کو سیدھا بنا دیں گے۔ حضرت عمرؓ نے فرمایا کہ الحمد للہ خدا کا شکر ہے کہ میرے دوستوں میں ایسے لوگ موجود ہیں جو میری کجی کو درست کر سکتے ہیں اب مجھے بے فکری ہے کہ ان شاء اللہ میں حق سے نہ ہٹوں گا۔

کشف القبور کوئی کمال نہیں

فرمایا کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم عذاب قبر کے متعلق فرماتے ہیں کہ اس کو ثقلین کے سوا سب سنتے ہیں تو یہ کشف قبور ہوا۔ اس سے کشف القبور کی حقیقت بھی معلوم ہو گئی کہ گدھوں اور کتوں کو بھی ہو جاتا ہے پس انسان کے لئے یہ کمال مطلوب نہیں۔

ایمان و عمل صالح سے قبولیت و محبوبیت عامہ پیدا ہوتی ہے خلق سے بھی حق سے بھی

فرمایا کہ ان الذین امنوا وعملوا الصالحٰت سیجعل لھم الرحمٰن ودا کا مطلب یہ ہے کہ ایمان و عمل صالح سے قبولیت و محبوبیت عامہ پیدا ہوتی ہے۔ یعنی جن لوگوں کو اس شخص سے کسی غرض کا تعلق نہ ہو نہ حصولاً نہ فوتاً ان کے دل میں محبت پڑ جاتی ہے۔ بشرطیکہ سلیم الطبع ہوں۔ حتیٰ کہ غیر معاند کفار کے دلوں میں بھی ایسے لوگوں کی عظمت ہوتی ہے۔ انسان کیا معنی جانور تک محبت کرنے لگتے ہیں۔ چنانچہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے آزاد کردہ غلام سفینہؓ ایک دفعہ قافلہ سے الگ ہو کر راستہ بھول گئے تھے رات کو جنگل میں ایک شیر ملا تو آپ نے اس سے کہا اے شیر میں سفینہؓ غلام ہوں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا۔ یہ سن کر وہ دم ہلا کر خوشامدیں کرنے لگا اور پھر آپ کے آگے آگے ہو لیا تھوڑی دیر میں آپ کو قافلہ کے قریب پہنچا کر دم ہلاتا ہوا ایک طرف کو چل دیا۔ یہ تو محبت خلق کا ظہور ہوا۔ اور محبت حق کا ظہور اس طرح ہوتا ہے کہ اس شخص کو بس آواز تو نہیں آتی مگر بقسم کہتا ہوں کہ محبت کا اثر اس کے دل میں موجود ہوتا ہے۔ ہر وقت واقعات میں اس کی امداد اور اعانت ہوتی ہے اور قلب

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

پر علوم وواردات وکلام حق کا ایسا القا ہوتا ہے جیسے حق تعالیٰ اس سے باتیں کرتے ہوں بس آواز تو نہیں ہوتی اور سب کچھ ہوتا ہے۔ یہ دل سے خوب جانتا ہے کہ حق تعالیٰ مجھے چاہتے ہیں پھر اس کی لذت کا کیا پوچھنا باقی کامل ظہور اس کا آخرت میں ہوگا۔

ایمان وعمل صالح سے غذائے روحانی کا حصول اور اسکی ترغیب

فرمایا کہ جیسے پیٹ کی غذا الگ ہے ماکولات ومشروبات اور آنکھ کی غذا الگ ہے مبصرات۔ اور کان کی غذا الگ ہے۔ مسموعات۔ اسی طرح دل کی بھی ایک غذا ہے اور وہ محبت ہے۔ دل کی غذا محبت کے سوا کچھ نہیں۔ دل کو اس میں لذت آتی ہے۔ پھر جس کا محبوب ناقص ہو اس کی لذت تو ناقص ہوگی اور جس کا محبوب ایسا کامل ہو کہ اس سے زیادہ کوئی بھی محبوب نہ ہو اس کی لذت سب سے زیادہ ہوگی۔ ایمان وعمل صالح اختیار کرنے پر دنیا ہی میں غذائے روحانی (یعنی حق تعالیٰ کی محبت کامل) جیسا کہ ملفوظ بالا میں بیان ہوا عطا ہوگی جس سے زیادہ دل کی کوئی غذا نہیں۔ کیونکہ یقیناً غذائے جسمانی سے غذائے روحانی افضل والذ ہے اس لئے کہ تمام اسباب نعم سے اصل مقصود راحت قلب ہے جو غذائے جسمانی سے بواسطہ حاصل ہوتی ہے اور غذائے روحانی سے بلاواسطہ پھر کمال یہ کہ اس دسترخوان پر مختلف غذائیں ہیں کبھی تم محب ہو اور حق تعالیٰ محبوب اور پھر حق تعالیٰ محب ہیں اور تم محبوب اس کی لذت اور ہی کچھ ہے پھر خلق کو تم سے محبت ہو جاتی ہے اس میں کچھ اور ہی حظ ہے۔ ان مختلف اقسام سے لذت بہت ہی بڑھ جاتی ہے۔ پس ہم کو ایمان وعمل صالح کی تکمیل میں کوشش کرنی چاہئے۔

مشاہدہ کے اقسام مع حکمت ومثال

فرمایا کہ مشاہدہ کی دو قسمیں ہیں۔ ایک مشاہدہ تام یعنی رویت یہ تو جنت میں ہوگا۔ دنیا میں نہیں ہوسکتا۔ دوسرے مشاہدہ ناقص یعنی استحضار تام یہ دنیا میں بھی ہوتا ہے۔ گو مشاہدہ تام کے سامنے یہ دوسری قسم استتار ہی میں داخل ہے۔ مگر چونکہ دنیا میں سالک کو اس سے بہت کچھ تسلی ہو جاتی ہے اس لئے یہاں کے اعتبار سے استحضار تام ہی کو مشاہدہ کہا جاتا ہے۔ یہ مشاہدہ خواہ تام ہو یا ناقص اس کا دوام بندہ کی مصلحت کے خلاف ہے نہ اس لئے کہ وہاں سے کچھ کمی

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

ہے بلکہ اس وجہ سے کہ بندہ کو دوام مشاہدہ کا تحمل نہیں۔ کیونکہ دنیا میں تجلی دائمی سے بندہ مغلوب ہو جاتا ہے اور ہر وقت ایک استغراقی کیفیت طاری رہتی ہے اور مغلوبیت میں اعمال کے اندر کمی آ جاتی ہے جس سے قرب کم ہو جاتا ہے کیونکہ مدار قرب اعمال ہی پر ہے۔ اس لئے حق تعالیٰ نے یہ تو نہیں کیا کہ حضور تام کے ہوتے ہوئے یا رویت کے ہوتے ہوئے حضور یا رویت سے منع کر دیا ہو کیونکہ یہ صورت سالک کے لئے اشد ہے بلکہ یہ کیا کہ سالک کو مخلوق کی طرف متوجہ کر دیا اور جنت میں بعض اوقات لذائذ نفس کی طرف متوجہ کر دیں گے۔ اس کی ایسی مثال ہے جیسے ایک محبوب نے عاشق کو دیکھا کہ یہ بڑے غور سے مجھے تک رہا ہے۔ اس کو اندیشہ ہوا کہ کہیں زیادہ دیکھنے سے مر نہ جاوے تو اب ایک صورت تو یہ تھی کہ عاشق کو اپنے سامنے رکھ کر دیدار سے منع کر دے کہ ہم کو مت دیکھو۔ یہ صورت بہت سخت ہے۔ اس میں عاشق کو سخت بے چینی ہوتی ہے۔ اس لئے محبوب نے یہ تو نہیں کیا بلکہ اس نے تھوڑی دیر کے واسطے عاشق کو بازار بھیج دیا کہ جاؤ آم لے آؤ اس صورت میں گو محبوب سے فی الجملہ استتار ہو گیا مگر اس سے شوق معتدل ہو جاوے گا اور بازار جانے میں عاشق کی لذت بھی کم نہیں ہوتی کیونکہ تعمیل حکم محبوب کی بھی ایک خاص لذت ہے جو لذت دیدار ہی کے قریب ہے (عشاق اس کو خوب سمجھتے ہیں) اسی طرح حق تعالیٰ نے بھی حضور تام تجلی باقی رکھ کر دیدار مشاہدہ سے منع نہیں کیا بلکہ تجلی کو مستتر کر دیا اور عشاق کو دوسری طرف متوجہ کر دیا کہ ہر وقت حضور و مشاہدہ سے عشاق کے دل پھٹ نہ جاویں اور اس کا شوق معتدل رہے۔

نعمت: فرمایا کہ یاد رکھو بلا و مصیبت بحیثیت متنبہ اور متوجہ کرنے کے (حق تعالیٰ کی طرف نعمت ہے اور نعمت بحیثیت ڈھیل اور دھوکہ دینے کے مصیبت ہے۔

حسن ظن و قوت رجا شرط قبولیت دعا ہے

فرمایا کہ دعا کرتے وقت حسن ظن اور قوت رجا کو اپنا نقد وقت رکھو پھر ثمرہ دیکھو کہ کامیابی ہی ہوگی۔

حق تعالیٰ کے کرم کی ایک دلیل

فرمایا کہ یہ غایت کرم کی دلیل ہے کہ نماز حقیقت میں ہمارا کام ہے اور اس کا نفع

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

ہمارے ہی لئے ہے خدا تعالیٰ کو کوئی نفع نہیں۔ مگر پھر بھی ہمارے نہ کرنے پر ناراض ہوتے ہیں اور کرنے پر انعام دیتے ہیں۔

امساک باران کا ایک علاج

فرمایا کہ اصلی تدبیر امساک باران کی اس کے سبب کا ازالہ ہے یعنی حق تعالیٰ کی ناراضی کا علاج کرنا۔ وہ علاج یہ ہے۔ ماضی سے استغفار و توبہ اور آئندہ کے لئے اصلاح۔

شرط عادی عطا کی یہ ہے کہ جلدی نہ مچائے مانگے جائے

فرمایا کہ شرط عطا کی یہ ہے کہ جلدی نہ مچائے مانگے جائے خدا تعالیٰ کا تعلق تو ساری عمر کا ہے۔ چاہے ان کی طرف سے کچھ ظاہر نہ ہو تم اپنا انکسار و نیاز مت چھوڑو۔ تاخیر میں بھی مصلحتیں ہوتی ہیں۔ رہا یہ سوال کہ پھر وہ مصلحتیں کیا ہیں تو آپ کوئی پارلیمنٹ کے ممبر نہیں کہ آپ کو وہ مصلحتیں بتلائی جاویں کچھ دنوں دعا مانگ کر بیٹھ جانے میں زیادہ اندیشہ ہے حق تعالیٰ کے غصہ ہو جانے کا کیونکہ پہلے تو یہ لوگ سمجھتے تھے کہ ہماری کوتاہی ہے۔ اب اس طرف کی (یعنی حق تعالیٰ کی جانب سے) کوتاہی کا خیال ہو جاتا ہے۔ ظاہر ہے کہ یہ حالت بہت اندیشہ ناک ہے کیونکہ خدا تعالیٰ پر الزام ہے جو عبودیت کے قطعاً خلاف ہے۔ اس لئے ضروری ہے کہ برابر دعا مانگتے رہو۔ وہ اگر چاہیں بالمعنی العرفی قبول کریں یا نہ کریں تم اپنا منصبی کام پورا کرتے رہو کیونکہ بندہ کے لئے مناسب یہی ہے کہ ہمیشہ عجز و انکسار ظاہر کرتا رہے۔

مناسبت شیخ کے معنی

فرمایا کہ مناسبت شیخ (جو مدار ہے افاضہ و استفاضہ) اس کے معنی یہ ہیں کہ شیخ سے مرید کو اس قدر موانست ہو جاوے کہ شیخ کے کسی قول و فعل سے مرید کے دل میں طبعی نکیر نہ پیدا ہو۔ گو عقلی ہو۔

علم مطلوب کی تعریف

فرمایا کہ علم نام ہے اعتقاد جازم کا اور تجربہ ہے کہ جس درجہ کا جزم شرع میں مقصود ہے وہ بدون عمل بالمقتضی کے حاصل نہیں ہوتا پس علم مطلوب وہی ہے جو مقرون بالعمل ہو جاوے۔

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

وعظ سے خود واعظ کو کس طرح نفع ہو جاتا ہے

فرمایا کہ جب مجھے کسی عمل میں کم ہمتی ہوتی ہے تو میں اس کے متعلق مجمع عام میں ایک عام مضمون کر دیتا ہوں۔ اس سے خود میری ہمت بھی قوی ہو جاتی ہے۔ اس میں راز یہ ہے کہ جس عمل کے متعلق عام بیان ہوتا ہے قاعدہ ہے کہ بیان میں اس کا پورا اہتمام واعتناء ہوتا ہے۔ مخاطبین پر اچھی طرح اس کی ضرورت ظاہر کی جاتی ہے تو طبعاً متکلم کے دل میں اس سے یہ اثر پیدا ہوتا ہے کہ جس بات کا ہم دوسروں کو تاکید کے ساتھ امر کر رہے ہیں سب سے پہلے خود عمل کرنا چاہئے اس سے فی الجملہ ہمت بڑھتی ہے پھر مخاطبین میں کوئی بزرگ اور نیک آدمی بھی ہوتا ہے۔ اگر بیان سے اس کا دل خوش ہو گیا اور اس نے دل سے دعا دیدی اور قبول ہو گئی یا کسی کو اس بیان سے نفع ہو گیا اور اس طور پر بیان کرنے والا ہدایت کا سبب بن گیا جو ایک بڑی طاعت ہے تو اس پر خدا تعالیٰ اس کے ساتھ بھی رحمت کا معاملہ فرما دیتے ہیں کہ اس نے ہمارے بندوں کو ہماری طرف متوجہ کیا ہے تو اس کو بھی محروم نہ رکھا جاوے یہ سب اسباب خود واعظ کو نفع حاصل ہو جانے کے ہو جاتے ہیں۔

بددین کے ساتھ ظلم اور اس کی تحریر و تصنیف کا مطالعہ مضر ہے

فرمایا کہ بددین آدمی اگر دین کی بھی باتیں کرتا ہے تو ان میں ظلمت ملی ہوئی ہوتی ہے اس کی تحریر کے نقوش میں بھی ایک گونہ ظلمت لپٹی ہوئی ہوتی ہے اور دیندار دنیا کی بھی باتیں کرے تو ان میں نور ہوتا ہے کیونکہ کلام دراصل قلب سے ناشی ہوتا ہے تو قلب کی حالت کا اثر اس میں ضرور ہوتا ہے پس چونکہ متکلم کا اثر اس کے کلام میں اور مصنف کے قلب کا اثر اس کے تصنیف میں ضرور ہوتا ہے اس لئے بے دینوں کی صحبت اور بے دینوں کی کتابوں کا مطالعہ ہرگز نہ کرنا چاہئے۔ کیونکہ مطالعہ کتب مثل صحبت مصنف کے ہے جو اثر بے دین کی صحبت کا ہوتا ہے وہی اس کی کتاب کے مطالعہ سے ہوتا ہے۔

مناظرہ کے قصد سے بھی مخالفین کی کتابوں کا مطالعہ مضر ہے

فرمایا کہ مناظرہ کے قصد سے بھی مخالفین کی کتابیں نہ دیکھنا چاہئے کیونکہ پہلوان اگر

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

کسی سے کشتی کرنا چاہے تو اس کو پہلے یہ دیکھ لینا چاہئے کہ مقابل اپنے سے کمزور ہے یا زبردست اگر کمزور ہو تو مقابلہ کرے ورنہ اس سے دور ہی رہے۔ ایسے شخص کا مقابلہ وہ کرے جو اس سے زبردست ہو۔ پس محقق کے سوا کسی کو اجازت نہیں کہ مخالفین کے رد کے درپے ہو۔ کیونکہ غیر محقق پر اندیشہ ہے کبھی خود ہی شک میں نہ پڑ جاوے۔

قلب کا اثر: فرمایا کہ قلب کا اثر انسان کے کلام اور لباس تک ظاہر ہوتا ہے یہی وجہ ہے کہ اہل اللہ کے تبرکات میں اثر ہوتا ہے اور صحبت میں اس سے زیادہ اثر ہوتا ہے۔

شیخ کی محبت درحقیقت خدا ہی کی محبت ہے

فرمایا کہ خدا تعالیٰ کے علاقہ سے کسی کے ساتھ محبت کرنا یہ درحقیقت خدا ہی کے ساتھ محبت ہے دیکھو اگر ہماری وجہ سے کوئی ہماری اولاد یا متعلقین کے ساتھ محبت کرے اس کو ہم اپنی محبت سمجھتے ہیں۔

تبرکات کا اصل

فرمایا کہ بزرگوں کی صحبت و زیارت بڑی چیز ہے ان کا تو تصور بھی نافع ہے اور یہی اصل ہے تبرکات کی کیونکہ ان کی چیزوں کو دیکھ کر ان کی یاد تازہ ہوتی ہے اور ان کی یاد سے دل میں نور آتا ہے حق تعالیٰ کے ساتھ تعلق پیدا ہوتا ہے۔

علم مطلوب کون ہے

فرمایا کہ شرعاً مطلوب وہی علم ہے جو اپنے اثر کے ساتھ ہو یعنی علم کے ساتھ عمل بھی ہو، جیسے تلوار وہی مطلوب ہے جس میں صفت قطع بھی ہو ورنہ برائے نام تلوار ہوگی۔

علم چہ بود آنکہ رہ بنمایدت — زنگ گمراہی زدل بزدایدت
ایں ہوسہا از سرت بیروں کند — خوف وخشیت دردلت افزوں کند
علم نبود غیر علم عاشقی — ماقی تلبیس ابلیس شقی
علم دین فقہ است وتفسیر وحدیث — ہر کہ خواند غیر ازیں گرد وخبیث

علم عاشقی سے مراد علم دین ہے کیونکہ ایمان ہی عشق ہے بقولہ تعالیٰ والذین امنوا اشد حباللہ اور جب ایمان ہی عشق ہے تو اسی کا علم علم عاشقی ہے۔

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

معقولات کب نافع ہیں

فرمایا کہ معقول سے اگر اثبات دین وفہم شرع میں کام لیا جاوے تو یہ بھی دین ہے اور اگر ابطال شرع کا کام لیا جائے تو پھر باغی اور تلبیس ابلیس شقی ہے۔ جیسے اگر کوئی پوچھے کہ اس کھانے میں کتنی لاگت لگی ہے تو جہاں آٹا اور گھی دال کو شمار کرتے ہیں وہیں کھانے کی میزان میں لکڑیاں اور اپلے بھی شمار ہوتے ہیں گو وہ کھائے نہیں جاتے مگر کھانے کی خدمت کرتے ہیں اور اس لئے کھانے ہی میں ان کا شمار ہوتا ہے۔

تمثیل مکروہ: فرمایا کہ وضو سے جب تک نماز نہ پڑھی جاوے اس وقت تک دوسرا وضو مکروہ ہے کیونکہ جب اس نے غیر مقصود کو ادائے مقصود سے پہلے مکرر کیا تو اس نے غیر مقصود کو مقصود بنالیا اور یہ حد سے تجاوز ہے۔

تبلیغ اور مصالح: فرمایا کہ بعض لوگ تبلیغ کو مصالح کے خلاف سمجھتے ہیں ارے میں کہتا ہوں کہ تم اپنے مصالح کو پیس دو مسالہ کو جتنا پیسو گے اتنا ہی کھانا عمدہ ہوگا۔ کیسا مصالح لئے پھرتے ہو۔ غذا کا اہتمام کرو۔ فضول کام میں نہ لگو۔ نیز سامعین کے مجمع کے کم وبیش ہونے پر بھی نظر نہ کرو کام شروع کردو۔ پھر اثر بھی ہونے لگے گا۔

حقیقت تقویٰ: فرمایا کہ تقویٰ کا استعمال زیادہ تر اس خوف کے لئے ہوتا ہے جس میں اجتناب عن المعاصی بھی ہو محض خوف اعتقادی کے لئے کم استعمال ہوتا ہے۔ تو یوں کہے کہ تقویٰ خوف مقرون بالعمل کو کہتے ہیں اور خشیت خوف اعتقادی کو۔ اور اصلی شرف جس سے انسان خدا تعالیٰ کے یہاں مکرم ومعزز ہوتا ہے یہی تقویٰ ہے۔

میراث کے متعلق ایک اہم مسئلہ

فرمایا کہ **جعلنا کم شعوبا و قبائل لتعارفوا** یہ شناخت بھی داخل ہے کہ کون ہمارا عصبہ ہے اور کون ذوی الارحام اور کون ہم سے دور ہے تاکہ بقدر قرب وبعد نسب ان کے حقوق شرعیہ ادا کئے جاویں اور میراث میں ایک کو دوسرے پر ترجیح دیں اور اس کے سوا اور بھی مصلحتیں ہیں نہ اس لئے کہ ایک دوسرے پر تفاخر کرو۔

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

شرف نسب سبب فخر نہیں

فرمایا کہ شرف نسب بوجہ امر غیر اختیاری ہونے کے سبب فخر نہیں مگر اس کے نعمت ہونے میں شبہ نہیں فخر عقلاً ان چیزوں پر ہوسکتا ہے جو اختیاری ہوں اور وہ علم و عمل ہے۔ گو شرعاً اس پر بھی فخر نہ کرنا چاہئے۔ پس صاحب نسب جاہل سے غیر صاحب نسب عالم افضل ہے۔

ماں کا نسب معتبر نہیں

فرمایا کہ خدا تعالیٰ نے ماں کا نسب میں اعتبار کرنے کی جڑ ہی بالکل اکھاڑ دی ہے کیونکہ حضرت ہاجرہ جن کی اولاد حضرت اسماعیل علیہ السلام جو ابوالعرب ہیں کنیز تھیں۔

سیادت کا مدار حضرت فاطمہؓ پر ہے

فرمایا کہ سیادت کا مدار حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا پر ہے پس حضرت علی کرم اللہ کی جو اولاد حضرت فاطمہؓ سے ہے وہ سید ہے اور جو دوسری بی بی سے ہے وہ سید نہیں ہے۔ اسی طرح اگر ایک شخص کا باپ سید نہ ہو اور ماں سید ہو تو قواعد کے موافق وہ سید نہیں۔ ہاں ماں کی سیادت کی وجہ سے ایک گونہ شرف اس کو حاصل ہے۔

انگریزی کو دین سے کوئی تعلق نہیں

فرمایا کہ انگریزی کوئی علم نہیں۔ اس کو دین سے کیا تعلق۔ بلکہ اس کو پڑھ کر تو اکثر دین سے بے تعلقی ہو جاتی ہے۔

سودا کا مسخرا پن اپنی بیوی سے

فرمایا کہ آج کل فلاح روپے ملنے کو کہتے ہیں چنانچہ سودا نے اپنی بیوی سے پوچھا کہ تو تہجد کیوں پڑھا کرتی ہے کہا ہم جنت میں جائیں گے تو وہ مسخرا کہتا ہے کہ جا پاگل تو وہاں بھی ملاؤں اور طالب علموں کے ساتھ رہے گی (کیونکہ جنت والے اکثر غربا ہی ہوں گے) اور دیکھ ہم جہنم میں جائیں گے جہاں بڑے بڑے سلاطین اور امراء روسا نمرود و شداد و قارون اور ابوجہل جیسے ہوں گے۔

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

فلاح کی حقیقت راحت ہے

فرمایا کہ فلاح کی حقیقت راحت ہے اور نماز سے قلب کو وہ راحت ملتی ہے جو ہزار کھانوں سے بھی نہیں مل سکتی مگر اس راحت کا احساس ایک خاص میعاد کے بعد ہوتا ہے جو ہر شخص کے لئے اس کے مناسب ہوتی ہے۔

نماز سے صحت اچھی رہتی ہے

فرمایا کہ نماز کی ایک برکت یہ ہے کہ اس سے صحت اچھی رہتی ہے۔ اطباء بھی اس کو تسلیم کرتے ہیں کہ اخلاق حمیدہ اور افعال حسنہ کا اثر صحت پر بہت اچھا پڑتا ہے۔

اعمال کے آثار چہرے پر نمایاں ہوتے ہیں

فرمایا کہ نمازی کے دل میں نور ہے اس کا اثر چہرہ پر ظاہر ہوتا ہے اور بے نمازی کے دل میں ظلمت ہے اس کا اثر چہرہ کی بدرونقی سے ظاہر ہوتا ہے۔ معلوم ہوتا ہے کہ آگ ضرور اندر لگی ہے۔ اسی کا یہ دھواں ہے جس نے ظاہر و باطن دونوں کو سیاہ کر دیا ہے دل کی سیاہی تو یہ ہے کہ نہ رشوت سے نفرت ہے نہ جھوٹ بولنے سے نہ کسی پر بہتان باندھنے سے نہ کسی کی زمین دبانے اور قرض لے کر انکار کر دینے سے نہ لڑکوں اور عورتوں کے گھورنے سے نہ وضع نصرانی اختیار کرنے سے۔ وغیرہ وغیرہ۔

گناہوں کی سوزش کا احساس نہ ہونے کا راز

فرمایا کہ فالج غفلت کی وجہ سے جسم سن ہو رہا ہے یا غفلت کا کلوروفارم سونگھ رہا ہے اس لئے گناہوں کی سوزش کا احساس نہیں ہوتا مگر ایک دن یہ فالج اور یہ سن اور یہ بے ہوشی اترے گی اور اس وقت گناہوں کی سوزش کا احساس ہوگا۔

گناہوں سے دل کمزور ہو جاتا ہے
اسی لئے حوادث میں حواس باختہ ہو جاتا ہے

فرمایا کہ گناہوں کی آگ خدائی آگ ہے جس کی خاصیت یہ ہے نار اللہ

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

الموقدة التی تطلع علی الافئدہ اس کا اصل محل قلب ہے اور دعویٰ سے کہا جاتا ہے کہ گنہگار کا دل بے چین ہوتا ہے اس کو راحت و چین نصیب نہیں ہوتا۔ گناہ سے دل ضعیف اور کمزور ہوتا ہے جس کا تجزیہ نزول حوادث کے وقت ہوتا ہے کہ متقی اس وقت مستقل مزاج رہتا ہے اور گنہگار کے حواس باختہ ہو جاتے ہیں۔

قوت عملیہ کی کمزوری کی وجہ قوت علمیہ کی کمزوری

فرمایا کہ ہماری قوت عملیہ اس لئے کمزور ہے کہ قوت علمیہ کمزور ہے۔ اگر ہم کو گناہوں کا ضرر پورا پورا معلوم ہوتا تو ترک صلوٰۃ پر ہم کو جرات نہ ہوتی۔ جیسے سنکھیا کے ضرر کا ہم کو علم ہے تو کبھی تجربہ اور امتحان کے لئے کسی نے نہ کھایا ہوگا۔ اسی طرح اوپر سے گرنے کا ضرر سب کو معلوم ہے تو امتحان کے واسطے کبھی اوپر سے نہ گرا ہوگا۔

خلوت کا مقصود اور جلوت میں خلوت ہو سکتی ہے

فرمایا کہ خلوت کے معنی یہ ہیں کہ دل خدا کے ساتھ لگا رہے۔ پس جب تک خلوت میں دل خدا کے ساتھ لگا رہے خلوت میں رہو اور جب خلوت میں قلب کو انتشار اور ہجوم خطرات ہونے لگے تو مجمع میں بیٹھو مگر نیک مجمع میں۔ اس سے خطرات دفع ہوں گے۔ اس وقت یہ جلوت ہی خلوت کے حکم میں ہے۔ کیونکہ مقصود ربط قلب باللہ ہے اور اس وقت خلوت سے حاصل نہیں بلکہ مجمع میں بیٹھنے سے حاصل ہے۔

چو ہر ساعت از بجائے رود دل — بہ تنہائی اندر صفائی نہ بینی
گرت مال وزر ہست وزرع وتجارت — چو دل باخدا یست خلوت نشینی
چو باہمہ چو بامنی بے ہمہ — چوں بے ہمہ چو بے منی باہمہ

علم وعمل موجب شرف کب ہے اور قابل شکر ہر وقت ہے

فرمایا کہ علم وعمل جبھی شرف ہے جبکہ وہ خدا کے یہاں مقبول ہو جاوے اور اس کا یقینی علم کسی کو نہیں۔ بلکہ اپنی علم وعمل کی حالت پر نظر کر کے اگر عدم قبول یقینی ہو تو بعید نہیں۔ پھر فخر کرنے کا کیا موقع۔ اور یہ بھی معلوم ہے کہ علم وعمل کا اعتبار خاتمہ سے ہے اور اس کی بھی خبر نہیں کہ ہمارا خاتمہ کس

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

حال میں ہونے والا ہے اس لئے ناز کرنا اترانا کیا زیبا ہے ہاں اس کو نعمت الٰہی سمجھ کر شکر کرتے رہو۔

سلوک کا مدار ہی کف نفس پر ہے

فرمایا کہ سلوک کا مدار اسی پر ہے کہ نفس کو شہوات سے روکا جاوے جس میں معاصی سے تو بالکلیہ ہی روکنا ضرور ہے اور مباحات کی بھی تقلیل ضروری ہے۔

مسلمانوں کو گناہ میں پوری لذت نہیں مل سکتی

فرمایا کہ مسلمان کو گناہ کرتے ہوئے خدا تعالیٰ کا خوف ضرور ہوتا ہے کہ اس سے اللہ تعالیٰ ناراض ہوں گے اور آخرت میں عذاب ہوگا۔ یہ خیال ساری لذت کو مکدر کر دیتا ہے۔ اس لئے مسلمان کو گناہ میں پوری لذت نہیں مل سکتی۔

مومن کو نور ایمان کی وجہ سے تحصیل شدہ اشیاء کا احساس ضرور ہوتا ہے

فرمایا کہ مومن کو ایمان کی وجہ سے نور ضرور حاصل ہوتا ہے اور جو شے حاصل ہے اس کا احساس ضرور ہوتا ہے۔ گو اس کی طرف التفات نہ ہو۔ جیسے آنکھ آفتاب کی روشنی میں کام کرتی ہے مگر اس کی طرف کبھی التفات نہیں ہوتا۔

منکر نکیر کی اصلیت

فرمایا کہ عام لوگ منکر بکسر الکاف کہتے ہیں یہ غلط ہے۔ وہاں منکر کوئی نہ ہوگا بلکہ دنیا کے منکر بھی وہاں مقر ہو جاویں گے۔ صحیح لفظ منکر بفتح الکاف ہے جس کے معنی ناآشنا کے ہیں اور یہی معنی نکیر کے ہیں۔ اور حکمت ان ناموں کے اختیار کرنے میں یہ ہے تاکہ سنتے ہی فکر ہو جاوے کہ وہاں ایسے لوگوں سے سابقہ پڑے گا۔ جو ناآشنا ہوں گے۔

خواب میں حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی زیارت کا حکم

فرمایا کہ اگر خواب میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت ہو جاوے تو یہ کچھ کمال مامور بہ نہیں گو نعمت عظمیٰ ہے اور اگر کسی کو عمر بھر زیارت نہ ہو یہ کچھ نقص منہی عنہ نہیں کیونکہ کمال و نقص کا مدار تو امور اختیاریہ ہیں۔ غیر اختیاریہ امور کے نہ ہونے سے نقص لازم نہیں آتا۔

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

خطا معاف کر دینے سے دل کا کھل جانا بھی ضروری نہیں

فرمایا کہ اس طریق میں تکدر قلب شیخ مانع و حاجب ہے اسی لئے حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت وحشی کو جنہوں نے حضرت حمزہؓ کو برے طور سے قتل کیا تھا اپنے سامنے آنے سے روک دیا کہ روز روز دیکھ کر انقباض ہوگا اور میرے انقباض سے ضرر ہوگا کہ فیوض و برکات سے حرمان ہو جائے گا۔ اس میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے صرف اپنی ہی راحت کا سامان نہیں کیا بلکہ ان کی راحت کا بھی سامان تھا کہ ان کو بعد ہی میں ترقی ہو سکتی تھی۔ دوسرے اس میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے امت کو بھی اس قسم کے امور طبعیہ اور جذبات بشریہ کی رعایت و موافقت کی اجازت دی اور بتلا دیا کہ مجرم کی خطا معاف کر دینا اور ہے اور دل کھل جانا اور ہے یہ ضرور نہیں کہ خطا معاف کر دینے کے ساتھ دل بھی کھل جاوے۔

جذبات بشریہ پر عمل کرنے میں عزیمت و رخصت کا محل

فرمایا کہ جس شخص کے سامنے آنے سے کلفت قابل برداشت ہوتی ہو وہاں عزیمت پر عمل کرے یعنی آنے سے منع نہ کرے۔ بلکہ اپنے دل پر جبر کرے اور جہاں کلفت نا قابل برداشت ہو وہاں رخصت پر عمل کرے یعنی اس کو آنے سے منع کر دے۔

ہر حالت میں عزیمت پر عمل کرنا کمال نہیں

فرمایا کہ بعض لوگوں کو ہر حالت میں عزیمت ہی پر عمل کرنے کا شوق ہوتا ہے یہ کوئی کمال نہیں۔ بلا وجہ رخص شرعیہ و نعم الٰہیہ سے باوجود ضرورت کے بھی کام نہ لینا خدا تعالیٰ کو ناپسند ہے۔ حدیث میں ہے ان اللہ یحب ان یوتی رخصہ کما یحب ان یوتی عزائمہ یعنی حق تعالیٰ چاہتے ہیں کہ ان کی رخصتوں پر بھی ویسا ہی عمل کیا جاوے جیسا کہ وہ چاہتے ہیں کہ ان کی عزیمتوں پر عمل کیا جاوے۔

ہر مسلمان کو گناہ سے وحشت ہونے کا راز

فرمایا کہ جن لوگوں کو نور سے زیادہ تلبس ہوتا ہے انکو ظلمت سے زیادہ وحشت ہوتی ہے پس چونکہ

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

ہر مومن میں نور ایمان ضرور ہے اس لئے گناہوں کی ظلمت سے ہر مسلمان کو وحشت ضرور ہوتی ہے۔

امر بالمعروف کا طریق

فرمایا کہ ہاتھ سے امر بالمعروف کرنے کا حکم عام نہیں بلکہ اہل حکومت کے ساتھ خاص ہے کیونکہ جہاں حکومت نہ ہو وہاں نرمی ہی مناسب ہے۔ امام صاحب نے اس راز کو خوب سمجھا ہے چنانچہ فرماتے ہیں کہ کوئی شخص کسی کا طنبورا یا مزامیر (یعنی گانے بجانے کے آلات) توڑ دے تو اس پر ضمان لازم آوے گا اور صاحبین فرماتے ہیں کہ ضمان نہ آئے گا اس نے ازالہ منکر کیا ہے اور حدیث میں ازالہ منکر کے ہاتھ سے بھی حکم ہے۔ امام صاحب اس کا جواب دیتے ہیں کہ ہاتھ سے ازالہ منکر کرنے کا اختیار حکام کو ہے۔ عوام کو اس کا اختیار نہیں۔ امام صاحب کے قول کا راز یہ ہے کہ عوام کی دست اندازی سے فساد ہوگا اور شریعت کا مقصود امر بالمعروف و نہی عن المنکر سے اصلاح ہے نہ کہ فساد لیکن حکومت کے درجے ہیں۔ باپ کو بیٹے پر اور شوہر کو بیوی پر۔ استاد کو شاگرد پر فی الجملہ حکومت ہوتی ہے لہذا ان کو اپنے ماتحتوں کے ساتھ ہاتھ سے بھی امر بالمعروف کا حکم ہے۔ لیکن غیروں کے ساتھ ایسا نہ چاہئے۔ وہاں صرف زبان سے کام لیں اور وہ بھی نرمی سے۔ نیز امر بالمعروف بزرگوں کو بھی کیا جاتا ہے مگر وہاں نرمی کے ساتھ ادب بھی ضروری ہے۔

انفاق معتبر کی تعریف

فرمایا کہ انفاق معتبر وہی ہے جس سے دل پر معتد بہ اثر ہو اور کچھ دکھن محسوس ہو پھر رفتہ رفتہ خرچ کی عادت ہو جاوے گی۔

مال حرام و حرام مخلوط بالحلال کے زکوٰۃ کا حکم

فرمایا کہ بعض لوگ سمجھتے ہیں کہ حرام مال میں زکوٰۃ نہیں۔ یہ علی الاطلاق صحیح نہیں بلکہ یہ حکم اس مال حرام کا ہے یقیناً حرام ہو اور حلال سے مخلوط نہ ہوا ہو۔ اگر مخلوط ہو گیا تو پھر سارے کی زکوٰۃ واجب ہے اور جو مال حرام حلال سے مخلوط نہ ہو اس کو اصل مالکوں کو اس کے ذمہ پہنچانا واجب ہے۔

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

اطمینان بالدنیا کا مطلب

فرمایا کہ اطمینان بالدنیا کا مطلب یہ ہے کہ حرکت الاخرۃ نہ ہو حرکت الی الاخرۃ جو مقابل ہے حرکت تین قسم کی ہوتی ہے ایک حرکت اعتقادی کہ اعتقاد درست ہو ایسا نہ ہو جیسا کہ کفار کا دوسرے حرکت عملی کہ اعمال آخرت کا اہتمام ہو تیسرے حرکت حالی کہ آخرت کی دھن میں ہر وقت بے چین ہو اور اسی کی کاوش ہو۔

حسن سے سیری کی دو صورتیں

فرمایا کہ حسن سے سیری کی دو صورتیں ہیں ایک یہ کہ حسن منتہی ہو دوسرے یہ کہ طلب نہ ہو پہلی صورت سیری تو حق تعالیٰ کے ساتھ ہو نہیں سکتی کیونکہ اس کے حسن کی انتہا نہیں ہاں یہ صورت البتہ ہے کہ ہمارے طرف سے طلب نہ ہو۔

طلب اور دھن پیدا کرنے کا طریقہ

فرمایا کہ طلب اور دھن پیدا کرنے کا طریقہ یہ ہے کہ مراقبات کرو دنیا کے فنا و اضمحلال کا اپنی موت کا اور آخرت کے بقا و ثبات کا اور ثواب و عقاب کا اور حق تعالیٰ کے انعامات و احسانات کا اہل اللہ کی صحبت اختیار کرو۔ ذکر کرو۔

مراقبہ حیات کا طریقہ

فرمایا کہ اگر موت کے سوچنے سے کسی کا دل گھبراوے تو حیات کو سوچو کہ اس حیات سے اچھی ایک دوسری حیات ہے جو خیر بھی ہے۔ ابقیٰ بھی الذ بھی اشھیٰ بھی۔

سوچنے کی مثال

فرمایا کہ سوچنے کی مثال ایسی ہے جیسے گھڑی میں بال کمانی کہ ہے تو مختصر مگر تمام پرزوں کی حرکت اسی سے ہوتی ہے اسی طرح سوچنے سے دین کے قلعے فتح ہو جاتے ہیں۔

حقہ کیا ہے ایک ڈاکو ہے

فرمایا کہ حقہ ایک ڈاکو ہے یعنی بیش قیمت وقت کا لوٹنے والا دو پیسہ کا تبا کو خرچ کر کے اس

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

کی بدولت جتنا چاہو مجمع کرلو اور اوقات سب کے برباد کرلو بس حقہ کیا ہے جامع المتفرقات۔

گھوڑوں کے پرداخت کی ترغیب

حدیث میں ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے نزدیک عورتوں کے بعد (دنیا کی چیزوں میں) گھوڑوں سے زائد کوئی چیز پسندیدہ نہ تھی۔ چنانچہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ ان کی پیشانیوں کو چھوا کرو ان کے لئے برکت کی دعا کیا کرو اور زینت کے واسطے ان کو ہار پہنایا کرو۔ اور ان کی پیشانیوں، گردن، دموں کے بال نہ کاٹا کرو کیونکہ ان کی دم مور چھل ہیں۔ ان کی ایال سردی کو دفع کرنے والی ہے۔ اور ان کی پیشانیوں میں بھلائی رکھ دی گئی ہے اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ بہترین گھوڑا سیاہ رنگ والا ہے جس کی پیشانی میں سفید ٹیکہ ہو اور اوپر کے ہونٹ میں سفیدی ہو۔ پھر اس کے بعد اس گھوڑے کا درجہ ہے۔ جس کی پیشانی میں سفید ٹیکہ ہو اور پیر سفید ہو مگر داہنا ہاتھ سارے بدن کے رنگ ہی کا ہو (یہ ایک عمدہ تحقیق تھی اس لئے لکھ دی گئی ورنہ یہ حضرت کا ملفوظ نہیں)

مرض کا تعدیہ نہیں

فرمایا کہ مرض کا تعدیہ نہیں بلکہ جس طرح اولاً حق تعالیٰ کسی کو مریض بناتے ہیں اسی طرح دوسرے کو اپنے مستقل تصرف سے مریض کر دیتے ہیں۔ میل جول وغیرہ سے کوئی مرض کسی کو نہیں لگتا یہ سب وہم ہے۔

مسلمان کی وضع اتباع احکام ہے

فرمایا کہ مسلمان کی وضع تو اتباع احکام ہے بقول کسی کے

زندہ کنی عطائے تو ور بکشی فدائے تو　　دل شدہ مبتلائے تو ہر چہ کنی رضائے تو

ہدیہ کے استعمال کی ترغیب

فرمایا کہ جو شخص کسی کے پاس اللہ کے واسطے کوئی شے لاوے تو ضرور کھانا چاہئے۔ اس سے نور پیدا ہوتا ہے۔

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

مباحات میں تنگی مناسب نہیں

فرمایا کہ مباحات میں ہم کو تنگی نہ کرنا چاہئے اور راز اس میں یہ ہے کہ اس تناول مباح میں ایک شان افتقار وانکسار کی ہے جو مطلوب ہے اور ترک وتقیق میں شائبہ استغنا کا ہے جو کہ پسندیدہ نہیں۔ دوسرے یہ کہ مباحات کے ترک سے بھی دل میں قساوت پیدا ہو جاتی ہے۔ بزرگوں نے فرمایا ہے کہ جو شخص چالیس دن برابر گوشت کھاوے اسکے دل میں بھی قساوت پیدا ہو جاتی ہے اور جو نہ کھاوے اسکے دل میں بھی اسلئے کہ جو ترک کرتا ہے اسکے دل میں عجب پیدا ہو جاتا ہے اور وہ بھی منافی خشوع ہے۔

کمال ہر کام کا انہماک سے ہوتا ہے

فرمایا کہ ایمان کامل کے لئے لازم ہے کہ طبیعت اور خوبی سب مسلمانوں کی سی ہو۔ رغبت اسی چیز سے ہو جو حدیث وقرآن سے ثابت ہو۔ اور ایسے لوگوں کو اسی چیز سے نفع ہوتا ہے جو حدیث وقرآن میں ہے وہ مستحبات پر ویسا ہی عمل کرتا ہے جیسے واجبات پر۔ وجہ یہ ہے کہ کمال ہر کام کا ایسے ہی انہماک سے ہوتا ہے۔ مستحب اور واجب کی تنقیح سے نہیں ہوتا۔

ذراری المشرکین والمومنین کا حکم

مشرکین اور مومنین کے اولاد صغار کے متعلق دریافت کیا گیا تو روایات کی تطبیق حسب ذیل فرمایا۔ **عن عائشة قلت یا رسول الله ذراری المومنین فقال من آبائهم فقلت یا رسول الله بلاعمل. قال الله اعلم بما کانوا عاملین. قلت یا رسول الله ذراری المشرکین قال من ابائهم فقلت بلاعمل فقال والله اعلم بما کانوا عاملین.** مطلب یہ کہ مدار جزا کا تو عمل ہی پر ہے اور بلوغ کے بعد یہ جو عمل کرتے وہ اللہ ہی کو معلوم ہے کہ کیا کرتے (اور اللہ تعالیٰ اس کے موافق ان کو جزا دیتا) مگر وہ عمل واقع نہیں ہوا۔ اس لئے اصل کے موافق تو یہ نہ مستحق ثواب کے ہیں نہ عذاب کے اور اس لئے ان کے ساتھ کوئی معاملہ جزا نہ ہوگا بلکہ الحاقاً ہوگا۔ اسی لئے دونوں جگہ من ابائهم فرمایا۔ لیکن دوسرے دلائل سے ثابت ہے کہ **ملحق باهلک الثواب** کو تو ثواب ہوتا ہے اور **ملحق باهل العذاب** کو عذاب نہیں ہوتا گو نار میں ہوں اور نار میں ہونا مستلزم

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

تعذیب نہیں اور جس وقت یہ ارشاد ہوا تھا اس وقت تک یہی حالت تھی کہ ذراری المشرکین جہنم میں تھے گو معذب نہ تھے کیونکہ اعمال شرکیہ سے منزہ تھے۔ بعد میں معلوم کرادیا گیا کہ وہ جنت میں بوجہ شفاعت رسول مقبول صلی اللہ علیہ وسلم بطور خدام اہل الجنۃ کے ہوں گے یعنی اعمال نہ ہونے کے سبب ان کو ملوکیت کا درجہ تو عطا نہ ہوگا لیکن بالغ ہوکر مملوکیت کی حیثیت سے جنت میں مقیم ہوں گے۔ بخلاف ذراری المومنین کے کہ وہ بوجہ انتساب الی المومنین کے ان کے ساتھ درجات میں بھی ملحق ہوں گے۔

لذت اور سہولت کی طلب نفس کا کید ہے

فرمایا کہ یہ نفس کا کید ہے کہ لذت اور سہولت کا طالب ہے اور شیطان بھی اس طرف مشغول رکھ کر توجہ بحق سے غافل رکھنا چاہتا ہے۔

جمعیت قلب کے تحصیل کی فکر خود منافی جمعیت قلب ہے

فرمایا کہ ایک باریک بات کہتا ہوں اس کی طرف کم التفات ہے لوگوں کو وہ یہ کہ اگر جمعیت قلب ہی کی طلب ہے تو اس کی فکر میں ہر وقت رہنا کہ جمعیت میسر ہو خود جمعیت کے بالکل منافی ہے جب یہ فکر رہی تو جمعیت کہاں رہی اور نہ اس صورت سے قیامت تک جمعیت میسر ہوسکتی ہے جمعیت جبھی ہوسکتی ہے کہ قلب اس کی تحصیل کے خیال سے خالی ہو۔

بدعت ظاہری بدظنی کی تعریف

فرمایا کہ جیسے عقائد و اعمال کی زیادت علی الحدود بدعت ظاہری ہے ایسے ہی احوال کی زیادت بھی بدعت باطنی ہے۔ مثلاً غیر اختیاری امور کے درپے ہونا اور افراط کے ساتھ اس کی تمنا کرنا۔

عارف اپنے کورائی کے برابر سمجھتا ہے

ایک صاحب نے عرض کیا کہ حضرت عارف تو اپنے کورائی کے برابر سمجھتا ہے فرمایا جی ہاں جو رائی (یعنی مبصر) ہوتا ہے وہ اپنے کورائی سمجھتا ہے۔

حسین کے خیال بلا قصد کے دفعیہ کا طریقہ

فرمایا کہ اگر کسی حسین کا خیال بلا قصد آوے تو علاج یہ ہے کہ یہ اختیار خود نہ لاوے اگر وہ خود

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

آوے آنے دیوے۔ ذرہ برابر بھی ضرر نہیں مگر قصد سے اس کا ابقا نہ کرے بلکہ اس کشمکش ہی میں تو اجر بڑھتا ہے اگر دفع ہی کرنا چاہے تو تصور کرے کسی ایسے بنئے کا جو اندھا' چوندھا بدشکل ہو جس کی ناک پچکی ہوئی ہونٹ بڑے بڑے توند بڑی سی نکلی ہوئی اور ناک سے ریٹ اور منہ سے رال بہہ رہی ہو۔ ان شاء اللہ اس تصور سے وہ خیال جاتا رہے گا اگر نہ بھی گیا تو کمی تو ضرور ہو جائے گی کیونکہ یہ عقلی مسئلہ ہے النفس لا تتوجه الیٰ شیئین فی ان واحد لیجئے ہم نے کافر سے بھی دین کا کام لے لیا اور بالکل اس خیال کا نکل جانا تو مطلوب بھی نہیں (جیسا کہ اوپر آیا کہ اسی کشمکش ہی میں تو اجر بڑھتا ہے) خلاصہ یہ کہ اگر آدمی بچنا چاہے اور ہمت اور قوت سے کام لے تو خدا تعالیٰ ضرور مدد کرتا ہے رفتہ رفتہ بالکل نکل جاتا ہے اگر نہ بھی نکلے تو کلفت برداشت کرے۔ اگر خدانخواستہ کوئی مرض عمر بھر کو لگ جاوے تو وہاں کیا کرو گے۔ عمر بھر تکلیف کو طوعاً و کرہاً برداشت ہی کرنا پڑے گا۔ یہاں بھی یہی کرو اور اگر اس پر راضی نہیں تو کوئی دوسرا خدا تلاش کرو۔ حضرت سرمد نے خوب فیصلہ فرمایا ہے۔

سرمد گلہ اختصار می باید کرد — یک کا رازیں دو کاری باید کرد
یا تن برضائے دوست می باید داد — یا قطع نظر زیاری باید کرد

تعلیم اعتدال فی الطلب

فرمایا کہ کسی کو سعی و کوشش سے اور اپنی اصلاح کی فکر سے منع نہیں کرتا۔ ہاں غلو سے منع کرتا ہوں تو نہ خلو ہو نہ تو غلو ہو (یعنی شریعت کے مقابلہ میں مقاومت نفس کر کے ورع اختیار کرے)

اعطائے عشق ولذت کا راز

فرمایا کہ اصل مقصود تو ہیبت اور خشیت ہی کا القا کرنا ہے اور مزہ اس واسطے دیتے ہیں کہ ہیبت اور خشیت کا تحمل ہو سکے اسی کو فرماتے ہیں۔

گر تو ہستی طالب حق مرد راہ — درد خواہ و درد خواہ و درد خواہ
درد دل کے واسطے پیدا کیا انسان کو — ورنہ طاعت کیلئے کچھ کم نہ تھے کروبیان

لذت مقصود ہی نہیں بلکہ وصب نصب مقصود ہے

فرمایا کہ انسان ہے تو بندہ مگر خدا بن کر رہنا چاہتا ہے کہ جو میرا جی چاہے وہ ہو۔ بس

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

حقیقت یہ ہے کہ لذت مقصود ہی نہیں۔ مقصود نصب و وصب ہے۔ چنانچہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو بخار میں شدت آئی تا کہ ثواب مضاعف ہو۔

زان بلاہا کانبیا برداشتند سربر چرخ ہفتمیں افراشتند

حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے اشد الناس بلاءً الانبیاء ثم الامثل ثم الامثل

مقصودیت کی شان تواضع میں زیادہ ہے بنسبت عمامہ کے

کسی نے اپنا حال لکھا تھا کہ عمامہ باندھنا خصوصاً جمعہ وعیدین میں بوجہ حیا و خجلت ترک کیا جاوے یا نہیں۔ ترک سنت کی وجہ سے حیاء کو ترجیح دینے کی ہمت نہیں ہوتی۔ جواب میں فرمایا کہ یہ سنن مقصود نہیں۔ پھر دوسری طرف تواضع بھی مسنون ہے جس کے بعض افراد واجب بھی ہیں تو مقصودیت کی شان تواضع میں زیادہ ہے بہ نسبت عمامہ کے۔

اشتغال کیمیا ممنوع ہے اور اس کے وجوہ

فرمایا کہ اگر کیمیا کے اشتغال میں وقت اور مال کی اضاعت غالب ہو اور کامیابی سے زیادہ ناکامی ہو یا ضیاع کی مقدار حصول سے زائد ہو تو باوجود جواز فی نفسہ کے اس عارض کے سبب حرمت کا حکم کیا جائے گا اور اسی بناء پر اشتغال بالکیمیا کو فقہا نے اسباب عزل متولی سے فرمایا ہے کہ احتمال تھا کہ مال وقف کو بھی ضائع کرے گا اور قواعد شرعیہ کا مقتضا یہ ہے کہ اگر کسی امر میں مصالح کثیر ہوں اور مفسدہ قلیل اس سے بھی منع کر دیا جاتا ہے چہ جائیکہ معاملہ بالعکس ہو کہ مفسد کثیر ہوں اور مصالح قلیل۔

احکام نذر تدقیق و تنقیح

احکام نذر کی تدقیق و تنقیح جس سے حضرت والا کی دقت نظری اور حقیقت شناسی واضح ہوتی ہے۔

۱- اگر نذر سے یا بدوں نذر کے ذبح بہ نیت تقرب لغیر اللہ کے ہو تو ذبیحہ حرام رہے گا اگرچہ اس کے ذبح کے وقت اللہ تعالیٰ کا نام لیا گیا ہو۔

۲- صاحب درمختار اپنے زمانہ کے اکثر عوام کی نذر الاموات کو فساد عقیدہ پر مبنی سمجھتے ہیں اور اکثر لوگوں کو اس میں مبتلا فرماتے ہیں اور جہل کا روز افزوں ہونا ظاہر ہے تو ہمارے زمانہ میں تو بدرجہ اولیٰ اس حالت کا ظن غالب ہے۔

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

۳- اگر نذر للہ ہو اور بزرگ کا ذکر صرف بیان مصرف کے لئے ہو تو وہ جائز ہے۔

۴- نذر سے یہ تخصیص مذکور لازم نہیں ہو جاتی دوسرے مقام کے فقراء پر صرف کر دینا بھی جائز ہے۔

۵- جو شے منذور فقراء پر صرف نہیں کی جاتی اس کی نذر بالکل غلط اور ناجائز ہے۔ جیسے چراغ جلانا یا قبر پر غلاف چڑھانا۔

۶- ان احکام کی تحقیق کے بعد اس کا فیصلہ کہ آیا یہ نذر تقرب الی اللہ کے لئے ہے یا تقرب لغیر اللہ کے لئے نہایت آسانی سے اس طرح ہو سکتا ہے کہ مسئلہ نمبر کو اس کا معیار قرار دیا جاوے یعنی ناذر کو مشورہ دیا جاوے کہ تم ان بزرگوں کے خادموں کے علاوہ دوسرے مساکین کو جن کو مزار یا صاحب مزار سے کوئی تعلق نہ ہو دے کر ان بزرگ کو ثواب بخش دو اور اس سے زیادہ صاف امتحان یہ کہ یہ کہا جاوے کہ ان کو ثواب ہی مت بخشو پھر یا تو اپنی اموات کو بخش دو یا کسی کو بھی مت بخشو اور خود بھی اس (منذور) کو مت رکھو نہ تبرک سمجھو کیونکہ اس میں برکت ہو جانے کی کوئی دلیل نہیں۔ اگر اس پر خوشی سے راضی ہو جاویں تو جان لو کہ خود بزرگوں سے تقرب مقصود نہیں بلکہ ان کا ذکر محض بیان مصرف کے لئے تھا اور اگر اس پر راضی نہ ہوں بلکہ ان ہی تخصیصات پر اصرار ہو کہ ذبح ہی ہو (گوشت خرید کر نہ پکایا جاوے) اور ان بزرگ کے متعلقین کو دیا جاوے اور خود کھانے کو برکت سمجھا جاوے۔ اور اس سے بڑھ کر یہ کہ ان تخصیصات کے خلاف کرنے سے کسی مضرت کا اندیشہ ہو تو یہ سب علامات ہیں فساد عقیدہ کی۔ اس حالت میں یہ فعل مطلقاً ناجائز ہوگا جس میں مقتدا اور غیر مقتدا سب برابر ہیں۔ البتہ جواز کی کسی صورت میں ابہام ہو تو اس میں مقتدا کو احتیاط کا مشورہ دیا جائے گا۔

حضرت حاجی صاحب کی عبدیت کی ایک حکایت

فرمایا کہ حضرت حاجی صاحب کی یہ حالت تھی کہ اپنے ہر ہر خادم کو اپنے سے افضل سمجھتے تھے اور فرمایا کرتے تھے کہ آنے والوں کے قدموں کی زیارت کو اپنے لئے ذریعہ نجات سمجھتا ہوں حضرت پر شان عبدیت کا غلبہ رہتا تھا۔ مطلب یہ تھا کہ اپنی اہلیت کا اعتقاد نہ رکھے۔ تمنا کی ممانعت نہیں۔

علاج فرح بالمدح

ایک صاحب نے عرض کیا تھا کہ حضرت اگر کوئی شخص منہ پر تعریف کرتا ہے تو نفس اس قدر

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

خوش ہوتا ہے کہ پھولا نہیں سماتا۔ اس کا کیا علاج ہے۔ فرمایا کہ اس وقت اپنے معائب کو مستحضر کر کے اس خوشی کو دبا دے۔ یہ ایک قسم کا مجاہدہ ہے۔ چند روز تعب ہوگا مگر پھر ان شاء اللہ سہل ہو جائے گا۔

حضرت والا کو کم فہموں سے مناسبت نہیں

ایک صاحب نے عرض کیا کہ حضرت جو لوگ کم فہم ہیں اور اس وجہ سے جناب سے مناسبت نہیں ہوتی اس میں ان کا کیا قصور۔ فرمایا کہ میں اس پر مواخذہ نہیں کرتا ہاں کم سمجھوں اور بدفہموں سے میں تعلق نہیں رکھنا چاہتا۔ اس لئے کہ مناسبت پیدا نہ ہوگی جو کہ شرط نفع ہے جیسا کہ حضرت موسیٰ علیہ السلام اور خضر علیہ السلام میں عدم مناسبت ہی سبب ہوئی جدائی کا۔

اللہ کے بندوں کے ساتھ رعایت کرنا بھی ایک عبادت ہے

فرمایا کہ زاہدان خشک کا فتویٰ ہے کہ ایثار قربات میں جائز نہیں مگر محققین نے اس کا جواب دیا ہے کہ یہ بھی ایک قربت ہے کہ اللہ تعالیٰ کے بندوں کے ساتھ رعایت ادب کی کرے اور یہ بھی فرمایا کہ اہل مکہ میں یہ بات بہت اچھی ہے کہ وہ حج کے زمانہ میں مسافروں کی رعایت سے خود طواف کرنا چھوڑ دیتے ہیں حالانکہ یہ کوئی واجب شرعی نہیں ہے۔ مگر جائز ہے اس میں مسافروں کو بہت سہولت ہے۔

شق راحت کے اختیار سے محبت و معرفت ترقی ہوتی ہے

فرمایا کہ میں تو راحت کا عاشق ہوں۔ ہمیشہ شق راحت کو اختیار کرتا ہوں بشرطیکہ کوئی محذور شرعی لازم نہ آوے۔ راحت میں حق تعالیٰ سے محبت پیدا ہو جاتی ہے اور محبت سے معرفت بڑھتی ہے طاعت اور فرمانبرداری میں لطف آنے لگتا ہے۔

ظاہر و باطن کا یکساں ہونا دفعیہ ہے

فرمایا کہ ایک رئیس حضرت سید احمد صاحب کے واسطے ہر سال تین سو ساٹھ جوڑے بنا کر بھیجا کرتے تھے اس پر ایک روز مجمع میں سید صاحب نے فرمایا کہ لوگوں کو خیال ہوگا کہ میں روزانہ جوڑا بدل کر خوش ہوتا ہوں۔ واللہ میری ایسی حالت ہے کہ مجھ سے اگر کمبل بندھوا کر اور سر پر گوبر کا ٹوکرا رکھ کر بازار میں نکالا جاوے تو اس حالت میں اور پہلی حالت میں کچھ فرق معلوم نہیں ہوتا۔

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

بیعت کو اڑا دینے میں لوگ کچھ کام کر لیتے ہیں

فرمایا کہ میں نے تجربہ کیا ہے کہ بیعت کے اڑا دینے میں کچھ کام کرنے لگتے ہیں اس لئے میں پہلے بیعت نہیں کرتا۔ لکھ دیتا ہوں کہ اول کام شروع کرو۔ اگر نفع ہوا تو بیعت سے بھی انکار نہیں پھر جب ان کو چسکا کام کا لگ جاتا ہے تو پھر نہیں چھوٹتا۔

فکر سے راستہ کا انکشاف ہوتا ہے

فرمایا کہ میں اول ہی گفتگو یا خط و کتابت میں طالب کے سر پر بوجھ رکھتا ہوں بس اس کی وجہ سے اسے فکر پیدا ہوتی ہے اس فکر کی وجہ سے راستہ خود بخود منکشف ہونے لگتا ہے۔

دو موذیوں کے درمیان اپنی حفاظت کی فکر چاہئے

جبکہ دو موذیوں میں ہو کھٹ پٹ　　اپنے بچنے کی فکر کر جھٹ پٹ

مطلب یہ کہ خواہ مخواہ خود چھیڑ کر کسی کا ساتھ دے کر ان کو اپنا دشمن نہ بناوے بلکہ دونوں سے علیحدہ ہو کر اپنی حفاظت میں مصروف ہو جاوے اور جس طرح بن پڑے ان کی زد سے سکون و سکوت کے ساتھ نکل جائے۔

مسلمانوں کی خدمت طاعت ہے بشرطیکہ مخدور شرعی لازم نہ ہو

فرمایا کہ میں مسلمانوں کی خدمت کو طاعت اور سعادت سمجھتا ہوں بشرطیکہ کوئی مانع شرعی نہ ہو (مثلاً سفارش میں مخاطب کی گرانی کا خیال)

غصہ کی حالت میں فیصلہ کی ممانعت

فرمایا کہ حدیث میں ہے لایقضین قاض بین اثنین وھو غضبان یعنی حاکم کو چاہئے کہ غصہ کی حالت میں کبھی فیصلہ نہ کرے بلکہ اس وقت مقدمہ کو ملتوی کر دے۔ تاریخ بڑھا دے یہاں حاکم سے مراد ہر وہ شخص ہے جس کی دو آدمیوں پر حکومت ہو۔ اس میں معلم استاد گھر کا مالک بھی داخل ہے۔

جہاں علم کی ضرورت ہو وہاں نری خوش نیتی کافی نہیں

طبیب ناواقف اور جاہل فیصلہ کرنے والا دونوں جہنم میں ہیں گو ان کی نیت درست

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

ہی ہو مگر نری خوش نیتی سے کام نہیں چلتا۔ یہاں تو علم کی ضرورت ہے۔

عدل نری نرمی کا نام نہیں

فرمایا کہ عدل فقط نرمی کا نام نہیں بلکہ جہاں سختی کی ضرورت ہو وہاں سختی کرنا بھی عدل ہے۔ اس موقع پر نرمی کرنا ظلم ہے۔

شفقت طبعی کے ساتھ غیظ شرعی کا اجتماع کمال ہے

فرمایا کہ لاتاخذکم بھما رافۃ میں تعلیم ہے کہ شفقت طبعیہ کے ساتھ غیظ شرعی بھی مجتمع رہے اور یہی کمال ہے کہ دل کڑھ رہا ہے اور پھر بھی حکم کا امتثال ہو رہا ہے۔

ذابح سے زیادہ رحم غیر ذابح کو نہیں ہو سکتا

فرمایا کہ ذابحین کو بے رحم کہنا فلسفہ کے قاعدے سے بھی غلط ہے۔ بلکہ قاعدہ فلسفہ کا مقتضا تو یہ ہے کہ جو لوگ ذبح نہیں کرتے وہ زیادہ بے رحم ہوں کیونکہ اطباء اور فلاسفہ کا اس پر اتفاق ہے کہ جس قوت سے کام نہ لیا جاوے وہ رفتہ رفتہ زائل ہو جاتی ہے جیسے ترک جماع عنت (عاجزی) کا سبب ہو جاتا ہے۔ اسی طرح انسان میں ایک صفت کڑھنے کی ہے اگر اس کا کوئی سبب واقع نہ ہو تو یہ صفت زائل ہو جاوے گی۔ ہندو چونکہ ذبح نہیں کرتے اس لئے ان کی یہ صفت معطل رہتی ہے اور مسلمانوں کی یہ صفت ذبح کے وقت حرکت میں ہوتی ہے۔ اس لئے میں بقسم کہتا ہوں کہ ذابح سے زیادہ رحم غیر ذابح کو نہیں ہو سکتا۔

آیت اِدْفَعْ بِالَّتِیْ ھِیَ اَحْسَنُ الخ
سلامت طبع مخاطب کے ساتھ مفید ہے

فرمایا کہ یہ ادفع بالتی ھی احسن فاذاالذی بینک و بینہ عداوۃ کانہ ولی حمیم سلامت طبع مخاطب کے ساتھ مقید ہے اور جن کی طبیعت میں سلامتی نہ ہو ان کے لئے دوسرا حکم ہے۔ مگر مسلمانوں میں تو زیادہ تر سلیم الطبع ہی ہیں اس لئے تم اپنے مخالفوں کو کج طبع نہ سمجھو اور نہ اپنے کام کا مخالف سمجھو بلکہ ان کی مخالفت کو غلط فہمی پر محمول کرو مثلاً یہ کہ

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

تمہاری نسبت بڑا بننے اور طالب جاہ ہونے کا خیال کرتے ہیں اس لئے شرکت نہیں کرتے۔ ان کے فعل کو اس پر محمول کر کے ان کے ساتھ نرمی کرو اور نرمی سے اصلاح کی کوشش کرو۔

عقل باندی ہے شریعت سلطان ہے

فرمایا کہ عقل باندی ہے اور شریعت سلطان ہے بس عقل کی تائید سے شریعت کی بات کو ماننا ایسا ہے جیسے غلام کے جی ہاں جی ہاں کو سن کر بادشاہ کی بات کو مانی جاوے اور اس کا حماقت ہونا ظاہر ہے۔ بادشاہ کی بات خود حجت ہے غلام کی تصدیق سے اس کو حجت سمجھنا سراسر حماقت ہے۔

صلح کرانے کا صحیح طریقہ

فرمایا کہ اصلاح کے معنی یہ ہیں کہ حکم الٰہی کے موافق فیصلہ کیا جاوے اور یقیناً صاحب حق کو دبانا حکم الٰہی کے خلاف ہے۔ پس صلح کرانے کا طریقہ یہ نہیں جو آج کل رائج ہے کہ دونوں فریق کو کچھ کچھ دبایا جاتا ہے یہاں تک کہ جس کا حق ہوتا ہے اس کو ہی دیا جاتا ہے اضرار نہیں بلکہ اس میں تو اس کو اضرار سے روکنا ہے۔ چنانچہ ارشاد ہے **و ان طائفتان من المؤمنین اقتتلوا فاصلحوا بینھما فان بغت احداھما علی الاخریٰ فقاتلوا التی تبغی حتیٰ تفیئ الیٰ امر اللہ فان فاء ت فاصلحوا بینھما بالعدل واقسطوا ان اللہ یحب المقسطین**

مطلب ہے کہ صحیح بنیاد پر صلح کراؤ اور اگر اس پر راضی نہ ہو تو سب مل کر غلط بنیاد کو ڈھال دو۔

سرپرست کی رائے کب معتبر ہے

فرمایا کہ بترجیح احدالرائین جو منصب ہے سرپرست کا وہ معتبر ہے جو اہل شوریٰ کے مفصل مباحث کے استماع کے بعد ہو اور وہ مقتضیات خاصہ سے موقوف ہے مرکز شوریٰ میں اجتماع پر ورنہ معتبر نہیں۔

مثلین کی دریافت کرنے کا ایک قاعدہ کلیہ

فرمایا کہ متعلق مثلین ایک قاعدہ کلیہ یہ ہے کہ طلوع شمس سے غروب تک جو مدت ہو اس کا ساتواں حصہ جب باقی رہے گا مثل دوم ہو جاوے گا اور اگر اس میں منٹ کی تاخیر کر لی جاوے تو کسی موسم میں غلطی نہ رہے گی۔ مثل اول میں یہ تفصیل ہے کہ جنوری فروری مارچ یعنی ان تین مہینہ میں تو مثلین سے پچاس منٹ پہلے مثل اول ہو جاتا ہے اور اپریل سے

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

اگست تک یعنی پانچ مہینہ میں مثلین سے ایک گھنٹہ دس منٹ پہلے مثل اول ہو جاتا ہے اور ستمبر سے دسمبر تک یعنی چار مہینہ میں مثلین سے بائیس منٹ پہلے مثل اول ہو جاتا ہے اور یہ سب تفاوت تدریجاً ہوتا ہے عمل کرنے میں اس کا لحاظ رکھا جاوے۔

ہماری حس کی مثال اور اس کا علاج

فرمایا کہ اب ہماری حس کی ایسی مثال ہے جیسے مارگزیدہ کو نیم کی پتیاں میٹھی معلوم ہوئی ہے اسی طرح ہم کو معاصی جو زہر قاتل ہیں۔ مزہ دار معلوم ہوتے ہیں سو اس کا علاج کرو اور علاج کے لئے کسی تجربہ کار طبیب کو تلاش کرو اور جب تک طبیب نہ ملے ایک بڑا علاج یہی ہے کہ سوچنا شروع کر دو۔

اصلاح کا طریقہ

فرمایا کہ کسی بزرگ سے تعلق پیدا کر لو۔ اگر ممکن ہو سکے تو اس کی صحبت میں رہو۔ اگر اس کے حقوق صحبت ادا نہ کر سکو تو اس سے خط و کتابت کر کے اپنے اعمال کی حفاظت رکھو اور شیخ کو اپنے حالات کی اطلاع کرتے رہو اور جو وہ بتلائے اس پر عمل کرو کیونکہ امراض باطنی کی جو دوائیں ہیں وہ ان کی خاصیت خوب جانتا ہے۔

اطمینان بالدنیا راس کل خطیئۃ اور اس کا علاج

فرمایا کہ قلب کا دنیا پر قرار ہو جانا اور آخرت کے لئے قلب کا بے چین نہ ہونا یہی جڑ ہے تمام بیماریوں کی اس اطمینان کو دل سے نکالو جس کا طریقہ یہ ہے کہ خدا تعالیٰ کی طاعت کو اپنے اوپر لازم کر لو گو بہ تکلف سہی۔ خدا کی طاعت میں اثر خاص ہے کہ اس سے فکر پیدا ہو گی اور فکر کے پیدا ہونے سے تمام کام درست ہو جاویں گے اور ایک بات اپنے اوپر اور لازم کر لو وہ یہ کہ جو اپنے جی میں آئے فوراً مت کر لیا کرو بلکہ علماء سے تحقیق کر کے کیا کرو۔ اگر ناجائز بتلائیں ہرگز کام کو مت کرو اپنے کو علماء کا محتاج سمجھو۔

آخرت سے بے خوفی کی وجہ

فرمایا کہ خطرہ بعیدہ سے عادۃً تاثر کم ہوتا ہے اس لئے قیامت و آخرت کا خوف نہیں۔

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

تمام مثنوی کا خلاصہ

فرمایا کہ جیسے تمام قرآن شرح ہے صرف تین مضمونوں کی۔ توحید' رسالت' معاد' اسی طرح حضرت حاجی صاحب نے ساری مثنوی کا خلاصہ نکالا تھا کہ تمام مثنوی میں دو مضمون اصل مقصود ہیں۔ ایک توحید حالی۔ دوسرے حقوق شیخ۔

قول ثابت کی تحقیق اور اس کے حصول کا طریقہ

فرمایا کہ قول ثابت سے مراد کلمہ طیبہ ہے جس کی جڑ عقیدہ توحید ہے اور شاخیں اعمال صالحہ ہیں۔ عقیدہ توحید کے پختہ کرنے کا طریقہ کثرت ذکر ہے اور اعمال کو صالح کرنے کا طریقہ علم دین حاصل کرنا۔ مسائل کی کتابیں دیکھنا۔ وعظ کی کتابیں مطالعہ میں رکھنا۔

کثرت ذکر کا طریقہ

فرمایا کہ کثرت ذکر کا طریقہ یہ ہے کہ چلتے پھرتے **لا الٰہ الا اللہ** کا ورد کرتے رہو کام کے وقت زبان سے کسی قدر جہر کرتے رہو کہ یاد رہے اور خالی وقت میں تسبیح ہاتھ میں رکھو۔ یہ مذکرہ ہے۔ ذکر یاد رہتا ہے۔

اعمال میں کوتاہی کا سبب

فرمایا کہ اعمال میں کوتاہی کا سبب حب دنیا اور عدم اہتمام آخرت ہے

تواضع میں جذب کشش کی خاص خاصیت

فرمایا کہ اہل اللہ کے واقعات اس پر شاہد ہیں کہ ان حضرات نے اپنے کو جتنا مٹایا خدا تعالیٰ نے ان کو اتنا ہی چمکایا۔ تواضع میں جذب وکشش کی خاصیت ہے۔ متواضع کی طرف قلوب کو خود انجذاب ہوتا ہے بشرطیکہ صحیح تواضع ہو۔ تصنع اور بناوٹ نہ ہو اہل اللہ کے اندر کشف وکرامت سے زیادہ جو چیز دلکش ودلربا ہوتی ہے وہ ان کے تواضع کے واقعات ہیں۔ بیشک تواضع سے وہ رفعت حاصل ہوتی ہے جو تصنع سے کبھی بھی نہیں ہوتی۔ **من تواضع للہ رفعہ اللہ** بالکل صادق۔

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

ولی مقتول کے عفو میں سراسر مصلحت ہے

فرمایا کہ ولی مقتول کے عفو کر دینے میں سراسر مصلحت ہے۔ ولی کی مصلحت وثواب ہے عفو کا اور اصل مقتول کی مصلحت اس کے اجر کا بڑھ جانا ہے کیونکہ جس مظلوم کا انتقام نہ لیا جاوے اس کا اجر بڑھ جاتا ہے اور مجرم کی مصلحت تو اس میں ہے ہی کہ قتل سے اس کو رہائی ہے۔

میلان الی المعصیت لوازم بشریہ سے ہے قرب عہد نبوی کا اثر

فرمایا کہ انسان جب تک زندہ ہے لوازم بشریہ سے چھوٹ نہیں سکتا۔ چنانچہ انسان کیسا ہی کامل ہو جاوے میلان معصیت کبھی کچھ نہ کچھ وسوسہ یا خیال معصیت آ ہی جاتا ہے۔ چنانچہ حکیم ترمذی ایک بزرگ گزرے ہیں جوانی میں ان پر ایک عورت عاشق ہوگئی تھی اور ہر وقت ان کی تلاش وجستجو میں رہتی تھی۔ آخر کار ایک دن باغ میں ان کو دیکھا اور وہ باغ چاروں طرف سے چار دیواری کی وجہ سے بند تھا وہاں پہنچ کر ان سے اپنے مطلب برآری کی درخواست کی یہ گھبرائے اور گناہ سے بچنے کی غرض سے بھاگ کر دیوار سے کود پڑے۔ اس قصہ کے بعد بڑھاپے میں ایک روز وسوسہ کے طور پر خیال ہوا کہ اگر میں اس عورت کی دل شکنی نہ کرتا اور اس کا مطلب پورا کر دیتا اور پھر توبہ کر لیتا تو یہ گناہ بھی معاف ہو جاتا اور اس کی دل شکنی بھی نہ ہوتی۔ اس وسوسہ کا آنا تھا کہ بہت پریشان ہوئے اور روئے۔

بردل سالک ہزاران غم بود گرز باغ دل خلالے کم شود

اس پر قلق ہوا کہ جوانی میں تو میں اس گناہ سے اس کوشش سے بچا اور آج بڑھاپے میں یہ حال ہے اور یہ سمجھے کہ جو کچھ میں نے اعمال واشغال کئے ہیں وہ سب غارت و اکارت گئے۔ اس پر حکیم موصوف نے رسول مقبول صلی اللہ علیہ وسلم کو خواب میں دیکھا کہ فرماتے ہیں اے حکیم کیوں غم کرتے ہو تمہارا درجہ وہی ہے اور جو کچھ تم نے کیا وہ ضائع نہیں ہوا۔ اور اس وسوسہ کی وجہ یہ تھی کہ وہ زمانہ میرے زمانہ سے قریب تھا اور قرب نبوی صلی اللہ علیہ وسلم میں یہ برکت ہے تو ارشادات نبوت پر عمل کرنے میں کیسی کچھ برکت ہوگی۔

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

تعشق کا علاج تزوج ہے

فرمایا کہ تعشق کا علاج تزوج ہے اگر خاص معشوقہ سے ہوتو بہت ہی بہتر ہے ورنہ غیر جگہ نکاح کرنے سے دوسرے کے تعشق میں کمی ضرور آ جاتی ہے۔ باقی تھوڑا بہت میلان تو تمام عمر رہتا ہے اگر اس کے مقتضا پر عمل نہ ہوتو اس کی فکر نہ کرنا چاہئے۔

اب کثرت اکل وحرص طعام مرض نہیں

فرمایا کہ پہلے لوگوں کے قوی اچھے تھے ان کے حق میں کثرت اکل لغیرہ مرض ہو جاتا تھا۔ اب خود قوے ضعیف ہیں اس لئے قلت اکل کی غرض خود حاصل ہے۔ اب کثرت اکل و حرص طعام مرض نہیں۔

ذلت سے بچنے کا حکم شرعی

فرمایا کہ ذلت سے بچنے کا خود شریعت کا حکم ہے۔ اس لئے جب تک حالت غالب نہ ہو یہی طریق ہے مگر جب حال غالب ہو جاتا ہے تو ذلت کو عزت سے زیادہ عزیز سمجھتا ہے۔ مگر وہ غیر اختیاری ہے اگر نہ ہو تمنا نہ کرے اگر ہو جاوے ازالہ نہ کرے۔

فساد قلبی کی دلیل

ایک صاحب نے لکھا کہ قلب میں قوت انفعالیہ کا نام ونشان نہیں۔ صحبت مجلس سے بھی حالت میں کوئی تغیر نہیں ہوتا اس لئے خطرہ ہے کہ کہیں قائلین **قلوبنا غلف** یا ارشاد **لا یجاوز حناجرھم الحدیث** کا مصداق تو نہیں ہو گیا فرمایا کہ جو لوگ اس کے مصداق ہوتے ہیں ان کو اس کے مصداق ہونے کا احتمال تک بلکہ التفات تک نہیں ہوتا یہی دلیل ہے اس کے مصداق نہ ہونے کا۔

حصول کیفیات کے لئے دعا جائز ہے

فرمایا کہ حصول کیفیات کے لئے بھی دعا کرنا جائز ہے پھر خواہ کسی صورت سے قبول ہو اس پر راضی ہے۔

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

چین نہ آنا معصیت نہیں صرف کلفت ہے جو موجب اجر ہے

ایک صاحب نے لکھا کہ اگر کوئی شخص کسی قسم کی تکلیف ونقصان پہنچادے تو چین نہیں آتا جب تک کہ اس سے انتقام نہ لے لوں۔ اس کا کیا علاج ہے۔ فرمایا کہ چین نہ آنا معصیت نہیں صرف کلفت ہے جس کا تحمل مجاہدہ اور موجب اجر ہے تو چین نہ آنا مضر نہ ہوا بلکہ نافع ہوا۔ باقی کلفت کا علاج یہ معلم دین کا منصب نہیں لیکن تبرعاً وہ لکھے دیتا ہوں کہ چند روز تحمل کرنے سے یہی عادت ہوجاوے گی پھر اس درجہ کلفت نہ ہوگی۔

جنت میں انتظار و بے چینی نہ ہوگی

فرمایا کہ یہاں طلب زیادہ ہے اور استعداد کم اس لئے عطا میں دیر ہوتی ہے اور اس لئے بے چینی ہوتی ہے وہاں آخرت میں استعداد سے زیادہ طلب ہی نہ ہوگی بلکہ جتنی طلب ہوگی وہاں اس کی استعداد بھی ہوگی اس لئے وہ اول ہی بار عطا فرمادی جاوے گی اور اس سے آگے جو عطا ہوگی وہ بلا طلب عطا ہوگی اس لئے اس کا انتظار ہی نہ ہوگا۔ غرض جنت میں انتظار و بے چینی نہ ہوگی۔

بوڑھوں، سیدوں اور ذاکرین کا احترام

فرمایا کہ بوڑھوں، سیدوں اور ذاکرین سے خدمت نہیں لیتا۔

مسائل مختلف فیہ کا محل اور دستور العمل

فرمایا کہ جس مسئلہ پر زور دینے میں فتنہ کھڑا ہوتا ہو اس میں گفتگو بند کردی جاوے کیونکہ اس خاص مسئلہ دین کی حمایت کرنے سے فتنہ کا دبانا زیادہ ضروری ہے ہاں مقتدائے اسلام کو شریعت کی ہر بات صاف صاف کہنا چاہئے جیسے امام حنبل نے خلق قرآن کے متعلق صاف صاف کہہ دیا تھا۔ اور جو ایسا بڑا مقتدا نہ ہو اس کو بحث کی ضرورت نہیں جہاں مخاطب سمجھدار منصف مزاج ہو وہاں صحیح مسئلہ بیان کردے جہاں بحث مباحثہ کی صورت ہو خاموش رہے۔

نا اتفاقی محمود بعد مذموم کا بیان

نا اتفاقی کی غرض سے اتفاق کرنا تو برا ہے اور اتفاق کی غرض سے نا اتفاقی کرنا جائز بلکہ

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

واجب ہے۔ اسی طرح اگر خدا تعالیٰ سے نا اتفاقی کرنے میں اتفاق ہو یعنی معاصی پر اجماع ہو تو وہ اتحاد سب سے بدتر اتحاد ہے اور ان کے ساتھ نا اتفاقی کرنا اور مقابلہ کرنا محمود ہے۔

صرف مصافحہ فریقین صلح کرنے کیلئے کافی نہیں

فرمایا کہ بعض صلح کرانا اس کو سمجھتے ہیں کہ جہاں دو آدمیوں میں نزاع ہو فوراً دونوں کا مصافحہ کرادیا جاوے۔ خواہ فریقین کے دل میں کچھ بھی بھرا ہو۔ میں کبھی ایسا نہیں کرتا بلکہ میں کہتا ہوں کہ پہلے معاملہ کی اصلاح کرو پھر مصافحہ کرو ورنہ بدوں اصلاح معاملہ کے مصافحہ بیکار ہے اس سے فریقین کے دل کا غبار نہیں نکلتا تو مصافحہ کے بعد پھر مکافحہ شروع ہو جاتا ہے یعنی مقاتلہ۔

صلوٰۃ الخوف کا محل

فرمایا کہ لوگ یہ سمجھتے ہیں کہ صلوٰۃ الخوف وقت قتال کے لئے مشروع ہے یہ بالکل غلط ہے بلکہ وقت خوف قتال کے لئے ہے اور جب خوف سے بڑھ کر وقوع قتال کی نوبت آ جاوے اس وقت نماز موخر ہو جاتی ہے۔ قتال کے ساتھ نماز کی اجازت نہیں بلکہ صلوۃ الخوف میں بھی اگر قتال شروع ہو جاوے تو حکم یہ ہے کہ نماز توڑ دیں اور اس میں نماز کی بے وقعتی بھی نہیں بلکہ نماز کی وقعت یہی ہے کہ ایسے وقت میں اس کو توڑ دیا جاوے کیونکہ اس سے نماز کی سہولت واضح ہوتی ہے اور سہل کام پر دوام ہو سکتا ہے اسی طرح اگر وسط صلوٰۃ میں اسٹیشن پر ریل چھوٹ جاوے تو نماز توڑ دینا جائز ہے۔ اور بعض بزرگوں سے جو منقول ہے کہ انہوں نے نماز نہیں توڑی یہ ان کا حال ہے ورنہ شرعاً قطع صلوٰۃ کی اجازت ہے۔

اسلامی تعلیم خود جاذب قلوب ہے

فرمایا کہ اسلام کو اپنی طرف منجذب کرنے کے لئے غیر قوم کو بھائی بنانے کی ضرورت نہیں وہ دشمن کو دشمن کہہ کر بھی اپنی طرف کھینچ سکتا ہے کیونکہ اسلام نے دوسری قوموں کے حقوق کی بھی رعایت کی ہے وہی حقوق اور وہی رعایت سب کے جذب کے لئے کافی ہے۔

کسب دنیا بضرورت مذموم نہیں ہاں مقصوداً مذموم ہے

فرمایا کہ جب دین کے لئے دنیا کماؤ گے تو وہ محض دنیا نہ رہے گی اب اس کا لقب نعم

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

المال ہوگا جس کا لقب پہلے الدنیا جیفۃ تھا کہ دنیا گندی حرام ہے پس کسب دنیا بضرورت مذموم نہیں ہاں مقصود اً مذموم ہے جیسے کوئی شخص کنڈوں کو مقصود سمجھے اور انہیں کھانے لگے تو احمق ہے اور اگر ان کو روٹی کے توے کے نیچے جلائے تو بڑا عاقل ہے۔

نہ مرد است آنکہ دنیا دوست دارد　　اگر دارد برائے دوست می دارد

مسلمانوں کی ترقی کا راز محض دین ہے

فرمایا کہ اے مسلمانو تم ترقی کے لئے ہمیشہ یہ دیکھو کہ مسلمانوں کو کیونکر ترقی ہوئی اور یہ ہرگز نہ دیکھو کہ کفار کی ترقی کیونکر ہوئی۔ کیونکہ ہر قوم کا مزاج باطنی الگ ہے۔ یہ ضروری نہیں کہ جو طریقہ ایک قوم کو مفید ہو وہ سب کو مفید ہو۔ بلکہ یہ بھی ضروری نہیں کہ جو صورت ایک قوم کے کسی فرد کو مفید ہو وہ سب افراد کو مفید ہو۔ لطیف المزاج کو وہ چیزیں نافع نہیں ہوتیں جو ایک گنوار کو نافع ہیں۔ تم اسلام کے بعد لطیف المزاج ہو گئے ہو تمہارا مزاج شاہانہ ہو گیا ہے تم کو وہ صورت مفید نہ ہوگی جو کفار کو مفید ہے۔ نیز تم ایسے ہو جیسے سر کی ٹوپی کہ جہاں اس میں ذرا سی ناپاکی لگی فوراً اتار کر پھینک دی جاتی ہے اور جوتے میں اگر ناپاکی لگ جاوے تو اس کو نہیں پھینکتے۔ اسی طرح حق تعالیٰ تم کو ناپاکی اور گندگی میں ملوث نہیں دیکھنا چاہتے۔ اگر تم ملوث ہو گئے تو فوراً پڑ لے پر کوٹے پیٹے جاؤ گے اور کفار چاہے جتنا ملوث ہو جائیں گوارا کیا جائے گا۔ چنانچہ جن لوگوں نے حضرات صحابہؓ کی ترقی کا حال تاریخ میں دیکھا ہے وہ خوب جانتے ہیں کہ ان حضرات کو محض دین کی اتباع کی وجہ سے ترقی ہوئی۔ وہ دین میں پختہ تھے۔ ان کے معاملات و معاشرت و اخلاق بالکل اسلامی تاریخ کے مطابق تھے۔ اس لئے دوسری قوموں کو خود بخود اسلام کی طرف کشش ہوتی تھی اور کسی نے مقابلہ کیا تو چونکہ انہوں نے خدا تعالیٰ کو راضی کر رکھا تھا اس لئے خدا تعالیٰ ان کی مدد کرتا تھا یہی وجہ ہے کہ باوجود بے سروسامانی اور قلت عدد کے بڑی بڑی سلطنتوں کے ان سے آنکھ ملانے کی ہمت نہ ہوتی تھی۔

اتباع شریعت موجب عزت حقیقی ہے

فرمایا تم شریعت پر چل کر دیکھو ان شاء اللہ سب تمہاری عزت کریں گے جس کی بین

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

دلیل یہ ہے کہ جو پکے مسلمان ہیں انگریز، ہندو اور پارسی وغیرہ سب ان کی عزت کرتے ہیں۔ تم دین پر قائم ہو ساری قومیں تمہاری مسخر ہو جاویں گی۔

بقائے اتحاد کا مدار تقویٰ پر ہے

فرمایا کہ اتفاق واتحاد کی بنیاد ہمیشہ دین کی حدود پر قائم کرو اور کسی عالم سے مشورہ کر کے کام کرلو۔ اتحاد ان شاء اللہ مضبوط ہوگا اور یہ اتحاد باقی جب رہے گا جب تقویٰ کی رعایت ہو گی۔ کیونکہ جب تقویٰ کی رعایت ہوگی تو خدا کا خوف ہوگا اور دوسروں کے حقوق ادا کرنے کا خیال ہوگا اور جب دوسروں کے حقوق ادا ہوتے رہیں گے تو پھر نا اتفاقی پیدا نہیں ہوسکتی۔ نا اتفاقی جبھی پیدا ہوتی ہے جب کسی کو ضرر پہنچایا جاوے یا اس کے حقوق تلف کئے جاویں۔

دیندار سے زیادہ کوئی تعلقات کے حقوق ادا نہیں کرسکتا

فرمایا کہ دیندار سے زیادہ تعلقات کے حقوق کوئی بھی ادا نہیں کرسکتا کیونکہ جب بندہ کا تعلق خدا تعالیٰ سے مستحکم ہو جاتا ہے تو دنیا کے تعلقات حقوق پہلے سے زیادہ مستحکم ہو جاتے ہیں کیونکہ پہلے تو ان حقوق کو حظ نفس کے لئے ادا کیا جاتا تھا اور حظ نفس اپنی اختیاری شے ہے۔ جب چاہو اس سے قطع نظر کرلو تو وہ حقوق ضائع ہو جاتے ہیں اور اب رضائے الٰہی کے لئے ان حقوق کو ادا کیا جاتا ہے اور رضائے حق سے قطع نظر نہیں ہوسکتی اس لئے حقوق کی ادائیگی یقینی اور جو لوگ دیندار بن کر حقوق متعلقین میں کمی کرتے ہیں وہ دین سے ناواقف ہیں حقیقت میں وہ دیندار نہیں گو دنیا ان کو دیندار سمجھتی ہے۔

ستر پوشی کی ترغیب

فرمایا کہ مخلوق کے عیوب پر نظر نہ ہونا فی نفسہ بڑی نعمت ہے۔

عمل دائمی کا اثر باطن پر ضرور پڑتا ہے

فرمایا کہ جب کسی عمل کو دائماً متروک رکھا جاتا ہے تو باطن پر اس کا اثر ضرور ہوتا ہے بدوں عمل کے اعتقاد کی جڑ نہیں کٹتی۔ چنانچہ جب سے نکاح ثانی پر عمل ہونے لگا اس وقت سے اعتقاد بھی درست ہونے لگا۔

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

رعایا کے سلطنت کی ہوس کا نتیجہ بجز پریشانی کے اور کچھ نہیں

فرمایا کہ رعایا کے سلطنت کی ہوس کرنے کا نتیجہ سوائے پریشانی کے کچھ نہیں۔ بس ان کی وہ حالت ہے جیسے چیونٹی کے مرنے کے دن جب قریب آتے ہیں تو اس کے پر لگتے ہیں۔ اس وقت وہ خوش ہوتی ہے کہ آہا میں بھی اڑنے لگی چنانچہ اسی کی یہ حالت ہوتی ہے۔

چیونٹی کے لگے پر تو وہ اڑ کر　　میں مثل سلیماں ہوں ہوا میں کئی دن سے

مگر اس کو یہ خبر نہیں کہ اس کی ہلاکت کے دن قریب آ گئے ہیں۔ اس کا منشاء محض حرص ہے اور کچھ نہیں ہوتا۔ نتائج و آثار کو دیکھنا چاہئے کہ اس ہوس خام کے آثار و نتائج کیا ہیں۔ کیا اس سے اسلام کو کچھ ترقی ہوئی ہے یا کفر کو صوفیہ بڑے محقق ہیں اور ان سے زیادہ کون دیندار ہوگا ان کی تعلیم یہ ہے۔

آرزو میخواہ لیک اندازہ خواہ　　برنتا بد کوہ را یک برگ کاہ

چنانچہ نص قرآنی ہے **لاتلقوا بایدیکم الی التھلکۃ** جس سے معلوم ہوا کہ جس ہوس کا نتیجہ ہلاکت ہو وہ ممنوع ہے۔ وہ دین نہیں خلاف دین ہے اور حدیث میں ہے **لاینبغی للمؤمن ان یذل نفسہ** جس سے معلوم ہوا کہ اپنے آپ کو ذلیل کرنا بھی جائز نہیں اگر ہلاکت نہ ہو یہ سب کی تعلیم متعلق مصائب اختاریہ کے ہے اور مصائب غیر اختیاریہ کے متعلق یہ تعلیم ہے۔ **والذین اذا اصابتھم مصیبۃ قالوا انا للہ و انا الیہ راجعون** یعنی اس آیت کا تفکر اس کا علاج ہے نہ صرف زبانی پڑھنا۔

ساری پریشانیوں کا مدار اپنی تجویز ہے
اہل اللہ کے راحت کا راز قطع تجویز ہے

فرمایا کہ ساری پریشانیوں کا مدار یہی تجویز ہے کہ انسان اپنے لئے یا اپنے متعلقین کے لئے ایک خیالی پلاؤ پکا لیتا ہے کہ یہ لڑکا زندہ رہے اور تعلیم یافتہ ہو اور اس کی اتنی تنخواہ ہو۔ پھر وہ ہماری خدمت کرے اور اسی طرح یہ مال ہمارے پاس رہے۔ اس میں یوں ترقی ہو اور اتنا نفع ہو۔ اس طرح شیخ چلی کی طرح ہر چیز کے متعلق کچھ نہ کچھ منصوبے قائم

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

کر لئے جاتے ہیں۔ اگر پہلے سے کوئی تجویز نہ ہو تو پریشانی کبھی پاس نہ پھٹکے۔ اس لئے اہل اللہ سب سے زیادہ آرام و راحت و مسرت میں ہیں۔ ان کو کسی واقعہ سے پریشانی اور غم نہیں ہوتا کیونکہ وہاں تجویز کا نشان ہی نہیں ہے بلکہ تفویض کلی ہے۔ بس ان کا غم آخرت کا تو ہے اور کسی بات کا غم نہیں مگر غم آخرت ایسا نورانی اور لذیذ ہے کہ اس کے بدلہ میں سلطنت بھی لینا نہیں چاہتے۔

غم دین خور کہ غم غم دین است　　کہ ہمہ غمہا فرو ترازین است

غم دنیا مخور کہ بے ہودہ است　　ہیچ کس در جہاں نیا سودہ است

آج کل کی ترقی کی حقیقت حرص ہے

فرمایا کہ حق تعالیٰ کا ارشاد ہے ام للانسان ماتمنی یا بھلا انسان کی ہر خواہش پوری ہو سکتی ہے یہی وجہ ہے کہ حریص کو کبھی راحت نہیں مل سکتی۔

ماکل ما یتمنی المرء یدرکہ　　تجری الریاح بہا لاتشتہی السفن

یہاں سے معلوم ہو گیا کہ آج کل جو لوگ ترقی متعارف کے معلم ہیں وہ درحقیقت پریشانی کی تعلیم دے رہے ہیں کیونکہ جس چیز کا نام انہوں نے ترقی رکھا ہے اس کی حقیقت حرص ہے اور جو لوگ ترقی متعارف سے مانع ہیں وہ راحت کے معلم ہیں کیونکہ وہ کہتے ہیں کہ ہر حال میں شریعت کے موافق چلو اور اس میں راحت ہی راحت ہے۔

حرص ام الامراض ہے

فرمایا کہ حرص تمام پریشانیوں کی جڑ ہے یہ ایسا مرض ہے کہ اس کو ام الامراض کہنا چاہئے کیونکہ اسی وجہ سے جھگڑے فساد ہوتے ہیں۔ اسی کی وجہ سے مقدمہ بازیاں ہوتی ہیں اگر لوگوں میں حرص مال نہ ہو تو کوئی کسی کا حق نہیں دبائے۔ بدکاری اور چوری کا منشا بھی لذت کی حرص ہے۔ اخلاق رذیلہ کی جڑ بھی یہی حرص ہے کیونکہ عارفین کا قول ہے کہ تمام اخلاق رذیلہ کی اصل کبر ہے اور کبر ہوس جاہ ہی کا نام ہے۔ بس کبر کا منشا بھی یہی حرص ہوا۔

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

شریعت کا مقصود ملا پن ہے
اور سلطنت سے مقصود اشاعت ملا پن ہے

فرمایا کہ افسوس ان لوگوں کو خبر نہیں کہ شریعت میں سلطنت خود مقصود نہیں بلکہ ملا پن ہی مطلوب ہے اور سلطنت سے مقصود بھی ملا پن ہی کا پھیلانا ہے۔ چنانچہ حق تعالیٰ فرماتے ہیں الذین ان مکناھم فی الارض اقاموا الصلوٰۃ واتوا الزکوٰۃ وامروا بالمعروف ونھوا عن المنکر یعنی اگر ان کو ہم دنیا میں سلطنت دیتے تو یہ خوب نماز پڑھتے اور خوب زکوٰۃ دیتے اور خوب امر بالمعروف اور نہی عن المنکر کرتے۔

حرص کے مقتضا پر عمل کرنے سے حرص اور بڑھتی ہے

فرمایا کہ حرص کے مقتضا پر عمل کرنے سے جی بھر نہیں سکتا کیونکہ انسان کا طبعی خاصہ ہے کہ اگر اس کے پاس مال کے دو جنگل بھی ہوں جس میں سونا چاندی پانی کی طرح بہتے ہوں پھر وہ تیسرے کا طالب ہوگا۔ پس یہ خیال ہی غلط ہے کہ ہوس کے پورے کرنے سے ہوس بجھ جاوے گی بلکہ جتنا اس کو پورا کروگے اتنا ہی بڑھے گی۔ انسان کی ہوس کے پیٹ کو مٹی کے سوا کوئی چیز نہیں بھر سکتی۔

گفت چشم تنگ دنیا دار را یا قناعت پر کند یا خاک گور

جہنم میں کوئی کافر نہ جائے گا اس قول کی تاویل

فرمایا کہ اگر کوئی مسلمان یہ کہے کہ جہنم میں کوئی کافر نہ جائے گا تو اس کی یہ تاویل ہو سکتی ہے کہ ممکن ہے کہ اس نے کفر لغوی کا ارادہ کیا ہو کہ شرعی مراد نہ لیا ہو۔ اور کافر جب مرتا ہے تو خدا پر ایمان لاتا ہے گو وہ ایمان مقبول و معتبر نہ ہو کیونکہ حالت یاس کا ایمان مقبول نہیں ہوتا جبکہ آخرت کے امور نظر آنے لگیں اس لئے وہ کافر ہے۔ لہذا اس کا مطلب یہ ہو سکتا ہے کہ جہنم میں جو بھی جائے گا وہ لغۃً مومن ہوگا کافر نہ ہوگا۔

جو نفس کے تقاضوں پر عمل کرتا ہے درحقیقت وہ اسکی آبیاری کرتا ہے اور اسکا فلسفی ثبوت اور اسکی مثال

فرمایا کہ فلسفی مسئلہ ہے کہ کسی قوت سے جتنا کام لیا جاتا ہے اتنا ہی وہ قوت زور پکڑتی

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

ہے اور راسخ ہو جاتی ہے پس نگاہ بد کرنے سے نگاہ بد کو سکون نہ ہوگا بلکہ اس کی جڑ مضبوط ہوگی اور ایک بار گھور لینے سے جو سکون ہو جاتا ہے اس سے دھوکہ نہ کھایا جاوے کیونکہ یہ عارضی سکون ہے جیسے تمباکو کھانے والے کو ایک بار کھا لینے سے کچھ دیر کو سکون ہو جاتا ہے لیکن طلب زیادہ ہو جاتی ہے یا یوں سمجھو کہ جیسے درخت کی جڑ میں جب پانی دیا جاتا ہے تو وہ تھوڑی دیر میں نظروں سے غائب ہو جاتا ہے مگر واقع میں غائب ہوتا بلکہ وہ اب شاخوں اور پتیوں میں رطوبت بڑھا کر ظاہر ہوگا اور جڑ کو پہلے سے زیادہ مضبوط کر دے گا۔ پس جو لوگ مقتضائے تقاضا پر عمل کرتے ہیں وہ حقیقت میں تقاضے کو کم نہیں کرتے بلکہ اس کی آبیاری کرتے ہیں۔

تکرار مقاومت تقاضا سے مقاومت سہل ہو جاتی ہے

فرمایا کہ صاحبو نور اسی میں ہے کہ تم کو گناہ کا تقاضا ہو اور تم تقاضے کا مقابلہ کرو اس تقاضے ہی سے تو تقوے کا حمام روشن اور تقویٰ کا کمال ظاہر ہوتا ہے۔

شہوت دنیا مثال گلخن است　　کہ ازو حمام تقویٰ روشن است

مقاومت تقاضا سے یہ تقاضا زائل تو نہ ہوگا مگر ضعیف ضرور ہو جائے گا جس کے بعد پھر مقاومت سہل ہو جاوے گی اور یہ بھی بڑا نفع ہے کہ دشمن ضعیف ہو جاوے۔

اخذ کمیشن کا حکم

فرمایا کہ کمیشن جو کاریگر سے لیتا ہے اس میں احتیاط اور جواز کا پہلو یہ ہے کہ کاریگر بائع سے یہ کہہ دے کہ ہم تم سے مال خریدنے میں کوئی رعایت نہیں کریں گے مگر حسب عرف تجارت تم کو کمیشن دینا ہوگا اگر اس پر بھی بائع کمیشن دے تو اصل مشتری یعنی مالک ثمن کی رضامندی سے جائز ہوگا۔ کیونکہ اس کمیشن کی حقیقت حظ ثمن ہے بائع کی جانب سے اور وہ حق ہے اصل مشتری کا۔ بدوں اس کی اجازت کے کاریگر کو لینا جائز نہ ہوگا۔

توکل کے اقسام اور ان کا حکم

فرمایا کہ توکل کی حقیقت ہے غیر متصرف حقیقی سے قطع نظر کرنا اور یہ قطع نظر اعتقاداً کرنا تو فرض ہے اور عملاً اسباب ظنیہ کے ترک سے بشرط تحمل مستحب ہے اور جو اسباب عادۃً یقینی یا مثل

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

یقینی کے ہیں اور یہ سب تفصیل اسباب دنیویہ میں ہے اور اسباب دینیہ کو ترک کرنا توکل نہیں۔

اصلاح کی کوئی انتہا نہیں

فرمایا کہ اصلاح کا کوئی منتہا نہیں اس لئے جب ایسا خیال ہو کہ اب میری اصلاح ہو چکی ہے اور اس پر اطمینان بھی ہو تو یہ غلط ہے۔

معصیت کا علاج

فرمایا کہ معصیت کا علاج قبل صدور ہمت اور بعد صدور توبہ ہے۔ سوا اس کے اور کوئی علاج نہیں۔

تقلیل طعام کا صحیح طریقہ اور اسکی غایت

فرمایا کہ تقلیل طعام کا صحیح طریقہ یہ ہے کہ جس وقت خوب اشتہا ہو اس وقت کھانا کھا کر اشتہا کو فنا نہ کرنا چاہئے بلکہ اس کو باقی رکھ کر ہاتھ روک لینا چاہئے۔ لیکن تقلیل طعام فی نفسہ مقصود نہیں کسر قوت بہیمیہ ہے اور اس کسر سے بھی مقصود **کف النفس عن المعاصی** ہے پس اگر یہ کف عن المعاصی بدوں تقلیل طعام میسر ہو جاوے تو تقلیل طعام ضرور نہیں بلکہ اس زمانہ میں اس سے ضعف ہو جاتا ہے جس سے دوسری مضرتیں جسمانی ونفسانی پیدا ہو جاتی ہیں اس لئے بلاضرورت مناسب نہیں۔

تصوف کی کتاب سے اصلاح نفس کا طریقہ

فرمایا کہ اس قسم کے مسائل جن کا تعلق اصلاح نفس سے ہے کسی تصوف کی کتاب میں دیکھ کر اس پر عمل کرنا اس شرط سے درست ہے کہ فہم میں یا حدود شروط میں غلطی نہ ہو۔ لیکن ان غلطیوں کا احتمال عادۃً غالب ہے۔ اس لئے بدوں مشورہ کسی شیخ مبصر کے خود عمل مناسب نہیں۔ البتہ مناسب ہے کہ اس علاج کو نقل کر کے مشورہ کر لے۔

نماز کے اندر مباح امر کا خیال قصداً لانے کا حکم

فرمایا کہ نماز میں بلاضرورت غیر نماز کا خیال نہ لانا چاہئے۔ ہاں اگر کسی ضرورت کی وجہ سے مشروع یا مباح امر کا خیال قصداً آئے تو اس کو قصداً باقی رکھے تو اس میں مواخذہ نہیں اور

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

اگر یہ شبہ ہو کہ اس سے صلوٰۃ میں تو خلل آئے گا اس لئے کہ غیر صلوٰۃ ہے تو یہ سمجھ لو کہ خلل کا ہر درجہ موجب مواخذہ نہیں۔ یہ خلل بمعنی نقص ثواب ہے جیسے تین بار تسبیح کہنے میں پانچ بار کہنے سے ثواب کم ہے۔ بمعنی فساد یا کراہت نہیں۔ خلاصہ یہ ہے کہ قصداً خیالات منکرہ و معاصی سے تو نماز میں ظلمت پیدا ہوتی ہے اور خیالات معروفہ و طاعات اگر وہ نماز ہی کے متعلق ہے نور بڑھتا ہے اور اگر غیر نماز ہے تو نور نہ بڑھتا ہے نہ گھٹتا ہے اور جو نہ منکر ہو نہ معروف بلکہ مباح ہو اگر بضرورت ہو (اور بضرورت وہ ہے کہ اگر اس وقت اس کو موخر کیا جاوے تو کوئی ضرر یا حرج لاحق ہو جائے گا یا کوئی ضروری منفعت فوت ہو جاوے گی) تو اس کا بھی یہی اثر ہے کہ نور نہ بڑھتا ہے نہ گھٹتا ہے اور اگر غیر ضروری ہے تو نور گھٹتا ہے مگر ظلمت پیدا نہیں ہوتی۔

جسم کو کیا دخل ہے روح کے ترقی و تنزلی میں

فرمایا کہ عبادات جسمانیہ خود شرط ہیں۔ ترقی روح کی اور وہ عبادات موقوف ہیں تعلق جسمی پر پس جسم اگر متبوع ہو تو وہ مانع عن الآخرۃ ہے روح کے لئے۔ اور اگر تابع ہو تو وہ موصل الی الآخرۃ ہے۔

ادائیگی قرض کا صحیح طریقہ

کسی نے ادائیگی قرض کے لئے کوئی موثر وظیفہ پوچھا تھا اس پر فرمایا کہ دعا سے زیادہ کوئی وظیفہ موثر نہیں۔

سالک کو کام لگنا چاہئے نہ متمنی حظوظ کا ہونہ یہ دیکھے کہ کچھ ہوا یا نہیں

فرمایا کہ کام میں لگنا چاہئے یہ دیکھنے کی ضرورت نہیں کہ کیفیات بھی ہیں یا نہیں۔ حظوظ اور لذائذ بھی ہیں یا نہیں۔ اور نہ یہ دیکھنے کی ضرورت ہے کہ کچھ ہوا یا نہیں۔ اس کو ایک مثال سے سمجھے کہ جیسے رات کو پنساری آٹا پیستی ہے مگر اس پیسنے والی کو یہ معلوم نہیں ہوتا کہ آٹا چکی سے گزر رہا ہے یا نہیں اور نہ یہ خبر ہوتی ہے کہ کس قدر جمع ہو گیا پیسنے ہی کی دھن لگی رہتی ہے۔ صبح کو جب دیکھتی ہے تو معلوم ہوتا ہے کہ تمام چکی کے گرد آٹا جمع ہے اگر رات بھر یہ کرتی کہ ایک چکر چکی کا گھما کر آٹے کو ٹٹولا کرتی تو پاؤ بھر بھی آٹا نہ پیس سکتی۔ علاوہ اس

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

کے اپنے کو جس کے سپرد کیا ہے اس پر بغیر اعتماد اور انقیاد و اعتقاد کئے کام نہیں چل سکتا۔ جب جاننے والا یہ کہہ رہا ہے کہ کام ہو رہا ہے بس اطمینان کرنا چاہئے۔

پاکوں پر طعنہ زنی کی مذمت

اہل اللہ پر طعنہ زنی کے متعلق یہ دونوں شعر پڑھے۔

ہیچ قومے را خدا رسوا نہ کرد　　تا دل صاحبدلے نامد بدرد

چوں خدا خواہد کہ پردہ کس درد　　میلش اندر طعنہ پاکان برد

اہل باطل کے بھی تکفیر کی ممانعت

فرمایا کہ ایک مرتبہ حضرت گنگوہی رحمۃ اللہ علیہ کے یہاں اہل باطل کے تکفیر کا ذکر تھا اس روز جوش میں شان رحیمی کا ظہور ہو رہا تھا۔ یہاں تک فرمایا کیا کافر کافر لئے پھرتے ہو قیامت میں دیکھو گے کہ ایسوں کی مغفرت ہوگی جنہیں دنیا میں کافر قطعی کہتے ہو اور واقع میں وہ کافر نہ ہوں گے مگر نہایت ضعیف الایمان ہوں گے۔ پھر فرمایا لیکن اگر ڈرانے دھمکانے کے لئے شرعی انتظام کے لئے کسی وقت کافر کہہ دیا جاوے تو اس کا مضائقہ نہیں اس میں انتظامی شان کا ظہور ہو گیا۔

اعتراض بر معلم مضر طریق ہے

فرمایا کہ اس طریق میں سب سے زیادہ جو مضر چیز ہے وہ معلم پر اعتراض ہے اس کا ہمیشہ خیال چاہئے۔

خدا کی محبت کے آثار

فرمایا کہ اللہ سے محبت رکھنے والا کسی کافر کسی کتے کے ساتھ بھی مظالم کو گوارا نہ کرے گا۔

وہمی کا علاج

فرمایا کہ وہمی کے لئے بڑی دوا حلال غذا کا کھانا ہے کیونکہ وہ باطن کو منور کرتی ہے اور جب باطن منور ہو جاتا ہے تو آدمی حق اور باطل میں تمیز کرنے لگتا ہے۔

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

مدعی نبوت کو مسلمان کہنا بھی کفر ہے

فرمایا کہ خاتم الانبیاء صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد مدعی نبوت کو ولی کہنا بلکہ صرف مسلمان کہنا بھی کفر ہے اور جب مرزا (غلام احمد) صاف صاف اپنے کو نبی بلکہ انبیاء سے بھی افضل کہتا ہے تو اس کو ولی ماننا ان سب باتوں میں سچا ماننا ہے اور دعویٰ نبوت میں اس کو سچا ماننا کفر ہے خوب سمجھ لو۔

گناہ کا علاج گناہ سے پاخانہ کو پیشاب سے دھونا ہے

فرمایا کہ صوفیوں کو اکثر اوقات اس قسم کا دھوکہ ہوتا ہے کہ اگر عجب پیدا ہوتا ہے تو اس کا علاج کسی گناہ سے کیا جاتا ہے اور مصلحت یہ سمجھی جاتی ہے کہ ایسا کرنے سے ہم اپنی نظروں میں گنہگار اور ذلیل رہیں گے اور اس سے عجب کی جڑ کٹ جائے گی لیکن یہ تو ایسا علاج ہے جیسا کہ کوئی شخص اپنے بدن سے پاخانہ کو پیشاب سے دھونے لگے۔

آثار خشوع: فرمایا کہ خشوع وتواضع کے آثار یہ ہیں کہ جب چلے گردن جھکا کر چلے۔ بات چیت میں معاملات میں سختی نہ کرے۔ غصہ اور غضب میں آپے سے باہر نہ ہو۔ بدلہ لینے کی فکر میں نہ رہے وغیرہ وغیرہ۔

اعتدال ہی میں دوام ہے

فرمایا کہ محققین تمام عبادات وعادات میں اعتدال کی رعایت رکھتے ہیں اور اسی پر دوام کی امید ہوسکتی ہے جو دین میں مطلوب ہے۔ باقی غلو سے ملال اور کلال پیدا ہوتا ہے اور اس سے کبھی ترک عمل کی نوبت آجاتی ہے غلو فی الحال تو عمل کی تکثیر ہے اور فی المآل عمل کی تقلیل۔

صوفیہ کو علم سے زیادہ اہتمام عمل کا ہوتا ہے

فرمایا کہ صوفیہ علم کے اہتمام سے زیادہ عمل کا اہتمام کرتے ہیں۔ چنانچہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اے امت میں تمہارے متعلق ان چیزوں سے زیادہ اندیشہ نہیں کرتا جس کا تم کو علم نہیں کیونکہ علم کی کمی میں جو کوتاہی ہوجاتی ہے وہ بے باکی کی دلیل نہیں اس لئے جرم خفیف ہے لیکن یہ دیکھو کہ جن چیزوں کا تم کو علم ہے ان میں تم کیسا عمل کرتے ہو۔ اس

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

حدیث کی تفریع میں حضرت قشیری نے تشریح کی ہے کہ جتنی نظر عالم کی دقیق و حدید ہوگی مواخذہ بھی اتنا ہی شدید ہوگا۔ لہٰذا کسی عالم کو فرح ناز مناسب نہیں بلکہ خشیت و ہیئت سے اس کی تعدیل مناسب ہے۔ اس وقت وہ البتہ فرح نیاز کا مستحق ہوگا۔

ایمان بر تقدیر کی ایک بڑی دولت

فرمایا کہ حدیث میں ہے کہ تقدیر پر ایمان رکھنا سب افکار و غموم کو دور کر دیتا ہے۔

اخلاق کی حقیقت

فرمایا کہ اخلاق کی حقیقت یہ ہے کہ ہم سے کسی کو کسی قسم کی ایذائے ظاہری یا باطنی حضور یا غیبت میں نہ پہنچے۔

طریقہ معتدل در ترک اسباب

فرمایا کہ نہ دعا کے بھروسے اسباب کو چھوڑے اور نہ اسباب میں ایسا انہماک ہو کہ مسبب الاسباب پر نظر نہ رہے۔ اعتدال اصل طریقہ نبویہ صلی اللہ علیہ وسلم ہے۔ اور یہ بدوں تحصیلات و تبحر علوم دین کے حاصل ہونا مشکل ہے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے افعال سے تو یہاں تک اس اعتدال کا پتہ چلتا ہے کہ معجزات میں بھی جو کہ بالکل خرق عادت ظہور میں آتے ہیں ان میں بھی تدبیر اور اسباب کی صورت کو ملحوظ رکھا گیا ہے چنانچہ حضرت جابرؓ کی دعوت کا قصہ جو جنگ احزاب میں خندق کھودنے کے وقت ظہور میں آیا اس کا شاہد ہے۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کو فرمایا تھا کہ ہانڈی چولہے پر سے مت اتارنا پھر اس میں آکر آب دہن ملا دیا اور وہ چند آدمی کی خوراک لشکر کے لشکر کو کافی ہوگئی۔

بعض وہ سورتیں جس میں فتویٰ پر عمل انسب ہے تقویٰ پر عمل کرنے سے

فرمایا کہ حکم شرعی یہ ہے کہ اگر تقویٰ کے کسی خاص درجہ پر عمل کرنے سے دوسرے کی دل شکنی ہو تو فتویٰ پر عمل کرنا چاہئے۔ ایسے موقع پر تقویٰ کی حفاظت جائز نہیں۔ چنانچہ کسی چیز

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

کے نہ لینے میں اگر اپنی عزت ہو اور اپنے بھائی کی ذلت ہو اور لینے میں اپنی تو ذلت ہو لیکن بھائی کی عزت ہو تو بھائی کی عزت کو ترجیح دے یعنی اپنی آبرو و عزت کو لات مارے اور اپنے بھائی کی بات کو اونچا رکھے یہ ایثار نفس ہے۔

حقیقت کبر اور اس کا علاج

فرمایا کہ تکبر کا حاصل یہ ہے کہ کسی کمال دنیوی یا دینی میں اپنے کو باختیار خود دوسرے سے اس طرح بڑا سمجھنا کہ دوسرے کو حقیر سمجھے تو اس میں دو جزو ہوں گے۔ اپنے کو بڑا سمجھنا اور دوسرے کو حقیر سمجھنا یہ اس کی حقیقت ہے جو حرام ہے اور معصیت ہے اور ایک اس کی یہ صورت ہے کہ اس میں سب اجزا ہیں بجز ایک جزو یعنی اختیار کے یعنی بلا اختیار خود اچھا سمجھا یا باوجود اچھا نہ سمجھنے کے باختیار خود اس کو باقی رکھا تو یہ حقیقت کبر کی ہو جاوے گی اور معصیت ہوگی اور یہ جو قید لگائی گئی ہے کہ دوسرے کو حقیر سمجھے یہ اس لئے کہ اگر کوئی واقعی بڑائی چھٹائی کا اس طرح معتقد ہو کہ دوسرے کو ذلیل نہ سمجھے تو وہ تکبر نہیں۔ جیسے ایک شخص بیس برس کی عمر والا دو برس کے بچے کو سمجھے کہ یہ مجھ سے عمر میں چھوٹا ہے۔ یا ایک ہدایہ پڑھنے والا طالب علم نحو پڑھنے والے طالب علم کو سمجھے کہ یہ مجھ سے پڑھائی میں کم ہے یا ایک مالدار آدمی کسی مسکین کو یہ سمجھے کہ مجھ سے مال میں کم ہے مگر اس کو حقیر نہیں سمجھتا تو وہ کبر نہیں البتہ اگر یہ تفاوت واقع کے خلاف ہو تو ایسا اعتقاد کذب ہوگا کبر و کذب متغائر ہیں۔ مگر ایسی بڑائی چھٹائی کا اعتقاد گو کبر تو نہیں لیکن اگر وہ محل تفاوت عرفا یا شرعاً کمال ہو تو یہ اعتقاد احیاناً مفضی الی الکبر ہو جاتا ہے اس لئے سد ذرائع کے طور پر اس کا بھی وہی علاج کرنا چاہئے جو حقیقت کبر کا علاج ہے اور وہ ایک خاص مراقبہ ہے جس کی ایسے ہر وقت میں تجدید کر لی جاوے جبکہ اس تفاوت کی طرف التفات ہو وہ مراقبہ یہ ہے۔

(الف) گو میرے اندر یہ کمال ہے مگر میرا پیدا کیا ہوا نہیں حق تعالیٰ کا عطا فرمایا ہوا ہے۔

(ب) عطا بھی کسی استحقاق سے نہیں ہوا بلکہ محض موہبت اور رحمت ہے۔

(ج) پھر عطا کے بعد اس کا بقاء میرے اختیار میں نہیں بلکہ حق تعالیٰ جب چاہیں سلب کر لیں۔

(د) اور گو اس دوسرے شخص میں فی الحال یہ کمال نہیں ہے مگر فی المال ممکن ہے کہ میرے کمال سے زیادہ اس کو یہ کمال اس طرح ہو جاوے کہ میں اس کمال میں اس کا محتاج ہو جاؤں۔

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

(ہ) اور اگر فی المال کمان نہ بھی ہو جیسا بعض اوقات ظاہری اسباب سے اس کا گمان غالب ہوتا ہے تو فی الحال ہی اس شخص میں کوئی کمال ایسا ہو جو مجھ سے مخفی ہو اور دوسروں پر ظاہر ہو یا سب ہی سے مخفی ہو اور حق تعالیٰ کو معلوم ہو جس کے اعتبار سے اس کے اوصاف کا مجموعہ میرے اوصاف کے مجموعہ سے اکمل ہو۔

(س) اگر کسی کے کمال کا بھی احتمال قریب ذہن میں نہ آوے تو اس احتمال کو ذہن میں حاضر کرے کہ شاید یہ علم الٰہی میں مقبول ہو اور میں غیر مقبول ہوں یا اگر میں بھی مقبول ہوں تو یہ مجھ سے زیادہ مقبول ہو تو مجھ کو کیا حق ہے کہ اس کو حقیر سمجھوں۔

(و) اور اگر بالفرض سب امور میں یہ مجھ سے کم ہی ہے تو ناقص کا کامل پر حق ہوتا ہے جیسا کہ مریض کا صحیح پر۔ ضعیف کا قوی پر۔ فقیر کا غنی پر۔ تو مجھ کو چاہئے اس پر شفقت و ترحم کروں اس کی تکمیل میں کوشش کروں اور اگر کسی طرح قدرت نہ ہو یا ہمت نہ ہو یا فرصت نہ ہو تو دعائے تکمیل ہی سہی۔ اور اس خیال کے بعد تکمیل میں سعی شروع کر دے تو اس تدبیر سے اس کے ساتھ تعلق شفقت پیدا ہو جاوے گا اور طبعی خاصہ ہے کہ جس کی تکمیل اور تربیت میں سعی کرتا ہے اس سے محبت ہو جاتی ہے اور محبت کے بعد تحقیر نہیں ہوتی۔

(ز) یہ بھی نہ ہو تو اس کے ساتھ لطف و اخلاق کے ساتھ کبھی کبھی بات چیت کر لیا کرے اس کا مزاج پوچھ لیا کرے۔ اس سے جانبین سے تعلق ہو جاتا ہے اور ایسے تعلق کے بعد تحقیر معدوم ہو جاتی ہے البتہ اگر وہ شخص ایسا ہے کہ شرعاً اس سے بغض رکھنا مامور بہ ہے تو تدابیر مذکورہ میں سے بعض کا استعمال اس عارض کے سبب نہ کیا جاوے گا مگر بعض کا پھر بھی بغض کے ساتھ اجتماع ہو سکتا ہے ان بعض کو استعمال کرے۔

یہ سب کلام تو تکبر کے متعلق تھا اور عجب میں صرف ایک قید کم ہے۔ باقی سب اجزاء وہی ہیں یعنی اس میں دوسروں کو چھوٹا سمجھنا نہیں صرف اپنے کو بڑا سمجھنا اس میں بھی حقیقت اور صورت ویسے ہی درجے ہیں اور وہی احکام ہیں اور معالجات مذکورہ میں سے جن میں سے دوسرے کا تعلق نہیں وہ سب معالجات اس میں بھی ہیں۔

اور حب جاہ کا حاصل یہ ہے کہ جیسا اپنے کو اپنے دل میں بڑا سمجھتا ہے اس کی بھی کوشش کرتا

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

ہے کہ دوسرے بھی مجھ کو بڑا سمجھیں اور میرے ساتھ تعظیم واطاعت وخدمت کا معاملہ کریں چونکہ اس کا منشاء بھی تکبر یا عجب ہی ہے اس لئے اس کے اقسام واحکام ودرجات ومعالجات وہی ہیں جو کبر میں گزرے اور ریا کا حاصل یہ ہے کہ کسی عمل دنیوی یا دینی کو لوگوں کی نظر میں بڑائی حاصل کرنے کا ذریعہ بنادے۔ کبر وعجب جاہ میں یہ ذریعہ بنانے کی قید نہ تھی چونکہ یہ بھی کبر وعجب ہی سے پیدا ہوتا ہے اس میں بھی سب وہی درجات واقسام واحکام ومعالجات ہیں۔ اور یہ سب احکام کلی ہیں کبھی کبھی خصوصیت مقام سے بعض نئی صورتیں یا نئے معالجات بھی ثابت ہوتے ہیں جو مربی کی رائے سے متعین کئے جاتے ہیں۔ اور خجلت ایک طبعی انقباض ہے جو خلاف عادت کام کرنے سے یا حالت پیش آنے سے بلا اختیار نفس پر وارد ہوتی ہے اور سالک کو بعض اوقات غایت احتیاط کے سبب اس پر شبہ ہو جاتا ہے کبر وغیرہ کا مگر واقع میں وہ کبر نہیں ہوتا اور معیار اس کا یہ ہے کہ جس طرح یہ شخص ایک ادنیٰ یا خسیس کام کرنے سے شرماتا ہے اگر کوئی شخص اس کے ساتھ غایت درجہ کی تعظیم وتکریم کا معاملہ دل سے کرے تب بھی اس کو ایسا ہی انقباض ہوتا ہے یا نہیں۔ اگر ہوتا ہے تو خجلت ہے ورنہ کبر یہ تو اس کی حقیقت ہے جو غیر اختیاری ہونے کے سبب مذموم نہیں۔ اور ایک یہ صورت ہے کہ واقع میں تو کبر وغیرہ ہے مگر نفس نے تاویل کر کے اس کو خجلت میں داخل کر کے تسلی حاصل کر لی یہ اختیاری ہونے کے سبب مذموم ہے بلکہ دوسرے ذمائم مذکورہ سے اشنع ہے کیونکہ تاویل کر کے غیر مباح کو مباح بنایا ہے جو اعلیٰ درجہ کی تلبیس وتدلیس ہے۔ تو اور اقسام میں تو حقیقت مذموم تھی اور صورت غیر مذموم اور اس میں بالعکس جیسا مع الدلیل گزر چکا ہے۔

اب اخیر میں ایک معالجہ ممتدہ ذکر کرتا ہوں کیونکہ معالجات مذکورہ وقتی تھے۔ جن پر اثر کا رسوخ نہیں ہوتا۔ الا نادراً اور مبتدی کو ایک معتد بہا مدت کا اس معالجہ کی ضرورت ہے وہ یہ کہ بہ تکلف اور ضائع واطوار وعادات قلیل الجاہ لوگوں کے اختیار نہ کرے جس سے تواضع کی شہرت ہو جاوے یعنی وہ امور اختیار کئے جاویں جس سے ایک گونہ نفس کو انقباض ہو مگر دوسروں کی نظر میں وہ قابل التفات نہ ہوں جس سے شہرت تواضع کا احتمال ہو۔

تزئین میں اعتدال محمود ہے

ایک عورت نے لکھا کہ حضرت اقدس میرا دل یہ چاہتا ہے کہ اچھے اور صاف ستھرے

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

کپڑے پہنا کروں اللہ تعالیٰ نے دے بھی رکھا ہے اور نیت یہ بھی ہوتی ہے کہ میرے شوہر خوش رہیں اور میرے شوہر بھی یہ چاہتے ہیں مگر مرض یہ ہے کہ جب کسی عورت کو کوئی عمدہ کپڑے پہنے دیکھتی ہوں دل یہ چاہتا ہے کہ اس قسم کا میں بھی لے لوں۔ اکثر تو خاموش رہتی ہوں مگر کبھی فرمائش بھی کر دیتی ہوں اور پھر مل بھی جاتا ہے اگر یہ مرض ہو تو علاج ارشاد فرمادیں فرمایا کہ زینت کے درجے ہیں افراط و تفریط مذموم ہے اور اعتدال محمود ہے۔ صورت مذکورہ میں اعتدال یہ ہے کہ کسی کو دیکھ کر اس وقت مت بتاؤ۔ اگر توقف کرنے سے ذہن سے نکل جائے فبہا اور اگر نہ نکلے تو جس وقت نئے کپڑوں کے بنانے کی ضرورت ہو اس وقت وہی پسند آیا ہوا کپڑا بنالو۔ اگر اتفاقاً اس وقت نہ مل سکے تو جانے دو اور اگر دیکھو کہ اس مدت تک طبیعت مشغول رہے گی تو پسند کے وقت خرید کر رکھ لو۔ مگر بناؤ مت۔ بناؤ اس وقت جب نئے کپڑوں کے بنانے کی ضرورت ہو۔ تاکہ اس کے عوض کا کپڑا بچ جاوے کہ شوق بھی پورا ہو جاوے اور اقتصاد بھی فوت نہ ہو۔ اور اگر تمہارے شوہر تم کو علاوہ ضروری نان ونفقہ کے جیب خرچ کے واسطے کچھ دیتے ہوں تو پھر اس انتظام میں اتنا اور اضافہ کیا جاوے کہ ایسا کپڑا اپنے جیب خرچ کی رقم سے خرید و تاکہ نفس میں محصور رہے۔

طلب رضا شیخ خلاف اخلاص نہیں

فرمایا کہ تعلق فی اللہ والے کی رضا کا قصد اللہ ہی کے رضا کا قصد ہے اور وہ عین اخلاص ہے مثلاً شیخ کے خوش کرنے کے لئے تہجد پڑھنا خلاف اخلاص نہیں۔

صحبت حرام کی صورت

فرمایا کہ اگر اپنی بیوی کے پاس ہو اور صحبت کے وقت کسی اجنبیہ کا قصداً تصور کرے تو وہ حرام ہوگا۔

قدرت کے وقت قتال اور عجز میں صبر شرعی دستور العمل ہے

فرمایا کہ اگر قدرت ہو تو قتال اور اگر قدرت نہیں تو صبر شرعی دستور العمل ہے۔ اور درمیانی صورتیں مثلاً جتھوں کا جیل جانا' پلٹنا' بھوک ہڑتال وغیرہ سب نصوص کے مقابلہ میں اجتہاد ہے۔

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

اجتہاد کا حق ہم کو نہیں اور نصوص کے خلاف کرنا حرج عظیم ہے۔ یہ سب جیل جانا وغیرہ خودکشی کے مرادف ہے اور اگر خودکشی سے کسی کو فائدہ پہنچے تب بھی تو باوجود موجب فوائد ہونے کے جائز نہیں ہے۔ چہ جائیکہ کوئی فائدہ بھی نہ پہنچے تو اس کا درجہ ظاہر ہے یعنی اگر یہ معلوم ہو جاوے کہ خودکشی کرنے سے کفار پر اثر ہوگا تو خودکشی کرنا کیا جائز ہو جائے گا۔ اگر کوئی نفع بھی خودکشی پر مرتب ہو تو یہ خود ہی اتنا زبردست نقصان ہے کہ جس کا پھر کوئی بدل کبھی نہیں۔ حضرت ہر منفعت کا اعتبار نہیں۔ اس کی تو بالکل ایسی مثال ہے کہ کوئی شخص یوں لکھے کہ فلاں شخص کی جان بچ سکتی ہے اگر تم کنوئیں میں گر جاؤ تو اس کی جان بچانے کی غرض سے کیا کنوئیں میں گرنا جائز ہوگا۔

استطاعت لغویہ اور شرعیہ کا فرق

فرمایا کہ قدرت علی اضرار الخصم یہ ہے کہ جس میں خصم کو کوئی ضرر معتد بہ ہو اور اس کے ساتھ اپنا کوئی ضرر یقینی نہ ہو اور ظاہر ہے کہ جیل وغیرہ میں اپنا ضرر ہے اور ان کا کوئی ضرر معتد بہ نہیں قدرت کی دو قسمیں ہیں ایک یہ کہ جو کام ہم کرنا چاہیں اس پر تو قدرت ہے لیکن اس کے کر لینے کے بعد جن خطرات کا سامنا ہوگا ان کے دفع کرنے پر قدرت نہیں دوسرے یہ کہ فعل پر بھی قدرت ہے اور پھر جو خطرات پیش آویں گے ان کی مدافعت پر بظن غالب عادۃً بھی قدرت ہے۔

پہلی صورت استطاعت لغویہ ہے اور دوسری صورت استطاعت شرعیہ جس کو اس حدیث نے صاف کر دیا ہے۔ من رای منکم منکراً فلیغیرہ بیدہ فان لم یستطع فبلسانہ فان لم یستطع فبقلبہ غرضکہ قدرت عادی شرط ہے محض کامیابی کی خیالی توقع قدرت نہیں ہے۔

قتال اور تدابیر مخترعہ کا فرق

فرمایا کہ جس موقع کے لئے قتال شرعاً مقصود اور منصوص ہے وہاں مقصود اور منصوص ہونے کی وجہ سے اس کا ضرر معتبر نہیں اور یہ تدابیر مخترعہ (جیل وغیرہ جانا) غیر منصوص ہیں اس لئے اس کے ضرر کو دیکھا جائے گا وجہ فرق دونوں میں یہ ہے کہ اصل مقصد یہ ہے فتنہ نہ ہو قتال فتنہ نہیں ہے کیونکہ قتال میں طبیعت یکسو ہو جاتی ہے اور سکون ہوتا ہے اور ان امور میں تشتت اور پراگندگی اور اضاعت اوقات ہے۔

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

مسائل ذو وجہتین

فرمایا کہ مسائل ذو وجہتین میں اہل اغراض بزرگوں کو ایک رخ دکھلا کر اپنے ساتھ کر لیتے ہیں جس کا منشا حسن ظن ہوتا ہے۔ دوسرے رخ کی طرف اس وقت التفات نہیں رہتا لیکن اگر خصوصیت کے ساتھ کوئی شخص ان حضرات کو دوسرا رخ دکھلا کر استفتا کرے تو وہ ضرور نکیر فرماویں گے۔ کیونکہ ان کے عقائد صحیح ہوتے ہیں۔

حسد کا علاج

فرمایا کہ کسی دوست یا دشمن کے زوال نعمت سے اگر اندر سے دل خوش ہو اگرچہ بظاہر اس سے اظہار افسوس بھی کیا جاوے یہ چونکہ غیر اختیاری ہے اور اس کو مذموم بھی سمجھا جاتا ہے اس لئے معصیت نہیں۔ البتہ نقص ہے اس کا علاج بہ تکلف اس شخص کے لئے دعا کرنا ہے بکثرت ایسا کرنے سے ان شاء اللہ یہ نقص زائل ہو جاوے گا۔

فرمایا کہ تدبیر کی حقیقت ہے سبب مرض کا ازالہ اور اختلاج قلب کا سبب ضعف قلب ہے اس لئے ضعف قلب کا ازالہ جس طریق سے ہو یہی تدبیر ہے۔ اس کے طریق مختلف ہیں مقویات قلب۔ مفرحات قلب کا استعمال۔ ایسے مریض کو جب کوئی امر خلاف مزاج پیش آوے مثلاً بچہ بیمار ہو جاوے یا مر جاوے تو ایسے وقت کسی عاقل کا پاس ہونا جو اس وقت اس کے دل کو بہلاوے۔ تسلی آمیز گفتگو کرے بزرگوں کے تذکرے حق سبحانہ تعالیٰ کی حکمت اور رحمت جیسے واقعات کو گوش گزار کرے۔ ضروری ہے۔

سن کی زیادتی سے بیوی کی محبت کم نہیں ہوتی

فرمایا کہ سن کی زیادتی سے بیوی کی محبت میں کمی نہیں ہوتی۔ جس چیز میں سن کی زیادتی سے کمی ہو جاتی ہے وہ ہیجان نفسانی ہے اور محبت کی خاصیت تو شراب جیسی ہے۔

خود قوی ترمی بود خمر کہن

بیعت کی حقیقت

فرمایا کہ اصل بیعت تو انقیاد و اعتقاد ہے کہ ایک شخص راہ بتانے والا ہو اور تم اس کا

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

اتباع لازم سمجھو۔ بیعت صوری کی ضرورت نہیں۔

معصیت کو طاعت سمجھنا کفر ہے

فرمایا کہ ایک شخص نظر بد کو مفید سمجھتا ہے تا کہ تقاضا فرو ہو جاوے تو یہ شخص گویا معصیت کو مقدمہ طاعت کا بتاتا ہے اور مقدمہ طاعت کا طاعت ہے اس لئے گویا وہ معصیت کو طاعت سمجھتا ہے اور یہ قریب بکفر ہے۔

قیامت کی ہیبت

فرمایا کہ ارے میاں قیامت کے دن انبیاء کا پتہ پانی ہو جائے گا۔ پیر بیچارے کی کیا ہستی ہے۔

حرص کا عجیب وغریب علاج اور اس کا فلاسفہ

فرمایا کہ حرص کی حقیقت تو بہ اور میلان الی الدنیا ہے اگر اس توجہ کو کسی دوسری شے کی طرف پھیر دیا جاوے تو توجہ الی الدنیا نہ رہے گی پھر جس چیز کی طرف توجہ کو پھیرا جاوے اگر وہ طبعاً بھی محبوب ہو تو اس کی طرف توجہ اشد ہوگی اور اس سے توجہ الی الدنیا کا ازالہ بھی قوی ہوگا اور اگر ایسی شے کی طرف توجہ کی جاوے جو طبعاً محبوب نہ ہو تو اس صورت میں توجہ کمزور ہوگی اب سمجھو کہ ہر شخص کو حق تعالیٰ کے ساتھ فطری تعلق ہے اور ذات حق کی طرف ہر ایک کو میلان طبعی ہے فقط مسلمان ہی کو نہیں بلکہ کافر کو بھی کیونکہ انسان کو جس چیز سے بھی محبت ہوتی ہے تو کسی سبب سے ہوتی ہے اور وہ اسباب یہ ہیں۔ حسن و جمال، یا جود ونوال یا فضل وکمال۔ اور جس میں یہ اسباب قوی ہوں گے اس سے محبت بھی قوی ہوگی۔ اور یہ معلوم ہے کہ یہ اوصاف بالذات حق تعالیٰ ہی میں ہیں۔ دوسری اشیاء میں بالعرض ہیں۔ پس یوں کہنا چاہئے کہ محبت اور میلان حقیقت میں حق تعالیٰ ہی کی طرف ہوتا ہے اور دوسری اشیاء کی طرف میلان اس وجہ سے ہے کہ ان میں صفات حق کا ظل ظاہر ہو رہا ہے۔ لیکن ان چیزوں پر نظر کا منحصر ہو جانا اس لئے ہے کہ لوگوں کو یہ خبر نہیں ہے کہ یہ اوصاف حقیقت میں حق تعالیٰ کے ہیں جس وقت یہ معلوم ہوگا کہ حضرت حق ہی محسن ومنعم ہیں اور وہی حسین وجمیل ہیں اور وہی صاحب فضل وکمال ہیں اور مخلوقات میں محض ان کا ظل ہے۔ اس وقت ہر شخص حق تعالیٰ

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

ہی کی طرف مائل و متوجہ ہوگا۔ پس حضور کے علاج کا حاصل یہ ہوا کہ اپنی توجہ کو حق تعالیٰ کی طرف متوجہ کر اور چونکہ حق تعالیٰ سے طبعی تعلق ہے اس لئے یہ توجہ اشد و اکمل ہوگی تو جتنی توجہ حق تعالیٰ کی طرف ہوگی اتنی ہی توجہ دنیا سے ہٹے گی۔

تتمہ علاج حرص

فرمایا کہ حرص ایک مرض ہے۔ اس کے مقتضا پر عمل کرنے اور اس میں زیادتی کرنے سے تقاضا فرو نہ ہوگا۔ بلکہ دونا بڑھے گا۔ دوسرے یہ کہ اس کا علاج توجہ الی اللہ ہے۔ تیسرے یہ کہ اصل علاج خدا کی توجہ ہے جو عادۃً بندہ کی توجہ پر مرتب و متفرع ہے۔

عورتوں کے عیب اکثر یہ ہیں

فرمایا کہ عورتوں کے عیب اکثر یہ ہیں۔

۱- بعض ان نمازوں کی قضا ادا نہیں کرتیں جو ہر مہینے میں ان سے غسل کی تاخیر کے سبب فوت ہوتی ہیں۔

۲- روزہ کے حقوق ادا نہیں کرتیں۔ فضول اور گناہ کی باتوں میں روزہ کو برباد کرتی ہیں۔

۳- پردہ میں احتیاط کم کرتی ہیں۔ جن عزیزوں سے شرعاً پردہ ہے ان کے سامنے آتی ہیں نیز کافر عورتوں سے جیسے بھنگن، چماری وغیرہ سے بدن چھپانے کا اہتمام نہیں کرتیں۔ چنانچہ سر اور سر کے بال اور بازو اور کلائی اور پنڈلی وغیرہ ان کے سامنے کھولے رہتی ہیں۔

۴- عورتوں میں ذکر اللہ کا رواج بہت کم ہے۔ نماز روزہ کے ساتھ کچھ ذکر اللہ بھی کرنا چاہئے۔ اس سے دل کو خدا تعالیٰ کے ساتھ لگاؤ ہوتا ہے اور نماز میں دل لگتا ہے۔ حالانکہ ان کی طبیعتوں کو ذکر اللہ سے بہت مناسب ہے۔ کیونکہ ذکر اللہ کا اثر ان پر زیادہ ہوتا ہے جن کے قلوب میں سکون و یکسوئی کی حالت ہو اور عورتوں کو پردہ کی برکت سے یہ بات خاص درجہ میں حاصل ہے۔

علوم جدید کی تعلیم عورتوں کو سخت مضر ہے

فرمایا کہ عورتوں کو علوم جدیدہ کی تعلیم دینا ان کو تباہ و برباد کرنا ہے بس ان کو قرآن شریف اور بقدر ضرورت مسائل دینیہ کی تعلیم دینا چاہئے۔

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

علاج مفیدہ فساد سفر حج میں مال تجارت لے جانے کا تفصیلی حکم

فرمایا کہ عورتوں کے لئے ذکر اللہ کے ساتھ مراقبہ موت کا بیحد مفید ہے۔

۱- فرمایا کہ اگر اصل مقصود حج ہو اور تجارت تابع ہو جس کی علامت یہ ہے کہ تجارت کا سامان نہ بھی ہوتا جب بھی ضرور حج کو جاتا تو اس صورت میں ثواب حج کم نہ ہوگا۔

۲- اگر حج اور تجارت دونوں کی نیت برابر درجہ میں ہے تو اس حالت میں تجارت جائز تو ہے مگر خلوص کم ہوگا اور جواز کی وجہ یہ ہے کہ اس نے حج کے ساتھ ایک فعل مباح کو تو منضم کیا ہے فعل حرام کو منضم نہیں کیا۔

۳- اگر تجارت اصل مقصود ہے اور حج تابع تو اس صورت میں گناہ ہوگا اور یہ شخص ریاکار ہوگا کیونکہ یہ مخلوق کو دھوکا دے رہا ہے کہ جاتا تو ہے تجارت کے لئے اور ظاہر کرتا ہے کہ میں حج کو جارہا ہوں۔

۴- اگر اصل مقصود حج ہو اور زاد راہ بقدر کفایت موجود ہو تو افضل یہ ہے کہ تجارت کا سامان نہ لے جاوے۔

۵- اگر اصل مقصود حج ہو اور زاد راہ صرف بقدر ضرورت ہو اور نیت تجارت تابع ہے تو اس نیت سے کہ سفر میں سہولت و اعانت ہوگی مال تجارت لے جانا اس کے لئے موجب ثواب ہے۔

حرص کی مثال خارش کی سی ہے

فرمایا کہ بعض لوگ کہا کرتے ہیں کہ ذرا بیٹے کی شادی یا بیٹی کے نکاح سے فراغت کرلیں تو پھر دنیا کے دھندوں کو الگ کر کے اللہ اللہ کریں گے۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں کہ اس طرح کبھی یہ حرص کم نہیں ہوسکتی بلکہ اور بڑھے گی۔ وہی حالت ہوگی جیسے خارش والا کہا کرتا ہے کہ ذرا کھجلالوں پھر نہ کھجلاؤں گا۔ مگر وہ جتنا کھجلاتا ہے اتنی ہی خارش بڑھتی ہے۔ ایسے ہی آج تو آپ ایک بیٹی کی شادی کا بہانہ کرتے ہیں کل نہ معلوم کتنی بیٹیاں ہوجاویں گی اور تمہاری نہ ہوں تمہاری اولاد کے ہوجاویں گی تو یہ سلسلہ تو کہیں ختم نہ ہوگا اور وہی حال ہوجاوے گا۔

ہر شے گویم کہ فردا ترک ایں سودا کنم　　باز چوں فردا شود امروز را فردا کنم

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

مسلمان سے ایک سال تک نہ بولنے کا گناہ

فرمایا کہ حدیث میں ہے کہ اگر مسلمان سے ایک سال تک نہ بولا جاوے تو قتل کا گناہ ہوتا ہے۔

مصیبت کا دستور العمل

فرمایا کہ شریعت نے مصیبت کے وقت صبر و تحمل کی تعلیم دی ہے۔ تدبیر کرو، دعا کرو، جوش سے کیا حاصل۔

نابالغ بچوں سے چندہ لینے کا حکم اور صورت جواز

فرمایا کہ اس وقت چندہ جمع کرنے والے نابالغ بچوں سے بھی چندہ لے لیتے ہیں یہ بالکل جائز نہیں۔ جو مال بچہ کی ملک ہے وہ اگر کسی کو خوشی سے بھی دینا چاہے تو نہیں دے سکتا اور نہ اس کا ولی دے سکتا ہے البتہ اگر ماں باپ اپنی طرف سے روپے دیں اور بچہ کی ملک نہ کریں مگر اس کے ہاتھ سے دلوائیں اس میں مضائقہ نہیں لیکن اس کی ملک ہو جانے کے بعد کسی کو نہ دینا جائز نہ لینا۔ آج لوگ جوش میں آ کر بچوں کے دیئے ہوئے پیسوں کو بڑے فخر سے لے لیتے ہیں اور مجمع عام اس کو ہتلاتے ہیں کہ یہ معصوم بچہ کا متبرک روپیہ ہے۔ اب وہ ایک روپیہ سو دو سو میں نیلام ہوتا ہے۔ اس میں کئی گناہ ہوئے۔ ایک تو ربوا اور سود کا۔ دوسرے ریا و نمود کا تیسرے بچہ کے مال لینے کا۔ آج کل تو بس لوگوں کی کوشش ہوتی ہے کہ کسی طرح کام چلے۔ کاروائی ہو جاوے چاہے گناہ ہو یا ثواب۔

کسی کے مالی کاموں میں پڑنا مناسب نہیں

فرمایا کہ گو میں کسی کے مالی کاموں میں نہیں پڑتا لیکن اس خیال سے کہ مسلمانوں کا مال ضائع نہ ہو جاوے۔ اس کام کو اپنی طبیعت کے خلاف گوارا کرتا ہوں۔

تملیک زکوٰۃ کی صورت

فرمایا کہ تملیک زکوٰۃ کی صورت یہ ہے کہ کسی غریب آدمی سے کہو کہ مفت کا ثواب لینا چاہو تو کسی سے روپے قرض لیکر فلاں نیک کام میں چندہ میں دے دو ہم تمہارا قرض ادا کر

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

دینگے۔ جب وہ قرض لے کر روپیہ چندہ میں دے دے تو پھر تم اسکو اپنی زکوٰۃ یا قربانی کی کھال کا روپیہ دے دو کہ لو اس سے قرض ادا کر دو۔

الدال علی الخیر

فرمایا کہ صورت بالا (مذکورہ نمبر) میں ایک شبہ بعضے پڑھے لکھوں کو یہ ہوا کرتا ہے کہ اس صورت میں اس چندہ کا ثواب تو اسی مسکین کو ہوگا۔ اور دینے والے کو قرضہ ادا کرنے کا ثواب ملے گا تو سمجھو کہ چندہ میں روپیہ تو اسی نے دیا مگر چونکہ اس کے دینے کا سبب تم ہوئے ورنہ اس غریب کی کیا ہمت تھی جو چندہ میں روپیہ دیتا اس لئے تم کو بھی اس چندہ کا ثواب اسی برابر ملے گا۔ خدا تعالیٰ کے یہاں اس قدر رحمت ہے کہ حدیث میں آیا ہے کہ اگر تم اپنے خزانچی کو کہو کہ ہمارے روپیہ میں سے اتنا فلاں شخص کو دے دو تو مالک کے برابر خزانچی کو بھی ثواب ملے گا۔

دین کے کام میں دینا خدا کو دینا ہے

فرمایا کہ چندہ دباؤ ڈال کر ہرگز نہ لو۔ خدا کے دین کے کام کبھی رکے نہیں رہتے دین کے کام میں دینا خدا کو دینا ہے اور خدا کو کسی کی ضرورت نہیں اس لئے خدا کے حکم کے خلاف مت کرو باقی دینے کی ترغیب اس لئے دی گئی ہے کہ اس میں ہمارا نفع ہے کہ صدقات بڑھائے جاویں گے اور ہمارے لئے آخرت میں خزانہ جمع ہو جاوے گا ورنہ جس کا جی چاہے امتحان کر لے کہ خدا کا کام کسی کے دینے نہ دینے پر موقوف نہیں رہتا وہ ہو کر رہتا ہے البتہ نہ دینے سے تم خود خیر سے محروم رہ جاؤ گے۔

مواساۃ کی ترغیب

فرمایا کہ شریعت نے دوسرے کے دکھ اور تکلیف میں مدد کرنے کا نہایت اہتمام کے ساتھ حکم کیا ہے۔ مگر افسوس ہمیں آج کل بالکل اس کی پرواہ نہیں کہ دوسرے کو نفع پہنچاویں ایسے بخیل اور ایسے خود غرض ہو گئے ہیں کہ اپنے لئے تو سب کچھ سامان کر لیتے ہیں جوتہ کا بھی اناج کا بھی کپڑے کا بھی لیکن دوسروں کی فکر مطلق نہیں کرتے کہ مر رہے ہیں یا غمگین ہیں۔

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

مواساۃ پر بعض اعتراضات کا جواب

فرمایا کہ بعض لوگ کہا کرتے ہیں کہ صاحب کہاں تک رحم کریں۔ ہزاروں قابل رحم ہیں۔ ماشاءاللہ بڑی اچھی بات ہے یعنی اگر سب پر رحم نہ کرسکیں تو دس پر بھی نہ کریں۔ یہ سب نہ کرنے کے بہانے ہیں۔

اتفاق کا راز

فرمایا کہ اتفاق ہوتا ہے دوسروں کو آرام پہنچانے سے۔ اگر مسلمان اس کا خیال رکھیں کہ دوسروں کو نفع پہنچایا کریں تو سب متفق ہو جاویں۔ اب تو اپنی اپنی دفلی اور اپنا اپنا راگ۔

اگر نیت اللہ کے واسطے ہو تو ناگواری کیساتھ دینے میں زیادہ ثواب ہے

فرمایا کہ بعضے آدمی کہا کرتے ہیں کہ جب اندر سے دینے کا شوق نہ ہوا تو ثواب کیا خاک ہوگا۔ مگر صاحبو اگر نیت اللہ کے واسطے ہو تو ناگواری میں بھی ثواب ہوتا ہے بلکہ اس صورت میں زیادہ ثواب ہوگا کہ دل نہیں چاہتا مگر دل پر جبر کر کے دے رہا ہے۔ اس قاعدے سے اگر کسی نے بکراہت یتیم کے سر پر ہاتھ ڈالا اور دل میں نفرت ہے تو اس صورت میں زیادہ ثواب ملے گا کہ نفس تو قبول نہ کرتا تھا مگر تم نے دین کا کام سمجھ کر کیا۔ تو اس کا خیال نہ کرو کہ اگر دل میں شگفتگی نہ ہو تو ثواب نہ ہوگا۔ بلکہ کرو اور زبردستی کرو نفع مطلوب مرتب ہوگا۔

حق کا مدار علاقہ پر ہے اسلئے سب سے زیادہ حق اپنی جان کا ہے

فرمایا کہ جتنا جس چیز سے تعلق زیادہ ہوتا ہے اسی قدر اس کا حق زیادہ ہوگا اور جس قدر تعلق کم ہوگا اسی قدر حق کم ہوگا تو عدل وانصاف کا مقتضا یہ ہے کہ جس چیز سے تعلق زیادہ ہو سب سے زیادہ اس کے حق کی رعایت کی جاوے۔ اس کے خلاف کرنا ظلم ہے۔ اب سمجھو کہ دنیا والوں میں سب سے زیادہ حق انسان پر اپنی جان کا ہے جو کوئی دوسرے کی ہمدردی میں کسی معصیت کا مرتکب ہو کر خود گنہگار بنے اس نے بڑی حماقت کی اور عدل کے خلاف کیا کہ بڑے حق کو تلف کر کے چھوٹا حق ادا کیا۔ مثلاً خاوند کی چوری کی اور دوسروں کو نفع پہنچایا تو اس کو ہمدردی نہ کہیں گے بلکہ بیوقوفی و بے تمیزی ہوگی۔ دیکھو کھانا اسے کہیں گے جو ہضم بھی

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

ہو جاوے۔ اگر کوئی بے تمیز پاؤ بھر کی جگہ آدھ سیر کھالیوے اور اس پر بھی بس نہ کرے حتیٰ کہ ساتھ کے ساتھ نکلنے لگے تو اس کو کوئی کھانا نہ کہے گا۔ سب بے تمیزی کہیں گے اور اس کھانے کو زہر سمجھیں گے۔ کیونکہ پیٹ میں رہتا نہیں اور مضر ہو رہا ہے۔

بے دردی جانور کا خاصہ ہے

فرمایا کہ یہ تو جانور کا خاصہ ہے کہ ایک کو مرا دیکھ کر بھی بے فکری سے کھیت کھاتا رہتا ہے۔

مصیبت کی تعریف

فرمایا کہ جو بات اپنے کو ناگوار گزرے وہی مصیبت ہے اور اس پر انا للہ پڑھنا ثواب ہے۔

عورت کو چندہ وغیرہ میں شوہر سے اجازت لینا مناسب ہے

فرمایا کہ عورتوں کو جائز نہیں ہے کہ شوہر کی چیز بلا اجازت چندہ میں دیں اور جو چیز ان کی ملک ہو اگرچہ بلا اجازت اس کا دینا جائز ہے مگر حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ عورت شوہر سے مشورہ کر کے دے۔

ما نصیحت بجائے خود کردیم　　روز گارے درین بسر بردیم
گر نیابد بگوش رغبت کس　　بر رسولان بلاغ باشد و بس

منتہی کی تعریف

فرمایا کہ منتہی اور کامل کی تعریف یہ ہے کہ اس کو ایسا ملکہ عطا ہو جاوے کہ جس کی وجہ سے نفس کو مغلوب رکھنے پر قادر ہو جاوے اور شیطان اس کو از جا رفتہ نہ کر سکے اور نہ خود بینی میں مبتلا ہو۔

مدارات اور مداہنت

فرمایا کہ مداراۃ کا حاصل اہل جہل کے ساتھ نرمی کرنا ہے کہ وہ دین کی طرف آ جاویں اور اہل شر کے ساتھ نرمی کرنا تا کہ ان کے شر سے حفاظت رہے اور دونوں امر مطلوب ہیں۔ اول تو خود دین میں مقصود ہے اور ثانی مقصود میں معین ہے۔ کیونکہ کسی شریر کی ایذا میں مبتلا ہو جانے سے احیاناً طاعت میں بھی اور اکثر تبلیغ میں بھی خلل پڑ جاتا ہے اور مداہنت بد دینوں کے ساتھ نرمی کرنا ہے تا کہ ان سے

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

مال وجاہ کا نفع حاصل کرے اور مداراۃ حضرات صوفیہ کے خاص اخلاق سے ہے۔

البذاذۃ کی حقیقت

فرمایا کہ حدیث میں ہے **البذاذۃ من الایمان** یعنی ترک زینت ایمان کے شعبوں میں سے ہے۔ وجہ ظاہر ہے کہ مومن کی تمام توجہ آخرت کی طرف رہتی ہے تو اس کی تزئین کی طرف کب توجہ ہوگی اور اس تقریر سے بھی معلوم ہوگیا کہ مراد اس زینت کا ترک ہے جس میں توجہ اور وقت صرف کیا جاوے۔ اگر بدون خاص اہتمام کے زینت کا سامان عطا ہو جاوے تو وہ زینت مذموم نہیں بلکہ اس سے اعراض کرنا اظہار ہے زہد کا جو ایک قسم کی ریا ہے۔ خصوص جبکہ ترک زینت میں خاص اہتمام کرنا پڑے جو مخل ہو جاوے توجہ الی الاخرۃ میں۔ تو جس علت سے زینت مذموم ہوئی تھی وہ علت ترک زینت میں بھی متحقق ہوگئی اس لئے اب اس طرح کی ترک زینت مذموم ہو جاوے گی جس کی طرف عارف شیرازی اشارہ فرماتے ہیں۔

نقد صوفی نہ ہمہ صافی و بے غش باشد　　اے بسا خرقہ کہ مستوجب آتش باشد

مگر چونکہ اکثر عادۃ زینت محتاج اہتمام ہوتی ہے ترک زینت محتاج اہتمام نہیں ہوتی اس لئے ترک زینت کی مدح فرمائی گئی۔

نئے آنے والوں کو آؤ بھگت سے لیا کرو

فرمایا کہ حدیث میں ہے **بالداخل وحشۃ فتلقوہ بمرحباً** یعنی نئے آنے والوں کو (اجنبیت کے سبب) ایک قسم کی حیرت زدگی یعنی بدحواسی ہوتی ہے (اس لئے بعضی ضروری باتیں اس کے ذہن میں نہیں آتیں اپنے ہر قول اور ہر فعل میں چکرا جاتا ہے) سو اس کو آؤ بھگت سے لیا کرو (تاکہ طبیعت مانوس ہو کر کھل جاوے اور حواس بجا ہو جاویں اور ہر قول و فعل کا موقع سمجھ سکے پھر نہ خود پریشان ہو نہ دوسرے کو پریشان کر سکے)۔ (اس حدیث کو دیکھ کر حضرت والا نے اپنے ایک ضابطہ کا معمول بدلا یا یعنی پہلے یہ ضروری سمجھتے تھے کہ آنے والا خود اپنا اور اپنی حالت کا ضروری تعارف کرا دے۔ اب یہ معمول کر لیا ہے کہ اس کا مقام آمد اور غرض اور اس مقام پر جو مشغلہ تھا پوچھ لیتے ہیں اس سے ضروری حالت معلوم ہو جاتی ہے اور وہ مانوس ہو جاتا

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

ہے پھر جانبین سے تعیین طریق معاملہ میں رعایت ہوتی ہے۔(از جامع)

بزرگوں کو کوئی نہ کوئی تکلیف ضرور ہوتی ہے اس کے معنی

فرمایا کہ حدیث میں ہے البلاء الیٰ من یحسن اسرع من السیل الیٰ منتھا یعنی جیسا سیلاب اپنی منتہا کی طرف دوڑتا ہے بلا اہل احسان یعنی اہل اخلاق کی طرف اس سے بھی زیادہ دوڑتی ہے۔ف۔ مشہور ہے کہ بزرگوں کو کوئی نہ کوئی تکلیف ضرور رہتی ہے یہ حدیث کا ماخذ ہے اور وجہ اس کی یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ کو ان کا اجر بڑھانا ہوتا ہے اگر بلا نہ ہو تو وہ اعمال کا اجر تو حاصل کر سکتے ہیں مگر بلا و مصیبت پر جو اجر ملتا ہے اس کو کیسے حاصل کر سکتے اور بلا سے مراد اگر بلائے ظاہری ہو جیسا کہ متبادر یہی ہے تب تو یہ اکثری ہے کلی نہیں کیونکہ جن بزرگوں میں ضعف طبیعت کے سبب جو کہ فطری ہے تحمل نہیں ہوتا اور بلا کے لئے مضر ہوتی ہے اللہ تعالیٰ ان کو محفوظ رکھتے ہیں اور اگر بلا سے عام مراد ہو کہ بلائے باطنی کو بھی شامل ہو تو یہ حکم کلی ہے۔ باطنی احوال سب اہل طریق کو ایسے پیش آتے ہیں کہ دوسرا شخص ان کا تحمل نہیں کر سکتا جیسے خشیت فکر آخرت ملاحظہ عظمت اسی کو کسی نے کہا ہے۔

اے ترا خارے بپا شکستہ کے دانی کہ چیست　　حال شیرانے کہ شمشیر بلا بر سر خورند

اسی لئے حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے ان اللہ یبغض الحبر السمین یعنی اللہ تعالیٰ موٹے عالم کو پسند نہیں فرماتے اس میں مراد وہ فربہی ہے جو بے فکری سے ہو کیونکہ جو شخص عالم ہو کر آخرت سے بے فکر ہوگا وہ ضرور مبغوض ہوگا۔

امور اختیاریہ اور غیر اختیاریہ کا حکم اور حزن کے اقسام

فرمایا کہ حدیث میں ہے تجد المؤمن مجتھداً فیما یطیق متلھفاً علی مالا یطیق یعنی تو مومن کو اس حال میں پائے گا کہ جو عمل اپنی طاقت میں ہو اس میں کوشش کرتا ہے اور جو اپنی طاقت میں نہ ہو اس پر افسوس کرتا ہے اس سے دو امر ثابت ہوئے کہ ایک تو یہ کہ امور اختیاریہ میں طاقت اور ہمت اور کوشش سے کام لینا چاہئے دوسرے یہ کہ امور غیر اختیاریہ میں اپنے کو تعب میں نہ ڈالنا چاہئے۔ اس کے فوت ہونے پر حزن کافی ہے مگر اس

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

حزن کے درجات ہیں ایک حزن معتدل جو اس عمل کے محبوب ہونے سے اور اپنے عاجز ہو جانے سے پیدا ہوتا ہے یہ تو محمود ہے کہ عمل حسن کی محبت لوازم ایمان سے ہے اور اپنے عجز کا مشاہدہ عبدیت کا شعبہ ہے۔ دوسرا درجہ حزن مفرط ہے جس سے قلب میں پریشانی پیدا ہو کر یاس کا غلبہ اور ہمت میں ضعف ہو جاوے یہ مذموم ہے کہ مخل ہے عمل میں جو کہ مقصود تھا۔

انبیاء علیہم السلام اور آباؤ اجداد کے سامنے عرض اعمال کی کیفیت

فرمایا کہ حدیث میں ہے کہ حق تعالیٰ کے روبرو تو پیر اور جمعرات کے روز بندوں کے اعمال پیش کئے جاتے ہیں اور حضرات انبیاء علیہم السلام پر اور باپوں اور ماؤں کے رو در و بر جمعہ کے روز پیش کئے جاتے ہیں (یعنی ملائکہ پیش کرتے ہیں۔ اور ہر نبی پر ان کی امت کے اعمال پیش کئے جاتے ہیں اور باپوں اور ماؤں سے مراد اصول ہیں پس دادا پردادا اور اسی طرح دادی پردادی، نانی پرنانی سب اس میں داخل ہو گئے) پس وہ (یعنی حضرات انبیاء علیہم السلام اور آباؤ امہات) ان کی نیکیوں سے خوش ہوتے ہیں اور خوشی سے ان کے چہروں کی چمک دمک بڑھ جاتی ہے پس اللہ تعالیٰ سے ڈرو اور گناہ کے کام مت کرو اور اپنے مردوں کو ایذا مت دو (یعنی جس طرح وہ حسنات سے خوش ہوتے ہیں اسی طرح سیئات سے آزردہ ہوتے ہیں تو ان کو آزار اپنے بداعمالیوں سے نہ پہنچاؤ)

اپنی چیز کی حفاظت کا اہتمام شغل مع اللہ کے منافی نہیں

فرمایا کہ حدیث میں ہے **تفقدوا نعالکم عند ابواب المساجد** یعنی مساجد کے دروازوں کے پاس پہنچ کر اپنی جوتیوں کی دیکھ بھال کر لیا کرو۔ کوئی گندگی وغیرہ تو نہیں لگی جس سے مسجد آلودہ ہو جانے کا اندیشہ ہو اس سے دو امر مستفاد ہوئے ایک یہ کہ مسجد کی حفاظت کی جاوے گندگی سے اور یہ مدلول ظاہر ہے دوسرے یہ کہ جوتیوں کی حفاظت کی جاوے کہ اپنے ساتھ لے جاوے تاکہ دل پریشان نہ رہے اس سے مفہوم ہوا کہ اپنی چیز کی حفاظت کا اہتمام بقدر ضرورت کرنا شغل مع اللہ میں خلل پڑتا۔ پس مدعیان طریق جو ایسے اہتمام کو خلاف طریق سمجھتے ہیں یہ غلو ممنوع ہے۔

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

وہ لوگ جن کی امداد خدا کے ذمہ ہو وہ کون ہیں

فرمایا کہ حدیث میں ہے کہ تین ایسے شخص ہیں جن کی مدد کرنا خدا کے ذمہ ہے۔
(۱) مجاہد فی سبیل اللہ (۲) وہ مکاتب جو بدل کتابت کے ادا کرنے کا قصد رکھتا ہو
(۳) اور وہ نکاح کرنے والا جو عفت کی زندگی چاہتا ہو۔

ناکامی کی صورت میں دوہرا اجر ملے گا

فرمایا کہ حدیث میں ہے کہ کوئی فوج اور لشکر جو خدا کے راستہ میں جہاد کر کے سلامت آ جاوے اور مال غنیمت حاصل کر لے تو اس نے اپنے جہاد کا دو ثلث اجر حاصل کر لیا اور صرف ایک ثلث آخرت میں پاوے گا اور جو فوج اور لشکر ناکام رہا۔ خائف کیا گیا اور مصیبت پہنچایا گیا تو اس کا اجر اخروی تام رہا یعنی آخرت میں پورا اجر اس کو ملے گا۔ ف اس حدیث میں یہ امر بھی مستفاد ہوا کہ اگر کوئی بعد سعی و کوشش کے طریق سلوک میں ناکام رہا تب بھی اجر آخرت میں ضرور ملے گا بلکہ دوہرا اجر ملے گا ایک تو سعی و کوشش کا دوسرا ناکامی کا۔

افاضہ اور استفاضہ کی شرائط

فرمایا کہ افاضہ اور استفاضہ کے لئے دو چیزوں کی ضرورت ہوتی ہے۔ اول مستفیض کی طلب بہ شرائط کی دوسرے مفیض کے عنایت و سخاوت کی۔

معاصی اور اعمال صالح کی خاصیت

فرمایا کہ معاصی میں قنوط و یاس پیدا کرنے کی خاصیت ہے جیسا کہ اعمال صالحہ میں رجاء پیدا کرنے کی خاصیت ہے۔

قتل عمد کا حکم تحقیقی

فرمایا کہ من یقتل مؤمنا متعمداً فجزاء ہ جھنم خالداً فیھا سے قاتل عمد کی توبہ کا مقبول نہ ہونا لازم نہیں آتا کیونکہ اس میں خلود بدوں قید دوام کے مذکور ہے مدلول آیت گو مدت دراز کے بعد ہی ہو اور جب وہ مستحق نجات ہے تو اس کی توبہ بھی قبول ہونی

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

چاہئے اس میں عبداللہ بن عباس کا اختلاف ہے کہ ان کے نزدیک قاتل عمد کے لئے توبہ نہیں مگر جمہور صحابہ کے نزدیک قبول ہے پھر صحابہ کے بعد تابعین و تبع تابعین وائمہ مجتہدین کا اس پر اجماع ہوگیا کہ اس کی توبہ مقبول ہوسکتی ہے۔ جبکہ قواعد شرعیہ سے ہوا اور قاعدہ ہے کہ اجماع متاخر اختلاف مقدم کا رافع ہوتا ہے لہذا اب یہ مسئلہ اجماعی ہے۔

نقائص جاہ

فرمایا کہ محققین نے کہا ہے کہ اس شخص سے زیادہ کوئی احمق نہیں جو طالب جاہ ہو کیونکہ یہ کمال محض وہمی انتزاعی ہے اور انتزاعی بھی ایسا جو اس شخص کے ساتھ خود قائم نہیں بلکہ دوسرے کے ساتھ قائم ہے کیونکہ جاہ نام ہے دوسروں کی نظر میں معزز ہونے کا جس کا مدار محض دوسرے کے خیال پر ہے وہ جب چاہے بدل دے تو ساری جاہ خاک میں مل جاتی ہے۔ مگر طالب جاہ خوش ہے کہ آہا جو لوگ مجھے اچھا کہتے ہیں جیسے چوہا خوش ہوتا ہے کہ بنئے کی دوکان میں میرے واسطے غلہ آیا ہے جی ہاں ذرا منہ تو ڈالو ابھی چوہا دان آتا ہے جس سے ساری خوشی کرکری ہو جاوے گی پس ایک نقص تو جاہ میں یہ ہے کہ وہ سراسر دوسرے کے تابع ہے وہ ایسا کمال نہیں جو اپنے قبضہ کا ہو دوسرا نقص یہ ہے کہ اس کا نفع جو حاصل ہوتا ہے وہ محض وہمی ہے یعنی بڑائی و عزت سے نہ گھر میں روپیہ آتا ہے نہ جائیداد بڑھتی ہے۔ محض دل خوش کرلو۔

علاج کلفت

اضافہ جدیدہ اگر کسی نعمت پر کسی کو جلن ہو تو یہ سوچنا چاہئے کہ بہت سی نعمتیں اللہ تعالیٰ نے بلا استحقاق مجھ کو ایسی دی ہیں کہ اس کو نہیں دیں تو اگر ایک نعمت اس کو دیدی تو رنج کرنا بے جا ہے اس سے وہ کلفت جاتی رہے گی۔

تفسیر عجیب آیت ان الصلوٰۃ تنھیٰ

فرمایا کہ ان الصلوٰۃ تنھیٰ عن الفحشاء والمنکر کی ایک تفسیر یہ بھی ہوسکتی ہے کہ اہل فحشا و منکر کو نمازی کے پاس آنے اور اس کے بہکانے سے روک دیتی ہے۔ اس کی تائید ایک حدیث سے ہوتی ہے حضرت صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں کہ اذان سے

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

شیطان گوز مارتا ہوا بہت دور بھاگ جاتا ہے۔

بزرگوں کی صحبت کا ادنیٰ اثر

فرمایا کہ بزرگوں کی صحبت سے اگر اصلاح کاملہ نہ بھی ہو تو کم از کم اپنے عیوب پر ہی نظر ہونے لگتی ہے یہ بھی کافی اور مفتاح طریق ہے۔

حمایت الٰہی کے نزول کا راز رسوخ صبر وتقویٰ ہے

فرمایا کہ بلیٰ ان تصبروا وتتقوا کی شرط بتلا رہی ہے کہ حمایت الٰہی اسی وقت متوجہ ہوتی ہے جبکہ مسلمان صبر وتقویٰ میں راسخ ہوں اور تقویٰ کے معنی ہیں احتراز عن المنہیات اور امتثال اوامر جس میں اخلاص اور احتراز عن الریاء وعن شائبۃ النفس بھی داخل ہے۔

نور فہم کیسے درست ہوتا ہے

فرمایا کہ نور فہم کسی باقی باللہ فانی فی اللہ کی صحبت کے بدوں حاصل نہیں ہوتا اس کے بدوں علم ایسا ہوتا ہے کہ جیسے طوطے کو بعض لوگ قرآن کی سورتیں یا فارسی جملے یاد کرا دیتے ہیں۔

ذبیحہ گائے شعائر اسلام ہے اس کا ثبوت

فرمایا کہ **من صلی صلوتنا واستقبل قبلتنا واکل ذبیحتنا فھذا ھو من الذی لہ ذمۃ اللہ و ذمۃ رسولہ** اس حدیث سے ثبوت ذبیحہ گاؤ کے شعار اسلام ہونے کا ظاہر ہوتا ہے کہ ذبیحتنا میں اوصاف تخصیص ہے۔ یعنی وہ ذبیحہ جو اسلام کے ساتھ مخصوص ہے۔ ظاہر ہے کہ بجز ذبیحہ گاؤ کے اور کوئی نہیں تو پھر اس کے شعار اسلام ہونے میں کیا شبہ رہا۔

حج میں گھر بار کو یاد نہ کرنا چاہئے

فرمایا کہ مدینہ منورہ میں ایک صاحب نسبت بزرگ کی زبان سے اتنی بات نکل گئی تھی کہ شام یا ہندوستان کا دہی یہاں کی دہی سے اچھا ہوتا ہے۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے عالم رویا یا عالم واقعہ میں فرمایا کہ نکل جاؤ ہمارے یہاں سے وہیں جا کر رہو جہاں کا دہی اچھا ہوتا ہے صاحبو یہ نقصان ہوتا ہے اس دربار میں پہنچ کر اپنے گھر بار کو یاد کرنے سے اسی سے

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

حضرت عمر حج کے بعد لوگوں کو مکہ سے نکالتے تھے اور کہتے تھے یا اھل یمن یمنکم یااھل الشام شامکم و یااھل العراق عراقکم اے یمن والو یمن جاؤ اور اے شام والو شام جاؤ اور اے عراق والو عراق جاؤ۔

تبلیغ کا کام شفقت سے ہوتا ہے

فرمایا کہ تبلیغ اسلام کا کام زیادہ تر شفقت سے ہوا ہے۔ جس کو امت کے حال پر شفقت ہوگی وہی تبلیغ کے مصائب کو خوشی سے برداشت کر سکے گا۔

اسلام کا ایک حسن

فرمایا کہ اسلام کا ایک حسن یہ ہے کہ اس کو اپنی شناخت کیلئے نذر کی ضرورت ہے نہ زور کی۔

حضور کا اپنا بال تقسیم کرنے کا راز

فرمایا کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا اپنا بال مبارک تقسیم کرنا اپنی تعظیم وعبادت کے لئے نہ تھا بلکہ صحابہ کی محبت پر نظر کرتے ہوئے ان کے نزاع وقتال کے رفع دفع کرنے کے لئے تھا۔ اگر آپ صلی اللہ علیہ وسلم اپنے بالوں کو دفن کراتے تو یقیناً صحابہ زمین سے ان کو نکالنے کی کوشش کرتے اور عجب نہیں کہ قتال کی نوبت آجاتی۔

تقبیل حجر اسود کا منشاء اور اس کا راز

فرمایا کہ تقبیل حجر اسود عظمت کی وجہ سے نہیں بلکہ محبت سے ہے جیسے بیوی بچوں کا بوسہ لیا کرتے ہیں نیز اس میں نفع یہ ہے کہ وہ شاہد رہے گا قیامت میں اپنے بوسہ دینے والوں کے لئے۔

اجتماع ظاہر کو اجتماع باطن میں بڑا دخل ہے

فرمایا کہ اجتماع باطن میں اجتماع ظاہر کو بڑا دخل ہے۔ چنانچہ صوفیہ قسم کھا کر کہتے ہیں کہ صف غیر منتظم سے قلب کو خلجان و پریشانی ہوتی ہے۔ اسی لئے سوو اصفوفکم کا حکم ہے۔

نماز اور غلاموں کا خوب خیال رکھو

فرمایا کہ معاشرت میں ایک حکم شرعی یہ ہے کہ اپنے غلاموں کی ستر خطائیں روز معاف

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

کرو اس سے زیادہ خطائیں ہوں تو کچھ سزا دو۔ نیز حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی آخری وصیت میں فرمایا الصلوٰۃ وما ملکت ایمانکم یعنی نماز اور غلاموں کا خوب خیال رکھو۔

جہاد کی مشروعیت کی وجہ

فرمایا کہ اسلام محض اپنی حقانیت سے پھیلا ہے خصوصاً عرب کی قوم جو جنگ جوئی میں شہر آفاق ہیں وہ کبھی اور کسی طرح تلوار کے خوف سے اسلام کو قبول نہ کر سکتی تھی۔ ان کے نزدیک لڑنا مرنا معمولی بات تھی مگر دب کر دین بدلنا سخت عیب تھا۔ وہ تلوار کے خوف سے اسلام نہیں لا سکتے تھے اس پر شاید یہ سوال ہو کہ پھر جہاد کس لئے شروع ہوا تو خوب سمجھ لو کہ جہاد حفاظت اسلام کے لئے مشروع ہوا نہ اشاعت اسلام کے لئے اور ان دونوں میں بڑا فرق ہے اور ان دونوں کا فرق نہ سمجھنے کی وجہ سے لوگ غلطی میں پڑے ہوئے ہیں جہاد کی مثال اپریشن جیسی ہے۔ کیونکہ مادے دو قسم کے ہوتے ہیں ایک متعدی ایک غیر متعدی جو مادہ غیر متعدی ہوتا ہے اس کو تو محللات اور ام کے ذریعہ سے دبا دیا جاتا ہے۔ کوئی مرہم لگا دیا مالش کر دی جس سے وہ دب گیا اور متعدی مادہ کے لئے اپریشن کیا جاتا ہے اور جس کو چیر کر نکال پھینکا جاتا ہے۔ اس طرح دشمنان اسلام دو طرح کے ہیں۔ بعض تو وہ جن سے صلح کر لینی مناسب ہوتی ہے وہ صلح کر کے مسلمانوں کو ستانا چھوڑ دیتے ہیں۔ ان سے صلح اور مصالحت کر لی جاتی ہے۔ بعض ایسے مفسد اور موذی ہوتے ہیں کہ صلح پر آمادہ نہیں ہوتے یہ مادہ متعدیہ ہے ان کے واسطے اپریشن کی ضرورت ہے اسی کا نام جہاد ہے۔ پس جہاد سے لوگوں کو مسلمان بنانا مقصود نہیں بلکہ مسلمانوں کی حفاظت مقصود ہے۔

محاسن اسلام کا ایک اثر

فرمایا کہ محاسن اسلام میں سے ایک امر یہ ہے کہ ہر مذہب کا پورا اثر اس کے خواص متبعین میں ہوا کرتا ہے پس خواص اہل اسلام اہل اللہ وعلماء متقین کا موازنہ دوسرے مذاہب کے خواص سے کر لیا جاوے اور ان کے پاس ایک دو ہفتہ رہ کر ان کی حالت کو دیکھا جاوے دعویٰ سے کہا جاتا ہے کہ ان شاء اللہ خواص اہل اسلام تمام دنیا کے مذہب کے خواص سے افضل ہوں گے۔ عبادت

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

خداوندی محبت الٰہی ذکر وفکر خشیت ورغبت آخرت کا جواثر ان میں نمایاں ہوگا کسی مذہب کے خواص میں ان کا پتہ بھی نہ ملے گا۔ اس وقت ظلمت ونور میں کھلا ہوا فرق نظر آئے گا۔

ہر چیز کا اعتدال وہی ہے جو اس میں حکم شریعت کا ہے

فرمایا کہ ہر چیز میں افراط وتفریط مناسب نہیں بلکہ تعدیل ہی مناسب ہے۔ اور اثر تعدیل ہر چیز کا وہی ہے جو اس حکم شریعت کا ہے۔ مثلاً ہمدردی اچھی چیز ہے اگر اس کا افراط اس قدر کہ وسوسہ اعتراض علی اللہ کا پیدا کرنے لگے مناسب نہیں جیسے کوئی بچہ بیمار ہے سخت روتا چلاتا ہے اس پر رحم کھا کر دعا کرے اور تاخیر صحت سے اعتراض علی اللہ پیدا ہونے لگے کہ حق تعالیٰ میری دعا کو اس بچہ کے حق میں کیوں نہیں قبول کرتے یا قبول میں دیر کیوں کرتے ہیں بات یہ کہ اس میں بھی حکمت ہے۔ بعض وقت ایسا ہوتا ہے کہ والدین تدبیر کو استعمال میں نہیں لاتے اور حق تعالیٰ کو غیظ آتا ہے کہ میری سنت عادیہ میں یہ خلل ڈالنا چاہتا ہے (کیونکہ حق تعالیٰ کی سنت عادیہ یہی ہے کہ اختیار اسباب پر مسبب کو مرتب فرماتے ہیں) اور ایسے وقت میں حکم شریعت کا یہی ہے کہ تدبیر کی جاوے اور تدبیر کے موثر بنانے کے لئے دعا بھی کی جاوے۔

شریعت کا اتباع ہر بشر پر لازم ہے اور اس کا راز

فرمایا کہ خدا کا کلام سب سے زیادہ کامل ہے کیونکہ حالات کا سب سے زیادہ علم اسی کو ہے پھر وہ باختیار مالک ہے اور تمام اشیاء میں خود موثر ہے کوئی کیفیت اس پر غالب نہیں اس لئے جو حکم اس کی طرف سے صادر ہوگا وہ نہایت کامل ہوگا نہ اس کے احکام بہت سخت ہو سکتے ہیں کیونکہ اس پر کیفیت غضب غالب نہیں نہ بہت نرم ہو سکتے ہیں کیونکہ اس پر کیفیت رحمت غالب نہیں بلکہ وہ باختیار خود قہار ہے اور باختیار خود رحیم وکریم ہے۔ کسی صفت میں مجبور یا مغلوب نہیں پس معلوم ہوا کہ جو کلام خداوندی ہے اسکے تمام احکام افراط وتفریط سے پاک ہونگے۔ یہی وجہ ہے کہ شریعت کا پابند ہونا ہر بشر پر لازم ہے کیونکہ وہ احکام سب کی مصالح کو جامع ہیں۔ نیز ہماری یہ حالت مشاہد ہے کہ جو کیفیت شدید ہوتی ہے وہ ہم کو مغلوب کر دیتی ہے اس لئے ہم کو شریعت الٰہی کی پابندی ضروری ہے تاکہ ہم اعتدال پر قائم رہ سکیں۔ واقعی شریعت کی تعلیم میں غایت تعدیل ہے۔

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

ختم نبوت کی حکمت

فرمایا کہ میرا تو دل اس سے کانپتا ہے کہ دوسری شریعتوں کو ناکافی وغیر کامل کہوں نہیں وہ بھی اپنے مخاطبین کے لئے کافی اور کامل تھیں مگر ہماری شریعت مقدسہ اکفی واکمل ہے۔ اور یہی اکمل ہونا ختم نبوت کی حکمت بھی ہوسکتی ہے۔

زفرق تابقدم ہر کجا کہ می نگرم کرشمہ دامن دل می کشد کہ جا اینجا است

ادائیگی زکوٰۃ کی پیشگی میں حکمت

فرمایا کہ بڑی خوشی کی بات ہے کہ شریعت نے کئی سال کی پیشگی زکوٰۃ ادا کرنے کو بھی جائز کہا ہے اس میں گو رقم کثیر کا نکالنا گراں ہوگا لیکن بہت بڑا آرام یہ ہے کہ پانچ سال تک بے فکری ہوجاوے گی دوسرے یہ کہ مال مزکی باقی رہتا ہے تیسرے یہ کہ اگر مال تلف بھی ہوجاوے تو اتنی مقدار زکوٰۃ جو پہلے دی گئی وہ تلف ہونے سے بچ گئی اور ثواب کا ذخیرہ ہوگیا۔ چوتھے یہ کہ غریب مسلمان بھائیوں کے کام میں معین ہوگیا۔

ماعنداللہ باق کا بیان

فرمایا کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی دولت سرا میں ایک بکری ذبح ہوئی تھی آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے دریافت فرمایا کہ سب تقسیم ہوگیا یا کچھ باقی ہے۔ گھر والوں نے عرض کیا کہ صرف ایک ذراع باقی ہے آپ نے فرمایا کہ ذراع ہی فانی ہے اور سب باقی ہے۔

کمال شریعت

فرمایا کہ کمال شریعت یہی ہے کہ اس میں تمام انسانی حالات کے متعلق مفصل قواعد موجود ہیں کوئی جزی ایسی نکلنی ممکن نہیں جس کے متعلق شریعت کا حکم نہ ہو۔

حالت مصیبت کے احکام

حالت مصیبت کے احکام حسب ذیل ہیں۔

۱-فرمایا کہ حالت مصیبت میں ابتلا ہو تو صبر کیا جاوے کہ مومن کی یہی شان ہے چنانچہ

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے۔ (الیٰ ان قابل) ان اصابته سراء شکر فکان خیر اله و ان اصابته ضراء صبر فکان خیر اله یعنی مومن کی عجیب حالت ہے کہ اگر اس کو خوشی پہنچتی ہے شکر کرتا ہے اور اگر مصیبت پہنچتی ہے صبر کرتا ہے تو دونوں حالتوں میں نفع رہا۔

۲- فرمایا کہ خدا کی رحمت سے مصیبت میں مایوس نہ ہو بلکہ فضل و کرم الٰہی کا امیدوار رہے کیونکہ اسباب سے فوق بھی تو کوئی چیز ہے تو یاس کی بات وہ کہے جس کا ایمان تقدیر پر نہ ہو اہل دین کا طریقہ تو رضا بقضا ہے۔

۳- مصیبت کی وجہ سے دوسرے احکام شرعیہ میں کوتاہی نہ کرے۔

۴- خدا سے اس مشکل کے آسان کر دینے کی دعا کرتے رہے اور تدابیر میں مشغول رہے۔ مگر تدبیر کو کارگر نہ سمجھے (اور دعا کا حکم اس لئے ہے کہ تدبیر میں بغیر دعا کے برکت نہیں ہوتی)

۵- استغفار کرتے رہو یعنی اپنے گناہوں سے معافی چاہو۔

ہر چہ برتو آید آم ظلمات و غم　　آں زبیباکی و گستاخی ست ہم

غم چو بینی زود استغفار کن　　غم بامر خالق آمد کارکن

۶- اگر مصیبت ہمارے کسی بھائی مسلمان پر نازل ہو تو اس کو اپنے اوپر نازل سمجھا جاوے اس کیلئے ویسی ہی تدبیر کی جائے جیسا کہ اگر اپنے اوپر مصیبت نازل ہوتی تو اس وقت خود کرتے۔

مصیبت کی حقیقت

فرمایا کہ اصل مصیبت وہ ہے جس سے دل میں پریشانی اور بے چینی پیدا ہو۔ پس جو شخص بیمار ہو اور دل کو پریشان پائے اس کے حق میں یہ مرض مصیبت ہے اور اگر دل پریشان نہیں بلکہ صابر و شاکر ہے تو یہ ہرگز مصیبت نہیں بلکہ موجب رفع درجات ہے۔

تفویض نہایت اعلیٰ مقام ہے

فرمایا کہ حضرت سید احمد کبیر رفاعی رحمۃ اللہ علیہ حضرت غوث اعظم رحمۃ اللہ علیہ کے معاصر ہیں آپ کے ایک مرید نے دریافت کیا کہ حضرت آپ کا کون سا مقام ہے کیا آپ غوث ہیں آپ نے فرمایا نزہ شیخک الغوثة یعنی اپنے شیخ کو مرتبہ غوثیہ سے برتر

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

سمجھو۔ پھر اس نے عرض کیا کہ پھر آپ قطب ہیں۔ **نزہ شیخک عن القطبیۃ** یعنی اپنے شیخ کو مرتبہ قطبیہ سے برتر سمجھو۔ پھر فرمایا کہ حق تعالیٰ نے تمام ارواح اولیاء کو جمع فرمایا اور ارشاد ہوا کہ جو جس کا جی چاہے مانگے۔ ہر ایک نے جو اس کے دل میں تھا عرض کیا کسی نے مرتبہ غوثیہ طلب کیا کسی نے مرتبہ قطبیت۔ یہاں تک کہ نوبت مجھ تک پہنچی تو میں نے عرض کیا۔ **رب انی اریدان لااریدواختاران لااختار** یعنی الٰہی میں یہ چاہتا ہوں کہ کچھ نہ چاہوں اور یہ تجویز کرتا ہوں کہ کچھ تجویز نہ کروں **فاعطانی مالا عین رأت ولااذن سمعت ولا خطرعلیٰ قلب بشر من اھل ھٰذاالعصر** پس مجھے وہ چیز عنایت ہوئی جو اس زمانہ والوں میں سے نہ کسی کی آنکھ نے دیکھی اور نہ کسی کان نے سنی اور نہ کسی کے دل پر گزری (اس سے معلوم ہوا کہ شیخ اپنے مرید کے تسلی کے لئے اپنے مقام کی اطلاع دے سکتا ہے۔ نیز یہ بھی معلوم ہوا کہ تفویض نہایت اعلیٰ مقام ہے)

خالی الذہن ہونا بھی قبول کے لئے کافی ہے

فرمایا کہ اخلاص کے ساتھ تھوڑا عمل بھی قبول ہو جاتا ہے اور اخلاص بھی نہ ہو تو خالی الذہن ہو کر بھی عمل قبول ہو جاتا ہے۔ خالی الذہن کے معنی یہ ہیں کہ نہ دکھاوے کی نیت ہو نہ خدا کیلئے نیت ہو۔

ریا کا مدار نیت پر ہے

فرمایا کہ اصل ریا دل میں ہوتی ہے۔ ہاں صورت ریا جائز ہے۔

خیلاء کا محل مشروع

فرمایا کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ دو جگہ خیلا (تفاخر) جائز ہے۔ ایک صدقہ میں دوسرے عدو دین کے مقابلہ میں۔

غربا کا ایک پیسہ تجارت کیلئے ویسا ہی کافی ہے جیسے امرا کا ہزار دو ہزار

فرمایا کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں کہ اگر کوئی قطاۃ پرندہ کے گھونسلے کے برابر بھی کوئی مسجد بنا دے تو اس کے لئے جنت میں گھر بنے گا۔ اگر یہ شبہ ہو کہ اتنی چھوٹی مسجد مسجد

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

ہی نہ ہوگی تو اگرچہ اس کا یہ جواب ہوسکتا ہے کہ تمام اہل زبان میں مبالغہ کلام کا حسن سمجھا جاتا ہے مگر حدیث کا دوسرا مطلب بیان کرتے ہیں کہ اگر کسی نے مسجد میں مثلاً چار آنے دیئے جس سے عمارت مسجد میں سے اس کے حصہ میں گھونسلہ کی برابر جگہ آئی تو اس کو بھی جنت میں پورا ملے گا اگرچہ اس نے پوری مسجد نہیں بنائی۔ پس اگر کسی نے خدا کی راہ میں ایک پیسہ بھی دیا تب بھی نجات کے لئے ویسا ہی کافی ہے جیسا کہ ہزار دو ہزار۔

غرباء کے چندہ کی قدر کرنی چاہئے

فرمایا کہ غرباء کے چندہ کی قدر کرنی چاہئے اور ان پر ہنسنا نہیں چاہئے کیونکہ یہ بڑا جرم ہے۔ تعزیرات الٰہیہ کا۔ لقولہ تعالیٰ **والذین یلمزون المطوعین من المومنین فی الصدقات والذین لایجدون الاجھدھم فیسخرون منھم سخراللہ منھم ولھم عذاب الیم** شان نزول اس آیت کا یہ ہے کہ ایک مرتبہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے چندہ کی ترغیب دی تھی تو حضرت عبدالرحمٰن بن عوف اتنا لائے کہ اٹھ بھی نہ سکا اور ایک صحابی جو کے دانے لائے۔ منافقین دونوں پر ہنسے ایک کو ریا کار بنایا ایک کو بے شرم۔

مقبولین کو چھیڑنا موجب غضب الٰہی ہے

فرمایا کہ تفسیر مظہری میں ایک حدیث قدسی نقل کی ہے کہ مجھے اپنے مقبول بندے کو چھیڑنے پر ایسا غصہ آتا ہے جیسے شیر کے بچوں کو چھیڑنے پر شیر کو۔

بس تجربہ کردیم دریں دیر مکافات　　بادر دکشان ہر کہ درافتاد برافتاد

ہیچ قومے راخدا رسوا نہ کرد　　تادل صاحبدلے نیامد بدرد

چنانچہ ایک ایک مقبول بندے کے ستانے پر شہر کے شہر تباہ کردئے گئے ہیں۔

حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی دعا واستغفار کے مفید ہونے کی شرط

فرمایا کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی دعا واستغفار اس وقت مفید ہوسکتی ہے کہ گناہ کرنے والا خود بھی توبہ کرنا چاہے۔

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

خدا کی راہ میں خرچ کرنے کی ترغیب

فرمایا کہ دیکھو حق تعالیٰ کی کتنی بڑی رحمت ہے کہ دین کے کاموں میں خرچ کرنے کو فی سبیل اللہ یعنی خدا کی راہ میں خرچ کرنا کہا۔ معاذ اللہ کیا اس میں کوئی خدا کا نفع ہے۔ ہرگز نہیں۔ یہ خرچ واقع میں فی سبیل اللہ انفسکم ہے اس لحاظ سے تو اگر یہ قانون کر دیا جاتا کہ صدقہ اس شخص کا قبول ہوگا جو پہلے اتنی فیس داخل کرے تو ہم کو فیس دے کر خرچ کرنا چاہئے تھا کیونکہ ہمارے نفع کا کام تھا۔ مگر افسوس آج کل مسلمانوں کو بنکوں میں تو روپیہ داخل کرنے کی ہوس ہے اور خدا کے پاس جمع کرنے کی ہوس نہیں۔

من سن سنۃ "حسنۃ" میں بانی عام ہے اضافی ہو یا حقیقی

فرمایا کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے۔ من سن سنة حسنة فلها اجرها و اجر من عمل بها یعنی بانی (ابتدا کرنے والے) کو بہت زیادہ ملتا ہے۔ اگر بعض کو یہ شبہ ہو کہ ہم تو چندہ میں ابتدا نہیں کر سکے ہم کو ثواب نہ ملے گا تو سمجھو کہ جب مجمع میں چندہ ہوتا ہے تو ہر ایک دوسرے کیلئے بانی ہے یعنی بعض مرتبہ ایک شخص کے دینے سے دوسرا ابھر جاتا ہے تو وہ اس کیلئے بانی و محرک ہوا۔ اس کے دینے کا ثواب اس کو بھی ملے گا۔ حاصل یہ کہ بانی عام ہے اضافی یا حقیقی۔

ہماری شریعت کفار محسنین کے شکریہ کی تعلیم دیتی ہے

فرمایا کہ حدیث میں وارد ہے کہ جب غزوہ بدر میں مسلمانوں کو غلبہ ہوا اور بہت سے کفار مارے گئے اور بہت سے قید ہو کر آئے تو حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا۔

لو كان مطعم بن عدى حياء كلمنى فى هؤلاء النتنىٰ لتركتهم له

کہ اگر مطعم بن عدی زندہ ہوتے اور ان گندہ کفار کی بابت گفتگو کرتے تو میں ان کی خاطر چھوڑ دیتا۔ بعض روایتوں میں ہے كان يشكر له کہ حضرت صلی اللہ علیہ وسلم ان کی شکر گزاری کے لئے ایسا فرماتے تھے کیونکہ جس وقت حضور صلی اللہ علیہ وسلم مکہ معظمہ سے طائف تشریف لے گئے تو شاید وہاں کے باشندے مسلمان ہو جاویں اور وہاں تکالیف سے نجات ملے۔ وہاں کے لوگوں نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ نہایت گستاخانہ سلوک کیا

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم بدول ہو کر پھر مکہ معظمہ واپس تشریف لائے اور مطعم بن عدی کو اطلاع فرمائی کہ اگر اہل مکہ مجھے امن دیں تو شہر میں آؤں ورنہ کسی دوسری جگہ چلا جاؤں۔ اس وقت مطعم بن عدی نے اہل مکہ سے کہا کہ محمد صلی اللہ علیہ وسلم کو میں نے پناہ دی خبردار کوئی ان کو ہاتھ نہ لگائے چنانچہ اس وقت ہجرت مدینہ تک حضور صلی اللہ علیہ وسلم مطعم بن عدی کی پناہ کی وجہ سے مکہ میں تشریف فرما رہے ان کی اس ہمدردی کا ہمیشہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم شکریہ ظاہر فرماتے تھے۔ اسی کے صلہ میں یہ ارشاد فرمایا تھا۔ اس وقت بعینہ یہی حالت ہے ان احکام کے ساتھ کہ جس طرح مطعم بن عدی نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی حمایت کی تھی اور آپ ان کے ممنون و شکر گزار تھے۔ اسی طرح حکام وقت ہمارے محافظ ہیں اور ہمارے امن کے ذمہ دار ہیں۔ ہم کو بھی ان کا شکر گزار رہنا چاہئے جس کا ادنیٰ اثر یہ ہونا چاہئے کہ کوئی ایسی شورش نہ کریں جس سے حکام تشویش میں پڑ جاویں۔

نفس تو شیطان کا بھی باپ ہوتا ہے

فرمایا کہ نفس مکار شیطان سے بھی بڑھ کر ہے کیونکہ اس کو بھی نفس ہی نے تو خرابی میں ڈالا تھا وہ بالذات تو بدذات نہ تھا۔ نفس ہی کے کید میں آ کر بدذات ہوا تو یہ نفس شیطان کا بھی باپ ہوا۔

الحزم سوء الظن کی تفسیر

فرمایا کہ الحزم سوء الظن اس کی تفسیر میں حضرت حاجی صاحب نے فرمایا تھا کہ اے من نفسہ یعنی دانائی و احتیاط یہ ہے کہ آدمی اپنے نفس سے سوء ظن ہی رکھے۔ کسی وقت مطمئن نہ ہو ہمیشہ کھٹکتا رہے۔ اگرچہ حکماء نے اس جملے کے دوسرے معنی بھی لئے ہیں وہ یہ کہ انسان کو کسی پر اعتماد نہ چاہئے ہر شخص پر بدگمان رہے۔ احتیاط رکھے وہ کیسا ہی مخلص دوست ہو۔ معاملہ کے اعتبار سے یہ بھی صحیح ہے مگر عارفین یہ کہتے ہیں کہ دوسروں سے تو حسن ظن رکھے اور اپنے نفس سے سوء ظن رکھے۔

دوسرے کے ساتھ حسن ظن کی تعلیم

فرمایا کہ حضرت حاجی صاحب فرماتے تھے کہ میرے پاس جو لوگ آتے ہیں ان کے قدموں کی زیارت کو موجب نجات جانتا ہوں کیونکہ وہ یقیناً اچھے ہیں اور ان کے اچھے ہونے کی

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

میرے پاس دلیل یہ ہے کہ وہ میرے ساتھ باوجود ناچیز ہونے کے حسن ظن رکھتے ہیں۔

برکت حقیقت

فرمایا کہ برکت کی حقیقت یہ ہے کہ کثرت نفع۔ اگر کسی چیز کا کثیر النفع ہونا ثابت ہو جاوے تو اس کو مبارک کہنا صحیح ہوگا۔

مولوی اس ترقی کے حامی نہیں جس میں دین کی خرابی ہو اور یہ اشد الضررین سے بچانا ہے

فرمایا کہ یہ قاعدہ عقلیہ ہے کہ جس جگہ دو قسم کے ضرر جمع ہوں ایک اشد اور دوسرا اہون تو اہون کو اختیار کرنا چاہئے مثلاً باپ نے جو بچہ کو بے راہی کرنے پر مارا تو یہ مارانا بھی بچہ کے حق میں ایک درجہ کا ضرر ہے اور دوسرا ضرر یعنی بے راہی اس سے اشد ہے۔ کیونکہ بے راہی اگر بچہ اختیار کئے رہا تو اس کا انجام بہت برا ہوگا۔ مثلاً وہ پڑھتا نہیں یا بری صحبت میں بیٹھتا ہے کہ اس سے آئندہ کو اسے بہت ضرر ہوگا۔ اور یہ ضرر پہلے ضرر سے اشد ہے اس لئے باپ نے اہون کو اختیار کیا تا کہ بچہ اشد الضررین سے محفوظ رہے۔ اسی طرح بعض مشورے ہمارے ایسے ہیں کہ ان سے دنیا کا ایک گونہ ضرر ہے مگر چونکہ وہ ضرر اہون ہے اس ضرر سے جو آزاد چھوڑ دینے پر پیش آنے والا ہے اس لئے اشد الضررین سے بچانے کے لئے اہون کو اختیار کیا گیا اور وہ ضرر اشد دین کی خرابی ہے کہ اس سے زیادہ کوئی ضرر نہیں۔ اگر اس کا نام مخالفت ہے تو باپ ماں اور استاد سب مخالف ہیں اور واقع میں اہون کو اختیار کرنا تو اصلاح ہے مدعیان ترقی نے ہمیں خواہ مخواہ اپنا مخالف سمجھ لیا ہے ہم کو ماحی ترقی کہتے ہیں۔ مگر واقع میں ہم ماحی نہیں ہم تو ایسی ترقی کے حامی ہیں کہ سات پشت تک اس کی برکت چلی جاوے خوب سمجھ لیجئے منافع دنیا کے دو درجے ہیں ایک تو وہ جس میں دین کا ضرر نہ ہو اور دوسرا وہ جس میں دین کا ضرر ہو۔ مولوی پہلی ترقی کے حامی اور دوسرے کے ماحی ہیں۔ جس طرح گورنمنٹ کو حامی ترقی دنیا کہا جاتا ہے مگر باوجود اس کے گورنمنٹ ہی کا قانون ہے کہ ڈکیتی بڑا جرم ہے۔ حالانکہ وہ بھی ترقی ہے اور ترقی بھی کیسی کہ ایک رات میں آدمی مالا مال ہو جاوے مگر گورنمنٹ اس ترقی کی حامی نہیں۔

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

شب برات کی خصوصیت

فرمایا کہ شعبان کی پندرھویں رات کی ایک خصوصیت یہ ہے کہ اور راتوں میں تو پچھلے اوقات میں حق تعالیٰ آسمان دنیا پر نزول فرماتے ہیں اور اس شب میں شروع ہی سے نزول فرماتے ہیں۔

تہجد کی فضیلت

فرمایا کہ ایک حدیث میں ہے جو شخص رات کو اٹھ کر التجا کرتا ہے تو میں اس سے بہت خوش ہوتا ہوں اس لئے کہ میری وجہ سے اپنی بیوی اور گرم بستر کو چھوڑ دیا۔

عجب کی مذمت

فرمایا کہ نفس کا ایک خفی کید یہ ہے کہ وہ یہ چاہتا ہے کہ ممتاز ہو کر رہے اور اس میں اس کو حظ ہوتا ہے اس لئے بعضے آدمی یہ چاہتے ہیں کہ اخیر شب ہی میں جاگیں اور نیت یہ ہوتی ہے کہ اس امتیاز میں حظ ہو۔ سو یہ عجب ہے اور عجب ایسی بڑی چیز ہے کہ جس وقت کوئی شخص اپنی نظر میں پسندیدہ ہوتا ہے اس وقت خدا کی نظر میں ناپسندیدہ ہو جاتا ہے۔

سلف نے معاشرت تک میں عجب کا علاج کیا ہے

فرمایا کہ سلف نے معاشرت تک میں اس کا اہتمام کیا ہے کہ اپنی نظر میں پسندیدہ نہ ہوں چنانچہ حضرت علیؓ کا واقعہ ہے کہ آپ نے ایک بار کرتہ پہنا اور اس کی آستینیں خوبصورت معلوم ہوئیں آپ نے ان کو تراش ڈالا کہ بدشکل ہو جائیں۔ حضرت عمرؓ کو کسی نے مسلمانوں کے گھروں میں پانی بھرتے ہوئے دیکھا تو پوچھا کہ یہ آپ کیا کر رہے ہیں فرمایا کہ میں اس وقت اپنے نفس کا علاج کر رہا ہوں اس وقت دو شخص ہرقل کی طرف سے میرے پاس آئے تھے اور میرے عدل کی تعریف کی جس سے میرا نفس خوش ہوا میں نے اس کا علاج کیا۔

ہم میں اور صحابہ میں فرق

فرمایا کہ ایک بزرگ نے کسی سے پوچھا کہ ہم میں اور صحابہ میں کیا فرق ہے انہوں نے فرمایا کہ اگر صحابہ آج کل کے لوگوں کو دیکھتے تو وہ ان کو کافر کہتے اور یہ ان کو پاگل سڑی

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

خیال کرتے۔ واقعی دونوں حکایت اوپر کی اس کی شاہد ہیں۔

ہیئت ممتاز بنانے کی کبھی کوشش نہ کرے

فرمایا کہ جب عمل شاق میں عجب کا احتمال ہو تو ایسے موقع پر عمل شاق کا انتظار نہ کرے اس کا بالکل اہتمام نہ کرے کہ ہیئت ممتاز ہی ہو۔ کسی نیکی کو جو بھی میسر ہو جاوے حقیر نہ جانے مثلاً یہ انتظار نہ کرے کہ اخیر شب ہی کی فضیلت ہے۔ اگر اس وقت جاگنا شاق ہو عشا ہی کے وقت تہجد پڑھنے پر قناعت کرے۔

سختی کی حقیقت

فرمایا کہ لوگ سختی کے معنی سمجھنے میں غلطی کرتے ہیں۔ اصل میں سختی وہ ہے کہ قانون سخت ہو اگر قانون تو سہل و نرم ہو لیکن اس کی پابندی سختی کے ساتھ کرائی جاوے تو اس کو سخت نہ کہیں گے مثلاً نماز کے سارے ارکان سہل ہیں۔ لیکن اس کی عدم ادائیگی پر سخت وعیدیں ہیں۔ نیز حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے ہاتھوں حدود بھی جاری کئے گئے مگر ان پر بھی حق تعالیٰ نے انک لعلیٰ خلق عظیم فرمایا۔

گورنمنٹ کی مداخلت وقف میں جائز نہیں

فرمایا کہ وقف بھی چونکہ ایک رکن مذہبی ہے اس لئے گورنمنٹ کی مداخلت اس میں جائز نہیں جیسا کہ نماز و روزہ و زکوٰۃ وغیرہ میں مداخلت جائز نہیں۔ اسی طرح نکاح و طلاق میں بھی یہی حکم ہے اگر شبہ ہو کہ شوہر تین طلاق دے کر پھر رکھنا چاہتا ہے تو مطلقہ کا استخلاص عدالت کفار سے تو شرعاً جائز ہے تو یہ سمجھ لینا چاہئے کہ گورنمنٹ سے امداد وقوع طلاق کا وہ نہیں لیتی بلکہ اثر طلاق میں امداد چاہتی ہے یعنی طلاق کے بعد اس کو آزادی ہونی چاہئے اس میں امداد چاہتی ہے اور اس طرح اپنے کو ضرر سے بچانا چاہتی ہے پھر اگر شبہ ہو کہ وقف میں بھی متولیان سخت گڑ بڑی مچاتے ہیں اور مال وقف کو کھا ڈالتے ہیں اور مساکین محروم رہ جاتے ہیں اس طرح مساکین کا ضرر ہوتا ہے غور کرنے کی بات ہے کہ یہ صورت عدم النفع کی ہے نہ ضرر کی۔ اس لئے وقف کو استخلاص مطلقہ پر قیاس نہیں کر سکتے کیونکہ متولیوں کی گڑ بڑی سے مساکین کا ضرر نہیں ہاں عدم نفع ضرور ہے۔ مثلاً کسی کی جیب سے سو روپیہ کا نوٹ نکال کر لے لے یہ تو اس کا ضرر

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

ہے اور اگر کوئی شخص اس کو سو روپیہ کا نوٹ دینے والا تھا مگر دیا نہیں یا کسی نے دینے نہیں دیا تو یہ جسکو دینے والا تھا اس کا ضرر نہیں ہوا بلکہ عدم نفع کی صورت ہوئی بس ضرر اور ہے اور عدم نفع اور۔

مظالم حکام کے دفعیہ کیلئے تدابیر مخترعہ جائز نہیں کیونکہ منصوص نہیں

فرمایا کہ جن چیزوں کی حاجت خیر القرون میں نہیں ہوئی اور خیر القرون کے بعد حاجت پیش آئی اور نصوص ان کے خلاف نہ ہوں۔ وہ تو مسکوت عنہا ہو سکتی ہیں مظالم حکام تو ہمیشہ ہی پیش آتے رہے۔ لیکن پھر بھی نصوص میں جہاد یا صبر ہی کا حکم ہے۔ تو اس اعتبار سے یہ جدید مخترعہ تدابیر مسکوت عنہا نہ ہوں گی بلکہ منہی عنہا ہوں گی کہ باوجود ضرورت کے متقدمین نے ان کو ترک کیا تو اجماع ہوا اس کے ترک پر اس لئے ممنوع ہیں۔

مصالح دنیویہ کی تقدیم شریعت پر مناسب نہیں

فرمایا کہ ہر شخص کا یہ فطری امر ہونا چاہئے کہ مصالح دنیویہ کو شریعت مقدسہ پر مقدم نہ کرے۔

امر خلافت کے لئے قوت امیر المومنین کی ضرورت ہے

مسئلہ خلافت کے متعلق فرمایا کہ جو کام اس وقت اٹھا ہے اس میں ضرورت ہے اتفاق کی حدوثاً بھی بقاءً بھی۔ اول تو مجھ کو حدوث اتفاق ہی میں کلام ہے لیکن اگر علیٰ سبیل التنزل مان بھی لیا جاوے تو بقا کا کون ذمہ دار ہے اس لئے کہ بقاء کے لئے صرف ارادت کافی نہیں بلکہ قہر وقوت کی ضرورت ہے اور وہ امیر المومنین ہے اور اس وقت مسلمانوں کا کوئی امیر یا سردار نہیں جو ان کی قوت کو ایک مرکز پر جمع رکھ سکے جو روح ہے اس کام کے کرنے کی تو خلاصہ شرط یہ ٹھہرا کہ مسلمانوں کا کوئی امیر المومنین ہو۔ اصول شرعیہ کے ماتحت ہو کر کام کرو۔ جوش سے کام مت لو۔ ہوش سے کام لو اور جوش کا انجام خراب نکلے گا۔ حدود شرعیہ کی حفاظت رکھو۔ حضرات صحابہؓ تو عین قتال کے وقت بھی حدود کی حفاظت اور رعایت فرماتے تھے جس پر آج ہم کو فخر ہے۔ اگر دین نہ رہا اور احکام اسلام پامال کر کے کوئی کام بھی کیا تو وہ کام پھر دین کا نہ ہوگا کیا یہ دین کی خیر خواہی اور ہمدردی کہلائی جا سکتی ہے اجی جان دینا تو مشکل نہیں مگر یہ تو اطمینان ہو کہ اپنے مصرف پر گئی جان بھی کمبخت دی اور خلجان مول لیا کہ جس کام کے لئے جان دی ہے

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

وہ دین ہے یا نہیں یوں ہی بیٹھے بٹھلائے جا کر جان دینا کون سی انسانیت ہے عوام کے بھروسہ جبکہ ان میں دین بھی پورا نہ ہو کسی ایسے کام میں ہاتھ ڈالنا نہایت خطرناک بات ہے اور یہ خطرہ دنیا ہی کے لئے نہیں بلکہ اس کا اثر دین پر بھی ہوگا اور یہ نہایت قوی اندیشہ ہے۔

ہر کام میں مومن کی من جانب اللہ اعانت ہوتی ہے

ایک شخص نے لکھا کہ اکثر سوچا کرتا ہوں کہ بیوی سے چند روز کی جدائی میں تو دل پر بن جاتی ہے۔ دائمی مفارقت کے وقت کیا گزرے گی فرمایا اول تو مومن کی من جانب اللہ اعانت ہوتی ہے۔ وقوع کے وقت اللہ تعالیٰ کا تعلق ایسا غالب کر دیا جاتا ہے کہ دوسرے تعلقات مغلوب ہو جاتے ہیں گو حزن طبعی کسی درجہ میں رہے۔ جیسے موت کی کراہت حیات میں کسی درجہ میں ہوتی ہے۔ مگر عین موت کے وقت اکثر تو یہ کراہت مبدل بہ شوق اور اقل درجہ مبدل بہ گوارائی ہو جاتی ہے۔ کما وردفی الحدیث و یشاھد کثیراً

جنت میں بیبیاں حوروں سے افضل ہونگی

فرمایا کہ جنت میں یہ بیبیاں حوروں سے افضل ہوں گی اور اجمل کی طلب نہ خلاف عقل ہے نہ خلاف نقل اسلئے اپنی بیویوں کے ملنے کے لئے دعا کرنا نہ خلاف عقل ہے نہ خلاف نقل۔

ضاد کا حکم مقطی یہ ہے

فرمایا کہ ضاد کو صحیح مخرج سے ادا کرنے کا قصد کیا جاوے پھر خواہ کچھ ہی منہ سے نکلے معذور ہے اور اگر قصداً غلط پڑھے گا گناہ ہوگا۔ باقی صحت صلوۃ اس میں اختلاف ہے۔ میری رائے یہ ہے کہ بلوی کے سبب نماز صحیح ہو جاوے گی۔ البتہ اقتدا صحیح خواں کی اس میں بھی اختلاف ہے۔ میری رائے یہ ہے کہ غیر قادر علی الاداء الصحیح کے پیچھے نماز ہو جائے گی اور قادر غلط خواں کے پیچھے نہ ہوگی۔

رنج طبعی منافی تفویض نہیں

فرمایا کہ جانی یا مالی نقصان وغیرہ پر اگر رنج طبعی ہو مگر حق تعالیٰ پر اعتراض نہ ہو تو وہ تفویض کے منافی نہیں۔

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

توکل وتفویض ورضا کی حقیقت

فرمایا کہ توکل کی حقیقت یہ ہے کہ تدبیر کر کے اللہ تعالیٰ پر بھروسہ کرے مگر شرط یہ ہے کہ وہ تدبیر مباح ہو اور اس میں انہماک نہ ہو۔ توکل بعض کے لئے مطلق تدبیر ظنی کا ترک کرنا ہے اور بعض کے لئے یہ ہے کہ تدبیر غیر مباح اور انہماک فی التدبیر المباح کو ترک کر دے اور تفویض یہ ہے کہ اس کے بعد اگر تدبیر میں ناکامی ہو یا وہ واقعہ تدبیر سے تعلق ہی نہ رکھتا ہو جیسے غیر اختیاری مصائب تو حق تعالیٰ پر اعتراض نہ کرے۔ پس تفویض کی حقیقت توکل کا اعلیٰ درجہ ہے اور اس درجہ علیا کا اثر بہ رضا ہے (التوکل ہدایۃ والتسلیم واسطۃ والتفویض نہایۃ)

تکبیر کا ایک علاج

فرمایا کہ تکبر کا ایک علاج یہ ہے کہ عادات قلیل الجاہ لوگوں کے اختیار کئے جاویں مثلاً کپڑے میں پیوند لگا کر پہنے بلکہ غیر میل کا پیوند لگالے۔ اگر اتنا اور کرے کہ ایک ہفتہ یا ایک مہینہ تو ایسا لباس پہنے تو اس طرح چونکہ نفس کو زیادہ انقباض ہوگا اس لئے زیادہ مجاہدہ اور جلد اصلاح ہوگی۔

شیخ اور مرید کی مناسبت کے معنی

فرمایا کہ شیخ اور مرید کی مناسبت کے معنی یہ ہیں کہ شیخ کی سب باتیں مرید کو پسند ہوں اور مرید کی سب باتیں شیخ کو پسند ہوں اور یہی مناسبت شرط ہے بیعت کی نہ کی تعلیم کی۔

تاکید عصمت اور بر بالاباء

فرمایا کہ حدیث میں ہے **عفوا عن نساء المسلمین تعف نساء کم و بروا آباء کم تبر کم ابناء کم** یعنی تم مسلمانوں کی عورتوں سے بچتے رہو تو تمہاری عورتیں باعصمت رہیں گی۔ تم اپنے باپ کا ادب ملحوظ رکھو تو تمہاری اولاد تمہارا ادب کرے گی۔ اس سے معلوم ہوا کہ جو شخص دوسروں کی عورتوں پر نظر رکھتا ہے اور ان کی عصمت برباد کرتا ہے اس کی عورتوں کی بھی عصمت برباد ہو جاتی ہے۔

آخرت میں کفار پر بھی رحمت ہوگی

فرمایا کہ اگرچہ کفار پر آخرت میں رحمت خاص نہ ہوگی مگر عام رحمت ایک معنی کہ آخرت میں

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

ان پر بھی ہوگی۔ کیونکہ جس قدر عذاب کفار کو آخرت میں دیا جائے گا کفار اس سے زیادہ کے مستحق تھے اور حق سبحانہ تعالیٰ اس سے زیادہ پر قادر بھی ہیں مگر اس استحقاق سے وہ عذاب ہلکا ہی ہوگا۔

فرمایا کہ اللہ اللہ کہنا اگر خلوص سے بھی نہ ہو تب بھی بیکار نہیں کہنے سے استعداد تو ہو جاوے گی اور یہ اول بار ہی کہنا آئندہ عمل پر معین ہو جائے گا۔ لہذا ادنیٰ عمل کو بھی بیکار نہ سمجھو اور کوئی ساعت کسی نہ کسی عمل سے خالی نہ رہنے دو اسی لئے مشائخ نے پاس انفاس تجویز کیا ہے کہ کچھ نہ کچھ سلسلہ رہے۔

یک چشم زن غافل ازاں شاہ نباشی　　شاید کہ نگاہے کند آگاہ نباشی

شب قدر میں نیند کے دفعیہ کی ترکیب

فرمایا کہ شب قدر میں نیند نہ آنے کی تدبیر یہ ہے کہ متفرق اعمال شروع کر دئے جاویں تاکہ توجہ منقسم رہے۔ کچھ دیر نوافل پڑھ لئے پھر تلاوت کر لی۔ پھر ذکر کرنے لگے پھر وعظ شروع کر دیا یا سننے لگے اگر تجدید نشاط کے لئے بیچ بیچ میں تھوڑی بات بھی کر لے تو مضائقہ نہیں جیسے حضور صلی اللہ علیہ وسلم حضرت عائشہؓ سے باتیں کر لیتے تھے۔ باتیں مقصود نہ تھیں بلکہ طبیعت کی تازگی کے لئے ایسا فرماتے۔ اسی طرح نفس کو خوش رکھ کر جاگے اور اگر تکان ایسا ہو جاوے کہ نیند سے بھی بے قابو ہو جاوے تو سو رہے۔ کیونکہ ارشاد ہے۔ فلیرقد ایسی حالت میں سونے ہی میں فضیلت ہے۔ بہرحال عبدیت مطلوب ہے خواہ سونے میں ہو یا جاگنے میں۔ اپنے کو خدا کے سپرد کر دے جیسا کہ حکم ہو وہی کرے۔ اتباع نفس کے لئے کچھ نہ کرے۔ یہی عبدیت ہے۔

تواضع وشکر جمع ہو سکتے ہیں

فرمایا کہ اپنے آپ کو مٹانا جس کو تواضع کہتے ہیں بڑے کام کی اور نفع کی چیز ہے یہ مٹانا وہ چیز ہے جس کے حاصل کرنے کے واسطے بندگان خدا نے سلطنتیں چھوڑ دیں دنیا بھر کی پرواہ نہ کی۔ جس کی بدولت دنیا بھر سے اس کو ترجیح دیتے تھے۔

فرمایا کہ تمہارا یہ کہنا کہ ہماری نماز ہی کیا یہ قول بہت اچھا ہے مگر اس میں دو حیثیتیں ہیں۔ ایک تو یہ کہ یہ ہمارا فعل ہے۔ اس معنی میں یہ بالکل صحیح ہے کیونکہ اپنی چیز کو ہمیشہ گھٹیا ہی سمجھنا

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

چاہئے۔ اور ایک حیثیت یہ کہ خدا تعالیٰ نے ہم کو اس کی توفیق دی۔ اس معنی میں یہ فعل صحیح نہیں ہے کیونکہ اس صورت میں وہ خدا کا عطیہ ہے اور حق تعالیٰ کی نعمت کو حقیر نہیں سمجھنا چاہئے۔

حق تعالیٰ کی شان کے سامنے کسی کا زہد و طاعت کچھ حقیقت نہیں رکھتا

فرمایا کہ حق تعالیٰ کے سامنے کسی کا زہد و طاعت اور اتقا کچھ حقیقت نہیں رکھتا کیونکہ کوئی بھی یہ دعویٰ نہیں کر سکتا کہ ہمارا عمل ان کی شان کے موافق ہے اگر بخشش ہو سکتی ہے تو صرف نظر عنایت سے ہو سکتی ہے جس کے لئے ادنیٰ سبب بھی کافی ہو سکتا ہے۔ چنانچہ ایک ذاکر شاغل کی بخشش محض اس پر ہوئی کہ بے نمک کی کھچڑی خوشی سے کھالی تھی۔

بی بی کا ایک حق جیب خرچ بھی ہے

فرمایا کہ بی بی کا یہ بھی حق ہے کہ اس کو کچھ رقم ایسی بھی دو جس کو وہ اپنے جی آئی خرچ کر سکے جس کو جیب خرچ کہتے ہیں۔ اس کی تعداد اپنی اور بیوی کی حیثیت کے موافق ہو سکتی ہے مثلاً روپیہ دو روپیہ۔ دس بیس پچاس روپے جیسی گنجائش ہو۔

حیا مفرط قابل ترک ہے

فرمایا کہ عورتیں حیا سے آپس میں بھی سلام نہیں کرتیں۔ ایسی شرم قابل ترک ہے جس سے سنت متروک ہو جاوے۔ عورتیں مردوں کو گو سلام نہ کریں مگر آپس میں تو سلام کر لیا کریں اور مردوں میں بھی جو محرم ہوں ان کو سلام کر لیا کریں۔

عورتوں کی اصلاح کا بہترین طریقہ

عورتوں کی اصلاح خاوند سے بہ نسبت پیر کے زیادہ ہو سکتی ہے۔

عورتوں پر سختی کرنا جوانمردی کے خلاف ہے

فرمایا کہ حدیث میں ہے **استوصوا بالنساء خیرا فانما ھن عوان عندکم** یعنی عورتوں سے اچھا برتاؤ کرو کیونکہ وہ تمہارے پاس مثل قیدی کے ہیں اور جو شخص کسی کے ہاتھ میں قید ہو اور ہر طرح اس کے بس میں ہو اس پر سختی کرنا جوانمردی کے خلاف ہے۔ لفظ عوان

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

سے پردہ بھی ثابت ہوتا ہے کہ مقید ہو کر رہنے ہی کا نام تو پردہ ہے۔ نیز پردہ اس سے بھی ثابت ہوتا ہے کہ پردہ کا منشا حیا اور حیا عورت کے لئے امر طبعی ہے اور امر طبعی کے خلاف پر کسی کو مجبور کرنا باعث اذیت ہے اور اذیت پہنچانا دلجوئی کے خلاف ہے۔ پس عورتوں کو پردہ میں رکھنا ان پر ظلم نہیں بلکہ حقیقت میں دلجوئی ہے۔

عورتوں کو پردے میں رکھنا عین دلجوئی ہے

فرمایا کہ قید حبس خلاف طبع کو کہتے ہیں اور جو حبس خلاف طبع نہ ہو اس کو قید ہرگز نہ کہیں گے ورنہ پاخانہ میں جو آدمی پردہ کر کے بیٹھتا ہے اس کو بھی قید کہنا چاہئے مگر اس کو کوئی قید نہیں کہتا کیونکہ یہ حبس خلاف طبع نہیں بلکہ موافق طبع ہے۔ اسی طرح عورتوں کا پردہ میں رہنا قید موافق طبع ہے اس لئے اس کو عرفی قید نہیں کہہ سکتے۔

اللہ تعالیٰ کی سفارش عورتوں کے بارے میں

فرمایا کہ مردوں کو غور کرنا چاہئے کہ اللہ تعالیٰ نے کس عمدہ پیرایہ میں عورتوں کی سفارش کی ہے۔ فرماتے ہیں۔ **وعاشروھن بالمعروف فان کرھتموھن فعسیٰ ان تکرھوا شیئاً ویجعل اللہ فیہ خیراً کثیراً** یعنی عورتوں کے ساتھ اچھا برتاؤ کرو اور اگر کسی وجہ سے تم کو وہ ناپسند ہوں تو ممکن ہے کہ تم کو کوئی چیز ناپسند ہو اور اللہ تعالیٰ نے اس میں بہت بھلائیاں رکھ دی ہوں مثلاً عورت کی بدخلقی پر صبر کرنے سے اجر کثیر کا وعدہ ہے یا مثلاً اس سے کوئی اولاد ہو جاوے جو قیامت میں اس کی دستگیری کرے۔

صفات عظمت صرف درجہ مادہ میں مطلوب ہیں اور صفات عبدیت درجہ عمل میں مطلوب ہیں

فرمایا کہ کبر و عظمت و استیلا انسان کے لئے احکام تکوینیہ ہیں اور تواضع و انکسار و اضمحلال احکام شرعیہ پس ایک کی وجہ سے دوسرے کی نفی نہ کی جاوے گی اور کبر و عظمت کے مقتضا پر عمل کرنے سے تواضع و انکسار و اضمحلال مفقود ہوتے ہیں اس لئے یہ جائز نہیں اور

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

تواضع وانکسار واضمحلال پر عمل کرنے سے کبر وعظمت کی نفی نہیں ہوتی کیونکہ تحقیق پھر بھی رہے گی گو درجہ مادہ میں سہی اور مقصود تکوین کا محض تحقیق ہے نہ کہ عمل جیسا کہ تشریع سے مقصود عمل ہے پس یہی صورت متعین ہوگی کہ صفات عظمت صرف درجہ مادہ تک رہیں اور صفات عبدیت درجہ عمل میں اس طرح سے دونوں جمع ہو جاویں گے۔

کیفیت میں عقلیت کا غلبہ افضل طبیعت کے غلبہ سے

فرمایا کہ جس کیفیت میں عقلیت کا غلبہ ہوگا وہ اس سے افضل ہوگی جس میں طبیعت کا غلبہ ہوگا کیونکہ طبیعت کے غلبہ میں خطرہ رہتا ہے۔ اختلال نظام اعمال کا بخلاف غلبہ عقلیت کے اور شان عقلیت کے غلبہ کی کیفیت مشابہ ہوتی ہے۔ انبیاء علیہم السلام کی کیفیات کے۔ اسی لئے تو لم تعلمون ماا علم کے ساتھ دوسروں کے لئے **توضحک قلیل وبکاء کثیر وعدم تلذذ بالنساء** لازم فرمایا اور حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کے لئے باوجود اس علم کے **اصلی وارقد واتزوج واصوم وافطر** کا حکم کیا گیا۔

محل اتباع شیخ

فرمایا کہ شیخ کا اتباع مطلق واطاعت مطلقہ نہ عقائد میں ہے نہ کشفیات میں نہ جمیع مسائل میں نہ امور معاشیہ میں (مثلاً شیخ طالب سے کہے کہ تم اپنی لڑکی کا رشتہ میرے لڑکے سے یا کسی اور سے کردو) صرف طرق تربیت تشخیص امراض وتجویز تدابیر اور ان مسائل میں ہے جن کا تعلق اصلاح وتربیت باطنی سے ہے وہ بھی اس وقت تک جب تک کہ ان کا جواز مرید وشیخ کے درمیان متفق علیہ ہو اور اگر اختلاف ہو تو شیخ سے مناظرہ کرنا تو خلاف طریق ہے اور امتثال امر خلافت شریعت ہے ایسی صورت میں ادب جامع ہیں ادب یہ ہے کہ علماء سے استفتا کر کے یا اپنی تحقیق سے حکم متعین کر کے شیخ کو اطلاع کرے کہ میں فلاں عمل کو جائز نہیں سمجھتا اور ہمارے سلسلہ میں اس کی تعلیم ہے مجھ کو کیا کرنا چاہئے اس پر اگر شیخ پھر بھی وہی حکم دے تو اس شیخ کو چھوڑ دینا چاہئے اور اگر وہ ترک کی اجازت دے تو یہ بھی اس کی متابعت ہے۔ یہ معنی ہیں اتباع کامل کے یعنی جو مرض نفسانی اس نے تجویز کیا ہو یا جو تدبیر

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

کی ہو یا عمل مشروع جس کا مشروع ہونا شیخ و مرید میں متفق علیہ ہو تجویز کیا ہو۔ ان چیزوں میں اتباع کامل کرے ذرا بھی اپنی رائے کو دخل نہ دے اور باقی امور میں اتباع مراد نہیں۔

علاج شغف شاعری

ایک اجازت یافتہ کے شغف در شاعری کے متعلق حسب ذیل علاج فرمایا۔

شاعری کے دو درجے ہیں ایک تصنیف یعنی شعر گوئی۔ دوسری درجہ نقل یعنی شعر خوانی سو شعر گوئی تو چند روز کے لئے بالکل ہی چھوڑ دیجئے۔ اس چند روز کی کوئی مدت معین نہیں اس کی اجمالی حد یہی ہے کہ اگر کبھی بہت ہی تقاضا ہو مجھ کو اطلاع کر کے مشورہ کر لیا جاوے۔ اگر کسی خاص حدود و قیود سے اجازت مصلحت ہوگی تنگی نہ کی جاوے گی اور خلاف مصلحت میں توسع نہ کیا جاوے گا۔ یہ تو شعر گوئی کے متعلق ہوا۔ رہی شعر خوانی بطور مشغلہ کے اپنے حظ کے لئے سو بلا اجازت تو اس سے بھی بعد ہی مناسب ہے اور اگر کوئی ذی اثر اصرار کرے کہ جواب دینے سے طبیعت پر ثقل ہو اس کے لئے ایک دستور العمل ٹھہرا لیا جاوے وہ یہ کہ

۱- ایک دن میں آدھ گھنٹہ سے ایک گھنٹہ تک وقت دیا جاوے۔ گھڑی پاس رکھ کر بیٹھا جاوے اور صاحب فرمائش سے اول کہہ دیا جاوے کہ میرے مشیر نے میرے لئے یہ تجویز کیا ہے اگر منظور ہو تو اس قید کے ساتھ حاضر ہوں۔ پھر اس میں اپنی سہولت و مصلحت دیکھ کر اختیار ہے خواہ گھنٹہ کوئی خاص ہو مثلاً فلاں وقت سے فلاں وقت تک خواہ جس روز جب موقع اور ضرورت ہو۔ اگر دوسرے وقت کوئی فرمائش کرے عذر کر دیا جاوے کہ کل کو وقت دے سکتا ہوں۔ ایک روز میں دو بار کی اجزت نہیں۔

۲- اس گھنٹہ میں دس منٹ اور اگر آدھا گھنٹہ ہو تو اس میں سے پانچ منٹ بچا کر کوئی کوئی وعظ ضرور پڑھا دیا جاوے۔ بہتر یہ ہے کہ پہلے ہی سے اس کی شرط بھی لگا لی جاوے۔

۳- اس جلسہ کا بالالتزام دعا پر ختم کیا جاوے کہ اس میں جو کدورات و شوائب و نفسانیہ ہوں اے اللہ ان کو معاف کرنا۔

۴- اور جتنی دیر یہ مشغولی رہے اندازے سے اتنی ہی دیر استغفار کا شغل رکھا جاوے۔

اس کے لئے ایک جگہ بیٹھنے کی ضرورت نہیں نہ شمار کی ضرورت ہے متفرق اوقات سے

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

اتنا وقت اندازے سے پورا کر دیا جاوے فی الحال یہ معمول ۴۲ھ تک کے لئے ہے۔ رمضان میں نصف گھنٹہ سے زیادہ نہ دیا جاوے آخر شوال یا اوائل ذیقعدہ میں پھر مشورہ کر لیا جاوے اور دیگر لسانی گناہوں کو جو لکھا ہے مثلاً غیبت وغیرہ کہ جس سے دوسرے کی دلشکنی ہوتی ہے تو اس کا علاج فی الحال یہ کافی ہے کہ ایسا ہو جانے کے بعد مخاطب کو خوش کر دیا جاوے۔ بڑے سے معذرت کر کے اور چھوٹے کو احسان کر کے۔

قادیانی عورت سے نکاح کا حکم

فرمایا کہ میرے نزدیک قادیانی عورت سے نکاح باطل ہے۔ جب ان کا کفر مسلم ہے اور مرتد بحکم کتابی نہیں ہوتا اس لئے اہل کتاب میں ان کو داخل نہیں کر سکتے۔ اور لاہوری گو مرزا کو نبی نہ کہیں لیکن اس کے عقائد کفریہ کو کفر نہیں کہتے اور کفر کو کفر نہ سمجھنا بھی کفر ہے۔ کیا اگر مسیلمہ کذاب کو کوئی شخص نبی نہ مانتا ہو مگر اس کے عقائد کو کفر بھی نہ کہتا ہو تو کیا اس شخص کو مسلمان کہا جائے گا۔

اختیار عبد کا ثبوت تقدیر سے حیات کا دستور العمل

فرمایا کہ گو افعال عباد کے ساتھ تقدیر و مشیت الٰہیہ کا تعلق ہے اور اس تعلق کا اثر یہ ہے کہ اس مقدر کے خلاف ہو ہی نہیں سکتا لیکن ایسے تعلق سے بھی اختیار و قدرت عبد کی نفی نہیں ہو سکتی کیونکہ وہ تعلق اس طرح ہے کہ فلاں شخص فلاں کام فلاں وقت اپنے اختیار و قدرت سے کریگا تو تقدیر جس طرح اس فعل کے ساتھ متعلق ہوتی ہے اسی طرح اس فاعل کی قدرت و اختیار کے ساتھ بھی متعلق ہوتی ہے سو اگر تعلق تقدیر سے اس فعل کا وقوع لازم آ گیا تو اسی تعلق سے وجود اختیار و قدرت کا بھی لازم ہو گیا تو مسئلہ تقدیر سے بجائے نفی قدرت کے قدرت عبد کا وجود اور موکد ہو گیا۔

اضافہ جدیدہ (۱) فرمایا کہ امور اختیاریہ میں عبادت (یعنی پابندی احکام شریعت) (۲) اور غیر اختیاریہ میں عبودیت (یعنی تفویض) یہی خلاصہ ہے حیات کے دستور العمل کا۔

محتاج کو چاہئے کہ وہ محتاج الیہ کے پاس جائے

فرمایا کہ جب ضرورت پیش آتی ہے حکیم صاحب کے پاس خود جاتا ہوں ان کو نہیں بلاتا ایک مرتبہ حکیم صاحب فرمانے لگے کہ مجھ کو شرم معلوم ہوتی ہے۔ میں ہی حاضر ہو جایا

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

کروں گا میں نے کہا نہیں شرم کی کیا بات ہے میرا نہ آنا اور آپ کا بلانا عدل کے خلاف ہے۔ محتاج کو چاہئے کہ وہ محتاج الیہ کے پاس جائے اور الحمد للہ یہ سب باتیں میری امور طبیعہ ہیں۔ مجھ کو کوئی اہتمام یا سوچ بچار کرنا نہیں پڑتا۔

فرمایا کہ جس کو حق تعالیٰ نے جیسا بنا دیا ہے اس کے لئے وہی مناسب تھا گو ہر شخص دوسرے کو دیکھ کر یہ تمنا کرتا ہے کہ میں ایسا ہوتا اور اپنی حالت پر قناعت نہیں ہوتی لیکن غور کر کے دیکھے اور سوچے تو اس کو معلوم ہو جائے گا کہ میرے مناسب وہی حالت ہے جس میں خدا نے مجھ کو رکھا ہے۔

بیبیوں کی قدر کرنا چاہئے

فرمایا کہ ہر صورت میں مردوں کو اپنی بیبیوں کی قدر کرنا چاہئے دو وجہ سے ایک تو بی بی ہونے کی وجہ سے کہ وہ ان کے ہاتھ میں قید ہیں اور یہ بات جوانمردی کے خلاف ہے کہ جو ہر طرح اپنے بس میں ہو اس کو تکلیف پہنچائی جائے۔ دوسرے دین کی وجہ سے کیونکہ تم مسلمان ہو وہ بھی مسلمان ہیں جیسے تم دین کے کام کرتے ہو وہ بھی کرتی ہیں اور یہ کسی کو معلوم نہیں کہ دین کے اعتبار سے اللہ تعالیٰ کے نزدیک کون زیادہ مقبول ہے۔ یہ کوئی بات ضروری نہیں کہ عورت مرد سے ہمیشہ گھٹی ہوئی ہو ممکن ہے اللہ تعالیٰ کے نزدیک مرد کے برابر بلکہ اس سے زیادہ ہو پس عورتوں کو حقیر و ذلیل نہ سمجھنا چاہئے اللہ تعالیٰ بیکس اور مجبور اور شکستہ دل کا تھوڑا سا عمل بھی مقبول فرما لیتے ہیں اور اس کے درجے بڑھا دیتے ہیں۔

اندھے کو سلام نہ کرنا خیانت ہے

فرمایا راستہ میں کبھی کوئی اندھا ملتا ہے تو میں بعض اوقات اس کو سلام نہیں کرتا مزاج پرسی بھی نہیں کرتا مگر بعد میں شرما جاتا ہوں اور اپنے کو بے حد ملامت کرتا ہوں کہ یہ تو خیانت ہے۔

دریافت حکمت سے طاعت کی عظمت جاتی رہتی ہے

فرمایا کہ علت یا حکمت دریافت کرنے میں عوام کے لئے ایک ضرر بھی ہے وہ یہ کہ علت یا حکمت معلوم ہو جانے کے بعد طاعت کی عظمت کا وہ اثر قلب پر نہیں ہوتا جو بدوں اس کے معلوم کئے عمل کرنے سے ہوتا ہے پس تم احکام کی حکمت معلوم کر کے اس عظمت کو

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

کیوں کھوتے ہو۔ اور اگر ایسا ہی علم اسرار کا شوق ہے تو اس کی بھی یہی صورت ہے کہ پہلے بدوں معلوم کئے ہی شروع کر دو کام کرتے کرتے برکات و اسرار خود ہی محسوس ہونے لگتے ہیں۔ وہی سچا عاشق ہے جو علل و حکم کے درپے نہ ہو باقی مجتہدین اس سے مستثنیٰ ہیں کیونکہ وہ عمل شروع کرنے کی حکمت تلاش نہیں کرتے نہ علت پر عمل کو موقوف رکھتے ہیں بلکہ تعدیہ و استنباط احکام کے لئے عمل دریافت کرتے ہیں۔

اوراد کے وقت نیند کو زبردستی دفع نہ کرے

فرمایا کہ اگر پڑھتے پڑھتے نیند آنے لگے تکیہ پر سر رکھ کر سو رہو۔ جب طبیعت ہلکی ہو جاوے پھر پڑھنے لگو۔ اور اگر نیند کو زبردستی دفع بھی کیا جائے تو اس کا انجام یہ ہوتا ہے کہ دماغ میں خشکی پیدا ہو جاتی ہے صفرا میں اشتعال بڑھ جاتا ہے۔ سودا میں ترقی ہو جاتی ہے خیالات فاسدہ آنے لگتے ہیں اور بعض اوقات وہ ان کو الہام سمجھ کر اپنے کو بزرگ جاننے لگتا ہے آخر یہ ہوتا ہے کہ جنون ہو جاتا ہے۔ اسی لئے جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بھی نیند کی بہت رعایت کی ہے چنانچہ ارشاد ہے لاتفریط فی النوم

تشدد فی العمل کے متعلق ایک دقیق اور مفید بات

فرمایا کہ تشدد فی العمل کے متعلق ایک دقیق اور مفید بات یہ ہے کہ جو عمل میں زیادہ کاوش کرتا ہے وہ خاص ثمرات کا منتظر رہتا ہے اگر اس میں دیر ہوتی ہے تو وسوسہ پیدا ہوتا ہے کہ باوجود ایسے مجاہدات کے مجھ کو اب تک ثمرات کیوں نہ ملے۔ گویا اپنی عبادت پر ناز ہو جاتا ہے اور سمجھتا ہے کہ میں بھی کچھ ہوں اور اپنے کو ثمرات کا مستحق سمجھنے لگتا ہے کہ میری عبادت پر ثمرات کا دینا گویا خدا کے ذمہ ہو گیا اور یہ عین کبر ہے اور جو شخص اعتدال سے کرتا ہے تو وہ خیال ہی نہیں رکھتا بلکہ یہ سمجھتا ہے کہ میں کرتا ہی کیا ہوں جس پر ثمرات مرتب ہوئے وہ تو ثمرات کا خیال کرتے ہوئے بھی شرماتا ہے ایسا شخص صرف فضل کا امیدوار ہوتا ہے۔

چشم بند گوش بند ولب کا مطلب

ایک مولوی صاحب نے مثنوی شریف کے اس مصرع کا مطلب دریافت کیا۔

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

چشم بندو گوش بندولب بہ بند

حضرت والا نے فرمایا کہ اس میں مولانا کی مراد اشغال نہیں ہیں بلکہ نامرضیات حق سے پرہیز کرنا ہے۔ یہ اشغال تو صوفیہ نے بہت آخر زمانہ میں جوگیوں سے لئے ہیں اور اس میں کچھ حرج بھی نہیں۔ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اہل فارس کی حکایت سن کر خندق کھدوائی بوجہ مفید ہونے کے اور اشغال تو بہت ادنیٰ درجہ کی چیز ہیں اور آج کل تو بزرگوں نے اکثر ان کو چھوڑ دیا ہے کیونکہ لوگوں پر ضعف غالب ہے اور اشغال سے دماغ' معدہ وغیرہ خراب ہو جاتے ہیں۔ بعض لوگ اس میں ہلاک ہو گئے اور حضرت مولانا روم کے زمانہ میں تو اشغال تھے بھی نہیں۔ یہ تو بہت آخر زمانہ کی ایجاد ہے۔

لباس کا معیار

فرمایا کہ لباس کا یہ معیار ہے کہ ایسا لباس پہنے کہ جو خود اس کی طرف ملتفت نہ ہو یعنی اپنی نظر اس پر نہ پڑے۔ اگر کوئی نواب دوسو روپیہ کا جوڑا پہن لے تو وہ اس کی طرف کچھ بھی توجہ نہ کرے گا۔ اس لئے اس کے لئے دوسو کا جائز اور اس کے لئے پانچ کا ناجائز' پھر فرمایا کہ اسی طرح اگر کوئی شخص بہت ہی ادنیٰ درجے کے کپڑے پہنے تو اس کا قلب بھی ضرور اس میں مشغول ہو جائے گا اول تو یہ خیال کرے گا کہ میں بہت ذلیل وخوار ہو گیا دوسرے یہ کہ میں ایسا نفس مردہ ہوں کہ مجھے کچھ پروا نہیں اپنی عزت کی۔ بس یہ بھی مشغول ہے۔

تفویض بہترین تدبیر پریشانیوں کے دفع کی ہے

ایک صاحب کا ایک لمبا خط آیا جس میں دین و دنیا دونوں کے متعلق پریشانیاں لکھی تھیں۔ اس کے جواب میں تحریر فرمایا کہ اپنے معاملات خدا تعالیٰ کے سپرد کر دینا چاہئے وہ جو کریں اس میں راضی رہے۔ یہ بہترین تدبیر ہے کوئی تدبیر کر کے دیکھے۔

تعلیم کمال عبدیت

فرمایا کہ بعض لوگ ایسے ہیں کہ جب ان کو ذکر و شغل تعلیم کیا جاتا ہے جہاں ان کو تھوڑی سی مدت گزری تو خیال کرنے لگتے ہیں کہ اتنے دن ہو گئے کچھ نہیں ہوا۔ کیا خدائے

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

تعالیٰ کے ذمہ قرض ہے اور کیا تمہارا استحقاق ہے کہ ان کے ذمہ پورا کرنا واجب ہو۔ ایک اشکال اس صورت میں یہ وارد ہوتا ہے کہ ہم سے خدائے تعالیٰ کا وعدہ ہے اس لئے ہم کو ملنا چاہئے اس کا جواب یہ ہے کہ آپ کون سا وعدہ پورا کر رہے ہیں وہ اپنا وعدہ پورا کریں گے تو گویا تمہارے ایفاء نہ کرنے کی حالت میں خدائے تعالیٰ کا وعدہ ہی نہیں ہوا چنانچہ ارشاد ہے **اوفوا بعھدی اوف بعھدکم** کہ تم میرے عہد کو پورا کرو تو میں اپنا عہد پورا کروں گا۔ ایسا خیال کرنا حقیقت میں کبر ہے جس کا حاصل یہ نکلتا ہے کہ ہم اپنے آپ کو یہ سمجھتے ہیں کہ ہم بھی کچھ ہیں۔ ہمیں اپنی حقیقت کی خبر نہیں۔ اگر حقیقت کی خبر ہو تو پانچ وقت کی نماز کی توفیق ہونے پر بھی ہمیں تعجب ہو۔ اور معلوم ہو کہ ہم تو اس قابل بھی نہ تھے یہ محض ان کا فضل ہے کہ ہمیں اس کی بھی توفیق ہوئی۔ اگر کوئی شخص کسی امیر کے یہاں سڑا ہوا خربوزہ لے جاوے اور انعام کے استحقاق کا دعویٰ کرنے لگے تو اس کی کیا گت بنے گی ظاہر ہے دربار سے ذلت کے ساتھ نکالا جائے گا۔ حق تعالیٰ کا وہ فضل ہے کہ ہم کو سڑے ہوئے پر بھی انعام دیتے ہیں اور اپنے دربار سے نہیں نکالتے اس کو ہم غنیمت نہیں سمجھتے۔ پھر فرمایا کہ کیسے درجات۔ اس کا تو ہم کو خطرہ بھی نہیں آتا۔ یہی مدنظر ہے کہ جوتیاں نہ لگیں جس کے ہم مستحق ہیں۔ اس کی مثال ایسی ہے کہ کوئی شخص فوجداری کا مجرم ہو اور مستحق جیل خانہ کا ہو اور حاکم اس پر رحم کھا کر بری کر دے اور وہ یوں کہنے لگے کہ مجھے گاؤں تو ملے ہی نہیں تو یوں کہا جائے گا کہ تیرا گاؤں ملنا تو یہی ہے کہ تو جیل خانہ سے بچ گیا اس سے کمال عبدیت اور حقیقت شناسی اور شان تربیت مریدین ظاہر ہے۔

ذوق حاصل کرنے کا طریقہ ابتدا ہر امر کی تقلید محض ہے

فرمایا کہ ذوق پیدا ہوتا ہے اہل اللہ کی صحبت اور ان کی جوتیاں سیدھی کرنے سے جو کہ اعتقاد و انقیاد کے ساتھ ہو کیونکہ یہاں محض تقلید سے کام چلتا ہے چوں و چرا کرنے سے کام نہیں چلتا۔

فہم و خاطر تیز کردن نیست راہ　　جز شکستہ می نگیرد فضل شاہ

جیسے کوئی بچہ استاد کے سامنے الف بے لے کر بیٹھے اور استاد پڑھاوے کہہ الف اور کہہ بے اور بچہ یوں کہنے لگے کہ الف کی صورت ایسی کیوں ہوئی اور بے کی ایسی کس واسطے ہوئی تو

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

استاد اس سے کہے گا کہ تو اپنے گھر کا راستہ لے۔ بات یہ ہے کہ ابتدا ہر امر کی تقلید محض ہے۔

طالب کی نیت کیا ہونی چاہئے

فرمایا کہ طالب کی نیت تو رہبر بننے کی بھی نہ ہونی چاہئے بلکہ یہ نیت ہو کہ ہمیں راستہ نظر آ جاوے اور رہبر بننے کی نیت شرک فی الطریقہ ہے۔ بلکہ بزرگ بننے کی بھی نیت نہ ہونی چاہئے اگر یہ نیت ہے تو وہ شخص غیر حق کا طالب ہے خود کچھ تجویز نہ کرے۔

حضرت حاجی صاحب کا طریق

فرمایا کہ حاجی صاحب کے طریق کا حاصل یہ ہے کہ باطن میں عشق و سوزش ہو اور ظاہر میں اتباع ہو اور بزرگی وہ ہے جس میں بزرگی بھی مٹ جاوے مگر بدوں پہلے بزرگی ہوئے فنا حاصل نہیں ہوتی۔ جیسے انبہ میں شیرینی جب آتی ہے کہ پہلے ترشی آئے۔ شیرینی کی قابلیت ترشی سے ہوتی ہے جس انبہ میں ترشی نہ آئے وہ شیریں نہیں ہوتا بلکہ اس کا مزہ خراب رہتا ہے۔ بزرگی درمیان میں آتی ہے پھر فنا حاصل ہوتا ہے۔

اہل اللہ میں خودداری کہاں' فنا کی حقیقت

فرمایا کہ اہل اللہ میں خودداری کہاں۔ گالیاں بھی پڑنے لگیں تو پرواہ نہیں ہوتی گو طبعاً حزن ہو یہ حالت نہیں ہوتی کہ کسی کے برا بھلا کہنے پر اس کے درپے ہو گئے مشورہ کرتے پھر رہے ہیں پھر فرمایا کہ ایک طالب علم نے مولوی صاحب کا مقابلہ کیا مگر پھر بھی اس کے درپے نہ ہوئے حالانکہ ان کو اس پر پورا قابو تھا کیونکہ جن کے یہاں وہ ہیں وہ مجسٹریٹ ہیں۔ مجسٹریٹ صاحب نے کہا بھی کہ میں اس کو چھ ماہ سے کم نہ بھیجوں گا۔ مگر مولوی صاحب نے کہا کہ میں اپنے نفس کے لئے ایسا نہ کروں گا۔ پھر فرمایا کہ میں نے ایک نمونہ اس وقت دکھا دیا۔ مگر یہ مطلب کہ جس کو فنا کا درجہ حاصل نہیں ہوا تو وہ بزرگ نہیں بلکہ فنا یہ ہے کہ بزرگی ہو کر وہ مٹ جاوے جس کی علامت یہ ہے کہ بزرگ ہو کر اپنے کو بزرگ نہ سمجھے اور صاحب فنا کے لئے یہ ضروری نہیں کہ کسی کے گستاخی کرنے پر دل میں خیال بھی نہ آئے۔ ہاں مقتضا پر عمل نہ ہوگا۔ ویسے تو امور طبعیہ ستاتے ہی ہیں اور یہ سب چیزیں خدائے تعالیٰ کا

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

عطیہ ہیں۔ استحقاق کسی کو بھی نہیں۔ مگر ہاں دھن میں لگا رہا ہے۔

تحصیل راحت کا گر

فرمایا کہ ایک بار حضرت مولانا گنگوہی نے فرمایا کہ کسی سے کسی قسم کی توقع مت رکھو چنانچہ مجھ سے بھی مت رکھو۔ یہ بات دین و دنیا کا گر ہے۔ جس شخص کی یہ حالت ہوگی وہ افکار ہموم سے نجات پاوے گا۔

مجمل کلام بولنا خلاف سنت ہے تہذیب نہیں تعذیب ہے

فرمایا کہ مکلفات اور رسوم نے معاشرت کا ناس کر رکھا ہے۔ مجھ کو مبہم بات سے ایسی پریشانی ہوتی ہے کہ بیان نہیں کر سکتا۔ زیادہ نہ بولنے کو ادب خیال کرتے ہیں۔ یہ مکلفات ایرانیوں سے سیکھی ہیں۔ مبہم بات سنت کے بھی خلاف ہے۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا کلام کتنا واضح ہوتا ہے مگر پھر بھی تین تین بار فرماتے تھے۔ صاف کلام کرنا سنت ہے۔ چنانچہ دیکھئے حدیث میں ہے کہ ایک شخص نے آ کر حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو پکارا آپ (صلی اللہ علیہ وسلم) نے فرمایا کون ہے۔ اس نے کہا انا کہ میں ہوں آپ (صلی اللہ علیہ وسلم) نے فرمایا کہ انا انا معنی میں میں کیا ہوتا ہے اپنا نام لو۔ بعض لوگ آتے ہیں اور یوں کہتے ہیں کہ آپ اپنا خادم بنا لیجئے مطلب یہ ہوتا ہے کہ مرید کر لیجئے۔ مگر یہ کلام مجمل ہے کیونکہ خادم تو عام ہے بعض لوگ کہتے ہیں کہ اپنے دامن میں لے لیجئے۔ اس کا مطلب تو یہ ہونا چاہئے کہ داماد بنا لیجئے۔ پھر جب تفتیش کر کے پوچھتا ہوں تو معلوم ہوتا ہے کہ مطلب یہ تھا کہ مرید کر لیجئے۔ خلاصہ یہ کہ مجمل بات کہنی ہی نہ چاہئے۔ بلکہ ایسا کلام بولے کہ مقصود پر دلالت مطابقی رکھتا ہو۔ مجمل کلام بولنا تہذیب نہیں تعذیب ہے۔

شیخ کے لئے نرا صالح ہونا کافی نہیں مصلح ہونا شرط ہے

فرمایا کہ شیخ وہ ہے کہ مصلح ہو نرا صالح ہونا کافی نہیں۔ ولی کے لئے صالح ہونے کی ضرورت ہے مصلح ہو یا نہ ہو اور شیخ ولی ہونے کے لئے دونوں کو جمع ہونے کی ضرورت ہے کہ صالح بھی ہو اور مصلح بھی ہو۔ مصلح اگر صالح اور متقی نہیں تو ایسوں کے رستہ بتلانے میں برکت

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

نہیں ہوتی عادۃ اللہ ہے کہ جو ایسوں سے رجوع کرتے ہیں ان کو طریق پر آمادگی نہیں ہوتی۔ شیخ کو چاہئے کہ اپنے لئے خلوت کا بھی کچھ نہ کچھ وقت تجویز کرے اس سے بھی برکت ہوتی ہے۔

آداب طریقت کے خلاف ورزی کا ضرر

فرمایا کہ ایک بات سمجھ لینے کے قابل ہے کہ احکام شریعت کے خلاف کرنے سے تو آخرت میں عذاب ہوگا اور آداب طریقت کے خلاف کرنے سے معصیت نہیں ہوتی۔ مگر دنیوی ضرر لاحق ہو جاتا ہے۔ آخرت کا ضرر نہ ہوگا گو کبھی بوا۔طہ آخرت سے بھی محرومی ہو جاوے گی کیونکہ اس مخالفت کا اول ضرر یہ ہوتا ہے کہ اللہ کا نام لینے کی حلاوت جاتی رہتی ہے پھر تعطل ہو جاتا ہے پھر ترک مستحب پھر ترک سنت واجبات۔ یہاں تک کہ سلب ایمان کی نوبت آ جاتی ہے کہیں اگر اس حالت میں بھی ہمت سے شریعت کا کام کرتا رہے تو آخرت کا نقصان نہیں مگر انشراح و راحت واطمینان نصیب نہ ہوگا۔ یہ غلط ہے کہ پیر کے ناراض ہو جانے سے اللہ میاں ناراض ہوں گے اور آداب طریقت سے کوئی ادب غامض نہیں۔ پیر کو مکدر نہ کیا جاوے۔ لعن واعتراض اس پر نہ ہو۔ پیر سے غلطی ہو جانے پر نصیحت بھی کرے مگر ہوادب سے۔

پیر کے مکدر کرنے کی تین صورتیں

فرمایا کہ پیر کو مکدر نہ ہونا چاہئے اگر تکدر سے بچنے کا قصد کرے اور تکدر ہو جاوے تو اس کا اثر نہیں۔ اثر ہوتا ہے قلت مبالات کا۔ پس یہ تین حالتیں ہیں۔ ایک تو دل دکھانے کا قصد ہے دوسرا دل نہ دکھانے کا قصد نہ ہو تیسرے دل نہ دکھانے کا قصد ہو۔ پہلی حالت اشد ہے دوسری اہون' تیسری پسندیدہ ہے' دوسری حالت کا باعث قلت مبالات ہے جس دل میں محبت وعظمت ہوگی تو بے پروائی نہیں ہو سکتی۔ اگر قلت مبالات ہے اور بے پروائی ہے تو یا تو محبت کم ہے یا عظمت کم ہے۔ اگر محبت وعظمت دونوں نہ ہوں تو ایسے موقع پر عقل سے کام لو۔ سوچ کر کام کرے جس سے تکدر نہ ہو۔

ترک لایعنی کی ترغیب

فرمایا جس بات میں کوئی فائدہ نہ ہو اس کو ترک کر دینا چاہئے جس کا عمل اس پر ہوگا۔

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

اس کی زندگی بڑی حلاوت کی ہوگی خیر دنیا خیر۔ عقبیٰ دونوں اسی کو حاصل ہوں گی۔ لایعنی باتوں میں بڑا وقت برباد ہوتا ہے۔

مذمت جاہ

فرمایا کہ بڑے بننے میں لوگوں کو حظ ہے حالانکہ چھوٹے ہونے میں حظ ہے کیونکہ بڑے بننے میں سارے بار اس پر آ جاتے ہیں۔ ہاں اگر منجانب اللہ کوئی خدمت اس کے سپرد ہو جائے تو اس کی اعانت ہوتی ہے اور خود بڑا بننے میں اعانت نہیں ہوتی۔ مولانا بڑے بننے کی مذمت میں فرماتے ہیں۔

خویش را رنجور سامو زار زار　　تا ترا بیرون کنند از اشتہار

اشتہار خلق بند محکم است　　بند این از بند آہن کے کم است

اور جبکہ وہ بڑائی بھی جو کہ بلا قصد خود بخود ملے وہ بھی محل خطرہ ہے تو خود بڑا بننے کا تو کچھ کہنا ہی نہیں اور ایسے لوگ کم ہیں کہ سامان بڑائی کا ہو اور گمان بڑائی کا نہ آوے۔ یہ صدیقین کا کام ہے۔

مدح وذم کا یکساں ہونا علامت عدم کبر کی ہے

فرمایا کہ جس میں کبر نہیں ہوتا اس کے نزدیک مدح وذم دونوں مساوی ہیں اس پر دونوں کا اثر نہیں ہوتا۔ حضرت مولانا یعقوب صاحب کی یہی حالت تھی کہ آپ پر مدح وذم کا بالکل اثر نہ ہوتا تھا مولانا کی اگر کوئی مدح کرتا آپ اپنے کام میں لگے رہتے اور جھک مار کر چلا جاتا ان کو تو اس سے بحث ہی نہ تھی۔ ان کی نظر حقیقت پر تھی۔

مابین الخطبتین دعا کی ترکیب

ایک صاحب نے دریافت کیا کہ مابین الخطبتین جب امام جلسہ کرتا ہے تو دعا مانگنا درست ہے یا نہیں۔ فرمایا کہ دل سے دعا بدون حرکت لسان ہو تو جائز ہے۔ سکوت واجب اور دعا اس طرح جمع ہو سکتے ہیں۔

بدعتی کی امامت کا حکم

ایک صاحب نے پوچھا کہ اگر بدعتی کے پیچھے نماز پڑھنے کو دل قبول نہ کرے تو کیا کرے

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

فرمایا کہ فتوے پر عمل کرے دل کو دخل نہ دے اور بہتر تو یہ ہے کہ اہل بدعت کی مسجد ہی میں نہ جاوے لیکن اگر اتفاقاً پہنچ جاوے تو پھر انکے ساتھ ہی پڑھ لے کیونکہ جماعت کو ترک نہ کرنا چاہئے۔

وظیفہ علاج وسواس کا نہیں

ایک عورت نے ایک رشتہ دار کے واسطہ یہ شکایت کی کہ دل میں وساوس بہت آتے ہیں اس لئے کوئی وظیفہ بتلایئے۔ فرمایا کہ طبعی حالات نہیں بدلتے جب تک فنائے نفس نہ ہو۔ کمال یہ ہے کہ سب چیز رہے اور پھر کام کرے۔ اس لئے طالب کو یہ دھوکہ نہ دینا چاہئے کہ فلاں وظیفہ سے خیالات دور ہو جاویں گے۔ مقتضیات طبعی کیسے دور ہو سکتے ہیں اس کہنے سے کہ فلاں وظیفہ سے حالات دور ہو جاویں گے۔ اگر دور نہ ہوئے تو وہ اللہ کا نام لینا چھوڑ دے گا اس سے کچھ ہوتا تو ہے ہی نہیں۔ ان کو چاہئے کہ کلمہ پڑھیں۔ استغفار پڑھیں۔ استغفار پڑھیں جتنی تسبیح آسان ہو اس قدر پڑھیں پھر مجھ کو اطلاع دیں۔

بزرگوں سے برکت حاصل کرنے کی شرط اعتقاد ہے

فرمایا کہ قطب الارشاد نائب رسول ہوتے ہیں لوگوں کے قلوب میں انوار و برکات ان کی وجہ سے آتے ہیں۔ برکات سے متمع ہونے کی شرط ان کے ساتھ اعتقاد ہے۔

مجذوب مجنون میں فرق

ایک صاحب نے سوال کیا کہ مجذوب اور مجنون میں کیا فرق ہے۔ فرمایا کہ مجذوب کی بات میں انجذاب الی اللہ ہوتا ہے اور مجنون کی بات میں نہیں۔

تحقیق متعلق لیلۃ القدر

ایک صاحب نے سوال کیا کہ کیا لیلۃ القدر کے آثار محسوس ہوتے ہیں۔ فرمایا کہ کبھی محسوس ہوتے ہیں۔ باقی ایک اثر ضروری یہ ہے کہ اس شب میں جی زیادہ لگتا ہے اور لیلۃ القدر میں پوری شب کی یہی فضیلت ہے یہ نہیں کہ کسی خاص ساعت کی۔ اگر ایسا ہوتا تو ساعت کے عنوان سے خبر دی جاتی۔ جیسے جمعہ میں ایک ساعت کی خبر دی گئی ہے۔ اور لیلۃ القدر کی جہاں

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

بھی فضیلت بیان ہوئی ہے عنوان لیلہ سے ہے اور اس میں جمہور کا مذہب یہ ہے کہ رمضان کے عشرہ اخیرہ میں ہوتی ہے اور بعض علماء کا یہ مذہب ہے کہ تمام سال میں دائر ہے۔

تحقیق متعلق نسیان قرآن

ایک صاحب نے پوچھا کہ قرآن کس درجہ کے بھولنے پر وعید ہے فرمایا کہ جس درجہ کا یاد تھا اس درجہ میں یاد نہ رہے تو داخل وعید ہے۔

ایک جلسہ میں متعدد اشخاص کے قرآن بالجہر پڑھنے کا حکم

ایک صاحب نے پوچھا کہ ایک جلسہ میں کئی شخص قرآن شریف جہر سے پڑھ سکتے ہیں؟ فرمایا کہ اکثر فقہاء کے کلام سے منع معلوم ہوتا ہے مگر میں نے اپنی تفسیر بیان القرآن میں ایسے بعض اقوال نقل کئے ہیں جس سے جواز معلوم ہوتا ہے اور اسی میں وسعت ہے۔

قول وفعل اس کا معتبر ہے جو جامع ہو ظاہر و باطن کا

فرمایا کہ قابل اعتماد اس شخص کا قول وفعل ہے جو جامع ہو ظاہر و باطن کا جس کی یہ شان ہو۔

بر کفے جام شریعت بر کفے سنان عشق ہر ہوسناکے ندادند جام وسندان باختن

شاہ ولی اللہ صاحب لکھتے ہیں کہ محقق وہ ہے جس میں تین صفات ہوں محدث ہو۔ فقیہ ہو۔ صوفی ہو تینوں کا جامع ہو۔ بتلایئے کہ آدمی ایسے ہیں یوں صلحاء سب ہیں۔ اپنے سے سب کو اچھا سمجھے۔ ریل میں بیٹھنا آسان ہے۔ گارڈ ہونا' ڈرائیور ہونا مشکل ہے۔ یہ دوسری بات ہے کہ کوئی کام گارڈ نے عارضی طور سے کسی مسافر کے سپرد کر دیا ہو لیکن لائن کلیر اس کو نہ ملے گا۔ اگرچہ وہ کہے گارڈ نے میری سپرد فلاں کام کر دیا ہے۔

تراویح کے بعض معمولات کی تحقیق

فرمایا کہ کلام اللہ میں ایک دفعہ بسم اللہ بالجہر پڑھنی چاہئے کیونکہ حنفیہ کے نزدیک بسم اللہ بھی مطلق قرآن کی ایک آیت ہے۔ میرا اور میرے استاد کا معمول ہے کہ اقراء پر پڑھتے ہیں وجہ یہ کہ سب سے پہلے یہ نازل ہوئی ہے اور دوسرے اس کا شروع مضمون بھی بسم اللہ

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

پڑھنے کے مناسب ہے کیونکہ فرماتے ہیں اقرء باسم ربک جس میں بسم اللہ پڑھنے کا اشارہ نکلتا ہے اور بعض علماء نے رعایت خلافیات کے سبب کہا ہے کہ اول تراویح میں الحمد پر پہلے پڑھ لے اور مناسب یہ ہے کہ مختلف طور سے پڑھ دیا کرے کبھی کسی سورت کے اول میں کبھی کسی کے قل ھو اللہ تعیین نہیں اور مفلحون تک پڑھنے میں سب کا اتفاق ہے۔ رہا قل ھو اللہ کا تین مرتبہ تو یہ محض معمول ہے کسی دلیل سے ثابت نہیں۔

تہذیب اس کا نام ہے کہ بناوٹ نہ ہو صاف بات ہو

فرمایا کہ تہذیب اس کا نام ہے کہ بناوٹ نہ ہو۔ صاف بات ہو۔ چنانچہ گاؤں کے لوگ نہایت مخلص ہوتے ہیں۔ نانوتہ کے پاس آبہہ ایک گاؤں ہے۔ حضرت حاجی صاحبؒ وہاں عرصہ تک قیام فرمارہا کرتے تھے۔ حضرت مولانا گنگوہی بھی اس موضع میں حضرت حاجی صاحب کے ہمراہ تشریف لے جایا کرتے تھے۔ اس گاؤں سے لوگ آتے ہیں اور ان کو یہاں قیام کرنا ہوتا ہے تو صاف کہہ دیتے ہیں کہ ہم اتنے آدمی ہیں اور رات کو قیام کریں گے۔ اور میں اس بات کی بڑی قدر کرتا ہوں۔ میں ان کی چیز واپس نہیں کرتا ان میں کوئی بناوٹ نہیں ہوتی۔ پہلے آبہہ کے لوگ جمعہ پڑھا کرتے تھے۔ ایک دفعہ حضرت مولانا گنگوہیؒ نے فرمایا کہ آبہہ ہمارا ہی ہے اور پھر ہمارے مسلک کے خلاف جمعہ پڑھتے ہیں۔ یہ خبر گاؤں میں پہنچی تو سب نے جمعہ پڑھنا چھوڑ دیا۔

موقع امتحان سالک

ایک مرید کا خط آیا اس میں لکھا تھا کہ مجھ کو بخار آیا جس میں لذت اور تکلیف ملی تھی یعنی طبعی تکلیف تھی اور روحانی لذت اس پر فرمایا کہ جب یہ حالات پیدا ہونے لگیں تو سمجھ لو کہ اب دروازہ میں داخل ہوئے۔ لوگ کشف و کرامت کو دیکھتے ہیں مگر یہ موقع ہیں امتحان کے کہ موقع پر کیا باتیں پیدا ہوتی ہیں۔

سفارش کی حد

فرمایا کہ اہل رسم کے نزدیک پیر وہ کامل ہے جو روٹی کھلا دے اور مرید وہ مقبول ہے جو خدمت کرے۔ ایک درویش یہاں آئے تھے مریدوں کو خوب روٹیاں کھلائیں حتیٰ کہ چھ

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

ہزار کے مقروض ہو گئے۔ مجھ سے کہنے لگے کہ مجھ کو یہ امید تھی کہ مریدوں سے وصول ہو جائے گا مگر وصول کچھ بھی نہ ہوا آپ فلاں ریاست کے پریذیڈنٹ کو سفارش لکھ دیں کہ وہ اتنی رقم قرض دے دیں۔ میں نے لحاظ میں دب کر لکھ دیا لیکن اس خیال سے کہ ان پر بار نہ پڑے ایک خط ڈاک میں لکھ کر روانہ کر دیا کہ اس قسم کا خط اگر کوئی شخص لاوے تو میری طرف سے اس کو مہتم بالشان نہ سمجھا جاوے جو مناسب ہو عمل کیا جاوے اس پر عمل نہ کرنا۔ انہوں نے جواب میں لکھا کہ اطمینان رکھیں کہ ان کے ساتھ عمل مناسب کیا جاوے گا۔ اب اس صورت میں میری طرف سے ان پر کوئی بار نہ رہا۔ جو ان کو مناسب معلوم ہوا ہوگا وہ کیا ہوگا۔

خدمت کا طریقہ

ایک صاحب حضرت کا سقفی پنکھا کھینچ رہے تھے اتنے میں ایک اور شخص آ کر اس غرض سے ان کے پاس آ کے بیٹھے کہ ان سے پنکھا لے کر خود کھینچیں اسی حیص بیص میں ان کا ہاتھ ان کی آنکھ میں لگ گیا اس پر فرمایا کہ لوگ خدمت کرنا چاہتے ہیں مگر سلیقہ نہیں۔ رواج ایسا بڑھ گیا ہے کہ لوگ سمجھتے ہیں کہ پنکھا وغیرہ خدمت سے مقبول ہو جاویں گے مگر یاد رکھیں کہ بے قاعدہ خدمت مقبول نہیں ہو سکتی۔ جیسے دوپہر کے وقت نماز چونکہ بے قاعدہ ہے مقبول نہیں خدمت سے پہلے اس کا قانون دریافت کریں۔ صرف یہ طریقہ نہیں کہ بس مجھ سے پوچھ لیا بلکہ یہاں رہیں اور سب باتوں کو نگاہ میں لیتے رہیں۔ پھر متبوع سے اجازت لینی چاہئے۔ صاحبو! جو شخص خدمت چاہتا ہو اس کے کرنے کو میں تو نہیں چاہتا۔ میرے نزدیک تو دونوں یکساں ہیں یعنی برسوں خدمت کرنے والا بھی اور نہ کرنے والا بھی۔ میں تو جس کو کام میں مشغول دیکھتا ہوں وہ میرے نزدیک مقبول ہے۔ واقعی مجھ کو تو اس میں راحت ہے اپنے کام میں لگو میں نے چار آدمیوں کو طریقہ خدمت بتلا رکھا ہے اور ان سے دل بھی کھلا ہوا ہے میں ان سے خود کہہ دیتا ہوں اور جب تک مزاج سے واقف نہ ہو اور دل کھلا ہوا نہ ہو خدمت سے کلفت ہوتی ہے۔ واقعی نادانی کی محبت بھی کچھ نہیں نادانی کی محبت ماں کی سی محبت ہے کہ بچہ کو جاہل رکھتی ہے۔

اسرار احکام الٰہی کے معلوم کرنے کا طریقہ

فرمایا کہ ایک شخص ملے جو ایل ایل بی ہو گئے تھے مگر رہے بی (یہ لطیفہ کے طور پر فرمایا)

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

پوچھنے لگے کہ نماز پانچ ہی وقت کی کیوں فرض ہوئی۔ میں نے کہا کہ آپ کی ناک سامنے کیوں لگی۔ خدا کے دو کارخانے ہیں ایک تکوینی دوسرا تشریعی۔ تکوینی کی حکمتیں تم بتلا دو اور تشریعی کی ہم بتلا دیں گے اور میں کہتا ہوں کہ اسرار الٰہی پر مطلع ہونے کا یہ طریق نہیں کہ مولوی سے پوچھا کریں کہ یہ حکم اس طرح کیوں ہے ان کے ذمہ صرف احکام کا بتلانا ہے۔ دلائل و اسرار کا بیان کرنا نہیں۔ دوسرے بہت سی باتیں خود ان کو بھی معلوم نہیں۔ اگر کوئی طریقہ اسرار پر مطلع ہونے کا ہو سکتا ہے تو صرف یہ ہو سکتا ہے کہ احکام پر بلا چوں و چرا عمل شروع کر دیں اس سے قرب باری تعالیٰ ہوگا اور نورانیت ہوگی اور قرب و نور ہی سے انکشاف ہوتا ہے ظاہر بات ہے کہ اگر تم یہ چاہو کہ ہم بادشاہ کے مخفی خزانوں پر مطلع ہوں تو اس کا طریقہ یہ نہیں کہ بادشاہ سے جا کر کہو کہ ہمیں اپنے خزانوں کی چیزوں پر اطلاع کرو۔ اگر ایسا کرو گے سزا پاؤ گے بلکہ اس کا طریقہ یہ ہے کہ بادشاہ کی اطاعت شروع کر دو اطاعت کرنے سے قرب میں ترقی ہوگی حتیٰ کہ اس کی بھی نوبت آ جاوے گی کہ ایک روز بادشاہ خوش ہو کر خود ان پر مطلع کر دے گا۔ خودی کو چھوڑ دو۔ فنا ہو جاؤ جس کو بھی اطلاع ہوئی اسی صورت سے ہوئی مگر اطاعت سے بھی اسرار پر مطلع ہو مقصود نہ ہونا چاہئے۔ ورنہ اسی روز نکال دیئے جاؤ گے بلکہ مقصود اطاعت سے صرف قرب و رضا باری تعالیٰ ہو۔ کبھی راضی ہوں گے تو مطلع فرما دیں گے۔ مگر ان کے ذمہ نہیں ہے کہ مطلع فرما ہی دیں۔

عبادت مالی کا ثواب پہنچانا افضل ہے عبادت بدنی سے

ایک صاحب نے سوال کیا کہ ایصال ثواب عبادت بدنی کا اچھا ہے یا عبادت مالی کا۔ فرمایا کہ عبادت مالی کا ثواب پہنچانا اہل حق کے نزدیک متفق علیہ ہے اس لئے افضل ہے دوسرے اس میں نفع متعدی بھی ہے۔ تیسرے عبادت مالی میں نفس پر گرانی زیادہ ہوتی ہے اور عبادت بدنی کے ایصال ثواب میں امام شافعی کا اختلاف ہے۔

ہٹے کٹے سائل کو دینا حرام ہے

ایک صاحب نے سوال کیا کہ جو سائل تندرست جوان ہٹا کٹا ہو اس کو بھیک دینا کیسا؟

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

فرمایا کہہ دو کہ آگے جاؤ یا خاموش رہو خود چلا جاوے گا پھر فرمایا کہ اگر لوگ نہ دینے پر پورا عمل کریں تو ایسے لوگ مانگنا ہی چھوڑ دیں۔ بھیک مانگنے والے جو قادر ہوں کسب پر فقہا نے ان کو دینا حرام لکھا ہے کیونکہ سوال کرنا ایسے شخص کو حرام ہے اور بھیک دینا یہ اعانت ہے۔ معصیت پر اس لئے وہ بھی حرام ہے اور دلیل یہ ہے **لاتعاونوا علی الاثم والعدوان** مولانا گنگوہی نے اس مسئلہ کو بیان فرما دیا تھا اور یہ بھی کہا تھا کہ لوگ غل تو مچا دیں گے مگر پہنچائے دیتا ہوں۔ چنانچہ بڑا غل مچا۔ بات یہ ہے کہ مانگنا رسم ہو گیا ہے اور رسم کے خلاف لوگ نہیں مانتے۔ اسی مانگنے پر ایک قصہ بیان کیا کہ جس زمانہ میں تفسیر لکھتا تھا تو اس کے لئے ایک علیحدہ موقع تجویز کیا تھا۔ ایک شخص دروازہ پر آیا اور اس نے زور زور سے مانگنا شروع کر دیا گھر میں سے کچھ آٹا وغیرہ لا کر دیا۔ اس پر اس نے یہ کہا کہ ہم یہ لیں گے وہ لیں گے اس کے غل مچانے سے مضامین کی آمد مختل ہو گئی۔ میں اس نیت سے نیچے اترا کہ اس کو سمجھا دوں گا میں نے خیال کیا تھا کہ کوئی شکستہ حال ہو گا دیکھتا کیا ہوں کہ ایک شاہ صاحب ہیں بڑے تنومند لمبا کرتہ اور چوغہ پہنے ہوئے گیروا رنگ' عمامہ باندھے ہوئے۔ وجیہ شخص تسبیح ہاتھ میں کئی تسبیحیں گلے میں۔ عصا لئے ہوئے مقطع صورت۔ میں نے دل میں کہا کہ یہ تو شیخ المشائخ ہیں۔ میں نے تہذیب سے کہا کہ شاہ صاحب کیا تکرار ہے جو توفیق تھی دیدیا یا لے لیا ہوتا۔ تو وہ کہتے ہیں ہم تو کپڑا لیں گے۔ پیسہ لیں گے میں نے کہا کہ جو ملا ہے لے جاؤ تو کہتے ہیں۔

ہر بیشہ گماں مبر کہ خالی است شاید کہ پلنگ خفتہ باشد

میں نے کہا کہ آپ کو بھی اس پر عمل کرنا چاہئے کہ ہر بیشہ گماں مبر الخ اس پر بک بک شروع کی میں نے کہا فضول مت بکو زیادہ بک بک کرو گے تو گردن پکڑ کر نکلوا دوں گا چلے گئے۔

صبر و تحمل کی تعلیم

ایک صاحب نے سوال کیا کہ اگر کوئی مرشد کو برا بھلا کہے تو اس وقت کیا کرنا چاہئے۔ فرمایا کہ اس کو روک دے کہ میرے سامنے ایسا تذکرہ مت کرو مجھ کو صدمہ ہوتا ہے۔ پھر اس کی ہمت ان شاء اللہ نہ ہو گی۔ اور اگر صبر نہ ہو سکے اور پوری قدرت ہو اور کسی مفسدہ کا

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

اندیشہ نہ ہوتو اس وقت بحفظ حد شرعی جوتہ سے ٹھیک کر دے۔ اگر قدرت نہ ہو اور وہ روکنے سے نہ رکے تو وہاں سے چلا جاوے اور اس آیت سے ثابت ہے۔ ارشاد ہے۔

وقد نزل علیکم فی الکتاب ان اذا سمعتم آیات اللہ یکفربھا و یستھزء بھا فلا تقعدوا معھم حتیٰ یخوضوا فی حدیث الخ اور اس آیت کا حکم عدم قدرت کے زمانے میں تھا۔ پھر زمانہ قدرت میں دوسرا قانون ہو گیا۔ یعنی ضرب. یضرب مگر اس وقت کے حالات کے مناسب یہی ہے کہ اس کو یہ اطلاع کر کے چلا جاوے کہ میں اس وجہ سے تمہارے پاس نہیں بیٹھتا کہ تم میرے پیر کو برا کہتے ہو۔ لڑے بھڑے نہیں۔ اس برتاؤ سے پیر کی بھی قدر ہوگی کہ پیر کی کیا پاکیزہ تعلیم ہے۔ بس وہاں ہی چلو جہاں انہوں نے تعلیم پائی ہے کہ کیسا صبر و تحمل ان میں آ گیا ہے۔ اس کو کر کے دیکھئے کہ کیا اثر ہوتا ہے۔

تعلیم .... عنوان لطیف کے استعمال کی

فرمایا کہ لفظ دیور کا جو ہمارے یہاں مستعمل ہے بہت برا ہے۔ ''ور'' ہندی میں شوہر کو کہتے ہیں اور ''دے'' کے معنی ثانی کے ہیں۔ پس دیور کے معنی شوہر ثانی کے ہوئے۔ بعض جہلا کے یہاں دیور کو بجائے شوہر کے سمجھا جاتا ہے۔ اس لئے یہ لفظ قابل تبدیل ہے۔ اسی طرح مجھے سالا کا لفظ بھی برا معلوم ہوتا ہے۔ پورب میں نسبتی بھائی کو کہتے ہیں یہ اچھا لفظ ہے جوائیں بھی مکروہ لفظ ہے خویش اچھا ہے۔ داماد بھی ثقیل ہے۔ بعض الفاظ کہ معنی لغوی ان کے بہت اچھے ہیں اور ہمارے یہاں ان کا استعمال بھی قبیح نہیں لیکن بعض جگہ محاورہ میں برے سمجھے جاتے ہیں جیسے ''مخدومہ'' کا لفظ کہ اس میں کوئی برائی نہیں لیکن پورب میں اس کو نہایت برا سمجھتے ہیں یعنی معنی مفعولہ بعض لفظ غیر محل میں بولے جانے سے بہت برا ہو جاتا ہے جیسے ایک شخص کے لڑکے کا انتقال ہو گیا تھا۔ کسی نے کہا کہ خدا اس کا نعم البدل عطا فرمائے۔ ایک صاحب سن رہے تھے انہوں نے دل میں کہا کہ مرنے کے موقعہ پر یہ لفظ کہا کرتے ہیں اتفاق سے ایک شخص کے باپ کا انتقال ہو گیا اور وہ تعزیت کے لئے آئے تو کہتے ہیں خدا نعم البدل عطا فرمائے اس نے بڑا برا مانا کہ میری ماں کو خصم کراتا ہے۔

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

فاتحہ کی حقیقت اور اس کی غلو کا بیان' بغرض اصلاح

فرمایا کہ اکثر لوگوں کے عقائد بدعات میں خراب ہو گئے ہیں۔ یہاں تک کہ ان کے عقیدہ میں یہ جما ہوا ہے کہ بزرگ لوگ اللہ میاں کے کام میں سہارا لگاتے ہیں۔ ایک تعزیہ میں اولاد کے بارے میں عرضی لٹکی ہوئی تھی کہ اے امام حسین مجھ کو لڑکا دے دیجئے۔ اور اس کے ساتھ ایک پتلا بھی بنا کر اس میں رکھا تھا گویا نمونہ بتلایا تھا کہ لڑکا ایسا ہو یہ تو ایک جاہل عورت کا فعل تھا مگر تعجب ہے ایک مقام پر ایک تحصیلدار صاحب نے عرضی لٹکائی ہوئی تھی کہ اے امام حسین لڑکا دیجئے۔ ایک ظریف اس کے نیچے لکھ آئے۔

زمین شورہ سنبل بر نیارد دروتخم عمل ضائع مگردان

یعنی تمہاری یہ بی بی بانجھ ہے اس سے ہرگز اولاد نہ ہوگی جب تک دوسرا نکاح نہ کرو گے اور نیچے لکھ دیا راقم امام حسین۔

ایک جگہ دو طالب علموں میں بحث ہو رہی تھی کہ ایک تو یہ کہتے تھے کہ لوگ بڑے پیر کی نیاز دلاتے ہیں یہ اختلاف محض لفظوں میں ہے باقی نیت ان کی اس میں یہ ہوتی ہے کہ نیاز تو اللہ کی ہے اور اس کا ثواب فلاں بزرگ کو پہنچ جاوے۔ دوسرے کہتے تھے کہ نہیں عقیدہ میں بھی بزرگوں کے نام کی نیاز ہوتی ہے یہی قصہ ہو رہا تھا۔ اتفاق سے ایک بڑھیا آ گئی اور کہا کہ بڑے پیر کی نیاز دے دو۔ جو شخص کہہ رہے تھے کہ عقیدہ میں بھی بزرگوں کی نیاز دی جاتی ہے۔ انہوں نے اس بڑھیا سے کہا کہ نیاز تو دوں اللہ کی اور ثواب پہنچاؤں بڑے پیر صاحب کو۔ تو وہ بڑھیا کہتی ہے نہیں۔ اللہ میاں کی نیاز تو میں الگ دلواؤں گی یہ تو بڑے پیر کی نیاز ہے۔ جب انہوں نے اپنے مقابل سے کہا کہ دیکھئے آپ کی بڑھیا کس تصریح سے آپ کی تاویل کا بطلان کر رہی ہے جس میں خلاف کی گنجائش ہی نہیں۔

ایک طالب علم دوسرے طالب علم سے نقل کرتے تھے کہ ایک عورت ان کو فاتحہ کے لئے بلا کر لے گئی۔ کھانا تو تھا ہی اس کے ساتھ افیون' چانڈ' حقہ وغیرہ بھی تھا جب فاتحہ خوانی شروع کی اور اس عورت نے کہا کہ میاں نیچے کو مت دیکھنا مگر طالب تھا شوخ نیچے جو دیکھا تو وہ عورت ننگی تھی وہ خفا ہوئی کہ ہم نے منع کر دیا تھا آخر وجہ پوچھی تو کہا کہ جیسے مردہ کو اور

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

چیزوں سے رغبت تھی اس سے بھی رغبت تھی۔ کیا حد ہے اس زیادتی کی۔

ایک سب انسپکٹر بیان کرتے تھے کہ میرے یہاں تھانہ میں رپٹ ہوئی کہ میری فاتحہ کوئی شخص چرا لے گیا۔ چنانچہ میں تحقیقات کو گیا معلوم ہوا کہ ایک نلکی میں پیر جی نے فاتحہ بند کر کے دیدی تھی اور روئی کی ڈاٹ لگا دی تھی کہ جب فاتحہ دینا ہو تو اس نلکی کو کھول کر کھانے پر جھاڑ دیا کرو۔ سال کے بعد وہ بدل جاتی تھی۔ ایک صاحب نے سوال کیا کہ اگر کوئی شخص فاتحہ وغیرہ احتیاط سے کرے تو جواب میں فرمایا بدوں قیود کے کریں اور ایک بات اور قابل غور ہے کہ کھانا سامنے لا کر جو فاتحہ دیتے ہیں یہ عقل کے خلاف ہے کیونکہ کسی چیز کے ثواب ملنے کی حقیقت یہ ہے کہ پہلے عمل کریں کہ اس کا ثواب اپنے کو ملے اس کے بعد دعا کریں کہ یا اللہ جو ثواب مجھ کو ملا ہے وہ فلاں کو پہنچ جاوے اس بنا پر صورت یہ ہونی چاہئے کہ پہلے کھانا مستحقین کو دے دیں کہ ثواب اس کا اپنا ہو جاوے پھر دعا کریں کہ اے اللہ دوسرے کی طرف اس کو منتقل فرما دیں۔ اس سے ظاہر ہو گیا ہو گا کہ کھانے پر فاتحہ دینے کے کچھ معنی نہیں بالکل لغو حرکت ہے دوسرے یہ کہ فاتحہ میں کل کھانا سامنے نہیں رکھتے تھوڑا سا رکھتے ہیں اور اس پر فاتحہ دیتے ہیں اب سوال یہ ہے کہ اتنے ہی کھانے کا ثواب پہنچانا مقصود ہے یا کل کا صرف اسی مقدار کا مقصود ہونا تو ان کے نزدیک بھی نہیں اور جب سارے کا ثواب پہنچانا مقصود ہے تو سوال یہ ہے کہ جب وہ سامنے نہیں تو اس سے معلوم ہوا کہ سامنے رکھنا شرط نہیں پھر یہ تھوڑا کیوں سامنے رکھا گیا کیا اللہ میاں کو نمونہ دکھاتے ہیں یہ تو اور بھی لغو حرکت ہے۔

چاندی خریدنے میں بائع کو نوٹ دینے کا حکم

فرمایا کہ چاندی خریدنے میں مشتری اگر بائع کو نوٹ دے تو جائز نہیں اس لئے کہ ثمن اور بیع کا دست بدست ہونا شرط ہے اور نوٹ روپیہ نہیں ہے۔ بلکہ یوں کرنا چاہئے کہ پہلے کہیں سے یا خود بائع سے نوٹ کا روپیہ لے لے اور وہ روپیہ قیمت میں دے دے۔

کھوٹے سکہ کا حکم

ایک صاحب نے دریافت کیا کہ خراب دو آنی وغیرہ آ گئی ان کا چلا دینا جائز ہے یا

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

نہیں۔فرمایا کہ جوخرابی سکہ ہی کی ہووہ سرکاری کارخانوں میں سے دیجئے اوراگر کسی کودیجئے تو ظاہر کردیجئے کہ ایسی ہے۔خواہ وہ کم میں لے یابرابر جائز ہے۔جب آپ نے اس کو دے دی اب وہ چاہے کسی دوسرے کودھوکہ دے یاظاہر کرکے۔آپ کے ذمہ کچھ نہیں اور جو خرابی بعد کی ہووہ کسی کو بلا اطلاع دینا درست نہیں نہ سرکارکو نہ دوسرے کو۔

بنک میں روپیہ جمع کرنے کا حکم

ایک صاحب نے پوچھا بنک میں روپیہ جمع کرنا کیسا ہے۔فرمایا کہ یہ قرض ہے اور بنک اس کو حرام کاموں میں لگائے گا۔اس نے اعانت کی ہے اوراعانت علی الحرام حرام مگراس میں بعض اقوال پر گنجائش ہے۔کیونکہ ہمارا قصداعانت کا نہیں۔اگر یہ شبہ ہو کہ بنک میں جمع کرنے سے نیت امانت کی ہے پھر قرض کہاں ہوا تو جواب یہ ہے کہ عقود میں نیت معتبر نہیں حقیقت معتبر ہے اور یہاں حقیقت قرض کی پائی جاتی ہے کیونکہ امانت کا ضمان نہیں ہوتا اور یہاں ضمان ہے۔اس لئے قرض ہی ہوگا۔

ہندوستان کے دارالحرب ہونے کی تحقیق

کسی نے دریافت کیا کہ ہندوستان دارالحرب ہے یانہیں فرمایا کہ عموماً دارالحرب کے معنی غلطی سے یہ سمجھا جاتا ہے کہ جہاں حرب واجب ہو۔سواس معنی کوتو ہندوستان دارالحرب نہیں کیونکہ یہاں بوجہ معاہدہ کے حرب درست نہیں۔مگر شرعی اصطلاح میں دارالحرب کی تعریف یہ ہے کہ جہاں پورا تسلط غیر مسلم کا ہوتعریف تو یہی ہے۔آگے جو کچھ فقہانے لکھا ہے وہ امارت میں اور ہندوستان میں غیر مسلم کا پورا تسلط ہونا ظاہر ہے۔مگر چونکہ دارالحرب کے نام سے پہلے غلط معنی کا شبہ ہوتا ہے اس لئے غیر دارالاسلام کہنا اچھا ہے پھراس کی دوقسمیں ہیں ایک دارالامن دوسرے دارالخوف۔دارالخوف وہ ہے جہاں مسلمان خوفناک ہوں اور دارالامن وہ جہاں مسلمان خوفناک نہ ہوں۔سو ہندوستان دارالامن ہے کیونکہ باوجود غیر مسلم کے پورے تسلط کے مسلمان خوفناک نہیں اور حرب بھی درست نہیں کیونکہ باہم معاہدہ ہے۔

ہندوستان میں جواز ربوٰ کی تحقیق

کسی نے کہا کہ شاہ عبدالعزیز صاحب غیر دارالاسلام میں عقد ربوٰ کو جائز لکھتے ہیں

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

دلیل یہ ہے کہ لاربوابین المسلم والحربی فرمایا کہ میری تحقیق یہ ہے کہ عقد جائز نہیں۔ ہمارے بعض اکابر جائز فرماتے تھے اس پر مجھ کو اعتراض ہوا تھا آپ نے اپنے بڑوں کی مخالفت کی۔ میں نے جواب دیا کہ یہ مخالفت نہیں خلاف تو جب ہوتا کہ وہ ناجائز کہتے اور میں جائز کہتا میں نے تو احتیاط کو لیا۔ اگر کوئی احتیاط کرے تو ان کا کیا حرج۔ احتیاط تو اور اچھی ہے وہ بھی یہی فرماتے کہ احتیاط پر عمل کرنے میں کیا حرج ہے اور وہ حضرات واجب تو نہیں کہتے کہ لینا ربوا کا ضروری ہے۔ جائز کہتے ہیں میں نے جو رسالہ لکھا ہے وہ حضرت مولانا گنگوہیؒ کو دکھایا تھا اس کی تعریف کی مگر خلاف مشہور ہونے کے سبب دستخط نہیں فرمائے اسی کا نام تحذیر الاخوان فی تحقیق الربوا فی الہندوستان ہے۔

وقار و تکبر کا فرق

ایک شخص نے دریافت کیا کہ وقار و تکبر میں کیا فرق ہے۔ فرمایا کہ کہاں تکبر کہاں وقار تکبر کہتے ہیں اپنے کو بڑا سمجھنا اور دوسروں کو کمتر وقار کے معنی ہیں کہ ایسی حرکتیں نہ کرنا جو واقع میں خفیف ہوں اور وقار میں یہ نہیں کہ اوروں کو کمتر سمجھے بلکہ وقار تو تواضع کا شعبہ ہے۔ جس قدر انکسار بڑھتا جاوے گا سکون و سکوت کی شان بڑھتی جاوے گی تواضع کے لئے وقار لازم ہے اور تواضع تکبر کی ضد ہے۔

رجاء اور غرور کا فرق

فرمایا کہ رجاء وہ معتبر ہے جس میں اسباب بھی جمع ہوں اور جس میں اسباب جمع نہ ہوں وہ غرور ہے۔ مثلاً جو شخص کھیتی کرتا ہے اور اس کے تمام اسباب جمع کر کے پھر امیدوار ہو حق تعالیٰ مجھ کو دیں تو یہ رجاء معتبر ہے اور ایک شخص وہ ہے جس نے اسباب جمع نہیں کئے اور امیدوار ہے کہ اللہ میاں مجھ کو غلہ دیں گے تو یہ غرور ہے۔ بعض اہل لطائف نے بیان کیا ہے کہ رجاء مستلزم ہے عمل کو۔ اگر عمل نہ ہو تو رجاء کا تحقق ہی نہ ہوگا۔

شکر اور کبر کا فرق

فرمایا کہ جو شخص حق پر ہو تو اس میں بھی لوگوں کی دو حالتیں ہیں ایک تو یہ کہ اس کو نعمت

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

سمجھ کر اس پر شکر کرے۔ یہ تو مطلوب ہے اور ایک یہ کہ اس پر ناز ہو یہ جہل ہے۔ اس کو ایک مثال سے سمجھئے۔ مثلاً ایک شے ہے کہ دو شخص اس پر قابض ہیں مگر ایک تو مالک ہے اور دوسرا محض تحویلدار سو مالک تو ناز کر سکتا ہے مگر تحویلدار نہیں کر سکتا بلکہ اس کو اندیشہ لگا رہے گا کہیں مجھ سے چھین نہ لے۔ اسی طرح اگر کسی نعمت پر بندہ میں کسی خوف کی کیفیت ہے کہ کہیں مالک حقیقی اس نعمت کو سلب نہ کرے تو یہ شکر ہے کہ یوں سمجھ گیا ہے یہ اللہ تعالیٰ کا عطیہ ہے ورنہ کبر ہے۔ پس اہل حق کو چاہئے کہ ترساں ولرزاں رہیں۔ اہل باطل کو حقیر اور اپنے کو بڑا نہ سمجھیں۔

انبیاء علیہم السلام کے علوم سے ایک علم امثلہ ہے

فرمایا کہ انبیاء کے علوم میں سے ایک علم امثلہ بھی ہے۔ جو عارفین کو بھی مرحمت ہوتا ہے۔ اس لئے احادیث میں امثلہ بہت ہیں۔ حضرت علیؓ کا واقعہ بیان کرتا ہوں۔ ایک ملحد نے آپ سے سوال کیا کہ انسان میں اختیار و جبر کیسے جمع ہو سکتے ہیں آپ نے ڈیڑھ بات میں اس کو سمجھا دیا۔ وہ کھڑا تھا اس سے کہا کہ اپنا پاؤں اٹھاؤ۔ اس نے اٹھا لیا آپ نے فرمایا کہ دوسرا بھی اٹھاوہ نہیں اٹھا سکا آپ نے فرمایا کہ بس اتنا مجبور ہے اور اتنا مختار۔ اختیار بھی ہے اور جبر بھی ہے۔ آپ نے کیسا مثال سے سہل کر دیا۔ ایک اور ملحد نے آپ سے سوال کیا تھا معاد کے بارے میں جس کا وہ منکر تھا آپ نے فرمایا کہ کم از کم حشر اجساد محتمل تو ہے تو احوط بھی ہے کہ اس کے وقوع کا اعتقاد رکھیں کیونکہ اگر حشر نہ ہو اور تم منکر ہوئے تو پھر باز پرس ہوگی اسی کو کسی نے نظم کیا ہے۔

قال المنجم والطبیب کلیھما　　لایحشر الاجساد قلت الیکما

ان صح قولکما فلست بخاسر　　او صح قولی فاتجسار علیکما

بزرگوں کی نظر حقائق پر تھی وہ چاہتے تھے کہ مخاطب کو کسی طرح نفع ہو اپنے کو بڑھانا منظور نہ تھا جیسے آج کل بلا پھیلی ہوئی ہے۔

تفکر مظہر حقائق ہے

فرمایا کہ آدمی کو چاہئے کہ اپنی حقیقت میں غور کرے اور سوچا کرے کہ جو برائیاں

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

لوگ کرتے ہیں میں تو اس سے بھی زیادہ برا ہوں۔ یہ خدا کا فضل ہے کہ اس نے اصل عیوب کو چھپالیا میرے عیوب تو اس سے بھی زیادہ ہیں پھر برا کیوں مانے۔ جیسے اندھے کو کوئی کانا کہہ دے تو اس کو شکر گزار ہونا چاہئے اگر خوش بھی نہ ہو تو اس اہتمام میں تو نہ پڑے کہ مجھے کیوں برا کہا۔ اور کون کون اس میں شامل تھا۔ اور کیا معنی ہوا برا کہنے کا اور اس کا دفعیہ کیا ہے وغیرہ وغیرہ۔

تعدیہ امراض کی تحقیق

ایک صاحب نے سوال کیا کہ حدیث میں ہے ''لاعدوی'' یعنی مرض کا تعدیہ نہیں ہوتا اس کے کیا معنی ہیں کیا تعدیہ بالکل منفی ہے۔ فرمایا کہ دو حدیثیں ہیں ایک تو لاعدوی اس سے معلوم ہوتا ہے کہ تعدیہ امراض کا نہیں ہوتا اور دوسری حدیث ہے **فرمن المجذوم کما تفرمن الاسد** کہ جذامی سے ایسا بھاگو جیسے شیر سے بھاگتے ہو۔ یہ ابن ماجہ کی روایت ہے اس سے ظاہراً بعض امراض کا تعدیہ معلوم ہوتا ہے یہاں دو وجہ تطبیق کی ہیں بعض تو عدوی کے قائل ہوئے ہیں کہ امراض میں تعدیہ ہوتا ہے اور لاعدوی میں تاویل کی ہے وہ یہ کہ امراض کی ذات میں تعدیہ نہیں جیسے کہ اہل سائنس بالذات تعدیہ کے قائل ہیں کہ امراض کی ذات میں تعدیہ ہے لاعدوے میں اس کی نفی ہے۔ باقی جہاں خدا تعالیٰ کا حکم تعدیہ کا ہوتا ہے وہاں تعدیہ ہو جاتا ہے اور بعض نے لاعدوی کو مطلق کہا ہے کہ تعدیہ بالکل ہوتا ہی نہیں۔ باقی مجذوم والی حدیث جو بچنے کو فرمایا تو اس کی وجہ یہ ہے کہ اس کے پاس جانے والے کو اگر اتفاق سے یہ مرض ہو گیا تو وہ یہی سمجھے گا کہ مجھ کو اس سے بیماری لگ گئی اور اس اعتقاد سے بچنے کے لئے آپ نے اختلاط سے منع فرمایا۔ خلاصہ یہ کہ بعض نے لاعدوی میں تاویل کی ہے اور بعض نے مجذوم والی حدیث میں۔ مگر اقرب یہ ہے کہ تعدیہ ہوتا ہے مگر باذن الٰہی ہوتا ہے اور بلا اذن نہیں چنانچہ بریلی میں ایک بنگالی ہندو کا قصہ ہوا کہ اس کا لڑکا مبتلائے طاعون ہوا۔ وہ ہندو اس کے پاس برابر لیٹتا تھا۔ اس کا سانس اوپر آتا تھا وہ لڑکا مر گیا۔ اس کو اس قدر صدمہ ہوا کہ اس کو اپنی زندگی بار معلوم ہونے لگی اس لئے قصداً اس کی استعمالی چیزیں خوب استعمال کرتا تھا کہ میں بھی مر جاؤں مگر نہیں مرا۔ بتلایئے کہ اگر تعدیہ بالذات ہوتا وہ کیوں بچتا۔ اسی طرح اگر تعدیہ بالذات مانا جاوے تو اگر کسی جگہ

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

بیماری ہوتو قصبہ میں سے ایک بھی نہ بچے۔ ایک شفیق طبیب تھے جنہوں نے طاعونیوں کا علاج اس طرح کیا کہ دوا اپنے ہاتھ سے بناتے اور پلاتے ان کو گود میں لے لے کر بیٹھتے کہتے تھے کہ ان کے مریضوں میں سے صحت یاب ہوئے ان میں بعض مریض اس قدر تیز مادہ کے تھے کہ انہوں نے ایک مریض کی نبض پر ہاتھ رکھا تو انگلی میں آبلہ پڑ گیا۔ مگر ان کا کان بھی گرم نہ ہوا۔ غرض بالذات خاصیت تو تعدیہ کی اس میں نہیں۔ البتہ اسباب ظنیہ کے درجہ میں یہ معلوم ہوتا ہے کہ اس سے متاثر ہونے یا نہ ہونے کا مدار قوت وضعف قلب پر ہے۔ ضعیف القلب پر اثر زیادہ ہوتا ہے۔ اس کے متعلق ایک مسئلہ یہ ہے کہ جس بستی میں یہ مرض ہو اس کو چھوڑ کر چلا جانا جائز نہیں ہاں اس بستی میں ایک مکان میں سے دوسرے میں چلا جائے ایک دقیق مزع اس کی یہ بھی ہے کہ اگر ساری بستی والے کہیں چلے جاویں کہ ایک بھی وہاں نہ رہے تو جائز ہے۔ باقی یہ جائز نہیں کہ بعضے چلے جاویں اور بعضے وہیں رہیں اور حکمت اس میں یہ ہے کہ بعضے کے چلے جانے سے باقی ماندوں کی دلشکنی واضاعت حق ہوتا ہے کہ مریضوں کی تیمارداری کون کرے گا حقیقی ہمدردی یہ ہے کہ جو اس مسئلہ سے ظاہر ہے۔ باقی لیڈر وویڈر لوگوں کی ہمدردی صرف باتیں ہی باتیں ہیں وہ تو ہمدردی ہے ان کی تہذیب تہذیب نہیں تعذیب ہے اظہار اور ڈاکٹروں کا یہ حال ہے کہ وہ کسی کو دیکھنے جاتے ہیں تو دور کھڑے رہتے ہیں اس صورت میں مریض کی کیسی دل شکنی ہوتی ہوگی۔ وہ سمجھے گا کہ اس مرض کی وجہ سے پرہیز کر رہے ہیں اس کا دل کیسا ٹوٹے گا کہ جب مرض ایسا سخت ہے تو میں بھلا کیا بچوں گا مئو میں ایک جماعت نے اپنے ذمہ طاعون والوں کی خدمت اور ان کا کفن دفن لیا تھا چنانچہ ان کا کان بھی گرم نہ ہوا۔ یہ بھی عدم تعدیہ کی دلیل ہے سچی بات یہ ہے۔

نیارد ہوا تا نہ گوئی بپار　　زمین ناورد تا نگوئی بیار
خاک و باد و آب و آتش بندہ اند　　با من و تو مردہ باحق زندہ اند

منی آرڈر کے جواز کی تاویل، عموم بلوی کا محل جواز

ایک صاحب نے عرض کیا کہ بعض علما منی آرڈر کو ناجائز کہتے ہیں فرمایا کہ عدم جواز کی جو بنا ہے اس میں کلام ہے۔ وہ بنا تو یہ ہے کہ ڈاک میں جو دیا جاتا ہے وہ قرض ہے اور قرض

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

میں مثل لینا چاہئے اور مثل نہیں لیا جاتا مثلاً دو روپیہ دو آنہ تو داخل کیا جاتا ہے اور دس روپیہ صرف وصول کیا جاتا ہے اور یہ ربو ہے۔ اور امانت یوں نہیں کہہ سکتے کہ امانت میں چیز بعینہ پہنچنی چاہئے اور بعینہ پہنچتی نہیں اور وہ کلام یہ ہے کہ قرض تو مسلم مگر وہ دو آنہ قرض نہیں بلکہ منی آرڈر کی فیس ہے جس کا حاصل یہ ہے کہ یہ شخص قرض دے کر دوسری جگہ حاصل کرنا چاہتا ہے اور اس میں کچھ لکھت پڑھت ہوتی ہے جس کے لئے عملہ کی ضرورت ہے پس جو دو آنہ سرکار کو میں دئے جاتے ہیں وہ قرض نہیں بلکہ عملہ کا خرچ ہے سرکار اپنے عمل کی اجرت لیتی ہے دو آنہ اس کی اجرت ہے وہ جزو قرض نہیں۔ وہ تاویل جواز کی یہ ہے باقی محض اس میں عموم بلوی کی تاویل نہیں ہوسکتی ورنہ غیبت میں بہت عموم بلوی ہے۔ بلکہ عموم بلوی وہاں چل سکتا ہے جہاں مسئلہ مختلف فیہ ہو وہاں اپنا مسلک بوجہ عموم بلوی ترک کر سکتے ہیں۔

ترکی ٹوپی کا حکم

ایک صاحب نے عرض کیا کہ ترکی ٹوپی پہننا کیسا ہے۔ فرمایا کہ مقتدا کو تو مناسب نہیں مگر چونکہ اس میں ایک گونہ عموم ہوگیا ہے اور پہلے کا سا خصوص نہیں رہا اس لئے عوام کو اجازت ہوگی۔

چوتھی صدی کے بعد اجتہاد نہیں اس کی تحقیق واقعہ سے

ایک صاحب نے دریافت کیا کہ کیا شامی میں لکھا ہے کہ اجتہاد بعد چوتھی صدی کے بند ہوگیا۔ فرمایا کہ ہاں۔ شامی میں نقل کیا ہے پھر اگر کہیں منقول بھی نہ ہو تب بھی یہ ایک واقعہ ہے جب ایسا شخص بعد چوتھی صدی کے پیدا نہیں ہوا تو لامحالہ یہی کہا جائے گا کہ باب اجتہاد بند ہوگیا اور اس کا امتحان کہ اب ایسا شخص ہے بہت آسان ہے وہ یہ کہ جس شخص کو اجتہاد کا دعویٰ ہو وہ فقہا کے فتاویٰ سے قطع نظر کر کے کلام اللہ وحدیث سے چند مسائل کو مستنبط کرے پھر ان ہی مسائل میں فقہا کے کلام کو دیکھے گا تو خود ہی کہہ دے گا کہ واقعی کلام اللہ وحدیث کو فقہا ہی نے سمجھا ہے۔ چنانچہ میں نے ریل میں ایک مدعی اجتہاد سے کہا تھا کہ دو شخص ہیں ایک کو حاجت وضو کی ہے دوسرے کو غسل کی۔ اور پانی ہے نہیں۔ دونوں نے تیمم کیا اور دونوں سب باتوں میں برابر ہیں صرف فرق اس قدر ہے کہ ایک نے تیمم وضو کا کیا

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

ہے اور دوسرے نے غسل کا۔ بتلاؤ کون شخص ان دونوں میں سے مستحق امامت کا زیادہ ہوگا۔ انہوں نے جواب دیا کہ وضو کے تیمم پر زیادہ مستحق ہے کیونکہ اس کی طہارت قوی ہے بوجہ اس کے کہ نجاست میں دونوں کے تفاوت تھا اور طہارت دونوں کو یکساں حاصل ہوئی پس جس کی نجاست اخف تھی اس کی طہارت قوی ہوئی میں نے کہا اب فقہا کا جواب سنو وہ یہ کہ تیمم عن الغسل کی امامت افضل ہے کیونکہ تیمم نائب ہے اصل کا اور غسل قوی ہے تطہیر میں بہ نسبت وضو کے اور افضل کا نائب افضل ہوتا ہے۔ اس لئے غسل کا تیمم افضل ہوا اور یہ مسلم ہے کہ غسل والا افضل ہے امامت میں وضو والے سے لہذا تیمم عن الغسل کی امامت افضل ہوئی انصاف سے وہ کہنے لگے واقعی ہمارا فہم کچھ بھی نہیں۔

یا شیخ عبدالقادر شیئاً للہ کی اصل تحقیق

ایک شخص یا شیخ عبدالقادر شیئاً للہ پڑھتے تھے فرمایا کہ میں نے ان سے کہا کہ جب شیخ نہ تھے تو لوگ کیا پڑھتے ہوں گے اور خود حضرت شیخ کیا پڑھتے تھے۔ وہ چیز تو یقیناً بڑھ کر ہو گی اس سے جس کی بدولت حضرت غوث اعظم اس مرتبہ کو پہنچے تو وہی کیوں نہ پڑھو۔ درۃ المعارف میں لکھا ہے کہ میں ایک بار پڑھ رہا تھا یا شیخ عبدالقادر شیئاً للہ آواز آئی کہ کہہ یا ارحم الراحمین شیئاً للہ ایسا معلوم ہوتا ہے کہ یہ کلمہ کسی نے غلبہ حال میں کہا ہوگا اصل تو اس کی یہ ہے اور اب وہ رائج ہو گیا بعض باتیں رسم ہو گئیں اگرچہ ابتداء میں غلبہ حال میں صادر ہوئی تھیں جیسے قیام مولود اس کی اصل بھی یہ معلوم ہوتی ہے کہ کسی مجلس میں اتفاقاً ذکر شریف میں کسی کو وجد ہوا اور وہ اسی حالت میں کھڑا ہو گیا اور اس کے ساتھ دوسرے لوگ کھڑے ہو گئے جیسا امام غزالی نے لکھا ہے کہ اگر کسی کو وجد ہو اور وہ کھڑا ہو جاوے تو سب کو کھڑا ہو جانا چاہئے تا کہ اس کو انقباض نہ ہو اب وہ رسم ہو گئی۔

نسبت وہابی کی تکذیب

فرمایا کہ میں نے ایک صاحب سے کہا تھا کہ تم جو ہمیں وہابی کہتے ہو اور ہم کو ابن عبدالوہاب سے نسبت کیا ہے۔ حالانکہ نسبت تین قسم کی ہے۔ اول نسبت تلمذ تو وہ ہمارے سلسلہ اساتذہ میں نہیں۔

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

دوسری نسبت بیعت یہ بھی نہیں تیسری نسبت نسب کی سو وہ بھی ہمارے بڑوں میں نہیں۔ تو کیا ایسی صورت میں ہم کو اس کی طرف نسبت کرنے میں تم سے مواخذہ نہ ہوگا۔ اب تو نسبت کرنے والے یہ معنی لیتے ہیں کہ ہم افعال میں اس کے متبع ہیں مگر یہ بھی تہمت ہے کیونکہ ہمیں تو عبدالوہاب کی تاریخ بھی نہیں معلوم ہماری مجالس میں اس کا تذکرہ بھی کبھی نہیں آتا نہ بطور مدح نہ بطور قدح۔ اور اصل بات تو یہ ہے کہ وہابی کے معنی آج کل یہ ہیں جو رسوم مروجہ کے خلاف کرے اور عوام کے نزدیک یہ مرادف بے ادب کا سمجھا جاتا ہے مولوی اسحاق علی صاحب جو میرے دوست بھی ہیں ان سے ایک صاحب کہنے لگے کہ آپ ذکر ولادت کو منع کرتے ہیں انہوں نے جواب دیا کہ نہیں بلکہ خدا تعالیٰ کی بے ادبی سے منع کرتے ہیں یعنی اگر کھڑا ہونا ادب اور بیٹھا رہنا بے ادبی ہے تو خدا تعالیٰ کے ذکر کے وقت بیٹھا رہنا بے ادبی ہوئی اس ذکر کی میں کہتا ہوں کہ نیز جب خود رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے بقیہ ذکر کو بیٹھ کر کیا تو اس کی بھی بے ادبی ہوئی سو یہ تجزیہ کیسا کہ ایک حصہ ایسا اور ایک ایسا بس چاہئے کہ بقیہ تذکرہ کی بھی بے ادبی کو منع کریں وہ اس طرح کہ سب کو کھڑے ہو کر پڑھو تا کہ سارے ذکر کا ادب ہو۔

نیاز مروجہ کی تحقیق

فرمایا کہ ایک رسم گیارہویں کی ہو رہی ہے جس میں جہلا کا بہت ہی بڑا عقیدہ حضرت غوث پاک کی طرف ایسی حکایتیں منسوب کی ہیں کہ خدا کی پناہ چنانچہ ایک بڑھا کا قصہ ہے کہ اس نے اپنے مرے ہوئے فرزند کے زندہ ہونے کی آپ سے دعا چاہی آپ نے دعا کی تو اللہ تعالیٰ نے فرمایا کہ اس کی عمر ختم ہو چکی تھی اب زندہ نہیں ہو سکتا آپ نے کہا کہ اگر عمر ختم نہ ہو چکی تو آپ ہی سے کیوں کہتے مگر پھر بھی جب دعا قبول نہ ہوئی تو آپ نے غصہ میں آ کر ملک الموت کا تھیلا جس میں روحیں لئے جا رہے تھے چھین کر کھول دیا سب روحیں نکل کر بھاگ گئیں اور سب مردے زندہ ہو گئے۔ ملک الموت نے اللہ میاں سے شکایت کی ارشاد ہوا کہ ہمارا محبوب ہے جانے دو۔

گیارہویں کی مٹھائی کی تحقیق

ایک صاحب نے سوال کیا کہ اگر گیارہویں کی مٹھائی آئے تو اس کو کیا کرے فرمایا

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

لیکر کہیں دفن کردے اور رد کرنے میں عوام کے اندر اشتعال کا اندیشہ ہے۔ جہلا عوام الناس کو مشتعل کرنا ٹھیک نہیں۔ اس کی تائید میں کہ عوام میں اشتعال مناسب نہیں۔ ایک حکایت بیان کی کہ ایک زمانہ میں مسئلہ مولد کے متعلق کانپور میں میری تردید کے لئے علماء کو باہر سے بلا کر بیان کراتے تھے۔ مولانا محمد حسین صاحب آلہ آبادی بھی تشریف لائے ان سے بھی میرے رد کی درخواست کی انہوں نے انکار کیا اور کہا کہ میرا پیر بھائی ہے میں ایسا نہ کروں گا۔ اسی زمانہ میں ایک صاحب نے خواب میں دیکھا کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں بڑا مجمع ہے اور اس زمانہ میں کانپور کے لوگوں میں یہی شور ہو رہا تھا صاحب رویا نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے دریافت کیا ان مسائل میں حق کیا ہے تو فرمایا کہ اشرف علی جو کہتا ہے وہ حق ہے پھر حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے آہستہ سے یہ بھی فرمایا کہ اس سے کہہ دینا یہ وقت اس کا نہیں ہے مطلب یہ تھا کہ عوام الناس میں چونکہ شورش پھیلتی ہے اس لئے خاموشی کی رخصت ہے۔

اخلاص کا ایک امتحان

فرمایا کہ علامت اخلاص کی یہ ہے کہ اگر دوسرا شخص وہی کام کرنے کو آجاوے تو یہ شخص کام کرنا چھوڑ دے بشرطیکہ وہ اہل بھی ہو۔ اب تو یہ حالت ہے کہ اگر کوئی مدرسہ پہلے سے ہو اور دوسرا ہو جاوے اور یہ معلوم ہو کہ وہ اچھا کام کرے گا تو اس کے اکھاڑنے کی فکر کرتے ہیں کیونکہ دنیا کی منفعت جاتی ہے (کہ چندہ کم ہو جائے گا)

تراویح میں قرآن سنانے کی اجرت پر ایک شبہ کا جواب

ایک صاحب نے عرض کیا کہ حافظ لوگ جو محراب سناتے ہیں اور ان کو دیا جاتا ہے اور علما اس کو قرآن پڑھنے کی اجرت قرار دے کر ناجائز کہتے ہیں اگر اس کو حبس اوقات کی اجرت قرار دیا جاوے تو کیا قباحت ہے فرمایا کہ حبس اوقات کی اجرت کہاں ہے اگر حافظ جی مہینہ بھر تک ٹھہرے رہیں اور پڑھیں نہیں تو کون دے اور حافظ جی دن بھر پھرا کریں اور رات کو سنا دیں تو مل جاوے گا یہ تو خالص اجرت قرآن پڑھنے پر ہے۔

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

تعلیم دین، تراویح میں قرآن سنانے پڑھوانے کی اجرت

ایک صاحب نے دریافت کیا کہ تعلیم دین پر اجرت لینے سے اجر ملتا ہے یا نہیں اور جیسے تعلیم پر اجرت لینے کو جائز کہا جاتا ہے اس طرح قرآن سنانے پر اجرت لینے کو جائز کہنے میں کیا قباحت ہے فرمایا کہ تعلیم پر اجرت لینے سے اجر نہیں ملتا۔ مگر تعلیم پر جو ملتا ہے اس کو اجرت کیوں قرار دیا جاوے بلکہ نفقہ ہے دین کی خدمت پر جو کہ مسلمانوں پر واجب ہے یعنی یہ شخص مسلمانوں کی خدمت دینی کر رہا ہے ان کے ذمہ ہے کہ وہ اس کے نفقہ کے کفیل ہوں اور یہ ان کے ذمہ واجب ہے۔ جب نفقہ ہوا تو اجرت نہ ہوئی۔ البتہ متعین مقدار میں شبہ ہوگا کیونکہ نفقہ میں تعین نہیں ہوتی بلکہ جس قدر اس کے اخراجات کو کافی ہو وہ دینا چاہیے تو بات یہ ہے کہ یہ تعیین رفع نزاع کے لئے ہے اور نفقہ کی صورت لینے میں اس کو تعلیم پر اجر بھی ملے گا جب کہ نیت اس کی اللہ کے لئے فیض پہنچانا ہے اور نفقہ ضرورتاً لیتا ہو اور اس کا معیار یہ ہے کہ اگر اس کا گزارا اس طریقہ سے ہوتا ہے اور کہیں سے زیادہ کی ملازمت آ جاوے اور وہ چلا جاوے تو معلوم ہوگا کہ زر کا طالب ہے اور اگر نہ جاوے تو معلوم ہوگا کہ دین کا خادم ہوگا ہاں اگر تنگی سے گزر ہوتا ہو اور چلا جاوے تو مذموم نہیں۔ باقی مردوں پر جو قرآن پڑھتے ہیں اس قرآن پڑھنے کا قیاس تعلیم پر ٹھیک نہیں کیونکہ تعلیم میں دین کی ضرورت ہے اگر تعلیم چھوڑ دی جاوے تو دین کو ضرر پہنچے کہ ایک مدت کے بعد قرآن ضائع ہو جاوے اس لئے بوجہ ضرورت کے صورۃ امام صاحب کے مذہب کو ترک کر دیا گیا بخلاف ایصال ثواب کے کہ دین میں اس کی کمی مضر نہیں۔

خشوع وخضوع کی تحقیق

ایک صاحب نے دریافت کیا کہ خشوع وخضوع میں عطف آیا تفسیری ہے۔ فرمایا کہ خشوع متعلق قلب کے ہے اور خضوع متعلق جوارح کے خشوع کے معنی ہیں سکون چنانچہ کلام اللہ میں ہے ترى الارض خاشعة اے ساکتہ خشوع عمل میں یہ ہے کہ قلب میں سکون ہو یعنی غیر مقصود میں حرکت فکر یہ نہ ہو اور جو چیز موصل الی اللہ نہ ہو وہ غیر مقصود ہے اور جو چیز موصل الی اللہ ہو وہ غیر مقصود نہیں۔ گو مقصود بالذات نہ سہی گو ظاہر میں وہ غیر معلوم ہو چنانچہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ نماز میں تجہیز جیش کرتا ہوں تو وہ تجہیز منافی

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

جیش نہ تھی جیسا کہ ظاہراً معلوم ہوتا ہے اسی بناء پر ایک مولوی صاحب نے کہا پھر تو خشوع کی ضرورت نہیں کیونکہ عمرؓ نماز میں تجہیز جیش فرماتے تھے اس پر حضرت حاجی صاحب نے فرمایا کہ یہ منافی خشوع نہیں اس کی مثال ایسی ہے کہ جیسے وزیر دربار میں جاتا ہے اور امور سلطنت کو پیش کرتا ہے تو وہ امور حضوری بادشاہی کے خلاف نہیں سمجھے جاتے کیونکہ اس کی حضوری یہی ہے اسی طرح حضرت عمرؓ کو خیال کیجئے کیونکہ ان کے سپرد یہی کام تھا۔

تھوڑی آمدنی کب کافی ہوسکتی ہے

فرمایا کہ آدمی قناعت اور اکتفا اور ضروری سامان کے ساتھ رہے تو تھوڑی آمدنی میں بھی رہ سکتا ہے اور فرض منصبی کو بھی ایسا ہی تقویٰ والا ادا کرسکتا ہے۔

عوام کے معاملہ تعویذ کی اصلاح

فرمایا کہ عوام الناس کا اعتقاد تعویذ کے بارہ میں حد سے زیادہ متجاوز ہوگیا ہے۔ اسی واسطے طبیعت تعویذ دینے کو نہیں چاہتی۔ جیسے اہل سائنس کا اعتقاد ہے کہ ہر چیز میں ایک تاثیر رکھ دی ہے جو اس سے تخلف نہیں کرسکتی اور تاثیر رکھ دینے کے بعد نعوذ باللہ اللہ میاں کو بھی قدرت نہیں رہی کہ اس کے خلاف ہو سکے۔ مثلاً آگ کے اندر تاثیر جلانے کی رکھ دی ہے اب یہ ہو ہی نہیں سکتا کہ آگ نہ جلائے اسی طرح عوام الناس کا اعتقاد تعویذ کی نسبت ہے یوں سمجھتے ہیں کہ جب تعویذ باندھ دیا تو جس غرض سے باندھا اس میں تخلف ہی نہ ہوگا اور اگر تخلف ہو جاوے تو یہ احتمال ہوتا ہی نہیں کہ تعویذ کا اثر غیر لازم ہے بلکہ یہ سمجھتے ہیں کہ شرط میں کمی رہ گئی ہوگی۔ میں تو تعویذ دینے میں اللہ کی طرف دعا کے ساتھ توجہ کرتا ہوں حضرات انبیاء کا بھی یہی طریقہ تھا کہ وہ رجوع الی اللہ کرتے تھے کہ لوگوں کی اصلاح ہو جاوے نہ یہ کہ ان کے قلوب پر تصرف کرتے تھے اور زور ڈالتے تھے کہ قلوب کو اپنی طرف پھیر لیں۔ بخلاف عامل کے کہ وہ تو توجہ اس طرح کرتے ہیں کہ ''میں خود مریض کے مرض کو نکال رہا ہوں''۔

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

شش عید کے روزوں کا ادغام قضا کے روزوں کے ساتھ ہوسکتا ہے یا نہیں' اس کی تحقیق

فرمایا کہ بعض کتابوں میں یہ مسئلہ لکھا ہے کہ جس پر قضا کے روزے ہوں اور وہ ان کو شوال کے مہینہ میں رکھ لے تو دونوں حساب میں لگ جاتے ہیں۔ یعنی قضا روزے رکھنے سے شش عید کے روزوں کا ثواب بھی مل جاتا ہے جیسے بعد وضو فرض یا سنتیں پڑھنے سے تحیۃ الوضو پر قیاس کرنا قیاس مع الفارق ہے کیونکہ تحیۃ الوضو اور تحیۃ المسجد کے مشروعیت کی بنا یہ ہے کہ کوئی وضو اور حاضری مسجد نماز سے خالی نہ ہو اور فرض سنتیں پڑھنے سے یہ مصلحت حاصل ہو جاتی ہے اس واسطے تحیۃ الوضو یا تحیۃ المسجد پڑھنے کی علیحدہ ضرورت نہ رہی اور وہ سنت یا فرض میں متداخل ہو گئیں اگرچہ مستقلاً پڑھنا اولیٰ ہے بخلاف شش عید کے روزوں کے کہ ان کی فضیلت کی بنا یہ ہے کہ ان کے رکھ لینے سے سال بھر کا حساب برابر اس طرح ہو جاتا ہے کہ حق تعالیٰ کے یہاں ایک نیکی کی دس نیکیاں ملتی ہیں چنانچہ ارشاد ہے **من جاء بالحسنة فله عشر امثالها** جب کسی نے رمضان شریف کے روزے رکھے تو دس ماہ کی برابر تو وہ ہوئے اور چھ روزے شش عید کے دو ماہ کے برابر ہوئے اس طرح پورا سال ہو گیا پس سال بھر کا حساب پورا کرنے کے لئے مستقلاً قضا اور شش عید دونوں جدا جدا رکھنے ہوں گے اور نماز میں تداخل ہونا روزہ کے تداخل کو مستلزم نہیں۔ اگر یہ شبہ ہو کہ ان روزوں کے لئے شوال ہی کی کیا تخصیص ہے قاعدہ تو عام ہے **من جاء بالحسنة فله عشر امثالها** اس لئے جس ماہ میں بھی رکھے گا ثواب اسی قدر ملے گا جواب یہ ہے اور بڑے کام کی بات ہے کہ شوال کی تخصیص اس لئے ہے کہ شش عید کے روزوں کا ثواب جو دو ماہ کے برابر ہو گا تو وہ دو ماہ رمضان ہی کے برابر شمار ہوں گے یعنی ان روزوں کا ایسا ہی ثواب ملے گا جیسے رمضان شریف کے روزوں کا بخلاف اس کے کہ اگر کسی نے ذیقعدہ یا کسی دوسرے مہینوں میں رکھے تو اس کو فضیلت رمضان کے روزہ کے برابر نہ ملے گی مطلق تضاعف ہو جائے گا۔

غیر مختار کی حفاظت منجانب اللہ ہوتی ہے

فرمایا کہ جب تک آدمی اپنے اختیار کا نہیں ہوتا ہے اس کی حفاظت من جانب اللہ ہوتی

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

ہے اور اللہ میاں کی حفاظت کو کیا پوچھتے ہو ایک شخص کہتے تھے کہ ایک دفعہ لڑائی میں گولی چل رہی تھی ایک شخص کی کنپٹی پر گولی لگی چونکہ بہت دور سے آئی تھی اس لئے زور گھٹ گیا تھا تو پار تو نکل نہ سکی دماغ میں جا کر بیٹھ گئی اور مجمع النور کے موقع پر رہ گئی جس سے وہ شخص اندھا ہو گیا۔ عقلا جمع تھے کہ کس طرح نکالیں پریشان تھے۔ کوئی تدبیر نہیں سوجھتی تھی اتنے میں ایک گولی اور آئی خوب زور میں بھری اسی موقع پر لگی اور اس کو بھی نکال لے گئی وہ شخص اچھا ہو گیا۔ زخم تو رہا اس کا علاج ہو گیا بھلا کس کے ذہن میں آ سکتا تھا کہ یہ ترکیب کرنا چاہئے کہ دوسری گولی اسی موقع پر ماری جائے تا کہ پہلی کو بھی نکال لی جائے۔ خدا کی طرف سے ایسے سامان ہو جاتے ہیں۔

بچپن کی تربیت پختہ ہوتی ہے

فرمایا کہ اکثر لوگ بچپن میں تربیت کا اہتمام نہیں کرتے یوں کہہ دیتے ہیں کہ ابھی تو بچے ہیں حالانکہ بچپن ہی میں عادت پختہ ہو جاتی ہیں جیسی عادت ڈالی جاتی ہے وہ اخیر تک رہتی ہے اور یہی وقت ہے اخلاق کی درستی کا اور خیالات کی پختگی کا۔ چنانچہ اول سے ماں باپ میں رہتا ہے اور ان کو ماں باپ سمجھتا ہے تو اگر بعد میں کوئی شک ڈالے خواہ کتنے ہی لوگ شک ڈالنے والے ہوں تو کبھی شک نہ ہوگا بچپن کا علم ایسا پختہ ہوتا ہے کہ کبھی نہیں نکلتا الا ماشاء اللہ

ملکہ شناخت کیو دنفس حضرت' حضرت والا کا ملکہ شناخت

فرمایا کہ نفس کے بھی عجیب عجیب کید ہیں۔ ایسے قواعد کلیہ ایجاد کرتا ہے اور پھر جزئیات کو اس میں داخل کرتا ہے جس کا کچھ ٹھکانا نہیں۔ چنانچہ ایک مولوی صاحب میرے پاس آئے اور درخواست کی کہ میرے ذمہ فرض ہے فلاں فلاں رئیس کو لکھ دو کہ وہ اعانت کریں۔ میں نے کہا کہ دوسرے کی طبیعت پر گرانی ہوگی بولے کہ گرانی کا کیا حرج ہے۔ آپ جو لوگوں کی تربیت فرماتے ہیں اس میں بھی تو گرانی ہوتی ہے۔ منجملہ اس کے ایک یہ بھی مجاہدہ میں داخل ہے اور مجاہدہ میں تو گرانی ہوتی ہے۔ دیکھئے نفس نے اس جزئیہ کو کیسا کلیہ میں داخل کیا۔ میں نے کہا کہ یہ کیا ضرور ہے کہ اس وقت ان لوگوں کو ایسے مجاہدہ کی ضرورت ہو' کیونکہ موجودہ حالت کے موافق مجاہدہ ہوا کرتا ہے۔ پھر اگر تسلیم بھی کر لیا

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

جاوے تو یہ کیا ضرور ہے کہ وہ مال آپ ہی کو دیویں اسی کو مولانا رومی فرماتے ہیں۔

صد ہزاراں دام و دانہ ہست اے خدا ماچون مرغان حریص بے نوا
دمبدم پابستہ دام تو ایم گر ہمہ شہباز سیمرغے شویم
می رہانی ہر دمے مارا و باز سوئے دامے می ردیم اے بے نیاز

چندہ کے تحریک کے متعلق خود میرے سامنے ایک صاحب علم نے کہا کہ ہماری عزت ہی کیا ہے جو تحریک میں اہانت ہوگی کوئی پوچھے کہ آپ اپنی نظر میں کچھ نہیں ہیں مگر مخاطب کے نزدیک تو ہیں ایک عالم کے سامنے میں نے گراں گزرنے کے متعلق کہا کہ حدیث ہے **لایحل مال امرء مسلم الا بطیب نفسہ** کہنے لگے کہ لایحل اس درجہ کا نہیں۔ کوئی پوچھے اگر یہی ہے تو **حرمت علیکم امھاتکم** الخ میں کوئی کہہ سکتا ہے کہ حرمت اس درجہ کی نہیں۔ آخر لایحل میں آپ نے بلا دلیل درجے کیسے نکالے۔

(ف) ان حکایات کا حضرت والا کا ملکہ شناخت کیو دنفس کا اظہر من الشمس ہے۔

اہل صوفیہ کے نزدیک جنت و دوزخ دونوں ذی حیوۃ

فرمایا **ان الاخرۃ لھی الحیوان** سے بظاہر یہی مفہوم ہوتا ہے کہ آخرت سراپا حیواۃ ہے کیونکہ زیادہ مستعمل حیوان بمعنی مصدر ہے یہ ایسا ہے جیسے زید عدل اور اگر صفت بھی ہو تو بمعنی ذی حیات ہوگی۔ پس وہاں کی در و دیوار میں بھی زندگی ہوگی۔ دیواریں گائیں گی۔ نغمات پیدا ہوں گے۔ جنت گائیں گے۔ باقی جنت کا بولنا خود حدیث میں آیا ہی ہے اور وہ بظاہر حقیقت پر محمول ہے یہی صوفیہ کا مسلک ہے ان کے نزدیک دوزخ بھی ذی حیات ہے۔ دلیل یہ ہے کہ **ھل من مزید** پکارے گی نیز اس میں اور بھی آثار حیات کے پائے جاتے ہیں نیز بعض اہل کشف نے جہنم کی شکل کے بارے میں کہا کہ اس کی شکل اژدھے کی سی ہے۔ اس کے پیٹ میں سانپ بچھو کھنکھجورے وغیرہ ہیں۔ اس سے ایک حدیث کے معنی بلا تاویل کے سمجھ میں آجاویں گے کہ حدیث میں آیا ہے کہ جہنم میدان قیامت میں لائی جاوے گی جس کی ستر ہزار باگیں ہوں گی اور ہر باگ کو ستر ہزار فرشتے پکڑے ہوئے ہوں

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

گے مگر پھر بھی قابو سے نکلی جاتی ہوگی اور کڑکتی ہوگی اور ھل من مزید پکارتی ہوگی۔

نیند کا علاج

فرمایا کہ نیند کا اصل علاج یہ ہے کہ پانی کم پیو۔ ستر اہل مجاہدہ کا قول ہے کہ نیند کا مادہ پانی سے ہے۔ اس کو امام غزالی نے لکھا ہے پھر بھی اگر نیند آوے تو سیاہ مرچ چبالو اور دن کو سو رہا کرو۔

قرب قیامت میں مال کی رغبت نہ رہے گی اور اس کی وجہ

فرمایا کہ اس وقت مال اس لئے مرغوب ہے کہ طالب زیادہ ہیں اور مطلوب کم ہے اور قرب قیامت میں طالب کم ہوں گے اور مطلوب زیادہ اس لئے اس کی ناقدری ہوگی اور وجہ اس کی یہ ہے کہ مال تو کم ہوتا نہیں کیونکہ یہ فنا نہیں ہوتا روز بروز بڑھتا ہی جاتا ہے اسی طرح ہوتے ہوتے قرب قیامت تک بہت ہی کثرت ہو جاوے گی اور فتن کی وجہ سے آدمی کم ہو جاویں گے۔ ظاہر ہے کہ جس چیز کو فنا نہ ہو اور بڑھتی رہے تو ایک زمانہ میں بہت ہی کثرت ہو جاوے گی کیونکہ مال پیدا تو ہوتا ہے مگر اس کو موت نہیں آتی مال جب بڑھ جائے گا اس کی حرص نہ رہے گی۔

مال کی مرغوبیت حقیقیہ نہیں

فرمایا کہ تقریر بالا سے معلوم ہوا کہ مال میں مرغوبیت حقیقیہ نہیں اگر مرغوبیت حقیقیہ ہوتی تو کبھی کسی زمانہ میں بھی مرغوبیت کم نہ ہونا چاہئے تھی۔ دیکھئے ہوا کی مرغوبیت حقیقی ہے جو کسی وقت بھی زائل نہیں ہوتی۔ اگر تھوڑی دیر کے لئے ہوا کو بند کر دیں تو مرغوبیت معلوم ہو جاوے۔ قدر کی چیز کبھی بے قدر نہیں ہوتی۔ مال واقعی بے قدری کی چیز ہے۔ اسی واسطے حدیث میں آیا ہے لو کانت الدنیا تعدل عنداللہ جناح بعوضۃ ماسقیٰ منھا کافراً شربۃ ماء کہ اگر اللہ کے نزدیک دنیا کی قدر مچھر کے پر کے برابر ہوتی تو اللہ میاں کافر کو ایک گھونٹ پانی کا بھی نہ دیتے مگر چونکہ اس کی کچھ بھی قدر نہیں اس واسطے اللہ میاں مبغوض شے اپنے دشمنوں کو دیتے ہیں۔ حقیقت شناس آدمی ہمیشہ ایسی چیز سے گھبراتا ہے جو خدا کو مبغوض ہو۔

کسب دنیا اور چیز ہے اور حب دنیا اور

فرمایا کہ اس کو خوب سمجھ لو کہ کسب دنیا اور چیز ہے اور حب دنیا اور چیز۔ جب دنیا مذموم

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

ہے اور کسب دنیا بقدر حاجت جائز چنانچہ حق سبحانہ تعالیٰ کی تعلیم کو ملاحظہ کیجئے کہ **زین للناس حب الشھوٰت من النساء والبنین والقناطیر المقنطرة من الذھب والفضة والخیل المسومة والانعام والحرث** میں مرغوب چیزوں کی فہرست تو بیان فرمادی مگر ان کی فی ذاتہا مذمت نہیں فرمائی بلکہ اس کے بعد اس سے ایک اچھی چیز کا پتہ بتلا دیا۔ مطلب یہ ہوا کہ ہیں تو سب چیزیں اچھی مثلاً عورتیں اور اولاد وغیرہ سب اچھی ہیں مگر دوسری چیزان سے زیادہ اچھی ہیں۔ اس لئے تم ان ہی چیزوں پر بس مت کرو کیونکہ **ذالک متاع الحیوٰة الدنیا** یعنی یہ تو صرف دنیا کا متاع ہے بلکہ ان سے زیادہ اچھی چیز کو طلب کرو چنانچہ آگے فرماتے ہیں **قل اونبئکم بخیر من ذالکم للذین اتقوا عند ربھم جنٰت تجری من تحتھا الانھار خالدین فیھا وازواج مطھرة و رضوان من اللہ واللہ بصیر بالعباد** یعنی کہئے اے محمد صلی اللہ علیہ وسلم کیا میں تم کو ان سے بہتر چیز کی خبر نہ دوں جو لوگ اپنے رب سے ڈرتے ہیں ان کے لئے باغ ہیں جن کے نیچے نہریں بہتی ہیں وہ لوگ اس میں ہمیشہ رہیں گے اور پاک کی ہوئی بیبیاں ہیں اور اللہ کی رضامندی ہے۔ سبحان اللہ کیا بلاغت ہے حکماء کی تعلیم اس درجہ کی کہاں ہوسکتی ہے وجہ یہ کہ یہاں تو حکمت کے ساتھ شفقت بھی ہے شفیق کی تعلیم سے اور ہی نفع ہوتا ہے نری حکمت کی تعلیم میں وہ نفع کہاں غرض حق سبحانہ تعالیٰ نے ان چیزوں کی مذمت نہیں فرمائی البتہ ان کی خاص درجہ کی محبت کی مذمت فرمائی کہ ان میں اس قدر انہماک ہو جاوے کہ ان سے جو اچھی چیز ہے اس سے بالکلیہ غفلت ہو جاوے یعنی آخرت سے بے فکری ہو جاوے اور ان ہی چیزوں پر اطمینان ہو جاوے۔

دنیائے مذموم کی مثال

فرمایا کہ دنیائے مذموم وملعون کی مثال ایسی ہے جیسے کوڑے پر سبزہ جما ہوا جس کو کوئی دیکھنے والا سمجھے کہ یہ ایک چمن ہے اور اس کے ظاہر رنگ وروپ کو دیکھ کر فریفتہ ہو جاوے اور جب وہاں پہنچے تو پاخانہ بھر جاوے۔ یہی حال دنیا کا ہے کہ ظاہر میں اسکا بہت بھلا ہوتا ہے مگر اندر نجاست بھری ہوئی ہے یا خوبصورت سانپ کی سی مثال ہے جس کا ظاہر تو اچھا ہے نقش ونگار سے آراستہ ہے مگر اندر زہر بھرا ہوا ہے۔

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

زہر ایں مار منقش قاتل است　　باشد از وے دور ہر کہ عاقل است

اگر چہ بچہ کے سامنے سانپ چھوڑ دو تو وہ اس کی ظاہری خوبصورتی کو دیکھ کر اس پر فریفتہ ہو جاتا ہے اور اس کو پکڑ لیتا ہے اس کو یہ خبر نہیں کہ اس کے اندر زہر بھرا ہوا ہے مگر اس کا انجام کیا ہوگا۔ ہماری حالت بھی اسی بچہ کی سی ہے کہ ہم دنیا کے ظاہری آب و تاب اور نقش و نگار اور رنگ و روپ پر فریفتہ ہیں اور اندر کی خبر نہیں۔ یہ بھی تجربہ ہے کہ سانپ جتنا خوبصورت ہوتا ہے اسی قدر زہریلا ہوتا ہے اسی لئے حقیقت شناس اس کی طرف رغبت نہیں کرتے۔

حرص کا علاج

فرمایا کہ حق تعالیٰ نے انسان کو یہ حکم نہیں دیا کہ اپنی شہوت کو مار دے اور حرص کو بالکل زائل کر دے بلکہ یہ فرمایا ہے کہ اسی شہوت اور حرص کو باقی رکھ کر اس کو دنیا سے عمدہ چیز یعنی نعمائے اخروی کے تحصیل کی طرف مائل کر دے۔ پس علاج حرص کا یہ ہے۔

غم معتدل کے فوائد

فرمایا کہ غم کا علاج یہ ہے کہ سوچو مت۔ خیال مت کرو۔ تذکرہ مت کرو۔ اس صورت میں غم تو ہوگا مگر معتدل غم ہوگا اور وہ مضر نہیں بلکہ مفید ہے۔ کیونکہ قدرتی طور پر غم میں بھی حکمت اور نفع ہے اگر غم نہ ہو تو تمدن نہ ہو۔ بیان اس کا یہ ہے کہ سائنس اور طب کا مسئلہ ہے کہ جس قوت کا استعمال ہوتا ہے اس میں ترقی ہوتی رہتی ہے ورنہ وہ قوت کم ہو جاتی ہے پس اگر غم نہ ہوتا تو رحمدلی کا ہیجان کیسے ہوتا اور جب اس کا ہیجان نہ ہوتا تو اس کا مادہ جاتا رہتا اور بدوں رحمدلی کے تعاون نہیں ہو سکتا اور بدون تعاون کے تمدن نہیں ہو سکتا اس لئے غم میں بڑی مصلحت ہے کہ یہ محافظ ہے ترحم کا اور وہ محافظ ہے تعاون و تمدن کا اور غم میں اپنی ذات کے متعلق بھی مصلحت ہے کہ اس سے اخلاق درست ہوتے ہیں۔ غرض غم میں انفرادی اور اجتماعی دونوں صالح ہیں۔ اگر کسی کو غم اور فکر نہ ہو سارے بے فکر ہی ہوں تو کوئی کسی کا کام نہ کرے۔ سارے تندرست ہی رہیں بیمار نہ ہوں تو ڈاکٹر' طبیب' عطار سب بیکار ہو جاویں۔ یہ تو دنیوی نفع ہے اور دین کا نفع یہ ہے کہ اگر کوئی غریب نہ ہو تو زکوٰۃ کس کو دو گے۔ پس اصل

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

میں تو غم مفید چیز ہے مگر کس قدر جس قدر حق تعالیٰ کا دیا ہوا ہے۔ یعنی طبعی ہے۔ باقی آگے جو حواشی ہم نے بڑھائے ہیں وہ برے ہیں۔

حد سے زیادہ غم کرنا گناہ ہے اور اس کا علاج

فرمایا کہ حد سے زیادہ غم کرنا گناہ ہے اور گناہ بھی بے لذت اور علاج کرنا واجب ہوگا۔ چنانچہ اس آیت ماعندکم ینفدو ماعنداللہ باق میں ایسے ہی غم کے علاج کا بیان ہے اور یہ بیان ایک مقدمہ پر موقوف ہے وہ یہ کہ اگر شے مرغوب کے جاتے رہنے سے غم لاحق ہو مگر کسی ایسی دوسری چیز کا پتہ ہم کو مل جاوے اور اس کے ملنے کا یقین ہو جاوے کہ جو اس شے مرغوب سے ہزار درجہ بڑھی ہوئی ہو تو پہلی چیز کا غم نہیں ہونا چاہئے۔ جیسے کسی کے ہاتھ میں ایک پیسہ ہوا اور دوسرا شخص اس کو چھین کر بجائے اس کے روپیہ دے دے تو ظاہر ہے کہ پیسہ کا غم بالکل ہی نہ ہوگا بلکہ اگر وہ شخص بدلنا چاہے تو یہ بدلنے پر کبھی راضی نہ ہوگا۔ یہی بات اس آیت میں ہم کو بتلائی گئی ہے کہ جو چیزیں ہمارے پاس ہیں اور گو ہمیں انتہا درجہ مرغوب ہیں مگر وہ سب فنا ہونے والی ہیں اس لئے ہم کو حکم ہے کہ تم ان مرغوب چیزوں تک مت رہو بلکہ جو چیز ان سے اچھی ہے اور وہ باقی ہے اس کی رغبت کرو اس طرح وہ غم فانی کا مغلوب ہو جائے گا۔

اصل علاج یہ ہوا کہ آخرت کی مرغوبات پر نظر کر کے دنیا کی مرغوبات کی طرف زیادہ توجہ نہ کرو تو غم غلط ہو جائے گا۔

ختم ہونیوالی چیز سے کیا جی لگانا' خدا تعالیٰ سے دل لگانا چاہئے

فرمایا کہ حق سبحانہ تعالیٰ کی عجیب تعلیم ہے کہ معاد کی اصلاح تو فرمائی ہی ہے معاش کی بھی پوری اصلاح فرمائی کیونکہ اس علاج مذکور سے نفسانی دیدنی راحت بھی تو حاصل ہوگئی اور خیال کرنے کی بات ہے کہ دنیا کی مرغوب سے مرغوب شے اگر اس وقت کم بھی نہ ہوتی مگر کبھی نہ کبھی تو ضرور کم ہوتی کیونکہ فنا ہونا تو گویا اس کے ذاتیات سے ہے جیسے چراغ میں تیل ہو جو محدود بھی ہے اور کم بھی ہو رہا ہے تو وہ ایک نہ ایک وقت ضرور ہی ختم ہوگا۔ اسی طرح انسان ایک نہ ایک دن ختم ہو کر رہے گا۔ اطباء نے لکھا ہے کہ رطوبت کی مثال تیل کی سی ہے اور حرارت

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

غریز یہ جو مرکب ہے روح کا اس کی مثال شعلہ چراغ کی سی ہے۔ جیسے تیل ختم ہو کر چراغ گل ہو جاتا ہے اسی طرح رطوبت فنا ہو کر روح ختم ہو جاتی ہے۔ پس ختم ہونے والی چیز سے زیادہ کیا جی لگانا خدا تعالیٰ سے دل لگانا چاہئے۔ دنیا کی محبت تو بر سر آب ہے۔ مولانا فرماتے ہیں۔

عشق بامردہ نباشد پائیدار　　عشق باحی و باقیوم دار
عاشقی با مردگان پائندہ نیست　　زانکہ مردہ سوئے ما آئندہ نیست
غرق عشقی شو کہ غرق است اندریں　　عشقہائے اولیں و آخریں

غرض غم کے ہلکا کرنے کے لئے یہ عجیب تعلیم ہے۔ **ماعندکم ینفدو ماعنداللہ باق** یعنی خدا تعالیٰ کے یہاں کی چیزیں باقی ہیں اور وہی رغبت کے قابل ہیں۔ پھر یہ بھی سوچو کہ آدمی مر کر جاتا کہاں ہے' ظاہر ہے کہ خدا کے پاس جاتا ہے تو اب تو وہ **ماعنداللہ** میں داخل ہو گیا۔ پہلے وہ **ماعندکم** کا مصداق تھا۔ اس وقت وہ فانی تھا اور اب باقی ہو گیا ہے کیونکہ اس موت کے بعد پھر موت نہیں تو اب تو وہ مرنے کے بعد پہلی حیات سے اچھی حیات میں پہنچ گیا وہ پہلی فانی تھی اور دوسری باقی ہے پس ہمیں مرغوب شے (مثلاً اپنا محبوب) سے محبت اس حیثیت سے زیادہ ہونی چاہئے کہ وہ خدا کے پاس ہے بہ نسبت اس حیثیت کے کہ وہ ہمارے پاس ہے۔ چنانچہ اس مضمون کو ایک بدوی نے خوب سمجھا اور حضرت عباسؓ کے انتقال پر حضرت ابن عباس کی تسلی یوں کی۔

خیر من العباس اجرک بعدہ　　واللہ خیر منک للعباس

مطلب یہ کہ اے ابن عباس صبر پر تم کو عباس فانی کے عوض میں اجر باقی ملا اور عباس فانی اب عباس باقی ہو گئے یعنی اور زیادہ مرغوب حالت میں ہو گئے تو نہ تمہارا کچھ نقصان ہوا نہ ان کا پھر کاہے کا غم۔

شوق آخرت پیدا کرنے کا سہل طریقہ

فرمایا کہ لوگ عام طور سے یہ سمجھتے ہیں کہ جب انسان مر جاتا ہے قبر میں اس کو ڈال آتے ہیں وہاں وحشت کدہ میں تنہا پڑا رہتا ہے اور ایسی حیات مثل عدم حیات کے ہے۔ صاحبو یہ نہیں ہے بلکہ مسلمان کے لئے وہاں بڑی راحت ہے۔ حدیث شریف میں ہے کہ ارواح اس کا استقبال کرتی ہیں یعنی اس کے عزیز قریب جو اس سے پہلے چلے گئے ہیں وہ

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

اس سے ملتے ہیں اور اس سے دوسرے متعلقین کی نسبت دریافت کرتے ہیں۔ اگر یہ کہتا ہے کہ فلاں شخص تو مر گیا ہے تو کہتے ہیں افسوس وہ دوزخ میں گیا ہے ورنہ ہم کو ضرور ملتا۔ اور اس سے ان کو غم ہوتا ہے غرض موت کے بعد مردے اس طرح باہم خوش ہو کر ملتے جلتے ہیں۔ لوگ سمجھتے ہیں کہ بس مرنے کے بعد الو کی طرح پڑے رہیں گے **لاحول ولاقوۃ الا باللہ** یہ بات نہیں یاد رکھو کہ قبر اس گڑھے کا نام نہیں ہے یہ تو صورت قبر ہے اور حقیقت میں قبر عالم برزخ کا نام ہے وہاں سب جمع ہوتے ہیں اور وہ پاکیزہ لوگوں کا مجمع ہے دنیا میں تو جدا بھی ہو سکتے ہیں جیسے کوئی ملازمت سے رخصت لے کر آئے اور اپنے لوگوں کے پاس رہے۔ جب رخصت ختم ہوگی تو جدائی ہو جاوے گی۔ تو دنیا کا اجتماع تو ایسا ہے اور وہاں کی یکجائی ختم نہیں ہوتی۔ وہاں تو عیش ہی عیش ہے۔ بات یہ ہے کہ حقیقت نہ جاننے سے لوگوں کو موت سے وحشت ہوگئی ہے ورنہ موت تو لقاء حبیب کے لئے ایک جسر یعنی پل ہے کہ اس سے گزرے اور لقاء حبیب ہوگئی اور لقائے باری تعالیٰ سے کون سی چیز اچھی ہوگی۔ اسی لئے اہل اللہ کو تو موت کا شوق ہوا ہے۔ حافظ شیرازی فرماتے ہیں۔

خرم آں روز کزیں منزل ویراں بردم — راحت جان طلبم واز پئے جاناں بردم
نذر کردم کہ گر آید بسر ایں غم روزے — تا در میکدہ شاداں وغزل خواں بردم

ان سے پوچھئے کہ موت کیا چیز ہے۔ حدیث شریف میں ہے **الموت تحفۃ المؤمن** کہ موت مومن کا تحفہ ہے۔ نظام حیدر آباد اگر کسی کے پاس تحفہ بھیجیں اور گھر والے رونے لگیں تو کیسے افسوس کی بات ہے۔ اور میری مراد اس غم سے غم مکتسب ہے نہ کہ غیر مکتسب۔ جدائی کا طبعی صدمہ جو بے اختیار ہوتا ہے۔ اس کا مضائقہ نہیں سوچ سوچ کر اس کو بڑھانا مذموم ہے۔ بلکہ ان مضامین کو سوچ کر اس کو گھٹانا چاہئے۔

دنیا مثال آخرت کے سامنے ماں کے رحم کی سی ہے جب تک بچہ ماں کے رحم میں رہتا ہے اسی کو سب کچھ سمجھتا ہے اگر اس سے کہیں تو تنگ جگہ سے نکل اس سے فراخ جگہ موجود ہے تو وہ یقین نہ کرے گا اور جانے گا کہ یہی ہے جو کچھ ہے۔ مگر جب باہر آتا ہے تو ایک بڑا عالم دیکھتا ہے کہ رحم کو اس سے کچھ بھی نسبت نہیں۔ اور اب اگر اس سے کہا جاوے کہ رحم میں واپس جانا چاہتا ہے تو وہ کبھی منظور نہ کرے گا اسی طرح دنیا بمقابلہ آخرت کے بالکل تنگ

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

ہے جب یہاں سے جاؤ گے تو شکر کرو گے اور دنیا میں ہرگز نہ آنا چاہو گے۔ جب خدا کے پاس پہنچنے کا وقت قریب آتا ہے اور اس عالم کی چیزوں کا انکشاف ہوتا ہے اس وقت اگر مومن کو کوئی حیات افزا چیز دے کر کہا جاوے کہ لو اسے کھا لو تا کہ تم مدت دراز تک زندہ رہو تو وہ لات مار دے گا اور چاہے گا کہ فوراً مر جاؤں۔ چنانچہ یہاں ایک پردیسی طالب علم طاعون میں مبتلا ہوئے لوگ ان کو تسلی کرتے تھے کہ تم اچھے ہو جاؤ گے مگر وہ یہی کہتے تھے کہ یوں نہ کہو اب تو خدا تعالیٰ سے ملنے کو جی چاہتا ہے اور اس وقت خدا تعالیٰ کی طرف سے بشارت سنائی جاتی ہے **تتنزل علیھم الملائکۃ الاتخافوا ولاتحزنوا وابشروابالجنۃ التی کنتم توعدون** اس کی مثال ایسی ہے کہ جیسے کسی کے لئے بادشاہ کی طرف سے وزارت کے عہدہ کا پیام آئے اور وہ شخص اپنے گھر سے پائے تخت شاہی کی طرف چلے تو گو اس کے گھر والے جدائی سے غمگین ہوں گے مگر وہ شخص یقیناً شاداں و فرحاں ہوگا اگر اس حالت میں بادشاہ کی طرف سے یوں ارشاد ہو کہ اگر تم چاہو تو اتنے روز کی مہلت بھی مل سکتی ہے تو وہ ہرگز راضی نہ ہوگا اسی طرح جب راحت آخرت کی خبر ہوتی ہے اور اس کا مشاہدہ ہو جاتا ہے اس وقت اگر اس سے دنیا میں رہنے کو کہیں تو ہرگز راضی نہ ہوگا۔ پس اے صاحبو **ماعنداللہ** سے رغبت کرو اور اسی رغبت کی بدولت اہل اللہ ہر وقت شگفتہ رہتے ہیں اور ان کو وہاں کے متعلق قسم قسم کی تمنائیں اور امیدیں لگی ہوتی ہیں ان کی یہ حالت ہوتی ہے۔

کوئے ناامیدی مرو کامید ہاست ہاسوئے تاریکی مرو خورشید ہاست

انہیں غم نہیں ہوتا۔ چنانچہ منصور کی یہ حالت ہوئی کہ جب ان کو دار پر لے جانے لگے تو وہ خوش ہو کر کہتے تھے۔

اقتلونی یا ثقاتی ان فی موتی حیاتی

غرض موت اہل اللہ کا تو کھیل ہے۔ ان کا تو مشغلہ ہے۔ پس ہم کو یہ حالت پیدا کرنا چاہئے کہ بجائے غم کے شوق ہو جس کا ایک سہل طریقہ یہ ہے کہ ان مضامین پر غور کرو جو میں نے اس وقت بیان کئے ہیں۔ ان شاء اللہ تعالیٰ اس سے غم کا بھی علاج ہو جاوے گا اور آخرت کا بھی شوق پیدا ہوگا۔ حق سبحانہ تعالیٰ نے **ماعندکم ینفدو ماعنداللہ باق** میں اسی کا علاج بتلایا

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

ہے۔ سبحان اللہ کیسا عجیب علاج ہے۔ اس کا مراقبہ کیا کرو کہ آخرت میں جو راحت ہے وہ دنیا سے بدرجہا بڑھی ہوئی ہے اور مرنے والا ہمارے پاس سے خدا کے پاس پہنچ گیا ہے اور یقیناً خدا کے پاس رہنا ہمارے پاس کے رہنے سے بہتر ہے کیونکہ وہ ہم سے کہیں زیادہ اس سے محبت رکھتے ہیں حدیث میں آیا ہے کہ دنیا میں جتنی محبت تمام جانوروں آدمیوں کی ماؤں کو اپنے بچہ سے ہے کل مجموعی محبت سے بڑھ کر حق تعالیٰ کو اپنے بندہ سے ہے۔ اور گو امکان کے درجہ میں وہاں کی عقوبت کا بھی احتمال اس مرنے والے کیلئے ہے مگر اپنے مسلمان عزیز کے ساتھ بدگمانی کیوں کی جاوے کہ خدانخواستہ وہ مجرموں کی طرح تکلیف میں ہوگا بلکہ نیک گمان رکھو (بمقتضائے سبقت رحمتی علی غضبی) اور اس احتمال کے تدارک کے لئے اس کے لئے دعا اور ایصال ثواب کرتے رہو یہ اس کے لئے ہمارے غم کرنے سے زیادہ نافع ہے۔

استفاضہ علم میں تقویٰ اور ادب کو زیادہ دخل ہے

فرمایا کہ ادب اور تقویٰ کو زیادہ دخل ہے استفاضہ علم میں۔ چنانچہ ایک شخص نے حضرت مولانا محمد یعقوب صاحب رحمۃ اللہ علیہ سے حضرت مولانا قاسم رحمۃ اللہ علیہ صاحب کے متعلق پوچھا تھا کہ مولانا (آخر الذکر) نے یہی کتابیں پڑھی تھیں جن کو سب پڑھتے ہیں ان کو یہ علم کہاں سے آیا مولانا (سابق الذکر) نے فرمایا کہ اس میں کئی چیزوں کو دخل ہے اور مولانا میں وہ سب جمع تھیں۔ ایک تو مولانا طب کی رو سے معتدل مزاج تھے اس لئے ان پر نفس کامل فائض ہوا۔ دوسرے یہ کہ استاد بڑے کامل ملے یعنی مولانا مملوک علی صاحب جن کا علم و فضل مخفی نہیں۔ تیسری بات یہ ہوئی کہ متقی اعلیٰ درجہ کے تھے۔ پھر ان میں استاد کا ادب بہت تھا اور پھر پیر بڑے کامل ملے یعنی حضرت حاجی صاحب ان باتوں کے جمع ہونے سے یہ برکت ہوئی ادب کی یہ کیفیت تھی کہ جب مولانا ذوالفقار علی صاحب بیماری میں آپ کے پاس جاتے تھے تو آپ اٹھ کر بیٹھ جاتے تھے ایک مرتبہ مولوی صاحب نے دریافت کیا کہ آپ ایسا کیوں کرتے ہیں تو فرمایا کہ حضرت آپ میرے استاد ہیں۔ انہوں نے کہا میں کہاں سے استاد ہو گیا تو فرمایا کہ مولانا مملوک علی صاحب ایک دفعہ کسی کام میں تھے تو آپ سے فرمایا تھا کہ ذرا ان کو کافیہ کا سبق پڑھا دیجیو۔ چنانچہ میں نے آپ سے سبق

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

پڑھا تھا۔ دوسرا قصہ یہ تھا کہ تھانہ بھون کا ایک گندھی جس کو اہل علم سے محبت تھی مجھ سے کہتا تھا کہ وہ ایک بار دیوبند مولانا کی مجلس میں حاضر ہوا۔ مولانا نے فارغ ہو کر پوچھا کہاں سے آئے ہو اس نے کہا کہ تھانہ بھون سے آیا ہوں۔ یہ سن کر گھبرا گئے اور کہا کہ بے ادبی ہوئی وہ تو میرے پیر کا وطن ہے آپ آئے اور میں بیٹھا رہا مجھ کو معاف کیجئے۔ وہ گندھی کہتا تھا کہ میں مولانا کی اس حالت کو دیکھ کر شرمندگی سے مرا جاتا تھا۔ ایک دفعہ حضرت حاجی صاحب رحمۃ اللہ علیہ مولانا کے ادب کا ذکر فرماتے تھے کہ میں نے اپنا ایک مسودہ نقل کے لئے مولانا کو دیا ایک مقام پر املا میں غلطی ہوگئی مولانا اس مسودہ کو نقل کرنے لائے تھے تو اس لفظ کی جگہ بیاض چھوڑ دی۔ صحیح بھی نہیں لکھا اور کہا کہ اس جگہ پڑھا نہیں گیا اور غرض یہ تھی کہ دیکھ کر غلطی درست کر دیں مگر کس عنوان سے کہا۔ یہ نہیں کہا کہ غلطی ہوگئی ہے۔

متقدمین کے کام میں برکت ہونے نیز ان کے بدنام ہونیکی وجہ

فرمایا کہ جتنا کوئی محقق ہوگا اتنا ہی بدنام ہوگا وجہ اس کی یہ ہے کہ اس کی نظر گہری ہوتی ہے لوگ وہاں تک پہنچتے نہیں بظاہر اس کی باتیں ان کو خلاف معلوم ہوتی ہیں اس لئے کفر تک فتویٰ قائم کر دیتے ہیں اس لئے محققین ہمیشہ بدنام ہوئے ہیں۔ مگر کیسے لوگ تھے کہ ایسی بڑی بڑی تصنیفات کی ہیں کہ عادۃً قلیل عمر سے ایسا ہونا دشوار ہے اور پھر یہ کہ عبادات بکثرت کرتے تھے مثلاً دو سو رکعت یومیہ یا زیادہ نفل پڑھتے تلاوت بہ کثرت کرتے تھے۔ ہم لوگ اگر دو سو رکعت نفل پڑھیں تو اور سب کاموں کو چھوڑ دیں تو ایسا کر سکتے ہیں۔ حضرت حاجی صاحب فرماتے تھے کہ جب انسان کو عالم ارواح سے مناسبت ہو جاتی ہے تو وہ زمان و مکان کے ساتھ زیادہ مفید نہیں رہتا اس کے کام میں برکت ہونے لگتی ہے حضرات متقدمین ایسے ہی تھے اور اس برکت میں زیادہ دخل تقویٰ کو ہے۔

بیعت اس وقت اچھی ہوتی ہے جب پیر سے خوب محبت ہو جائے

فرمایا کہ بیعت میں جلدی اچھی نہیں جب خوب محبت ہو جاوے پیر سے اس وقت بیعت زیادہ نافع ہے۔ اس کی ایک مثال ہے اور ہے تو فحش مگر بیان کئے دیتا ہوں ہوں ایک

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

تو ہے نکاح کرنے کے بعد بیوی پر عاشق ہونا کہ ماں باپ نے نکاح کر دیا اور اس کے بعد محبت ہو جاتی ہے اور ایک ہے عاشق ہو کر نکاح کرنا دونوں صورتوں میں زمین و آسمان کا فرق ہے جیسی قدر دوسری صورت میں ہوتی ہے پہلی صورت میں عشر عشیر بھی نہیں کیونکہ دوسری صورت میں مدتوں پیچھے پھر کر تکالیف اٹھا کر نکاح ہوگا تو وہ شخص جیسی بیوی کی قدر کرے گا پہلی صورت والا نہیں کر سکتا اسی طرح بیعت بھی ہے کہ ایک وہ شخص ہو کہ آتے ہی بیعت ہو جاوے اور ایک وہ کہ عاشق ہو کر بیعت ہو۔ پوری قدر اس کو ہوگی بیعت کی۔

تعلیم اطاعت والدین شفقت علی الضعفاء

حضرت والا کے ایک ملازم نے اپنے والدین کو سخت باتیں کہی تھیں۔ حضرت نے اس کے والد کو معہ اس کے بلا کر معافی چاہنے کو کہا۔ اس نے معافی چاہی اور والدہ کے پاس بھی بھیجا کہ معافی چاہو۔ چنانچہ وہ گیا اور معافی چاہی۔ پھر فرمایا اگر والدین سے کسی وقت تکلیف بھی پہنچے تو برداشت کرو۔ انہوں نے تمہارے لئے کتنی تکالیف اٹھائی ہیں۔ جو بات تم کہنا چاہتے تھے وہ دوسرے طریقے سے کہہ دیتے۔ بھائی اعتراض و استغنا کے طور پر کہنا ٹھیک نہیں صاف گو ہونا اچھا مگر نہ ہونا چاہئے میں شفقت سے کہتا ہوں ان کے سامنے ہاتھ جوڑو۔ ماں سے بھی معاف کراؤ۔ اس نے باپ سے کہا مجھ سے غلطی ہوئی میں معافی چاہتا ہوں میں کبھی ایسا نہ کروں گا اور حضرت سے کہا کہ آپ جب چاہیں آئندہ تحقیق کر لیا کریں۔ پھر حضرت نے فرمایا کہ اس کا لہجہ کچھ ایسا ہے جس سے بدخلقی معلوم ہوتی ہے۔

طلوع کے وقت نماز کب تک منع ہے

ایک صاحب نے دریافت کیا کہ طلوع کے وقت جو نماز پڑھنا منع ہے تو اس کے لئے کتنا وقت ہے فرمایا کہ آفتاب اتنا روشن ہو جاوے جس پر نگاہ کرنے سے نگاہ خیرہ ہو جاوے۔

غیبت کہاں جائز ہے اور کہاں ناجائز

فرمایا کہ غیبت اصل میں جہاں مصلحت شرعی نہ ہو ناجائز ہے اور جہاں مصلحت شرعی ہو جائز ہے مثلاً کسی نے ظلم کیا حاکم کے یہاں جا کر اس کا حال بیان کرنا جائز ہے۔ یا مثلاً کوئی شخص

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

کسی کو نوکر رکھنا چاہتا ہے وہ چور ہے اور آقا کو خبر نہیں اور ایک شخص کو اس کا حال معلوم ہے تو اس کو مطلع کرنا ایسے عیوب پر جائز ہے۔ البتہ غیبت کر کے اپنے غصہ کا فرو کرنا یہ برا اور بعض اوقات مقصود تو ہوتا ہے شفائے غیظ مگر تاویل سے کوئی دوسری بنا غیبت کرنے کے لئے نکالی جاتی ہے اور اس قسم کی غیبت فقہا اور علماء میں بہت ہے اور یہ بھی برا ہے۔ اس سے تو فساق ہی کی غیبت اچھی کیونکہ وہ اس کو غیبت ہی نہیں سمجھتے اور فساق برا جانتے ہیں۔ امام غزالیؒ نے غیبت کی پوری تفصیل کی ہے۔ یہاں تک لکھا ہے کہ کسی کے مکان اور کپڑے وغیرہ کو بھی برا کہنا غیبت میں داخل ہے۔ اور کافر کی برائی جو کفر کے متعلق ہو وہ تو جائز ہے اس کے علاوہ جائز نہیں۔

بیعت کا طریق

فرمایا کہ بیعت کوئی معمولی چیز نہیں۔ اسلم طریق یہ ہے کہ جس سے بیعت ہونا چاہے ایک مدت معتد بہا تک اس کو جانچے جس کے دو طریق ہیں ایک مصاحبت طویلہ یعنی مدت کافیہ تک اس کے پاس رہے اور یہ احوط ہے دوسرا طریق مکاتیب طویلہ یعنی اس سے کچھ طریق پوچھ کر اس پر عمل کرے پھر اپنے احوال سے اس کو اطلاع دے پھر وہ تجویز کرے اس کا اتباع کرے اسے مدت دراز تک کرتا رہے بعد اس کے اگر دل چاہے بیعت کی درخواست کرے پھر دوسرا جو کچھ جواب دے اس پر راضی رہے۔

علاج طاعون

فرمایا کہ اصلاح اعمال و کثرت استغفار کو دفع طاعون میں بڑا دخل ہے۔

حکم پڑیا کے رنگ کا

فرمایا کہ پڑیا کے رنگے ہوئے کپڑے سے نماز نہ پڑھنا بہتر ہے اور پڑھنے میں بھی گنجائش ہے۔

افضلیت سنن موکدہ کی، مسجد میں

ایک شخص نے دریافت کیا کہ نماز سنت فجر مکان میں پڑھ کر مسجد میں نماز فرض فجر کے لئے جاتا ہوں اس وقت نماز تحیۃ المسجد پڑھ سکتا ہوں یا نہیں۔ فرمایا کہ اس وقت یہ تحیۃ الوضو

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

ہے نہ تحیۃ المسجد نیز ان سنتوں کا مسجد میں پڑھنا افضل ہے۔ بلکہ جمیع سنن موکدہ کا تاکہ اتہام یا تشبہ بدعت سے محفوظ رہے جو کہ تارکین سنن کے ہیں۔

درود شریف کی خاصیت' زیارت منامی حضور اقدس نہیں

فرمایا کہ درود شریف جس قدر ہو موجب برکت ہے باقی کسی درود میں یہ خاصیت نہیں کہ اس سے ضرور زیارت حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کی ہو جاوے اس کے لزوم کا اعتقاد نہ کیا جائے ہاں تمنائے زیارت رکھئے اور اس کے لئے صرف دعا کر لیا کیجئے لیکن اس کے ساتھ یہ اعتقاد وثوق کے ساتھ رکھئے کہ اگر کوئی عمر بھر بھی زیارت منامی سے مشرف نہ ہو مگر ہو متبع سنت وہ شخص رسول صلی اللہ علیہ وسلم کا محبوب ہے اور جو روزانہ تمام شب مشرف بزیارت رہتا ہو مگر اتباع سنت سے محروم ہو وہ شخص حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کے نزدیک مبغوض ہے۔

سورہ حج میں سجدہ ثانیہ کا حکم اور اس کے جواز کا محل

کسی صاحب نے دریافت کیا کہ حنفی مذہب میں سورۂ حج میں سجدہ اولیٰ کرتے ہیں اور سجدہ ثانیہ نہیں کرتے۔ ایک صاحب فرماتے ہیں کہ دونوں سجدے کرنا چاہئے لہذا میں دونوں سجدے کروں یا صرف ایک فرمایا کہ حنفی کے نزدیک سجدہ اولیٰ واجب ہے اور دوسرا سجدہ واجب نہیں۔ لیکن حنفیہ نے یہ کلیہ لکھا ہے کہ مسائل اختلافیہ میں اختلاف کی مراعات افضل ہے بشرطیکہ اپنے مذہب کے مکروہ کا ارتکاب لازم نہ آوے سو اس قاعدہ کی بنا پر نماز کے خارج تو دوسرے سجدہ کا کر لینا بھی بہتر ہوگا۔ البتہ نماز کے خاص طریق سے اگر کر لیا جاوے تو اس مکروہ کے ارتکاب سے بھی محفوظ رہے گا وہ طریق یہ ہے کہ سجدہ ثانیہ کی آیت پڑھ کر فوراً رکوع میں چلا جاوے تو سجدہ صلوۃ میں یہ سجدہ بھی ادا ہو جاوے گا۔

اسم ذات انسب ہے بہتری کے لئے

فرمایا کہ ابتداء میں اسم ذات کی کثرت دوسرے اشغال واذکار سے زیادہ مناسب ہے۔

ایک تدبیر درستگی ذہن وحافظہ کی

کسی صاحب نے لکھا دعا فرمایئے میرا لڑکا حافظ ہو جاوے۔ ذہن بہت خراب ہے

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

جو یاد کرتا ہے بھول جاتا ہے بیس پارہ حفظ ہو گئے ہیں لیکن خام ہیں بعض شخص کہتے ہیں کہ اس کو ناظرہ ختم کرادو۔ فرمایا اللہ تعالیٰ آپ کے لڑکے کو حفظ قرآن آسان کرادیویں۔ بعد نماز صبح ایک بسکٹ پر سورہ الحمد شریف لکھ کر روزانہ اس کو کھلانا چاہئے باقی مشورہ بدوں دیکھتے ہوئے دینا ناکافی ہے۔ علاوہ اس کے میری عادت بھی مشورہ دینے کی نہیں۔

خودرائی کا علاج' شان تربیت

ایک طالب علم کو تحریر فرمایا کہ آپ اپنی رائے پر چلنے سے ہمیشہ پریشان رہے اور اب بھی آپ کی آنکھیں نہ کھلیں۔ اگر آپ کو اپنی خیر مطلوب ہے تو اپنی رائے سے بالکل کام نہ لیجئے اور اپنے ذمہ اس سے زیادہ کوئی کام نہ سمجھئے کہ جس سے اعتقاد ہو کہ اس کو اپنے حالات کی اطلاع کرتے رہئے اور وہ جو رائے دے اس کا اتباع کرتے رہئے اور نفس کو ناکامی پر راضی کر دیجئے اگر یہ نہ کیا جاوے گا آپ ایک قدم آگے نہ بڑھ سکیں گے۔ آخر خط میں اپنا علاج آپ نے خود تجویز کیا ہے کہ اگر سلسلہ میں داخل کر لیں تو شاید مفید ہو تو آپ مثل اس مریض کے ہیں کہ طبیب کے نسخہ لکھنے کے بعد ایک نسخہ خود لکھ کر طبیب کو دکھلا دے کہ شاید نسخہ زیادہ مفید ہو۔

جو مریض اپنے کو طبیب سے زیادہ محقق سمجھے اس کا مرض لاعلاج ہے آپ کا اصل مرض خودرائی ہے جو میری بار بار تنبیہات اور مدلل تحقیقات سے بھی دور نہ ہوئے۔ ایک ہی بات کو کہاں تک ہانکے جاؤں پھر لطف یہ کہ اس پر دعویٰ اتباع و اعتقاد کا۔ بس اب اخیر جواب یہ ہے کہ اس کے بعد کوئی جواب تحریری دینا نہیں چاہتا اگر آپ کو اپنی خیر منظور ہے تو ایک برس کی مہلت نکال کر یہاں آؤ چھ مہینہ بالکل ساکت و صامت ہو کر رہنا پڑے گا۔ اس مدت میں فقط میری باتوں کا سننا اصل کام ہوگا پھر چھ مہینہ تک آپ سے کام لیا جاوے گا اگر اس کے بعد بھی آپ کا یہ مرض نہ گیا تو مرض کو تو علاج نہ سمجھوں گا البتہ مریض اور طبیب میں عدم مناسبت کا فیصلہ کر کے آپ کو کسی شیخ کامل کا نام بتلا دیا جاوے گا اس سے جا کر مستفیض ہوویں اور اگر یہ شرط آپ کو ثقیل معلوم ہو تو بہتر ہے کہ ابھی سے آپ دوسرے شیخ کی طرف رجوع کریں۔ مجھ کو اپنے کڑ حجتی سے پریشان اور مکدر کرنا فضول' بلکہ عجب نہیں کہ آپ کے لئے مضر ہو جاوے کیونکہ ایسے شخص کو ستانا جو دوسرے کو نہ ستاوے باطن کے برباد کرنے میں سخت موثر ہے خاص کر جس کو

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

اپنے دعویٰ میں اپنا شیخ سمجھتا ہو اس کو ایذا دینا بالکل خدا اور رسول کو ایذا دینا ہے۔ اخیر بات یہ ہے کہ اس کے جواب میں بجز لاونعم کے اگر کوئی جواب آیا یہاں سے کچھ جواب نہ دیا جاوے گا۔

اس پر اس طالب نے لکھا کہ حضرت اقدس بجز نعم و لبیک اور کچھ نہیں کہہ سکتا البتہ قیام تھانہ بھون بمدت ایک سال کے بابت خاکسارانہ استفسار ہے کہ خادم غریب و مسکین شخص ہے۔ مصارف وغیرہ کے برداشت نہیں کر سکتا۔ پھر حضرت نے تحریر فرمایا کہ میں اس کے جواب کا ذمہ دار نہیں۔ باقی یہاں جس طرح کی خدمت بلا التزام و بلا کفالت و بلا تعین مقدار و بلا تعین مدت احیاناً یا غالباً ہو جاتی ہے اس میں آپ بھی شریک ہو سکتے ہیں اگر آپ اپنے اندر اس توکل کی قوت پائیں بسم اللہ کریں ورنہ میں کچھ نہیں بتلا سکتا لیکن اگر آنا ہو تو میرے دونوں خط ہمراہ ضرور لائیں اور آتے ہی دکھلا دیں۔

لیلۃ القدر کی دعا

فرمایا کہ لیلۃ القدر میں اس دعا کے پڑھنے کی فضیلت آئی ہے۔ **اللھم انک عفو تحب العفو فاعف عنی**

الاستقامۃ فوق الکرامت

فرمایا کہ معمولات کا جاری رہنا یہ خود ایسا حاصل رفیع ہے کہ جس کے ہوتے ہوئے کسی امر جدید کا نہ ہونا مضر نہیں کیونکہ اس جاری رہنے کو استقامت کہا جاتا ہے جو بتصریح اکابر فوق الکرامۃ ہے۔

نفع باطنی کا مدار نسبت پر

فرمایا کہ نفع باطنی کا دارومدار مناسبت طبیعت پر ہے اور اس کو صاحب معاملہ ہی جان سکتا ہے جب تک طبیعتوں میں موافقت نہ ہوگی نفع نہ ہوگا۔ مرید تو شیخ کو یہی سمجھتا ہے کہ میرے لئے بس جو کچھ ہیں یہی ہیں۔ چاہے وہ کچھ بھی نہ ہوں۔

ہمہ شہر پرز خوباں منم و خیال ماہے چہ کنم کہ چشم بدخو نکند بہ کس نگاہے

بیعت ٹالنے کی مصلحت مفیدہ

فرمایا کہ بیعت کرنے کو میں اس لئے ٹالا کرتا ہوں کہ بعد بیعت کے آدمی مجبور ہو جاتا

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

ہے۔ اپنی اصلاح بشاشت کے ساتھ نہیں کرتا بلکہ مجبوری سے کرتا ہے اور اگر بیعت نہ کیا جاوے تو اس کے انتظار میں خوشی سے خود اپنی اصلاح کرتا ہے۔ اس کو کوئی مجبوری نہیں ہوتی اگر شوق ہوگا اصلاح کرے گا ورنہ نہیں۔ بخلاف بیعت ہو جانے کے کہ پھر مجبور ہو جاتا ہے۔

مسلمانوں کو جتنی عدیم الفرصتی ہو جاوے اتنا ہی اچھا ہے

فرمایا کہ مسلمانوں کو جتنی کم فرصتی ہو جائے اتنا ہی اچھا ہے اس پر یہ قصہ بھی فرمایا کہ ایک بزرگ کہیں تشریف لے جا رہے تھے۔ کہ راستہ میں ایک شخص کو بیٹھا ہوا دیکھا ان کو سلام نہیں کیا جب واپس ہوئے تو پھر وہ شخص وہیں بیٹھا ہوا تھا اور تنکے سے زمین کرید رہا تھا۔ اس وقت بزرگ نے ان کو سلام کیا۔ خدام نے عرض کیا کہ پہلے سلام نہ کرنے کا کیا سبب تھا اور واپسی میں سلام کرنے کا کیا سبب ہوا۔ فرمایا کہ پہلے وہ شخص بالکل خالی بیٹھا تھا اس لئے میں نے اس کو سلام نہ کیا کیونکہ بیکار شخص کو شیطان اپنی طرف مشغول کر لیتا ہے اور واپسی میں وہ شخص اگرچہ ایک فضول کام میں مشغول تھا مگر خیر بیکار نہ ہونے کی وجہ سے شیطان کی مشغولی سے تو بچا ہوا تھا اس لئے میں نے اس کو سلام کیا۔

آج کل عورتوں کی اصلاح کا طریق

فرمایا کہ عورتوں کی اصلاح کے لئے بس یہ کافی ہے کہ وہ کتب دینیہ کا مطالعہ کرتی رہیں باقی آج کل ایسا نمونہ کہ جس کو وہ خود مشاہدہ کر کے اپنے اخلاق درست کریں عورتوں میں ملنا قریب بہ محال ہے اور خاوند کی معتقد نہیں ہوتیں۔ اس لئے بس کتابیں پڑھا یا سنا کریں۔ خاوندوں کو ان کی اصلاح کی کوشش کرنی چاہئے آگے چاہے اصلاح ہو یا نہ ہو بس ان کو کتابیں پڑھ کر سناتے رہیں تو مواخذہ سے بری ہو جائیں گے۔

طالب کے لئے خود طلب بڑی سفارش ہے

فرمایا کہ طالب کو کسی سفارش کی ضرورت نہیں خود طلب بڑی سفارش ہے اس سلسلہ میں یہ بھی فرمایا کہ مجھے طالب علموں کے لئے اس ترفع کی وضع سے سخت نفرت ہے۔ حضرت والا کے ماموں زاد بھائی مدرسہ میں پڑھتے تھے بعض بے عنوانیوں کی وجہ سے مدرسہ سے

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

علیحدہ کر دیئے گئے ان کے ورثا نے چاہا کہ یہ پھر مدرسہ میں پڑھیں چنانچہ وہ بعد ظہر آئے مگر اچکن تکلف کی پہنے ہوئے تھے اور ٹوپی بھی ان کے مناسب حال نہ تھی۔ حضرت والا نے فرمایا کہ تم سے جب گفتگو کروں گا کہ اول اس ٹوپی اور اچکن کو علیحدہ کر کے آؤ۔ یہ اچکن اور ٹوپی طالب علموں کی شان کے بالکل خلاف ہے۔

نکاح ثانی اگر کرے تو بہ نیت مجاہدہ کرے

فرمایا کہ نکاح ثانی کر کے لوگ عدل نہیں کرتے۔ بس عدل کا نام ہی نام سنا ہے، دیکھا تو ہے نہیں کہ عدل کیسا ہوتا ہے۔ آج کل نکاح ثانی کرے تو بہ نیت مجاہدہ کرے۔ کیونکہ یہاں جتنا عذاب ہوگا وہ ثواب ہوگا یعنی جس قدر تکلیف دو بیویوں کے ہونے سے ہوگی (کیونکہ حسب عادت پریشان وتنگ ضرور کریں گی) اس کا اجر خدائے تعالیٰ کے یہاں ملے گا۔

حکمت وسادگی

فرمایا کہ اچھے کپڑے کو مخدوم بنانا پڑتا ہے کہ کہیں خراب نہ ہو جاوے گرد نہ لگے میلا نہ ہو۔ حالانکہ اصل میں وہ خادم ہے اس سے حکمت ظاہر ہے نیز سادگی کی ترغیب۔

مزاح وحضرت والا

ایک صاحب نے بذریعہ خط دریافت کیا کہ چلہ میں بیٹھ جاؤں اور پرہیز تحریر فرمائیں کہ کیا کھاؤں اور کس چیز سے احتیاط کروں۔ حضرت والا نے فرمایا کہ چلہ میں بیٹھ کر اچھوانی پئیں یہی پرہیز ہے۔

حکمت و بیدار مغزی حضرت والا

ایک صاحب نے کسی مریض کے لئے تعویذ مانگا دریافت پر معلوم ہوا کہ اس کو سخت بخار ہے اور بہکی بہکی باتیں کرتا ہے۔ تیماردار سمجھے کہ کسی آسیب وغیرہ کا خلل ہے۔ حضرت قبلہ نے فرمایا کہ بھائی اس کا علاج کرو۔ مرض میں ایسا ہوا کرتا ہے جیسا کہ تم بیان کرتے ہو۔ البتہ اگر حکیم کہہ دے کہ بیماری نہیں ہے وہ وقت تعویذ لینے کا ہے۔ اگر میں ابھی تعویذ دے دوں گا تو تم علاج سے بے فکر ہو جاؤ گے اور مریض کو ضرر ہوگا۔ چنانچہ اس وقت حضرت نے تعویذ نہیں دیا (ف) اس سے حضرت والا کی حکمت اور بیدار مغزی معلوم ہوئی۔

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

حسن خلق ورحمت عامہ

فرمایا کہ اگر کوئی ملزم اپنے آپ کو کسی ترکیب سے سزا سے بچائے تو شرعاً کچھ گناہ نہیں جائز ہے مثلاً سزائے رجم میں اگر زنا کا اقرار نہ کرے تو رجم سے بچ جاوے گا۔ علیحدہ چپکے سے اللہ میاں سے توبہ کرے اسی طرح چوری میں جس کی چیز لی ہے اس کو واپس کر دے اور اللہ تعالیٰ سے توبہ کرے اور عدالت میں اقرار نہ کرے تو کچھ گناہ نہیں شرعاً لوگوں کو وسعت دینا شعبہ ہے حسن خلق اور رحمت عامہ کا۔

حسن معاشرت

حضرت والا بروز پنجشنبہ گڑھی جو کہ تھانہ بھون سے کچھ فاصلہ پر ہے وہاں کے لوگوں کے بلانے پر ضرورتاً تشریف لے گئے تھے شنبہ کے دوپہر کو واپس تشریف لائے۔ ایک مولوی صاحب نے حضرت کی دعوت اسی دن شام کی کرنی چاہی اور ایک بچہ سے کہلوایا اس بچہ نے یہ بھی کہا کہ ہم نے سب سامان کل ہی کر لیا تھا کیونکہ حضرت والا کی واپسی کی جمعہ کے شام کی خبر تھی۔ حضرت والا نے فرمایا کہ بھائی تم نے میرے آنے سے پہلے اور میری بلا اجازت کیوں سامان کر لیا۔ پھر حضرت مکان تشریف لے گئے۔ واپسی پر مولوی صاحب سے مخاطب ہو کر فرمایا کہ گھر میں رنجیدہ ہونے لگیں میں معذور ہوں ان سے یہ سوال نہیں کر سکتا کہ تم نے بلا اجازت میری کیوں انتظام کیا کیونکہ وہاں تو انتظام ہے ہی اور آپ سے سوال کیا جا سکتا ہے کہ بغیر میرے آئے ہوئے اور بغیر میری اجازت لئے ہوئے آپ نے کیوں انتظام کیا۔ آپ سے یہ بات خلاف اصول ہوئی۔ قبول دعوت کے موانع بھی تو پیش آ سکتے ہیں۔ ایک تو یہی پیش آیا کہ میں کل نہ آ سکا دوسرے یہ پیش آیا کہ گھر میں منظور نہ کیا۔ میرا معاملہ ہو گیا ہے نازک۔ یہ ہفتہ دوسری جگہ کھانا کھانے کا ہے اور اس ہفتہ میں اب تک ایک وقت بھی وہاں کھانا نہیں کھایا ہے۔ اس وقت میں اس ارادہ سے مکان گیا تھا کہ ان کو سمجھا دوں گا مگر مجھے ایسے موقع پر یہ خیال ہوتا ہے کہ کہیں ان کو یہ خیال نہ ہو کہ اس طرف سے بے توجہی ہے چنانچہ میرا یہ گمان قبل کہنے کے ہی ظاہر ہو گیا کہ انہوں نے شکایت کی کہ

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

میرے ہی دنوں میں دعوتیں ہوتی ہیں اور میرے ہی دنوں میں سفر ہوتا ہے۔ عورتوں کا کچھ ایسا ہی معاملہ ہے۔ ہم نے بھی نیت کر لی ہے کہ سنیں گے جو کچھ کہا جاوے گا۔ ضابطہ کا برتاؤ کرنے کو دل نہیں چاہتا۔ یہ دل چاہتا ہے کہ میری وجہ سے دل آزاری نہ ہو۔ رنج نہ پہنچے۔ قاعدہ ہے کہ متعلقین کو اپنے سرپرست سے محبت ہوتی ہے۔ اس کی راحت کا بھی خیال ہوتا ہے پس گھر میں اس موقع پر چنداں دعوت سے رنجیدہ ہونا بے جا نہیں ہے۔ انہوں نے بھی کل گوشت منگا لیا ہے وہ آج خرچ ہوگا۔ ایسی تنگی ہوتی ہے ایسے موقع پر کہ قبول کرو تو تنگی ہے اور نہ کرو تو لوگ کہیں گے کہ قبول نہیں کرتے۔ ان مولوی صاحب کے عزیز نے عرض کیا کہ خیر کل کو دعوت ہو جاوے گی فرمایا کہ آئندہ تو جو کچھ ہوگا وہ ہوگا مگر اب تو جی برا ہوا۔ بعض عذر ایسے ہوتے ہیں کہ کوئی ان کو قوی سمجھتا ہے اور دوسرا ان کو معمولی سمجھتا ہے۔

وبال، عمل خلاف شریعت

فرمایا کہ ہمارے ایک عزیز تھے انہوں نے زیادہ نکلنے کی نیت سے ڈاڑھی منڈائی پھر بڈھے ہو گئے تمام عمر ڈاڑھی نکلی ہی نہیں۔ اللہ میاں کا ایسا قہر نازل ہوا۔

بعض امور باطنہ مرض نہیں لیکن لوگ ان کو مرض سمجھتے ہیں

فرمایا کہ باطن کے بعض امور ایسے ہیں کہ وہ مرض نہیں مگر لوگ خواہ مخواہ ان کو مرض سمجھتے ہیں مثلاً خیالات آنے کو لوگ برا سمجھتے ہیں اور جو سمجھایا جاوے کہ اس سے کچھ حرج نہیں تو سمجھانے سے مانتے ہی نہیں بلکہ یہ خیال کرتے ہیں کہ ویسے ہی ٹال دیا ہے۔ اس کی تو ایسی مثال ہے جیسے کوئی طبیب سے کہے کہ حکیم جی دھوپ میں چلتا ہوں تو میرا بدن گرم ہو جاتا ہے مجھے یہ مرض ہے اور حکیم جی شفقت سے یہ جواب دیں کہ بھائی یہ مرض نہیں ہے مگر وہ کہے کہ نہیں حکیم جی یہ تو مرض ہے۔

مصنوعی متانت دلیل کبر ہے اور شوخی طبیعت اسکے خلاف دلیل ہے

فرمایا کہ جن شخصوں میں ذرا شوخی ہوتی ہے جس کو عرف میں چھچھورپن کہتے ہیں وہ نفس کے مردہ اور روح کے زندہ ہوتے ہیں ہنستا بولتا آدمی اچھا بشاشت مصنوعی روح کے مردہ اور نفس کے زندہ ہونے کی دلیل ہے۔ ایسے شخص میں کبر ہوتا ہے اور شوخ طبیعت میں کبر نہیں ہوتا۔

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

تعلیم زہد

فرمایا کہ دنیا کو آدمی جس قدر مختصر لے اسی قدر راحت ہے۔

درندوں کی کھال کی ممانعت

ایک صاحب نے جو کہ تعویذ مانگنے آئے تھے بعد لینے تعویذ کے عرض کیا کہ حضرت اگر اجازت دیں تو میں کھال کی جائے نماز بغرض استعمال حضور والا کے بھیج دوں فرمایا کہ میں خود ایسی چیزوں کو اگر آ جاتی ہے تو فروخت کر دیتا ہوں۔ علاوہ اس کے حدیث شریف میں درندوں کی کھال کے استعمال سے تو منع فرمایا گیا ہے نیز یہ معلوم ہوا کہ طبعاً جانوروں کی کھال (مثلاً ہرن وغیرہ) پر بیٹھنے سے بھی بعض قویٰ کو نقصان پہنچتا ہے)۔

بے تکلفی کی علامت

فرمایا کہ اگر کوئی بے تکلف شخص ایسے کام کے وقت جس میں دوسرے کے بیٹھنے سے طبیعت کو انتشار نہ ہو آ بیٹھے تو خیر مضائقہ نہیں مگر بے تکلفی کی علامت یہ ہے کہ اگر ہم پیر پھیلا کر اس کے کندھے پر بھی رکھ لیں تو کسی جانب انقباض نہ ہو مگر ایسے بے تکلف بہت کم ہوتے ہیں۔

بزرگوں کا اپنے کمالات کے نفی کرنے کی بنا

فرمایا کہ مولانا گنگوہی رحمۃ اللہ علیہ نے ایک جگہ قسم کھائی ہے کہ مجھ میں کوئی کمال نہیں ہے بعض مخلص لوگوں کو اس میں شک ہو گیا کہ مولانا میں کمال کا ہونا تو ظاہر ہے تو اس قول سے مولانا کا جھوٹ بولنا لازم آتا ہے۔ پھر ہمارے حضرت نے مولانا کے قول کی تفسیر میں فرمایا کہ بزرگوں کو آئندہ کمالات کی طلب میں موجودہ کمالات پر نظر نہیں ہوتی پس مولانا اپنے کمالات موجودہ کو کمالات آئندہ کے سامنے نفی خیال فرماتے تھے اس کی ایسی مثال ہے کہ کسی شخص کے پاس ایک ہزار روپے ہیں وہ لکھ پتیوں کے سامنے مالدار نہیں البتہ دوسرے شخصوں کو مولانا کی نسبت یہ گمان کہ وہ خالی از کمالات تھے نہ کرنا چاہئے۔

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

طالب کے لئے تزئین نامناسب طریق ہے

ایک مولوی صاحب جو کہ لباس بہت زینت کا پہنے ہوئے تھے انہوں نے حضرت والا کو بعد ظہر پرچہ دیا جس میں اپنے وظائف کا حال لکھا تھا۔ فرمایا کہ گنگا پار کی طرف زینت بہت ہے۔ وہاں کے بعض مقتدا و مشائخ اہل نسبت بھی زینت میں مبتلا ہیں۔ جب آپ کا قلب اس میں مشغول ہے تو پھر اللہ کی یاد کی گنجائش کہاں ہے۔ ان وظائف سے کچھ نفع نہ ہوگا۔ ایسی حالت میں طالبان دنیا اور طالبان حق میں کیا فرق ہوا۔ عورت کے لئے زینت مناسب ہے۔ مردوں کو ہرگز ایسی زینت مناسب نہیں۔ آپ میرے پھندے میں کیوں پھنسے ہیں۔ میں تو آزاد آدمی ہوں رسوم کو جڑ سے اکھاڑتا ہوں۔ چاہے وہ علماء کے رسوم ہوں یا مشائخ کے ہوں۔ میں طالب کی دلجوئی نہیں کرتا کیونکہ اس کی تو دلشوئی کی ضرورت ہے نہ کہ دلجوئی کی۔ ہاں طالب کی بھی خاطر ہوتی ہے جبکہ وہ اصلاح قبول کر لیتا ہے پھر اس سے بڑھ کر کسی کی خاطر نہیں ہوتی۔

اہل اللہ کے قلب میں کسی کی ہیبت نہیں ہوتی

فرمایا کہ اہل علم کے دل میں کسی کی ہیبت نہیں ہوتی یوں کسی مضرت کی وجہ سے ڈر جاویں اور بات ہے ایسے تو آدمی کٹ کھنے کتے سے بھی ڈرتا ہے مگر ان کے دل پر کسی کی ہیبت نہیں ہوتی۔ اس پر یہ قصہ فرمایا کہ مولوی فضل حق صاحب رحمۃ اللہ علیہ کو قطرہ کا عارضہ ہو گیا تھا اس وجہ سے وہ ڈھیلے نہ لیتے تھے صرف پانی سے استنجا کر لیتے تھے کسی متعصب شیعی نے طعن کے طور پر کہا کہ اب تو آپ بھی پانی سے استنجا کرنے لگے ہیں۔ مولوی صاحب نے فی البدیہ جواب دیا کہ جب سے مجھے سلسل بول کا عارضہ ہو گیا ہے تب سے میں شیعوں کے مذہب پر پیشاب کرنے لگا ہوں۔

طالب کا کام

فرمایا کہ کیفیات سے وصول یا حرمان پر استدلال کرنا یہ مستعلج کا کام نہیں ہے کہ اول میں عجب کا خدشہ ہے اور ثانی میں ناشکری کا اور دونوں سالب نعمت ہیں طالب کا وظیفہ یہ ہے کہ حالت کی اطلاع دے اور اس حالت کی تحقیق معالج کا کام ہے۔

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

کبر رہزن طرق ہے اتباع سنت اصل نسبت ہے

فرمایا کہ کبر خدا کے راستہ کا بڑا رہزن ہے اول اس کا علاج کرے بس یہی کافی ہے۔ نسبت اور چیز ہے وہ اللہ کا نام لینے سے حاصل ہوتی ہے لیکن جب تک کہ ادھر سے پورا تعلق نہ ہو کیا فائدہ ذرا اللہ کا دھیان رہنے لگا بس سمجھ گئے ہم اللہ والے ہو گئے۔ اصلی معیار نسبت معتبرہ کا سنت کی متابعت ہے کہ ظاہراً اقوال وافعال واخلاق سب سنت کے مطابق ہونے لگیں ورنہ کچھ بھی نہیں۔

تعلیم توکل

ایک صاحب نے حضرت والا کی نسبت کہا تھا کہ میں نے سنا ہے کہ انہوں نے جائیداد نہیں لی۔ جس کے اولاد نہ ہو اس سے تو یہ ہو سکتا ہے اولاد دار سے کس طرح ممکن ہے۔ اس پر حضرت والا نے فرمایا کہ یہ قصہ جائیداد نہ لینے کا تو بیس برس کی عمر میں ہوا تھا۔ جب مجھے کیا خبر تھی کہ میرے اولاد نہ ہوگی۔ مگر یہ اعتقاد تھا کہ اگر اولاد بھی ہو جاتی تو کیا اللہ میاں اولاد کو نہ دیتے آخر میں بھی تو کسی کی اولاد ہوں پھر مجھے بھی دے رہے ہیں یا نہیں۔

کبر حسد ریاء سخت مرض ہیں

کبر حسد ریا کو اول ہی سے مٹانے کی ضرورت ہے۔ یہ بڑے سخت مرض ہیں مشائخ تک ان میں مبتلا ہیں۔ علماء تو فنائے نفس کا دعویٰ بھی نہیں کرتے اور مشائخ تو فنائے نفس کے دعویٰ پر بھی اس سے خالی نہیں سخت تعجب ہے۔

تعلیم معاشرت

فرمایا کہ کھانا کھانے میں میرے سامنے سے اگر کوئی پیالہ اٹھا لیتا ہے تو ناگوار ہوتا ہے۔ اگر اور سالن کی ضرورت ہو تو اور دوسرے پیالہ میں لانا چاہئے۔ کھانے والا آدمی اتنی دیر بیکار بیٹھا ہوا کیا کرے۔

طرز مشورہ

فرمایا کہ مجھ سے جب کوئی مشورہ لیتا ہے تو میں مشورہ دینے کے بجائے یہ لکھ دیتا ہوں کہ اگر مجھے یہ واقعہ پیش آتا تو میں یہ کرتا۔ یہ نہیں کہتا کہ تم بھی ایسا کرو۔ آج کل اکثر مواقع

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

پر مشورہ دینا بیوقوفی ہے۔ الزام ضرور آتا ہے۔

توجہ متعارف اصلاح کا مسنون طریقہ نہیں

فرمایا کہ توجہ کے دو درجے ہیں ایک درجہ تو غیر اختیاری ہے وہ یہ کہ دل چاہتا ہے کہ فلاں شخص میں ذوق وشوق محبت حق خوف وغیرہ پیدا ہو جاوے۔ اس کے واسطے دعا کر دے اس کا تو کچھ مضائقہ نہیں۔ دوسرا درجہ توجہ کا متعارف مصطلحہ ہے وہ یہ کہ شیخ اپنے قلب کو سب خطرات سے خالی کر کے خاص توجہ کرتا ہے اس میں تصور بقصد تصرف ہوتا ہے یہ گو جائز ہے مگر ذوقاً پسند نہیں۔ اور اس میں فاعل قوت برقیہ ہوتی ہے۔ جو انسان کے اندر ودیعت رکھی گئی ہے۔ جیسا کہ زمین میں بھی یہ قوت برقیہ ہوتی بہت ہے سنا ہے کہ بے تار کے جو خبر پہنچتی ہے وہ اسی کے ذریعہ سے پہنچائی جاتی ہے۔ نظر لگنے میں بھی اسی کا اثر ہوتا ہے۔ مسمریزم اور توجہ متعارف کا منشاء ماخذ ایک ہے۔ ایک بری جگہ صرف ہوتا ہے اور ایک اچھی جگہ صرف کی جاتی ہے۔ صرف اتنا ہی فرق ہے۔ ایک یہ مشق پر موقوف ہے اس لئے مشق کی جاتی ہے کہ دوسروں پر نسبت کا القاء کریں گے۔ بعض مشائخ کے یہاں اس سے بہت کام لیا جاتا ہے مگر اس کا نفع باقی نہیں رہتا۔ طالب کیفیت کو نفع سمجھ کر اس کو کافی سمجھتا ہے اس لئے کام چھوڑ دیتا ہے۔ اس میں چند خلجان ہیں اول تو سنت میں منقول نہیں۔ دوسرے اس سے اکثر کو کام میں سستی ہونے لگتی ہے۔ پھر فرمایا کہ خود اثر پڑے دوسرے پر اس کا مضائقہ نہیں۔ باقی خود توجہ کرنے میں تو اس وقت قلب میں خدا کی طرف توجہ مطلق نہیں رہتی اگر یہ کہا جاوے کہ یوں تو معمولی بات چیت میں بھی توجہ الی اللہ نہیں ہوتی تو جواب یہ ہے کہ یہ اس سے اشد ہے کیونکہ اس میں قلب کو قصداً خالی کیا جاتا ہے اور خدا کی طرف سے توجہ ہٹانا غیرت کی بات معلوم ہوتی ہے حلقہ متعارف میں یہی ہوتا ہے بس مسنون طریقہ اصلاح کا وعظ نصیحت ہے۔ دعا ہے اور توجہ نام حق تعالیٰ کا حق ہے۔

مجبور ومختار کا فرق

فرمایا کہ جو شخص مجبور ومختار میں فرق نہ کرے وہ کتے سے بھی زیادہ بدتر ہے۔ کتے کے اگر لکڑی مارو تو بھی لکڑی پر حملہ نہیں کرتا ہے بلکہ لکڑی مارنے والے پر حملہ کرتا ہے۔

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

تعلیم صدق وتواضع

فرمایا کہ جب کسی سوال کے جواب میں شرح صدر وشفاء قلب نہ ہو صاف جواب دے دے کہ ہماری سمجھ میں نہیں آیا کیونکہ ہر سوال کے لئے ضرور نہیں کہ اس کا جواب ہی دیا جاوے۔ نیز یہ بھی تو جواب ہے کہ ہم کو معلوم نہیں۔ لیکن لوگ جواب دینا ضرور سمجھتے ہیں خواہ شفاء قلب ہو یا نہ ہو۔ یہ جائز نہیں۔ جب تک شفاء قلب نہ ہو کسی مسئلہ کا جواب نہ دیا جاوے۔

تحقیق سماع موتی

فرمایا کہ **ماانت بمسمع من فی القبور** میں نفی سماع سے سماع نافع مراد ہے سو وہ ظاہر ہے یعنی مردے سننے پر عمل نہیں کر سکتے کیونکہ ان کا مقام دار العمل نہیں ہے اور قرینہ اس کا یہ ہے کہ کفار کے عدم سماع کا بیان کرنا مقصود ہے اور ان کے عدم سماع کو عدم سماع موتی ہے تشبیہ دی گئی ہے اور ظاہر ہے کہ کفار سنتے ہیں مگر عمل نہیں کرتے۔

علم وجامعیت

فرمایا کہ دنیا اور دین کو برآنے کا ذریعہ استغفار ہے۔ حضرت والا کے علم وجامعیت پر دال ہے۔

تعلیم ادب شیخ

فرمایا کہ اگر شیخ سے تعلق قطع کر دے تو سب فیوض بند ہو جاویں اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے کم تعلقی کر کے تو پھر بالکل واردات وفیوض کچھ بھی نہ رہیں گے۔

شان تربیت، تواضع

ایک مولوی صاحب (جو کہ حضرت والا کے مجاز ہیں) اپنے ملفوظات خود جمع کئے تھے اور ملفوظات کا آغاز اس لفظ سے تھا فرمایا اس کی اطلاع حضرت کو ہوئی۔ وہ مولوی صاحب حضرت والا کی خدمت میں حاضر تھے حضرت والا نے مولوی صاحب سے فرمایا کہ ہمارے سامنے سے اٹھ جاؤ اور ہمیں صورت مت دکھاؤ اور نہ کسی کو بیعت کرو۔ پھر فرمایا کہ بڑائی تو وہ کرے جس کا کمال ذاتی ہو اور جب یہ نہیں تو بیجا ہی ہے۔ دیکھئے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کہ

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

آپ کے سامنے لوح وقلم کے علوم بھی ہیچ ہیں آپ کی نسبت حق تعالیٰ ارشاد فرماتے ہیں ولئن شئنا لنذھبن بالذی او حینا الیک جس کا حاصل یہ ہے کہ یہ ہمارا عطیہ ہے ہم چاہیں تو ابھی سلب کرلیں ناز تو اس پر ہو جس کا کمال اپنے قبضہ کا ہو جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تواضع کریں تو ہمیں کیا حق ہے ناز کا۔ اسی طرح استحقاق ثمرات کے ادعا کی حالت ہے۔ جیسے فرض کیجئے کہ آج ہی آم کا درخت لگایا اور کہنے لگے کہ پھل نہیں آیا اس سے صاف دعویٰ استحقاق ٹپکتا ہے۔ صاحب خدائے تعالیٰ سے نوکری کا معاملہ نہیں جو استحقاق اجرت کا ہو۔ غلامی کا تعلق ہے پھر دعوے استحقاق کیسا۔ مثلاً اگر آقا اپنے غلام سے کہے کہ پانی پلاؤ وہ کہے کہ کیا ملے گا وہ غلام بڑا نالائق ہے۔ ایک تکبر کی قسم یہ ہے کہ تواضع پر تکبر ہوتا ہے کہ ہم میں تکبر نہیں۔ گو کا کیڑا یہ سمجھے کہ میں گو کا کیڑا ہوں یہ کونسی خوبی کی بات ہے میرے دوستوں نے فتاویٰ کا نام فتاویٰ اشرفیہ رکھ دیا تھا اس سے بہت شرم معلوم ہوتی ہے۔ آخر امداد الفتاویٰ کا نام بدلا۔ پس اپنے ملفوظ اپنی رائے سے ضبط کرنا کیا معنی۔ مرید کو چاہئے کہ اپنے واردات کو شیخ کے سامنے پیش کرے جیسا اولاد کچھ کماوے وہ ماں باپ کے سامنے رکھ دے کہ یہ کمایا ہے۔ ان افعال کی بدولت احوال سلب ہو جاتے ہیں۔ پھر فرمایا کہ جس وقت آدمی اپنے کو اچھا لگتا ہے اس وقت خدا کے نزدیک مبغوض ہوتا ہے۔ اب ہر شخص سوچ لے کہ دن میں کتنی مرتبہ اس کی ایسی حالت ہوتی ہے بعد عصر حضرت والا نے اعلان فرمایا کہ فلاں مولوی صاحب سے کوئی بات چیت نہ کرے اور اگر کوئی کرے گا تو اس کے ساتھ بھی یہی برتاؤ کیا جاوے گا۔ پھر فرمایا یہ کہ کوئی نئی بات میں نے نہیں کی بلکہ عین سنت کے موافق کیا کیونکہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بھی حضرت کعب بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے ساتھ ایسا ہی کیا تھا۔ اگر میں پچاس دن تک ایسا کروں تو بھی کچھ حرج نہیں ہے۔ پھر ان مولوی صاحب نے حضرت والا کی خدمت مبارک میں معافی کی درخواست کی مگر چونکہ بے ڈھنگے طور سے معافی چاہی گئی تھی اس لئے اس پر حضرت والا نے یہ سزا تجویز فرمائی کہ بعد مغرب روزانہ اس مضمون کا اعلان کیا کیجئے کہ صاحبو چونکہ میں فلاں قوم کا ہوں اس لئے کم حوصلگی کے سبب اپنے مربی کی عنایتوں پر اپنے آپ کو بڑا سمجھنے لگا جس کی وجہ سے سزا میں

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

گرفتار ہوں لہذا آپ لوگوں کو چاہئے کہ تکبر سے بہت پرہیز کریں پھر دو روز کے بعد ظہر حضرت والا نے ان مولوی صاحب سے سب کو گفتگو کرنے کی اجازت دے دی اور یہ فرمایا کہ عنقریب اور معاملات بھی طے ہو جائیں گے۔

اس سے حضرت اقدس کی تواضع وشان تربیت اظہر من الشمس ہے۔

معرفت کید نفس وشان تربیت

ایک صاحب نے خط لکھا کہ فلاں آپ کو ایسا کہہ رہے تھے اور میں نے ان کو یہ جواب دیا اس پر فرمایا کہ جس طرح مجھے اس بات سے کلفت ہوتی ہے کہ فلاں نے مجھے برا بھلا کہا ایسی ہی اس بات سے کلفت ہوتی ہے کہ فلاں نے طرفداری کی۔ طرف دار لوگ ہی اور زیادہ برا بھلا کہلواتے ہیں۔ اگر انہوں نے اپنی عاقبت کے واسطے یہ کام کیا تو مجھ پر اس کا اظہار کیوں کیا۔

(ف) اس سے بھی شان تربیت اور معرفت کید نفس ثابت ہوئی۔

تصرف کی حقیقت

تصرف سے آدمی اس طرح سلوک میں چلتا ہے جس طرح کہ کوئی کسی کا ہاتھ پکڑ کر دو اڑ دے جہاں ہاتھ چھوڑا بس رہ گیا۔

توجہ وہمت وشان تربیت

حضرت والا کے ایک مجاز نے اپنے ابتلائے معاصی کی حالت نظم میں لکھی ہے اور پھر حضرت والا کی توجہ وہمت کی برکت سے جلد ہی حالت متغیر ہوگئی یعنی پہلی حالت عود کر آئی پھر اس حالت کی بھی اطلاع حضرت والا کو نظم ہی میں دی۔ پہلی حالت کو مماۃ مجذوب سے اور دوسری حیات مجذوب سے تعبیر کیا ہے اس طرح مجموعہ نظم کا نام حیاۃ بعد المماۃ رکھا ہے۔ جو حسب ذیل درج کی جاتی ہے اور جو لاریب حضرت والا کی توجہ و ہمت وشان تربیت کی بے نظیر مثال ہے۔

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

مماۃ مجذوب

وہ حق کے ساتھ رابطہ دل نہیں رہا — مجذوب اب اس لقب ہی کے قابل نہیں رہا
وہ آنکھ اب نہیں ہے وہ اب دل نہیں رہا — مجذوب منہ دکھانے کے قابل نہیں رہا
وہ آنکھ نہ جو غیر کو دیکھے نہیں رہی — وہ دل جو ہو نہ غیر پہ مائل نہیں رہا
ناگفتنی ہے حال مرا کچھ نہ پوچھئے — کہنے کے اور سننے کے قابل نہیں رہا
میں لاکھ توبہ کرتا ہوں نبھتی نہیں کبھی — اب اپنی عزم کا تو میں قائل نہیں رہا
اس کے سوا کہ آپ کریں اب مری مدد — کچھ چارہ میرے مرشد کامل نہیں رہا
تاراج کر لیا مجھے شیطان و نفس نے — جو کچھ کیا تھا آپ سے حاصل نہیں رہا
وہ حال ہو گیا ہے کہ گویا کبھی بھی نہیں — خدام میں حضور کے داخل نہیں رہا
ناچار بہر چارہ چلا آیا سرنگوں — ورنہ میں منہ دکھانے کے قابل نہیں رہا
اب رات دن ہے ذکر بتاں اور شغل عشق — اللہ کا میں ذاکر و شاغل نہیں رہا
پہلو میں مرے وہ دل ناپاک ہے حضور — میں پاس بیٹھنے کے بھی قابل نہیں رہا
قابو میں میرے اب میری آنکھیں نہیں رہیں — کہنے میں میرے اب یہ مرا دل نہیں رہا
کوئی گنہ ہو کرنے میں کچھ باک ہی نہیں — جو خوف حق تھا بیچ میں حائل نہیں رہا
بے فکر آخرت سے کچھ ایسا ہوا ہوں میں — جیسے کہ موت ہی کا میں قائل نہیں رہا
اب مری غفلتوں کی کوئی حد نہیں رہی — مجھ سا جہاں میں اب کوئی غافل نہیں رہا
توفیق توبہ کثرت عصیاں نے سلب کی — بحر گنہ کا اب کوئی ساحل نہیں رہا
ہر وقت معصیت کا تقاضا ہے نفس میں — دل خیر کی طرف میرا مائل نہیں رہا
پڑنے لگا ہے اب تو فرائض میں بھی خلل — یہ ہی نہیں کہ شوق نوافل نہیں رہا
پہلی سی فکر جائز و ناجائز اب نہیں — حفظ حدود و پاس مسائل نہیں رہا
جب سے شریک حال عنایت بتوں کی ہے — اللہ کا فضل ہی شامل نہیں رہا
وہ ذوق و شوق قلب و نعرے نہیں رہے — وہ رنگ اور شور عنا دل نہیں رہا

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

وہ وہ کئے ہیں جرم کہ انصاف تو یہ ہے
سرکار اب میں رحم کے قابل نہیں رہا

مانیں جواب بھی حق تو یہ ہے آپ کا کرم
حق یہ ہے حق تو کچھ مجھے حاصل نہیں رہا

کس سے کہوں کہوں جو نہ حضرت اے حال دل
گو منہ تو مرا عرض کے قابل نہیں رہا

اے خضر راہ کیجئے بس جلد رہبری
رخ سوے قعر ہے سوے منزل نہیں رہا

یہ التجا کرم کی بلا حق کے ہے حضور
حق تو کر چکا ہوں میں زائل نہیں رہا

طاعت ہی بس حیات ہے اور معصیت ممات
کیا زندہ ہوں میں زندوں میں شامل نہیں رہا

یہ آسرا ہے آپ سا کامل ہے مہرباں
گو سچ ہے میں تو ہاں کسی قابل نہیں رہا

دست کرم ہو جانب مجذوب پھر دراز
محروم آپ کا کبھی سائل نہیں رہا

حیات مجذوب

مجذوب نارسیدہ کو واصل بنا دیا
ناقص کو ایک نگاہ میں کامل بنا دیا

فہمید کید نفس کے قابل بنا دیا
مجذوب کو بھی آپ نے عاقل بنا دیا

نقش بتاں مٹایا' دکھایا جمال حق
آنکھوں کو آنکھیں دل کو مرے دل بنا دیا

عشق بتاں ہوا ہے مبدل بہ حب حق
وجہ فنا کو زیست کا حاصل بنا دیا

کیا ناخدا ہیں آپ بھی اس بحر عشق کے
گرداب ہولناک کو ساحل بنا دیا

فیض نظر سے نفس کی کایا پلٹ گئی
جو تھے رذائل ان کو فضائل بنا دیا

غفلت میں دل پڑا ہے کہ ناگاہ آپ نے
آگاہ حق سے غیر سے غافل بنا دیا

مشغول ایک نگہ میں ہوا دل یہ یاد حق
غافل کو دم میں ذاکر و شاغل بنا دیا

مردود بارگاہ ہوا بار یاب پھر
مہجور نامراد کو واصل بنا دیا

اس روسیہ کو آپ نے جو ننگ بزم تھا
پر تو ہے اپنے رونق محفل بنا دیا

اس قلب ناسزا کو جو ننگ وجود تھا
ایسا نوازا۔ ناز کے قابل بنا دیا

ایسے کو جو پڑا تھا مذلت کے قعر میں
اتنا ابھارا۔ صدر افاضل بنا دیا

میرے دل سیاہ کو انوار قلب سے
خورشید پر ضیا کا ممثل بنا دیا

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

پھر سہل کر دیا مرے سرکار آپ نے
میں نے جس امر سہل کو مشکل بنا دیا

چسکا لگا کے یاد خدا کا حضور نے
بیزار کاروبار مشاغل بنا دیا

دل دادہ کر دیا مجھے خلوت کا آپ نے
اس بزم بے ثبات سے بددل بنا دیا

دینی امور میں تو کیا مجھ کو مستعد
اور دنیوی امور میں مجھے کامل بنا دیا

مشکل تھا دین سہل تھی دنیا اب آپ نے
مشکل کو سہل سہل کو مشکل بنا دیا

ہمت بڑھا کہ بار امانت کہ آپ نے
مجھ جیسے ناتواں کو بھی حامل بنا دیا

مجھ پر شکستہ کو بھی سہارا نے آپ کے
آمادہ بہر قطع منازل بنا دیا

کر کر کے وار نفس پہ تیغ نگاہ کے
قاتل کو مرے آپ نے بسمل بنا دیا

مغلوب نفس تھا مگر اب نفس کش ہوں میں
بسمل کو گویا آپ نے قاتل بنا دیا

انوار ذکر رہتے ہیں گھیرے ہوئے مجھے
خلوت کو میرے آپ نے محفل بنا دیا

میں کیا کہوں کہ کیا تو تھا اور اب حضور
کیا مجھ کو میرے مرشد کامل بنا دیا

بخشی حیات قلب وہ عیسیٰ نفس ہیں آپ
مردہ کو زندہ کہنے کے قابل بنا دیا

ہاں کیوں نہ ہو وہ ذات مقدس ہے آپکی
رندوں کو جس نے صوفی کامل بنا دیا

کر کر کے سہل وہ وہ حقائق بیاں کئے
نافہم جاہلوں کو بھی عاقل بنا دیا

صحبت سے اپنے فلسفی و منطقی کو بھی
قرآن اور حدیث کا عامل بنا دیا

آزاد تھے جو ملت و مذہب سے ان کو بھی
وابستہ چہار سلاسل بنا دیا

ہم جیسے ہرزہ گو بھی تو اب ذاکروں میں ہیں
زاغوں کو ہم نوائے عنادل بنا دیا

غاصب جو تھے وہ صاحب جود و سخا ہوئے
اور ظالموں کو آپ نے عادل بنا دیا

اتنا کیا ہے آپ نے آساں طریق کو
کہ سکتے ہیں کہ راہ کو منزل بنا دیا

وہ وہ نتائج اخذ کئے ہیں کہ آپ نے
ادنیٰ امور کو بھی مسائل بنا دیا

قائل زباں سے ہوں کہ نہ ہوں لیکن آپ نے
دل سے تو منکروں کو بھی قائل بنا دیا

آہن کو سوز دل سے کیا موم آپ نے
ناآشنائے درد کو بسمل بنا دیا

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

دیکھا نہ کوئی مصلح اخلاق آپ سا — دیووں کو بھی فرشتہ شمائل بنا دیا
دنیا کو راہ راست دکھائی حضور نے — جب کج رووں نے پیرو باطل بنا دیا
کیا طرفہ ہے طریق ہدایت حضور نے — گم کردہ رہ کو رہبر منزل بنا دیا
کر دیجئے بس اب مجھے اپنے سے بے خبر — اس اپنے علم نے مجھے جاہل بنا دیا
مجذوب در سے جاتا ہے دامن بھرے ہوئے — صد شکر حق نے آپ کا سائل بنا دیا

علاج وساوس

فرمایا کہ وساوس کا علاج واللہ بے التفاتی ہے۔ حدیث شریف میں جو تھکارنا آیا ہے اس سے مراد اعراض وترک التفات ہے۔

مراقبہ مرغبہ الی الاعمال الصالحہ

فرمایا کہ میں نے ایک صاحب کو بتلا دیا تھا کہ یوں تصور کیا کرو کہ میں آسمان پر پہنچا ہوں۔ حوریں ہیں۔ سیر کر رہا ہوں باغ کا تصور کرو۔ پھر خیال کرو کہ یہ چیزیں جب ملیں گی جب خدا کے حکموں کی پابندی کریں گے۔ اس سے لالچ ورغبت پیدا ہوگی اس سے اعمال صالحہ سرزد ہوں گے چنانچہ اس سے ان کو بڑا نفع ہوا۔

تعلیم ایثار

فرمایا کہ عبد کا کام ہے کہ جس حال میں رکھیں رہو۔ ہاتھی پر چڑھاویں چڑھو اور جو گدھے کے پیروں میں روندا دیں تو ویسے ہی رہو۔

تعلیم رضا وتفویض

فرمایا کہ حاتم اصم رحمۃ اللہ علیہ ایک بزرگ تھے۔ ایک شخص نے آپ کی خدمت میں نذر پیش کی اس کے مال میں شبہ تھا۔ آپ نے عذر فرمایا اس نے پھر کہا آپ نے لے لیا۔ لوگوں نے پوچھا یہ کیا بات تھی فرمایا کہ نہ لینے میں اس کی ذلت تھی اور لے لینے میں میری ذلت تھی اور اس کی عزت تھی میں نے اس کی عزت کو اپنی عزت پر اختیار کیا لے لیا کہ اس کی بے عزتی نہ ہو۔

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

تواضع بقصد تکبر اور تواضع بقصد تواضع کا فرق

فرمایا کہ کبھی تکبر بصورت تواضع بھی ہوتا ہے اور علامت اس کی یہ ہے کہ جو تواضع بقصد تکبر ہوتی ہے اس کے بعد فخر ہوتا ہے اور اس تواضع کے بعد کوئی تعظیم نہ کرے برا مانتا ہے اور جو تواضع بقصد تواضع ہو اس میں خوف ہوتا ہے اور کسی کی تعظیم نہ کرنے سے اپنے کو اس عدم تعظیم ہی کا مستحق سمجھتا ہے۔ اس سے حضرت والا کی فراست و دقت فہم معلوم ہوئی۔

فانی فی الحق کی علامت

فرمایا کہ جو عشاق اور فانی فی الحق ہوتے ہیں ان کی یہ حالت ہو جاتی ہے کہ آخر میں وداعی میں حرکت بھی نہیں رہتی۔ وسوسے بھی نہیں رہتے۔

تعلیم مخالفت نفس

فرمایا کہ ایک بزرگ کی خدمت میں ایک شخص حاضر ہوئے اور بیعت کی درخواست کی بزرگ نے دریافت فرمایا کہ تیرے پاس کچھ مال بھی ہے۔ انہوں نے عرض کیا کہ ہاں سو روپے ہیں ان بزرگ نے فرمایا کہ اسے نکال۔ انہوں نے عرض کیا حضرت خیرات کر دوں گا۔ فرمایا کہ نفس کو حظ حاصل ہوگا کہ ہم نے اتنے روپے خیرات کئے ان کو سمندر میں پھینک دے اس نے منظور کیا۔ پھر فرمایا کہ ایک ایک روپیہ کر کے پھینکنا کہ ذرا نفس پر آرا چلے اور ایک دم سے پھینکنے میں تو بس ایک ہی بار مجاہدہ ہوگا۔

اہل اللہ کی محبت کی عظمت

دوران درس مثنوی میں فرمایا کہ اہل اللہ کی معیت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی معیت ہے

تعلیم وحدت مطلب

فرمایا کہ جب تک نسبت راسخ نہ ہو جاوے مختلف بزرگوں سے ملنا اچھا نہیں کسی کے پاس بقصد و برکت نہ جاوے۔ مزارات پر بھی اس قصد سے نہ جاوے اور بعد رسوخ نسبت خود ہی جانے کو دل نہ چاہے گا پھر فرمایا کہ طالب کا تو اپنے شیخ کی نسبت یہ مسلک ہونا چاہئے۔

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

ہمہ شہر پرز خوباں منم و خیال ماہے　　چہ کنم کہ چشم بدخو نہ کند بکس نگاہے

وہ عورت فاحشہ ہے جو اپنے خاوند کے سوا دوسرے پر نظر کرے۔ شیخ کے ساتھ جو تعلق ہے وہ بھی ایسا ہی ہے جیسا کہ خاوند اور بی بی کا۔ شیخ کو یہ سمجھے کہ میرے لئے سب سے نفع یہی ہے اس کو وحدت مطلب کہتے ہیں۔ پھر فرمایا کہ جس طرح وحدت مطلوب ضروری ہے اسی طرح وحدت مطلب ضروری ہے۔ البتہ نسبت راسخ ہونے کے بعد پھر جہاں چاہے جاوے جہاں چاہے اٹھے جہاں چاہے بیٹھے۔

وقف کلام مجید کے متعلق ایک تحقیق

فرمایا کہ قرآن مجید میں ترکیب کے اعتبار سے وقف تجویز کئے ہیں اور ہر آیت پر وقف ضروری نہیں گو آیتیں توقیفی ہیں جیسا کہ دو شعر قطعہ بند ہوں تو مضمون چاروں مصرعوں کا مل کر ایک ہوگا مگر ایک شعر کے ختم پر ضرور کہیں گے کہ شعر ختم ہوگیا۔ بعض لوگ وقف کو آیت پر لازم سمجھتے ہیں اور فرمایا کہ وقف کے معنی قطع النفس کے ہیں۔

محل حرام، مظہر جمال الٰہی نہیں

فرمایا کہ بعض ملحدوں کو شبہ ہوگیا ہے کہ جب خدا کے جمال و کمال کے مظہر ہیں تو کسی چیز کو دیکھنا حرام نہیں اس پر فرمایا کہ چاہے جمال اللہ تعالیٰ کا سب میں ظاہر ہو مگر جب اللہ میاں نے خود منع کر دیا ہے کہ ہم کو اس آئینہ میں مت دیکھو تو اس کے حکم کی تعمیل کرے۔

غیر اللہ کی دوستی کا انجام عداوت ہے

فرمایا کہ جس دوستی کی بناء فاسد ہوگی آخر میں عداوت ہوگی اور دوران درس مثنوی میں فرمایا کہ غیر اللہ کی دوستی کا انجام آخر عداوت ہے۔

نسبت کا اثر

فرمایا کہ بڑھاپے میں نسبت قوی ہو جاتی ہے کیونکہ مدت کی نسبت ہوتی ہے۔ نیز اہل نسبت کے پاس بیٹھنے سے روحانی قوت بڑھتی ہے۔ بعض اوقات اس کا اثر بدن پر محسوس ہوتا ہے چنانچہ بہت بزرگوں کے بدن پر مرنے کے بعد حرارت محسوس ہوئی ہے اصل میں تو

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

یہ روح پر ہوتا ہے مگر تبعاً کبھی تبرعاً جسم پر بھی ظاہر ہو جاتا ہے۔

صحبت کی ضرورت' کبر رہزن طریق ہے

فرمایا کہ زیادہ رہزن اس طریق کا کبر ہے مثلاً برا ماننا اصلاح ہے اور فرمایا کہ تعلیم بدوں صحبت کے کافی نہیں ہوتی۔ زیادہ صحبت کی ضرورت ہے۔

شیخ کا خود نگرانی نہ کرنا بلکہ مرید کے پوچھنے پر بتلانا مفید نہیں

ایک مولوی صاحب کو حضرت والا نے تحریر فرمایا کہ آپ کسی اور سے رجوع کیجئے کیونکہ آپ کو مجھ سے مناسبت نہیں ہے۔ اس پر ان مولوی صاحب نے لکھا کہ خیر اگر آپ خود میری نگرانی نہ کریں تو جو کچھ میں پوچھوں گا وہ تو بتا دیا کریں گے۔ میں نے لکھا جی ہاں بتا دیا کروں گا۔ اس پر فرمایا کہ خود دیکھ لیں گے کہ اس طریق سے کیسا نفع ہوتا ہے۔ اس کی ایسی مثال ہے کہ مریض کے پوچھنے پر طبیب بتلا دیا کرے اور اپنی طرف سے کچھ نہ بتاوے تو مریض کو یہ سلیقہ ہی نہیں ہوتا کہ کون سی بات پوچھنے کے قابل ہے کونسی نہیں۔ (ف) اس سے حضرت کا کمال تجربہ اس طریق کا ثابت ہے۔

تعلیم فراغ قلب

فرمایا کہ طرح طرح کے سوچ بچار میں مت رہو۔ رنج کو قلب پر مت آنے دو بلکہ جسم پر لو پھر فرمایا کہ بعض لوگوں کے قلب کو مہلت ہی نہیں ہوتی واہیات خرافات میں وقت صرف ہو جاتا ہے۔

وصول الی اللہ کا طریق

فرمایا کہ حق تعالیٰ تک پہنچنے کا یہی راستہ ہے کہ اخلاق رذیلہ جاتے رہیں حمیدہ پیدا ہو جائیں معاصی چھوٹ جائیں۔ طاعت کی توفیق ہو جاوے۔ غفلت من اللہ جاتی رہے اور توجہ الی اللہ پیدا ہو جاوے۔

گاؤکشی کے شعائر اسلام ہونے کا ثبوت

اگر کسی کی یہ رائے ہو کہ گاؤکشی مسلمان چھوڑ دیں تو چونکہ مبنی اس رائے کی ملت کفریہ کی رعایت ہے اس لئے ملت کفریہ کے رعایت کے مقابلہ میں بلا شبہ گاؤکشی اہل اسلام کا

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

شعار ہے لوگ کہتے ہیں کہ گائے کا گوشت کھانے کو اسلام سے تعلق نہیں ہے حالانکہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے اس فرمانے سے شدید تعلق معلوم ہوتا ہے کہ من صلی صلوتنا واستقبل قبلتنا واکل ذبیحتنا

شیخ کے کہنے کا برا نہ مانے

فرمایا کہ جس سے معتقد ہو اس کے کہنے کو برا نہ مانے تھوڑی دیر کو صبر کرے شاید یہ امتحان ہی لیتے ہیں پھر فرمایا کہ اگر وہ اس کا امتحان ہو اور پہلے سے بتلا دے تو پھر امتحان ہی کیا ہوا۔

تعلیم حب شیخ

فرمایا کہ جب تک فنا کی کیفیت غالب نہ ہو اس کو مشاق یا محب نہیں کہہ سکتے۔ اور محبت کے اس درجہ کا انسان مکلف نہیں مگر کمال یہی ہے پھر فرمایا کہ اکثر ایسی محبت اول ہی میں ہو جاتی ہے اور اس کیفیت عشقیہ کے بڑھنے میں کسی اسباب کی حاجت نہیں اور بیعت میں شیخ کو طالب کی جانب سے ایسی ہی محبت کا انتظار ہوتا ہے۔ ہاں اگر یہ معلوم ہو جاوے کہ اس کا مذاق ہی نہیں اس وقت میں مجبوری ہے۔ طبعاً انقیاد محض بدوں اس کے نہیں ہوتا بلکہ وساوس کی مزاحمت رائے میں رہتی ہے اور اگر ایسی محبت ہو جاوے تو پھر واللہ اگر سر بازار جوتیاں لگائیں تو قلب پر اثر نہ ہو اور طبعی حزن الگ چیز ہے اور اگر ناگواری ہو تو محبت ہی نہیں اور اس کی تحقیق امتحان سے ہو جاتی ہے۔

تعلیم تقویٰ واحتیاط

فرمایا کہ والد صاحب کا دس ہزار روپیہ بنک میں جمع تھا میں نے اس میں سے اپنا حصہ نہیں لیا۔ بھائی نے جتنا میرے حصہ کا روپیہ ہوتا تھا وہ تبرعاً اپنے پاس سے پیش کیا میں نے کہا میں اس بنا پر تو نہیں انہوں نے کہا نہیں اس بنا پر نہیں تب میں نے لے لیا اس سے بچنے کا نفع یہ ہوا کہ خدا نے دنیا کا نفع بھی دے دیا۔ (ف) اس سے حضرت والا کا تقویٰ واحتیاط ثابت ہے۔

تکبر، چالاکی کی انتساب غیر واقعی سے نفرت

فرمایا کہ میرا دو شخصوں سے دل نہیں ملتا متکبر سے اور چالاک سے۔ اور یہ بھی فرمایا کہ

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

عیب تو عیب' میں تو کسی کمال واقعی کے انتساب کو بھی پسند نہیں کرتا اس سے بھی ایذا ہوتی ہے ایسا معلوم ہوتا ہے جیسے کوئی تمسخر کرتا ہو۔

مالداری کی مصلحت

فرمایا کہ مالدار ہونا بھی آج کل مصلحت ہے۔ مالداری سے یہ فائدے ہیں

۱-لوگوں کو اس سے تکلیف نہ ہوگی نذرانوں کی فکر کر کے

۲-عزت ہوگی ۳-یہ کسی کا دست نگر نہ ہوگا۔

سلام کا جواب

فرمایا کہ خطوں میں جو سلام لکھا ہوا ہوتا ہے اس کا جواب دینا واجب ہے تو خواہ خط میں لکھے یا زبانی جواب دے دے۔

اصلاح کے لئے صحبت زیادہ مفید ہے

فرمایا کہ اصلی چیز اصلاح کے لئے صحبت ہے علم چاہے ہو یا نہ ہو بلکہ علم بھی بلا صحبت کے بیکار ہے۔ صاحب صحبت بلا علم کی اصلاح زیادہ ہوتی ہے' صاحب علم صحبت سے اسی واسطے میں کہا کرتا ہوں کہ انگریزی خواں بچوں کو صلحا وعلماء کے پاس بھیجا کرو اور بڑے بھی اس کا خیال رکھیں تو بڑا فائدہ ہو۔ اور ہم اس کا وعدہ کرتے ہیں کہ ہم نہ ان کے پائچوں پر اعتراض کریں گے نہ ان کی ڈاڑھی سے ہمیں بحث ہوگی نہ ہم ان کو مار مار کر نماز پڑھاویں گے وہ ہمارے پاس بیٹھیں گے تو ان کو ہم سے اور ہم کو ان سے انس ہوگا اور دین سے مناسبت پیدا ہوگی یہ مناسبت جڑ ہے اور علم وعمل اس کی فرع۔ صحابہ سب کے سب عالم نہ تھے صرف صحبت سے پایا جو کچھ پایا اور ہمیشہ اہل اللہ نے صحبت ہی کا التزام رکھا۔ اتنی توجہ علم کی طرف نہیں کی جتنی صحبت کی طرف کی۔

رحمت عامہ ہونا

فرمایا کہ مجھے ہر کام میں یہ اہتمام رہتا ہے کہ مسلمانوں کے اس معاملہ کی بھی اصلاح ہو جو فیما بینھم و بین اللہ ہے اور اس معاملہ میں بھی جو فیما بینھم ہے اور میں امید کرتا ہوں کہ یہ میری نیت

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

ہی مغفرت کے لئے کافی ہو جاوے (ف) اس سے حضرت والا کا رحمت عامہ ہونا ثابت ہوا۔

طلب ذکر میں خلوئے قلب ضروری ہے

معلم کو متعلم کا تتبع نہ ہونا چاہئے

ایک شخص فارغ التحصیل حضرت کی خدمت میں آئے اور عرض کیا کہ میں ذکر کرنا چاہتا ہوں مگر کوئی وجہ معاش نہیں ہے میں نے کچھ تدبیریں کیں بھی مگر کامیابی نہیں ہوئی تو میرا خیال ہے کہ جب تک کوئی صورت معاش کی نکلے حضور والا کے پاس رہ کر ذکر ہی کروں۔ فرمایا کل کو جواب دوں گا پھر کل فرمایا کہ میں نے اس میں غور کیا۔ میرا خیال یہ ہے کہ ذکر کا نفع اس طرح نہیں ہوسکتا کہ بالقصد فکر معاش میں رہیں اور بالتبع ذکر میں۔ عرض کیا اچھا میں فکر معاش کو چھوڑتا ہوں اور ذکر کروں گا فرمایا آپ کا دل خالی نہ ہوگا فکر معاش سے۔ عرض کیا میں چند روز کے لئے خالی ہی کرلوں گا۔ طلب معاش اس کے بعد کرلوں گا۔ فرمایا کتنی مدت کے لئے چند روز تو کافی نہیں اور جب ابھی سے مدت کی تحدید قلب میں ہے تو یہ خلوے قلب نہیں۔ طلب ذکر تو یہ ہے کہ سب کاموں سے قطع نظر کر کے بس ذکر کا ہو رہے اور یہ ارادہ کرے کہ ذکر ہی کروں گا اگرچہ تمام عمر اسی میں صرف ہو جاوے اگر یہ بھی نہ ہو تو مدت معتد بہ تو ہو حضرت گنگوہیؒ دو برس فرمایا کرتے تھے۔

فرمایا میں نے بہت دفعہ طلباء سے اور عام طور سے لوگوں سے کہا ہے کہ دو باتوں پر پختہ ہو جاؤ میں ذمہ لیتا ہوں وصول الی اللہ کا۔ ایک گناہوں سے بچنا دوسرے کم بولنا اور تھوڑی خلوت ذکر و فکر کے لئے۔

عورتوں سے نرمی اور امردوں کی صحبت سخت مضر ہے

فرمایا کہ دو چیزیں زہر ہیں عورتوں کے ساتھ نرمی اور مردوں کی صحبت۔ یہ مرض گجرات کے پیروں میں بہت ہے پیر سے پردہ نہیں۔ عورتیں پیر صاحب کے ہاتھ پیر دباتی ہیں۔ مرد باہر رہتے ہیں اور پیر صاحب گھر میں رہتے ہیں۔

پردہ کس عمر سے ہے

نواب صاحب ڈھاکہ نے حضرت والا سے دریافت کیا پردہ کس عمر سے چاہئے فرمایا اغیار

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

سے تو برس سے بھی کم سے اور اعزا سے برس کی عمر سے اور میری رائے یہ ہے کہ جب تک لڑکی پردہ میں نہ بیٹھ جاوے ایک چھلا بھی نہ پہنایا جاوے اور کپڑے بھی سفید یا معمولی چھینٹ وغیرہ کے پہنے اس میں دین کی مصلحتیں بھی ہیں اور دنیا کی بھی۔ بلکہ بسا اوقات سیانی کے سامنے آنے سے اتنے فتنے نہیں ہوتے جتنے ناسمجھ کے سامنے آنے سے ہوتے ہیں کیونکہ سیانی خود حیا کرتی ہے اور مردوں کو موقع کم دیتی ہے نیز مرد سمجھتا ہے کہ سیانی سمجھدار ہے اس کے سامنے دلی خیالات عملاً ظاہر کروں گا تو سمجھ جاوے گی اور ناسمجھ کے سامنے یہ مانع موجود نہیں ہوتا۔

نکات ولطائف سے عمل کو ترجیح ہے

حضرت والا کے ایمان سے میر معصوم علی صاحب ساکن میرٹھ نے ریل کے قواعد کا ترجمہ کیا اور جن قواعد کے متعلق کوئی حکم شرعی ہوتا اس کو بغرض تحقیق ایک جگہ جمع کراتے تھے۔ چند ذی علم مہمان دور سے آئے ہوئے تھے وہ مدرسہ کے مہمان خانہ میں مقیم تھے اور حضرت والا بوجہ پیر میں بال توڑ ہونے مکان ہی پر تشریف رکھتے تھے۔ دن میں ایک دو دفعہ وہ مہمان حضرت والا کے پاس حاضر ہوتے تھے۔ اتفاقی بات ہے کہ اکثر جب وہ حاضر ہوتے تو حضرت والا وہی قواعد ریل سنتے تھے ان سے گفتگو بھی فرماتے لیکن ان کی سیری نہ ہوتی۔ یہاں تک منقبض ہوئے کہ آپس میں کہتے کہ وہاں تو ہر وقت بیمہ اور پارسل ہی ہوتا ہے۔ ہماری تمنا تھی کہ درویشی کے نکات سننے میں سارا وقت صرف ہوا کرتا۔ یہ خبر حضرت والا تک پہنچ گئی تو فرمایا میں ان نکات ولطائف کی اس کے سامنے کچھ بھی حقیقت نہیں سمجھتا۔ بڑی چیز صفائی مع اللہ ہے جس کے واسطے مسائل شریعت ذریعہ ہیں اور اس واسطے یہ کتاب قواعد ریلوے لکھائی گئی ہے تاکہ معاملات اور حقوق میں گناہ سے حفاظت ہو عمل چاہئے نکات ولطائف سے کیا ہوتا ہے۔

مشائخ کی اہلیت کی برکت سے
بعض دفعہ حق تعالیٰ نااہل کو اہل کر دیتے ہیں

فرمایا کہ امام کو باوجود نااہل ہونے کے جب لوگ اہل سمجھ کر امام بناتے ہیں تو ممکن ہے کہ حق تعالیٰ اس کو لوگوں کے گمان کے موافق اہل ہی کر دیں۔ اکثر واقع ہوا ہے کہ مشائخ نے کسی ایسے شخص کو

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

اجازت دیدی جس میں اہلیت نہ تھی مگر حق تعالیٰ نے ان کے فعل کی برکت سے اس کے اہل کر دیا۔

کثرت شہوت کا علاج

ایک شخص نے عرض کیا کہ مجھ کو عورتوں اور لڑکوں کی طرف اس درجہ میلان ہے کہ جنون کی سی حالت ہے۔ کھانے کا بھی اس کے سامنے ہوش نہیں اور نماز پڑھتا ہوں مگر بعض وقت یہ بھی ہوش نہیں رہتا کہ کیا پڑھا اور میں اس سے نہایت خائف ہوں اور اس کا علاج چاہتا ہوں فرمایا میلان کے دو درجے ہیں۔ ایک تو کسی شے کی طرف توجہ اور ایک محبت یعنی توجہ تقاضا کے درجے میں۔ اول درجہ تو امر طبعی ہے۔ حق تعالیٰ نے مرد کی طبیعت میں میلان رکھا ہے۔ نہ یہ کسی تدبیر سے جا سکتا ہے اور نہ اس کے کھونے کا انسان مکلف ہے۔ اور دوسرا درجہ اختیاری ہے یعنی اختیار کو وجود و عدم میں دخل ہے۔ انسان کسی چیز میں انہماک اتنا کر سکتا ہے کہ اسی کا ہو رہے اور کسی چیز سے اتنا بچ سکتا ہے کہ محبت کا درجہ نہ رہے۔ جب یہ اختیاری ہے تو انسان اس کا مکلف بھی ہے علاج اس کا ہمت ہے۔ حق تعالیٰ نے افعال اختیاریہ کو بندہ کی ہمت پر رکھا ہے اور ہمت کرنے کے بعد مدد کا وعدہ فرمایا ہے اور دوسرا علاج طبیعت کو اس طرف سے پھیرنا ہے جس وقت ہیجان پیدا ہو۔ یہ قاعدہ ہے کہ نفس دو چیز کی طرف ایک وقت میں متوجہ نہیں ہو سکتا۔ لہذا جس وقت ہیجان پیدا ہو نفس کو دوسرے کام میں لگا دینا چاہئے خواہ دین کے کام میں مثلاً نماز پڑھنے لگے یا ذکر میں تلاوت وغیرہ میں مشغول ہو جاوے خواہ دنیا کے کام میں مثلاً کسی کے پاس جا بیٹھے وغیرہ وغیرہ اور ایک علاج یہ بھی ہے کہ اس ہیجان کی طرف مطلق التفات ہی نہ کرے اور سمجھ لے کہ اس سے میرا کچھ نہیں بگڑتا۔ خیال ہے آتا ہے آیا کرے۔ یہ نہایت مجرب علاج ہے عرض کیا کیسے التفات نہ کروں۔ نماز اور ذکر و شغل میرا سب غارت ہو گیا۔ کسی وقت وہ خیال دور نہیں ہوتا فرمایا یہ خیال درجہ اولیٰ ہے اس پر گناہ نہیں تم اپنے فعل کے مکلف ہو ان خیالات کا مرتبہ ظہور میں آ جانا تمہارا فعل ہے۔ جب تک یہ نہیں مطلق گناہ و مواخذہ نہیں اگر ساری عمر بھی طبیعت اپنے کام کئے جاوے تو آپ کا کوئی نقصان نہیں۔ عرض کیا کوئی وظیفہ ایسا بتا دیجئے جس سے یہ بلا دور ہو جاوے۔ فرمایا وظیفوں سے کچھ نہیں ہو سکتا۔ علاج وہی ہے جو میں نے بتا دیا بجائے وظیفہ کے دعا کیجئے ہمت سے کام لیجئے

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

اور کسی دوسرے کام میں لگ جایا کیجئے اور حق تعالیٰ سے بالحاح وزاری دعا مانگا کیجئے کہ مجھے ان آفات سے محفوظ رکھئے۔ دعا سے یقیناً اثر ہوتا ہے ہر مشکل میں آسانی پیدا ہو جاتی ہے۔

امتحان طلب صادق' گھر والوں کو نماز پڑھوانا'
مہمان کو بعض قواعد کا پابند بنانا

ایک جولاہہ شاملی سے آیا اور بیعت ہونے کی درخواست کی فرمایا اس سے پہلے کبھی مجھ سے ملے ہو یا نہیں۔ عرض کیا ہاں رمضان میں اور چند آدمیوں کے ساتھ آیا تھا تو آپ نے فرمایا تھا کہ بعد رمضان آنا۔ اب حاضر ہوا ہوں۔ فرمایا متصل رمضان کے کیوں نہیں آیا عرض کیا کوئی ساتھ کو نہ ملا اس واسطے نہ آ سکا۔ فرمایا اب بھی تو اکیلے ہی آئے ہو۔ ساتھی تو اب بھی تمہارے ساتھ نہیں ہے عرض کیا ساتھی کا انتظار کرتے کرتے یہ دن آ گیا جب کوئی نہ ملا تو اکیلے چلا آیا۔ فرمایا یہ غلطی ہے یاد کر لو کہ دین کے واسطے کبھی ساتھی مت ڈھونڈنا ممکن ہے کہ وہ ساتھی شوق سے نہ آیا ہو اپنے اور کسی کام سے آیا ہو۔ دیکھا دیکھی بیعت میں بھی شریک ہونے لگے تو اس کو میں کیسے بیعت کروں گا پھر پوچھا تم کسی رسم میں عرس وغیرہ میں پیران کلیر میں یا بنت میں جایا کرتے ہو یا نہیں۔ عرض کیا کبھی نہیں پوچھا تمہارے بیوی بچے ہیں۔ عرض کیا ہاں فرمایا تم اور تمہاری بیوی نماز پڑھتے ہو یا نہیں عرض کیا میں تو پڑھتا ہوں اور وہ بھی پڑھتی ہے مگر آج کل بیمار ہے۔ اسی واسطے آج کل نہیں پڑھتی فرمایا مرض میں نماز معاف نہیں ہو جاتی۔ اس وقت میں نماز پڑھوانا تمہارے ذمہ ہے چھوڑنے سے صرف وہی گنہگار نہ ہوگی تم بھی گنہگار ہو گے۔ نماز ایسی کیا مشکل چیز ہے اہتمام کے ساتھ پڑھواؤ۔ اور جتنی مرض میں مجبوری ہوتی ہے اتنی ہی نماز بھی تو مرض کی سہل ہوتی ہے پھر حضرت والا نے اس کو بیعت کیا اور تعلیم فرمایا کہ رات کو تہجد آٹھ رکعت پڑھا کرو دو دو رکعت کر کے اور ان میں اختیار ہے کوئی سی سورت پڑھا کرو۔ قل ہو اللہ کی قید نہیں۔ پھر تہجد کے بعد لا الٰہ الا اللہ ایک ہزار بار ضرب کے ساتھ۔ اتنا جہر نہ ہو کہ پاس کے آدمی جاگ جاویں ورنہ بجائے ثواب کے گناہ ہوگا۔ اور بہتر یہ ہے کہ تہجد پچھلی رات میں پڑھا جاوے اگر نہ ہو سکے تو بعد عشاء کے سہی۔ یہ رات کے

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

معمولات ہوئے اور دن میں یہ معمول رکھو کہ چلتے پھرتے لا الٰہ الا اللہ پڑھتے رہا کرو اور کبھی محمد رسول اللہ (صلی اللہ علیہ وسلم) اور کسی رسم میں شریک مت ہونا۔ بس اس وقت اسی قدر بتاتا ہوں پھر مجھ سے وقتاً فوقتاً پوچھتے رہنا عرض کیا میں ہر ہفتہ شاملی سے آتا رہوں گا۔ فرمایا اگر جمعہ کے دن آنا ہوا کرے تو کھانا ساتھ لے کر آیا کرنا۔ اگر اور کسی دن آؤ گے تو اگر ممکن ہو تو ہم کھلا دیا کریں گے ہم نے لوگوں سے کہہ رکھا ہے کہ جو جمعہ کے دن آوے گا وہ ہمارا مہمان نہیں۔ وہ نماز یا جمعہ کے لئے آیا ہے تو اپنے کام کو آیا ہے کسی پر کیا احسان ہے ہاں جو لوگ دور سے آتے ہیں اور میرے ہی پاس آتے ہیں وہ کسی دن آویں میرے مہمان ہیں اور میں تمہیں شجرہ دوں گا اگر تمہیں پڑھنا آتا ہے تو خود پڑھا لیا کرنا نہیں تو کسی دوسرے پڑھے لکھے آدمی سے کبھی کبھی سن لیا کرنا اور تم کسی سے قرآن شریف اور بہشتی زیور پڑھ لو۔

اہل اللہ اور اہل دنیا کی عزت میں فرق

ایک خان صاحب عبداللہ خاں نام خورجہ ضلع بلند شہر کے رہنے والے تھانہ بھون میں کوتوال تھے ان کی تبدیلی ہوگئی اور دو چار دن کے واسطے اہل وعیال کو تھانہ بھون چھوڑ گئے ان کے جاتے ہی مکان میں چوری ہوگئی اور بہت نقصان ہوا۔ حضرت والا ان کے گھر تسلی دینے کے لئے تشریف لے گئے تو فرمایا کہ حکومت دنیا کی یہ اصلیت ہے۔ کل ان سے تمام شہر ڈرتا تھا اور آج ان کا مال ومتاع سب لے گئے اور وہ کچھ بھی نہیں کر سکتے۔ تھانہ والے ضابطے کی تحقیقات کر رہے ہیں ان کا اختیار ہوتا تو چوری نکال ہی لیتے بخلاف اس کے اہل اللہ کی حکومت کو دیکھئے کہ کسی سیاہ یورپین نے ولایت میں جا کر کہا کہ ہم نے ہندوستان میں ایک مردہ ایسا دیکھا جو سلطنت کر رہا ہے (کنایہ ہے حضرت خواجہ اجمیری قدس سرہ) اکبر بادشاہ باوجود آزاد خیال ہونے کے دو دفعہ آگرہ سے اجمیر پیدل گیا۔ بیشک دین سے آدمی کو دائمی عزت حاصل ہو جاتی ہے اورنگ زیب کا مقبرہ اور بادشاہوں کی طرح نہیں بنایا گیا ہے۔ قبر پکی بھی نہیں کچی ہے مگر اب تک ایسی عظمت ہے کہ جو کوئی جاتا ہے اسی طرح حاضری ہوتی ہے جیسے زندگی میں ہوتی تھی حتیٰ کہ حکام بھی جاتے ہیں تو مجاوران کو حضوری کے آداب تسلیم وتعظیم سکھلاتے ہیں

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

اور دور کھڑے کئے جاتے ہیں گویا اب بادشاہ دربار میں موجود ہے۔ یہ سب اس کا اثر ہے کہ اورنگ زیب عالم اور متشرع تھا تورع کا اثر بعد مرنے کے بھی رہتا ہے۔

فلسفہ کی تعلیم کا مرتبہ

تعلیم وفلسفہ کا ذکر ہوا تو حضرت والا نے فرمایا کہ میں نے بھی فلسفہ کی کتابیں پڑھی ہیں مگر کبھی ان پر بسم اللہ نہیں کہی بلکہ اعوذ باللہ پڑھ لیا کرتا تھا اور نہ کبھی دل لگا کر فلسفہ کو پڑھا ایک آلی علم سمجھ کر پڑھا بعض لوگ کہتے ہیں بڑا مشکل علم ہے اور کاموں کو چھوڑ کر پڑھا جاوے تب آتا ہے میں نے تو ہمیشہ اسی طرح پڑھا مجھے تو کچھ مشکل معلوم نہیں ہوا۔ بہتوں کو پڑھا بھی دیا ایک شخص نے عرض کیا فلسفہ کارآمد چیز تو ضرور ہے فرمایا ہاں عمق نظر اور وقت فکر اس سے پیدا ہوتی ہے۔

تعلیم تہذیب مجلس

ایک روز حسب معمول بعد نماز عصر مصلیٰ پر تشریف فرما تھے۔ قراءۃ سیکھنے والا لڑکا محمد عمر نام حسب معمول حاضر ہوا اور سامنے بیٹھ کر قرآن شریف شروع کیا۔ اس کے آس پاس اور لوگ بیٹھ گئے ایک طالب علم کو جو عرصہ دراز سے مدرسہ میں تھے اجازت تھی کہ سماعت کیا کریں وہ بھی قرآن شریف لے کر حاضر ہوئے اور محمد عمر کے پاس پہنچنے کے لئے مجمع میں گھسنا چاہا تو حضرت والا نے ان کو ڈانٹا اور فرمایا تم کو اتنے دن یہاں ہوئے مگر اب تک اس سے آشنا نہ ہوئے کہ دین کیا چیز ہے بہت سی کتابیں پڑھ لینے یا وظیفہ گھونٹنے کا نام دین نہیں ہے۔ دین میں اصلاح عادات بھی داخل ہے اور اسی کو تہذیب بھی کہتے ہیں۔ لوگوں کی گردنیں پھلانگنا کس نے بتلایا ہے۔ تم تو سامع ہو آواز دور تک پہنچتی ہے جہاں جگہ ملی وہیں کیوں نہ بیٹھ گئے۔ اور پاس ہی بیٹھنے کا شوق تھا تو پہلے سے آئے ہوتے جاؤ یہاں سے اٹھ جاؤ۔ جب تک تہذیب نہ سیکھ لو ہمارے پاس مت آؤ آڑ میں بیٹھو اور وہیں سے سنو۔

تعلیم ذکر

ایک طالب نے ذکر شروع کرنا چاہا تو تعلیم فرمایا کہ تہجد کا التزام کرو۔ بہتر آخر شب میں ہے اگر نہ ہو سکے تو عشا کے بعد سہی اور اکثری عادت آٹھ رکھنی چاہئے اور اس کی زیادتی

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

مقتضائے وقت وموقع پر ہے بعد تہجد کے اسم ذات کم از کم ایک ہزار بار اور زیادہ سے زیادہ تین ہزار بار ورد کرو۔ پھر صبح کی نماز کے بعد اپنے معمولات سے فارغ ہونے کے بعد بھی اسی قدر پھر ظہر کے بعد ایک ہزار بار اور ہر وقت اٹھتے بیٹھتے چلتے پھرتے لا الٰہ الا اللہ پڑھتے رہو اور کبھی محمد رسول اللہ بھی (صلی اللہ علیہ وسلم) اور کتاب دیکھنا بالکل چھوڑ دو۔ بس ہر وقت ذکر ہی سے دھیان رکھو۔ دوسرے اشغال جتنے بھی ہوسکیں کم کردو کیونکہ کثرت اشغال مبتدی کے لئے مضر ہے۔ پھر حالات مجھ سے کہتے رہو جو بات چھپانے کی نہ ہو عصر کے بعد مجمع میں کرلو اور جو بات چھپانے کی ہو وہ بعد مغرب کہو یہ دونوں وقت ان ہی دونوں کاموں کے لئے مقرر ہیں۔

تعلیم عبدیت' خدمت نہ لینے کے وجوہات

صبح کے وقت ایک مولوی صاحب کرتا بہت نیچا اور اوپر سے صدری پہن کر گھڑی جیب میں ڈال کر واعظانہ بڑا سا عمامہ باندھ کر کہیں جارہے تھے۔ حضرت والا کی نظر ان پر پڑ گئی تو حکیم محمد مصطفیٰ صاحب سے فرمایا کہ ان سے کہہ دینا کہ یہ وضع مجھ کو پسند نہیں۔ طالب علموں کی طرح رہنا چاہئے صدری کرتے کے نیچے کرلیں اور اگر ضرورت نہیں تو بالکل نہ پہنیں۔ اب شام کو بعد مغرب یہ واقعہ پیش آیا کہ ایک شخص نے حضرت والا سے دردزہ کے واسطے ایک تعویذ کی درخواست کی حضرت والا نے ترحماً فوراً تعویذ لکھنے کے لئے ایک لڑکے سے قلمدان منگایا وہ مولوی صاحب کھڑے پنکھا جھل رہے تھے۔ اس وقت کسی قدر اندھیرا ہوگیا تھا مولوی صاحب نے عرض کیا کہ چراغ لے آؤں فرمایا نہیں اور تعویذ لکھنا شروع کیا۔ بوجہ اندھیرے ہونے کے قدرے دقت ہوئی۔ مولوی صاحب نے پھر عرض کیا چراغ لے آؤں۔ بس حضرت والا نے تعویذ ہاتھ سے رکھ دیا اور فرمایا کہ میں نے قصداً بلا روشنی کے لکھنا شروع کیا تھا کہ دیکھوں آپ کیا کرتے ہیں مگر آپ کو ایک دفعہ کہنے پر صبر نہ ہوا اور جو بات طبیعت میں ہے ظاہر ہو کر رہی۔ آپ کی طبیعت میں امارت ہے اور میری طبیعت میں امارت سے نفرت ہے ابھی اتنا اندھیرا نہیں کہ لکھا جا نہ سکے ذرا کلفت سے سہی۔ یہ امارت ہے کہ شام ہوئی اور لالٹینیں روشن ہوئیں اگر ذرا گرمی ہوئی پنکھا شروع ہوا۔ میں

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

پاخانہ میں بھی روشنی ہر وقت نہیں لے جاتا ہوں حالانکہ وہاں ضرورت ہے میں اس کو بھی امارت کی شان سمجھتا ہوں کہ پاخانہ کا وقت آیا لالٹین رکھوا اور پانی رکھو۔ خوب سمجھ لیجئے کہ بندہ وہ ہے جو بندوں کی طرح رہے اور ترفع اور بناوٹ کیا چیز ہے سوائے اس کے کہ دھوکہ اور وہم و خیال ہے بندہ جب تک زندہ ہے جب تک تو شان بنانی ہی نہیں چاہئے کیا خبر کیا حالت ہونے والی ہے ہاں جب دنیا سے ایمان صحیح وسالم لے کر نکل جاوے پھر اینٹھے جتنا چاہے بندے وہ تھے جیسے مولانا محمد قاسم صاب کہ فرمایا کرتے تھے اگر چار حرف جاننے کی تہمت نہ ہوتی اور اس سے لوگ جان نہ گئے ہوتے تو ایسا گم ہوتا کہ کوئی یہ بھی نہ پہچانتا کہ قاسم دنیا میں بھی پیدا ہوا تھا پھر حضرت والا نے ان ہی مولوی صاحب سے فرمایا آج میں نے تمہارا وہ خط بھی دیکھا ہے جس میں آپ نے اپنے بھائی صاحب کو لکھا ہے کہ میرے نام ایک روپیہ کا منی آرڈر آنے سے میری ذلت ہوگی جس وقت میری نظر اس خط پر پڑی سر سے پیر تک آگ ہوگیا میں نے ضبط کیا کہ آپ اب سمجھ جاویں کہنے کی ضرورت نہ پڑے مگر اشارہ تو وہاں کافی ہو جہاں عقل ہو اور جہاں عقل ہو ہی نہیں وہاں بے حیا ہی بننا پڑتا ہے۔ مولوی صاحب نے عرض کیا میری اس میں ایک مصلحت تھی وہ یہ کہ اس بہانہ سے بھائی ایک سے زیادہ روپیہ بھیجیں گے۔ فرمایا کہ اگر یہ ہے تو یہ حرکت آپ کی اور زیادہ بیہودہ ہے اس میں ترفع کے ساتھ خداع مسلم بھی شامل ہے اور مسلم کے افراد میں سے بھی بھائی کے ساتھ سبحان اللہ عذر گناہ بدتر گناہ مجھے اسی پر طیش تھا کہ ترفع ہے یہاں گناہ کے اندر گناہ گھسا ہوا ہے۔ ان باتوں کی طرف تو کسی کو خیال ہی نہیں رہا نہ عوام کو نہ خواص کو بس یہ سمجھ لیا ہے کہ دین نام ہے بہت سی نفلیں پڑھنے کا یا کتابیں پڑھ لینے کا واللہ دین اور ہی چیز ہے آپ مجھے پنکھا نہ جھلا کریں اور نہ کسی قسم کی میری خدمت کریں آپ کی خدمت مجھے ناگوار ہوگی اور میں یہ بھی بتائے دیتا ہوں کہ اس میں رمز کیا ہے وہ رمز یہ ہے کہ جب آپ ہر وقت میری خدمت کریں گے تو کوئی دیکھنے والا یہ سمجھے گا کہ آپ میرے مقرب ہیں پھر اگر وہ آپ سے کوئی بری بات دیکھے گا یا کسی کو آپ سے تکلیف بھی پہنچے گی تو مجھ تک شکایت نہ لا سکے گا یہ ایسی

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

بات ہے کہ دن و رات مشاہدہ میں ہے۔ جہاں اس کا خیال نہیں ہے وہاں لوگوں کو خوب موقعہ ملتا ہے ظلم کرنے کا میں نے نیاز کو بھی منع کر رکھا ہے کہ کسی کا پیغام مجھے کبھی نہ پہنچاؤ جس کو کچھ لکھنا ہو براہ راست کہے کیونکہ اس سے خیال ہو سکتا ہے کہ وہ منہ لگا ہوا ہے پھر اس کی کوئی شکایت نہ کر سکے گا نیز جب یہ معمول ہو جاوے گا کہ وہ واسطہ ہو جاوے گا تو ممکن ہے کہ اس کی نیت بدلے اور لوگوں سے تحصیل وصول شروع کر دے جیسا کہ بہت سے مشائخ کے یہاں دیکھا ہے کہ بلا خدام کا پیٹ بھرے کیا مجال ہے کہ کوئی پہنچ لے۔ اور چونکہ شیخ صاحب کی بدولت ان کو آمدنی ہے اس واسطے اور زیادہ رجوعات بڑھانے کی تدبیریں کرتے ہیں آنے والوں کو شیخ صاحب کی کراماتیں (ایک صحیح اور دس غلط) سناتے ہیں کچھ ڈراتے ہیں۔ کچھ امید دلاتے ہیں خدا کا نام تو بے طہارت لے لیں مگر شیخ صاحب کا نام کبھی بلا وضو نہ لیں شیخ صاحب کو اچھا خاصہ بت بنا رکھا ہے کہ ان کی پوجا ہو رہی ہے یہ کیا ہے سب ڈھونگ ہے۔ یہ سب اس کا نتیجہ ہے کہ بیچ والوں کو دخل دیا گیا ہے۔

عادات شیخ کا اتباع از خود کرے

ایک مولوی صاحب نے عرض کیا کہ جو کچھ مجھ سے غلطی ہوا کرے حضرت والا ٹوک دیا کریں۔ فرمایا میں کوئی پولیس کا سپاہی ہوں کہ ہر وقت ڈنڈا لئے تمہارے پیچھے پھرا کروں۔ ایک ایک بات کہاں تک ٹوکوں گا تمہیں چاہئے کہ مجھے دیکھو اور میری سی عادتیں اختیار کرو۔

نسبتہ باالرسولؐ ونسبتہ باللہ عزوجلؐ دونوں محمود ہیں

عبداللہ خان صاحب کے ماموں صاحب نے عرض کیا کہ ہم جانتے ہیں کہ ہمارے شیخ جناب حاجی صاحب تمام دوسرے مشائخ سے افضل ہیں اور مرید کے لئے تصور شیخ بھی ایک چیز ہے نفع بھی ہوتا ہے اور لذیذ بھی ہے اور ہمارے حضور صلی اللہ علیہ وسلم تمام شیخوں کے شیخ ہیں تو تمام مشائخ سے افضل ہوئے بلکہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم تو انبیاء علیہم السلام کے بھی امام ہیں تو آپ دنیا و مافیہا سے افضل و برتر ہوئے۔

بعد از خدا بزرگ توئی قصہ مختصر

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

جب ہمارا اور تمام مسلمانوں کا عقیدہ ہے تو حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا تصور تو بڑی چیز ہوا۔ لیکن جب میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے تصور کا ارادہ کرتا ہوں تو اندر سے دل قبول نہیں کرتا اور لذت حاصل نہیں ہوتی۔ گویا مجھ سے ہو ہی نہیں سکتا۔ ہاں اللہ کے تصور ذات میں جی لگتا ہے اور لذت آتی ہے یہ کیا بات ہے اور اس میں خطا و ثواب کیا ہے۔ فرمایا کہ مذاق مختلف ہوتے ہیں بعضوں پر حب حق غالب ہوتی ہے اور بعضوں پر حب رسول صلی اللہ علیہ وسلم آپ پر توحید کا غلبہ ہے اور فی نفسہ دونوں مذاق صحیح ہیں۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی محبت بھی درحقیقت حق تعالیٰ ہی کی محبت ہے کیونکہ آپ سے محبت ہے کیونکہ آپ سے محبت من حیث الرسالۃ ہے اور نائب کی محبت من حیث النیابۃ درحقیقت مناب کی محبت ہے اور اللہ کو ہم نے پہچانا کیسے بذریعہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے۔ تو جب تک آپ کا واسطہ نہ ہو حب اللہ حاصل نہیں ہو سکتی اور میرا مذاق بھی آپ ہی کا سا ہے مجھے کسی چیز میں ایسی لذت نہیں آتی جیسی ذکر اللہ میں آتی ہے اور یہ یاد رکھئے کہ دونوں محمود ہیں۔

علماء کی تعظیم، علماء و علم کیلئے سخت مضر ہے گو عوام کو نفع ہے

فرمایا کہ علماء کی تعظیم سے تو لوگوں کا نفع ہے کہ ان کی تعظیم درحقیقت دین کی تعظیم ہے مگر علماء اور علم کے لئے سخت مضر ہے۔ علما میں تو اس سے نخوت اور تکبر پیدا ہو جاتا ہے اس واسطے مضر ہوا۔ اور جب ان میں یہ صفات رذیلہ لوگ دیکھتے ہیں تو نہ ان کی بات میں اثر رہتا ہے اور نہ ان کے علم کی تعظیم لوگوں کے دلوں میں رہتی ہے۔ ان کے ساتھ علم بھی بدنام ہو جاتا ہے۔

تعلیم تجہیز و تکفین

حضرت والا کے ایک قریب کے رشتہ دار کی چار سالہ لڑکی کا انتقال ہوا۔ حضرت والا سے پوچھا گیا کفن میں کتنے کپڑے دیئے جاویں فرمایا نابالغ ہے اس واسطے دو یا تین کپڑے کافی ہیں صرف دو چادریں دے دو۔ حکیم مصطفیٰ صاحب نے عرض کیا تکفین کے بارہ میں نابالغ لڑکی جوان عورت کے حکم میں ہے جیسا کہ بہشتی زیور میں ہے فرمایا ہاں استحباباً نہ وجوباً (کفن کے کپڑے میں کم کرنا شاید اس کے والد صاحب کی تنگدستی کی وجہ سے تھا) پھر جب جنازہ تیار ہوا

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

تو حضرت والا اور خدام ساتھ گئے۔ جنازہ کو لڑکی کے والد اپنے ہاتھوں پر مدرسہ کے قبرستان تک لے گئے۔ (قبرستان چونکہ بہت ہی قریب تھا اس واسطے جنازہ کو کسی دوسرے نے نہیں لیا ورنہ بدلتے چلنا اعانت ہے) جب مردہ کو قبر میں رکھا فرمایا قبلہ رخ داہنی کروٹ پر کر دو رکھنے والے نے کچھ قبلہ کی طرف کو کر دیا۔ فرمایا بالکل کروٹ پر کر دو۔ جب پٹاؤ دیا گیا تو کچھ کمی تھی جس میں مٹی گرنے کا خیال تھا فرمایا پورا کر دو اور ڈھیلے رکھ دو تا کہ مٹی نہ گرے اگرچہ اب مٹی ہے مگر دیکھتی آنکھوں تو اپنے عزیز پر مٹی گرتے نہیں دیکھی جاتی پھر حکیم صاحب نے دریافت کیا کہ پٹاؤ پتھر کا دینا درست ہے یا نہیں۔ فرمایا ہاں بلکہ لکڑی سے اچھا ہے۔ کیونکہ از جنس ارض ہے۔ اور اس سے بھی اچھی کچی اینٹیں یا کچے گھڑے ہیں۔ پھر قبر درست ہو جانے کے بعد حضرت والا نے کچھ پڑھا پھر سب لوگ بلا اس کے کہ ہاتھ اٹھا کر دعا کریں لوٹ آئے (دفن سے واپس ہوتے وقت التزام کے ساتھ ہاتھ اٹھا کر دعا مانگنا یا جنازہ کی نماز کے بعد ہاتھ اٹھا کر دعا مانگنا یہ سب صرف رواج و رسم ہے خفیہ اور بلا التزام مضائقہ نہیں)

امور غیر اختیاریہ کا حکم

کسی طالب نے کہا کہ بندہ کا حال بہت خراب ہے جس سے سخت پریشانی ہے قلب متشدد مثل گوار کے ادنیٰ بات پر غصہ آتا ہے۔ قلب میں میلان الی المعاصی بلکہ بعض اوقات میں احب ہے۔ طرح طرح کے وسواس آتے ہیں۔ فرمایا سختی اور میلان اور وساوس یہ تینوں امور غیر اختیاریہ سے ہیں جن کی کوئی خاص تدبیر نہیں ذکر اللہ اور طاعت صحبت اہل اللہ کی ملازمت طویلہ سے ان کا از خود ازالہ ہو جاتا ہے۔ اس وقت آپ کے ذمہ صرف اتنا ہے کہ ان امور کے مقتضا پر عمل نہ کریں پھر آپ پر کوئی مواخذہ نہیں۔

شفقت علی الخلق صاف گوئی شان تربیت

ایک عورت نے حضرت والا کی خدمت میں لکھا کہ میرا شوہر فلاں عہدہ پر ہے اور میری جانب سے بالکل لاپرواہ ہے جو برتاؤ مرد اور عورت منکوحہ میں ہوتا ہے وہ نہیں بلکہ ایک داشتہ عورت رکھے ہوئے ہیں جو میرے مکان سے بیس قدم کے فاصلہ پر ہے شب کو وہاں سوتا اور

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

میں اکیلی سوتی ہوں اور بے حد تنگدست ہوں۔ وہ عورت مجھ کو نکلوانا چاہتی ہے اور خادمہ شکل و صورت میں یکتا ہے۔ مگر معلوم نہیں کہ میرے رب کو کیا منظور ہے اور میرا خلاصہ مطلب یہ ہے کہ وہ ایسے ہو جاویں کہ میرے کہنے پر عمل درآمد کریں اور داشتہ عورت کو چھوڑ دیں کیونکہ آپ حق تعالیٰ کے خاص بندوں میں سے ہیں۔ اگر اس خادمہ کی حالت پر توجہ نہیں کی تو میدان حشر میں آپ کا دامن پکڑ کر اپنے نانا میاں سے فریاد کروں گی۔ فقط خادمہ..... بقلم خود۔

جواب۔ السلام علیکم۔ تمہارا خط آیا اصل تدبیر دو ہیں۔ ایک خدمت اور اطاعت اور خوشامد۔ دوسری دعا۔ میں بھی دعا کرتا ہوں۔ اصل تدبیر تو یہ دو ہیں باقی شاید تم عمل وظیفہ چاہتی ہو۔ سو میں عامل نہیں مگر یہ بزرگوں سے سنا ہوا لکھے دیتا ہوں۔ بعد عشاء سو بار یا لطیف یا ودود مع اول و آخر درود شریف بار پڑھ کر دعا کیا کریں۔ اب ایک دو نصیحت لکھتا ہوں۔

۱۔ تم کو چاہئے تھا کہ گھر کے کسی مرد سے خط لکھواتیں غیر مرد سے خط لکھنا مناسب نہیں۔

۲۔ خط میں اپنی شکل وصورت کی تعریف لکھنا تہذیب کے خلاف ہے

۳۔ جس سے اعتقاد ہو اس کو ایسی بات لکھنا کہ میں حشر میں دامنگیر ہوں گی بہت بے تمیزی ہے پھر یہ تمہارے قبضہ کی بھی بات نہیں اور جس بات پر دھمکی دی ہے وہ میرے بھی قبضہ کی بات نہیں۔ ۴۔ پھر جواب کے لئے ٹکٹ بھی نہیں بھیجا

فائدہ: اس سے حضرت والا کی کس قدر شفقت علی الخلق صاف گوئی اور شان تربیت ثابت ہوتی ہے۔

ماتحتوں سے معافی کا طریقہ

ایک تحصیلدار صاحب کی پنشن ہونے والی تھی انہوں نے بعضے ماتحتوں اور چپڑاسیوں پر تشدد اور سخت کلامی کی تھی قبل پنشن پر جانے کے سب سے معافی مانگنا چاہتے تھے حضرت والا سے اس کی تدبیر دریافت کی تھی۔ اس پر فرمایا طریقہ معافی چاہنے کا یہ ہے کہ ایسے اشخاص سے مل کر زبان سے یہ فرمائے کہ مجھ سے جو کچھ زبانی یا دستی تکلیف پہنچی ہو معاف کر دو۔ اور بہتر یہ ہے کہ ان کو کچھ دے کر بھی خوش کر دیجئے کہ وہ ویسے ہی راضی ہو جاویں ورنہ یہ احتمال ضعیف رہے گا شاید آپ کی وجاہت سے زبانی معافی دے دیں اور دل سے راضی نہ ہوں گو یہ احتمال اگر بلا قرینہ ہو معتبر نہیں۔

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

مسجد میں چارپائی بچھانے کا حکم

کسی نے دریافت کیا کہ مسجد میں کوئی مکان علیحدہ نہیں ہے اور مسجد ہی میں چارپائی بچھا کر سونا پڑتا ہے جائز ہے یا نہیں فرمایا کہ اگر مجبوری ہے اور فرش پر آرام نہیں ملتا تو پائے پاک کر کے مسجد میں بچھا لینا درست ہے۔

پردہ کے متعلق ایک مسئلہ

کسی نے لکھا کہ حضرت میں بہت غریب ہوں اور بی بی ہے لیکن بی بی بے پردہ رہتی ہے یہ اوقات نہیں کہ پردہ لگا دوں تو ہم کیا کریں۔ فرمایا کہ جب پردہ کے سامان پر قدرت نہیں ہے تو معاف ہے۔ البتہ عورت کو سمجھا دیا جاوے کہ جب کسی نامحرم کا سامنا ہو تو بجز چہرہ اور دونوں ہتھیلیوں اور دونوں قدم کے ایک بال بھی کھولنا نامحرم کے سامنے جائز نہیں۔

اجرت تراویح کا اثر

کسی نے دریافت کیا کہ تراویح میں حافظ کی اجرت لینے سے حرمت صرف مال میں آوے گی یا نماز بھی غیر مقبول ہوگی اور مقتدی محتاط آیا علیحدہ الم ترکیف سے تراویح پڑھ لے یا ایسی جماعت میں شریک ہو فرمایا کہ نماز امام کی یا اجرت ٹھہرانے والوں کی غیر مقبول ہوگی نہ کہ اجرت نہ دینے والوں کی۔ اس عذر کے سبب جماعت نہ چھوڑنا چاہئے۔

دیہاتی کا اعتکاف اولیٰ ہے اس کے جمعہ پڑھنے سے شہر میں

دیہاتی کو اعتکاف اولیٰ ہوگا یا شہر میں جا کر جمعہ پڑھنا اور اس وجہ سے اعتکاف نہ کرنا ظاہر تو معلوم ہوتا ہے کہ فعل اول اولیٰ ہوگا اس لئے کہ اول سنت موکدہ علی الکفایہ ہے اور فعل آخر صرف عزیمت۔ فرمایا کہ قواعد سے اعتکاف ہی اولیٰ ہے۔

بدوں صحبت شیخ ذکر نافع نہیں

فرمایا کہ بدوں صحبت شیخ کے اگر کوئی لاکھ تسبیحیں پڑھتا رہے کچھ نفع نہیں۔ حضرت خواجہ صاحب نے عرض کیا کہ حضرت خود ذکر اللہ میں یہ صفت ہونی چاہئے تھی وہ خود کافی ہو

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

جایا کرتا صحبت شیخ کی کیوں قید ہے فرمایا کہ کام بناوے گا تو ذکر اللہ ہی بناوے گا لیکن عادۃ اللہ یوں جاری ہے کہ بدوں شیخ کی صحبت کے نرا ذکر کام بنانے کے لئے کافی نہیں اس کے لئے صحبت شیخ شرط ہے جس طرح کہ کاٹ جب کرے گی تلوار ہی کرے گی لیکن شرط یہ ہے کہ کسی کے قبضہ میں ہو ورنہ اکیلی تلوار کچھ نہیں کر سکتی گو کاٹ جب ہوگا تلوار ہی سے ہوگا۔

صحبت شیخ کے فوائد

فرمایا کہ شیخ کے پاس رہ کر مشغول رہنے میں ایک دور رہ کر مشغول رہنے میں ایسا فرق ہے جیسے مریض ایک تو طبیب کے پاس رہ کر علاج کراوے اور دوسرے یہ کہ دور سے محض خط و کتابت کے ذریعہ سے علاج ہو ظاہر ہے کہ نفع میں زمین و آسمان کا فرق ہوگا۔ پھر فرمایا کہ صحبت شیخ میں طالب دزدیدہ طور پر اپنے اندر اخلاق کو لے لیتا ہے ایک بار بدوں صحبت شیخ کے محض خط و کتابت پر اکتفا کرنے کی یہ مثال دی تھی کہ جیسے شوہر اور بیوی محض خط و کتابت کرتے رہیں اور اظہار محبت بھی کرتے رہیں لیکن ملتے جلتے نہ رہیں تو اولاد ہو چکی۔ اسی طرح شیخ کے ساتھ محض خط و کتابت رکھنے سے کوئی معتد بہ نتیجہ نہیں پیدا ہو سکتا ثمرات خاصہ کے لئے گاہے گاہے صحبت شیخ ضروری ہے۔

بعض اصلاح موقوف ہے اجازت تعلیم و تلقین پر

فرمایا کہ بعض اصلاح منحصر ہوتی ہے اس بات پر کہ اجازت تعلیم و تلقین کی دی جائے۔

تکمیل کے بعد شیخ کا دخل تربیت میں نہیں

فرمایا کہ بعد تکمیل کے پھر شیخ کا دخل تربیت میں نہیں رہتا نہ حاجت رہتی ہے خود منجانب اللہ بلا واسطہ اس کی تربیت ہوتی رہتی ہے طالب شیخ سے مستغنی ہو جاتا ہے جیسا مشاطہ بناؤ سنوار کر دلہن کو دولہا تک پہنچا دیتی ہے اور اس کے بعد پھر وہاں اس کا گزر نہیں ہوتا۔ البتہ شیخ کا جس کی بدولت اس کو یہ وصول الی اللہ میسر ہوا ہے ہمیشہ ممنون رہنا چاہئے ورنہ ناشکری موجب زوال ہو جاتی ہے۔

قطعہ صحبت نیک

فرمایا کہ صحبت نیک کے متعلق یہ قطعہ مجھے بہت پسند ہے اس کو اکثر پڑھا کرتا ہوں۔

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

گلے خوشبوئے در حمام روزے — رسید از دست محبوبے بدستم
بدو گفتم کہ مشکی یا عنبری — کہ از بوئے دلاویز تو مستم
بگفتا من گل ناچیز بودم — ولیکن مدتے با گل نشستم
جمال ہمنشیں در من اثر کرد — وگرنہ من ہماں خاکم کہ ہستم

عدم پابندی نماز کا علاج

ایک صاحب نے عرض کیا کہ نماز کی پابندی نہیں ہوتی فرمایا کہ اس کے دو علاج ہیں۔ ایک سہل ایک مشکل۔ مشکل علاج یہ ہے کہ اپنے اوپر کوئی جرمانہ مقرر کرے جو نہ اس قدر زیادہ ہو کہ پابندی کے ساتھ اس کا ادا ہونا ہی مشکل ہو اور نہ اس قدر کم ہو کہ نفس پر شاق ہی نہ ہو۔ یہ علاج تو مشکل ہے کیونکہ خود اپنے اوپر سزا جاری کرنا ہے مشکل کام ہے دوسرا علاج سہل یہ ہے کہ جس سے عقیدت ہو اس کے پاس کچھ دن رہے۔ اس سے ان شاء اللہ خود بخود اصلاح ہو جاوے گی۔

تسخیر اور قبولیت عند اللہ کا فرق

فرمایا کہ تسخیر اور قبولیت عند اللہ یہ فرق ہے کہ جو عملیات وغیرہ سے تسخیر کی جاتی ہے اس کا اثر فوری ہوتا ہے دیرپا نہیں ہوتا اور مقبولیت عند اللہ کا اثر روز بروز گہرا ہوتا جاتا ہے اور کبھی زائل نہیں ہوتا۔ جیسے ایک تو ملمع ہوتا ہے کہ شروع شروع میں گو اصلی کندن سے بھی زیادہ اس میں آب و تاب ہوتی ہے لیکن جب جھول اتر جاتا ہے تو پھر وہی تانبہ کا تانبہ برخلاف اس کے جو تانبہ کیمیا کے ذریعہ سے سونا بن جاتا ہے اس کے جگر تک اثر پہنچ جاتا ہے سونا ہونے کی خاصیت کبھی زائل نہیں ہوتی۔

امردوں کے ساتھ عشق میں ظلمت زیادہ ہے بہ نسبت عشق زناں کے

فرمایا کہ عورتوں کا عشق خواہ حرام ہو لیکن وجداناً اس کی ظلمت میں پھر بھی ایک قسم کی کمی ہوتی ہے بخلاف امردوں کے عشق کے کہ اس میں ظلمت شدید ہوتی ہے کیونکہ عورتیں گو نامحرم ہوں لیکن کسی حال میں کسی شخص کے لئے تو محل تمتع ہیں۔ امرد تو کسی شخص کے لئے کسی حال میں محل تمتع فطرۃً ہیں ہی نہیں۔ عشق زناں تو مشابہ تہ خانہ کی تاریکی کے ہے کہ اس کی

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

ظلمت عارضی ہے اور عشق امرداں مشابہ اندھیری رات کی تاریکی کے ہے کہ اس کی ظلمت ذاتی ہے۔ گو دونوں حرام ہیں لیکن امردوں کا عشق حرام در حرام اور گو در گو کیونکہ حلت کا وہاں گزر ہی نہیں عورتیں فی نفسہ تو محل حلت ہیں گو عارض کی وجہ سے وہ حلت ثابت نہ ہو۔

عشق مجازی کے متعلق ایک عجیب بات

عشق مجازی کا تذکرہ فرمایا کہ ایک بات بتلاتا ہوں جو مجھ ہی سے سنئے گا اس سے پہلے کبھی نہ سنی ہوگی اور اول وہلہ میں سمجھ میں بھی نہ آئے گی لیکن سچی بات ہے تجربہ کرلیا جاوے فی الحال تقلیداً مان لی جاوے۔ وہ بات یہ ہے کہ اگر عاشق کی طبیعت بالکل ہی خبیث نہ ہو تو متقی شخص کی طرف نفسانی میلان نہیں ہوسکتا کیونکہ تقویٰ کا قدرتی اثر یہ ہے کہ وہ وقایہ ہوتا ہے نفسانی میلان کا۔ خواہ تقویٰ کا دوسرے کو علم ہو یا نہ ہو عشق مجازی ہی کے تذکرہ میں فرمایا کہ یہ سخت ابتلا کی چیز ہے اس سے بہت بچنا چاہئے میں قسم کھا کر کہتا ہوں کہ اس معاملہ میں خود مجھ کو اپنا اعتبار نہیں اور چونکہ میں خود کوئی چیز نہیں اس لئے میری حیثیت سے یہ بے اعتباری کوئی ایسی اہم نہیں لیکن جو شخص مجھ کو بڑا سمجھتا ہے اور مجھ سے عقیدت رکھتا ہو اس کے لئے بڑی عبرت کی بات ہے کہ جس کو ہم بڑا سمجھتے ہیں جب اس کی یہ حالت ہے تو بہت ہی احتیاط رکھنا چاہئے۔

بزرگوں کا تعلق دنیا کی نیت سے نہ چاہئے

فرمایا کہ بزرگوں کے تعلق سے دین تو درست ہوتا ہی ہے دنیا کی بھی برکت ہوتی ہے لیکن دنیا کے قصد سے تعلق پیدا نہ کرے جس طرح کہ حج کو جاتے وقت اس کا قصد تو نہ چاہئے کہ بمبئی دیکھیں گے اور جہاز کی سیر کریں گے لیکن جو شخص حج کو جائے گا راستہ میں بمبئی بھی پڑے گی اور جہاز کی سیر بھی نصیب ہو جائے گی۔

کبر کا ایک عجیب علاج

فرمایا کہ ایک صاحب کیرانہ میں بیعت ہونے کے لئے جب آئے تو مٹھائی ایک اور شخص کے ہاتھ میں لائے میں نے دیکھ کر کہ ہاں آپ میں شان ہے اور کبر کا مادہ ہے۔ اتفاق سے مجھے کئی جگہ جانا تھا میں نے ان سے کہا کہ مجھے یہاں فرصت نہیں ملی مجھے فلاں

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

صاحب کے یہاں جانا ہے وہاں شاید بیعت کرسکوں۔ وہاں چلئے چنانچہ مٹھائی کا طباق ہاتھ میں لئے ہوئے حضرت میرے ساتھ ہوئے وہاں پہنچ کر بھی میں نے کہا کہ کیا کہوں یہاں بھی فرصت نہ ملی وہاں چلئے غرض اسی طرح دو گھنٹے تک گھر گھر ان کو مع مٹھائی کے لئے پھرا اور قصداً بازار میں ہو ہو کر جاتا تھا وہ صاحب ہاتھ میں مٹھائی کا طباق لئے لئے ساتھ پھرتے رہے جب میں نے خوب پریشان کرلیا اور سمجھ لیا کہ ہاں اب ان کے قلب سے یہ خبیث مادہ نکل گیا تب مرید کیا اور اپنی اس حرکت کی وجہ بھی ظاہر کردی چنانچہ تکبر کا اتنا بڑا مرض جو برسوں مجاہدوں اور ریاضتوں سے بھی نہ جاتا اس تدبیر سے بفضلہٖ دو گھنٹہ میں جاتا رہا۔

اعتقاد کا معیار افعال میں نہ کہ اموال میں

فرمایا کہ صحیح بناء اعتقاد کی کسی کے اقوال نہیں ہوتے بلکہ اس کے اعمال اور افعال ہوتے ہیں جو اعتقاد افعال سے ناشی ہو وہ معتبر ہے یعنی اعتقاد اس بنا پر پیدا ہو کہ دیکھو افعال و اعمال نشست و برخاست سب باتیں کیسی سنت کے موافق ہیں اسی وجہ سے میرے وعظ سن کر جو معتقد ہوتے ہیں ان کے اعتقاد کا مجھے اعتبار نہیں۔ کیونکہ آخر وعظ میں میں گالیاں تو بکوں گا نہیں اچھی ہی باتیں کہوں گا۔ ہاں جو یہاں آکر اور میرا طرز عمل دیکھ کر پھر بھی معتقد ہے اس کا اعتقاد البتہ پختہ ہے۔

ذکر کا نفع اول ہی روز سے شروع ہو جاتا ہے

فرمایا ذکر میں چاہے دل لگے یا نہ لگے لیکن برابر کئے جاوے رفتہ رفتہ اس کی ایسی عادت پڑ جاتی ہے کہ پھر بلا اس کے چین ہی نہیں پڑتا۔ جیسے شروع شروع میں حقہ پینے سے گھمیر بھی آتی ہے متلی بھی ہوتی ہے۔ قے بھی ہوتی ہے لیکن پیتے پیتے پھر یہ حالت ہو جاتی ہے کہ چاہے کھانا نہ ملے مگر حقہ کے دو کش مل جاویں ایک بار فرمایا کہ نفع تو شروع ہی سے ہونے لگتا ہے لیکن محسوس نہیں ہوتا جیسے بچہ روز کچھ نہ کچھ بڑھتا ہے لیکن یہ پتہ نہیں چلتا کہ آج اتنا بڑھا کل اتنا بڑھا۔ البتہ ایک معتد بہ مدت گزر جانے کے بعد اس کی پچھلی حالت کو خیال میں لاکر موازنہ کیا جاوے تو زمین آسمان کا فرق معلوم ہوگا یہی حال ذکر کا ہے کہ شروع میں ایسا معلوم ہوتا ہے کہ گویا کچھ بھی نفع نہیں ہو رہا ہے حالانکہ دراصل نفع برابر ہو رہا ہے ایک بار فرمایا کہ پتھر پر پہلے اول

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

قطرہ گرتا ہے پھر دوسرا پھر تیسرا یہاں تک کہ پانی گرتے گرتے اس میں گڑھا پیدا ہو جاتا ہے تو کیا یہ کہا جائے گا کہ اخیر قطرہ نے وہ گڑھا کر دیا۔ ہرگز نہیں بلکہ گڑھا کرنے میں اول قطرہ کو بھی ایسا ہی دخل ہے جیسا کہ اخیر قطرہ کو اول قطرہ کو بے اثر ہرگز نہ سمجھنا چاہئے اسی طرح اول روز کا ذکر جس کو بے ثمرہ سمجھا جاتا ہے ہرگز بے ثمرہ نہیں اخیر میں جو حالت خاص پیدا ہوگی اس میں اول روز کے ذکر کو بھی اتنا ہی دخل ہوگا جتنا کہ اخیر روز کے ذکر کو۔

نماز و ذکر وغیرہ میں سرسری توجہ رکھے بڑی چیز کام میں مشغول رہنا ہے

فرمایا کہ ذکر و نماز وغیرہ میں سرسری توجہ و استحضار کافی ہے۔ زیادہ کاوش توجہ میں نہ کرے ورنہ قلب و دماغ ماؤف ہو جاویں گے۔ زیادہ کاوش سے تعب اور پریشانی ہوتی ہے جس سے نفع بند ہو جاتا ہے سرسری توجہ ہی سے شدہ شدہ ملکہ تامہ حاصل ہوتا ہے اسی طرح کسی خاص کیفیت یا حالت کی بقا کے لئے بھی زیادہ کاوش نہ کرے نہ اس کے پیچھے پڑے گھبرگھار مضر ہے اپنا کام کئے جاوے جیسی جیسی استعداد اس کے سامنے بڑھتی جاوے گی اس کے مناسب احوال و واردات خود فائض ہوتے رہیں گے اپنے قلب کو مشوش نہ کرے۔ نہ ثمرات و حالات کے درپے ہو بڑی چیز کام میں مشغول ہونا ہے۔

مختلف اذکار میں نفع نہیں

فرمایا کہ مختلف اذکار سے اس قدر نفع نہیں ہوتا جس قدر ایک یا دو قسم کے ذکر سے ہوتا ہے کیونکہ مختلف اذکار میں طبیعت منتشر رہتی ہے کوئی ذکر بھی راسخ نہیں ہوتا۔ ایک دو اذکار پر مداومت کی جاوے تو وہ بہت جلد راسخ ہو جاتے ہیں۔

اصلی چیز اتباع اور محبت ہے

ایک صاحب نے بیعت کی درخواست کی فرمایا کہ یہ تو کوئی ایسی ضروری چیز نہیں اصل چیز تو اتباع اور محبت ہے باقی ہاتھ میں ہاتھ دینا یہ محض طالب کی تسلی کے لئے ہوتا ہے کہ اس

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

کو اطمینان ہو جاوے کہ ہاں فلاں شخص کے ساتھ ایک خصوصیت ہوئی ورنہ نفع میں اس کا کچھ دخل نہیں میں آپ کو یقین دلاتا ہوں کہ نفع میں ذرہ برابر بھی کمی نہ ہوگی بلکہ بیعت کرنے سے میرے اوپر ایک بوجھ ہو جاتا ہے میں تو یہ چاہا کرتا ہوں کہ مجھ سے بیعت تو نہ ہوں لیکن مجھ سے دین کی خدمت لیں پھر ان صاحب نے عرض کیا کہ بیعت تو سنت ہے فرمایا سنت ہے مگر مستحب کے درجے میں اور سنت بھی بیعت کی حقیقت ہے نہ کہ صورت یعنی ہاتھ پر ہاتھ رکھنا بیعت کی صورت ہے نہ کہ حقیقت، حقیقت ہے محبت اور اتباع جس کو محبت ہو اور اتباع کرے اس کو حقیقت بیعت کی حاصل ہے گو صورت بیعت کی حاصل نہ ہو۔

شک اور وسوسہ کا فرق اور اس کا علاج

ایک صاحب نے عرض کیا کہ مجھے عقائد میں شکوک ہیں فرمایا کہ اگر ایسا ہے تو اس کا جلد تصفیہ ہو جانا نہایت ضروری ہے ورنہ کوئی عمل مفید نہیں ہو سکتا۔ سب اعمال بیکار جائیں گے لیکن پہلے اس کی تحقیق ہو جانی چاہئے کہ آیا آپ جس کو شک سمجھ رہے ہیں وہ دراصل شک بھی ہے یا محض وسوسہ ہے کیونکہ شک اور چیز ہے اور وسوسہ اور چیز ہے اور دونوں کا جدا حکم ہے عقائد ضروریہ میں شک کرنا موجب نقصان ایمان ہے اور وسوسہ معصیت کے درجہ میں بھی نہیں کیونکہ اس پر کسی قسم کا مواخذہ نہیں پھر دریافت فرمایا کہ آیا آپ کو ان خیالات سے ایذا ہوتی ہے یا نہیں اور قلب کو پریشانی اور خلجان اور دفعیہ کا اہتمام ہوتا ہے یا نہیں۔ ان صاحب نے جواب دیا سخت پریشانی اور خلجان ہوتا ہے فرمایا کہ بس معلوم ہوا کہ محض وسوسہ ہے شک نہیں کیونکہ وسوسہ اور شک کی پہچان یہی ہے کہ وسوسہ میں خلجان اور پریشانی ہوتی ہے اور قلب کو اس سے اذیت ہوتی ہے اور اس کے دفعیہ کے اہتمام کے درپے ہوتا ہے اور اس کو سخت ناگوار اور برا سمجھتا ہے اور شک میں مطلق ایذا نہیں ہوتی قلب کو بالکل سکون ہو جاتا ہے کیا کسی کافر کو کفر سے متاذی اور متالم دیکھا ہے۔ تاذی اور عدم تاذی دونوں کی علامات شناخت ہیں آپ کو شک نہیں وسوسہ ہے جس کی طرف سے شریعت مقدسہ نے ہم کو بالکل مطمئن کر دیا ہے ہرگز پریشان نہ ہونا چاہئے اور واقعی جب وہ کوئی مواخذہ کی چیز ہی نہیں تو اس سے پریشان ہونا ایک فضول امر ہے۔ البتہ اذیت ضرور ہوتی ہے اور اذیت بھی کچھ نہیں اگر اس کی طرف سے

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

بالکل بے پروائی اختیار کی جاوے کہ اونہہ اگر آتا ہے آنے دو۔ اس عدم التفات سے وہ خود دفع ہو جائے گا لیکن اس عدم التفات میں بھی قصد دفع کا نہ کرے۔ ورنہ وہ بھی وسوسہ ہی کی طرف التفات ہو جائے گا کیونکہ جتنا اس کو کوئی دفع کرنا چاہتا ہے اتنا ہی اور لپٹتا ہے۔ بلکہ اپنی طرف سے یہاں تک کہ آمادہ رہنا چاہئے کہ اگر عمر بھر بھی اس سے چھٹکارا نہ ہو تو بلا سے نہ ہو کیونکہ کوئی نقصان کی بات نہیں البتہ اذیت ہے سو اگر کوئی مرض عمر بھر کے لئے لگ جاتا ہے تو کیا اسی میں زندگی نہیں گزارنی پڑتی پھر فرمایا کہ البتہ معصیت خواہ صغیرہ ہو یا کبیرہ وہ سخت اجتناب کے قابل ہے مثلاً آنکھ کا گناہ کان کا گناہ قلب کا گناہ اور وساوس گو بذاتہ مضر اور قابل قلق نہیں لیکن ان سے کبھی ان کے منشا یعنی معاصی کا پتہ چلتا ہے۔ یہ بات البتہ قابل قلب ہے اور ان سے اجتناب کی کوشش ضروری ہے پھر فرمایا کہ آپ اگر دلائل کی فکر میں پڑیں گے تو وساوس کا دونا ہجوم ہوگا اور مرض بڑھتا ہی جاوے گا بلکہ یوں سمجھئے کہ جو لوگ مجھ سے زیادہ علم اور فہم اور تقویٰ میں ہیں انہوں نے جب اچھی طرح تحقیقات کر لی تو پھر ہماری تحقیقات کی کیا حاجت ہے بس ایسے لوگوں کی بلا تردد تقلید کرنی کافی ہے کیونکہ یہ ظاہر ہے کہ ہماری تحقیق ان کی تحقیق کے برابر نہیں ہو سکتی۔ پھر کچھ دیر تامل فرما کر استفسار فرمایا کہ آخر یہ مرض آپ کو پیدا کب سے ہوا۔ عرض کیا کہ بچپن ہی سے یہ مرض ہے جبکہ میں ابتدائی کتابیں پڑھتا تھا۔ فرمایا کہ آپ نے اس کا اظہار کسی سے کیا عرض کیا نہیں فرمایا کہ آپ نے غضب کیا اور سخت غلطی کی جو اس مرض کو چھپایا میرے نزدیک طب کا پڑھنا آپ کے لئے بالکل حرام تھا اور اب بھی میں آپ کے لئے طب کے مشغلہ کو ناجائز سمجھتا ہوں کیونکہ اس میں صحبت اہل باطل کا زیادہ موقع ہے اور وہ آپ کے لئے سخت مضر ہے۔

اب آپ کو یہ چاہئے کہ اس مشغلہ کو بالکل ترک کر کے کسی کی جوتیوں کے نیچے خاک ہو جایئے۔ یعنی پیش مرد کا ملے پامال شو۔ اور اہل اللہ کی جماعت میں ملے جلے اور ان سے لگے لپٹے رہ کر مزدوری سے اپنا اور اپنے اہل وعیال کا پیٹ پال کر گزارا کیجئے ورنہ ان سے علیحدہ اس مشغلہ میں مشغول رہنا تنہا سمندر میں کودنا ہے ان کی صحبت سے ان کے نورانی قلب کا پرتو آپ کے قلب پر پڑے گا جس سے آپ کے قلب میں ایک نورانیت پیدا ہوگی جس کے غلبہ سے ان وساوس کا پتہ بھی نہ رہے گا اور ایک سکون محض قلب کو حاصل ہو جائے گا

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

اگر یہ نہ ہو سکے تو دوسرے درجہ کا علاج صحبت بد سے احتراز ہے کیونکہ جس طرح یہ صحیح ہے کہ صحبت نیک سے قلب میں نور پیدا ہوتا ہے ویسے ہی یہ بھی صحیح ہے کہ اہل ظلمت کی صحبت سے ان کی ظلمت کا عکس قلب میں پڑتا ہے پس رنڈی بھڑوے فساق فجار کے علاج سے قطعاً دست برداری کیجئے اور ایسے لوگوں سے بالکل علیحدگی اختیار کیجئے۔ اکثر اوقات خلوت میں گزاریئے اور کچھ وقت خواہ تھوڑا ہی ہو مثلاً آدھ گھنٹہ روز ذکر اللہ میں صرف کیجئے اور بزرگوں کے ملفوظات وکلمات کے مطالعہ کا شغل رکھئے۔

بیعت عوام وخواص کے لئے کب نافع ہوتی ہے اور صحبت کی حقیقت

فرمایا کہ بیعت کی حقیقت ہے اعتقاد جازم اپنے تعلیم کرنے والے پر یعنی اس کو یہ یقین ہو کہ یہ میرا خیر خواہ ہے اور جو مشورہ دے گا وہ میرے لئے نہایت نافع ہوگا غرض اس پر پورا اطمینان ہو اور اپنی رائے کو اس کی تجویز و تشخیص میں مطلق دخل نہ دے۔ باقی بیعت کی صورت یعنی ہاتھ پر ہاتھ رکھنا اول وہلہ میں خواص کے لئے نافع نہیں عوام کے لئے البتہ اول وہلہ میں بیعت کی صورت بھی نافع ہو جاتی ہے کیونکہ اس سے ان کے قلب پر ایک عظمت اور شان اس شخص کی طاری ہو جاتی ہے جس کا یہ اثر ہوتا ہے کہ وہ اس کے قول کو باوقعت سمجھ کر اس پر عمل کرنے کے لئے مجبور ہو جاتا ہے خواص کے لئے کچھ مدت کے بعد نافع ہوتی ہے کیونکہ اس کا خاصہ ہے کہ جانبین میں ایک تعلق خاص پیدا ہو جاتا ہے پیر سمجھنے لگتا ہے کہ یہ ہمارا ہے اور مرید سمجھتا ہے کہ یہ ہمارے ہیں ڈانواں ڈول حالت نہیں رہتی۔

باطنی حالت کسی سے کہنا گویا اپنی بیوی کو دوسرے کے بغل میں دینا ہے

ایک صاحب نے کوئی حال باطنی کسی پر ظاہر کر دیا تھا۔ حضرت کو خبر ہو گئی بعد ظہر اتفاقاً وہ حضرت کے پاس ہو کر گزرے تنبیہ کے لہجہ میں چپکے سے فرمایا کہ شرم نہ آئی اپنی بیوی کو غیر کی بغل میں دیتے ہوئے کیا یہ کسی کو گوارا ہو سکتا ہے بعد کو ان ہی صاحب نے بعد عصر کے بغرض عرض حال

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

پرچہ دینا چاہا لیکن حضرت نے نہیں لیا۔ نہایت تندی کے لہجہ میں دیر تک عبدیت پر نہایت موثر تقریر فرماتے رہے پھر فرمایا کہ جناب اب تو آپ کامل ہو گئے ہیں میں کاملین کی اصلاح کرنے کا اہل نہیں اب آپ کسی جگہ اور تشریف لے جایئے پھر حضرت نے ان کا اسباب نکلوا کر باہر رکھوا دیا اور خانقاہ سے نکل جانے کا حکم دیا۔ اس پر وہ صاحب دھاڑیں مار مار کر رونے لگے حضرت نے فرمایا کہ لوگ کشف کو بڑا کمال سمجھتے ہیں حالانکہ اس کو قرب میں کچھ دخل نہیں واللہ اگر کسی کو لاکھ کشف ہوں لیکن وجدانا محسوس کرے گا کہ میرے قرب میں ذرہ برابر ترقی نہیں ہوئی اور اگر دو چار مرتبہ سبحان اللہ پڑھ کر اپنے وجدان کی طرف رجوع کرے گا تو صاف محسوس ہوگا کہ کچھ نہ کچھ اللہ تعالیٰ کے ساتھ قرب بڑھ گیا حضرت نے بالآخر ان صاحب کو خانقاہ سے باہر کر دیا تین چار دن کے بعد سخت پریشانی اور توبہ استغفار کے بعد معافی کا پرچہ ان صاحب نے بھیجا جس پر حضرت نے تحریر فرمایا کہ اب میرے قلب میں مطلق کدورت آپ کی طرف سے نہیں رہی جو علامت ہے آپ کی توبہ مقبول ہونے کی پھر حضرت نے انہیں خانقاہ میں واپس آ جانے کی اجازت دی۔ وہ صاحب خود فرماتے تھے کہ مجھ کو ان تین چار دنوں میں بے انتہا منافع حاصل ہوئے۔

قبر پر جا کر فاتحہ پڑھنے کی مصلحتیں

ایک صاحب نے عرض کیا کہ قبر پر جا کر فاتحہ پڑھنے میں کیا مصلحت ہے جہاں سے چاہے ثواب پہنچا سکتا ہے فرمایا کہ اس میں تین مصلحتیں ہیں ایک تو یہ کہ قبر پر جا کر فاتحہ پڑھنے سے علاوہ ایصال ثواب کے خود پڑھنے والے کو یہ فائدہ ہوتا ہے کہ وہاں استحضار موت کا زیادہ ہوتا ہے دوسرے باطنی مصلحت یہ ہے کہ مردہ کو ذکر سے انس ہوتا ہے خواہ آہستہ آہستہ پڑھا جاوے یا زور سے حق تعالیٰ مردہ کو آواز پہنچا دیتے ہیں۔ یہ بات اولیا کے ساتھ خاص نہیں بلکہ عام مسلمان بھی سنتے ہیں کیونکہ مرنے کے بعد روح میں بہ نسبت حیات کے کسی قدر ایک اطلاق کی شان پیدا ہو جاتی ہے اور اس کا ادراک بڑھ جاتا ہے مگر نہ اتنا کہ کوئی ان کو حاضر ناظر سمجھنے لگے۔ تیسرے یہ بھی ہے کہ ذکر کے انوار جو پھیلتے ہیں اس سے بھی مردہ کو راحت پہنچتی ہے۔

ایصال ثواب، عبادات مالیہ کا افضل ہے

فرمایا کہ عبادت مالیہ کا ثواب بہ نسبت عبادت بدنیہ کے مردہ کے حق میں زیادہ افضل

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

ہے کیونکہ یہ مسئلہ خود اہل سنت والجماعۃ میں مختلف فیہ ہے کہ عبادت بدنیہ کا ثواب بھی مردہ کو پہنچتا ہے یا نہیں۔ امام شافعی کے نزدیک صرف عبادت مالیہ کا ثواب پہنچتا ہے عبادت بدنیہ کا نہیں پہنچتا اور اماموں کے نزدیک بھی یہی بات ہے۔ البتہ ہمارے امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کے نزدیک دونوں قسم کی عبادت کا ثواب پہنچتا ہے بہرحال عبادت مالیہ کے ثواب کی افضلیت مردہ کے حق میں اس وجہ سے ثابت ہے۔

ایصال ثواب کی تقسیم

فرمایا کہ حضرت حاجیؒ صاحب کے وجدان میں مردوں کو برابر ثواب پہنچتا ہے تقسیم ہو کر نہیں پہنچتا لیکن حضرت مولانا گنگوہیؒ کا گمان غالب اس کے خلاف تھا عرض کیا گیا حضور کا گمان غالب کیا ہے فرمایا کہ میرا گمان یہی ہے کہ کسی گمان کی ضرورت ہی نہیں پھر فرمایا کہ ادب یہ ہے کہ کچھ پڑھ کر علیحدہ بھی صرف حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی روح مبارک کو ثواب بخش دیا کرے خواہ زیادہ کی ہمت نہ ہو مثلاً تین بار قل ہواللہ پڑھے ایک کلام مجید کا ثواب پہنچ جائے گا پھر اپنا معمول بیان فرمایا کہ میں جو کچھ روزمرہ پڑھتا ہوں اس کا ثواب حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو اور تمام انبیاء وصلحاء وعام مسلمین ومسلمات کو جو مر چکے یا موجود ہیں یا آئندہ پیدا ہوں سب کو بخش دیتا ہوں اور کسی خاص موقعہ پر کسی خاص مردے کے لئے بھی کچھ پڑھ کر علیحدہ بخش دیتا ہوں استفسار پر فرمایا کہ زندوں کو بھی عبادت کا ثواب پہنچتا ہے۔

حضرت والا کا طرز لباس اور لباس کا حکم

فرمایا کہ اچھے کپڑے وغیرہ پہننا اگر تحصیل جاہ کے لئے ہے تو ناجائز اور اسراف میں داخل ہے اور اگر دفع ذلت کے لئے ہے مطلوب شرعی ہے اور اسراف میں داخل نہیں ایک بار فرمایا کہ ایک شخص کے لئے پچاس روپیہ گز کا کپڑا پہننا جائز ہے یعنی جس کو گنجائش ہو اگر نیت ریا وتفاخر کی نہ ہو اور دوسرے کے لئے پانچ آنہ گز کا بھی ناجائز ہے یعنی جس کو گنجائش نہ ہو یا نیت ریا وتفاخر کی ہو۔

غنی کی تعریف

فرمایا کہ اگر کسی کی تنخواہ بڑی ہو لیکن مہینہ میں سب ختم ہو جاتی ہو تو وہ غنی نہیں کیونکہ غنی

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

وہ ہے جس کے پاس کچھ ذخیرہ ہے۔

حضرت والا کے سختی کی وجہ

فرمایا کہ اگر شروع میں ذرا میری سختی جھیل لے پھر میں اس کا عمر بھر کے لئے خادم ہوں میرا منشا اس سختی سے محض یہ ہے کہ اہتمام اور فکر اخلاق کا قلب میں پیدا ہو جاوے پھر اول تو اس سے غلطی کم واقع ہوگی دوسرے اگر کوئی غلطی بھی ہوگی تو چونکہ اس شخص میں اہتمام اور فکر کا ہونا مجھ کو انداز سے معلوم ہو جاتا ہے وہ غلطی پھر اتنی ناگوار بھی نہیں معلوم ہوتی اور بھلا یہ کہاں ممکن ہے کہ کسی سے غلطی نہ ہو۔

حضرت والا کے غضب کی وجہ

فرمایا کہ بحمد اللہ میں غصہ کی حالت میں بھی ہوش وحواس سے باہر نہیں ہوتا گو ظاہر میں غل شور مچاتا ہوں لیکن کوئی سزا استحقاق سے زیادہ نہیں دیتا نہ مصلحت کے خلاف سختی کرتا ہوں۔ الحمد للہ زیادتی بھی نہیں ہونے پاتی مجھ میں حدت تو ضرور ہے لیکن شدت نہیں جو اپنی اصلاح کے لئے آتا ہے اس کے ساتھ سخت کرنا بعض اوقات ضروری ہوتا ہے کیونکہ عملی تنبیہ کبھی نہیں بھولتی لیکن اگر سختی برداشت نہ کرے تو پھر میں نرم پڑ جاتا ہوں کیونکہ مجھے خواہ مخواہ لڑائی مول لینا تھوڑا ہی ہے جب معلوم ہو گیا کہ اس کو اپنی اصلاح ہی منظور نہیں پھر سختی کرنے سے کیا حاصل۔

ناز برآن کن کہ خریدار تست

سوال کے جواب میں انتظار میں نہ ڈالنا چاہئے

فرمایا کہ کسی کے سوال پر جو میں جواب دیتا ہوں اور پھر وہ چپ بیٹھا رہتا ہے تو اس سے مجھے سخت تکلیف ہوتی ہے۔ چاہتا یہ ہوں کہ اگر جواب سمجھ میں نہ آوے تو دوبارہ پوچھا جاوے اور اگر سمجھ میں آ گیا ہو تو کم از کم یہ ضرور کہہ دیا جاوے کہ ٹھیک ہے خاموش بیٹھے رہنے سے سخت الجھن اور تکلیف ہوتی ہے۔ یہ آداب تکلم کے خلاف ہے۔

طعام میں گفتگو کا دستور العمل

فرمایا کہ دستر خوان پر دقیق دقیق باتیں نہیں کرنی چاہئیں بلکہ بہت معمولی باتیں ہونی

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

چاہئیں ورنہ کھانے کا کچھ لطف ہی نہیں آتا کھانے کے وقت تو کھانے ہی کی طرف زیادہ توجہ ہونی چاہئے اگر کوئی ایسی باتیں کرتا ہے تو میں کان بھی نہیں لگاتا کیونکہ کھانے کا مزہ جاتا رہتا ہے۔

حضرت والا کا تعلقات سے وحشت

فرمایا کہ اب تو تعلقات سے بہت وحشت ہوتی ہے کہ مجمع زیادہ نہ ہو اپنے ہم خیال کچھ لوگ ہوں اور یاد حق میں بقیہ زندگی گزرے یہی وجہ ہے کہ میں اکثر یہ بہانہ کر کے اٹھ جاتا ہوں کہ گھر ہو آؤں بات یہ ہے کہ مجمع سے جی گھبراتا ہے۔

حضرت والا کا اپنے کام کو مختلف جماعتوں میں منتشر کرنا

فرمایا کہ رفتہ رفتہ اپنے متعلق جو کام ہیں ان کو کم کرتا جاتا ہوں اکثر فتاویٰ میں مدرسہ دیوبند اور سہارنپور سے دریافت کرنے کو لکھ دیتا ہوں جی یوں چاہتا ہے کہ میرے بعد کسی کو ایک ساتھ زیادہ رنج نہ ہو اور جب بہت سی خدمات ایک ساتھ منقطع ہو جائیں گی تو نہایت صدمہ لوگوں کو ہو گا۔ اس لئے اپنے ذمہ جو میں نے کام رکھے ہیں ان کو مختلف جماعتوں میں منتشر کر رہا ہوں۔

لازمہ طریق مرید کے ذمہ

فرمایا کہ طالب کو اپنے شیخ کے سامنے اپنی رائے کو بالکل فنا کر دینا چاہئے۔ دو چیزیں لازمہ طریق ہیں اتباع سنت اور اتباع شیخ جب یہ حالت مرید کی نہ ہو کہ اگر شیخ جان بھی مانگے تو بھی دریغ نہ کرے تب تک کچھ لطف بیعت کا نہیں۔

حضرت والا کا ادب بزرگان

فرمایا کہ الحمدللہ میں نے اپنے بزرگوں کے ساتھ کبھی ظاہراً یا باطناً اختلاف نہیں کیا اور ہر طرح ادب ملحوظ رکھا حالانکہ مجھ کو سینکڑوں احتمالات سوجھتے تھے لیکن میں نے ہمیشہ یہی سوچا کہ ہم کیا جانیں اور اگر کبھی کوئی بات سمجھ میں نہ بھی آئی تب بھی دل کو یہ کہہ کر سمجھا لیا کہ یہ کیا ضرور ہے کہ کوئی بات بھی بلا سمجھے نہ رہے سو واقعی طالب تحقیق کو پیشتر تقلید ہی ضروری ہے بعد کو بہ برکت تقلید کے تحقیق کا درجہ بھی حاصل ہو جاتا ہے ترتیب یہی ہے دیکھئے اگر کوئی بچہ اپنے استاد کی تقلید

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

نہ لڑے اور پڑھاتے وقت کہے کہ کیا دلیل ہے کہ یہ الف ہے ب نہیں تو بس وہ پڑھ چکا۔

ہدیہ میں نیت ثواب کی بھی مناسبت نہیں

فرمایا کہ مجھے اس شخص سے کوئی چیز لینے میں نہایت ذلت معلوم ہوتی ہے جس کو خود کوئی نفع نہ پہنچا سکے ہاں جو دینی نفع حاصل کرتا رہے وہ اگر محبت سے کبھی کچھ دے تو کس کو انکار ہے کیونکہ آخر میری گزر ہی اسی پر ہے لیکن یہ شرط ہے کہ دینے میں بجز محبت کے اور کوئی نیت نہ ہو یہاں تک کہ ثواب کی بھی نیت نہ ہونی چاہئے گو جب حق تعالیٰ کے تعلق کی وجہ سے دیا تو ثواب تو اس کو مل ہی گیا دیکھئے اگر کوئی اپنے باپ یا لڑکے کو کچھ دے تو نیت ثواب کی نہیں ہوتی لیکن ثواب ملتا ہے جیسے حدیث شریف میں ہے کہ اگر کوئی شخص اپنی بیوی کے منہ میں لقمہ دے تو اس کو ثواب ملتا ہے حالانکہ بیوی کو کوئی ثواب کی نیت سے نہیں دیتا بلکہ اگر اس کو ثواب کی نیت کی خبر ہو جاوے تو اس کو ناگوار ہو اور انکار کر دے کیا میں خیرات خوری ہوں۔

دین سے فہم درست ہوتی ہے

فرمایا جو دین کا پابند نہیں ہوتا اس کی دنیا کی سمجھ بھی خراب ہو جاتی ہے اور جو شخص دیندار ہوتا ہے گو تجربہ دنیا کا نہ ہو لیکن دنیوی امور میں بھی اس کی سمجھ سلیم ہو جاتی ہے حلال روزی میں بھی یہی اثر ہے برخلاف اس کے حرام روزی سے فہم مسخ ہو جاتی ہے۔

جہالت کی اصلاح بغیر روک ٹوک کے نہیں ہو سکتی

فرمایا کہ اگر کوئی بے عنوانی ناسمجھی ہی سے کرے لیکن دوسرے کو تو اس سے پریشانی اور تکلیف ہوتی ہی ہے اگر کوئی شخص بلا قصد شکار کے کسی کو چھرہ مار دے تو مجرم نہ سہی لیکن دوسرے کے چوٹ تو آخر لگے ہی گی اور اگر سب جاہلوں کی جہالت پر تحمل ہی کر لیا کریں تو ان کی جہالت کی اصلاح کبھی ہو ہی نہیں سکتی کیونکہ اس طرح سے تو اس کو اپنی جہالت کا علم ہی نہ ہوگا اور ہمیشہ بے تہذیب و بے سلیقہ ہو رہے گا۔

تحصیل ثمرات کے لئے بھی یکسوئی کی ضرورت ہے

فرمایا کہ اگر ثمرات کی بھی تمنا ہو تب بھی ثمرات پر نظر نہ کرنا چاہئے کیونکہ ثمرات حاصل

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

ہوتے ہیں یکسوئی سے اور جب ثمرات کی جانب متوجہ رہا تو یکسوئی کہاں رہی پھر فرمایا کہ ذہین اور ذکی آدمی کو کیفیات وغیرہ نہیں ہوتیں کیونکہ اس کا ذہن ہمیشہ چلتا رہتا ہے اس کو یکسوئی ہوتی ہی نہیں اور بلا یکسوئی کے کوئی کیفیت ہو نہیں سکتی اسی وجہ سے عاقل شخص کو کیفیات بہت کم ہوتی ہیں برخلاف اس کے جن میں عقل کا مادہ کم ہوتا ہے ان کو کشف وغیرہ بہت ہوتی ہیں۔

مرید کو چاہئے کہ نفع کو شیخ ہی سے سمجھے

فرمایا کہ حضرت حاجی صاحب سے اگر کوئی ذکر شغل کا نفع ظاہر کرتا تو فرماتے کہ بھائی استعداد تو تمہارے اندر خود موجود تھی میرے ذریعہ سے صرف ظاہر ہوگئی ہے لیکن تم ایسا مت سمجھنا تم یہی سمجھنا کہ مجھ سے تم کو یہ نفع پہنچا ہے ورنہ تمہارے لئے مضر ہوگا۔ یہ شان اہل مقام ہی کی ہوتی ہے کہ ہر پہلو پر نظر رہے ورنہ اہل حال ایک ہی بات کے پیچھے پڑ جاتے ہیں دوسرے پہلو پر ان کی نظر نہیں جاتی۔

ذاکر و شاغل کو اپنے کام سے کام رکھنا چاہئے

فرمایا کہ جو ذکر و شغل کے لئے آوے اس کو کسی بات سے تعلق نہیں رکھنا چاہئے بس اپنے کام میں مشغول رہے نہ کسی کا پیام پہنچاوے نہ کسی کا سلام شیخ کو پہنچاوے خود بھی کسی اور جانب متوجہ نہ ہو اور نہ شیخ کو متوجہ کرے بلکہ جہاں تک ہو سکے شیخ کو اپنی طرف متوجہ رکھے۔ اگر کسی کا سلام پہنچایا تو گویا اس نے خود اپنے شیخ کو دوسرے کی طرف متوجہ کیا جو اس کی مصلحت کے بھی منافی ہے اور غیرت عشق کے بھی خلاف ہے۔

وقف شدہ چیزیں بدوں کرایہ استعمال نہ کرے

نیا مکان حضرت کا بن رہا تھا حافظ صاحب نے جو کہ حضرت کا مکان بنوا رہے تھے آ کر دریافت کیا کہ سیڑھی کی ضرورت ہے مدرسہ کی سیڑھی لے لی جاوے فرمایا کہ مکان سے کرایہ لے لیا جاوے۔ مدرسہ کی چیز وقف ہے۔ حافظ صاحب نے عرض کیا کہ مدرسہ کے کام کے لئے بھی تو اور جگہ سے ایسی چیزیں عاریتاً لے لی جاتی ہیں فرمایا کہ یہ ان لوگوں کا تبرع ہے ان کو اختیار ہے وہ نہ دیا کریں لیکن مدرسہ کی چیزیں وقف ہیں۔ ان کا اس طرح

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

استعمال ناجائز سمجھتا ہوں حضرت کے یہاں ایسی باتوں کا نہایت درجہ اہتمام ہے۔

وعظ میں مسائل فقہیہ کا بیان مناسب نہیں

فرمایا کہ میں نے ایک مرتبہ سوچا کہ وعظ میں مسائل فقہیہ کا بیان کرنا علماء کی بالکل عادت نہیں ہے حالانکہ بظاہر ضروری معلوم ہوتا ہے چنانچہ میں نے ایک وعظ میں صرف چار پانچ مسائل ربوا کے جو عموماً پیش آتے ہیں بیان کر دیئے بعد کو مختلف لوگوں نے مختلف باتیں ان مسائل کی بابت آ کر مجھ سے بیان کیں معلوم ہوا کہ اختلاف ہو گیا۔ اس وقت سمجھ میں آیا کہ علما نے جو وعظ میں اس کا اہتمام نہیں کیا انہوں نے اس کی مضرت کو معلوم کر لیا تھا۔ بجز کسی کھلے مسئلہ کے مسائل دقیقہ کا بیان عام مجمع میں خلاف مصلحت ہے۔ ایسے مسائل کو حدوث واقعہ کے وقت بتلا دے تا کہ اس کے اوپر آسانی کے ساتھ منطبق کیا جا سکے۔ برخلاف اس کے جو وعظ میں سوالات فرض کر کے جواب دئے جائیں گے تو بعد کو وہ سوال تو غائب ہو جائے گا اور جواب میں خواہ مخواہ شبہ پڑیں گے اور لوگ گڑ بڑ کریں گے۔ اسی مصلحت کی بناء پر علماء صرف مضامین ترغیب و ترہیب ہی کے وعظ میں بیان فرماتے ہیں۔

کسی کی خدمت بغیر اس کے معمولات معلوم کئے نہ کرنا چاہئے

ایک دیہاتی نے بعد عشا جب حضرت گھر تشریف لے جانے لگے حضرت کا جوتہ اٹھا کر پہننے کے واسطے آگے بڑھ کر رکھ دیا۔ حضرت نے فرمایا کہ اوہو آپ نے بڑا بھاری کام کیا دس بیس کوس سے اتنا بھاری اسباب لاد کر لے آئے ارے میاں یہ بھی بھلا کوئی خدمت ہوئی کوئی ایسا کام کیا ہوتا جس سے کچھ آرام تو پہنچتا جوتا کیا میں خود نہیں لا سکتا تھا۔ دوسری شب کو پھر وہی کام کیا اور بجائے معمولی جوتہ کے جیسے کہ گھر کے استعمال کے لئے رکھتے ہیں وہ جوتا رکھ دیا جسے حضرت والا صبح کے وقت جنگل جانے کے لئے استعمال فرماتے تھے اس وجہ سے حضرت کو دوبارہ خود تکلیف کرنی پڑی اور خلجان ہوا وہ جدا۔ حضرت نے فرمایا ارے بھائی جس شخص کو کسی کے معمولات کی خبر نہ ہو اس کو اس کی خدمت نہ کرنا چاہئے اب دیکھو تمہاری اس خدمت سے کس قدر زحمت ہوئی بھلا ایسی خدمت سے کیا فائدہ نکلا اس لئے مجھے اپنے کام

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

خود ہی کرنے میں راحت رہتی ہے کیونکہ جو شخص معمولات سے باخبر نہ ہو وہ خدمت کس طرح کرسکتا ہے لیکن قلوب میں رسوم کچھ ایسی غالب ہوگئی کہ چھوٹتی ہی نہیں۔ بس انہوں نے دیکھ لیا کہ سب لوگ جوتے اٹھا اٹھا کر رکھتے ہیں لاؤ ہم بھی یہی کریں۔ محض رسم پرستی رہ گئی ہے مجھے شرم بھی آتی ہے کہ ایک شخص محبت سے خدمت کرتا ہے اسے کیا منع کروں لیکن کیا کروں میرا سخت حرج ہو جاتا ہے اور مجھے ایک منٹ بھی اپنا وقت ضائع ہونا سخت گراں گزرتا ہے ہاں جسے سوائے مخدومیت کے اور کچھ نہ کرنا ہو وہ چاہے اس قصہ میں رہے۔

دعا ترک دعا سے افضل ہے

ایک صاحب نے کہا حضرت غوث پاک نے تحریر فرمایا ہے کہ ترک دعا عزیمت ہے اور دعا کرنا رخصت۔ فرمایا کہ کسی غلبہ حال میں فرمایا ہے یا یہ ان کی رائے ہے کیونکہ وہ اس فن کے مجتہد تھے باقی اکثر کا مذاق اور تحقیق یہی ہے کہ ترک دعا سے دعا ہی افضل ہے کیونکہ دعا میں افتقار الی اللہ ہے جو ترک دعا میں نہیں ہے۔

بعض احوال میں رخصت پر عمل کرنا افضل ہے

فرمایا کہ میں تو بعض احوال میں رخصت پر عمل کرنے کو بہ نسبت عزائم پر عمل کرنے کے افضل سمجھتا ہوں کیونکہ جو شخص عزائم پر عمل کرتا ہے اس کو ہمیشہ اپنے عمل پر نظر ہوتی ہے اور جو کچھ عطا ہوتا ہے اس کو بمقابلہ اپنے عمل کے کم سمجھتا ہے اس کے دل میں یہ شکایت پیدا ہوتی ہے کہ دیکھو اتنے دن سے ایسی مشقت زہد و تقویٰ کی اٹھا رہا ہوں اور اتنا عرصہ ذکر و شغل کرتے ہو گیا اور اب تک کچھ نصیب نہیں ہوا یہ کس قدر گندہ خیال ہے برخلاف اس کے جو بعض دفعہ رخصتوں پر عمل رکھتا ہے اس کو اپنے عمل پر نظر نہیں ہوتی اس کو جو کچھ بھی عطا ہوتا ہے اس کو بمقابل اپنے عمل کے زیادہ سمجھتا ہے اور درصورت عدم ورود و کیفیات وغیرہ کے بھی اس کو شکایت پیدا نہیں ہوتی کیونکہ وہ سمجھتا ہے کہ میں عمل ہی کیا کرتا ہوں جو ثمرات کا مستحق ہوں بہرحال رخصت پر عمل کرنے والے کی نظر میں ہمیشہ حق تعالیٰ کی عطاؤں کا پلہ بمقابلہ اس کے اعمال کے بھاری رہتا ہے۔

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

زہد ترک لذات کا نام نہیں بلکہ تقلیل لذات کا نام ہے

فرمایا کہ زہد ترک لذات کا نام نہیں ہے بلکہ محض لذات زہد کے لئے کافی ہے یعنی لذات میں انہماک نہ ہو کہ رات دن اسی کی فکر ہے کہ یہ چیز پکنی چاہئے وہ چیز منگانا چاہئے غرضیکہ نفیس نفیس کھانوں کپڑوں کی فکر میں رہنا یہ منافی زہد کے ہے۔ ورنہ بلا تکلف و بلا اہتمام خاص کچھ لذات میسر ہو جاویں تو حق تعالیٰ کی نعمت ہے شکر کرنا چاہئے بہت کم کھانا بھی زہد نہیں ہے نہ یہ مقصود ہے اس کے کم کھانے سے کوئی خدائے تعالیٰ کے خزانہ میں کمی نہ ہو جائے گی یہ نہ ہوگا کہ بھائی بڑے خیر خواہ سرکار ہیں کہ پوری تنخواہ بھی نہیں لیتے وہاں ان باتوں کی کیا پرواہ ہے لیکن اتنا بھی نہ کھاوے کہ پیٹ میں درد ہو جاوے حضرت حاجی صاحب کا مذاق تو یہ تھا کہ نفس کو خوب آرام سے رکھے لیکن اس سے کام بھی لے میرا یہ خیال ہے کہ مزدور خوشدل کند کار بیش۔

جاہ عند الخالق کا قصد بھی ناپسندیدہ ہے اور اس کی ایک عجیب مثال

فرمایا کہ حضرت حاجی صاحب فرماتے تھے کہ جاہ عند الخلق تو سب کے نزدیک مذموم ہے لیکن عارفین کے نزدیک جاہ عند الخالق کا بھی قصد ناپسندیدہ ہے۔ کیونکہ اس کا حاصل تو یہ ہے کہ یہ شخص حق تعالیٰ کے نزدیک کبیر بننا چاہتا ہے تو گویا یہ اپنے نزدیک ایسی شان رکھتا ہے کہ حق تعالیٰ کی نظروں میں باوقعت ہو سکے اور میرے ذہن میں اس کی ایک مثال آئی ہے جس سے اس مضمون کی بابت پورا شرح صدر ہو گیا ہے وہ یہ ہے کہ ایک معشوق فرض کیجئے کہ جو دنیا بھر کے حسینوں سے بڑھ کر جمیل ہو اور اس کے مقابلہ میں اس کا ایک عاشق تصور کیجئے جس سے بڑھ کر دنیا میں بدشکل اور بھونڈی صورت کا نہ ہو۔ اندھا ہو لنجہ ہو گنجہ ہو ناک بھی پچکی ہوئی ہونٹ بھی موٹے موٹے۔ دانت باہر نکلے ہوئے۔ کالا بھجنگ چیچک کے گہرے گہرے داغ چہرہ پر غرض کوئی عیب نہیں جو اس میں موجود نہ ہو۔ اب ایسا شخص اگر عمل حب کا کراتا پھرے کہ کسی طرح اس کا حسین و جمیل معشوق خود اس کے اوپر عاشق ہو جاوے تو کیا لوگ اس کو پاگل نہ سمجھیں گے اور کیا اس کی آرزو کو خلل دماغ ہی نہ بتلائیں گے۔ اس

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

سے بھی بڑھ کر کہیں تفاوت حضرت حق سبحانہ تعالیٰ کی شان اور ایک بندہ کی شان میں ہے۔

عزلت میں نیت کیا ہونا چاہئے اور اس میں طریق اعتدال

فرمایا کہ آج کل سلامتی عزلت اور یکسوئی میں ہے۔ ایک بزرگ کا قول کسی کتاب میں دیکھا ہے کہ عزلت میں بھی یہ نیت نہ ہونی چاہئے کہ میں لوگوں کے شر سے محفوظ رہوں بلکہ یہ نیت ہونی چاہئے کہ میں مثل سانپ بچھو کے ہوں مجھ کو الگ ہی رہنا مناسب ہے۔ تاکہ لوگ میرے شر سے محفوظ رہیں۔ اللہ اکبر سلف نے کہاں تک احتیاط عجب وغیرہ سے کی ہے لیکن آج کل ہمارے زمانہ میں ایسے نفوس کہاں ہیں جو عزلت میں یہ نیت کر سکیں کہ ہم دوسروں کو اپنے شر سے بچاویں اس لئے میں نے اس میں کچھ نیت کی ہے کہ یہ نیت کرے کہ بعض کو اپنے شر سے محفوظ رکھوں اور بعض کے شر سے اپنے آپ کو محفوظ رکھوں۔

دوسروں کے جوتے کی حفاظت میں اپنی گٹھڑی نہ اٹھوادے

فرمایا کہ آدمی دوسرے کی دنیا کے نفع کے پیچھے اپنے دین کا نقصان کر بیٹھتا ہے اور اگر دوسرے کے دین کی حفاظت میں اپنے دین کا اندیشہ ہو تو بھی اپنے دین کی حفاظت مقدم ہے۔ واقعی یہ حماقت ہی نہیں تو کیا ہے کہ دوسرے کے جوتوں کی حفاظت میں اپنی گٹھڑی اٹھوادے۔

خدمت خلق وایثار موجب مغفرت ہے۔ ان شاء اللہ

فرمایا کہ خدمت خلق بڑی چیز ہے دوسروں کی راحت کے لئے اپنے اوپر تکلیفیں برداشت کرنا آسان نہیں ہے۔ اکثر اوقات ایسا ہوتا ہے کہ گھر میں بیچاری اکیلی ہوتی ہیں اور دن دن بھر اکیلی بیٹھی رہتی ہیں لیکن اس اللہ کی بندی میں ایثار اور راحت رسانی خلق کا مادہ اس قدر ہے کہ کبھی کچھ نہیں کہتیں بلکہ کہا کرتی ہیں کہ جس میں تمہیں راحت ہو وہی کرو۔ میری وجہ سے کسی معمول میں فرق نہ ڈالو اسی شفقت وایثار کی بدولت وہ مقروض تک ہو جاتی ہیں گو میں منع ہی کرتا رہتا ہوں کہ اتنی تکلیف اپنے اوپر کیوں برداشت کرتی ہو لیکن میرا دل یہ گواہی دیتا ہے کہ ان کی مغفرت ان شاء اللہ اسی کی بدولت ہوگی۔

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

اچھے برتاؤ سے دشمن بھی دوست ہو جاتے ہیں

ایک صاحب کہیں ملازم تھے وہاں ان کی کسی سے بنتی نہ تھی وہ شکایت کر رہے تھے فرمایا کہ بھائی برتاؤ وہ چیز ہے کہ دشمن دوست ہو جاتے ہیں۔ فاذاالذی بینک و بینه عداوة کانه ولی حمیم یہ تو کلام مجید میں ہے اس میں تو کوئی بول نہیں سکتا انہوں نے شکایت کی مجھ کو وہمی کہتے ہیں فرمایا کہ بھائی مجھے بھی تو لوگ وہمی کہتے ہیں جب میں ہی برا نہیں مانتا تو تم کیوں مانتے ہو ارے بھائی مخلوق کے برا کہنے کا کیا خیال حق تعالیٰ کے ساتھ معاملہ صاف رکھنا چاہئے پھر فرمایا کہ تم ہو بڑے تیز ہر وقت نیام سے باہر ہی رہتے ہو ادھر کاٹ دیا ادھر کاٹ دیا۔ پھر ہنس کر فرمایا کہ میاں نکاح کر لو سب جوش نکل جائے گا۔

عامی کو شقوق فرض کر کے جواب دینا مضر ہے

فرمایا کہ شقوق فرض کر کے جواب دینا عامی کے لئے سخت مضر ہے کیونکہ اس کو اتنی تمیز نہیں ہوتی کہ وہ ہر شق کے جواب کو علیحدہ علیحدہ کر کے منطبق کر سکے وہ ایک شق کے جواب کو دوسرے شق پر منطبق کر لے گا۔ اس لئے پیشتر اس سے واقعہ کی صورت کو متعین کر لینا چاہئے پھر اس کا جواب بتلا دے۔

مجذوب کا حکم معذور کا ہے

فرمایا کہ مجذوبوں کا مرتبہ اللہ تعالیٰ کے نزدیک کچھ زیادہ نہیں ہوتا وہ صرف معذور ہوتے ہیں۔

حاضرات کی حقیقت

ایک صاحب نے حاضرات کا ذکر کیا کہ کسی کا واقعی لڑکا بھاگ گیا ہے اس نے حاضرات کرائی تو سب اپنے نشان بتلا دئے۔ اس پر فرمایا کہ حضرات کوئی چیز نہیں محض خیال کے تابع ہے مجھے اس کا پورے طور سے تجربہ ہے بالکل واہیات ہے جس مجلس میں حاضرات کی گئی ہوگی اس میں ضرور کوئی شخص ہوگا جو اپنے خیال میں لڑکے کو ان پتوں کی جگہ جانتا ہوگا۔

کاملین پر بھی حال غالب اور اس کا درجہ ہوتا ہے

فرمایا کہ کاملین پر حال غالب نہیں ہوتا اس کے یہ معنی ہیں کہ ایسا غلبہ نہیں ہوتا کہ

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

استقامت یعنی اعتدال شرعی سے نکل جاوے۔ باقی غلبہ تو ہوتا ہے نفی اس غلبہ کی ہوتی ہے کہ جس میں حضرت منصور سے انا الحق نکل گیا تھا دیکھئے حضور صلی اللہ علیہ وسلم پر وحی کے وقت غشی اور پسینہ کی کثرت ہوتی تھی البتہ ایسا غلبہ نہیں تھا جو کسی مطلوب شرعی میں خلل واقع کردے۔ وحی میں مثل نوم مغلوبیت ہوتی تھی لیکن کسی حالت شرعی سے تو خروج نہیں ہوتا تھا۔ باقی حالت محمودہ (مثلاً بکا وغیرہ) کا مطلق غلبہ کیسے منفی ہوسکتا ہے جبکہ نوم کا بھی غلبہ انبیاء واولیاء پر ہوتا ہے۔

انبیاءؑ کے احوال میں گفتگو نہ کرنا چاہئے

شیخ اکبر محی الدین ابن عربی نے لکھا ہے کہ انبیاء کے احوال میں گفتگو کرنا خلاف ادب ہے بعض مصنفین نے اس کی ذرا پروانہ کی خواہ اور انبیاء کی تنقیص ہی ہوجاوے۔

وسوسہ طہارت کا علاج

حضرت خواجہ صاحب نے عرض کیا کہ مجھے استنجے میں بڑے وسوسے آتے ہیں بہت دیر میں بمشکل تمام خشک ہوتا ہے ملنے سے کچھ نہ کچھ نکلتا رہتا ہے۔ فرمایا کہ ایسا ہرگز نہ کیجئے معمولی طور سے استنجا کر کے دھولینا چاہئے۔ عوارف المعارف میں لکھا ہے کہ اس کا حال تھن کا سا ہے کہ جب تک ملتے رہیں کچھ نہ کچھ نکلتا رہتا ہے اور اگر یوں ہی چھوڑ دیں تو بھی کچھ بھی نہیں۔ حضرت خواجہ صاحب نے عرض کیا کہ بعد کو قطرہ نکل آتا ہے فرمایا کہ کچھ خیال نہ کیجئے چاہے بعد کو نمازوں کا اعادہ کر لیجئے گا لیکن جب تک بہ تکلف جبر کر کے وسوسہ کے خلاف نہ کیجئے گا یہ مرض نہ جائے گا اس کی وجہ سے تو آپ بڑی تکلیف میں ہیں۔ حضرت خواجہ صاحب نے عرض کیا کہ رطوبت کی وجہ سے ایک وقت کی وضو میں دوسرے وقت کے وضو کے لئے شک پڑ جاتا ہے اور اس کی وجہ سے رومال بھی دھونا پڑتا ہے۔ فرمایا کہ نہ وضو کیجئے نہ رومال دھویا کیجئے چند روز بہ تکلف بے التفاتی کرنے سے وسوسے جاتے رہیں گے۔

تکلف و تصنع خلاف خلوص ہے

فرمایا کہ جو سوال کیا جاوے اس کا بلا تکلف صاف صاف جواب دینا چاہئے گول پیچدار الفاظ ہرگز نہ ہونے چاہئیں تکلف اور تصنع جو آج کل بطور عادت ثانیہ کے ہوگئے ہیں

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

بالکل خلوص کے خلاف اور نہایت تکلیف دہ چیزیں ہیں۔

وساوس نامہ اعمال میں بطور حسنات درج ہوں گے

ایک ضعیف العمر صاحب کا جو مرض موت میں مبتلا تھے ہجوم وساوس کی شکایت کا خط آیا حضرت نے نہایت تسلی کا خط لکھا اور تحریر فرمایا کہ وساوس سے ہرگز پریشان نہ ہوں آپ دیکھیں گے کہ یہ آپ کے اعمال میں بطور حسنات درج ہوں گے۔

فرق درمیان استغراق ونوم

فرمایا کہ استغراق مشابہ نیند کے ہے اگر بہیئت صلوۃ پر نہ ہو تو وضو ٹوٹ جائے گا اسی طرح اگر وجد اور بے ہوش ہو کر گر پڑے تو وضو ٹوٹ جائے گا۔ فرق استغراق اور نوم میں صرف یہ ہے کہ استغراق میں قلب بیدار بحق ہوتا ہے نہ کہ بیدار بہ خلق حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی نوم نعاس کی حد تک ہوتی تھی۔ نوم کی حد تک نہیں۔ اس لئے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے سونے سے وضو نہیں ٹوٹتا تھا۔

رنڈیوں کے نماز جنازہ کا حکم

فرمایا کہ مولانا شاہ عبدالعزیز صاحب سے کسی نے مسئلہ پوچھا کہ رنڈیوں کی نماز جنازہ جائز ہے یا نہیں فرمایا کہ رنڈوں (یعنی ان کے آشناؤں) کی تو نماز جنازہ پڑھتے ہو پھر دونوں میں فرق کیا ہے۔

رشوت سے معافی کا طریقہ

اس کا تذکرہ ہونے لگا کہ رشوت سے توبہ کرے تو معاف کس طرح کرائے فرمایا کہ ڈھونڈ ڈھونڈ کر اداء کرے یا معاف کرائے۔ اگر پتہ نہ چل سکے تو اشتہار چھپوائے کہ میرے ذمہ جن کے حقوق ہوں لے لے یا چھوڑ دے۔ پھر فرمایا کہ بڑا مفتی قلب ہے جب خوف ہوتا ہے تو سب تدبیریں ادائے حقوق کی سوجھنے لگتی ہیں۔

اپنے شیخ کی طرف دوسروں کو ترغیب دینے کا طریقہ

فرمایا کہ طالب کو مطلوب نہیں بنانا چاہئے اس سے بجائے نفع کے نقصان ہے امر دین

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

میں ایک درجہ تک استغناء چاہئے۔

ہر کہ خواہد گو بیاؤ ہر کہ خواہد گو برو　　دار و گیر و حاجب و درباں دریں درگاہ نیست

ہاں دین کی ترغیب عموماً دے اور کسی خاص شیخ کا نام نہ لے بلکہ متعدد بزرگوں کا نام بتلا دے کہ جہاں قلب رجوع ہو۔ اگر اپنے شیخ ہی کی ترغیب دینا ہے تو اس کا یہ طریقہ ہے کہ خود اپنی حالت کو درست کرے اور اپنے آپ کو نمونہ بنا دے پھر لوگ خود ہی پوچھیں گے کہ بھائی تم کو کس نے گڑھا ہے کس شخص کا یہ اثر ہے جب کوئی شخص خود ہی دریافت کرے تب اپنے شیخ کا پتہ بتلا دیوے باقی از خود ترغیب دینا تو استخواں فروشی ہے۔

اصل طریق میں استغنا ہے، مغلوبیت میں البتہ حکم اور ہے

ایک بار حضرت خواجہ صاحب سے فرمایا کہ آپ پر شفقت غالب ہے اور مجھ پر استغناء۔ اپنا اپنا حال ہے جیسا حق تعالیٰ نے جس پر غالب کر دیا اس کو مغلوبیت کے وقت اسی کے موافق کرنا چاہئے ایسے حال کے بدلنے کی کوشش نہیں کرنی چاہئے۔ یہ سرکاری وردی ہے اس کا بدلنا جرم ہے فوجی وردی اور ہے اور پولیس کی وردی اور ہے ایک کو دوسرے کی وردی بدلنا جرم ہے لیکن جب مغلوبیت نہ ہو تو اصول طریق کو نہ چھوڑے (یعنی استغنا کو دین کے بارہ میں)

آداب کا استعمال بدعت ہے

فرمایا کہ بجائے سلام کے آداب کہنا یا لکھنا بدعت ہے کیونکہ تغیر ہے مشروع کی البتہ بعد سلام کے اس قسم کے ادب کے کلمات لکھنے کا مضائقہ نہیں۔

آرام سے رہیں لیکن حرام سے ڈریں

فرمایا کہ ہم لوگوں کا ایسا ناپاک نفس ہے کہ بغیر آرام کے ہم کو حق تعالیٰ سے محبت نہیں ہوتی اس لئے ہمیشہ یہ کرنا چاہئے کہ آرام سے رہیں لیکن حرام سے ڈریں اب پیروں نے تو آرام کو چھوڑایا اور حرام سے نہ بچایا پھر فرمایا کہ میرے یہاں تو وہ آوے جس کو ہر وقت اپنے

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

اوپر آرے چلانے ہوں۔ قدم قدم پر خیال ہو کہ یہ کام جائز ہے یا ناجائز۔

مسجد کی چھت پر چڑھنا بلا ضرورت ممنوع ہے

فرمایا کہ فقہا نے لکھا ہے کہ مسجد پر بلا ضرورت چڑھنا بے ادبی ہے۔

ذکر کے وقت ایک معمول

فرمایا کہ ذکر کی حالت میں نہ تو اپنی طرف سے معلوم کرانے کی فکر کرے اور نہ کسی کے اعتقاد کا اپنے دل میں خیال لاوے۔ اپنا کام خالص اللہ کے واسطے کرتا رہے پھر اگر حق تعالیٰ کسی کے دل میں نیک گمان ڈال دیں تو اس کو بھی نعمت سمجھے اپنی طرف سے اس کا قصد نہ کرے۔

وسوسہ قلب کے باہر سے ہے بالقاء شیطانی

فرمایا کہ بظاہر یہی معلوم ہوتا ہے کہ وسوسے قلب ہی کے اندر سے پیدا ہوتے ہیں یہ بات نہیں ہوتی بلکہ ہوتے تو باہر ہی ہیں لیکن معلوم ایسا ہوتا ہے کہ وہ اندر ہیں اور جب قلب میں عقائد حقہ مرکوز ہیں تو ان کے خلاف خود قلب سے کیوں پیدا ہوگا خارج ہی سے آوے گا یعنی بالقاء شیطان جس طرح کسی شیشہ پر مکھی بیٹھی ہو تو ہوتی تو وہ شیشہ کے اوپر ہی ہے لیکن عکس کی وجہ سے دیکھنے میں یہ معلوم ہوتا ہے کہ اس کے اندر بیٹھی ہوئی ہے۔

مقصود مشقت مطلوب ہے اور طریق میں لایعنی اور فضول ہے

فرمایا کہ جو کام آسانی سے ہو سکے اس کو دشواری کے طریقہ سے نہیں کرنا چاہئے حدیث میں ہے ماخیر صلی اللہ علیہ وسلم بین الامرین الااختار ایسرھما یہ سلامت طبیعت کی دلیل ہے کہ ہمیشہ آسانی کی طرف جاوے جب دونوں شقیں برابر ہوں یعنی ہر طرح ثواب میں بھی مصلحت میں بھی پھر فرمایا کہ یہ آسانی کا اختیار کرنا جو مسنون ہے طریق میں ہے مقصود میں نہیں۔ جس مشقت پر شریعت نے ثواب کا وعدہ فرمایا ہے وہ تو بوجہ مقصود ہونے کے مستثنیٰ ہے جیسا کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے بعض صحابہ کو قریب مسجد مکان لینے سے منع فرمایا تھا کیونکہ دور سے آنے میں زیادہ ثواب ہے۔ اور جس پر کوئی

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

ثواب نہیں اور محض مشقت ہی مشقت ہے پھر دشوار شق کو اختیار کرنا لایعنی اور فضول ہے جیسے کسی نے کہا کہ پانی وضو کا لاؤ وہ جلال آباد سے جا کر لائے حالانکہ حوض سے بھی لا سکتا ہے۔

ریا الشیخ خیر من اخلاص المرید کے معنی

ریاء الشیخ خیر من اخلاص المرید کی بابت فرمایا کہ اس مقدمہ میں اصطلاحی ریا مراد نہیں بلکہ لغوی ریا مراد ہے یعنی کسی کام کے کرنے میں قصد تو مراءات خلق کا ہے لیکن غرض ارضاء الحق ہے۔

اپنی غلطی کی تاویل قابل نفرت ہے

فرمایا کہ اپنی غلطی کی تاویل سے مجھے سخت نفرت ہوتی ہے عذر کے ساتھ خطا چاہے پچاس دفعہ کرے لیکن وہ اتنا برا نہیں معلوم ہوتا جتنا کہ ایک مرتبہ کی تاویل۔

حرص و کبر دونوں منافی شان علم ہیں

فرمایا کہ دو چیز اہل علم کے واسطے بہت ہی بری ہیں۔ حرص اور کبر یہ ان میں نہیں ہونا چاہئے۔

امراء سے تعلق کس وقت مناسب ہے

فرمایا کہ میں امراء سے از خود تعلق نہیں پیدا کرتا اگر وہ خود تعلق پیدا کریں تو اعراض بھی نہیں کرتا اگر امرا سے تعلق کی ابتداء کی جاوے تو ان کو یوں خیال ہوتا ہے کہ کسی غرض سے ہم سے تعلق پیدا کرنا چاہتے ہیں غریبوں سے اگر شیریں کلامی سے بولئے تو نثار ہونے لگتے ہیں۔

طمع احتمالات بعیدہ نکالتا ہے

فرمایا کہ لالچ ایسی بری چیز ہے کہ سرائے میں ایک صاحب کھانا کھا رہے تھے ایک کتا آ کر کھڑا ہو گیا انہوں نے فوراً اٹھ کر جھک کر سلام کیا ان سے پوچھا گیا یہ کیا نامعقول حرکت ہے فرمانے لگے کہ سنا ہے کہ جن کبھی کتوں کی شکل میں ظاہر ہوتے ہیں۔ ممکن ہے کہ یہ کتا نہ ہو بلکہ جن ہو اور ممکن ہے کہ یہ جنوں کا بادشاہ ہو اور سلام سے خوش ہو کر ممکن ہے کہ مجھے بہت سا روپیہ دے جاوے۔ بھلے مانس نے شدت حرص سے کتنے احتمالات بعیدہ نکالے۔

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

مسلمانوں کے دو پیسہ کا نقصان بھی نہ چاہئے

فرمایا کہ میرا جی گوارا نہیں کرتا کہ ایک مسلمان کا فضول نقصان دو پیسے کا بھی ہو چنانچہ ایک مرتبہ کسی صاحب نے ایک آنہ کا ٹکٹ جواب کے لئے بھیجا حالانکہ دو پیسے کا ٹکٹ کافی تھا حضرت والا نے سخت تکلیف اٹھا کر اس کے دو ٹکٹ دو پیسے والے لئے اور ایک ٹکٹ کو اندر رکھ دیا دوسرا لفافہ کے اوپر لگایا۔

قوانین کے مقرر کرنے کا کیا سبب ہونا چاہئے

فرمایا کہ اگر اپنی اور دوسروں کی سہولت کے لئے کوئی شخص قوانین مقرر کر لے تو گناہ بھی نہیں مگر تکبر اس کا سبب نہ ہو کچھ مصلحت اور ضرورت اس کا سبب ہو۔

تعلیم طفلاں کس وقت سے دلانی چاہئے

فرمایا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے سب سے زیادہ ضروری چیز کے لئے کہ نماز ہے سات برس قرار دئے تو میں یہی سمجھتا ہوں کہ یہی عمر پڑھنے کے لئے بھی مناسب ہے البتہ زبانی تعلیم اور یاد کرا دینا یہ پہلے ہی سے جاری رکھے چار برس چار دن چار مہینے اپنی طرف سے تجویز کر کے لوگوں نے اب رسم مقرر کر لی ہے۔

تربیت کے آثار

فرمایا کہ حرف شناسی کے اعتبار سے جاہل محض بھی ہو لیکن تربیت ہو تو وہ بھی کافی ہے۔ اگر تربیت نہیں ہے تو کتنا ہی بڑا عالم ہے لیکن کچھ بھی نہیں۔ تربیت وہ چیز ہے کہ ایک شخص لکھنؤ کے بادشاہ کا ذکر کرتے تھے کہ ماما گھر سے شیر خوار بچہ لائی جو نہ بول سکتا تھا نہ کچھ سمجھ سکتا تھا جس وقت بادشاہ پر اس کی نظر پڑی فوراً جھک کر سلام کیا بادشاہ نے لینے کے لئے ہاتھ پھیلا دیا اس توجہ پر دوبارہ سلام کیا ماما پاس لے آئی بادشاہ نے گود میں لے لیا۔ گود میں آ کر پھر سلام کیا۔ پھر گود میں وہی بچہ کھیلنا کودنا شروع کر دیا دیکھنے والوں کو حیرت تھی کہ ایک شیر خوار بچہ کی یہ حالت۔

معاصی قابل ترک ہیں نہ کہ لذات جسمانیہ

مثنوی شریف میں ہے کہ اگر بچہ کو ماں کی پستان نہ چھڑوائی جاوے تو وہ عمر بھر دودھ ہی

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

پیتار ہے اور اس کا معدہ کبھی مقویات کے کھانے کا متحمل نہ ہو سکے۔ اسی طرح شیخ اگر لذات جسمانیہ نہ چھوڑاوے تو غذائے روحانی کا کبھی متحمل نہ ہو۔ اس پر عرض کیا گیا کہ حضور تو پستان بھی نہیں چھڑواتے یعنی لذات جسمانیہ کو بھی ترک نہ کراتے بلکہ انہماک کو منع فرماتے اس پر فرمایا کہ میں پستان کو نہیں چھوڑواتا لیکن سپستان چھڑواتا ہوں یعنی سگ پستان (مقامی سپستان دراصل سگ پستان ہے چونکہ لسوڑھے کے موٹے موٹے دانے ایسے ہی ہوتے ہیں جیسے پستان سگ اس لئے اس کو سگ پستان کہتے ہیں سگ پستان کا مخفف سپستان کرلیا سپستان میں لزوجت ہوتی ہے اس لئے مثال معاصی سے بہت مناسبت ہے۔

گناہ چھڑوانے کے مختلف طریقے

فرمایا کہ شیوخ مباحات میں تو قلیل قلیل چھوڑاتے ہیں مگر معاصی میں قلیل قلیل کسی نے نہیں چھوڑایا لیکن میں تو وعظ میں یہ کہہ دیتا ہوں (اللہ تعالیٰ معاف کرے نیت بری نہیں) کہ ایک گناہ تو وہ ہیں کہ جن کو اگر چھوڑ دیا جاوے تو آپ کو کوئی تکلیف نہ پہنچے مثلاً ڈاڑھی منڈانا ٹخنہ ڈھکنا۔ اگر ان کو چھوڑ دے تو کوئی کام تو نہیں اٹکتا ایسوں کو تو فوراً چھوڑ دینا چاہئے اور بعضے ایسے ہیں کہ جن کے چھوڑنے کے بعد کچھ کلفت و تنگی ہو مثلاً رشوت لینا کہ صاحب بال بچے بہت ہیں اتنی تنخواہ میں گزر ہو نہیں سکتی تو ایسے گناہوں کے بارہ میں تو کہہ دیتا ہوں کہ رفتہ رفتہ ہی چھوڑ دو۔ نیت یہ ہوتی ہے کہ کسی طرح تو چھوڑ دیں جن سے ایک دم چھڑوانے کی امید نہیں بلکہ اگر ان پر اس کا زور ڈالا جاوے تو وہ تمام عمر بھی نہ چھوڑیں اور ایک طریقہ گناہوں کے چھوڑنے کا یہ بتلایا کرتا ہوں کہ مکان میں کیواڑ بند کر کے سوتے وقت روز حق تعالیٰ سے دعا کیا کرو یا اللہ میں بڑا کمبخت ہوں نالائق اور پاجی ہوں غرض خوب سخت سخت الفاظ اپنے لئے استعمال کر کے کہو کہ یا اللہ میری ہمت تو ان کے ترک کے لئے کافی نہیں آپ ہی مدد فرمائیں یہ ترکیب کر کے دیکھو ان شاء اللہ ایک ہی دو ہفتہ میں سب گناہ ختم مگر کوئی کرتا ہی نہیں جیسے لڑکا سبق یاد نہ کرے اور میاں جی سے کہے کہ تمہیں سبق یاد کرلیا کرو۔

ذکر میں سرسری توجہ کافی ہے

ایک ذاکر صاحب سے فرمایا کہ ذکر میں سرسری توجہ کافی ہے زیادہ کاوش نہ کرے اس میں تعب

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

اور پریشانی ہوتی ہے اور نفع کم ہوتا ہے۔ جمعیت کو نفع میں بڑا دخل ہے پریشانی نفع کے لئے مزاحم ہے۔

حضرت والا کا طرز تربیت

فرمایا کہ میری بیعت کے لئے کوئی لمبی چوڑی شرطیں نہیں بس صرف یہ ہے کہ جس طرح میں چاہوں اس طرح چلے اور میں کوئی دشوار کام بھی نہیں بتلاتا میں مجاہدہ بھی نہیں کراتا۔ رات کو جگاتا نہیں کھانا پینا کم نہیں کراتا۔ بس تھوڑا سا ذکر بتلا دیتا ہوں اس کو دوام کے ساتھ کرے اور معاصی کو بالکل چھوڑ دے اور عادات کی اصلاح کرے اور عادات کی اصلاح کا بس خلاصہ یہ ہے کہ اس کا خیال رکھے کہ کسی کو اس کے قول یا فعل سے کوئی تکلیف یا الجھن نہ ہو اور اللہ تعالیٰ کے بھروسہ پر میں یہ کہتا ہوں کہ جو شخص اتنا کرلے گا وہ ہرگز محروم نہیں رہ سکتا اب بھلا یہ بھی کوئی مشکل کام ہے۔

مسجد کے مسجد ہونے کی ایک شرط

فرمایا کہ مسجد کا مسجد ہونا اس پر بھی موقوف ہے کہ اس کا راستہ بھی وقف ہو۔

اظہار کمالات خلاف شان استغنا ہے

فرمایا کہ جو شخص اپنے اظہار کمالات میں کاوش کرے اور کوشش کرے سمجھ لینا چاہئے کہ وہ مخدوش ہے کیونکہ کامل کو اس قدر کوشش کی کیا ضرورت اس میں تو استغنا کی شان ہوتی ہے۔

شیخ زبان ہوتا ہے اور مرید کان

فرمایا کہ ایک شیخ بہت ہی کم گو تھے حضرت حاجی صاحب نے ان سے کہا کہ آپ یہ کیا کرتے ہیں لوگوں کو فیض سے محروم کرتے ہیں۔ خبر بھی ہے شیخ زبان ہوتا ہے اور مرید کان اس پر ان کو تنبہ ہوا پھر کلام فرمانے لگے۔ پھر حضرت والا نے فرمایا کہ عارف سے زیادہ گوئی کہاں ہو سکتی ہے کیونکہ اسرار لامتناہی ہیں ان کو جتنا بھی بیان کیا جاوے زیادہ گوئی ہو ہی نہیں سکتی بلکہ ہمیشہ کمی ہی رہے گی پس زیادہ گوئی کے عذر سے شیخ کو چپ نہیں رہنا چاہئے۔

جس آرام کی اجازت ہے اس کو ضرور برتے

فرمایا کہ جس آرام کی اجازت دی ہے اس کو ضرور کرنا چاہئے صرف یہ خیال رکھے کہ

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

انہماک نہ ہونے پاوے باقی اپنے اوپر سختی نہ ڈالے مثلاً غلبہ نیند کا ہے سو رہے اس کے خلاف کرنے سے بعض لوگ مرض میں مبتلا ہو گئے ہیں بعضے مجنوں ہو گئے بعضے مر گئے صحت وحیات کی بڑی حفاظت رکھنی چاہئے یہ وہ چیز ہے کہ پھر کہاں میسر۔

زندگی بڑی قدر کی چیز ہے

فرمایا کہ حضرت علیؓ سے کسی نے پوچھا کہ آپ کو یہ زیادہ پسند ہے کہ آپ بچپن میں انتقال کر جاتے اور جنت یقینی ملتی یا یہ پسند ہے کہ بالغ ہو کر خطرہ میں پڑے فرمایا کہ بالغ ہو کر خطرہ میں پڑنا پسند ہے اگر بچپن میں انتقال ہو جاتا تو اس وقت معرفت تو حق سبحانہ تعالیٰ کی نہ ہوتی اب گو خطرہ میں ہیں لیکن معرفت تو حق تعالیٰ کی نصیب ہوئی آگے جو محبوب کی مرضی ہو پھر فرمایا کہ واقعی زندگی بڑی قدر کی چیز ہے۔

عمر عزیز لائق سوز و گداز نیست　　ایں رشتہ را سوزکہ چندیں دراز نیست

اسی واسطے میرے نزدیک صحت کی حفاظت نہایت ضروری چیز ہے چاہے توفیق اعمال نافلہ کی بھی نہ ہو لیکن جب راحت اور آرام میں رہے گا تو محبت حق تعالیٰ کے ساتھ پیدا ہوگی اور انسان عبد احسان ہے جب مشاہدہ کرے گا کہ مجھے چین یا آرام دیا ضرور کشش پیدا ہوگی۔ (ف) چنانچہ استعمال نعمت کے وقت قلوب میں بے اختیار حق تعالیٰ شانہ کی محبت پیدا ہوتی ہے۔

دوسروں سے دعا کرانے کی ترغیب

فرمایا کہ حدیث شریف میں ہے کہ اپنی دعا سے زیادہ اپنے بھائی مسلمان کی دعا اس کے حق میں قبول ہوتی ہے اس لئے دوسروں سے ضرور دعا کرائے۔

بزرگوں کا فیض جانوروں پر بھی ہوتا ہے

فرمایا کہ میں نے حضرت حاجی صاحب سے سنا ہے کہ ایک بزرگ مشغول بحق بیٹھے ہوئے تھے ایک کتا سامنے سے گزرا اتفاقاً اس پر نظر پڑ گئی ان بزرگ کی یہ کرامت ظاہر ہوئی کہ اس نگاہ کا اس کتے پر اتنا اثر پڑا کہ جہاں وہ جاتا تھا اور کتے اس کے پیچھے پیچھے ہو لیتے تھے اور جہاں بیٹھتا تھا سارے کتے حلقہ باندھ کر اس کے اردگرد بیٹھ جاتے تھے ہنس کر فرمایا کہ وہ

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

گویا کتوں کے لئے شیخ بن گیا۔ پھر فرمایا کہ جن کے فیوض جانوروں پر ہوں ان سے انسان کیسے محروم ہوسکتا ہے۔ ہرگز مایوس نہ ہونا چاہئے ہاں دھن ہونی چاہئے چاہے تھوڑی ہی ہو۔

تہذیب جدید تعذیب جدید ہے

فرمایا کہ تہذیب جدید تعذیب جدید ہے اس تہذیب جدید سے بڑی تکلیف ہوتی ہے یہ اسلامی تہذیب نہیں۔

باطنی بے ادبی کی سزا باطنی ملتی ہے

فرمایا عوارف میں لکھا ہے کہ اگر باطنی بے ادبی ہوتی ہے تو اس کی سزا ملتی ہے خواہ دیر میں ملے چنانچہ ایک بزرگ کے خادم نے کسی امرد غلام کو نظر بد سے دیکھ لیا تھا ان کے شیخ نے فرمایا کہ اس کی سزا ملے گی چنانچہ ایک مدت کے بعد اس کا یہ اثر ظاہر ہوا کہ وہ کلام مجید بھول گئے۔

قبل فجر سفر کرنے میں برکت ہے

جھنجھانہ کا سفر تھا بہلی کا سفر تھا۔ نماز فجر قبل روزانہ ہوئے تھے کہ میل پر جا کر نماز فجر ادا کی۔ فرمایا کہ نماز فجر باہر چل کر پڑھنے سے وقت میں بہت برکت ہوتی ہے میرا معمول ہے کہ قبل فجر روانہ ہوتا ہوں ٹھنڈا وقت بھی ہوتا ہے ورنہ فجر کے بعد چلنے میں مصافحہ اور ملنے ملانے میں بہت وقت یوں ہی گزر جاتا ہے۔

درویشی کی حقیقت

فرمایا کہ درویشی کی حقیقت فقط سہولت طاعت و دوام ذکر ہے نہ کہ بے خودی و محویت اور کشف و کرامت۔

اس طریق میں صحت یقینی ہے گو موت ہی کے وقت ہو

فرمایا کہ نفع میں بیعت کو ذرا دخل نہیں۔ باقی کامیابی یہ حق تعالیٰ کے اختیار میں ہے جیسا کہ طبیب صرف نسخہ تجویز کرسکتا ہے اس کا استعمال مریض کے اختیار میں ہے اور صحت دینا حق تعالیٰ کے اختیار میں طبیب صحت کی میعاد متعین نہیں کرسکتا البتہ اس طریق باطن میں

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

اتنی امید ضرور دلائی جاسکتی ہے کہ مرض ظاہری میں تو کبھی مایوسی تک نوبت پہنچ جاتی ہے لیکن یہاں مایوسی ہرگز نہیں۔ صحت یقینی ہے خواہ مرتے وقت ہی نصیب ہو جاوے۔ ویسے حق تعالیٰ کا فضل ہے جلدی ہو جاوے باقی اپنی طرف سے اس بات پر آمادہ رہنا چاہئے کہ اگر مرتے وقت تک بھی کامیابی ہو جاوے تب بھی راضی ہیں۔

طالب سے انکسار کرنا خداع ہے

فرمایا کہ طالب سے انکسار کرنا یہ خداع ہے ناجائز ہے۔ اگر کوئی شخص سودا خریدنے جاوے اور ہر دوکاندار کہہ دے کہ میرے یہاں نہیں ہے تو وہ بیچارہ یوں ہی رہا۔ ہاں غیر طالب سے قسم کھا کر بھی کہہ دے کہ میں کچھ بھی نہیں ہوں اس میں کچھ حرج نہیں۔

اصل نفع حق بات کا' کانوں میں پہنچا دینا ہے

فرمایا کہ مرید کرنے کو میں نفع نہیں سمجھتا اصل نفع حق بات کا کانوں میں پہنچا دینا ہے مرید کرنا اپنے ذمہ واجب نہیں سمجھتا ہاں تعلیم کرنا ہر مسلمان کا حق ہے اور گو یہ کہنا ہے تو بڑی بات لیکن تحدیثاً بالنعمہ کہتا ہوں کہ الحمد للہ میں ایک جلسہ ہی میں خدا تک پہنچا دیتا ہوں۔ راستہ مقصود بتلا دینا خدا ہی سے ملا دینا ہے۔

بدوں مناسبت بیعت مناسب نہیں

فرمایا کہ جب تک پوری مناسبت نہ ہو جاوے بیعت نہ کرنا چاہئے جب پوری طرح راہ پر پڑ جاوے تب چاہئے مرید ہونے کے بعد پھر بے فکر ہو جاتے ہیں اور مرید ہونے کے لالچ میں تو کسی قدر اپنی اصلاح کی فکر میں مشغول بھی رہتے ہیں تاکہ جلدی مقصود حاصل ہو جاوے یہ اکثری ہے اور شیخ مبصر بعض مواقع کو اس سے مستثنیٰ بھی کر سکتا ہے۔

امراء و غرباء کیلئے شکر کا محل

فرمایا کہ امراء کو زیادہ شکر کرنا چاہئے کیونکہ ان پر حق تعالیٰ کی بہت نعمتیں ہیں اور ایک نعمت عظیمہ غرباء پر ہے کہ خدا نے موانع سے بچا کر رکھا ہے یہ بھی فرمایا کہ امراء اگر غرباء سے محبت رکھیں تو ان شاء اللہ غرباء ہی کے درجات نصیب ہو جائیں گے چنانچہ ارشاد ہے المرء مع من احب.

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

ناگواری کا باعث اکثر تکبر ہے

فرمایا کہ دوسرے سے جو شخص عداوت کرتا ہے دراصل اپنے ساتھ عداوت کرتا ہے۔ پھر فرمایا کہ دوسرے کا فعل جو ناگوار ہو تو اکثر خود اپنی کوئی صفت ہوتی ہے مثلاً تکبر جس کی وجہ سے وہ ناگواری ہوتی ہے سبب ناگواری کا دراصل اپنے اندر ہے۔ دوسرے میں اس کا ظہور ہوتا ہے۔

وہ سورتیں جو فاتحہ کے لئے افضل ہیں

استفسار پر فرمایا کہ قبر پر فاتحہ پڑھنے میں چند سورتیں جن کی خاص فضیلتیں آئی ہیں ان کو پڑھتا ہوں۔ مثلاً الحمد شریف، قل ہواللہ (اکثر بارہ مرتبہ کیونکہ ایک روایت میں بارہ مرتبہ پڑھنے کی خاص فضیلت آئی ہے) الھاکم التکاثر اذا زلزلت قل یا ایھاالکافرون. قل اعوذ برب الفلق قل اعوذ برب الناس سورہ ملک سورہ یاسین پھر فرمایا کہ قبلہ کی طرف پشت کر کے فاتحہ پڑھنا چاہئے تاکہ مردہ کا مواجہ ہو۔

قبر پر نشان کے لئے سادی سل کافی ہے

فرمایا کہ قبر کے نشان کے لئے صرف ایک سادی سل پتھر کی سرہانے کھڑی کر دے بس اتنی علامت کافی ہے۔

جنت میں خواص طبیعت کا مدار

فرمایا کہ جنت میں یہاں کی فطرت نہیں رہے گی۔ اعمال کے اعتبار سے آثار و خواص طبیعت کے ہو جاویں گے۔

عورتوں کی دو صفات قابل تعریف ہیں

فرمایا کہ عورتیں قابل تعریف و ترحم ہیں ان میں دو صفات تو ایسی ہیں کہ مردوں سے بھی کہیں بڑھی ہوئی ہے۔ خدمتگاری اور عفت۔ عفت تو اس درجہ ہے کہ مرد چاہے افعال سے پاک ہوں لیکن وسوسوں سے کوئی بھی شاید خالی ہو اور شریف عورتوں میں سے اگر سو کو لیا جاوے تو شاید سو کی سو ایسی نکلیں گی کہ وسوسہ تک بھی ان کو عمر بھر نہ آیا اسی کو حق تعالیٰ فرماتے

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

ہیں۔ المحصنات الغافلات

عظمت حق پر نظر کر کے ہماری نماز کامل ہو ہی نہیں سکتی

ایک بیمار صاحب نے بار بار اپنی سخت مجبوری نماز سے ظاہر کی کہا کہ کپڑے ناپاک رہتے ہیں فرمایا کچھ حرج نہیں ناپاک کپڑوں ہی سے نماز ہو جاتی ہے اگر پاک کرنے میں زیادہ زحمت مریض کو ہو۔ کہا کہ حرکت بھی نہیں کی جاتی فرمایا کہ اشارہ سے لیٹے لیٹے پڑھو کہا کہ زبان سے الفاظ نہیں نکلتے فرمایا کچھ حرج نہیں دل ہی دل میں کہہ لیا کرو۔ نماز کسی حال میں معاف نہیں (اگر ہوش رہے) اس کی بڑی سخت تاکید ہے یہاں تک کہ اگر سمندر میں ڈوب رہا ہو اور نماز کا وقت آ گیا ہو تو نیت باندھ کر ڈوب جاوے لیکن جہاں اس قدر تاکید ہے وہاں سہولت بھی بے انتہا رکھی گئی ہے۔ ان باتوں سے بھی ان مریض صاحب کو تسلی نہ ہوئی اور وہ یہی کہتے رہے کہ نماز ایسی حالت میں کیسے ہو سکتی ہے فرمایا کہ یہ رائے کی خرابی ہے یوں سمجھتے ہیں کہ اس طرح نماز ناقص ہو گی حالانکہ حق تعالیٰ کے حقوق اس قدر ہیں کہ ان کے سامنے ہماری نماز کامل کبھی ہو ہی نہیں سکتی۔ لوگ یوں سمجھتے ہیں کہ اگر کپڑے پاک صاف ہوں وضو وغیرہ سب باقاعدہ ہوں خشوع و خضوع ہو تو نماز بڑی کامل ہو گی۔ میں کہتا ہوں کہ عظمت حق کے اعتبار سے وہ بھی ناقص ہی ہو گی۔ پھر جب ہر حال میں ناقص ہی ہوئی تو اس طرح پڑھنے سے کیوں جی بھلا نہیں ہوتا۔

اپنے عجز کا مشاہدہ بڑی دولت ہے

ایک صاحب نے عرض کیا کہ پہلے حالت اچھی تھی اب سب خراب ہو گئی ہے فرمایا کہ میری رائے میں تو جو حالت اچھی سمجھی جاتی تھی وہ بری تھی کیونکہ اس کو اچھا سمجھنا ہی برا تھا اور یہ حالت جس کو آپ خراب سمجھتے ہیں اس پہلی حالت سے اچھی ہے کیونکہ اس کے ساتھ یہ کتنی بڑی دولت ہے کہ اپنے عجز کا مشاہدہ ہو رہا ہے۔

توجہ قبر و توجہ متعارف کا فرق

فرمایا کہ تعلیم کا فیض زندہ شیخ سے ہوتا ہے اور مردہ شیخ کی قبر سے صرف تقویت نسبت کی ہوتی ہے اور قبر سے فیض حاصل کرنے کا طریقہ یہ ہے کہ یوں تصور کرے کہ اس کے قلب

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

سے فیض میرے قلب میں آ رہا ہے مردہ کو خواہ بیٹھا ہوا تصور کرے یا لیٹا ہوا جس میں سہولت ہو جتنی زیادہ کہ توجہ متعارف (یعنی تصوف) میں ہوتی ہے کیونکہ قبر کی توجہ میں انفعال ہوتا ہے اور توجہ متعارف میں فعل ہوتا ہے دوسرے کے اندر اثر پیدا کرنا چاہتا ہے یہ دعوت کی صورت ہے اس میں زیادہ کدورت ہے دونوں قسم کی توجہ میں وجداناً فرق محسوس ہوتا ہے۔

شوخی علامت عدم کبر کی ہے

فرمایا کہ شوخ بچہ میں تکبر نہیں ہوتا تکبر بڑی بری خصلت ہے۔

کھانے کے وقت کلی اور ہاتھ دھونا کس طرح سنت ہے

فرمایا کہ کھانے کی نیت سے ہاتھ دھونا سنت ہے اور دونوں ہاتھ دھونا سنت ہے اور رومال وغیرہ سے پونچھنا نہیں چاہئے۔ البتہ بعد کھانے کے جو ہاتھ دھوئے ان کو پونچھے اور قبل کھانے کے صرف ہاتھ دھوئے کلی نہ کرے سنت یہی ہے۔ البتہ بعد کھانا کھانے کے ہاتھوں کو دھونے کے بعد کلی بھی کر کے منہ کو صاف کر لے۔

مباح امور کے خیالات وقایہ ہیں معاصی کے خیالات سے

فرمایا کہ مباح امور کے خیالات وسوسے تاہم غنیمت ہیں اگر ان سے دل خالی ہو جاوے تو پھر معاصی کے خیالات آنے لگتے ہیں یہ مباح خیالات وقایہ ہیں معاصی کے خیالات کے لئے البتہ جب حق تعالیٰ ذکر کا غلبہ فرمائیں گے تب یہ بھی جاتے رہیں گے۔

تسلی دینے سے سلوک جلد طے ہوتا ہے

فرمایا کہ تسلی سے جس قدر سلوک طے ہوتا ہے کسی سے نہیں ہوتا۔ اور اس سے حق تعالیٰ کے ساتھ تعلق اور محبت پیدا ہوتی ہے۔ الحمدللہ مجھ کو محبت حق پیدا کرنے کا بہت اہتمام رہتا ہے۔

کشف۔ فراست و عقل کا باہمی فرق

فرمایا کہ فراست جس سے طالب کے امراض باطنی معلوم ہو جاتے ہیں وہ کشف نہیں ہے کشف تو یہ ہے کہ جیسے کوئی شخص راستہ میں آ رہا ہے اس کو یہیں بیٹھے دیکھ لیا اور پھر بعد میں

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

وہ آ بھی گیا۔ فراست دل کی گواہی دینے کو کہتے ہیں اس کو الہام کہنا زیادہ مناسب ہے۔ فراست اور عقل باہم مشابہ ہیں۔ عقلاء کو بھی عقل کے ذریعہ سے باتیں معلوم ہو جاتی ہیں لیکن عقل اور فراست میں یہ فرق ہے کہ عقل تو اسباب ظاہری سے استدلال کرتی ہے اور فراست محض وجداناً محسوس کرتی ہے۔

دعا ضرور قبول ہوتی ہے

فرمایا کہ سچ کہتا ہوں کہ جو دعا دل سے کی کبھی نہیں یاد کہ قبول نہ ہوئی ہو ضرور قبول ہوتی ہے اگر کوئی دعا قبول نہیں ہوتی ہے تو اس میں اپنی ہی کوتاہی ہوتی ہے میں نے تو ہمیشہ تجربہ کیا ہے۔

کام میں لگنے والے کے لئے دعا دل سے نکلتی ہے

فرمایا کہ چونکہ میں دعا کو معین سمجھتا ہوں تدبیر کا اس لئے جس کو کام میں مشغول دیکھتا ہوں خود بخود جی سے دعا نکلتی ہے ورنہ دو تین مرتبہ کر کے بس فرض سا اتار دیا۔

امتیاز و التجا سے بچنا چاہئے

فرمایا کہ گارڈ سے اسٹیشن آنے کے قبل گاڑی ٹھہرانے کے لئے کہنا جائز ہے کیونکہ کمپنی کا اس میں کچھ بھی ضرر نہیں لیکن التجا کرتے شرم معلوم ہوتی ہے پھر یہ بھی ہے کہ امتیاز کی بات سے طبیعت منقبض ہوتی ہے۔

لایعنی فضولیات سے عذر چاہئے

مجھے حکایات و روایات سے سخت نفرت ہے لوگ خواہ مخواہ ادھر ادھر کے قصے بیان کرتے ہیں اور میرا وقت ضائع کرتے ہیں بعض مرتبہ مروت میں کچھ کہتا نہیں کام کی باتوں میں لگنا چاہئے میرے سامنے کوئی جنگ وغیرہ کے حالات چھیڑتا ہے تو میں تو یہ کہہ دیتا ہوں کہ بس جناب۔

ماقصہ سکندر و دارا نخواندہ ایم　　از ما بجز حکایت مہر و وفا مپرس

جائیداد فساد کی جڑ ہے

فرمایا کہ جائیداد ہے فساد کی جڑ۔ حدیث شریف میں ہے کہ اگر جائیداد بنچو تو اس روپیہ

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

سے فوراً دوسری خرید لو اور ایک حدیث میں ہے کہ اے عائشہ جائیداد مت خریدو تم دنیا دار ہو جاؤ گی۔ ان دونوں حدیثوں کے مجموعہ سے مفہوم ہوا کہ اگر جائیداد موجود ہو تو اس کو جدا نہ کرے اور نئی جائیداد خریدے نہیں۔

رسمی دینے لینے کی تحقیق

ایک صاحب نے رسمی دینے لینے کی بابت عرض کیا کہ اگر یہ بند کر دیا جاوے تو مغائرت پیدا ہو جاوے فرمایا کہ جو رسمی دینا لینا ہوتا ہے اس کے آثار و نتائج سے معلوم ہوتا ہے کہ محبت بڑھاتا نہیں بلکہ کم کرتا ہے۔ جو دیتے ہیں اکثر دباؤ سے رہتے ہیں دوسرے یہ کہ ملنا جلنا کم ہو جاتا ہے کیونکہ جب تک پاس نہ ہو ملنے کیا جائیں دینا ضروری سمجھتے ہیں اس لئے اس کو موقوف کرنا چاہئے اور اگر دینا ہو تو تقریبات کے موقعہ پر نہ دے وقت ٹال کر دے جب توقع نہ رہے بلا توقع دو روپیہ بھی ملتے ہیں تو بہت خوشی ہوتی ہے اور محبت بڑھتی ہے صمیم قلب سے مسرت ہوتی ہے۔ طبیعت اندر سے کھل جاتی ہے اور اگر رسم کے طور پر دیا تو صرف انتظار کی کلفت رفع ہوئی گویا عذاب سے نجات ہوئی دوزخ سے تو نجات ہوئی لیکن جنت نہیں ملی۔

اہل علم کے اموال کے لینے دینے میں بہت احتیاط چاہئے

فرمایا کہ اہل علم کو اموال کے باب میں بہت احتیاط چاہیے لینے میں بھی اور دینے میں بھی، میرے یہاں تو لینے کے بھی شرائط ہیں کہ ایک معتد بہ مدت تک ملتے جلتے رہنے سے دل خوب مل گئے ہوں اور بے تکلفی ہو گئی ہو۔ ایک دفعہ میں ایک دن کی آمدنی سے زیادہ ہدیہ نہ ہو۔ دو ہدیوں کے درمیان کم از کم ایک ماہ کا فصل ہو۔ اور پابندی کے ساتھ نہ دے خرچ بھی خواہ مخواہ نہیں کرتا بلکہ قریب قریب سال بھر کا خرچ اپنے پاس جمع رکھتا ہوں مہمانوں میں بھی عرف کا پابند نہیں ہوں جن کے ساتھ جیسی خصوصیت ہوئی اس کے ساتھ ویسا برتاؤ کیا گیا۔ کسی کو گھر بلا کر کھلایا کسی کو پیسے بھیج دیئے کہ بازار سے لیکر کھالیں کسی کو کچھ بھی نہیں۔ ظاہر ہے کہ شرائط کی پابندی نہ ہو سکے اب مجھ سے کسی بڑے سے بڑے ہدیہ کے واپس کر دینے میں وسوسہ بھی نہیں ہوتا۔ جبکہ میرے شرائط کے موافق نہ ہو بس بے دھڑک

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

خلاف شرائط ہدیہ لو واپس کر دیتا ہوں وسوسہ بھی نہیں آتا کیونکہ کیا سال بھر تک کچھ نہ آوے گا۔ اس سے بہت اطمینان رہتا ہے۔

محل اخراجات کو خوب سوچ سمجھ کر خرچ کرنا چاہیے

فرمایا کہ جس طرح روپیہ کے آنے سے حظ ہوتا ہے اسی طرح مجھے روپیہ زیادہ ہو جانے کی حالت میں خرچ کرنے میں بھی حظ ہوتا ہے اور ضعف قلب سے زیادہ چیزوں کا ملک ہونا بھی گراں ہوتا ہے۔ ایک مرتبہ سفر میں فتوحات سے ایک ہزار روپیہ جمع ہو گیا میں نے پانچ سو کی سونے کی چوڑیاں گھر کے لوگوں کیلئے بنوائیں اور پانچ سو ان کو نقد دیا اس میں ایک مصلحت تھی وہ یہ کہ میں نے اپنا مکان گھر کے لوگوں کو مہر میں دیدیا ہے ان سے تو ظاہر نہیں کیا لیکن بجائے کرایہ کے میں نے وہ چوڑیاں بنوادیں کیونکہ میں ان کے مکان میں رہتا تھا حل جزاء الاحسان الخ کی بناء پر۔

حق مہر کے متعلق ایک مسئلہ

فرمایا کہ اگرچہ عورت مہر معاف کر دے لیکن پھر بھی ادا کر دے کیونکہ یہ غیرت کی بات ہے کہ بلاضرورت عورت کا احسان لے۔

تعلیٰ آمیز حکایات جو سالکین کے لئے بہت مفید ہوتی ہیں

ذیل میں چند حکایتیں درج کی جاتی ہیں جس میں سے معلوم ہوگا کہ حضرت والا سالکین کی کس قدر تسلی فرماتے ہیں جو بے حد معین ہو جاتی ہیں حق تعالیٰ کی محبت و تعلق پیدا کرنے میں۔

۱- ایک صاحب جن کو حق تعالیٰ نے بڑھاپے میں علم دین کا شوق عطا فرمایا تھا حضرت سے تفسیر جلالین شریفین پڑھتے تھے ایک موقعہ پر کسی بات کے نہ سمجھنے پر انہوں نے بطور معذرت عرض کیا کہ یہ میری جہالت ہے حضرت نے فوراً کس لطف کے ساتھ ان کی تسلی فرمائی کہ جی نہیں جہالت کیوں ہوتی چہ حالت ہے (یعنی کیسی اچھی حالت ہے)

۲- ایک بار حضرت خواجہ صاحب نے عرض کیا کہ حضرت جو کچھ صفائی باطنی حضور کی محبت سے لے کر جاتا ہوں مکروہات دنیا میں پہنچ کر پھر سب غتر بود ہو جاتی ہے فوراً فرمایا کہ جی کیا مضائقہ ہے آپ اپنے کپڑے میلے کر ڈالتے ہیں دھوبی انہیں دھو دیتا ہے آپ پھر

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

میلے کر ڈالتے ہیں دھوبی انہیں پھر دھو دیتا ہے۔

۳- ایک بار جناب خواجہ صاحب نے عرض کیا کہ حضرت ایک تو مریض ہوتا ہے معمولی زکام کھانسی جاڑا بخار کا اور ایک ہوتا ہے تپ دق کا مریض۔ احقر تپ دق کا مریض ہے اور بہت زیادہ توجہ کا محتاج فرمایا کہ مبارک ہو یہ نسبت باطنی ہے کیونکہ نسبت باطنی بھی تپ دق کے مشابہ ہوتی ہے جو گوشت پوست اور ہڈیوں تک سرایت کر جاتی ہے یہی خاصہ تپ دق کا ہے۔

۴- ایک بار عرض کیا کہ حضرت قلب عجب ڈانواں ڈول حالت میں رہتا ہے فرمایا اصلی قلب تو آپ ہی کا ہے کیونکہ قلب تو اسی کو کہتے ہیں جو ایک حالت پر نہ رہے

۵- ایک عریضہ میں لکھا تھا کہ سخت الجھن ہوتی ہے تحریر فرمایا کہ یہ الجھن مقدمہ ہے سلجھن کا ان مع العسر یسراً۔ کیونکہ قبض آمد تو درد ہے۔ بسط ہیں۔

۶- ایک صاحب نے اپنی حالت تحریر کی تھی جس میں تلوین کی شکایت درج تھی کیا بلیغ جواب تحریر فرماتے ہیں کہ مجموعی حالت قابل شکر ہے جس کے سب اجزاء ایک ہی دریائے محبت کی موجیں ہیں جن کی حرکت بھی پر بہار اور سکون بھی موجب قرار۔ مبارک دل و جان سے دعا کرتا ہوں کام میں لگے رہئے

۷- ایک شخص کو تحریر فرمایا تھا سب حالات محمود ہیں صرف تلوین کا تمکین سے مبدل ہونا باقی ہے سو ان شاء اللہ اسی طرح ہو رہے گا۔ ہانڈی میں کیسے کیسے جوش اٹھتے ہیں اور یہ سب علامات ہیں اس کے قطع منازل کی تکمیل کی طرف پھر آخر میں خود کیسا سکون ہو جاتا ہے یہ اس کی تمکینی حالت ہے۔ کلیۂ احزاں شود روزے گلستاں غم مخور۔

خالی گانا بطور خود تنہائی میں جیسا کہ آپ نے لکھا ہے کچھ مضائقہ نہیں۔ کہ نوشید جوشید مستی کند۔

یہ بھی تحریر تھا اس شخص کے خط میں کہ حضور کے تذکرہ میں اپنے باطنی حالات بھی کہہ ڈالتا ہوں جو بحیثیت اظہار اسرار کے مضر ہے اس کی بابت تحریر فرماتے ہیں کہ کسی ناکارہ کے تذکرہ میں اگر اپنا اظہار حال ہو جاوے تو چونکہ بقصد نہیں اس لئے مذموم نہیں کہ عشق و مشک را نتوان نفتن

۸- ایک بار عدم انضباط اوقات کی شکایت پر تحریر فرمایا کہ حالت موجودہ ہی میں آپ کو کامیابی کی بشارت دیتا ہوں ان شاء اللہ آپ ہرگز محروم نہ رہیں گے اس قول کی دلیل یہ ہے۔

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

اندریں رہ می تراش دمی خراش　　تادم آخر دمے فارغ مباش
تادم آخر دمے آخر بود　　کہ عنایت باتو صاحب سر بود
کوئے نامیدی مرد کامید ہاست　　سوئے تاریکی مرد خورشید ہاست

۹-ایک عریضہ کے اخیر میں طوالت عریضہ کی معذرت چاہی تھی تو تحریر فرمایا کہ کہیں طول زلف محبوب بھی کسی کو ناگوار ہوتا ہوا دیکھا ہے۔

۱۰-مولوی ظفر صاحب کو ایک بار تحریر فرمایا برخوردار اپنی حالت کو نہ دیکھو کرم حق کو دیکھو۔ حالت تو کسی کی بھی کامیابی کے لئے کافی نہیں اطمینان رکھو ان شاء اللہ کامیابی یقینی ہے۔

۱۱-حضرت خواجہ صاحب ڈپٹی کلکٹری کے امتحان کی مصیبت میں تھے چونکہ دلچسپی نہ تھی اس لئے کامیابی نہایت دشوار تھی۔ایک عریضہ میں پریشانی کا اظہار کیا۔تو تحریر فرمایا کہ ہمت نہ ہاریئے دلجمعی کے ساتھ گو ناگوار ہو کوشش کیجئے حیف باشد دل دانا کہ مشوش باشد۔ امتحان کو ضرور پاس کر لینا چاہئے تا کہ اہل دنیا کی نظر میں ذلت نہ ہو۔اس مردار دنیا کو حاصل کر لینے کے بعد چھوڑنا چاہئے۔تارک الدنیا ہونا چاہئے نہ کہ متروک الدنیا

۱۲-ترک ملازمت کے لئے بہت مرتبہ حضرت خواجہ صاحب نے عرض کیا لیکن کبھی مشورہ نہیں دیا بلکہ اکثر یہ شعر فرمایا۔

چونکہ برمیخت بہ بندوبستہ باش　　چوں کشاید چابک و برجستہ باش

اخیر میں تبدیل محکمہ کا مشورہ دیا۔اکثر فرمایا کہ اگر کوئی شخص ناجائز نوکری میں مبتلا ہو تو اس کو یک لخت ملازمت ترک نہ کر دینا چاہئے بلکہ کسی اور ذریعہ معاش کے فکر میں رہے اور جب کوئی حلال ذریعہ میسر آجاوے فوراً چھوڑ دے اس سے پہلے ہرگز نہ کرے۔

کیونکہ اب تو ایک ہی بلا میں مبتلا ہے جب کوئی ذریعہ معاش نہ رہے گا تو سینکڑوں بلاؤں میں مبتلا ہو جاوے گا۔ایں بلا دفع بلاہائے بزرگ۔اگر برابر حلال ذریعہ کی فکر میں رہے گا اور توبہ استغفار کرتا رہے گا تو امید ہے کہ مواخذہ بھی نہ ہوگا۔

۱۳-ایک مرتبہ حضرت خواجہ صاحب نے چند غزلیات تصنیف کر کے حضرت والا کی خدمت میں ارسال کی تھیں اور اس تصنیف میں تضیع اوقات کی بھی شکایت کی تھی اس پر حضرت

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

والا نے یہ جواب تحریر فرمایا تھا۔ نثر میں لطف نظم کا پیدا کیا تھا۔ غزلنامہ جو کشف استعداد فطری کے اعتبار سے ازلنامہ ہے پہنچ کر وجد وطرب میں لایا۔ خدا تعالیٰ آپ کے سب مقاصد پورے فرما دے خیر اضاعۃ وقت میں بھی اطاعت بخت کا مسئلہ حل ہوا کہ انسان تقدیر حق کے سامنے عاجز ہے کہ ارادہ تو کیا تھا ضبط اوقات کا اور ہو گیا خبط اوقات انشاء اللہ اس مسئلہ کا منکشف ہونا بھی ترقی کا زینہ ہوگا علی سجاد صاحب کا بھی ماشاء اللہ سجادہ رنگین ہونے لگا آشفتہ وآشفتہ کن اشرف علی۔

نظر کی دو قسم

فرمایا کہ ایک نظر تو محبت کی خوردبین ہوتی ہے جس سے چھوٹا ہنر بھی بڑا نظر آتا ہے۔ اسی طرح ایک نظر خوردہ بین ہوتی ہے جس سے چھوٹا عیب بھی بڑا دکھائی دیتا ہے۔

دوسرے پر ہنسنے کی خرابی

فرمایا کہ دوسروں پر ہنسنا نہ چاہئے اکثر دیکھا ہے جو جس پر ہنسا خود اس عیب یا مصیبت میں مبتلا ہوا۔

بالکل مامون ہو جانا کفر ہے

فرمایا کہ دیوبند میں طالب علمی کے زمانہ میں مجھ پر ایک مرتبہ خوف غالب ہوا۔ بعد مغرب حضرت مولانا محمد یعقوب صاحب رحمۃ اللہ علیہ کی خدمت میں حاضر ہوا اور عرض کیا کہ حضرت کوئی ایسی بات فرما دیجئے جس سے اطمینان ہو جاوے کہ ہاں خاتمہ ٹھیک ہو جائے گا فوراً فرمایا کہ نہیں کفر کی درخواست کرتے ہوئے بالکل مامون ہو جانا کفر ہے۔

لحاظ و وجاہت سے کام لینا مناسب نہیں

فرمایا کہ آج کل اکثر لحاظ سے کام نکالا جاتا ہے میں اس کو پسند نہیں کرتا بلکہ جو میرا لحاظ کرتا ہے اس سے مجھے اور بھی شرم آتی ہے کہ اس کے اوپر اپنی وجاہت کا دباؤ ڈال کر کام نکالوں اور میں ایسی جگہ جہاں مجھ کو وجاہت کے اثر کا ذرا گمان ہو کچھ کہتا کہ دباؤ نہ پڑے اور جگہ تو وجاہت کے لئے باعث ہوتی ہے اور میرے لئے وجاہت سخت مانع ہوتی ہے اکثر بالکل چپ ہو جاتا ہوں۔

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

اختلاط صدہا مفاسد کی جڑ ہے

فرمایا کہ میرے یہاں بے تعلقی محاسن میں سے سمجھا جاتا ہے اور اختلاط (یعنی خلط ملط) جرائم میں سے ہے کیونکہ ملنے جلنے میں ہزارہا مفاسد ہیں بس اپنے اپنے کام میں مشغول رہنا چاہئے۔

وجد وگریہ قابل اعتبار نہیں

فرمایا کہ وجد وگریہ اکثر ضعف قلب کی وجہ سے ہوتا ہے۔ یہ کوئی ایسی قابل اعتبار چیز نہیں کہ اس کی فکر میں رہے۔

تقریبات کی شرکت مناسب نہیں

حضرت والا شرکت تقریبات سے (گو رسوم سے خالی ہوں) اجتناب فرماتے ہیں اول تو یہ کہ پھر سب یہی خواہش کرنے لگیں اور ترجیح کی کوئی وجہ نہ ہوگی اتنی فرصت بھلا کہاں۔

دوسرے یہ کہ پیشتر سے تو یہ معلوم نہیں ہوتا کہ کس طریقہ سے تقریب ہوگی گو وعدہ یہی ہو کہ کوئی رسم نہ ہوگی کیونکہ بہت سی ایسی باتیں گھروں کے اندر ہو جاتی ہیں جن کو معمولی سمجھا جاتا ہے حالانکہ وہ دراصل رسمیں ہی ہوتی ہیں لہذا دیکھنے والوں کو سند ہوگی کہ حضرت مولانا خود بھی شریک تھے۔

لڑکوں کی نگرانی کا خیال

فرمایا کہ جس کے سر پر کوئی بڑا ہو اس سے پوچھ کر سب باتیں کرنی چاہئیں یہ تاکید لڑکوں کو رکھنی چاہئے۔ حضرت اس کا بیحد انتظام رکھتے ہیں مدرسہ کے لڑکوں کو آپس میں بات چیت کرنے ہنسنے بولنے کی سخت ممانعت ہے کچھ دنوں ایک صاحب کو اسی بات کے لئے تنخواہ پر ملازم رکھا تھا کہ وہ جہاں لڑکوں کو کسی سے ہنستا بولتا دیکھیں فوراً لکھ لیں۔

خدمت لینے کی شرائط

فرمایا کہ میں نے نہ کسی کی خدمت کی نہ کسی سے خدمت لی۔ بزرگوں کی بھی خدمت نہیں کی یہ اپنی اپنی عادت ہے مجھ کو عادت ہی نہیں ہوئی۔ ہاں ایسوں سے خدمت لے لیتا ہوں جن کو یہ بھی

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

معلوم نہ ہو کہ خدمت کر رہے ہیں نہ اس کو گمان خصوصیت کا ہو نہ دوسروں کو کہ بھائی یہ مقرب ہے۔

بزرگوں سے ردوکد خلاف ادب ہے

فرمایا کہ جس سے عقیدت ہو اس سے سوال و جواب کی نوبت نہ آنے دینا چاہئے بلکہ اس کی رائے و مشورہ کے سامنے اپنی رائے کو فنا کر دینا چاہئے بزرگوں کے سامنے ردوکد کرنا بالکل خلاف ادب ہے۔

ایذا سے سخت حذر ہونا چاہئے

فرمایا کہ نشست و برخاست سب میں اس امر کا خیال رکھنا چاہئے کہ کسی کو تکلیف یا تنگی تو نہیں ہوتی گول بات ہرگز نہیں کہنی چاہئے۔ سوال کو خوب سمجھ کر پورا اور صاف جواب دینا چاہئے تاکہ دوسرے کو بار بار نہ پوچھنا پڑے۔ ایک بار فرمایا کہ اپنے کھانے کا بار ہرگز دوسرے پر نہ ڈالے۔

مشغول کو متوجہ کرنا بے ادبی ہے

فرمایا کہ جب گفتگو میں یا اور کسی کام میں کوئی مشغول ہو تو آنے والے کو چپکے بیٹھ جانا چاہئے یہ نہیں کہ بیچ میں سلام کر کے لٹھ سا آ کر مار دیا مصافحہ کرنے لگے بدتہذیبی کی بات ہے اور ایذا کا سبب ہے۔

پرچہ دینے کا طریقہ مشغول کو

بعد عصر ایک صاحب نے حضرت کے ہاتھ میں پرچہ دینا چاہا اور سامنے پیش کر کے اس انتظار میں لئے بیٹھے رہے کہ حضرت خود اپنے ہاتھ میں لے لیں فرمایا کہ کیا ہاتھ میں دینا فرض ہے اور کوئی طریقہ دینے کا نہیں۔ کچھ دیر کے بعد انہوں نے زمین پر رکھ دیا فرمایا غنیمت ہے عقل تو آئی۔

رومال کندھے پر ڈال کر نماز پڑھنا مکروہ ہے

فرمایا کہ کندھے پر رومال ڈال کر نماز نہ پڑھنا چاہئے کہ یہ ہیئت خارج من الصلوٰۃ کی ہے۔

بزرگوں سے حسن عقیدت چاہئے

فرمایا کہ اہل اللہ کی نسبت یہ خیال کرنا کہ کون بڑا ہے کون چھوٹا ہے۔ بے ادبی ہے خدا کو معلوم ہے کہ اس کے نزدیک کون زیادہ مقبول ہے سب سے حسن عقیدت رکھنا چاہئے۔

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

ہر کام کیلئے وقت اور ہر وقت کیلئے کام مناسب ہے

فرمایا کہ ہر کام کے لئے اوقات مقرر ہیں۔ خلاف اوقات کوئی کام لیتا ہے تو سخت کلفت ہوتی ہے۔ جلوت کا وقت ظہر کے بعد سے مغرب تک ہے یہی وقت کچھ پوچھنے پاچھنے یا کہنے سننے کا ہے۔ دوسرے اوقات میں کوئی تحریری پرچہ بھی پیش کرنا گراں ہوتا ہے۔ پھر فرمایا کہ میرے اوقات ایسے گھرے ہوئے اور بندھے ہوئے ہیں کہ اگر پانچ منٹ کا بھی حرج ہو جاتا ہے تو دن بھر کے کاموں کا سلسلہ بگڑ جاتا ہے۔

انقباض شیخ مانع فیض ہے

فرمایا کہ مریض کو شیخ کے قلب کا انقباض مانع ہو جاتا ہے اس لئے مرید کو اپنے شیخ سے طالب علمی کی حیثیت سے پڑھنا نہ چاہئے۔ ہاں بلا کتاب کے بیٹھ جانا تقریر کو سننا اور سوالات نہ کرنا اس کا مضائقہ نہیں۔

خلوص خود سبب شہرت ہے

فرمایا کہ جو کام خالص اللہ کے لئے کیا جاتا ہے بلا قصد شہرت وغیرہ کے اس کی حق تعالیٰ شہرت فرما ہی دیتے ہیں۔

کشش و میلان کا علاج

فرمایا کہ کشش و میلان کا بالکلیہ زائل ہو جانا تو عادۃً ممتنع ہے البتہ تدبیر سے اس میں ایسا ضعف واضمحلال ہو جاتا ہے کہ مقاومت میں صعب نہیں رہتی اور وہ تدبیر صرف واحد میں منحصر ہے کہ عملاً اس کشش کے مقتضا کی مخالفت کی جاوے۔ گو کلفت ہو اس کو برداشت کیا جاوے۔ اسی سے کسی کو جلدی کسی کو دیر میں علی اختلاف الطبائع اس کشش میں ضعف واضمحلال ہو جاتا ہے اور کف کے لئے ہمیشہ قصد و ہمت کی ضرورت رہتی ہے مگر اس ضعف کے سبب اس قصد میں بہ سہولت کامیابی ہو جاتی ہے اور اس سے زیادہ توقع رکھنا امنیہ محضہ ہے الا ان یکون من الخوارق اس اصل سے تمام فطریات میں کام لینے سے پریشانی ھباءً منثوراً ہو جاتی ہے متبصر و متشکر۔

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

امور طبعیہ کی دو قسم

فرمایا کہ امور طبعیہ دو قسم کے ہوتے ہیں ایک تو وہ جو کسی عمل سے ناشی نہ ہوں بلکہ فطری ہوں وہ تو نہ محمود ہیں نہ مذموم اور ایک قسم امور طبعیہ کی یہ ہے کہ فطری نہ ہوں بلکہ کسی عمل سے پیدا ہوئے ہوں تو ان کے اندر یہ تفصیل ہے کہ اگر وہ کسی عمل محمود سے پیدا ہوئے ہوں تب تو محمود ہوں گے اور کسی عمل مذموم سے پیدا ہوں تو مذموم ہوں گے۔ چنانچہ حدیث میں آیا ہے کہ **اذا سرتک حسنتک وساء تک شیئتک فانت مومن** یعنی اگر نیک کام کر کے تجھ کو مسرت ہو اور گناہ کر کے تیرا جی برا ہو تو مومن ہے تو اب یہاں مسرت جو ہے وہ ایک طبعی ہے مگر چونکہ یہ ایک عمل صالحہ سے پیدا ہوئی تھی اس لئے اس کو علامت ایمان کی فرمایا گیا اور جو چیز محمود نہ ہو وہ ایمان کی علامت نہیں بن سکتی تو معلوم ہوا کہ یہ محمود ہے اور گو یہ امر فی نفسہ طبعی نہیں مگر حال لازم ہو جانے سے مثل امر طبعی کے ہو جاتا ہے اور یہ خدائے تعالیٰ کا فضل ہے کہ اس نے اس مسرت کو امر طبعی بنا دیا اسی طرح اگر کسی کو قبض ہو تو اگر کسی گناہ کے سبب ہوا تو وہ مذموم اور اس کے علاج کی ضرورت ہے اور اگر اس کا سبب کوئی گناہ نہ ہو تو اس کی کچھ فکر نہ کرے کیونکہ وہ مذموم نہیں۔

اذکار میں سرسری توجہ مناسب ہے

فرمایا کہ جیسے طبیعت کو آزاد چھوڑ دینا مضر ہے اسی طرح زیادہ مقید کرنے سے بھی تنگ ہو اجتی ہے بس نماز میں اتنی توجہ کافی ہے جیسے کسی کو کوئی سورت کچی یاد ہو اور سرسری طور پر سوچ کر پڑھتا ہے اس سے زیادہ کی ضرورت نہیں۔ پھر اگر اس کے ساتھ بھی وساوس آویں ذرا مضر نہیں۔

استخارہ کی حقیقت اور اس کا محل اور اس کے آثار کی تحقیق

فرمایا استخارہ ایسے معاملہ میں ہوتا ہے جس میں احتمال نفع وضرر دونوں کا ہو اور جو عادۃً یا شرعاً یقیناً ضرر ہو اس میں استخارہ نہیں جیسے کوئی نماز پڑھنے کے لئے استخارہ کرنے لگے یا دونوں وقت کھانا کھانے کے لئے استخارہ کرنے لگے یا چوری کرنے کے لئے یا اپاہج عورت سے نکاح کرنے کے لئے استخارہ کرنے لگے۔ استخارہ ایک دعا ہے کہ اے اللہ اگر یہ معاملہ

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

میرے لئے خیر ہو تو میرے قلب کو متوجہ کر دے ورنہ میرے دل کو ہٹا دے اور جو میرے لئے خیر ہو اس کو تجویز کر دے' سو اس کے بعد اس طرف قلب متوجہ ہو تو اس کے اختیار کرنے کو ظناً خیر سمجھنا چاہئے خواہ کامیابی کی صورت میں خواہ ناکامیابی کی صورت میں۔ اور ناکامیابی کا خیر ہونا باعتبار اس کے آثار خیر کے ہے خواہ دنیا میں کہ اس کا نعم البدل ملے خواہ آخرت میں کہ صبر کا اجر ملے۔ اور استخارہ نہ کرنے میں مجموعی طور پر اس خیر کا وعدہ نہیں خواہ کلاً یا بعضاً عطا ہو جاوے بس استخارہ کا فائدہ تسلی ہے کہ ہم کو ضرور خیر عطا ہوگی اور استخارہ اور عدم استخارہ کے ان آثار میں وجہ فرق یہ ہے کہ استخارہ کے بعد اگر وہ موثر ہوا تو قلب میں ایسی چیز نہ آوے گی جس میں بے احتیاطی ہو اور بدوں استخارہ کے ایسی چیز آنے کا بھی احتمال ہے کہ ذرا غور سے اس کا مضر ہونا معلوم ہو سکتا تھا مگر اس نے غور نہیں کیا اور بے احتیاطی سے اس کو اختیار کر لیا تو اپنے ہاتھوں جب مضرت کو اختیار کیا جاوے اس میں وعدہ خیر کا نہیں پس سمجھنا چاہئے کہ استخارہ میں کامیابی کا وعدہ نہیں بلکہ حصول خیر کا وعدہ ہے خواہ خیر ظاہری ہو یا خیر باطنی۔

اوراق کہنہ قرآن کے ادب اور احترام کا طریق

فرمایا کہ اوراق قرآن کہنہ جو نا قابل تلاوت ہو جاویں ان کو پاک پارچہ میں باندھ کر قبرستان کے اندر کسی محفوظ جگہ میں دفن کر دینا مناسب ہے۔ اوراق کی تمزیق (چیرنا پھاڑنا) خلاف ادب واحترام ہے۔

وجد وحال کی قدر کرنا چاہئے

فرمایا کہ میں کسی صاحب حال شخص کو اس کے حال کے اقتضا پر عمل کرنے سے خواہ وہ حال ناقص ہی کیوں نہ ہو نہیں روکتا البتہ اگر صاحب حال خود چاہے تو اس کی اصلاح یا تعدیل کر دیتا ہوں ورنہ اس کے حال پر چھوڑتا ہوں اور اس حال کی قدر کرتا ہوں اور قدر کرنی چاہئے اور چیخنے کو جی چاہے خوب چیخے' اگر ہنسنے کو جی چاہے خوب ہنسے۔ جو حال وارد ہو اس کو اس وقت روکنا نہ چاہئے۔

اعمال شرعیہ سارے امور طبعیہ ہی کے مقتضا ہیں

فرمایا کہ جن اعمال کے ہم مکلف ہیں سب امور طبعیہ ہی کے مقتضا ہیں طبیعت سلیم ہو

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

آپ چاہے کوئی اقتضائے طبعی ہی کی وجہ سے عمل کرے اجر ہوگا البتہ نیت واختیار شرط ہے۔

صحبت نیکاں اگر یک ساعت است

بہتر از صد سالہ زہد وطاعت است کا مطلب

ایک مولوی صاحب نے اس شعر کا مطلب دریافت کیا۔

صحبت نیکاں اگر یک ساعت است　　بہتر از صد سالہ زہد وطاعت است

فرمایا کہ میں جو سمجھتا ہوں وہ یہ ہے کہ کامل کی صحبت میں بعض اوقات کوئی گر ہاتھ آ جاتا ہے یا کوئی حالت ایسی قلب میں پیدا ہو جاتی ہے جو ساری عمر کے لئے مفتاح سعادت بن جاتی ہے ہر وقت یا ہر ساعت مراد نہیں بلکہ وہی وقت اور وہی ساعت مراد ہے جس میں ایسی حالت پیدا ہو جاوے۔ عرض کیا تو کیا ہر صحبت اس درجہ مفید نہ ہوگی فرمایا کہ ہے تو یہی مگر کس کو علم ہے کہ وہ کون سی ساعت ہے جس میں یہ حالت میسر ہوگی۔ ہر صحبت میں اس کا احتمال ہے اس لئے ہر صحبت کا اہتمام چاہئے اس سے ہر صحبت کا مفید اور نافع ہونا ظاہر ہے اور اس حالت کو صد سالہ طاعت کے قائم مقام بتلانے کو ایک مثال سے سمجھ لیجئے اگر کسی شخص کے پاس سو گنی ہوں تو بظاہر تو اس کے پاس امتعہ (اسباب میں) سے ایک چیز بھی نہیں ملی لیکن اگر ذرا تعمق کی نظر سے دیکھا جاوے تو ہر چیز اس کے قبضہ میں ہے۔ اسی طرح اگر وہ کیفیت اس کے اندر پیدا ہوگئی تو بظاہر تو خاص طاعات میں سے کوئی بھی چیز اس کے پاس نہیں مگر حکماً ہر چیز ہے۔ بس مراد اعمال پر قدرت ہونا ہے اسی سے سب کام اس کے بن جائیں گے اور اصل چیز وہی کام ہے جن کی یہ مفتاح صحبت میں نصیب ہوگئی اگر وہ اعمال نہ کئے تو نری مفتاح کسی مصرف کی اسی لئے یہ کہتا ہوں کہ بدوں اعمال نہ کچھ اعتبار ہے اقوال کا نہ احوال کا نہ کیفیات کا اسی لئے ان چیزوں میں سے کسی چیز میں بھی حظ نہ ہونا چاہئے اگر اعتبار کے قابل کوئی چیز ہے تو وہ اعمال ہیں اور اعمال بلا توفیق حق کے مشکل اور توفیق عادۃً موقوف ہے صحبت کامل پر۔

قال را بگزار مرد حال شو　　پیش مردے کاملے پامال شو

شیطان کی دشمنی میں خیر کا پہلو

ایک مولوی صاحب نے عرض کیا کہ حضرت شیطان کو جس قدر تمام ہندوستان کے

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

مسلمانوں سے دشمنی ہوگی اتنی تنہا حضرت سے ہوئی کیونکہ حضرت اس کے مکر وفریب سے اللہ کی مخلوق کو آگاہ فرماتے رہتے ہیں وہ اس پر جلتا بھنتا ہوگا۔ فرمایا کہ ممکن ہے مگر ساتھ ہی وہ مجھ کو نفع بھی بہت پہنچاتا ہے اس طرح سے کہ وہ لوگوں کو بہکاتا ہے وہ مجھ کو ناحق گالیاں دیتے ہیں میں اس پر صبر کرتا ہوں۔ اللہ میرے گناہ معاف فرماتا ہے اور درجات بلند کرتا ہے۔

شیخ کے ساتھ محبت کی زیادہ ضرورت ہے

فرمایا شیخ سے عقیدت اس قدر مطلوب نہیں عظمت اس قدر مطلوب نہیں جس قدر محبت کی ضرورت ہے۔

بڑوں کو بھی چھوٹوں کی بھی ضرورت ہوتی ہے

فرمایا کہ کبھی چھوٹوں کو وہ بات نصیب ہو جاتی ہے کہ بڑوں کو کبھی وہ بات خواب میں بھی نہ آئی ہوگی۔ اگر یہ بات نہ ہوتی تو بڑے بڑے ہی نہ رہتے کیونکہ نفس مدح سن سن کر فرعون ہو جاتا۔ اور اب یہ سمجھتے ہیں کہ جس طرح ہماری ضرورت چھوٹوں کو ہے اسی طرح ہمیں ضرورت ان کی ہے چنانچہ ہمارے حاجی صاحب فرمایا کرتے تھے کہ میں آنے والوں کی زیارت کو اپنے لئے ذریعہ نجات سمجھتا ہوں۔

ظاہری کمالات مطلقاً دلیل مقبولیت نہیں ہوتے

فرمایا کہ ایک انسان ہے عالم ہے محدث ہے مفسر ہے محافظ ہے قاری ہے نیک ہے وہ سمجھ رہا ہے میں مقبول ہوں ممکن ہے کہ وہاں مردود ہو اس کی ایسی مثال ہے کہ ایک عورت ہے جو خوبصورت بھی ہے لباس فاخرہ بھی زیور سے آراستہ بھی۔ سنگار کئے ہوئے ہے اور اس آرائش وزیبائش کی بنا پر سمجھتی ہے کہ میرا خاوند مجھے چاہتا ہے مگر ساتھ ہی گندہ دہنی میں مبتلا ہے اس لئے خاوند اس کی صورت دیکھنے کا بھی روادار نہیں۔ اور ایک عورت ہے سانولی کپڑے بھی میلے کچیلے۔ زیور بھی اس کے پاس نہیں مگر اس کی کوئی ادا خاوند کو پسند ہے اور اس کو محبوب رکھتا ہے دل سے چاہتا ہے تو جس طرح گندہ دہن عورت اپنے خاوند کی نظر میں مقبول ہونے کے غلط گمان میں مبتلا ہے۔ یہی حالت کمالات کی بناء پر ہمارے گمان کی ہے

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

حاصل یہ ہے کہ ظاہری کمالات دلیل مقبولیت کی نہیں ممکن ہے کہ ہمارے اندر کوئی ایسی باطنی خرابی ہو جو میاں کو ناپسند ہو۔

عارفین کے زہد کی علامت

فرمایا کہ جس کی نظر اللہ اور ماعنداللہ پر ہے اس کی نظر میں سونا چاندی تو کیا دنیا و مافیہا بھی کچھ نہیں۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے لئے اور اپنے جگر گوشوں اور خاص لوگوں کے لئے دنیا کو پسند نہیں کیا اور ایک دینار بھی رکھنا گوارا نہیں کیا۔

عدم مناسبت موجب علیحدگی ہے اس کی دلیل

فرمایا کہ حضرت موسیٰ و خضر علیہما السلام کے درمیان جو شرائط طے ہوئے تھے وہ مناسبت و عدم مناسبت کے امتحان ہی کے لئے تو ملے ہوئے تھے چنانچہ عدم مناسبت جب ثابت ہوئی علیحدگی ہوگئی۔ اسی طرح شیخ اگر کسی مرید کو گو وہ معصیت کا مرتکب نہ ہو بوجہ عدم مناسبت علیحدہ کر دے تو جائز ہے۔

شیخ کو بھی اپنی اصلاح کے طریق سوچتے رہنا چاہئے

فرمایا کہ جس طرح میں دوسروں کی اصلاح کے طریق سوچتا رہتا ہوں اللہ کا لاکھ لاکھ شکر ہے کہ اپنی اصلاح کے طریق بھی سوچتا رہتا ہوں۔ مسلمان کو تو مرتے دم تک اپنی اصلاح کی فکر میں لگا رہنا چاہئے اس پر بھی اگر نجات ہو جاوے تو سب کچھ ہے اس سے آگے ہم کیا حوصلہ اور ہمت کر سکتے ہیں باقی فضائل و مدارج تو بڑے لوگوں کی باتیں ہیں ہم کو تو جنتیوں کی جوتیوں ہی میں جگہ مل جاوے۔ یہی بڑی دولت ہے۔

تجویز سزا کے وقت بھی سزا حد سے تجاوز نہ ہونیکا خیال رکھے

فرمایا کہ جب میں دوسروں کے لئے کوئی تجویز کرتا ہوں تو اپنے سے بے فکر ہو کر نہیں کرتا۔ بلکہ عین تجویز کے وقت برابر اس کا خیال رکھتا ہوں کہ مجھ سے کوئی زیادتی اس تجویز میں نہ ہو جائے اور اس شخص پر ذرا تنگی نہ ہو۔ اس پر مجھ کو سخت کہا جاتا ہے ہاں یہ دوسری بات ہے کہ

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

اجتہادی غلطی ہو جاوے گی مگر جب قصد نہیں نیت نہیں تو امید عفو ہے ان شاء اللہ تعالیٰ۔

اپنی مصلحت مقدم رکھے دوسروں کی دلشکنی کے خیال پر

فرمایا کہ میں نے حضرت مولانا گنگوہی سے پوچھا کہ میرا جی تنہائی کو بہت چاہتا ہے لیکن اس میں لوگوں کی دل شکنی کا خیال ہوتا ہے حضرت مولانا نے فرمایا کہ اپنی مصلحت دیکھ لو اور کسی کا خیال نہ کرو سب کو جھاڑو بھی مارو۔ اور یہ اس طرح سے فرمایا کہ گویا خود پر بھی گزری ہو۔

تحمل سے زیادہ کبھی اپنے ذمہ کام نہ لے

فرمایا کہ حضرت مولانا گنگوہی کا یہ قول مجھے بہت پسند ہے کیونکہ میرے مذاق کے موافق ہے وہ یہ کہ تحمل سے زیادہ کبھی اپنے ذمہ کام نہ لے۔ چنانچہ ایک صاحب نے مولانا کے کسی مہمان سے بستر کے لئے پوچھا تو معلوم ہونے کے بعد فرمایا کہ اگر اس کے پاس نہ ہوتا تو تم کہاں سے دیتے اور اگر ایک دو بستر کہیں سے لا کر بھی دیتے تو اگر بہت سے مہمان آتے اور کسی کے پاس بھی بستر نہ ہو تو سب کے لئے کہاں سے لاؤ گے۔ خبردار جو کسی سے بستر کے لئے پوچھا۔

کسی کی بھلائی برائی کا خیال نہ کرے

فرمایا کہ آدمی سب کو خوش رکھ نہیں سکتا جب ہر حال میں اس پر برائی آتی ہے پھر اپنی مصلحت کو کیوں فوت کرے جس کام میں اپنی مصلحت اور راحت دیکھے بشرط اذن شرعی وہی کرے کسی کی بھلائی برائی کا خیال نہ کرے۔

ضعف وقوت امور طبعیہ سے ہیں ان کو ولایت میں دخل نہیں

فرمایا کہ ایک بزرگ تھے انہوں نے حق تعالیٰ سے دعا مانگی کہ جتنی روزی میری قسمت میں ہو وہ سب یکدم سے مجھے دیدیجئے تھوڑی تھوڑی نہ دیجئے ارشاد ہوا کہ تمہیں یقین نہیں ہمارے وعدہ پر عرض کیا یقین تو ہے مگر وعدہ مبہم ہے ملے گا تو سہی لیکن یہ متعین نہیں کہ کب شیطان مجھے بہکاتا ہے کہ جانے کتنے دن میں ملے اگر ہفتہ بھر تک نہ ملے تو تمہارا ہو جائے گا قلیہ اگر آپ مجھے ایک دم سے دیدیں گے تو میں کوٹھری بھر کر رکھ چھوڑوں گا جب شیطان مجھ سے پوچھے گا کہ کہاں سے کھائے گا میں

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

کہہ دوں گا کہ اس کوٹھری سے تو بزرگوں نے اپنے ضعف کی ایسی ایسی تدبیریں کی ہیں پس یاد رکھنے کی بات ہے کہ ضعف وقوت امور طبعیہ سے ہیں ولایت میں ان کا دخل نہیں۔

ولایت کہتے ہیں اطاعت اور عبدیت کو۔ چنانچہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ازواج مطہرات کو سال بھر کا خرچ ایک ساتھ دے کر ظاہر فرمایا کہ سال بھر تک خرچ ذخیرہ رکھنا اعلیٰ سے اعلیٰ توکل کے بھی خلاف نہیں۔

فی زمانہ مال کو خوب احتیاط سے خرچ کرنا چاہئے اور کچھ ذخیرہ ضروری

فرمایا کہ حضرت سفیان ثوری رحمۃ اللہ علیہ کو زہد میں بہت مبالغہ تھا یہاں تک کہ ہارون رشید بادشاہ کے یہاں کے رقعہ کو ہاتھ سے نہیں چھوا تھا دور سے لکڑی سے الٹ کر کھولا تھا۔ وہ ہم لوگوں کے لئے فرما گئے ہیں کہ جس کے پاس درہم ہوں اس کو چاہئے کہ وہ ان کی قدر کرے کیونکہ اب وہ زمانہ ہے کہ جب آدمی کے پاس کچھ نہیں ہوتا تو اس کی اول مشق دین پر ہوتی ہے دوسرے یہ کہ اگر ہمارے پاس مال نہ ہوتا تو امرا ہم کو دستمال کر دیتے۔

اسباب میں بالاجماع حکمتیں ہیں

فرمایا کہ اسباب میں بالاجماع حکمتیں ہیں چنانچہ مثنوی شریف میں ایک حکمت یہ بیان کی ہے کہ اسباب کے ذریعہ سے مسبب الاسباب پر نظر کرو پس اس طرح یہ اسباب موصل الی اللہ ہو جائیں گے کیونکہ مصنوع اپنے صانع کی دلیل ہوا کرتا ہے پھر فرمایا کہ حضرت عطاء سکندری نے اپنی کتاب تنویر میں بالکل اسباب کو مٹا دیا ہے لیکن پھر بھی اسباب کی تکوین میں مصلحت ثابت کی ہے چنانچہ لکھا ہے کہ اسباب حق تعالیٰ نے اس لئے پیدا فرمائے ہیں تاکہ بندہ اسباب کو اختیار کرے اور اللہ تعالیٰ ان کو توڑے اور کچھ نہیں تو اسباب میں یہی ایک نفع سہی۔

اسلام کی اشاعت کی علت حقیقی وظاہری

اس اعتراض کا ذکر تھا کہ اسلام بزور شمشیر پھیلا ہے فرمایا کہ مولانا قاسم صاحب نے

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

خوب لطیف جواب دیا تھا کہ اگر مان لیا جاوے کہ اسلام بزور شمشیر پھیلا ہے تو ہم پوچھتے ہیں کہ وہ شمشیر زن کہاں سے آئے تھے کیونکہ ظاہر ہے کہ ایک دو شمشیر زن تو بزور شمشیر اسلام کو عالم میں پھیلا نہیں سکتے تھے تو پس معلوم ہوا کہ شمشیر زنی اصل علت اشاعت اسلام کی نہیں بلکہ اصل علت اور ہی ہے جس سے شمشیر زن پیدا ہوئے وہ حقیقت میں تو تائید حق ہے اور ظاہری سبب حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے اخلاق ہیں۔

تعدی للغیر ہرگز مناسب نہیں

ایک صاحب نے اپنے والد کو بھی حضرت کی خدمت میں لانے کی ترغیب دی اس پر فرمایا کہ دین تو مطلوب ہونا چاہئے کیوں کسی کے درپے ہیں۔ اجی تبلیغ اور اسلام تو ضروری ہے باقی درپے ہونا ضروری نہیں۔

محقق و غیر محقق کے تقریر کا تفاوت

فرمایا کہ محقق کی ایک منٹ کی تقریر میں جو اثر ہوتا ہے وہ غیر محقق کے آدھ گھنٹہ کے لیکچر میں بھی نہیں ہوتا کیونکہ وہ تو دیکھی ہوئی کہہ رہا ہے اور یہ یوں ہی ان گڑھ ہانک رہا ہے۔

نکاح موافق سنت میں نورانیت یقینی ہوتی ہے

فرمایا کہ سنت کے موافق نکاح میں نورانیت ضرور ہوتی ہے اور یہ بھی بات ہے کہ جتنی سہولت ہوتی ہے اتنی ہی نورانیت قلب میں ہوتی ہے کیونکہ جھگڑا بکھیڑا ہوتا نہیں اس لئے انشراح رہتا ہے اور جہاں طوالت اور جھگڑے ہوتے ہیں وہاں ضرور قلب میں کدورت اور ظلمت ہوتی ہے۔

نبی اور ساحر میں فرق

فرمایا کہ ایک ذی علم سے ایک کوتوال نے سوال کیا کہ نبی اور ساحر میں فرق کیا ہے کیونکہ نبی بھی معجزات دکھاتا ہے اور ساحر بھی ایسے ایسے عجیب کرشمے دکھلا سکتا ہے انہوں نے خوب جواب دیا کہ جو ڈاکو سرکاری وردی پہن کر اور کوتوال بن کر ڈاکہ ڈالے تو میں پوچھتا ہوں کہ کوتوال اور ڈاکو میں کیا فرق ہے۔ وہی فرق ہے نبی اور ساحر میں۔

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

مناظرہ کا طریقہ اچھا نہیں اور اس میں طریق سنت کیا ہے

فرمایا کہ بہتر یہ ہے کہ جو تمہارے (اہل باطل کے) نزدیک حق ہو تم کہو اور جو ہمارے نزدیک حق ہو ہم کہیں۔ خدا جس کو چاہے اثر دے۔ مناظروں سے کوئی نفع نہیں۔ پس یہ چاہئے کہ جب اہل باطل بکیں تو اپنی الگ کہنے لگیں انبیاء علیہم السلام کا بھی یہی طریقہ ہے کفار کے جواب میں اتنی مشغولی نہیں کرتے تھے۔ حق کا اعادہ بار بار کرتے تھے لیکن جواب کے زیادہ درپے نہیں ہوتے تھے۔

زمانہ سلف کے وعظ کا طریقہ

فرمایا کہ پہلے بزرگوں میں زبانی وعظ کا بھی طریقہ نہ تھا مولانا محمد اسحاق صاحب قرآن حدیث کی کتاب لے کر وعظ فرماتے تھے اب کوئی ایسا کرے تو عیب سمجھا جاتا ہے کہ کچھ آتا نہیں۔

امرا کے پیسے میں برکت غربا کے شامل کرنے سے آتی ہے

فرمایا کہ میں تو امرا کو مشورہ دیا کرتا ہوں کہ اگر تم نیک کام میں روپیہ لگاؤ تو اگر برکت چاہتے ہو تو غربا کے دو چار پیسے شامل کر لیا کرو۔ اگر ویسے نہ ہو تو مانگ ہی کر شامل کر لیا کرو۔ امرا کے پیسہ میں بھی جو برکت ہے تو غرباء ہی کے پیسے شامل ہونے سے ہے امرا کو احسان مند ہونا چاہئے غرباء کا۔

مطالعہ کتب کے دنیا ہونے کی صورت

فرمایا کہ میں نے عوارف المعارف میں دیکھا کہ مطالعہ چاہے دینی کتاب کا ہو لیکن اگر اس وجہ سے ہو کہ ذکر اللہ سے جی گھبراتا ہے اس میں جی بہلے گا تو وہ دنیا ہے اور اگر اس لئے ہو کہ حق تعالیٰ کا قرب ہوگا تو وہ البتہ مقبول ہے یہ عجیب بات لکھی ہے۔

عیادت کے شرائط

ایک صاحب نے جو کسی مدرسہ میں مدرس تھے اور حضرت مولانا شاہ عبدالرحیم صاحب رائپوری کی عیادت کے بارہ میں حضرت والا سے دریافت فرمایا تھا کہ جاؤں یا نہ جاؤں۔ یہ تحریر

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

فرمایا کہ چند امور میں غور کیجئے اگر سب میں اطمینان ہو جاوے تو جانے میں کیا مضائقہ ہے۔

۱- مدرسہ کا حرج نہ ہو ۲- مہتمم کو ناگوار نہ ہو ۳- خود مولانا رائپوری کے قلب پر گرانی و بار نہ ہو کیونکہ بعض اوقات مریض کا دل ملنے کو نہیں چاہتا مگر لحاظ کے مارے اپنی رائے کے خلاف کرتا ہے۔

تعلیم تعلق مع اللہ

فرمایا کہ آقا اپنے نوکر کو چار روپیہ دیتا ہے اور کتنا کام لیتا ہے حق تعالیٰ کی کتنی نعمتیں ہیں پھر مطالبہ کچھ بھی نہیں صرف چند چیزوں سے بچنا اور چند چیزیں کرنا۔

تعلیم رضا و صبر

فرمایا کہ مولانا یعقوب صاحب کا جب انتقال ہوا تو ان کے چودہ آدمی گھر کے ان سے پیشتر چند ہفتوں کے اندر اندر مر چکے تھے بڑے صابر تھے نہ روئے نہ کوئی بے صبری کی بات منہ سے نکالی۔ ہاں ایک مرتبہ تنہائی میں بیٹھے ہوئے میں نے سنا کہ یہ شعر پڑھ رہے ہیں۔

جز بہ تسلیم و رضا کو چارۂ در کف شیر نر خونخوارۂ

گرانی سے بچنے کی تعلیم

ایک دیہاتی سے فرمایا کہ دیکھو کہ کسی پر بوجھ ڈال کر اس کے یہاں کھانا پینا نہ چاہئے اس بات کو عمر بھر یاد رکھنا۔

اپنے عیوب کو پیش نظر رکھنے کی تعلیم

فرمایا کہ اگر کسی کا ایک عیب معلوم ہوتا ہے تو اسی وقت مجھ کو دس عیب اپنے پیش نظر ہو جاتے ہیں کانے پر وہ کیا ہنسے جس کی دونوں پٹ ہوں۔

ذکر و شغل کے دو ثمرے ہیں، تحصیل احکام کی پابندی کا طریقہ

فرمایا کہ ذکر و شغل کے دو ثمرے ہیں ایک تو رضا جو کہ اصل ثمرہ ہے اس کا ظہور تو آخرت میں ہوگا اور ایک ثمرہ دنیا میں حاصل ہو جاتا ہے وہ یہ کہ قلب کو ایک خاص لگاؤ حق

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

تعالیٰ کے ساتھ پیدا ہو جاتا ہے جیسا کہ عاشق کے قلب کو معشوق کے ساتھ پیدا ہو جاتا ہے پھر فرمایا کہ بڑی چیز احکام کی پابندی ہے اس کے لئے میری کتابوں کا مطالعہ بالخصوص اصلاح الرسوم۔ تعلیم الدین۔ قصد السبیل اور میرے کل وعظ بس یہ کافی وافی ہے ان شاء اللہ۔

بیدلی سے تعلیم کی مثال

فرمایا کہ جس طرح جو صحبت بدوں زوجین کے شہوت کے ہو اس سے نسل نہیں چلتی عورت مرد دونوں کو شہوت ہونی چاہئے چنانچہ توافق انزالین شرط ہے حمل قرار پانے کے لئے اسی طرح بیدل سے تعلیم کرنا بالکل ایسا ہی ہے جیسے بلا شہوت صحبت کرنا۔

نظر بازی کا علاج

کسی شخص نے نظر بازی کے مرض کا علاج دریافت کیا فرمایا کہ بجز ہمت وتحمل مشاق کوئی تدبیر نہیں اور معین اس کی دو چیزیں ہیں استحضار اور عقوبت اور ذکر کی کثرت۔

دوسرے کے نفع کیلئے اپنے کو مضرت میں ڈالنے کا آدمی مکلّف نہیں

ایک مسئلہ پوچھا گیا کہ اگر باوجود واقعات جاننے کے کوئی شہادت نہ دے محض اس خیال سے کہ کچہری میں وکلاء وغیرہ تنگ کرتے ہیں جائز ہے یا نہیں۔

فرمایا کہ اپنے آپ کو ضرر سے بچانا جائز ہے۔ عرض کیا گیا کہ چاہے دوسرے کا بھلا ہوتا ہو فرمایا کہ ہمارا جو اپنا برا ہوتا ہے دوسرے کے نفع کے لئے اپنے آپ کو مضرت میں ڈالنے کا آدمی مکلّف نہیں۔

اعتراض کا جواب

فرمایا کہ خواہ مخواہ کے اعتراض کا کوئی جواب نہیں جو سمجھنا چاہئے اس کو تو سمجھا سکتے ہیں اور جس کو محض اعتراض ہی مقصود ہو اس کو کہہ دینا چاہئے کہ جاؤ تم یونہی سمجھو۔

فرمایا ایک بدعتی نے مجھ سے کچھ تحریری سوالات کئے میں نے کہا کہ اگر آپ کو تحقیق منظور ہے تو کتابیں موجود ہیں اور اگر معارضہ منظور ہے تو فن فساد سے ہم ناواقف ہیں۔

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

بڑی بات اصلاح ہے

ایک ذاکر صاحب سے فرمایا کہ بڑی بات اصلاح ہے۔ اصلاح کے طریقوں اور اعمال صلاحیت سے مناسبت ہو جائے یہ بڑی بات ہے۔

شیخ سے دعا کرانے کا طریقہ

دعا کی درخواست پر فرمایا کہ میرا کام دعا ہی کرنا ہے جب میں کام میں لگا دیکھتا ہوں خود بخود دل سے دعا نکلتی ہے۔

اتباع سنت بڑی دولت ہے

ایک ڈاکٹر صاحب نے عرض کیا کہ جب میں حضور کی خدمت میں حاضر ہونے کے لئے چلا تو عجیب جوش و خروش تھا اور ارادہ تھا کہ پہنچتے ہی حضور کے ہاتھ چوموں گا اظہار شوق کروں گا لیکن خانقاہ میں قدم رکھتے ہی وہ کیفیت فرو ہو گئی اور ایک سکون سا ہو گیا یہاں تک کہ قبل ملنے کے میں نے ہاتھ منہ اطمینان کے ساتھ دھوئے پھر حضور سے ملا۔ فرمایا کہ اوفق بالسنہ یہی حالت ہے اور یہی کامل ہے کیونکہ بڑی دولت ہے اتباع سنت وہ پہلی حالت بھی ایک کیفیت محبت کی ہے اور محمود ہے لیکن وہ دوسری اس سے اکمل ہے۔

عقل کو غالب کرنا چاہئے طبیعت پر

حضرت خواجہ صاحب نے فرمایا کہ جو حضور کی محبت کا جوش و خروش پیشتر تھا وہ اب نہیں رہا فرمایا کہ پہلے طبیعت غالب تھی اب عقلیت غالب ہے موجودہ حالت اکمل ہے۔

بے پروائی و خود رائی تغیر ہے

فرمایا واللہ مجھے غلطیوں پر تغیر نہیں ہوتا مگر کیا ہے جس پر تغیر ہوتا ہے ایک بے پروائی پر' ایک خود رائی' پر باقی غلطی کس سے نہیں ہوتی گناہ تک ہوتے ہیں کیا مجھ سے نہیں ہوتی۔ ہزاروں گناہ سینکڑوں غلطیاں میں کوئی بچہ نہیں جو ہر غلطی پر گرفت کروں۔ ہاں جن سے بچ سکتا ہے اور پھر محض بے پروائی کی وجہ سے نہیں بچتا ان پر تغیر ہوتا ہے۔

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

واسطہ کی قدر کرنی چاہئے

فرمایا کہ تعلیم کنندہ تو محض بہانہ ہے اصل میں مبدء فیاض ہی سے فیوض و برکات نازل ہوتے ہیں شیخ برائے نام واسطہ ہوتا ہے لیکن طالب کو چاہئے کہ واسطہ کی قدر کرے کیونکہ خدا کی عادت ہے کہ بدوں واسطہ کے وہ فیوض و برکات نازل نہیں فرماتے۔

طریق شناخت ولایت

فرمایا کہ بزرگوں میں یہ بات دیکھنا چاہئے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی متابعت میں سے کتنا حصہ ملا ہے۔ اصل چیز یہ ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے کس درجے مناسبت ہے اور مناسبت بھی بے ساختگی اور پختگی کے ساتھ یوں دو چار دن کو تو سب بن سکتے ہیں۔

افراد مشروع شہوت کا بھی مضر ہے کہ مذیل نشاط ہے

فرمایا کہ نامشروع شہوت سے تو نقصان ہوتا ہی ہے مشروع شہوت کے افراط میں بھی نقصان ہے اس واسطے کہ افراط میں نشاط طبیعت کا جاتا رہتا ہے۔ بزرگوں نے بھی اس کو منع کیا ہے غلو نہیں چاہئے۔ بالخصوص سالک کے لئے سخت مضر ہے خلاصہ یہ کہ نشاط طبیعت کی بہت قدر کرنی چاہئے۔

نگاہ بد کو غیر اختیاری سمجھنے میں کیا کید نفس ہے

ایک صاحب کو اسی میں کلام تھا کہ نگاہ بد اختیار میں نہیں فرمایا کہ اصل وجہ یہ ہے کہ نفس سے تکلیف گوارا نہیں ہوتی نگاہ ہٹانے میں الجھن ہوتی ہے تکلیف گوارا نہیں کرتے نفس کے ساتھ ہو لیتے ہو تمہارا جو خیال ہے اس سے شریعت پر اعتراض لازم آتا ہے کہ اس نے ایسی چیز کا مکلف کیا ہے جو اختیار میں نہیں اور یہ بھی فرمایا کہ اگر عورت کی چھاتی پر سوار ہو اور زنا کا مرتکب ہونے والا ہو اس وقت بھی ہٹنا اختیار میں ہے گو مشقت چاہے جتنی ہو کیونکہ اس وقت بھی شریعت اس کو یہی حکم کرتی ہے کہ اس سے باز آؤ۔

وہ کیا اہل حق ہے جس کی غیر پر نظر ہو

فرمایا کہ وہ کیا اہل حق ہے جس کی غیر پر نظر ہو۔ لاحول پڑھئے خاک ڈالنی چاہئے ایسے

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

خیال پر کہ اپنے مجمع بڑھانے اور قوت پیدا کرنے کے لئے کسی کو مرید کرلیا جاوے جناب حق میں تو وہ قوت ہے کہ اگر عالم بھر میں صرف ایک اہل حق ہو اور باقی سب اہل باطل تو وہ سمجھتا ہے کہ ان کی حقیقت ہی کیا ہے میں ان سب پر غالب آ سکتا ہوں اور اگر اتنی قوت نہیں تو وہ حق ہی نہیں چنانچہ حضرت صدیق اکبرؓ نے جب منکرین زکوٰۃ سے قتال کا قصد کیا تو سب صحابہ نے اختلاف کیا کہ مصلحت کے خلاف ہے فتنہ برپا ہو جائے گا یہاں تک کہ حضرت عمرؓ بھی اس اختلاف میں شریک تھے۔ حضرت صدیقؓ نے حضرت عمرؓ سے فرمایا کہ **جبار فی الجاھلیہ خوراً فی الاسلام** یعنی حالت کفر میں تو تم ایسے سخت تھے اسلام میں ایسے بودے ہو گئے جاؤ میں کسی کا انتظار نہیں کرتا کسی سے میری درخواست ساتھ دینے کی نہیں مجھے کسی کے ساتھ کی حاجت نہیں حق تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ **ان اللہ معنا** حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ میں ہی تھا لہذا نص قطعی سے ثابت ہے کہ میرے ساتھ خدا ہے جب میرے ساتھ خدا ہے تو مجھے کسی کے ساتھ کی پروا نہیں۔ اکیلا کندھے پر تلوار رکھ کر نکلوں گا اور تمام عالم کے مقابلہ میں تنہا کافی ہوں خدا میرا ساتھ دے گا یہ سن کر سب دم بخود ہو گئے اور موافقت کر لی۔

طلب ہی بہت بڑی سفارش ہے

فرمایا کہ آج کل ایک مرض یہ بھی ہے کہ مرید ہونے کے لئے لوگوں کو اپنے بزرگ کے پاس لاتے ہیں اور سفارش کرتے ہیں اس سے مجھے تو ایسی چڑ ہے کہ ذرا بھی معلوم ہو جاوے کہ کسی کا لایا ہوا ہے تو اسے تو مرید کرتا ہی نہیں تا کہ وہ ان ترغیب دینے والے کو گالیاں دے اور پھر انہیں سفارش کا حوصلہ نہ رہے جناب طلب وہ چیز ہے کہ اس کے ہوتے ہوئے کسی کی سفارش کی ضرورت ہی نہیں۔ دوسری یہ بات ہے کہ جو سفارش کے ذریعہ سے بیعت ہونا چاہتا ہے تو اس کا ایہام ہوتا ہے گو یہ نیت نہ ہو لیکن اس کی صورت اس کی ہوتی ہے کہ اس کو نیازمندی سے عار ہے۔

نسبت کی یکسوئی کے معنی

فرمایا کہ جو یکسوئی نسبت میں ہوتی ہے اس کے یہ معنی نہیں کہ کوئی خطرہ ہی نہ آوے بلکہ یہ معنی ہیں کہ غیر حق پر نظر نہ ہو۔ صحابہ اہل سنت تھے لیکن وساوس آتے تھے۔

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

تعلیم آداب مجلس

فرمایا کہ جب مجلس جمی ہوئی ہو اور کوئی گفتگو ہو رہی ہو تو سلام کرنا نہیں چاہئے نہ مصافحہ کرنا چاہئے بعضے لوگ بیچ میں السلام علیکم کہہ کر لٹھ سا مار دیتے ہیں اور پھر ایک طرف سے مصافحہ کرنا شروع کر دیتے ہیں جس سے گفتگو کا سارا سلسلہ منقطع ہو جاتا ہے اور تمام مجمع پریشان ہو جاتا ہے یہ آداب مجلس کے خلاف ہے۔

بزرگ جو کہیں اسے ٹھیک سمجھئے
اور اسکا طرز جو دیکھے اسی کی موافقت کرے

ایک صاحب دہلی کے آئے وہ ایک واعظ کے پاس ٹھہرے تھے رات دن خدمت کرنے کے خوگر تھے بعد کو ان کا میلان بدعات کی طرف دیکھ کر یہاں آئے ان کی عادت تو اسی کی پڑی ہوئی تھی مجھ سے بھی بھوت کی طرح لپٹنا چاہا میں نے انہیں نرمی سے سمجھایا انہوں نے ایک پرچہ لکھ کر دیا کہ مجھے رنج ہوا آپ نے مجھے محروم رکھا میں نے بلا کر کہا کہ آپ کو مجھ سے اعتقاد نہیں تو میری خدمت میں کوئی سعادت نہیں جس کی محرومی کا رنج لیا جاوے اور اگر اعتقاد ہے تو یہ عجیب بات ہے کہ آپ مجھے سعادت سے محروم کرنے والا سمجھتے ہیں۔ جب آپ مجھے ایسا سمجھتے ہیں تو میں تو آپ کا دشمن دین ہوں پھر یہاں آپ کا رہنا فضول ہے تشریف لے جایئے تب ان کی آنکھیں کھلیں پھر میں نے کہا کہ تمہیں یہ سمجھنا چاہئے کہ جو کچھ مجھ کو کہا جاوے گا وہی ٹھیک ہوگا پھر فرمایا کہ حضرت میں نے اپنے کسی بزرگ کی خدمت ہاتھ پاؤں کی کبھی نہیں کی کہ شاید مجھ سے نہ آوے تو انہیں تکلیف ہو عمر بھر میں ایک دفعہ مولانا گنگوہی کو پنکھا جھلنے بیٹھا تھا کہ اس وقت مولانا اور میں اکیلے تھے کبھی یہ کام کیا نہ تھا تھوڑی دیر میں مونڈھے دکھنے لگے۔ اب اور کوئی دوسرا وہاں نہ تھا کہ اس کو دے دوں اور موقوف کر دینا برا معلوم ہوا۔ جی چاہا کہ کوئی آ جاوے تو اچھا ہو چنانچہ ایک صاحب آ گئے میں نے ان کے حوالہ کر دیا۔ اور جی میں کہا کہ توبہ ہے جو اب پنکھا جھلوں نہ ہمارے بزرگوں کو کبھی اس کا خیال ہوا اب جیسا برتاؤ بزرگوں کا دیکھا ویسے ہی کرنے کو جی چاہتا ہے۔

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

مخالفت طبیعت کی مجاہدہ ہے

فرمایا کہ مولانا محمد یعقوب صاحب جب آتے ہم کھڑے ہو جاتے مولانا کو تکلیف ہوتی بہت دن صبر کیا۔ ایک دن فرمایا کہ بھائی مجھے تکلیف ہوتی ہے کھڑے مت ہوا کرو اس کے بعد سے کھڑا ہونا چھوڑ دیا جب مولوی صاحب آتے تھے بے اختیار جی چاہتا تھا کہ کھڑے ہو جاویں کیونکہ محبت بھی تھی ادب بھی، عظمت بھی، لیکن یہاں خیال ہوتا تھا کہ مولانا کو تکلیف ہو گی جوش کو ضبط کئے بیٹھے رہتے۔ پھر فرمایا کہ اس صورت میں میرے نزدیک بیٹھا رہنا زیادہ نافع ہے کیونکہ مخالفت طبیعت کی مجاہدہ ہے۔

صوفیا فقہا دونوں حکیم ہیں

فقہا و صوفیا دونوں حکیم کہنے کے قابل ہیں کیونکہ یہ دونوں جماعتیں حقیقت شناس ہیں الفاظ پرست نہیں چنانچہ فقہا کہتے ہیں کہ جو طبعی یا دینی کام میں مشغول ہو اس کو سلام کرنا مکروہ ہے چنانچہ کھانا کھانے میں سلام کو مکروہ لکھا ہے۔

چند شرائط کے ساتھ سختی بھی کمال ہے

فرمایا کہ حضرت حافظ محمد ضامن صاحب مزاج کے بڑے تیز تھے کبھی حضرت حاجی صاحب کو بھی کبھی مولانا شیخ محمد صاحب کو بھی سنا دیتے تھے سختی اگر نفس کے لئے نہ ہو۔ دنیا کی طمع اور حرص نہ ہو۔ دل شکنی کا قصد نہ ہو وہ بھی کمال ہے اور یوں کوئی کم فہم نہ سمجھے اس کا کیا علاج۔

بزرگوں کی مختلف شانیں ہوتی ہیں اور اس کی وجہ

فرمایا ہر گلے را رنگ و بوئے دیگر ست۔ بزرگوں کی شانیں مختلف ہیں کیونکہ طبائع تو خلقۃً ہی متفاوت ہوتے ہیں۔ جب وہ بزرگ ہو جاتے ہیں تو وہ امور طبعیہ جو پیدائشی ہیں جیسے تیزی نزاکت، تحمل، عدم تحمل، صفائی انتظام، بے انتظامی باقی رہتے ہیں اور ان سے بزرگوں کی شانیں مختلف ہو جاتی ہیں چنانچہ حسب ذیل حکایتیں مختلف شان کے بزرگوں کی بیان فرمائیں۔

۱۔ مولانا قاسم صاحب اور مولانا رشید احمد صاحب حج کو چلے تو بمبئی میں مولانا محمد قاسم

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

صاحب تو لوگوں سے ملتے پھرتے اور مولانا گنگوہیؒ انتظام میں مشغول رہتے۔ جب مولانا محمد قاسم صاحب واپس آتے تو مولانا گنگوہیؒ فرماتے کچھ فکر بھی ہے کہ کیا انتظام کرنا چاہئے آپ ملتے جلتے ہی پھرتے ہیں۔ مولانا فرماتے کہ مجھے فکر کی کیا ضرورت ہے جب آپ بڑے سر پر موجود ہیں۔

۲- مولانا محمد قاسم صاحب کے پاس کوئی بیٹھا ہوا ہوتا تو اشراق اور چاشت بھی قضا کر دیتے تھے اور مولانا رشید احمد صاحب کی اور شان تھی۔ کوئی بیٹھا ہو جب وقت اشراق کا یا چاشت کا آیا وضو کر کے وہیں نماز پڑھنے کھڑے ہو گئے یہ بھی نہیں کہ کچھ کہہ کر اٹھیں کہ میں نماز پڑھ لوں یا اٹھنے کی اجازت لیں جہاں کھانے کا وقت آیا لکڑی لی اور چلدیئے چاہے کوئی نواب ہی کا بچہ بیٹھا ہو وہاں یہ شان تھی جیسے بادشاہوں کی شان ایک تو بات ہی بہت کم کرتے اور اگر کچھ مختصر سی بات کہی تو جلدی سے ختم کر کے تسبیح لے کر ذکر میں مشغول ہو گئے۔ کسی نے فرمایا کوئی بات پوچھی تو جواب دیدیا گیا اور اگر نہ پوچھی تو کوئی گھنٹوں بیٹھا رہے انہیں کچھ مطلب نہیں مولانا قاسمؒ صاحب کے پاس جب تک کوئی بیٹھا رہتا بولتے رہتے۔

تعلیم تواضع

فرمایا کہ ایک بار مولانا محمد قاسمؒ صاحب مولانا گنگوہیؒ سے فرمانے لگے کہ ایک بات پر بڑا رشک آتا ہے کہ آپ کی نظر فقہ پر بہت اچھی ہے ہماری نظر ایسی نہیں بولے جی ہاں ہمیں کچھ جزئیات یاد ہو گئیں تو آپ کو رشک ہونے لگا اور آپ مجتہد بنے بیٹھے ہیں ہم نے کبھی آپ پر رشک نہیں کیا۔ ایسی ایسی باتیں ہوا کرتی تھیں وہ انہیں اپنے سے بڑا سمجھتے تھے اور وہ انہیں۔

علم نہ ہونے سے مواخذہ دنیوی میں فرق ہو جاتا ہے

حضرت خواجہ صاحب نے عرض کیا کہ کیا علم نہ ہونے سے مواخذہ نہیں ہوتا۔ فرمایا کہ علم نہ ہونے سے کچھ تو فرق ہو جاتا ہے۔ آخرت میں تو کچھ فرق نہیں ہوتا۔ لیکن دنیا میں ہو جاتا ہے۔ عاجل اور آجل کا فرق ہو جاتا ہے۔

صحبت کے ضروری ہونے کی حد

فرمایا کہ جب تک طریق کی حقیقت نہ معلوم ہو جاوے تب تک تو صحبت شیخ ضروری ہے جب اس کی حقیقت معلوم ہو گئی اور طریق سے مناسبت پیدا ہو گئی پھر صحبت ضروری نہیں۔

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

طالب کی بے قدری موجب حرمان ہے

حضرت والا نے ایک طالب کی بے توجہی معلوم کر کے فرمایا کہ جس وقت میں نے تقریر کی ہے آیا آپ کی توجہ تھی یا نہیں کہا کہ شاید میں حدیث النفس کے طور پر حضور کی تقریر کے وقت کچھ سوچ رہا تھا فرمایا کہ جب آپ کو میری تعلیم کی اتنی بھی قدر نہیں کہ میں تو تقریر کروں اور آپ اپنی حدیث النفس میں مشغول رہیں۔ میں تو تکلیف اٹھاؤں اور آپ رہیں نواب صاحب تو جائیے اپنا کام کیجئے یہ کہہ کر پاس سے اٹھا دیا۔

ذکر میں کیا تصور رکھے

فرمایا کہ ذکر کے وقت مختلف تصورات سے یکسوئی فوت ہو جاتی ہے بلکہ محض تصور ذات حق رکھنے سے بہت نفع ہوتا ہے۔

صحیح سلسلہ کا اثر

فرمایا کہ بیعت ضروری نہیں۔ بڑی چیز تعلیم ہے اور ملقن کے ساتھ اعتقاد کیونکہ اگر اعتقاد ہو تو چاہے وہ خود کسی قابل نہ ہو لیکن اس کا (یعنی تعلیم حاصل کرنے والے کا) کام بن جاتا ہے بشرطیکہ صحیح سلسلہ ہو۔ اگر صحیح سلسلہ نہ ہو تو نرے اعتقاد سے کچھ نہیں ہوتا۔ صحیح سلسلہ ہونے کی صورت میں چونکہ سلسلہ دور تک متعدی ہوتا ہے اس کے واسطے سے بزرگوں کا فیض پہنچ جاتا ہے۔ ایک بار فرمایا کہ صحیح سلسلہ کا اثر ایسا ہی ہوتا ہے جیسے نسب کے صحیح سلسلہ ہونے کا۔

معدہ اور دماغ کی حفاظت کی تاکید

ایک ذاکر شاغل سے بعد دریافت حال فرمایا کہ تم کم قوت ہو۔ ضرب اور جہر چھوڑ دو۔ وظیفہ کے طور پر پڑھا کرو اور دو چیزوں کا ہمیشہ خیال رکھو۔ معدہ اور دماغ کی تندرستی کا دارومدار ان ہی دونوں کی حفاظت پر ہے۔

اولیاء اللہ میں صفت نفع رسانی کی غالب ہوتی ہے

فرمایا کہ اوروں میں تو غرض ہی غالب ہوتی ہے اور اولیاء اللہ میں غرض تو ہے لیکن مغلوب حتی کہ

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

تربیت میں ثواب کی بھی نیت ہوتی ہے لیکن اس کا جو اصل محرک ہوا ہے وہ یہی ہے کہ دوسرے کو نفع ہو۔

حضرت موسیٰ علیہ السلام کے تھپڑ مارنے سے حضرت عزرائیل علیہ السلام کی آنکھ پھوٹ جانے کی توجیہ

حضرت موسیٰ علیہ السلام کے حضرت عزرائیل علیہ السلام کو تھپڑ مارنے کا ذکر آیا فرمایا کہ سہل توجیہ یہ ہے کہ حضرت عزرائیل علیہ السلام بشر کی شکل میں آئے تھے اس لئے پہچانا نہیں انہوں نے روح قبض کرنے کی اجازت چاہی آپ نے سمجھا یہ کوئی قاتل ہے اس لئے دھپ رسید کیا کہ اسے سنیت دوں۔ آنکھ بھی تو پھوٹ گئی تھی اس سے بھی معلوم ہوتا ہے کہ بشر ہی کی شکل میں آئے تھے ورنہ صورت ملکیہ میں بشر کا ایسا تصرف موثر نہیں ہوتا۔

مجاہدہ اضطراریہ پر بھی اجر ہوتا ہے

فرمایا کہ ریاضت ومجاہدہ کی دو اقسام ہیں ایک مجاہدہ اختیاریہ دوسرا مجاہدہ اضطراریہ جب کسی پر حق تعالیٰ کی رحمت ہوتی ہے تو اس کو مجاہدہ اضطراریہ میں مبتلا کر کے صبر دیتے ہیں جس سے رفع درجات ہوتا ہے پس ایک مجاہدہ تو یہ ہے کہ خود تقلیل لذات کو اختیار کیا اور ایک یہ کہ خود تو تقلیل لذات نہیں کیا لیکن حق تعالیٰ نے اس کو کسی مصیبت میں مبتلا کر دیا مثلاً بچہ مر گیا پھر اس پر صبر کیا اس سے رفع درجات ہوا۔ اس آیت میں اسی کا ذکر ہے **ولنبلونکم بشیٔ من الخوف والجوع ونقص من الاموال والانفس والثمرات الخ** مجاہدہ اضطراریہ میں بھی اجر ملتا ہے اس سے زیادہ کیا ہے کہ فرماتے ہیں **اولئک علیھم صلوات من ربھم و رحمۃ**

توکل ودعا کا جمع کرنا کمال ہے

فرمایا کہ جو بندہ حق تعالیٰ کی حکمت کو سمجھ گیا ہے اور اس کے حکیم ہونے کا یقین کامل ہو گیا ہے اس نے سب کاموں کو خدا پر چھوڑ دیا ہے۔ اسی حال کا مبالغہ ہے کہ بعضے بزرگوں نے دعا بھی چھوڑ دی۔ لیکن سنت یہ ہے کہ حال تو وہی ہو اور پھر دعا کرے ہے بڑا مشکل دونوں کو جمع کرنا لیکن کمال یہی ہے۔

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

سلف وخلف کے استعداد ورنگ طبیعت کا فرق

فرمایا کہ مغلوبیت کے ساتھ عشق واقعی سلف میں تھا ہی نہیں۔ سلف کی حالت استعداد اور رنگ طبیعت کا جو تھا اس کے اعتبار سے نہ ہونا ہی مصلحت تھا اور اس زمانہ میں جو رنگ ہے اس کے اعتبار سے ہونا مصلحت ہے اگر نہ ہوتا تو اصلاح ہونا دشوار تھی۔

تکوینی مصلحت کے احتمال پر تشریع کو نہ چھوڑا جائیگا

فرمایا کہ ہر امر میں تکوینی مصلحتیں بھی ضرور ہیں لیکن تکوینی مصلحت کے احتمال پر تشریع کو نہ چھوڑا جائیگا جو مصلحت ہونے والی ہوگی آپ ہو رہے گی کیونکہ ہم تشریع کے تو مکلّف ہیں اس کے چھوڑنے پر مواخذہ ہے۔ اور تکوینی مصلحتوں کے ہم مکلف نہیں کیونکہ ہمارے اختیار میں نہیں۔

طلب بمنزلہ وصول ہی کے ہے

فرمایا کہ ابتداء میں بلکہ توسط تک کی حالت میں تلوین رہتی ہے استقلال تو مدتوں کے بعد ہوتا ہے۔ کمال رسوخ نسبت کے بعد البتہ ثبات ہوتا ہے حالت کا نہ اس حالت کا انتظار رکھنا چاہئے نہ اس تلوین سے دلگیر ہونا چاہئے۔ اپنے کام میں لگے رہنا چاہئے۔ قدم اٹھا کر چلنا شروع کر دے۔ پھر چاہے ایک ہی بالشت روز چلے۔ بعد روز بروز کم ہی ہوتا جائے گا۔ بلکہ رستہ میں رہ جانا بھی پہنچ ہی جانا ہے چنانچہ حدیث شریف میں ہے کہ جو شخص طلب علم میں مرجاتا ہے اس کا حشر علماء وشہداء ہی میں ہوتا ہے یعنی وہ ان ہی میں شمار ہوتا ہے تو طلب بمنزلہ وصول ہی کے ہے کیونکہ بندہ کا کام اتنا ہی تھا۔

قبض کے مصالح اور اس کی عجیب مثال
اور کوشش میں مبالغہ کرنا غلطی ہے

ایک ذاکر صاحب نے عرض کیا کہ بعض اوقات قلب بالکل خالی معلوم ہوتا ہے بہت کوشش کرتا ہوں لیکن کچھ نہیں ہوتا۔ فرمایا کہ کوشش میں مبالغہ کرنا غلطی ہے سرسری توجہ کافی ہے ورنہ کاوش کا انجام اچھا نہیں۔ طبیعت پر تعب ڈالنے سے پریشانی بڑھتی ہے اور کبھی مایوسی تک

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

نوبت پہنچتی ہے کیونکہ ایسے امور (یعنی کیفیات وغیرہ) اختیار میں نہیں اور جو امور اختیار میں نہ ہوں ان کے پیچھے پڑنے کا انجام اخیر میں تعطل ہوتا ہے کیونکہ اگر بالفرض کامیابی نہ ہوئی تو شیطان راہ مارتا ہے اغوا کرتا ہے کہ اتنا سر مارتے ہیں پھر بھی کوئی نتیجہ نہیں نکلتا پھر کیا فائدہ بیکار محنت کرنے سے۔ سخت می گردد جہاں بر مردمان سخت کوش اور یہ قلب کا خالی رہ جانا قبض کہلاتا ہے اور قبض بسط سے بھی ارفع ہے اس واسطے کہ اپنی حقیقت قبض ہی میں معلوم ہوتی ہے اگر بسط دائم رہے تو بہت سے اخلاق رذیلہ پیدا ہو جاویں چنانچہ حق تعالیٰ نے رزق ظاہری کی بابت فرمایا کہ **ولو بسط اللہ الرزق لعبادہ لبغوا فی الارض** یعنی اگر اللہ رزق کو فراخ فرما دیتے اپنے بندوں کے لئے تو وہ شرارت کرتے۔ یہی حال رزق باطنی کا ہے کہ اگر احوال و کیفیات دائم رہیں تو بہت سی باطنی خرابیاں پیدا ہو جاویں مثلاً کبر و عجب و طغیان وغیرہ پس قبض میں بھی صدہا مصلحتیں ہیں اور جو قلب خالی معلوم ہوتا ہے تو واقع میں خالی نہیں ہوتا بلکہ بھرا ہوا ہوتا ہے لیکن جو چیز اس میں بھری ہوئی ہے وہ ایسی ہے کہ بظاہر نظر محسوس نہیں ہوتی۔ لیکن بعض اوقات وہی ضروری ہوتی ہے چنانچہ مشک میں کبھی پانی بھرتے ہیں کبھی پھونک مار کر ہوا بھرتے ہیں اور اس کے ذریعہ سے تیرتے ہیں اس وقت ہوا ہی کا بھرنا ضروری ہوتا ہے اس وقت اگر اس میں کوئی سوئی چبھو دے تو اس کے ڈوبنے کا مقدمہ ہے اور یہ جاننا مربی حقیقی کا کام ہے کہ کس وقت ہوا بھرنا مفید پڑے گا اور کس وقت پانی بھرنا۔ بہر حال خواہ بسط ہو خواہ قبض مربی کا ہر حال میں شکر کرنا چاہئے۔ یہ نہ سمجھنا چاہئے کہ ہم خالی ہیں۔ کام میں لگا رہے اور حالات سے اطلاع دیتا رہے اور ان شاء اللہ کامیابی یقینی ہے اس راہ میں حرماں ہرگز ہرگز نہیں ہوتا۔

روایت کو روایت ہی کے طور پر لکھنا چاہئے بلا تحقیق بات نہ کہنا چاہئے

مدرسہ کے مکان کے کرایہ کی بابت ایک صاحب نے جن کے پاس حساب کتاب رہتا ہے ایک خان صاحب کے ذمہ کسی ماہ کا کرایہ نکال کر حضرت سے اطلاع کی حالانکہ کرایہ بیباق تھا۔ حضرت نے خان صاحب کو لکھا کہ فلاں صاحب کہتے ہیں کہ کرایہ باقی ہے۔ خان صاحب نے حضرت کی پچھلی تحریریں بھیج کر لکھا کہ کرایہ بے باق ہے اور اگر میری غلطی ہو تو معاف فرمایا جاوے۔ حضرت نے تحویلدار صاحب سے دریافت کیا تو واقعی ان ہی کی

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

غلطی تھی۔ حضرت کو افسوس ہوا کہ خواہ مخواہ مجھے شرمندگی ہوئی لیکن خدا کا شکر تھا کہ میں نے تحویلدار صاحب کی روایت نقل کی تھی اپنی طرف سے نہیں لکھا تھا احتیاط اسی میں ہے کہ روایت کو اپنی طرف سے نہ لکھے بلکہ روایت ہی کے طور پر لکھے۔ تحویلدار صاحب کو ہدایت فرمائی کہ بلا تحقیق بات نہ کہنا چاہئے پھر اس کے آثار دور تک پہنچتے ہیں۔ خواہ مخواہ ان کو بھی پریشانی ہوئی اور مجھے بھی شرمندگی ہوئی۔ کہنے والے کو تحقیق کرنا آسان ہے میں کہاں تک یاد رکھ سکتا ہوں۔ گذشتہ بات چاہے ذرا سی ہو اس کا یاد کرنا مجھے نہایت دشوار ہے کیونکہ میں تو اس کو اپنے ذہن میں مکمل کر کے اس سے فارغ ہو چکا۔

حساب کتاب میں بڑے تیقظ کی ضرورت ہے
حساب اور تحویل دونوں کا ایک شخص کے پاس رہنا مناسب نہیں

فرمایا کہ حساب کتاب میں بڑے تیقظ کی ضرورت ہے۔ میں اپنے آپ کو بڑا بیدار مغز سمجھتا تھا لیکن پچیس روپیہ ڈنڈ دینا پڑ ہی گیا (مدرسہ کے حساب میں پچیس روپے کے نوٹ کی بابت شبہ پڑ گیا حضرت نے محض شبہ کی بنا پر بغرض احتیاط پچیس روپیہ اپنی طرف سے مدرسہ میں داخل کر کے تحویل ایک دوسرے صاحب کے متعلق اور حساب تیسرے صاحب کے متعلق کر دیا اور فرمایا کہ ایک ہی شخص کے پاس حساب اور تحویل دونوں کا رہنا مناسب نہیں ہوتا یہ خلاف ہے اصول کے۔

عشق امارد صورۃً ایک سخت عذاب ہے اور
علامت ہے مردودیت کی، بخلاف عشق حقیقی کے

فرمایا کہ عشق صورۃً بھی عذاب ہے اور عذاب خصوص عشق امارد یہ بڑا سخت مرض ہے۔ ایک بزرگ کہتے ہیں کہ جب کسی کو مردود کرنا منظور ہوتا ہے تو حق تعالیٰ اس کو عشق امارد میں مبتلا کرتے ہیں۔ پس یہ عشق صورۃً گویا علامت ہے مردودیت کی۔ تصوف کا مسئلہ ہے کہ امردوں سے اختلاط نہ کرے اور عورتوں سے نرم باتیں نہ کرے۔ حق تعالیٰ کا بھی ارشاد ہے۔ **لاتخضعن بالقول** اس سے تائید ظاہر ہے۔ پھر فرمایا کہ عشق مجازی ظاہر میں تو ایک نہایت مصیبت اور

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

کلفت کی چیز ہے برخلاف عشق حقیقی کے کہ اس میں سراسر راحت اور اطمینان ہے اور اس میں جو کچھ ظاہری کلفت معلوم ہوتی ہے اس میں بھی ایک نور ہوتا ہے پریشانی مطلق نہیں ہوتی۔

شرافت اور ریاست کی موجودہ حالت

فرمایا کہ آج کل تو شرافت اور ریاست کا وہ خلاصہ رہ گیا ہے کہ میرے سب سے چھوٹے ماموں صاحب نے اس شعر میں دکھلایا ہے۔

ہے شرافت تو کہاں شر و آفت ہے فقط ست ریاست سے گیا صرف ریا باقی ہے

شیخ کے ساتھ محبت کے آداب

فرمایا کہ ایک پیر صاحب پر ان کے مرید کا سایہ پڑ گیا تو نہایت ہی خفا ہوئے اور جرمانہ کیا (یعنی اس کو خلاف تعظیم و توقیر سمجھا) بس میرا تو اس باب میں یہ مسلک ہے کہ محبت کے متعلق جو آداب ہیں وہ تو ضروری ہیں۔ ان کے تو دقائق کی بھی رعایت چاہئے۔ باقی تعظیم و تکریم کے متعلق جو آداب ہیں وہ سب بیکار۔ چنانچہ صحابہ رضی اللہ عنہم محبت کے آداب کا بہت لحاظ رکھتے تھے۔ تکریم و تعظیم کا ان کو اہتمام نہ تھا۔

نسبت اویسیہ کی حقیقت اور اس کا ناکافی ہونا معہ مثال

فرمایا کہ بزرگوں نے کہا ہے کہ گربہ زندہ بہ از شیر مردہ۔ یعنی زندہ شیخ سے جو فیوض و برکات حاصل ہو سکتے ہیں وہ مردہ شیوخ سے نہیں ہو سکتے۔ ایک موٹی بات ہے کہ اس طریق میں سخت ضرورت تعلیم کی ہوتی ہے اور عادۃً تعلیم مردوں سے نہیں ہو سکتی گو وہ برزخ میں احیاء سے بڑھ کر متصف بالحیوٰۃ ہوں ہاں تقویت نسبت ہو سکتی ہے۔ لیکن نری تقویت نسبت سے کیا ہوتا ہے۔ کوئی ہزار پہلوانی کا زور رکھتا ہو لیکن وہ داؤ نہ جانتا ہو تو وہ کچھ بھی نہیں۔ لیکن داؤ جاننے والا ایک بچہ اس کو چت کر دے گا۔ نری تقویت سے کیا ہوتا ہے صنعت بھی تو چاہئے۔ روایت کا سلسلہ آخر عبث تھوڑا ہی ہے۔ مرغی بے مرغ کے بھی انڈے دیتی ہے۔ لیکن خالی انڈے سے بچے نہیں نکلتے۔ اسی طرح گو وہ خود کچھ ہو بھی جاوے لیکن ایسے شخص سے دوسرے کو نفع نہیں پہنچ سکتا۔ اول تو خود اسی کے ملتقع ہونے میں کلام ہے کیونکہ ایسے

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

شخص کو جو مدعی ہے نسبت اویسیہ کا۔ اگر کوئی عقبہ پیش آوے تو وہ کسی سے پوچھے گا بھی نہیں کیونکہ لوگوں کے نزدیک اس کی نسبت اویسیہ قطع ہو جاوے گی۔ اس کو سبکی ہونے کا خیال ہو گا پھر فرمایا کہ نسبت اویسیہ ہوتی ہے لیکن میرے نزدیک کافی نہیں ایسے شخص سے غلطیاں واقع ہو سکتی ہیں کیونکہ یہ تو ہو ہی نہیں سکتا کہ ہر جزئی کی تحقیق حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے کر سکے اور اگر ہو بھی تو احتمال ہے کشف کے غلط ہونے کا محض روحانی طور پر فیض ہونے سے نسبت میں تو قوت ہو جاتی ہے لیکن حقیقت طریق معلوم نہیں ہو سکتی۔

''شیخ پر مرید کا سایہ نہ پڑنے پاوے'' اس ادب کی توضیح

عرض کیا گیا کہ فروع الایمان میں لکھا ہے کہ ایک شیخ کا ایک ادب یہ ہے کہ مرید اپنا سایہ شیخ پر نہ پڑنے دے فرمایا کہ اس کا مطلب ہے کہ اگر شیخ کوئی کام کر رہا ہو تو اس کا خیال رکھے کہ اس پر سایہ نہ پڑنے پاوے ورنہ پرچھائیں پڑنے اور اس میں حرکت ہونے سے اس کی یکسوئی میں فرق آ کر کام میں خلل پڑے گا۔ غرض اس کا مطلب یہ ہے کہ اس کا ہمیشہ خیال رکھے کہ شیخ کو کوئی کلفت یا کدورت نہ ہونے پاوے۔

شیخ سے محبت پیدا کرنا تو ضروری ہے، لیکن تکلف و تصنع سے نہ کرے

ایک صاحب نے استفسار کیا کہ محبت کے آداب کیا ہیں۔ فرمایا کہ جب محبت ہو گی خود بخود آداب معلوم ہو جائیں گے۔ جیسے لڑکا جب بالغ ہوتا ہے خود بخود اس کو شہوت ہونے لگتی ہے۔ نابالغ بچہ کو کس طرح سمجھایا جاوے کہ جماع اس طرح ہوتا ہے۔ محبت پیدا کر لے پھر خود بخود آداب قلب میں آنے لگیں گے۔ محبت کے آداب کی کوئی فہرست تھوڑا ہی تیار ہو سکتی ہے اور تکلف کے ساتھ محبت بھی نہ کرے اگر کھینچ تان کر اور آداب کی فہرست معلوم کر کے محبت بھی کی تو اس سے کیا ہوتا ہے جتنی محبت ہو بس اتنا ہی ظاہر کرے تکلف اور تصنع نہ کرے یہ تو خواہ مخواہ شیخ کو دھوکہ دینا ہے۔

اظہار معصیت کا، کب ضروری ہے

فرمایا کہ میں نے کبھی بزرگوں کے پاؤں نہیں دابے اور نہ کبھی اس کا جوش اٹھا۔ ایسی

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

حالت میں اگر کبھی دابتا تو تصنع سے ہوتا جب جی میں نہیں تھا نہیں کیا کہ کون بناوٹ کرے بزرگوں سے بہت سے لوگ تو اس کو ذریعہ تقرب سمجھتے ہیں البتہ جب جوش ہو تو مضائقہ نہیں اور صاحب کیا بزرگوں کو معلوم نہیں ہو جاتا جوش چھپا نہیں رہتا۔ آدمی جس کو شیخ بناتا ہے وہ بہر حال اس کو اپنے سے تو زیادہ ہی عقلمند اور صاحب بصیرت سمجھتا ہے پھر اس کے ساتھ تصنع کیوں کرے میں بزرگوں کے معاملہ میں تو کیا بناوٹ کرتا اپنے عیوب بھی ان سے کبھی نہیں چھپائے۔ صاف کہہ دیا کہ مجھ میں یہ عیوب ہیں اور یہ مرض ہیں۔ خیر وہ مرض تو گئے نہیں لیکن اس سے علاج تو ہر مرض کا معلوم ہو گیا ورنہ لوگ بلی کے گو کی طرح اپنے عیوب کو چھپاتے ہیں گو معصیت کا اظہار نہیں چاہئے لیکن جب اس کی اصلاح اپنے اختیار سے خارج ہو جاوے تب اظہار بھی ضروری ہے گو تفصیل کی ضرورت نہیں۔ کیونکہ آخر شیخ کو تعلق ہوتا ہے اس کو سن کر افسوس ہوتا ہے ہاں جب مرض بڑھنے لگے تب اظہار ضروری ہے جیسے کسی کو سوزاک ہو جاوے تو اگر معمولی تدابیر سے اچھا نہ ہو تو ضرور ہے کہ باپ سے ظاہر کر دے۔

ذکر کا ایک ادب

ایک ذاکر صاحب سے فرمایا کہ نیند کا اگر بار بار غلبہ ہو تو سو جانا چاہئے۔ جب نیند بھر جائے تب پھر اٹھ کر ذکر کو پورا کرنا چاہیے۔ کیونکہ نشاط کے ساتھ ہو تو ذوق وشوق ہوتا ہے ورنہ تو عدد ہی کا پورا کرنا ہوتا ہے۔

ذکر سرمایہ تسلی ہے

ایک ذاکر صاحب کچھ قیام کر کے واپس جا رہے تھے عرض کیا کہ پہلے دیکھا ہے کہ حضور کے فراق میں سخت تکلیف ہوتی ہے اور گریہ طاری رہا کرتا ہے۔ فرمایا کہ اب ان شاء اللہ ایسا نہ ہوگا کیونکہ ذکر سے بفضلہ تعالیٰ مناسبت پیدا ہو گئی ہے سرمایہ تسلی پاس ہے۔

اپنے بزرگوں کو برا بھلا کہنے سے بگڑنا کبھی اس کا منشاء کبر ہوتا ہے اور مقصود پر نظر نہ ہونا

ایک مرید نے کہا کہ لوگ حضرت کو برا بھلا کہتے ہیں تو میرے دل کو تکلیف ہوتی ہے

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

فرمایا کہ سینکڑوں لوگ خدا کو برا بھلا کہتے ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو برا بھلا کہتے ہیں۔ مجتہدین کو برا بھلا کہتے ہیں آپ نے اس کا کچھ انسداد کیا۔ اگر نہیں کیا تو بس ایک نالائق اشرف علی ہی کے برا بھلا کہنے سے آپ کو تکلیف ہوتی ہے جو اس کے انسداد کی فکر ہوئی' کچھ بھی نہیں' آپ میں مادہ کبر کا ہے۔ آپ کو اس لئے ناگوار ہوتا ہے کہ ہمارے اکابر کو برا بھلا کہنے میں ہماری ذلت وخواری ہے یہ ہے کید نفس کا۔ پھر فرمایا کہ خیر اگر تکبر بھی نہ سہی لیکن میں پوچھتا ہوں کہ آخر آپ کو اس کی فکر ہی کیوں ہوئی کہ کوئی برا نہ کہے بھلا نہ کہے اس میں کیا بگڑ گیا آپ کا۔ اگر مقصود پر نظر ہوتی تو ایسے فضول قصوں کے پیچھے پڑنے کی آپ کو فرصت ہی کب ہوتی۔

گر ایں مدعی دوست بشناختے بہ پیکار دشمن نہ پرداختے

ذاکر کو دوسرے سے ملنے کی کب فرصت ہو سکتی ہے

فرمایا کہ حضرت خضر علیہ السلام حضرت ابراہیم بن ادھم سے ملنے آئے سلام ومصافحہ کے بعد حضرت ابراہیم بن ادھم پھر ذکر اللہ میں مشغول ہو گئے۔ حضرت خضر علیہ السلام نے بڑا تعجب کیا کہ یہ تو بڑے بے فکر ہیں۔ فرمایا کہ بھائی تم بڑے بے فکر ہو لوگ تو برسوں میرے ملنے کی تمنا میں رہتے ہیں لیکن ملنا نصیب نہیں ہوتا تم سے میں خود ملنے آیا لیکن تم نے میری طرف توجہ بھی نہ کی۔ حضرت ابراہیم بن ادھم نے فرمایا کہ جسے خدا سے ملنے سے فرصت ہو وہ آپ سے ملنے کی تمنا کرے۔

اپنی چیز کو اس طرح رکھ کر جاوے کہ دوسروں کو حفاظت نہ کرنا پڑے

حضرت خواجہ صاحب قلم دوات اور کاغذات رکھ کر چلے گئے پنکھے کی ہوا سے کاغذات اڑتے تھے اور دوات ایسی جگہ رکھی تھی کہ اٹھنے سے ٹھوکر لگ کر فرش پر کسی قدر روشنائی گر گئی فرمایا کہ اپنی چیز کو اس طرح رکھ کر جانا چاہئے کہ دوسروں کو حفاظت نہ کرنی پڑے۔

سفر کی کلفتیں

فرمایا کہ اصرار کی عادت سخت تکلیف دہ ہے۔ اس لئے مجھے سفر کا تحمل نہیں ہوتا ویسے سفر تفریح کی چیز ہے لیکن چونکہ اس میں اصرار ہوتا ہے نیز انضباط اوقات بھی نہیں ہوتا اس

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

لئے نہایت تکلیف ہوتی ہے۔ نیز ہجوم سے بھی طبیعت پریشان ہوتی ہے اور اپنی راحت کے لئے پہرہ بٹھانا اول تو بزرگوں کے وضع کے خلاف ہے دوسرے عداوتیں پیدا ہو جاتی ہیں۔

اپنوں کے ساتھ معاملہ ہی نہ کرے بڑی خرابی ہے

فرمایا کہ مشہور تو یہ ہے کہ **تعاملوا کالاجانب وتعاشروا کالاخوان** یعنی معاملہ کرو مثل اجنبیوں کے اور معاشرت کرو مثل بھائیوں کے لیکن چونکہ آج کل مشکل ہے کہ اخوان کے ساتھ معاملہ تو ہو مگر ہو اجانب کا سا۔ اس لئے میں نے ترمیم کی ہے یعنی **تعاملوا مع الاجانب وتعاشر وامع الاخوان** یعنی معاملہ کرو اجنبیوں کے ساتھ اور معاشرت کرو بھائیوں کے ساتھ یعنی اخوان کے ساتھ معاملہ بھی نہ کرو اکثر دیکھا ہے کہ اپنوں کے ساتھ معاملہ کرنے میں خرابی ہوتی ہے اور نقصان بھی اٹھانا پڑتا ہے۔

محبت میں شان کہاں

فرمایا کہ عورتیں تھوڑی چیز بھیجنے میں یا تو اپنی شان کے خلاف سمجھتی ہیں یا میری شان کے خلاف سمجھتی ہیں۔ محبت میں شان کیسی۔ یہ تو دین نہیں محض دنیا ہے۔ دنیا داروں میں دیکھا ہے کہ دوستوں سے بھی تکلف وتصنع سے ملتے ہیں۔ ایک دوسرے کے ساتھ شان کا بہت خیال رہتا ہے۔

اکابر اپنے اوپر سے طعن مٹانے کی سعی نہیں کرتے اور کیوں؟

فرمایا کہ اکابر کو اس کا قصد نہ ہوتا تھا کہ اپنے اوپر سے طعن کو ہٹا دیں اگر پڑے پڑنے دیتے تھے۔

خلق می گوید کہ خسرو بت پرستی می کند　　آرے آرے می کند با خلق عالم کارنیست

بات یہ ہے کہ وہ اپنی نظر میں سب سے ذلیل ہوتے ہیں یہ بالکل وجدانی امر ہو جاتا ہے کسی مدح کا اپنے کو مستحق نہیں سمجھتے بلکہ بخدا یہ تعجب ہوتا ہے کہ لوگ ہمارے معتقد کیوں ہیں باوجود اتنے عیوب کے اور بعضے تو اس قدر مغلوب ہوتے ہیں کہ اپنے عیوب کھولنے لگتے ہیں تاکہ لوگ معتقد نہ رہیں لیکن مقتداء کو ایسا نہ چاہئے۔ اس میں عوام کا ضرر ہے۔

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

کھانا باپ کی شرکت میں رکھو لیکن اپنی آمدنی الگ رکھو بات وہ کرے جس میں برائی نہ آوے

ایک دیہاتی شخص اپنے باپ کی شرکت میں رہتا تھا۔ چاشت کی نماز کی اجازت چاہی فرمایا کہ باپ گالیاں نہ دیں گے کہ مفت کی روٹیاں کھاتا ہے۔ کیونکہ وہی وقت کام کا ہوتا ہے بات وہ کرے جس میں کوئی برائی نہ آوے۔ لڑائی دنگے سے کیا تو کس کام کا۔ ہدیہ کے متعلق بھی فرمایا کہ جب تک باپ کے شریک ہو ایسی حرکت مت کرو۔ اگر ہدیہ دینا ہے باپ سے الگ ہو جاؤ۔ اس نے کہا کہ ماں باپ کی نافرمانی نہ ہوگی۔ فرمایا نافرمانی اس کو کہتے ہیں جس میں ان کو تکلیف ہو۔ کیا تمہارے الگ ہو جانے میں ان کو تکلیف ہوگی اس نے کہا کہ میں ان کی روٹیاں پکاتا ہوں ضرور تکلیف ہوگی فرمایا کہ روٹیاں پکا دیا کرو۔ لیکن اپنی آمدنی الگ رکھ سکتے ہو۔ کھانا شرکت میں رکھ سکتے ہو یہ نافرمانی نہیں ہے۔

متعارف اخلاق اور اس کی ایک مثال

فرمایا کہ آج کل متعارف اخلاق یہ ہیں کہ خواہ دل میں کدورت ہو لیکن ظاہر میں خوش اخلاقی کے ساتھ پیش آوے۔ لیکن مجھے یہ نہیں آتا کہ دل میں کچھ ہو اور زبان پہ کچھ۔ اگر کچھ ناگواری ہوتی ہے کہہ سن کر دل صاف کر لیتا ہوں اچھا ہے صاف کر لینا چاہئے۔ دل کو تاکہ پھر وہی محبت پیدا ہو جاوے۔ اگر کرتا میلا ہو جاوے تو ایک تو یہ صورت ہے کہ اور اجلا کرتا اوپر سے پہن لیا اندر وہی سڑا ہن رہی۔ ایک یہ ہے کہ دھوبی کے یہاں بھیج دیا اس نے پیٹ کوٹ کر پھر صاف کر دیا۔ پھر دیکھ لیجئے کون سی صورت اچھی ہے۔ ہم تو اسی کو اچھا سمجھتے ہیں۔

اللہ سے تعلق پیدا کرنے کی ایک بڑی ترکیب

عسر کی شکایت پر فرمایا کہ یہ انبیاء کی سنت ہے۔ رزق جتنا مقدر میں ہوتا ہے اتنا ہی ملتا ہے۔ اس کا کوئی خاص وظیفہ نہیں ہاں دعا کرنا چاہئے اللہ تعالیٰ سکون دے دیں گے۔ جب اللہ تعالیٰ سے تعلق بڑھ جاتا ہے پھر پریشانی نہیں ہوتی اور تعلق پیدا کرنے کی سب سے بڑی ترکیب یہ ہے کہ خوب مانگا کرے۔

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

رعایت خلافیات کی اچھی ہے

فرمایا کہ الصوفی لامذھب لہ کے معنی یہ ہیں کہ چاروں مذہبوں میں سے جس مذہب میں احتیاط دیکھتے ہیں اسی پر عمل کرتے ہیں۔ بخلاف ان کے جو تارک تقلید ہیں وہ تو اس کو کرتے ہیں جس میں رخصت دیکھتے ہیں۔ رعایت خلافیات کی اچھی ہے بشرطیکہ اپنے مذہب کا مکروہ لازم نہ آوے۔ مثلاً حنفی وضو میں فصد کے ذریعہ سے خون بھی نہ نکلوا وے کیونکہ وہ حنفیہ کے نزدیک ناقص وضو ہے اور مس امراۃ سے بھی احتیاط رکھے۔ اس طرح مس ذکر سے (جو کہ شافعیہ کے نزدیک ناقص وضو ہے (گو حنفیہ کے نزدیک نہیں) اور جس کے پیچھے مختلف مذاہب کے اشخاص نماز پڑھتے ہوں اس کو تو رعایت ضروری ہے۔ یوں بھی افضل یہی ہے کہ اختلاف میں بھی احتیاط رکھے۔

دین میں محنت کم ہے اور ثمرہ زیادہ اور اس کی مثال

فرمایا کہ دین میں محنت تو کم ہے اور ثمرہ زیادہ۔ برخلاف اس کے دنیا میں محنت تو زیادہ ہے اور ثمرہ کم۔ اس کی میں یہ مثال دیا کرتا ہوں کہ کبوتر کے شکار میں بہت کم مشقت ہے اگر ہوائی بندوق بھی لے کر کوئی چلا جاوے تو دو چار کبوتر تو لے ہی آوے گا کم از کم شام کے لئے سالن تو ہو ہی گیا۔ برخلاف اس کے اگر سور کا شکار کیا تو کارتوس کے کارتوس خراب کئے اور ملا کیا سور۔ نہ کھانے کا نہ پکانے کا دین میں کسی حال میں نقصان نہیں۔ یہ سب حق تعالیٰ کی برکت ہے۔

اللہ تعالیٰ کے ساتھ جیسا ظن ہو ویسا ہی معاملہ فرماتے ہیں لیکن اس میں صلاحیت دلیل بننے کی نہیں

ایک انگریز نے لکھا ہے کہ ہندوستان میں سب سے زیادہ حیرت انگیز بات میں نے یہ دیکھی کہ اجمیر میں ایک مردہ کو دیکھا کہ اجمیر میں پڑا ہوا سارے ہندوستان پر سلطنت کر رہا ہے۔ واقعی خواجہ صاحب کے ساتھ لوگوں کو بالخصوص ریاست کے امراء کو بہت ہی عقیدت ہے۔ ان حضرات نے اللہ کی اطاعت کی تھی پھر دیکھئے کہ کیا رنگ ظاہر ہو رہا ہے۔ حضرت

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

خواجہ عزیز الحسن صاحب نے عرض کیا کہ جب فائدہ ہوتا ہوگا تب ہی تو اس قدر عقیدت ہے۔ فرمایا کہ اللہ تعالیٰ کے ساتھ جیسا ظن ہو ویسا ہی معاملہ فرماتے ہیں۔ اس طرح تو بت پرستوں کو بت پرستی میں بھی فائدہ ہوتا ہے یہ کوئی دلیل تھوڑا ہی ہے۔ دلیل ہے شریعت۔

رمضان میں قرآن سنانا بڑی برکت کی چیز ہے

ایک اہلکار نے حافظ صاحب سے فرمایا کہ رمضان میں قرآن سنانا بڑی برکت کی چیز ہے تجربہ کی بات ہے کہ سال بھر کا بھولا ہوا اس سے پھر یاد ہو جاتا ہے۔

بدگمانی اور بدزبانی کا منشا کبر ہے

فرمایا کہ بڑی چیز تو یہ ہے کہ آدمی اپنے ہر فعل کو شریعت پر منطبق کرے کہ کون سا میرا عمل شریعت کے موافق ہے اور کون سا خلاف۔ اور حضرت کسی کے ساتھ اعتقاد رکھنا ضروری نہیں۔ ہاں بدگمانی اور بدزبانی بلا ضرورت کسی کے ساتھ جائز نہیں اگر بدگمانی نہ کی تو کیا نقصان ہوا پھر فرمایا کہ اس کا منشا کئی چیزیں ہیں اور ان سب کا منشا کبر ہے۔ اگر سب سے کمتر اپنے آپ کو سمجھے گا تو جس وقت بدگمانی ہونے لگے گی فوراً عیب اپنا پیش نظر ہو جائے گا اور سوچے گا کہ ہم تو اس سے بھی زیادہ نالائق ہیں پھر کبھی اس کی نوبت نہ آئے گی۔ لہذا کبر کا علاج کسی کامل شخص کے پاس رہ کر کرانا ضروری ہے۔

مجاہدہ کا ثمرہ اونچا رہتا ہے اور ناز و نعم کا ثمرہ نیچا ہوتا ہے اور اس کی ایک دلچسپ حکایت

فرمایا کہ مجاہدہ کا ثمرہ اونچا رہتا ہے اور ناز و نعم کا ثمرہ نیچا ہوتا ہے اس کی توضیح میں یہ حکایت بیان فرمائی کہ ایک بزرگ درویش تھے یعنی عالم پورے نہ تھے گو بے علم بھی نہ تھے۔ وعظ میں سیدھی سیدھی باتیں فرما رہے تھے اور لوگ تڑپ رہے تھے۔ اس مجلس میں ایک علامہ بھی حاضر تھے ان کے دل میں خیال گزرا کہ یہ عجیب بات ہے کہ ہم اتنے بڑے عالم لیکن ہمارے وعظ میں اثر نہیں اور یہ کم علم مضامین بھی عالی اور دقیق نہیں لیکن ان کے وعظ میں لوگوں

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

کی یہ حالت ہے۔ ان بزرگ کو ان کا یہ خیال مکشوف ہو گیا فرمایا کہ ایک گلاس میں تیل پانی اور بتی تھی۔ ایسی صورت میں تیل اوپر رہتا ہے اور پانی نیچے کیونکہ پانی وزنی زیادہ ہوتا ہے۔ پانی نے تیل سے شکایت کی اور پوچھا کہ یہ کیا بات ہے کہ میں نیچے رہتا ہوں اور تو اوپر حالانکہ میں پانی ہوں اور پانی کی یہ صفت ہے کہ وہ صاف شفاف خود طاہر مطہر۔ روشن خوبصورت خوب سیرت ہے۔ غرض ساری صفتیں موجود ہیں اور تو (یعنی تیل) خود بھی میلا اور جس پر گرے اسے بھی میلا کرے۔ کوئی چیز تجھ سے دھوئی نہیں جا سکتی۔ چاہئے یہ تھا کہ تو نیچے ہوتا اور میں اوپر مگر معاملہ برعکس ہے کہ میں نیچے ہوں اور تو اوپر۔ تیل نے جواب دیا کہ ہاں یہ سب کچھ ہے لیکن تم نے کوئی مجاہدہ نہیں کیا ہمیشہ ناز و نعم ہی میں رہے بچپن سے اب تک۔ بچپن میں فرشتے آسمان سے اتار کر بڑے اکرام سے تم کو لائے۔ پھر جس نے دیکھا عزت کے ساتھ برتنوں میں لیا۔ بڑی رغبت سے نوش کیا تمہاری دھوپ سے حفاظت کی جاتی ہے۔ میل کچیل گرد و غبار سے بچایا جاتا ہے گو اپنے مطلب کو سہی۔ غرض ہمیشہ عزت ہی عزت اور ناز ہی ناز دیکھا اور ہم نے جب سے ہماری ابتداء ہوئی ہے ہمیشہ مصیبتیں ہی مصیبتیں جھیلی ہیں۔ سب سے اول تخم تھا سرسوں یا تل کا۔ سب سے پہلے تو مصیبت کا یہ سامنا ہوا کہ سینکڑوں من مٹی ہمارے اوپر ڈالی گئی سینہ پر پتھر تھا۔ پھر جگر شق ہوا یہ دوسری مصیبت پڑی۔ تیسری مصیبت یہ پڑی کہ زمین کو توڑ کر باہر نکلے چوتھی یہ کہ جب باہر نکلے تو آفتاب کی تمازت نے جگر بھون دیا۔ پانچویں مصیبت یہ جھیلنی پڑی کہ جب کچھ بڑے ہو گئے تو درانتی سے کاٹا گیا چھٹی مصیبت یہ کہ زیر و زبر کیا گیا اور بیلوں کے کھروں میں روندا گیا۔ آخر میں ساتویں مصیبت تو غضب کی تھی کہ کولہو میں ڈال کر جو کچلا ہے تو جگر پاش پاش کر دیا۔ اس طرح ہماری ہستی ہوئی۔ عمر بھر مجاہدوں میں گزری۔ سو مجاہدہ کا ثمرہ اونچا رہتا ہے اور ناز و نعم کا ثمرہ یہ نیچا رہتا ہے۔

بیعت کو ضروری سمجھنا بدعت ہے

فرمایا کہ بیعت کے بغیر جو نفع ہوتا ہے وہی بغیر بیعت کے بھی حاصل ہو سکتا ہے نفع کا دارومدار بیعت پر نہیں۔ عرض کیا گیا کہ پھر بیعت بدعت ہے اگر بدعت ہے تو اس کو قطعاً

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

ترک کر دینا چاہئے۔ فرمایا کہ بیعت بدعت نہیں بیعت کو ضروری سمجھنا بدعت ہے۔ بلکہ بیعت ایک سنت مستحبہ غیر ضروریہ ہے۔

ذکر شغل کیلئے صرف اسلام شرط ہے بس

فرمایا کہ خدا کا نام بتلانے کے لئے بجز اسلام کے اور کوئی شرط نہیں۔ کوئی ہندو مجھ سے پوچھے اللہ کا نام تو میں ہرگز نہ بتلاؤں جب تک مسلمان نہ ہو جاوے باقی چاہے جبری ہو۔ چاہے قدری ہو چاہے فلاں خانی ہو۔ چاہے سماع سنتا ہو۔ چاہے غیر مقلد ہو۔ چاہے رافضی ہو کوئی ہو لیکن ہو مسلمان ہم سے ذکر و شغل پوچھو اور کرو ہم بتلا دیں گے چاہے نفع نہ ہو لیکن ہم اپنی طرف سے بتلانے کو تیار ہیں ہمارے یہاں اہل سنت والجماعت ہونے کی شرط نہیں لیکن ہم اطلاع کر دیں گے کہ بدون تصحیح عقائد کے کچھ نفع نہیں ہونے کا اس لئے اللہ کا نام سب کو بتلا دیتا ہوں کہ اس کی برکت سے نفع ہو جاتا ہے یعنی عقائد درست ہو جاتے ہیں۔

ایک ظریف کا قول برائے تعلیم ملازم

فرمایا کہ ایک ظریف کا قول ہے کہ مولویوں اور کسبیوں کے ملازم سست ہوتے ہیں کیونکہ جہاں ان کے منہ سے کچھ نکلا بہت سے لوگ کام کرنے کو تیار ہو جاتے ہیں اس لئے ان کے ملازم بیکار ہو جاتے ہیں۔

زنا کے متعلق بعض مسائل کی تحقیق

فرمایا کہ زنا کی سزا بہت سخت ہے اس سے معلوم ہوا کہ یہ فعل عنداللہ نہایت سخت ہے۔ سارے بدن سے مزے لوٹے تھے اس لئے سارے بدن پر پتھر مار مار کر جان نکالی جاتی ہے پھر فرمایا کہ زنا کی شہادت بھی بہت سخت ہے۔ غالباً آج تک زنا کا ثبوت شہادت سے کبھی نہیں ہوا جب ہوا اقرار سے ہوا زنا کے اقرار میں بھی یہ قانون ہے کہ جب چاہے اپنے اقرار سے رجوع کر لے پھر اس پر حد قائم نہیں کی جا سکتی مگر قتل کے اقرار میں یہ بات نہیں پھر استفسار پر فرمایا کہ زنا کا اقرار نہ کرنا اور جھوٹ بول دینا اقرار کرنے سے افضل ہے۔ لیکن جن صحابہ نے اقرار کیا ان پر حال طاری ہو گیا تھا انہوں نے اپنے وجود سے عالم کو

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

پاک کرنا چاہا اس قدر ندامت دامنگیر ہوئی۔ واقعی اپنے اختیار سے اپنے اوپر ایسی سخت سزا جاری کرالینا نہایت عجیب ہے۔ جبھی تو حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت ماعز کی نسبت فرمایا تھا کہ اگر اس کی توبہ تمام اہل مدینہ پر تقسیم کردی جاوے تو سب کی مغفرت کے لئے کافی ہے۔ اس قدر خالص توبہ تھی۔ پھر استفسار پر فرمایا کہ زنا حق العبد نہیں ہے جیسا کہ سمجھا جاتا ہے بلکہ حق اللہ ہے کیونکہ موٹی بات ہے کہ اگر حق العبد ہوتا تو شوہر کی اجازت سے اس کی بیوی دوسرے کو مباح ہوتی جیسا کہ مال مباح ہوجاتا ہے۔ دوسرے یہ کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے جتنی سزائیں زنا کی دی ہیں اس میں آپ (حضور صلی اللہ علیہ وسلم) نے کبھی یہ نہیں کہا کہ جا کر زوج سے معاف کراؤ لیکن بعضا جہل بھی انفع ہوتا ہے زنا کو حق العبد سمجھنا ہی مصلحت ہے کیونکہ لوگ یہ سن کر کہ حق اللہ ہے سہل سمجھنے لگتے ہیں۔ حق العبد کو زیادہ سخت سمجھتے ہیں حالانکہ یہ بڑا جہل ہے کیونکہ صاحب حق جتنا بڑا ہوگا اتنا ہی اس کا حق ضائع کرنا سخت ہوگا۔ ایک صاحب نے عرض کیا کہ محبت کی وجہ سے حق اللہ کو لوگ سہل سمجھتے ہیں فرمایا کہ محبت نہیں ہے جرات ہے۔ ما غرک بربک الکریم جس کی وجہ یہ ہے کہ مشاہدہ نہیں ہے اگر مشاہدہ ہو تو پتہ پھٹ جاوے۔

تغیرات طبعی کا منشا ضعف قلب ہے

فرمایا کہ میں نے عوارف میں دیکھا ہے کہ ایک بزرگ کو بڑھاپے میں تغیر ہوا کہیں چیخ اٹھے کہیں رونے لگے۔ لوگوں نے اس تغیر کا سبب پوچھا تو یوں کہا کہ اب ہم ضعیف ہوگئے اس لئے ضبط نہیں ہوتا۔ خود اہل فن نے فیصلہ کیا ہے کہ ایسے تغیرات ضعف سے ناشی ہوتے ہیں۔

جوانی کی عفت قوی ہوتی ہے بزرگوں میں میلان قوی ہوتا ہے بہ نسبت دوسروں کے مع مثال

فرمایا کہ میری تو خوب اطمینان کی تحقیق ہے کہ عفت جیسی جوانی میں ہوتی ہے بڑھاپے میں نہیں ہوتی۔ عفیف جوان بہ نسبت عفیف بڈھوں کے زیادہ عفیف ہوتے ہیں کیونکہ ان میں قوت ضبط زیادہ ہوتی ہے۔ اس کا یہ بھی مقتضا ہے کہ عورتوں کو بوڑھے آدمی سے زیادہ بچانا چاہئے اور لوگوں کا معاملہ برعکس ہے بوڑھوں سے بالکل احتیاط نہیں کرائی

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

جاتی۔ حضرت میں نے کئی بوڑھوں سے پوچھا سب نے اقرار کیا شہوت تو ہوتی ہے بوڑھوں میں بھی یعنی میلان قلب لیکن چونکہ وہ کسی کام کے نہیں رہتے اس لئے بزرگ رہتے ہیں۔ پھر فرمایا کہ عورتوں کو اسی طرح بزرگوں سے بھی نہیں بچاتے حالانکہ بزرگوں میں زیادہ قوت ہوتی ہے کیونکہ وہ سب باتوں سے رکے رہتے ہیں۔ فاسق فاجر میں تو کچھ نہیں رہتا کیونکہ کچھ فسق و فجور میں نکل جاتا ہے کچھ آنکھوں کی راہ سے نکل جاتا ہے۔ کچھ خیالات کی راہ سے نکل جاتا ہے اور جو متقی ہوتے ہیں ان کا سب ذخیرہ کوٹھری ہی میں رہتا ہے۔ سب راہیں نکلنے کی بند رہتی ہیں اس لئے بزرگوں سے تو ضرور بچانا چاہئے اب یہ ہوتا ہے کہ میری لڑکی پر ہاتھ پھیر دیجئے۔ میری بیوی کے سر پر ہاتھ رکھ دیجئے واہیات حرکت ہے۔ بہت ہی احتیاط چاہئے۔ دوسرے یہ کہ بزرگوں کا ادراک بہت صحیح ہو جاتا ہے۔ آواز سے یہ استدلال کر سکتے ہیں۔ صورت سے یہ استدلال کر سکتے ہیں۔ لب ولہجہ سے یہ استدلال کر سکتے ہیں چال ڈھال سے یہ استدلال کر سکتے ہیں۔ ان کے استدلالات غضب کے ہیں چنانچہ بخاری کے حاشیہ پر لکھا ہے کہ ان شهادة المتقی اشد ابن القیم نے اس قول کی وجہ لکھی ہے کہ ان حضرات میں نور ذکر کا پھیلا ہوا رہتا ہے اور نور کا اول خاصہ نشاط ہے اور اس امر کا نشاط پر دارومدار ہے جب نشاط ہوگا تب ہی میلان ہوگا۔ اس واسطے بزرگ لوگ ہر وقت نشاط میں رہتے ہیں اور اسی واسطے میلان بھی انہیں زیادہ ہوتا ہے۔ عوام میں مشہور ہے کہ مولویوں کو بہت مستی ہوتی ہے۔ اس کا بھی وہی مطلب ہے گو الفاظ غیر مہذب ہیں۔

مصافحہ کے بعد ہاتھ چومنے کی رسم قابل موقوفی ہے

فرمایا کہ مصافحہ کے بعد جو ہاتھ چومنے کی رسم ہے اس کو موقوف کر دینا چاہئے کیونکہ اصل سنت تو مصافحہ ہے۔ ہاتھوں کو چومنا گو جائز سہی لیکن سنت تو نہیں۔ ہاں اس کا مبنی شوق ہے اس لئے اگر شوق ہو تو مضائقہ نہیں لیکن یہ وجدانی بات ہے کہ کسی وقت شوق کا غلبہ ہوتا ہے اور کسی وقت نہیں ہوتا۔ جب نہ ہو تو اس وقت محض تصنع ہے اور تصنع اکابر طریقت کے نزدیک بھی برا ہے۔ نیز ایک باریک بات بھی ہے کہ بعض طبائع پر توحید کا غلبہ ہوتا ہے انہیں

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

یہ فعل نہایت گراں معلوم ہوتا ہے۔ میرا یہی مذاق ہے کہ میں جو بزرگوں کے ہاتھ چومتا ہوں تو سچ یہ ہے کہ کسی وقت تو شوق ہوتا ہے اور زیادہ تر یہ ہوتا ہے کہ دیکھنے والے کہیں یہ سمجھیں کہ اس کو اپنے بزرگوں کے ساتھ اعتقاد نہیں ہے۔ بحمد اللہ اعتقاد تو اپنے بزرگوں کے ساتھ مجھ کو ہے باقی سچ یہ ہے کہ جوش نہیں ہے یعنی اعتقاد تو ہوتا ہے لیکن جوش کے درجہ میں نہیں ہوتا۔

کنکھجورے کا حکم

فرمایا کہ کنکھجورے چاہے مر کر گل سڑ بھی جاوے اور ریزہ ریزہ ہو جاوے لیکن کنواں ناپاک نہیں ہوتا گو پانی پینا جائز نہیں جب تک اتنا پانی نہ نکالا جاوے کہ غالب گمان ہو جاوے کہ اب اس کے ریزے نکل گئے ہوں گے۔

عورتوں کے حسن و جمال میں احتمال فتنہ غالب ہے

فرمایا کہ آج کل لوگ منکوحہ عورتوں میں حسن و جمال کو دیکھتے ہیں حالانکہ راحت اور فتنوں سے حفاظت آج کل اسی میں ہے کہ بیوی زیادہ حسین و جمیل نہ ہو۔ حسن و جمال کی کمی قدرتی وقایہ ہے۔ عرض کرنے پر فرمایا کہ حسن و جمال خدائے تعالیٰ کی نعمت ہے لیکن اس میں احتمال فتنہ غالب ہے۔

ہدیہ آنا علامت مہدی الیہ کے مقبولیت کی ہے

فرمایا کہ صلحاء کی طرف ہدیہ آنا علامت ہے مہدی الیہ کے مردود نہ ہونے کی بڑی بات تو یہ ہے۔ ایک بزرگ جو ذرا آزاد تھے انہوں نے مجھ سے یہ لفظ کہے تھے کہ ہدایا ہر شخص کے پاس نہیں آتے۔ بلکہ سرکاری آدمی ہی کے پاس آتے ہیں۔ ہدیہ آنا اس کی علامت ہے کہ وہ شخص سرکاری آدمی ہے۔

نیت اختیاری ہے

فرمایا کہ چاہے کیسے ہی معتمد شخص سے روپیہ ملیں گننے کو ضرور جی چاہتا ہے روپیہ تو روپیہ پیسے بھی اگر کوئی دے تو انہیں بھی بغیر گنے رکھنے کو جی گوارا نہیں ہوتا۔ پھر فرمایا کہ یہ

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

خیال ہوتا ہے کہ شاید ان سے گننے میں غلطی ہوگئی ہو پھر فرمایا کہ خیال ہوتا ہے کہ گننے میں یہ نیت کرلیا کریں کہ کہیں دوسرے کا میرے پاس زیادہ نہ آ گیا ہو۔ خواجہ صاحب نے عرض کیا کہ نیت کیا اختیاری ہے ہنس کر فرمایا کہ آپ نے بھی غضب کیا نیت اختیاری نہیں تو کیا غیر اختیاری ہے عرض کیا گیا کہ جب گننے میں نیت یہ ہے کہ کہیں کم نہ ہوں پھر یہ نیت کیسے کرے کہ کہیں زیادہ نہ آ گئے ہوں۔ فرمایا کہ نیت تو فعل اختیاری ہے۔ اگر نماز کو جی نہ چاہتا ہو تو کیا نیت باندھ کر کھڑا نہیں ہوسکتا اسی طرح یہ نیت بھی کرسکتا ہے۔

اصل چیز بزرگوں کا اتباع ہے

فرمایا کہ حضرت حاجی صاحب فرمایا کرتے تھے کہ جائے بزرگان بجائے بزرگان۔ اس پر جناب خواجہ صاحب نے عرض کیا کہ حضور حاجی صاحب کے حجرے میں کبھی نہیں بیٹھے فرمایا کہ مجھ پر توحید کا غلبہ ہے اس لئے ایسے امور کی طرف مجھے التفات نہیں۔ مجھے عقیدت تو بے حد ہے بزرگوں کے ساتھ لیکن جوش کے درجہ میں نہیں عرض کیا گیا کہ حضور کو عقیدت عقلی ہے طبعی نہیں فرمایا کہ جی نہیں عقیدت طبعی ہے۔ کیونکہ مجھ میں مادہ الفت کا بہت ہے عرض کیا گیا کہ عقیدت طبعی میں تو جوش لازمی ہے فرمایا کہ تاثر تو ہے جوش نہیں ہے۔ اسی طرح بزرگوں کے تبرکات کے ساتھ مجھ کو شغف نہیں مثلاً کرتہ وغیرہ یہ خیال ہوتا ہے کہ اس میں کیا رکھا ہے۔ اصل چیز تو بزرگوں کا اتباع ہے گو برکت کا میں نے خود مشاہدہ بھی کیا ہے لیکن اہتمام جس کو کہتے ہیں وہ قلب میں نہیں۔

حب دنیا شان علم کے خلاف ہے

فرمایا کہ جو عالم اپنے علم پر عمل نہ کرے اور محب دنیا ہو وہ جاہل ہے کوئی ہو۔

ادھوری بات کہنا سخت تکلیف دہ ہے

فرمایا کہ سب میں یہ مرض ادھوری بات کہنے کا ہے الا ماشاء اللہ یہ بہت ہی تکلیف دہ حرکت ہے۔

اہل اللہ کے دل

اہل اللہ کے دل میں ایک خاص برکت ہوتی ہے وہ جس کی طرف متوجہ ہوجاتے ہیں

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

اللہ تعالیٰ اس پر فضل فرما ہی دیتے ہیں

فرمایا کہ اکثر رئیسوں کو حق تعالیٰ حوصلہ عطا فرما دیتے ہیں۔

خدا جب حسن دیتا ہے نزاکت آ ہی جاتی ہے

جناب خواجہ صاحب نے عرض کیا کہ اسی طرح بزرگان کاملین دولت باطنی دینے میں سخی ہوتے ہوں گے۔ مگر ان کو اس میں کیا اختیار ہے وہ تو حق تعالیٰ کے قبضہ میں ہے۔ فرمایا کہ ان کے اختیار کی ضرورت نہیں۔ ان کے قلوب میں یہ برکت ہوتی ہے کہ جو ان کو راضی رکھتا ہے اور جس کی طرف ان کے قلوب متوجہ رہتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ اس پر فضل فرما ہی دیتا ہے۔ تجربہ یہی ہے چنانچہ ایک مرتبہ امام احمد بن حنبل اور ایک شخص نہر میں وضو کر رہے تھے۔ امام صاحب نیچے کی طرف تھے اور وہ شخص اوپر کی طرف۔ اس شخص نے خیال کیا کہ امام صاحب مقبول بندے ہیں۔ میرا مستعمل پانی ان کے پاس جاتا ہے یہ بے ادبی ہے۔ اس لئے اٹھ کر دوسری طرف ان کے نیچے جا بیٹھا بعد انتقال کے اس کو کسی نے خواب میں دیکھا پوچھا کہ مغفرت ہوئی یا نہیں۔ کہا کہ میرے پاس کوئی عمل نہ تھا۔ اس پر مغفرت ہوئی کہ تو نے ہمارے مقبول بندہ احمد بن حنبل کا ادب کیا تھا ہمیں یہ پسند آیا۔ اسی واسطے حدیث میں آیا ہے کہ اے عائشہؓ کسی نیک عمل کو حقیر نہ سمجھنا ہر نیک عمل میں خاصیت مغفرت کی ہے۔ اسی طرح ہر گناہ میں خاصیت عذاب کی ہے چاہے چھوٹا ہو چاہے بڑا۔

بڑی چیز اخلاق باطنہ کی اصلاح ہے

فرمایا کہ ظاہری اعمال پر بزرگوں کی زیادہ نظر نہیں ہوتی کیونکہ ان کی اصلاح تو ایک منٹ میں ہو سکتی ہے۔ یہ تو محض ارادہ بدلنا ہے۔ بے نمازی ایک منٹ میں نمازی ہو سکتا ہے۔ بے داڑھی والا ایک منٹ میں داڑھی چھوڑ سکتا ہے۔ شرابی ایک منٹ میں شراب سے تائب ہو سکتا ہے۔ فاسق فاجر ایک منٹ میں متقی ہو سکتا ہے لیکن بڑی چیز جس پر بزرگوں کی نظر ہوتی ہے اخلاق باطنہ ہیں۔ مثلاً تکبر وغیرہ ان کی اصلاح نہایت دشوار ہوتی ہے۔

نفس کی اصلاح کا طریقہ

فرمایا کہ کتابوں سے بھی ثابت ہے اور تجربہ سے بھی ثابت ہے کہ نفس کو جب تک

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

ذلت نہ دیجاوے یہ سیدھا نہیں ہوتا اور یہ ظاہر ہے کہ اپنے ہاتھ سے ذلت نہیں ہوتی۔ بازار میں کھڑے ہو کر خود اپنے ہاتھ سے اپنے سر پر جوتیاں بھی مار لیں تب بھی ذلت نہ ہو ذلت تو جناب دوسرے ہی کے ہاتھ سے ہوتی ہے۔

چشتیہ میں جہر خفیف کی اجازت ہے اور اس کا منشاء

فرمایا کہ سب صاحب سن لیں کہ چشتیہ میں جو جہر ہے وہ محض اسی مصلحت سے ہے کہ اپنی آواز کان میں آتی رہے تا کہ خطرات نہ آویں۔ یہ غرض خفیف جہر سے بھی حاصل ہو سکتی ہے لہذا باقاعدہ الضروری یتقدر بقدر الضرورۃ بہت چلا چلا کر ذکر کرنا عبث فعل ہوا اور عبث فعل پسندیدہ نہیں۔ فقہا نے بھی جہر کے جواز کی بھی شرط لکھی ہے کہ مصلین کو تشویش نہ ہو میرے وجدان میں تو متوسط جہر سے نمازی کو تشویش نہیں ہوتی۔ زیادہ بلند آواز سے البتہ ہوتی ہے بلکہ مجھے تو اگر خفیف جہر کے ساتھ ریلی آواز سے کوئی ذکر رہا ہو تو نیند آ جاتی ہے عرض کیا گیا کہ خفیف جہر سے قلب پر بھی زیادہ اثر پہنچتا ہے۔ فرمایا جی ہاں زیادہ پکارنے سے سب زور باہر نکل جاتا ہے اس لئے قلب پر بھی اثر نہیں پڑتا۔

کشف قبور حقیقتاً مضر ہے و محل تلبیس ابلیس ہے

کشف قبور کے متعلق فرمایا کہ اس میں بہت غلطیاں ہوتی ہیں کیونکہ جب ناسوت کے کشف میں غلطیاں ہوتی ہیں تو ملکوت کے کشف میں تو بہت غلطیاں ہو سکتی ہیں کیونکہ انسان کو بہ نسبت ناسوت کے ملکوت سے بہت کم مناسبت ہے مثلاً کسی مردہ کو معذب دیکھنے سے بدگمانی ہوتی ہے اور منعم دیکھنے سے بے فکری پیدا ہوتی ہے غرض کشف قبور ہر طرح مضر ہے۔ علاوہ اس کے ان امور میں خیال کی بھی بہت آمیزش ہوتی ہے تلبیس ابلیس کا بھی اس میں احتمال رہتا ہے۔ یہاں تک کہ کبھی ایسا واقعہ ہوتا ہے کہ کافر کی جانکنی کے وقت شیطان اس کے خیال میں تصرف کر کے جنت کا خیالی نقشہ اس کے سامنے پیش کر دیتا ہے اور وہ اس پر ہراس ہوتا ہے نہ خوف نہایت ہشاش بشاش انتقال کرتا ہے۔ یہ محض اوروں کی تلبیس کے لئے ایسا کرتا ہے تا کہ لوگ یہ سمجھنے لگیں کہ جنت کے حصول کے لئے اسلام شرط نہیں ہے جو مسلمان نہ ہو وہ بھی جنت میں جا سکتا ہے کس قدر زبردست تلبیس ہے خدا بچاوے۔

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

قدم موسیٰؑ وقدم عیسیٰؑ کی توضیح

فرمایا کہ ہمارے حضور صلی اللہ علیہ وسلم میں مختلف شانیں تھیں۔ بعضی شان مشابہ تھی حضرت موسیٰ علیہ السلام کی شان کے اور بعضی حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے مثلاً حضرت موسیٰ علیہ السلام کے اندر ایک آزادی کی شان' ناز کی شان' جوش وخروش حمیت غیرت یہ مضمون بہت ہے اور حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے اندر زہد وترک دنیا کا غلبہ تعلقات کی کمی وغیرہ یہ مضمون بہت ہے۔ اسی مشابہت کی بنا پر ان شانوں کا نام اصطلاح میں قدم موسیٰ (یعنی نسبت موسویہ) اور قدم عیسیٰ (یعنی نسبت عیسویہ) ہوگیا تو قدم موسیٰ ایک خاص نسبت محمدی صلی اللہ علیہ وسلم کا نام ہے جو مشابہت رکھتی ہے موسیٰ سے چونکہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم جامع الکمالات ہیں پس اس سے مستفید ہونا نہ اس حیثیت سے ہے کہ وہ کمال موسوی ہے بلکہ اس حیثیت سے ہے کہ وہ دراصل کمال محمدی (صلی اللہ علیہ وسلم) ہے۔

حسن یوسفؑ دم عیسیٰؑ ید بیضا داری　　آنچہ خوباں ہمہ دارند تو تنہا داری

حب جاہ کے مرض کا پتہ مشکل سے چلتا ہے

فرمایا کہ حب جاہ ایسا مرض ہے کہ اس کا پتہ چلنا مشکل ہے جب کوئی واقعہ پیش آوے اور گرانی ہو تب پتہ چلتا ہے کہ افوہ ہم میں مرض حب جاہ کا ہے چنانچہ ایک حکایت بیان فرمائی کہ ملا محمود فاروقی جونپوری مصنف شمس بازغہ بڑے شخص تھے مولوی عبدالحکیم سیالکوٹی ان کو لوگوں کی نظر میں بے قدر کرنا چاہتے تھے۔ چنانچہ شاہجہان کا زمانہ تھا۔ شاہی خاندان میں سے کسی شخص کا انتقال ہوا۔ ملا محمود صاحب سے نماز جنازہ پڑھانے کے لئے کہا گیا۔ مولوی عبدالحکیم صاحب نے چپکے سے کہا کہ مجمع زیادہ ہے قراءت پکار کر پڑھنا کہ سب لوگ سن لیں ملا محمود نہایت ذہین شخص اور معقول آدمی تھے لیکن دینیات نہ جانتے تھے دھوکہ میں آ گئے نماز جنازہ میں قراءت شروع کردی۔ سب لوگ کہنے لگے کہ یہ شخص عالم نہیں محض جاہل ہے۔ پھر ان کی وقعت لوگوں کی نظروں میں بالکل نہ رہی۔

ولایت سلب کر لینے کے معنی

ایک صاحب نے عرض کیا کہ ایک بزرگ ایسے تھے کہ وہ جس بزرگ سے مصافحہ کرتے

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

تھے ان کی ولایت سلب کر لیتے تھے اخیر میں انہیں ایک ایسے بزرگ ملے جنہوں نے ان بزرگ کی ولایت بھی اور جتنے بزرگوں کی ولایت سلب کر چکے تھے وہ سب ولایتیں بھی ایک دم سے سلب کر لیں۔ اس پر حضرت ہنسے پھر اس سے تحقیق بیان فرمائی کہ دو حالتیں ہیں ایک تو حالت نسبت مع اللہ کی ہے یا جو متعلق ہو نسبت مع اللہ کے مثلاً طاعت و عبادت جو سبب ہے قرب الی اللہ کا وہ تو موہوب ہے۔ یعنی حق تعالیٰ کی عطا ہے جو موجب ہے قرب کی یا مرتب ہے ہر قرب پر۔ اس پر تو کسی کا اختیار نہیں۔ اور ایک ہوتی ہیں کیفیات نفسانیہ ان میں طبیعت کی خصوصیت کو اور اسباب طبعیہ کو بھی دخل ہے مثلاً کیفیت شوقیہ۔ کہ یہ کیفیت مسبب ہے محض اسباب طبعیہ سے مثلاً مزاج میں قوت ہونا۔ صحت کا اچھا ہونا۔ ہر طرح کا اطمینان ہونا یعنی معاش کی طرف سے بھی اطمینان ہو اور اعدا کی طرف سے بھی کوئی اندیشہ نہیں۔ ان سب اسباب کا خاصہ ہے ایک قسم کی کیفیت شوقیہ نشاطیہ پیدا ہو جاتی ہے۔ سو یہ کیفیات نشاطیہ قوت خیالیہ کے ذریعہ سے مغلوب ہو سکتی ہے۔ جس کا اثر یہ ہوتا ہے کہ ایک قسم کی غباوت اور افسردگی طبیعت میں پیدا ہو جاتی ہے بعض طبیعتیں ایسی کمزور و کم ہمت ہوتی ہیں کہ اس افسردگی کی وجہ سے براہ کسل عبادت چھوڑ بیٹھتے ہیں۔ اس طرح ان کو ضرر دین کا بھی ہونے لگتا ہے بواسطہ اس کی کم ہمتی کے اس کو عوام سمجھتے ہیں کہ ولایت سلب کر لی جیسے کسی کے کوئی لٹھ مارے اور وہ اپنی کم ہمتی کی وجہ سے پانچ وقت کی نماز چھوڑ دے تو اس کو کوئی کہے کہ لٹھ مار کر ولایت سلب کر لی۔

القائے نسبت کے معنی

ایک صاحب نے پوچھا کہ شیخ جو القائے نسبت کرتا ہے اس کے کیا معنی فرمایا کہ اس کی توجہ اور شفقت میں یہ برکت ہوتی کہ اللہ تعالیٰ نسبت القا فرما دیتے ہیں جیسے استاد اگر توجہ اور شفقت کے ساتھ پڑھاوے تو شاگرد کے قلب میں اللہ تعالیٰ مضامین القا فرما دیتے ہیں پس القا استاد یا شیخ کا فعل نہیں۔ یہی سبب ہے کہ اس قسم کے اجارہ کو فقہاء نے ناجائز کہا ہے کہ مثلاً میرے لڑکے کو حساب کا ماہر کر دو ہاں یہ جائز ہے کہ تم بتلا دو ماہر کر دینا کسی کے اختیار میں نہیں اور بتلا دینا اختیار میں ہے۔ پھر ان صاحب نے عرض کیا کہ یہ جو مشہور ہے کہ مشائخ بیعت کے وقت القائے نسبت کرتے ہیں اس کا یہی مطلب ہے فرمایا کہ بیعت کے وقت اجمالاً القائے

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

نسبت ہو جاتا ہے یعنی مناسبت مجملہ حق تعالیٰ کے ساتھ پیدا ہو جاتی ہے اہل اللہ کے ساتھ تعلق ہو گیا تو گویا اللہ تعالیٰ کے ساتھ تعلق ہو گیا۔ بیعت سے گویا ایک خصوصیت ہو گئی اللہ کے ساتھ۔

دفع احتلام کا وظیفہ

ایک صاحب نے شکایت تحریر فرمائی کہ مجھے ہر روز احتلام ہو جاتا ہے اس کی کوئی تدبیر ارشاد فرمائی جاوے۔ حضرت نے فرمایا کہ بزرگوں سے منقول ہے کہ سورہ نور پڑھ کر سونا نافع ہے۔

حفظ کا وظیفہ اگر قوت حفظ نہ ہو حفظ مناسب نہیں

ایک پختہ عمر کے دیہاتی طالب علم نے محض دعا کرانے کے لئے سفر کیا انہوں نے شکایت کی کہ میں کلام مجید بھول بھول جاتا ہوں۔ حضرت نے فرمایا کہ یا علیم (بار) بعد نماز فجر پڑھ کر قلب پر دم کر لیا کر لو۔ پھر فرمایا کہ اس کے لئے سفر کی کیا ضرورت تھی۔ فقط لکھ دیتے میں دعا کر دیتا۔ بس اتنی سی بات کے لئے اتنا وقت بھی صرف ہوا اور اتنا خرچ بھی پڑا۔ خط سے بھی دعا ہو سکتی تھی۔ پھر فرمایا تم کوئی سورت سنا سکتے ہو۔ انہوں نے کہا کہ بہت دن ہو گئے یاد کرتے لیکن کوئی سورت میں نہیں سنا سکتا۔ حضرت نے فرمایا کہ تمہیں کس نے حفظ شروع کرایا اگر حافظہ اچھا نہ ہو تو حفظ نہیں کرنا چاہئے۔ اگر اتنے دن میں ایک سورت بھی یاد نہیں کر سکے تو تم معذور ہو چھوڑ دو حفظ کرنا۔ کتابیں پڑھو اردو کی مسئلہ مسائل کی کیا ساری عمر یونہی ختم کر دو گے فرض نہیں ہے حفظ کرنا' ہاں اگر یاد کر لیا ہو تو محفوظ رکھنا فرض ہے اور اگر حفظ نہ ہوتا ہو تو حفظ کرنا فرض نہیں۔ جب یاد ہی نہیں ہوتا چھوڑ دو دیکھ کر پڑھ لیا کرو۔ پھر شاید دیکھتے دیکھتے یاد بھی ہو جاوے مسائل کی کتابیں پڑھنا شروع کر دو آخر وہ بھی تو فرض ہیں پھر کیا انہیں بڑھاپے میں پڑھو گے خدا نے یہ حکم نہیں دیا کہ مصیبت میں پڑھو۔

شیخ کا زیادہ مقرب بننے سے حسد پیدا ہونے لگتا ہے

فرمایا کہ زیادہ مقرب بننے سے لوگوں سے حسد پیدا ہونے لگتا ہے میرے یہاں کوئی مقرب نہیں یہ میں نہیں کہتا کہ مجھے کسی سے خصوصیت نہیں۔ جس سے ہے ہے لیکن دل میں ہے۔ معاملات میں سب کے ساتھ یکساں ہوں۔ کوئی ناز نہ کرے کسی بات کا۔ کوئی مقرب

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

نہ بنے۔ ہر شخص کو براہ راست مجھ سے معاملہ رکھنا چاہئے۔ میرے یہاں سفیروں کے واسطہ کا قصہ نہیں۔ اس میں بڑی بڑی خرابیاں پیدا ہو جاتی ہیں۔

حدیث پر کچھ اشکال اور اس کا جواب

ایک صاحب نے اس حدیث پر کچھ اشکال کیا۔ **لن یشاد الدین احد الا غلبه** حضرت نے فرمایا کہ اس کا مطلب یہ ہے کہ ہر امر میں فضیلت اور عزیمت پر عمل کرنا ممکن نہیں جب کوئی اس کی کوشش کرے ہمیشہ مغلوب رہے گا۔ خلاصہ یہ کہ زیادہ کاوش اور مبالغہ سے حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے منع فرمایا ہے۔ گویا پریشانی سے بچایا ہے کیونکہ لوگ احاطہ کی کوشش کرتے اور احاطہ ممکن نہ تھا تو یہ پریشانی ہوتی کہ ہم فضیلت سے رہ گئے تو حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرما دیا کہ رہ گئے بلا سے رہ گئے۔ اور راز اس میں یہ ہے کہ یہ فضیلت ہی نہیں ہے یعنی جو ممکن الحصول نہ ہو اس میں فضیلت کہاں۔ پھر حضرت والا نے فرمایا کہ قرآن و حدیث تو تصوف کے بعد پڑھے تب لطف ہے بلکہ بوستاں بھی بعد تصوف پڑھے۔

تہجد کا وقت

ایک نو وارد صاحب کو حضرت نے چھ تسبیح **لا الہ الا اللہ** کی بعد تہجد تعلیم فرمائیں اور یہ بھی فرما دیا کہ اگر پچھلی رات اٹھنا دشوار ہو تو بعد عشاء قبل وتر تہجد کی نیت سے کچھ رکعتیں پڑھ لینا کافی ہے۔ تعداد رکعتوں کی زیادہ تر آٹھ ہونی چاہئے۔ باقی کبھی شوق ہو تو بارہ تک اور کبھی کسل ہو تو چار رکعت تک۔

ذہن کی درستی کا طریقہ

ذہن کی درستگی کے لئے فرمایا کہ بعد ہر نماز کے یا علیم اکیس بار پڑھ لیا کریں۔

کسی امید کی وجہ سے معاف کرنا

فرمایا کہ حق العباد جبکہ صاحب حق کے ورثہ سے معاف کرا لے معاف ہو جاوے گا۔ اور اگر بامید کسی چیز کے صاحب حق نے معاف کیا تھا اور یہ امید اس مدیون نے دلائی تھی

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

اور وہ چیز پھر اس کو نہ دے تو معاف نہ ہوگا۔

گناہ کا کفارہ

ایک بار فرمایا کہ آنکھوں کو نیچے رکھو اور اس گناہ کے کفارہ کے لئے پچاس نفلیں روزانہ پڑھا کرو اور مجھ کو برابر حالات سے اطلاع دیتے رہا کرو۔

امتحان کی کامیابی کا وظیفہ

ایف اے کے امتحان کی کامیابی کے لئے ایک صاحب نے کوئی وظیفہ یا تعویذ مانگا تھا تحریر فرمایا کہ روزانہ یا علیم بار بعد نماز فجر پڑھ لیا کرو اور امتحان کے روز اس کی کثرت رکھو۔

بواسیر کا وظیفہ

بواسیر کی شکایت پر تحریر فرمایا کہ بعد نماز فجر بار الحمد شریف پانی پر دم کر کے پیا کیجئے۔

تقدیر کی اجمالی تفہیم

تقدیر کے بارے میں بس مجملاً اتنا سمجھ لینا کافی ہے کہ توفیق نیکیوں کی اللہ تعالیٰ دیتا ہے اور جس طرح توفیق دی ہے اسی طرح بندہ کو اختیار بھی دیا ہے اور ایسا ہی اختیار انسان کو بدی کرنے کا بھی ہے۔ پتھر کی طرح مجبور نہیں ہے۔

علامت مقبولیت

فرمایا کہ اصلی حالت عقائد اختیاریہ کی صحت اور اعمال ضروریہ کی پابندی اور معاصی سے اجتناب اور دنیا سے محبت نہ ہونا ہے جس کو یہ میسر ہے وہ عنداللہ مقبول ہے۔

ندامت کا نفع بھی معمولات سے کم نہیں

ایک صاحب نے لکھا کہ معمولات علی التواتر حسب دلخواہ پورے طور پر وقت پر ادا نہیں ہوتے سخت پریشانی اور ندامت ہوتی ہے جواب میں تحریر فرمایا کہ یہ پریشانی اور ندامت بھی نفع میں معمولات سے کم نہیں۔

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

قساوت کی علامت

فرمایا کہ قساوت یہ ہے کہ گناہ سے نفرت نہ ہو اور طاعت سے رغبت نہ ہو۔

حفظ صحت مقدم ہے مستحب کی تحصیل سے

فرمایا کہ حفظ صحت کی مصلحت کسی مستحب کی تحصیل سے مقدم ہے۔ مثلاً صبح کو ہوا خوری کے لئے جنگل کی طرف جانا مسجد میں اشراق کی نماز کے لئے تا طلوع آفتاب بیٹھے رہنے سے افضل ہے۔

جس سے کام لینا ہو اس کی سہولت کا ہر طرح خیال رکھو

ایک صاحب نے بالکل پھیکی سیاہی سے خط لکھا مشکل سے پڑھا جاتا تھا پتہ بھی ایسا ہی لکھا تھا۔ حضرت نے واپس بھیج دیا کہ پڑھا نہیں جاتا۔ پتہ کے حصہ کو خط میں سے پھاڑ کر لفافہ پر چسپاں کر دیا۔ گو نہایت غور سے اگر پڑھا جاتا تو پڑھا جا سکتا تھا لیکن فرمایا کہ ہم کیوں زحمت برداشت کریں جس کو دوسرے سے کام لینا ہو اس کو چاہئے کہ جہاں تک ہو سکے دوسرے کو سہولت دے۔

طالب حق کو کسی کی ناراضی کی کیا پرواہ

فرمایا کہ طالب حق کو کسی کی ناراضی کی کیا پروا۔ اپنی طرف سے کسی کو دشمن نہ بنانا چاہئے۔ اس پر بھی اگر کوئی ناراض ہو ہوا کرے۔ حق تعالیٰ مددگار ہے اس پر نظر رکھنا چاہئے اور اس کو راضی رکھنا چاہئے بلکہ بعض اوقات تو خلق کی ناراضی سبب ہو جاتی ہے بہت سی آفات سے بچنے کا۔

کشف کی بنا پر کسی مسلمان کا دل شکستہ کرنا دیانت سے بہت بعید ہے

ایک صاحب نے لکھا کہ پولیس میں ایک جگہ خالی ہے مل جاوے تو ساری پریشانیاں دفع ہو کر تنگدستی بھی دور ہو جاوے مگر ایک شاہ صاحب جو یہاں ہیں قبل اس جگہ کے خالی ہونے ہی کے جواب دیدیا تھا کہ تمہاری قسمت میں نہیں ہے اس لئے مجبوری ہے۔ حضور میں باادب دعا کا ملتجی ہوں اس پر حضرت والا نے تحریر فرمایا کہ دل و جان سے دعائے کامیابی

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

کرتا ہوں۔ قسمت کی یقینی خبر بجز نبی کے کسی کو نہیں ہو سکتی اور کشف وغیرہ خود مشکوک ہے۔ اس کی بناء پر کسی مسلمان کو دل شکستہ کرنا دیانت سے بہت بعید ہے۔ آپ کوشش کریں اللہ تعالیٰ پر نظر رکھیں اور بعد عشاء یا لطیف گیارہ سو بارہ پڑھیں پھر اول آخر درود شریف گیارہ بار پڑھ کر دعا کریں جو بہتر ہوگا وہ ہو رہے گا۔

کمال توبہ یہ ہے کہ زبان سے بھی تضرع کے ساتھ ہو

ایک صاحب نے لکھا کہ گناہ کبیرہ کے بعد دل پر گھبراہٹ ہو جاتی ہے۔ طبیعت کئی کئی روز تک گھبراتی ہے اور خوب گڑگڑا کے استغفار کرنے سے دل پر شرمندگی چھا جاتی ہے اس کے لئے کیا کروں۔ فرمایا یہ شرمندگی وخوف فی نفسہ بہت اچھی چیز ہے اور یہ بھی ایک قسم کی توبہ ہے مگر کمال توبہ کا یہ ہے کہ زبان سے بھی تضرع کے ساتھ ہو۔ پس اس رکاوٹ کا مقابلہ تکلف وہمت سے کیا جاوے اور خواہ کتنی ہی تکلیف ہو مگر رکاوٹ پر عمل نہ کیا جاوے۔

شیخ کی خشونت بھی نفع کثیر رکھتی ہے

ایک صاحب نے جن کو نشست و برخاست کی چھوٹی چھوٹی باتوں پر مواخذہ کر کے واپس کر دیا گیا تھا ایک خط لکھا جس میں اپنی نہایت اچھی حالت کا اظہار کیا تھا۔ حضرت نے فرمایا کہ دیکھئے میری خشونت بیکار نہیں ہوتی۔ ان کو بہت نفع ہوا خشونت علاج ہوتی ہے۔ بہت سے امراض کی۔ کھوٹی چاندی کو جب تک آنچ نہ دی جاوے اس کا میل زائل نہیں ہوتا اگر وہ چاندی کہے کہ ہائے میں جلی۔ مجھے سرد پانی میں ڈال دو اور وہ پانی میں ڈال بھی دی گئی تو کیا ہوگا وہی ٹھوس کی ٹھوس رہے گی۔ حضرت نے جواب میں لکھا کہ ''حالات پڑھ کر مسرت بے اندازہ ہوئی۔ شکر الٰہی بجا لایا اور دعائے ترقی کی مناسب ہے کہ گاہ گاہ خط و کتابت رکھئے اور کچھ نہیں ایک دعا ہی مل جاتی ہے۔

نماز کا وقت شرعاً اجارہ سے مستثنیٰ ہے

ایک شخص نے کہا کہ یہاں کارخانہ میں صاحب لوگوں کی چوری سے ہم لوگ نماز ادا کرتے ہیں تو نماز ہو جاتی ہے یا نہیں تحریر فرمایا کہ ہو جاتی ہے۔ نماز کا وقت شرعاً اجارہ سے مستثنیٰ ہے مگر

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

لمبے چوڑے وظیفے پڑھ کر کام میں حرج نہ کریں اور اگر کام ٹھیکہ پر کرتے ہوں تو کوئی شبہ ہی نہیں۔

ذکر و شغل کی تعلیم سے صفائی
معاملہ و اجتناب معاصی کی تعلیم مقدم ہے

ایک صاحب جو سلسلہ میں داخل ہونے کے لئے سفر کرنا چاہتے تھے اور رشوت میں بھی مبتلا تھے انہوں نے ذکر و شغل کا شوق ظاہر کیا تھا۔ اس پر حضرت والا نے تحریر فرمایا کہ جب رشوت بالکل چھوٹ جاوے اس وقت طریقہ ذکر و شغل کا پوچھئے۔ اور آپ کے خط میں سے ٹکٹ نہیں ملا۔ اگر آپ نے بھیجا تھا اور میری غفلت سے کھلنے میں ضائع ہوا تب تو میرے ذمہ تھا میں نے چسپاں کر دیا اور اگر آپ نے نہیں بھیجا تو اگر اب کی بار کوئی خط آوے تو ٹکٹ بھیج دیجئے مگر خاص ٹکٹ بھیجنے کے لئے خط نہ بھیجئے۔

اپنے ذمہ تحمل سے زیادہ بار نہ لے

ایک مدرسہ کے مہتمم صاحب نے لکھا کہ ایک مدرس کی کمی ہے (جو مستعفی ہو گئے تھے) ہراس ہو رہا ہے۔ اس پر تحریر فرمایا کہ ہراس ہونے سے معلوم ہوتا ہے کہ ابھی تک آپ کے خیالات صحیح نہیں ہوئے اگر کسی خاص درجہ کے کام کا قصد کر رکھا ہے تو اس کی اصلاح کرنی چاہئے اور وہ اصلاح یہ ہے کہ یہ قصد کر لیا جاوے کہ جتنا سامان ہوگا اتنا کام کریں گے جتنا سامان نہ ہوگا نہ کریں گے اور اگر کسی خاص درجہ کے کام کا قصد نہیں ہے تو پھر ہراس کیا۔

صرف مصائب حقیقی مسبب ہوتے ہیں
معاصی سے اور مصائب صوری و حقیقی کی تعریف

فرمایا کہ مصائب کا معاصی سے مسبب ہونا یہ تمام مصائب کے لئے نہیں بلکہ حقیقی مصائب کے لئے ہے۔ کیونکہ ایک صوری مصیبت ہوتی ہے جیسا کہ کسی معشوق کا کسی عاشق کو زور سے آغوش میں دبا لینا۔ جس سے اس کی ہڈی پسلی بھی ٹوٹنے لگے۔ یہ صورت مصیبت ہے۔ جس کا اثر محض جسم پر اور روح حیوانی پر ہی ہوتا ہے۔ روح انسانی اس سے محفوظ اور لذت

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

گیر ہونی ہے اور ایک حقیقی مصیبت ہوتی ہے جیسے ایک دشمن سے دوسرے دشمن کو کوئی تکلیف پہنچتی ہے۔ پس قرآن مجید کی آیت **وما اصابکم من مصیبة فبما کسبت ایدیکم** میں حقیقی مصیبت مراد ہے اس لئے لامحالہ اس کے مخاطب بھی وہی ہوں گے جو اس حقیقی مصیبت میں مبتلا ہیں۔ باقی اہل اللہ مثل انبیاء واولیائے کاملین اس کے مخاطب نہیں کہ ان کی مصیبت محض صوری ہے۔ حقیقی نہیں یہی وجہ ہے کہ وہ دل سے پریشان نہیں ہوتے گو جسم متالم ہو اور ثمرہ اس کا رفع درجات ہوتا ہے اور یہی حال بچوں کی تکلیف کا ہے۔

طریق کی مناسبت کا طریقہ

فرمایا کہ اس طریق کی مناسبت تو شیخ کے پاس رہنے سے اور افادات کے سننے سے حاصل ہوتی ہے خصوص کام کرتے رہنے اور اطلاع دیتے رہنے سے۔

یاس واضطراب کا علاج

ایک اہلکار نے خط لکھا کہ بہت سے وظیفے پڑھے لیکن ترقی تنخواہ باوجود اچھے کام ہونے کے نہیں ملتی ہمیشہ محروم رہتا ہوں۔ اس یاس واضطراب میں جناب کی طرف رجوع کرتا ہوں کہ آخر کیا کروں۔ تحریر فرمایا کہ جس قدر تدبیر امکان میں ہو اس میں تدبیر مع دعاء اور جو اختیار میں نہ ہو اس میں صرف دعا اور اس کے بعد بھی ناکامی ہو تو صبر اور یہ سمجھنا کہ اسی میں بہتری ہوگی۔ اس سے زیادہ میں نہیں جانتا۔

غایات وثمرات کی طلب شیخ سے عبث ہے اس لئے کہ یہ غیر اختیاری ہیں

ایک صاحب نے لکھا کہ میری دلی تمنا تھی کہ زمانہ تعطیل میں دربار بندگان والا میں حاضر ہوں اس حاضری سے محض یہ غرض ہے کہ صحبت بابرکت سے توفیق الٰہی زیادہ ہو راسخ الاعتقادی اور دل میں خدا کی محبت بڑھے۔ تحریر فرمایا چونکہ یہ امور خود غایات وثمرات ہیں جو نہ میرے اختیار میں ہیں نہ آپ کے۔ اس لئے اس بناء پر تو آنا محتمل ندم ہے البتہ اگر صرف

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

یہ غرض ہو کہ میری باتیں سنئے گا اور جو مجھ سے پوچھا جائے گا میری معلوم اور رائے کے موافق جواب سنئے گا تو آنے کا مضائقہ نہیں۔ مگر یہ امر اطلاع کے قابل ہے کہ یہ ضرور نہ ہوگا کہ میں ان ایام میں بالالتزام وطن میں مقیم ہوں۔ اتنی مدت تک آزادی کو روکنا دشوار ہے۔ اگر میرا دل کہیں جانے کو چاہے گا تو بلا تکلف چلا جاؤں گا۔ ان سب امور کو دیکھ لیجئے اور مصارف خود برداشت فرمانا ہوں گے۔ اگر آیئے تو یہ خط آتے ہی دکھلا دیجئے۔

اہل اللہ کی صحبت میں ضرور فائدہ ہوتا ہے
گو شیئاً ہو البتہ طلب کی کمی سے مقصود میں دیر ہوتی ہے

ایک صاحب نے لکھا کہ حضرت والا سے نیز دوسرے اہل اللہ سے تعلق رکھتے ہوئے ایک مدت ہوگئی مگر اپنی حالت اس مشہور شعر کے بالکل مطابق ہے۔

خر عیسیٰ اگر بہ مکہ رود باز آید ہنوز خر باشد

اور یہ بھی لکھا کہ زیادہ پریشانی اس کی ہے کہ اگر احسان کا حصول ممکن نہیں تو کاش اس کی تحصیل کا خیال ہی دل سے نکل جاتا۔ بس اولاً تو یہ فرمادیں کہ آیا ہم میں صلاحیت حصول مقصود ہے یا نہیں۔ اور دوم کہ ہمارے مدرسہ میں عنقریب تین ماہ کی تعطیل ہونے والی ہے۔ اگر آپ کے نزدیک آپ کی خدمت میں حاضر ہونا مقصود کے لئے نافع ہو تو قدم بوسی کیلئے تیار ہوں اور اگر خدانخواستہ آپ کی خدمت میں کامیابی کی توقع نہ ہو تو آپ بوجہ اللہ اس کی تعیین فرمادیں کہ کس کے پاس جاؤں۔ جواباً تحریر فرمایا کہ قبل طلب و قبل سعی و قبل عمل و قبل حضور خدمات حضرات اہل اللہ جو آپ کی حالت تھی کیا بالکل اب بھی وہی حالت ہے۔ کچھ بھی تفاوت نہیں ہوا یا کچھ تفاوت ہے۔ غالباً اگر آپ تامل و تذکر و موازنہ حالتیں کے بعد جواب دیں گے تو یہ ہرگز یہ نہ کہیں گے کہ تفاوت نہیں۔ ضرور تفاوت کے قائل ہوں گے گو اس کے ساتھ یہ بھی کہہ دیں کہ تفاوت تو ہے مگر اس کو اعتداد و استقرار نہیں کبھی حضور ہے کبھی غیبت کبھی قوت ہے کبھی ضعف۔ کبھی کچھ کیفیت ہوتی ہے کبھی نہیں تو یہ تسلیم کیا جاوے گا مگر اس کی وجہ کوئی سمجھ میں نہیں آتی کہ اس کو محرومی و ناکامی کہا جاوے۔ کیا اگر مریض کا مرض

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

روزانہ شیئاً فشیئاً کم ہوتا جاوے اور صحت شیئاً فشیئاً بڑھتی جاوے تو کیا علاج کو غیر مفید کہیں گے بلکہ قاعدہ تو یہ ہے کہ اگر یہ تفاوت مریض کو بھی محسوس نہ ہو صرف طبیب ہی کو اپنے قواعد طبیہ سے معلوم ہوتا ہو اور وہ اس کا حکم کرے تب بھی مریض کو واجب ہوگا کہ تسلیم کرے اور حق تعالیٰ کا اولاً اور اطباً ثانیاً شکر گزار ہو ورنہ سخط حق اور کدورت اطباء کا قوی اندیشہ ہے۔ جو احیاناً مفضی ہو جانا سلب نعمت کی طرف **تحسبونہ ھیناً وھو عنداللہ عظیم** وہ مریض سخت غلطی کر رہا ہے کہ خود اپنے مرض کے متعلق ممتنع البرء ہونے کی تشخیص کر رہا ہے اور اس سے بڑھ کر اس کی یہ غلطی ہوگی کہ اس کو خدا تعالیٰ نے عزم و سامان کا معالجہ کا دیا ہو اور وہ اس کی ناقدری کر کے یہ تمنا کرے کہ کاش عزم ہی دل سے نکل جاتا کہ بے فکری سے دوسرے فضول یا مضر کاموں میں یکسوئی سے مشغولی ہوتی۔ مولانا اگر طلب اور حق تعالیٰ کے ساتھ زیادت تعلق محبوب ہے تو کیا دوسرا کام بھی اس پر ترجیح رکھتا ہے یا لائمین کے کہنے سے صدمہ ہو سکتا ہے۔ اس سے تو شبہ ہوتا ہے کہ حق کی طلب ہی نہیں بلکہ اس کے معنی تو یہ ہوئے کہ مطلوب مطلقاً تو مطلوب نہیں ہاں اگر وہ وعدہ وصال کرے تو کوشش کریں ورنہ گولی ماریں۔ سبحان اللہ کیسی اچھی طلب ہے مولانا ایک فحبہ عورت بھی اپنے طالب سے اس کو گوارا نہیں کر سکتی۔ چہ جائیکہ حضرت حق جل شانہ اب اس پر بطور تفریح کے کہتا ہوں کہ اگر بقول آپ کے آپ کی محرومی کو تسلیم کر لیا جاوے تو اس کی وجہ اب سمجھ لیجئے کہ یہ شان طلب ہے اگر یہ ہے تو اللہ کی امان۔ اصلاح کیجئے اور عنایتیں دیکھئے۔

آخر خط میں جو یہاں تشریف لانے کے متعلق معلق مشورہ طلب کیا ہے سو حضرت اس کا فیصلہ میں نہیں کر سکتا بلکہ آپ خود کر سکتے ہیں کیونکہ شرط نفع مناسبت اور کمال حسن ظن بحیث **لایشرک فیہ احداً** ہے سو اس کا اندازہ ظاہر ہے کہ میں نہیں کر سکتا پھر جو امر مبنی ہے اس پر یعنی تعین مطلب اس کا فیصلہ میں کیسے کر سکتا ہوں۔

معاملہ کی صفائی دوسری چیز ہے اور معاصی دوسری

ایک صاحب نے عاجزی و لجاجت سے معافی چاہی اس پر تحریر فرمایا کہ میں مسلمانوں

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

کا ایک ادنیٰ خادم ہوں خود ہزاروں تقصیرات میں ملوث ہوں نہ کہ دوسرا میرا قصوروار ہو اور میں معاف کروں۔ اگر بغرض محال آپ کے خیال میں کوئی بات ایسی ہو تو میں نے معاف کیا۔ مگر مولانا موقع پر معاملہ کی بات تو کہی جاتی ہے خواہ خوشامد سے یا غصہ سے۔

شیخ سے سارے تعلق سے قوی تعلق رکھنے کے معنی

فرمایا کہ اہل فن کے نزدیک وصول نفع کے لئے جو یہ شرط ہے کہ شیخ سے سارے تعلقات سے زیادہ قوی تعلق ہو۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ استفادہ کے وقت اس کو ظناً انفع سمجھے اور اس ظن کا درجہ اتنا ہونا چاہئے کہ دوسری طرف نگرانی سے اس کو مانع ہو۔ پھر جب ایک معتد بہ زمانہ تک نفع نہ ہو اول اسی شیخ سے اس کی وجہ تحقیق کرے اگر تسلی نہ ہو تو دوسرے سے استفادہ کرے اسی ظن مذکور کے ساتھ باقی مغلوب المحبت ہونا ضرور نہیں۔

توحش عن الخلق مسبب ہے انس مع الحق سے اور کبھی سبب ہو جاتا ہے انس مع الحق کا

ایک مرید نے لکھا کہ آدمیوں سے الگ تھلگ رہنے کو جی چاہتا ہے تو بات بات پر غصہ آ جاتا ہے مگر ضبط کر لیتا ہوں۔ یہ کبر کا شائبہ تو نہیں فرمایا کہ یہ کبر نہیں ہے۔ توحش عن الحق ہے جو مسبب ہے انس مع الحق سے اور کبھی سبب بھی ہو جاتا ہے انس مع الحق کا بے فکر رہیں۔ ہاں برتاؤ میں اعتدال سے تجاوز نہ کریں۔ زیادہ فکر میں نہ پڑیں۔

مخلوق کے خیال سے ترک عبادت بھی ریا ہے

ایک مرید نے لکھا کہ بعض وقت (یہ خیال آ کر لوگ ریاکار کہیں گے یا اچھا کہیں گے تو نفس خوش ہوگا) نفل وغیرہ پڑھنے سے باز رہتا ہوں کیا یہ ناکارہ ہر طرح سے محروم ہی رہے گا۔ تحریر فرمایا کہ ریا کا خیال تو شیطانی خیال ہے۔ باوجود اس خیال کے بھی کم کرنا چاہئے اور مجھ سے کیا پوچھتے ہو کہ محروم رہو گے یا کیا۔ مجھ کو اپنا ہی حال معلوم نہیں پھر یہ کہ اپنی کوتاہی جب سبب محرومی کا ہو تو دوسرا علاج کرے معلم کا کام اتنا ہے کہ طالب کام کرے اور اطلاع حالات

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

کی دیکر جو کچھ پوچھنا ہو اس سے پوچھے بدوں اس کے کوئی کھیر تو ہے نہیں کہ چٹادی جاوے گی۔

اپنی غرض کے لئے کسی مسلمان کی مصلحت آزادی میں خلل نہ ڈالنا چاہئے

ایک صاحب نے لکھا کہ میرے یہاں ایک دیندار نوکر ہے۔ مجھے اس سے بہت انس ہے لوگ اس کو ورغلاتے ہیں کہ مزدوری میں زیادہ نفع ہے۔ تعویذ مرحمت فرمایا جاوے کہ وہ میرا مطیع رہے اور مجھ سے علیحدہ نہ ہو۔ فرمایا کہ افسوس اپنی غرض کے لئے آپ ایک مسلمان کی مصالح اور آزادی میں خلل ڈالتے ہیں۔ اپنی اس خودغرضی کا تعویذ ڈھونڈیئے۔

عقل کا فتویٰ مقدم ہے شوق کے فتویٰ پر

فرمایا کہ عقل کا فتویٰ مقدم ہوتا ہے شوق کے فتویٰ پر اس لئے مقدم ہی پر عمل کرنا مناسب ہے۔

رضا اصل مطلوب ہے

فرمایا کہ رضا اصل مطلوب ہے۔ اگر ذوق شوق نہ ہو نہ سہی۔

تبدل اوقات مضر نہیں، تغیر احوال اس طریق میں لازم ہے دوام واستقامت اصل چیز ہے

ایک مرید کے خط کے جواب میں تحریر فرمایا کہ یہ تبدل اوقات جو بضرورت ہوا ہے کہ بوجہ چھوٹی رات ہونے کے آنکھ کھلتی تھی ذرا بھی مضر نہیں۔ باقی تغیر احوال اس طریق میں امر لازمی ہے اس کی طرف التفات نہ فرماویں۔ دوام واستقامت اس طریق میں اصل ہے جس کا آپ نے عزم فرمارکھا ہے۔ حق تعالیٰ مدد و برکت فرماویں بعد نماز فجر اور بعد مغرب سب برابر ہے۔ اگر ایک جگہ بیٹھنا کسی وجہ سے نہ ہو سکے تو چلتے پھرتے بھی کافی ہے۔ البتہ اگر ایک وقت میں تو بیٹھنا ممکن ہو اور دوسرے میں نہ ہو تو اس وقت کو ترجیح ہے جس میں بیٹھنا ممکن ہے۔

شرمندگی کا تدارک

ایک صاحب نے عرصہ سے خط نہ لکھنے کی وجہ سے شرمندگی ظاہر کی تھی فرمایا کہ

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

شرمندگی کا تدارک یہی ہے کہ حالت سے اطلاع دینا شروع کر دیں۔

تکدر شیخ سخت مضر ہے، دنیا کیلئے بھی، دین کیلئے بھی

فرمایا کہ شیخ کے قلب کو ہرگز مکدر نہ کرے اگر اس کو چھوڑنا ہی ہو تو بلا اطلاع کے چھوڑ دے۔ ورنہ دنیاوی زندگی اس کی تلخ ہو جاوے گی۔ تادم نزع اس کو چین نصیب نہ ہوگا جس کو یقین نہ ہو وہ آزما کر دیکھ لے اور ایک طرح دین کا بھی نقصان ہو سکتا ہے وہ یہ کہ ذوق و شوق جاتا رہتا ہے۔ اگر ہمت کرے اور طبیعت پر جبر کرے تو دینی اعمال میں کچھ فرق نہیں آتا لیکن وہ جو ایک قسم کی توفیق و تائید تھی وہ جاتی رہتی ہے۔ اگر ہمت سے کام لے تو اب بھی قادر ہو سکتا ہے اور اگر ہمت نہ کی تو دینی اعمال کی بھی توفیق نہ رہے گی۔ اس اعتبار سے شیخ کے تکدر کرنے میں دینی نقصان بواسطہ بھی ہو سکتا ہے گو بلا واسطہ دینی نقصان نہیں ہوتا۔

اللہ و رسول کی اجازت کے بعد کسی کی اجازت کی حاجت نہیں

ایک صاحب نے لکھا کہ مناجات مقبول کی روزانہ ایک منزل پڑھنے کی اجازت چاہتا ہوں تحریر فرمایا کہ اللہ و رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی اجازت کے بعد کسی کی اجازت کی حاجت نہیں۔

محبت امرد کا علاج

ایک صاحب نے لکھا کہ ایک لڑکے سے محبت ہو گئی ہے ہر دم دل یہی چاہتا ہے کہ اسے دیکھا کروں اور حالت ناگفتہ بہ ہے تحریر فرمایا کہ اول علاج اس مرض کا یہ ہے کہ محبوب سے ظاہری جدائی فوراً اختیار کر لی جاوے۔ تتمہ علاج اس اطلاع کے بعد لکھوں گا۔

عملیات مضر ہیں، طالب حق کیلئے

فرمایا کہ طالبان حق تعالیٰ کے لئے عملیات کی طرف رجوع کرنا مناسب نہیں البتہ دعا کرنا سب حاجات مشروعہ کے لئے مسنون اور نافع ہے۔

حضور کے دو درجے ہیں

ایک صاحب نے لکھا کہ ذکر کے وقت و نیز نماز میں نہ حضور قلب ہوتا ہے نہ جمعیت

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

خاطر' تحریر فرمایا کہ حضور کے دو درجے ہیں اختیاری اور غیر اختیاری اگر اول مراد ہے تو اس کے انتفاء کو آپ باختیار رفع کر سکتے ہیں اور اگر ثانی مراد ہے تو اس کا وجود خود ہی مطلوب نہیں ہوتا گو محمود ہے مگر مقصود نہیں پھر مفقود ہونے کا کیا غم۔

شکستگی پسندیدہ ادا ہے

فرمایا کہ بس شکستگی ہی تو میری نظر میں ایک دل پسند ادا ہے۔

طالب کی اعانت منجانب اللہ ہوتی ہے

ایک صاحب نے لکھا کہ اس غلام کے عیوب سے مطلع فرمایا جاوے تحریر فرمایا کہ کوئی بات معلوم ہوگی کہہ دوں گا۔ باقی ایسے شخص کو خود حق تعالیٰ اس کے عیوب پر مطلع فرما دیتے ہیں۔

ہدیہ لینا بدوں کافی جان پہچان اور باہم مناسبت کے مناسب نہیں

ایک صاحب نے پانچ روپیہ کا منی آرڈر حضرت والا کی خدمت میں بھیجا۔ حضرت نے واپس کر دیا اور یہ بھی لکھا کہ چاندی کے پایہ کے پلنگ پر سونے کی ممانعت ہے اور نقرہ طلائی بٹن لگانا جائز لکھا ہے اس کا کیا سبب ہے تحریر فرمایا کہ جب تک جان پہچان اور نیز باہم مناسبت اچھی طرح نہ ہو کسی چیز کو لیتے ہوئے شرم آتی ہے اور یہ بات حاصل ہوتی ہے کثرت ملاقات یا کثرت خط و کتابت سے' اور یہ دونوں امر آپ کے اختیار میں ہیں نہ کہ میرے' چونکہ یہ بات اب تک حاصل نہیں ہوئی اور محض نام لکھنے سے مجھ کو کہاں تک یاد آ سکتا ہے اس لئے واپس کر دیا۔ واقعی نام دیکھ کر مجھ کو تعلق بھی یاد نہیں آیا۔ یہ نتیجہ ہے کم خط و کتابت رکھنے کا اور ایک دلیل مناسبت نہ ہونے کی خود آپ کے خط میں ہے کہ مسائل کا سبب پوچھتے ہیں جس کا آپ کو منصب نہیں۔ بدوں اس قدر تعارف و تناسب کے وہ رقم دوبارہ نہ بھیجئے اور وہ رقم جب تک میں وصول نہ کروں میری ملک نہیں ہے شرعاً آپ بے فکر اس کو اپنے مصرف میں لاویں۔

طریقہ جواب اعتراضات

ایک شخص نے حضرت کی خدمت میں کچھ اعتراضات لکھ کر بھیجے تھے۔ تحریر فرمایا کہ مجھ کو جوابوں سے کچھ عذر ہے جس کا معلوم کرانا ضروری نہیں۔ آپ کو اگر محض اعتراض کرنا

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

ہے تو اس کا جواب ضروری نہیں اور اگر تحقیق مقصود ہے تو ایک شخص پر محصور نہیں۔ اگر ایک شخص عذر کرے دوسرے سے تحقیق فرما لیجئے۔

علاج غیبت و عشق مجازی

ایک صاحب نے غیبت اور میلان الی الامرد میں ابتلا کے متعلق لکھا تو تحریر فرمایا کہ مراقبہ عقوبت نار روزانہ پندرہ منٹ تک کیا جاوے اور صدور کے تقاضا کے وقت ہمت سے بھی کام لیا جاوے۔

خوف کے ساتھ توکل و عزم بھی ضروری ہے

ایک صاحب نے بہت سے اچھے اچھے حالات لکھ کر یہ لکھا کہ سب امور کے ساتھ اس کا بڑا خوف ہے کہ کہیں خدانخواستہ ان باتوں میں کمی واقع نہ ہو جاوے۔ اس پر تحریر فرمایا کہ یہ خوف بھی مقتضائے ایمان ہے۔ مگر اس کے ساتھ استحضار توکل بھی ضروری ہے مع العزم یعنی یہ نیت رکھے کہ اللہ کی مدد سے ہم اس پر مستقیم رہیں گے اور کمی ہو جاوے گی تو پھر عزم تازہ کر لیں گے اور کمی سے استغفار کر لیں گے۔

عورت کی نماز بلا شرکت دوسرے مرد کے کب درست ہے

ایک شخص نے پوچھا کہ ایک عورت اپنے خاوند یا باپ کے ساتھ بلا شرکت دوسرے مرد کے نماز پڑھ سکتی ہے یا نہیں فرمایا کہ ہاں لیکن بالکل ٹھیک پیچھے کھڑی ہو برابر کھڑی نہ ہو۔

کتے کی وجہ سے گھر میں رحمت کے فرشتے نہ آنے کے معنی

ایک صاحب نے دریافت کیا کہ حدیث میں تو ہے کہ جس گھر میں کتا ہوتا ہے وہاں رحمت کے فرشتے نہیں آتے۔ اگر کوئی شخص مجبوراً اپنی جان و مال کی حفاظت کی غرض سے کتا پالے تو آیا اس کا گھر رحمت کے فرشتوں کے نزول سے محروم رہے گا۔ فرمایا کہ اکثر علماء کا یہ قول ہے کہ فرشتہ رحمت کا پھر بھی گھر میں نہ آوے گا لیکن اس مجبوری کی صورت میں گناہ سے محفوظ رہے گا۔ واللہ اعلم۔

تعدیہ امراض کی بھی شرط مشیت ہے

فرمایا کہ بعض امراض متعدی ہوتے ہیں لیکن اس طرح نہیں کہ ان کا تعدیہ ضروری

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

اور لازم ہو کہ تخلف ہی نہ ہو۔ بلکہ مثل دیگر اسباب مظنونہ کے اگر حق تعالیٰ کو منظور ہوا تو تعدیہ ہوا اور منظور نہ ہوا تو نہ ہوا۔

اختلاف مذاہب مانع مناسبت ہے

ایک شیعی نے استفادہ کی درخواست کی اس پر فرمایا کہ اختلاف مذہب کی حالت میں مناسبت نہیں ہوسکتی اور بدوں مناسبت دینی نفع نہیں ہوسکتا۔

عقل دنیوی کی قلت نقص نہیں بڑی چیز توفیق ہے

فرمایا کہ عقل دنیوی کی قلت نقص نہیں چنانچہ حدیث میں **قلیل التوفیق خیر من کثیر العقل والعقل فی امر الدنیا مضرة والعقل فی امر الدین مسرة** یعنی تھوڑی توفیق زیادہ عقل سے بہتر ہے (کیونکہ اگر عقل ہو اور توفیق نہ ہو تو اس عقل سے بھی منتفع نہیں ہوسکتا۔ مثلاً خیر و شر کی عقل ہے لیکن بدوں توفیق کے نہ خیر کو حاصل کرسکتا ہے نہ شر سے بچ سکتا ہے بخلاف اس کے کہ توفیق بھی ہو گو عقل کامل نہ ہو مگر ضروری درجہ اس کا نافع ہوتا ہے کہ اس خیر کو حاصل کرے گا اور شر سے بچے گا اور (صرف) امر دنیوی میں عقل موجب مضرت ہے (کیونکہ اس سے انہماک فی تحصیل الدنیا پیدا ہوگا جیسا کفار یا اشباہ کفار کی حالت دیکھی جاتی ہے) اور امر دین میں عقل موجب مسرت ہے (کیونکہ اس سے دین حاصل کرے گا جو اصل مسرت ہے)۔ف۔ یہ اس مضمون کی اصل ہے جو صوفیہ میں مشہور ہے **جذبة من جذبات الحق خیر من عمل الثقلین** اس جذبہ کا حاصل وہی توفیق ہے اور اس حدیث سے یہ بھی معلوم ہوا کہ اہل اللہ کا دنیا کے نشیب و فراز و تدبیرات دقیقہ سے واقف نہ ہونا علامت نقص عقل نہیں بلکہ کمال عقل مقصود ہے۔

تعلق بالتکوین کے خصوصیات و علامات

فرمایا کہ تعلق بالتکوین ایک خاص منصب ہے جس کو عطا ہوتا ہے اس کا علم ضروری غیر استدلالی دیا جاتا ہے نہ اس میں تدریج ہے نہ تدبیر و تفکر ہے۔ صاحب تکوین کی شان تو حضرت خضر علیہ السلام یا ملائکہ سی ہوتی ہے کہ وہ بلا تامل یہ کہہ سکتا ہے۔ **وما فعلته عن امری** اور صاحب تکوین صاحب تفویض ہوتا ہے اور یہ یاد رکھنے کی بات ہے کہ تائید اور

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

تفویض متغائر ہیں۔ تائید فجور کے ساتھ جمع ہوسکتی ہے چنانچہ ارشاد ہے ان اللہ قد یؤید ھذا الدین بالرجل الفاجر مگر تفویض فجور کے ساتھ جمع نہیں ہوسکتی۔

تہجد میں قضا نمازیں پڑھنے کی اصلاح

فرمایا کہ ایسے شخص کو جس کے ذمہ بہت سی قضا نمازیں ہوں یہ مشورہ دینا کہ بجائے نفل تہجد کے قضا نمازیں پڑھ لیا کرو بالکل مناسب ہے مگر مصلحت یہ ہے کہ دو چار رکعت تہجد کا بھی مشورہ دیا جاوے۔ ورنہ نفس یہ مشورہ دے گا کہ قضا تو دن میں بھی ممکن ہے نیند خراب کرنے سے کیا فائدہ تو اٹھنے کی عادت کبھی بھی نہ ہوگی۔

ذاکر کو ایک ضروری ہدایت

فرمایا کہ ذاکر کو ضروری سامان طہارت وغیرہ کا سوتے وقت مہیا رکھنا ضروری ہے تاکہ عین وقت پر تنگی نہ ہو اور ناغہ معمولات کا نہ ہو۔

بعد امتحان طلب سہولت کی تدبیر بتلانی چاہئے

فرمایا یوں تو ہر امر میں دو درجے ہیں ایک عمل کا درجہ ہے اور ایک سہولت عمل کا ہر شخص کا خود تو جی چاہتا ہے کہ سہولت کی تدبیر بتلائی جاوے مگر شیخ کی طرف سے انتظار ہوتا ہے کہ اپنی کوشش ختم کر کے دکھلا دو جب عاجز ہو جاؤ گے تب اہل تصرف تو اپنے تصرف سے اور اہل تدبیر اپنی تدبیر سے اس کا ازالہ ان شاء اللہ کر دیں گے۔

استیذان کی تاکید

فرمایا کہ بعضے لوگ اپنے گھروں میں بے پکارے چلے جاتے ہیں بڑی گندی بات ہے نہ معلوم گھر کی عورتیں کس حالت میں ہیں یا کوئی محلہ کی غیر محرم عورت گھر میں ہو اذن لے کر جب بلایا جاوے گھر میں داخل ہونا چاہئے۔

ہوائے نفسانی اور عقل معاد کا فرق

مولانا روم فرماتے ہیں کہ ہوائے نفسانی حریص ہے یہ تو وقتی مصلحت کو دیکھتی ہے اور

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

وہی مشورہ دیتی ہے بس میں مصلحت وقت ہو برخلاف عقل معاد کے کہ اس کو روز جزا کا خیال رہتا ہے اور وہ چشم انجام بیں رکھتی ہے اور اس گل کے لئے خار کی تکلیف برداشت کرتی ہے جو نہ فرسودہ ہوگا نہ خزاں سے گرے گا بلکہ بدا قائم رہے گا۔ خدا کرے کہ اس کی بو کسی نا اہل کو نصیب نہ ہو۔

کیں ہوا پرحرص و خالے بیں بود　　عقل را اندیشہ یوم الدین بود
عقل را دو دیدہ درپایان کار　　بہر آں گل میں کشید آں رنج خار
کہ فرساید نہ ریزد در خزاں　　باد ہر خرطوم زچشم دور از آں

ردوکد میں نفسانیت ضرور آجاتی ہیں

فرمایا کہ حضرت حاجی صاحب نے فرمایا تھا کہ کسی سے الجھنا مت اور اگر کوئی الجھے تو سب رطب ویابس اس کے سامنے رکھ کر الگ ہو جاؤ۔ واقعی اس قیل وقال اور ردوکد میں نفسانیت ضرور آجاتی ہے اور ایک باطل کا رد ہوتا ہے نیک نیتی سے اور حدود کے اندر یہ تو مامور بہ ہے اور ایک ہوتا ہے محض جدال و بدنیتی سے یہ مامور بہ نہیں بلکہ اندیشہ ہے کہ اس پر مواخذہ ہو۔

عمل ناقص بنیاد ہے عمل کامل کی اسلئے عمل تو ترک نہ کرے گو ناقص ہو

ایک مرید نے لکھا کہ نہ نماز میں جی لگتا ہے نہ ذکر میں۔ نہ کلام مجید پڑھا جاتا ہے اور دنیا کا کوئی کام بھی نہیں ہوتا کہ فرصت نہ ہو۔ جواب فرمایا کہ کام تو جس طرح آن پڑے کرنا ضروری ہے خواہ ناقص ہی ہو۔ تکمیل کا یہی طریقہ ہے۔ اگر بدنویس اس لئے مشق کرنا چھوڑ دے کہ اچھا نہیں لکھا جاتا تو اس کو اچھا لکھنا کبھی نہ آئے گا۔ اسی سلسلہ میں فرمایا کہ عمل ناقص کو بھی چھوڑنا نہ چاہئے جیسے بنیاد کے مضبوط ہونے کا اہتمام تو کرتے ہیں مگر اس کے خوش نما ہونے کے پیچھے نہیں پڑتے اس میں روڑے وغیرہ بھر دیتے ہیں اور بعد میں اس پر بڑے بڑے محل اور کوٹھیاں تیار ہوتی ہیں۔ اسی طرح عمل ناقص بنیاد ہے عمل کامل کی۔ بنیاد کے کمال اور ناقص پر نظر نہ کی جاوے جو کچھ اور جس طرح ہو سکے کرتا رہے اصول کے موافق ہو چاہے اس میں نقصان ہی ہو جیسے نماز گو ناقص ہو مگر ہو حدود میں تو وہ ہو جاتی ہے بلکہ ایسی عبادت پر اجر زیادہ ہوتا ہے۔ جس میں جی نہ لگے

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

کیونکہ وہ مجاہدہ ہے۔ یہ طریق بہت ہی نازک ہے۔ محض کتابیں پڑھ لینے سے کام نہیں چلتا فہم کامل اور ذوق تعلیم کی ضرورت ہے اور یہ اس کو عطا ہوتا ہے جس پر حق تعالیٰ اپنا فضل فرمادیں۔

حکایت قوت یقینیہ

قوت یقین کے متعلق یہ حکایت بیان فرمائی کہ علاء بن حضرمی ایک صحابی ہیں جس وقت اسلامی لشکر بحرین کو روانہ ہوئے ہیں درمیان میں سمندر حائل تھا کنارے پر پہنچ کر سب نے رائے دی کہ کشتیوں کا انتظام کیا جاوے انہوں نے فرمایا کہ خلیفہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے تاکید فرمائی تھی کہ کہیں ٹھہرنا نہیں، میں ٹھہر نہیں سکتا ابھی جاؤں گا اور حق تعالیٰ سے دعا کی کہ اے اللہ آپ نے موسیٰ علیہ السلام کو سمندر میں راستہ دیا تھا ہم نبی محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے غلام ہیں ہم کو بھی سمندر میں راستہ دیدیجئے یہ کہہ کر سمندر میں گھوڑا ڈال دیا پھر تو سب ساتھ ہوئے اور صاف سمندر سے پار ہوگئے۔ دیکھنے کے قابل بات ہے کہ اس پر اطمینان کس قدر تھا۔ خطرہ تک اس کے خلاف کا قلب پر نہیں گزرا۔ کیا ٹھکانا ہے ان کی قوت ایمانیہ کا۔ کون ان حضرات کی ریس کرسکتا ہے۔ آج کل باتیں بگھارتے پھرتے ہیں پہلے ان جیسا ایمان تو اپنے اندر پیدا کرلیں۔ نتیجہ اس کا یہ ہوا کہ ہیبت چھاگئی تمام بحرین پر کہ یہ آدمی ہیں یا فرشتے قوت یقین وہ چیز ہے۔

زبان سے ذکر جاری رکھنا احوط واسلم ہے

فرمایا کہ اہل تجربہ نے اس سے بھی منع کیا ہے کہ محض قلب سے ذکر کا خیال رکھا جاوے اس میں دھوکہ ہوجاتا ہے وہ فرماتے ہیں کہ ذکر زبان سے جاری رکھو خواہ قلب بھی حاضر نہ ہو کیونکہ قلب سے ذکر کا خیال رکھنا اس کا دوام مشکل ہے اور دیرپا بھی نہ ہوگا۔ زبان سے ذکر کرنے میں یہ حکمت ہے کہ کوئی وقت ذکر سے خالی نہ جائے گا اور قلب چونکہ ایک وقت میں دو طرف متوجہ نہیں ہوسکتا اس لئے اس میں ذہول ہونا بعید نہیں پس زبان سے ذکر جاری رکھنا احوط واسلم ہے۔

اس طریق میں سہولت کا انتظار نہ چاہئے

فرمایا کہ یہ مرض عام ہوگیا ہے کہ سہولت پہلے ہو اس کے بعد کام شروع کریں شرائع کی خاصیت یہ ہے کہ پہلے کام شروع کریں اس کے بعد سہولت ہوگی۔ لوگوں نے اس کا عکس کر رکھا ہے۔

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

بڑی چیز اس طریق میں شیخ پر اعتقاد ہے بدوں اس کے کام نہیں چل سکتا پھر سہولت کا انتظار کیسا۔

طریق کی شرط مقدم

فرمایا کہ یہ طریق بہت ہی نازک ہے۔ اس میں قدم رکھنے سے پہلے اپنی شان اپنے کمالات سب کو فنا کر دے اور مصلح کی ہر بات اور تعلیم پر عمل کرنے کے لئے اپنے کو آمادہ کر لے اس راہ کے لئے پہلی شرط یہ ہے کہ ایسا بن جاوے۔ فرماتے ہیں۔

دررہ منزل لیلیٰ کہ خطرہاست بجاں　　شرط اول قدم آن ست کہ مجنوں باشی

حتیٰ کہ جوتیاں کھانے تک کو تیار ہو جائے اور جو جوتیاں کھانے کو تیار ہو گیا اس نے گویا جوتیاں کھا ہی لیں اور اس کی اصلاح ہو ہی گئی۔ آمادہ ہونا ہی تو مشکل ہے۔ اس لئے کہ آمادگی وہی معتبر ہے جو خلوص دل سے ہو اور خلوص دل سے وہی آمادہ ہوتا ہے جو اپنی شان نہیں رکھتا اور یہ ہی اصل چیز ہے کام کی کہ اپنے کو مٹا دے فنا کر دے ورنہ محض جوتیاں کھانے سے بھی کیا ہوتا ہے۔

سہولت مقاصد موقوف ہے صحبت شیخ پر

فرمایا کہ میں اہل طریق کے لئے ہمیشہ اس کا خیال رکھتا ہوں کہ ہر کام سہولت سے ہو جائے حتیٰ کہ بڑے بڑے مقاصد سہولت سے حاصل ہو جاتے ہیں اور یہ موقوف ہے صحبت پر مرید کا شیخ کی خدمت میں ایک مدت خاص تک رہنا ضروری ہے اس مقصود میں خاص خاص خاص سہولت ہو جاتی ہے۔ رہا یہ کہ کس قدر مدت میں کام ہو جاتا ہے اس کا تعین مشکل ہے۔ یہ مناسبت پر موقوف ہے اگر اہل استعداد ہوتا ہے بہت جلد کام ہو جاتا ہے حضرت حاجی صاحب رحمۃ اللہ علیہ کی خدمت میں حضرت مولانا گنگوہی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے تھے کہ اس وقت یہ فرمانا حضرت کا کہ ہم دے چکے جو کچھ دینا تھا سمجھ میں نہ آیا کہ کیا دیا مگر پندرہ برس کے بعد معلوم ہوا کہ یہ دیا تھا پھر اس پر مولانا گنگوہی نے مزاحاً فرمایا کہ اگر ہم جانتے کہ یہ چیز ہے تو اتنی محنت کیوں کرتے۔ اس پر حضرت مولانا نے مزاحاً فرمایا کہ مل جانے پر فرماتے تھے ورنہ پندرہ برس تو معلوم ہی ہونے میں لگ گئے۔

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

مناسبت شیخ شرط طریق ہے

فرمایا کہ اس طریق میں مصلح کے ساتھ مناسبت ہونا بڑی چیز ہے بدوں مناسبت کے طالب کو نفع نہیں ہوسکتا یہی وجہ ہے کہ عدم مناسبت کی بناء پر طالب کو مشورہ دیتا ہوں کہ مجھ سے تم کو نفع نہ پہنچے گا اگر تم چاہو تو کسی دوسرے مصلح کا نام بتلادوں۔

اس طریق میں نفع کی شرط

فرمایا کہ اگر پیر کا بھی پیر ہو اور اس کی طرف میلان نہ ہو تو اس سے نفع نہ ہوگا۔

یاجوج ماجوج کی غذا

ایک مولوی صاحب نے عرض کیا کہ حضرت' یاجوج ماجوج کی غذا کیا ہے۔ فرمایا کہ حضرت مولانا محمد یعقوب صاحب رحمۃ اللہ علیہ نے ایک مرتبہ فرمایا تھا (حضرت کتابیں بہت دیکھتے تھے۔ اس لئے باتیں زیادہ معلوم تھیں) کہ غذا یاجوج ماجوج کے لشکر کی ایک سانپ ہے جو آسمان کی جانب سے روزانہ گرتا ہے وہ اتنا بڑا ہوتا کہ سب کو کافی ہو جاتا ہے۔

یاجوج ماجوج کو تبلیغ ہو جانے کی دلیل

فرمایا کہ حضرت مولانا گنگوہی رحمۃ اللہ علیہ سے سنا ہے کہ یاجوج ماجوج کی تبلیغ ہو چکی ہے اس لئے کہ حدیث شریف میں آیا ہے کہ رات بھر اس دیوار کو چاٹتے ہیں اور کھودتے ہیں جو ان کے درمیان حائل ہے جب وقت آوے گا تو وہ یہ کہیں گے کہ ان شاء اللہ کل اس کو ختم کر دیں گے۔ ان شاء اللہ کہنے سے معلوم ہوتا ہے کہ ان کو اللہ کا نام معلوم اور تبلیغ ہو چکی ہے یہ نئی بات معلوم ہوئی پہلے سے معلوم نہ تھی۔

شیشہ کی صورت کو تصویر نہیں کہہ سکتے

فرمایا کہ شیشہ میں جو صورت نظر آتی ہے اس کو دوسری تصاویر پر قیاس نہیں کر سکتے اس لئے کہ اس کی تو صورت یہ ہے کہ یہ آپ کی نگاہ کی شعاع جو اس پر پڑتی ہے تو وہ شعاع واپس ہو کر چہرہ پر پڑتی ہے تو یہ چہرہ نظر آتا ہے۔ اس میں کچھ بھی نہیں۔ مرئی یہ خود ہی ہوتا

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

ہے پس وہاں تصویر ہی کہاں ہوتی ہے جو قیاس کو دخل دیا جاوے۔

کتاب کو دیکھ کر وعظ کہنے سے تعب نہیں ہوتا

ایک مولوی صاحب نے عرض کیا کہ حضرت وعظ سننے کو جی چاہتا ہے۔ فرمایا کہ اب ہمت نہیں رہی مسلسل بولنے سے طبیعت گھبراتی ہے اور نہ ربط عبارت پر قدرت ہے اور بلا ربط مضمون کا لطف ہی کیا ہوگا۔ اس ہی وجہ سے چند روز تک وعظ کی یہ صورت اختیار کی تھی کہ کتاب دیکھ کر بیان کر دیا کروں مگر میں دیکھتا ہوں کہ اب دماغ اس کا بھی متحمل نہیں۔ اس لئے اب تو جو کچھ مجلس میں بیٹھ کر بولتا رہتا ہوں یہی بہت کچھ ہے۔ فرمایا کہ کتاب دیکھ کر وعظ کہنے کا معمول مولانا محمد اسحاق صاحب رحمۃ اللہ علیہ کا سنا ہے کہ وہ کتاب سے وعظ فرمایا کرتے تھے۔ اس طرح وعظ کہنے سے دماغ پر تعب نہیں ہوتا۔

شیخ کیلئے کن صفات کمال کی ضرورت ہے

فرمایا کہ ایک رسالہ میں ایک ایسا جامع مضمون لکھا دیکھا کہ اگر وہ ذہن میں آ جائے تو پھر سارے رسالے کی ضرورت ہی نہ رہے۔ کہتے ہیں کہ شیخ میں دین ہونا چاہئے انبیاء کا سا اور سیاست یعنی دارو گیر محاسبہ۔ معاقبہ سلاطین کا سا تجویز اطبا کی سی کہ وہ ہر شخص کا جدا علاج تجویز کرتا ہے۔ ایک صاحب نے عرض کیا کہ حضرت شیخ میں انبیاء کا سا دین کیسے ہو سکتا ہے۔ فرمایا کہ یہ مراد نہیں کہ ان کے برابر ہو مطلب اخلاص میں تشبیہ ہے یعنی اعمال میں غوائل دنیا اور خواہشات نفس کی آمیزش نہ ہو۔ جس میں یہ باتیں ہوں وہ شیخ ہو سکتا ہے۔

اتحاد و اخوت کا راز تعلق مع اللہ ہے

ایک مولوی صاحب نے عرض کیا کہ حضرت یہاں کے قانون میں داخل ہے کہ کوئی کسی سے زیادہ نہ ملے نہ کوئی کسی کے حجرہ میں جائے۔ اپنے میں لگا رہے مگر اس پر بھی جب یہ حضرات دوسری جگہ جاتے ہیں اور ایک دوسرے سے ملتے ہیں تو یہ معلوم ہوتا ہے کہ ان میں رشتہ اخوت کوٹ کوٹ کر بھرا ہے۔ فرمایا کہ مجھے تو یہ بھی معلوم نہیں آج ہی سنا ہے وہ بھی ثقہ راوی ہے۔ حضرت میں تو ایک چیز کا اہتمام کرتا ہوں یعنی اللہ کے تعلق کا اور اس کا کہ اس کے بعد کا

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

ضعیف سے ضعیف سبب بھی مرتفع کر دیا جاوے اور دین کو قلوب میں راسخ کر دیا جاوے اسی کی کوشش کرتا ہوں پھر اللہ تو واحد ہیں جب سب اس کو مانیں گے تو متحد تو خود ہی رہیں گے۔

بزرگوں سے مشورہ لینے میں عوام وخواص کی مصلحتیں

فرمایا کہ ایک صاحب نے لکھا کہ بعض لوگ مجھ کو مشورہ دیتے ہیں کہ بانوں کی دکان کرلو کوئی کہتا ہے دواؤں کی دکان کرلو تو مجھ کو کیا کرنا چاہئے۔ میں نے لکھ دیا کہ میرا باپ نہ کھٹ بنا تھا نہ پنساری۔ مجھے ان چیزوں میں تجربہ نہیں۔ کسی تجربہ کار سے معلوم کر کے عمل کرو میرے دو کام ہیں ایک دعا کرالو چاہے وہ دنیا ہی کے لئے سہی وہ بھی عبادت ہے۔ دوسرے اللہ کا نام پوچھ لو پھر فرمایا کہ اتنا تو یہ لوگ بھی سمجھتے ہیں کہ ان کو تجربہ نہیں مگر پھر ایسی بات پوچھنے کی کیا وجہ' یوں سمجھتے ہیں کہ اللہ والوں سے اس لئے پوچھ کر کرنا چاہئے کہ ان کے دل میں وہی آوے گی جو ہونے والی ہے حالانکہ یہ غلو ہے' حاصل یہ ہے کہ اس مشورہ کا منشاء عقائد کی خرابی ہے۔ میں اس جہل سے بھی لوگوں کو بچانا چاہتا ہوں کہ دھوکے میں نہ رہیں اور بعض حضرات جن کو مجھ سے بے تکلفی کا تعلق ہے ان سے معلوم ہوا کہ عوام کا یہ عقیدہ ہے کہ یہ جو کہتے ہیں وہ ہی ہو جاتا ہے۔ ایک مولوی صاحب نے عرض کیا کہ حضرت یہی عقیدہ ہمارا بھی ہے۔ کہ وہی ہو جاتا ہے فرمایا کہ اعتقاد میں بھی درجات ہیں اور بنا جدا جدا ہیں۔ عوام کے اعتقاد کی تو نوعیت بہت ہی خراب ہے۔ وہ تو یہ سمجھتے ہیں کہ خلاف ہو ہی نہیں سکتا بخلاف اہل علم کے ان کا اعتقاد اس درجہ کا نہیں ہو سکتا۔

نفع کی شرط فکر اصلاح ہے

فرمایا کہ کسی کے پاس نرے رہنے سے کیا ہوتا ہے جب تک انسان کو اپنی اصلاح اور تربیت کی فکر نہ ہو۔

برکت بزرگوں کی حق ہے

فرمایا کہ حضرت حاجی صاحب رحمۃ اللہ علیہ کے یہاں ظاہری محاسبہ نہ تھا مگر برکت اتنی زبردست تھی کہ محاسبہ میں وہ کام نہیں بن سکتا جو حضرت کے یہاں بلا محاسبہ ہی بن جاتا تھا یہ محض حضرت کی برکت تھی۔

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

اب مریدین کیلئے تعزیر ومحاسبہ کی ضرورت ہے

فرمایا کہ میں نے جو لوگوں کے زعم میں ایک نئی بات جاری کی ہے جو اپنے بزرگوں میں بھی اس درجہ نہ تھی اور وہ محاسبہ ہے اس کی وجہ یہ ہے کہ اس وقت بغیر اس کے کام چلنا دشوار تھا اس کی نظیر یہ ہے کہ حد خمر حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے مقرر کی جو حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کے عہد میں تھی نہ حضرت صدیق رضی اللہ عنہ کے عہد میں۔ اگر حضرت عمرؓ پر کوئی بھی اعتراض کرے جو مجھ پر کیا جاتا ہے کہ وہ کام کرتا ہے جو بزرگوں نے نہیں کیا تو جو جواب اس کا حضرت عمرؓ کی طرف سے ہوگا وہی اس عمر کی یعنی میری طرف سے بھی خیال کر لیا جاوے وہ جواب یہی ہے کہ ان حضرات کے زمانہ میں تعزیر ومحاسبہ کی ضرورت نہ تھی اور اب ہے۔

اہل اللہ کی مجالست میں کیا نیت ہونی چاہئے

فرمایا کہ صاحبو اہل اللہ کی مجالست میں نیت یہ ہونا چاہئے کہ وہاں دین کی باتیں سنیں گے۔ وعظ نصیحت کی باتیں کان میں پڑیں گی اور بزرگوں کی نیت بھی دین کی باتیں سنانے کی ہونا چاہئے۔ ہاں مباح باتوں کی بھی اجازت ہے اس کا مزاج پوچھ لیا۔ گھر کی حالت پوچھ لی۔ یا اس کی طبیعت کے موافق اور کوئی بات کر لی خواہ ظاہر میں فضول ہی ہو مگر اس خیال سے کہ اس کا دل کھلے گا۔ انس ہوگا۔ وحشت دور ہوگی۔ تو اس غرض کے بعد وہ فضول نہ رہے گی اور یہ باتیں اس طرح کرے کہ وہ یہ سمجھ جاوے کہ شیخ کو ایسی باتوں سے ہماری رعایت مقصود ہے ان باتوں کے بعد پھر کام کی باتیں شروع کر دے۔ دین کی باتیں سنا دے اگر اس نے ایسا نہ کیا تو اس نے اپنا فرض منصبی پورا نہ کیا۔

فقہی کتاب بھی تصوف ہے

فرمایا کہ فقہی کتاب میں تصوف ہی ہے کیونکہ اس کے ذریعہ سے حلال وحرام کی تمیز ہو گی۔ حرام سے بچیں گے تو اس سے نور پیدا ہوگا۔ علم وعمل کی توفیق ہوگی اور اس سے بھی قرب الٰہی نصیب ہوگا۔ یہی تصوف ہے۔

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

غدر و سرقہ کافر کے ساتھ بھی حرام ہے

فرمایا کہ بعض لوگ کہتے ہیں کافر کا مال جس طرح ہو لوٹ لو حالانکہ شریعت نے غدر و سرقہ کو کافر کے ساتھ بھی حرام کیا ہے۔ بلکہ مولانا محمد قاسم صاحب فرماتے تھے کہ کافر کا حق رکھنے سے تو مسلمان کا حق رکھ لینا اچھا ہے کہ نیکی اگر جاوے تو اپنے بھائی مسلمان ہی کے پاس جاوے دشمن کے پاس کیوں جاوے۔

باغی کا کوئی کمال کمال نہیں

فرمایا کہ مشہور ہے کہ حاتم سخی تھا حالانکہ سخاوت یہ ہے کہ محل میں خرچ ہو ورنہ سخاوت ہی نہیں۔ (مثلاً اگر دریا میں کوئی شخص لاکھ روپیہ پھینک دے تو کیا وہ سخی ہو سکتا ہے) اور محل معلوم ہوتا ہے شریعت سے، جب اس کو محل ہی معلوم نہ تھا اور شریعت کی اس کو خبر ہی نہ تھی وہ سخی کیسے ہوا پس اول تو وہ سخی نہیں اور اگر ہو بھی تو کیا ہوا جب باغی تھا اور باغی کا کوئی کمال کمال نہیں۔

گناہ کی تاویل عذر بدتر از گناہ ہے

فرمایا کہ آدمی گناہ کرے اور اپنے کو گنہگار سمجھے یہ اچھا ہے اس سے کہ گناہ کو رنگ عبادت میں ظاہر کر دے۔ یہ بہت ہی برا ہے گناہ کو گناہ تو سمجھو۔

توفیق دوام ذکر وہبی ہے

فرمایا کہ یہ ممکن ہے کہ ایک دن بیٹھ کر کچھ دیر تک ذکر کر لو مگر دوام ذکر نور بخش بغیر اصلاح کے نہیں ہوتا اور یکسوئی اور ہر وقت کی توجہ جو کہ شرط نورانیت ہے بغیر اصلاح کے نہیں ہوتی۔ کیونکہ اس کی طرف توجہ خدا تعالیٰ کی توجہ سے ہوتی ہے یعنی وہب سے جو کہ خدا تعالیٰ کے اختیار میں ہے ورنہ توفیق بھی نہیں ہوتی۔ اس کی حقیقت اہل دل خوب سمجھتے ہیں عوارف شیخ شہاب الدین سہروردی کی کتاب ہے اس میں ایک بزرگ کی حکایت لکھی ہے کہ ایک دن وہ ذکر کرنا چاہتے تھے مگر زبان نہیں اٹھتی تھی۔ ارادہ بھی تھا شعور بھی تھا مگر زبان نہیں چلتی۔ بڑے پریشان ہوئے گریہ وزاری کے ساتھ التجا کی کہ یا اللہ اگر قصور ہوا مطلع فرمایئے

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

تا کہ توبہ استغفار سے تدارک کروں الہام ہوا کہ فلاں وقت گستاخی سے ایک برا کلمہ کہا تھا آج اس کا خمیازہ بھگت رہے ہو۔ بہت روئے پیٹے گریہ وزاری کی تب زبان چلی۔

ذکر اللہ کو اپنا اصلی کام سمجھو

فرمایا کہ اگر ذکر اللہ کو اپنا اصلی کام سمجھ لو تو جو کام اس میں مخل ہوگا اس سے جی گھبرائے گا اور معاصی سب اس میں سب مخل ہیں اس لئے ان سب سے نفرت ہو جائے گی۔ پھر رفتہ رفتہ فضول مباحات سے بھی نفرت ہونے لگے گی۔

نفع کی چیز میں کسی کی ہنسی کی پرواہ نہیں کی جاتی

فرمایا کہ تجربہ ہے کہ تسبیح ہاتھ میں رکھنے سے خدا یاد آتا ہے اسی لئے صوفیہ نے اس کا نام مذکرہ رکھا ہے۔ اگر یہ کہو کہ تسبیح ہاتھ میں رکھنے سے لوگ ہنسیں گے تو جواب یہ ہے کہ لوگ چاہے ہنسیں لیکن تم نہ روؤ گے۔ اب لوگ تم پر ہنسیں گے اور کل قیامت میں تم ان پر ہنسو گے پس ان کو اب ہنسنے دو (اگر تم کو کہیں سے ہزار روپے ملتے ہوں مگر ان کے لینے میں لوگ ہنستے ہوں تو انصاف سے کہو کہ وہاں سے روپے لیتے ہو یا ہنسی کے خیال سے چھوڑ دیتے ہو یقیناً لے لیتے ہو اور ان کی ہنسی کی کوئی پروا نہیں کرتے آخر وجہ کیا کہ وہاں تو ہنسی کی پروا ہے اور یہاں نہیں۔ بات یہ ہے کہ اس کو نفع کی چیز سمجھتے ہو اور نفع کی چیز میں ہنسی کی پروا نہیں کی جاتی۔ پھر کیا یاد خدا نافع نہیں ہے اگر نافع ہے تو اس کی کیا وجہ کہ روپیہ کے لینے میں ہنسی مانع نہیں ہے اور ذکر خدا میں مانع ہے اور یہ ہنسی بھی جب ہی تک ہے کہ پہلے پہلے کام کر رہے ہو پھر چند روز کے بعد کوئی نہیں ہنستا۔ بنظر غائر دیکھئے تو اصل میں یہ ہنسی غفلت پر ہوتی ہے یعنی پہلے جو تم کو غفلت تھی وہی سبب اس وقت ہنسنے کا ہے چنانچہ جو شخص پہلے سے غفلت میں نہ ہو بلکہ ہمیشہ سے ذاکر ہو اس پر کوئی نہیں ہنستا تو خدا کے بندے جس بات پر ہنسی ہوئی تھی تم اب پھر اسی میں رہنا چاہتے ہو۔ تسبیح ہاتھ میں لو چند روز کے بعد کوئی نہیں ہنسے گا بلکہ جب یہ معلوم ہو جائے گا کہ اب اس کی غفلت جاتی رہی تو ہنسنا کہاں اب تو اس کے پاؤں چومیں گے۔ حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ میں کفار اسلام پر ہنستے تھے اور قرآن پر ہنستے تھے اتخذوھا ھزواً ولعباً

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

اس کو کھیل کود بنا رکھا تھا تو کیا ان کے ہنسے سے صحابہ نے اسلام چھوڑ دیا تھا۔

کوشش بیہودہ بہ از خفتگی

فرمایا کہ نیک کام کرتے رہو جیسے بھی ہو لسٹم پسٹم کئے جاؤ۔ کبھی یہ بھی ہوتا ہے کہ اول اول انتظام سے نہیں ہوتا جی نہیں لگتا۔ تو اس کی پروا مت کرو جیسے ہو کرو جس دن توفیق ہو کرو۔ یہ خیال نہ کرو کہ کل تو کیا نہیں آج کرنے سے کیا فائدہ ہوگا۔ جیسے بھی بنے کئے جاؤ مولانا فرماتے ہیں۔

دوست دارد دوست ایں آشفتگی　　کوشش بیہودہ بہ از خفتگی

اندریں رہ می تراش و می خراش　　تا دم آخر دمے فارغ مباش

یعنی دھن ہونا چاہئے اگرچہ عمل میں کوتاہی ہو جاوے۔ ناغہ ہو جاوے ہونے دو ممکن نہیں کہ راہ پر نہ آؤ۔

اصلی عقل کا فتویٰ مضرت و منفعت کے بارے میں

فرمایا کہ منفعت قابل اعتبار وہ ہے جو ضرر پر غالب ہو اسی طرح ضرر قابل اعتبار وہ ہے جو نفع پر غالب ہو اور دنیا کی منفعت سے آخرت کی منفعت بڑھی ہوئی ہے اور دنیا کی مضرت سے آخرت کی مضرت بڑھی ہوئی ہے۔ بلکہ دنیا کی منفعت و مضرت آخرت کی منفعت اور مضرت سے آگے کوئی چیز نہیں پس اصلی عقل یہ ہے کہ جس کام میں دنیا کی منفعت ہو مگر آخرت کی مضرت ہو ایسی منفعت کو چھوڑ کر آخرت کی مضرت سے بچنے کا اہتمام کرے۔ اسی طرح کسی کام میں دنیا کی تو مضرت ہو اور آخرت کی منفعت ہو تو اس چھوٹی سی مضرت کو بڑی منفعت کے لئے گوارا کرنا چاہئے۔

رزق کا مدار عقل پر نہیں

فرمایا کہ خدا اگر کسی کو بے فکری سے کھانے کو دے تو یہ نعمت ہے لیکن اس میں ایک مضرت بھی ہے کہ کبر ناز و عجب غرور غفلت غریبوں کی تحقیر کمزوروں پر ظلم اس سے پیدا ہوتے ہیں۔ اس کا علاج اور تدارک یہ ہے کہ تدبر اور تفکر سے کام لے اور سوچے کہ اللہ تعالیٰ نے

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

مجھ پر اپنا فضل فرمایا ہے ورنہ میں بالکل نااہل تھا۔ مجھ میں کوئی کمال بھی نہ تھا بلکہ اپنے گناہوں پر نظر کر کے سوچے کہ میں تو سزا کا مستحق تھا اور اگر بالفرض مجھ میں کوئی کمال بھی تھا تو مجھ سے بہت زیادہ کمال رکھنے والے پریشان حال پھرتے ہیں پھر اس کا فضل ہی تو ہے اس نے مجھے ان نعمتوں سے سرفراز فرمایا اب میں ناز کس بات پر کروں۔

اگر روزی بدانش بر فزودے ز ناداں تنگ روزی تر نبودے

یعنی رزق کا مدار عقل پر نہیں۔ لیاقت سے رزق کا ملنا قارون کا عقیدہ ہے۔

تکبر کا علمی و عملی علاج

فرمایا کہ بعض سمجھدار ایسے ہوتے ہیں کہ باوجود امارت اور دولت کے نہایت متواضع ہیں۔

نہد شاخ پر میوہ سربزمیں

کے مصداق ہیں مگر غالب حالت اس کے خلاف ہی ہے ان متکبروں کو سمجھنا چاہئے کہ ہم ایسی چیز پر تکبر کرتے ہیں جس کا حصول ہمارے اختیار میں نہیں اور حصول تو کیا اختیار میں ہوتا اس کا ابقا بھی تو اختیار میں نہیں پھر ایسی چیز پر تکبر کرنے سے کیا فائدہ یہ تو تکبر کا علمی علاج ہے اور عملی علاج یہ ہے کہ غربا کی تعظیم و تواضع کریں۔ خوشی سے نہ ہو سکے تو بہ تکلف ہی کریں۔ ان سے خوش خلقی اور نرمی اور شیریں کلامی سے پیش آئیں وہ جب ملنے آئیں تو کھڑے ہو جایا کریں۔ ان کی دلجوئی کریں۔

حق تعالیٰ کے حلم کا بیان

فرمایا کہ اگر کوئی نوکر ہماری نافرمانی کرے تو ہمارا بس چلے تو بدون خون پیئے نہ رہیں اور اسی پر اکتفا نہ کریں بلکہ اس کے ساتھ اس کے خاندان بھر سے انتقام لیں پھر بھی دل ٹھنڈا نہ ہو کیا خدا تعالیٰ اپنے نافرمانوں کو برباد نہیں کر سکتے۔ ان کو کون سی چیز مانع ہے مگر باوجود اس قدرت و عظمت کے ان کی تو یہ شان ہے

گنہ بیند و پردہ پوشد بحکم

یعنی نافرمانی پر سزا دینی کیسی فضیحت بھی تو نہیں کرتے بلکہ وہی دنیا کی عزت ہے وہی

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

سواریاں ہیں وہی آرام وعیش ہے بلکہ نافرمانوں کو مال و دولت اتنا دیتے ہیں کہ دیکھنے والے یہ سمجھتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ ان کو زیادہ چاہتے ہیں اللہ اللہ کیا ٹھکانا ہے حلم کا۔

اللہ تعالیٰ قلوب کا آپریشن کرتے ہیں

فرمایا کہ جس طرح والدین بچے کے دنبل کا اپریشن کرتے ہیں اس طرح اللہ تعالیٰ قلوب کا اپریشن کرتے ہیں جبکہ دلوں میں غفلت بڑھ جاتی ہے اور گناہوں کی عظمت سے دل پر پردے پڑ جاتے ہیں تو مصیبت اور بلا کے نشتروں سے دلوں کا خراب مادہ نکالا جاتا ہے اور ان کی اصلاح کی جاتی ہے پس یہاں بھی بالفعل تکلیف ہے اور وہاں بھی مگر انجام دونوں کا راحت ہے فرق اتنا ہے کہ وہاں راحت قریب ہے کہ پندرہ بیس ہی دن میں دنبل میں نشتر دینے کے بعد صحت ہو جاتی ہے اور یہاں بعید ہے کہ قیامت میں اس کا ظہور ہوگا۔ جبکہ مصائب کا ثواب ملے گا۔

قیامت حقیقت میں بہت ہی قریب ہے

فرمایا کہ ہم لوگ قیامت کو دور سمجھتے ہیں ورنہ حقیقت میں وہ بہت ہی قریب ہے۔ چنانچہ ارشاد ہے انھم یرونہ بعیداً و نراہ قریباً اور اس میں کچھ تعجب کی بات نہیں کہ ایک چیز آپ کے نزدیک دور ہو اور خدا کے نزدیک قریب ہو۔ دیکھئے چیونٹی کے نزدیک ایک فرلانگ اتنی دور ہے جتنا آپ کے نزدیک یہاں سے امریکہ اور آپ کے نزدیک ایک فرلانگ بہت ہی قریب ہے۔ اور اگر اس مثال کے بعد بھی کسی کی سمجھ میں قیامت کا قرب نہ آئے تو وہ یوں سمجھ لے کہ قیامت کبریٰ گو دور ہے مگر قیامت صغریٰ یعنی موت تو قریب ہے کیونکہ زندگی کا ایک لمحہ کے لئے بھی بھروسہ نہیں۔

شاید ہمیں نفس نفس واپسیں بود

کوئی آج مرا تو بس اسی وقت سے جزا و سزا کا سلسلہ شروع ہو جائے گا۔

کوئی طاعت جزائے فوری سے خالی نہیں ہوتی نہ کوئی معصیت سزائے فوری سے خالی ہوتی ہے

فرمایا کہ میں بقسم کہتا ہوں کہ کوئی طاعت فوراً جزا سے خالی نہیں ہوتی اسی طرح کوئی

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

معصیت فوراً سزا سے خالی نہیں ہوتی۔ مگر صحت ذوق کی ضرورت ہے اہل ذوق کو طاعت سے اس قدر انبساط اور فرح ہوتا ہے جیسا انبساط قریب قریب جنت میں ہوگا اور اس وقت دنیا کی سلطنت کی بھی ان کی نظروں میں کچھ حقیقت نہیں ہوتی چنانچہ ایک عارف کہتے ہیں۔

بفراغ دل زمانے نظرے بماہروئے — بہ زانکہ چتر شاہی ہمہ روز ہاہ وہوئے

پس ازیں سال ازیں معنی محقق شد بخاقانی — کہ یکدم باخدا بودن بہ از تخت سلیمانی

مگر نہیں یہ انبساط وفرح کیسے ہو ہم کو دنیا کے سانپ نے ڈس لیا ہے جس سے مذاق ہی بگڑ گیا ہے اگر ہم بھی صحیح ذوق پیدا کرلیں تو اس کی لذت محسوس ہو۔ اسی طرح معصیت سے قلب میں اس قدر تنگی اور پریشانی ہوتی ہے کہ سر پر ہزاروں تلواریں پڑیں تب بھی ایسی کلفت نہ ہو مولانا اسی کو فرماتے ہیں۔

بردل سالک ہزاراں غم بود — گر زباغ دل خلالے کم بود

بزرگوں کو لایعنی فعل وکلام سے بھی سخت کلفت ہوتی ہے

فرمایا کہ ایک بزرگ کسی کے یہاں تشریف لے گئے دروازہ پر پہنچ کر پکارا اندر سے جواب آیا کہ نہیں ہیں پوچھا کہاں ہیں جواب ملا خبر نہیں تو بزرگ صرف اتنی بات پر تیس برس تک روتے رہے کہ میں نے ایسا فضول سوال کیوں کیا کہ کہاں ہیں میرے نامہ اعمال میں ایک فضول بات درج ہوگئی حالانکہ مومن کی شان یہ ہے کہ **والذین ھم عن اللغو معرضون** اب اندازہ کیجئے کہ جس کو ایک لغوبات سے اس قدر تکلیف ہوگی اس کو گناہ کی کلفت کا کس قدر احساس ہوگا۔

ذکر میں سرور ونشاط ہونے کی وجہ بخلاف نماز کے

ایک صاحب نے لکھا کہ نماز میں پورا پورا نشاط نہیں ہوتا اور ذکر میں سرور ونشاط کی کیفیت ہوتی ہے فرمایا کہ ذکر بہ نسبت نماز کے ایک شان بساطت کی ہے اور نماز میں بہ نسبت ذکر کے شان ترکیب کی ہے۔ اس لئے ذکر میں توجہ اجزاء مختلفہ کی طرف توجہ نہیں ہوتی اس لئے یکسوئی جلد ہوجاتی ہے اور نماز میں توجہ ایک کی طرف ہوتی ہے اس لئے تشتت رہتا ہے۔ اس کا علاج یہی ہے کہ نماز میں توجہ ایک طرف رکھی جاوے جس کی صورت یہ ہے کہ قیام کے

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

وقت اس طرف التفات نہ کرے کہ اس کے بعد قومہ کرنا ہے وعلی ہذا بلکہ ہر رکن میں صرف اسی رکن کو مقصود بالا داء سمجھے اور اسی طرف متوجہ رہے اسی طرح پھر دوسرے رکن میں الی اخر الصلوۃ اگر ایسا ہو جاوے تو نماز میں اس قدر یکسوئی ہوگی کہ ذکر میں بھی نہ ہوگی کیونکہ ذکر میں گو کہ یکسوئی ہے مگر ہر وقت خطرہ رہتا ہے کہ دوسرا شخص آ کر اس یکسوئی کو فوت کر سکتا ہے یا خود ہی ذکر ترک کر کے شغل میں لگ سکتا ہے اور نماز میں اطمینان ہے کہ سلام پھیرنے تک کوئی شخص اپنی طرف متوجہ نہیں کر سکتا نہ خود کوئی کام کر سکتے ہیں۔ وھذا الذی کتبت ورد علی قلبی فی فرض الظھر و جربتہ و فی سنت البعدیۃ وللہ الحمد

احوال میں دوام نہیں ہوتا اور اس کے مصالح

فرمایا کہ دوام تو اعمال پر ہوتا ہے نہ کہ احوال پر بلکہ تغیر احوال میں مصالح ہیں جن کا مشاہدہ اہل طریق کو خود ہو جاتا ہے مثلاً غیبت کے بعد حضور میں زیادہ لذت ہونا اور مثلاً غیبت میں انکسار وندامت کا غالب آنا اور مثلاً اپنے عجز کا مشاہدہ ہونا ومثل ذالک۔

بدگمانی کا علاج

ایک صاحب نے بدگمانی کا علاج دریافت کیا تو فرمایا کہ کسی کی طرف سے بدگمانی قلب میں آوے تو اول علیحدہ بیٹھ کر یاد کرے کہ اللہ تعالیٰ نے بدگمانی سے منع فرمایا ہے تو یہ گناہ ہوا اور گناہ پر عذاب کا اندیشہ ہے۔ تو اے نفس حق تعالیٰ کے عذاب کو کیسے برداشت کرے گا یہ سوچ کر توبہ کرے اور دعا کرے کہ اے اللہ میرے دل کو صاف کر دے اور جس پر بدگمانی ہو اس کے لئے بھی دعا کرے کہ اے اللہ اس کو دونوں جہاں کی نعمتیں عطا فرما دن رات میں تین مرتبہ ایسا کرے اگر پھر بھی اثر رہے دوسرے تیسرے دن ایسا ہی کرے اگر پھر بھی اثر رہے اب اس شخص سے مل کر کہے کہ بلاوجہ مجھ کو تم پر بدگمانی ہوگئی تم معاف کر دو اور میرے لئے دعا کر دو کہ یہ دور ہو جاوے۔

اتباع وارد کی نیت سے عمل کرنا سخت خطرناک ہے

فرمایا کہ وارد اگر شریعت کے موافق ہو اتباع شریعت کی نیت سے عمل کیا جاوے نہ کہ اتباع وارد کی نیت سے۔ ناقصین کے لئے یہ سخت خطرہ کی چیز ہے۔

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

مجاہدہ کا محل وحی سے متعین ہوگا

فرمایا کہ مجاہدہ مطلقاً مخالفت نفس کا نام نہیں بلکہ جہاں مرغوب نفس مامور بہ نہ ہو۔ ورنہ نفس مطمئنہ کو (خواہ وہ کامل درجہ کا مطمئنہ نہ ہو) بعض اوقات مامور بہ کی رغبت ہوتی ہے حالانکہ اسکی مخالفت مجاہدہ تھیں۔ جعلت قرة عینی فی الصلوٰة یقیناً دال ہے مرغوبیت صلوۃ پر اور ظاہر ہے کہ اس کا ترک مطلوب نہیں اور مامور بہ ہونا یہ وحی سے معلوم ہوگا تو مجاہدہ کا محل وحی سے متعین ہوگا نہ کہ محض رغبت یا عدم رغبت سے۔

مجنون ومجذوب کا فرق مجذوب سے کوئی امید نفع کی نہیں بلکہ ضرر کا اندیشہ ہے

فرمایا کہ مجنوں اسی طرح مجذوب عقل نہ ہونے کی وجہ سے احکام شرع کا مکلف نہیں ہوتا۔ دونوں جماعت میں فرق کرنا مشکل ہوتا ہے لیکن اس زمانہ کے صلحاء واتقیاء ومشائخ جو اس کے ساتھ برتاؤ کریں احترام کا یا اعراض کا وہی عوام کو کرنا چاہئے پھر فرمایا کہ اس جماعت سے کوئی امید نفع کی نہیں رکھنا چاہئے۔ حتی الامکان ان لوگوں سے الگ ہی رہنا مناسب ہے کیونکہ ان کو عقل تو ہوتی نہیں اس لئے ان سے اندیشہ ضرر ہی کا غالب ہوتا ہے پھر ایک صاحب نے دریافت کیا کہ حضرت یہ مجذوب کیسے ہو جاتے ہیں فرمایا کہ حقیقت اس کی یہ ہے کہ کوئی وارد ایسا قوی ہوتا ہے جس سے عقل مسلوب ہو جاتی ہے اور یہ سب مجاہدہ ہی کی برکت ہے کہ یہ درجہ نصیب ہو جاتا ہے۔ اور یہی مجذوب ہیں جن کے سپرد کارخانہ تکوینیہ ہے اس کے انتظام کے ذمہ دار ہیں۔ باقی جو اہل ارشاد ہیں وہ نائب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہیں وارثان پیغمبر ہیں ان کی شان کہیں ارفع واعلیٰ ہے۔

مومنین اور کافرین کے عذاب کا فرق

ایک مولوی صاحب نے عرض کیا کہ حضرت دوزخ میں کفار بھی جائیں گے اور اعمال بد کی وجہ سے مسلمان بھی تو فرق کیا ہوگا مسلم اور کافر کے عذاب میں۔ فرمایا کہنے کی تو بات

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

نہیں مگر آپ نے سوال کیا اس لئے کہنی پڑی۔

۱- مومنین کے بارے میں مسلم کی حدیث ہے **اماتهم الله اماتة** اور اس کا یہ مطلب نہیں کہ جہنم میں مسلمانوں کو عذاب کا احساس نہ ہوگا لیکن ہاں کفار کے برابر نہ ہوگا اس کی بالکل ایسی مثال ہے جیسے کلوروفارم سنگھا کر اپریشن کیا جاتا ہے پھر اپریشن کی بھی دو قسمیں ایک سخت اور ایک ہلکا بعض دفعہ بہت ہی ہلکا اپریشن کیا جاتا ہے۔ اس لئے ہلکا کلوروفارم کافی ہوتا ہے۔ یہی صورت مسلمان کے ساتھ دوزخ میں پیش آئے گی۔ خلاصہ یہ ہے کہ مسلمان صورت جہنم میں جائیں گے حقیقت جہنم میں نہ جائیں گے۔

۲- دوسرا فرق یہ ہے کہ کفار جہنم میں تعذیب کے لئے جائیں گے ان کو عذاب کا احساس شدید ہوگا اور مسلمان محض تہذیب کے لئے جہنم میں جائیں گے ان کو عذاب کا احساس اس قدر نہ ہوگا۔ جہنم مسلمانوں کے لئے مثل حمام کے ہے وہ اس میں پاک صاف کئے جاویں گے گو تکلیف حمام کے تیز پانی سے بھی ہوتی ہے۔

۳- تیسرا فرق یہ ہے کہ مسلمانوں سے وعدہ انقطاع عذاب کا ہے یہ وعدہ عذاب کا زیادہ احساس نہ ہونے دے گا۔ اس کو اس مثال سے سمجھئے جیسے میعادی قیدی کا ایک وقت آرام کا ہوتا ہے اور ایک وقت کام کا۔ دونوں حالتیں قیدی ہی میں ہوتی ہیں تو ایک وقت ہلکا ہوا اور ایک وقت بھاری۔ اس سے بھی توسیع کرتا ہوں ایک وقت قید ہی کی حالت میں سونے کا ہوتا ہے جس میں کچھ بھی احساس نہیں ہوتا کہ میں کہاں ہوں اور کیا مجھ پر عذاب ہے۔ پھر ایک وقت رہائی کا ہوتا ہے کہ وہ قید خانہ کی کلفت کو کم کر دیتا ہے۔ یہ سب گھڑت نہیں بلکہ نصوص میں ہے اور وہ بھی مسلم میں جو اصح الکتاب ہے۔

اعمال حسنہ ممتدہ میں صرف ابتدا میں ارادہ کر لینا کافی ہے

فرمایا کہ اعمال حسنہ ممتدہ کے ہر جزو پر نیت مستقل اگر نہ ہو تو وہم میں نہ پڑنا چاہئے کیونکہ افعال اختیاریہ میں صرف ابتدا میں ارادہ کرنا پڑتا ہے ہر ہر جزو نیت کی حاجت نہیں ہوتی البتہ مضاد کی نیت نہ ہونا شرط ہے جیسے کوئی شخص بازار جانا چاہے تو اول قدم پر تو قصد کرنا پڑیگا۔ پھر

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

چاہے کتاب دیکھتے ہوئے یا باتیں کرتے ہوئے چلے جاؤ ہر قدم قدم پر قصد کی ضرورت نہیں۔

ملکات رذیلہ بالذات مذموم نہیں

فرمایا کہ ملکات رذیلہ اپنی ذات میں مذموم نہیں ہوتے مثلاً شہوت ہے وہ بالذات مذموم نہیں چنانچہ مولانا رومی فرماتے ہیں۔

شہوت دنیا مثال گلخن است　　کہ از و حمام تقویٰ روشن است

بلکہ جس شخص کی شہوت قوی ہے اس کے مقاومت سے زیادہ نور پیدا ہوتا ہے اور جس کی قوت شہوت کمزور ہے اس کی مقاومت سے وہ نور نہیں پیدا ہوتا تو مدار قرب خداوندی افعال اختیاریہ ہوئے جہاں اختیار کا زیادہ استعمال کیا گیا وہاں قرب زیادہ ہوا۔

خشوع کی حقیقت

فرمایا کہ خشوع نام ہے حرکت فکریہ کے سکون کا اور اس کے تحصیل کا طریقہ یہ ہے کہ ایک محمود شے کی طرف متوجہ ہو جاوے۔ اس سے دوسری حرکات غیر محمودہ بند ہو جائیں گی اور تجربہ سے معلوم ہوا کہ اس توجہ میں زیادہ کنج وکاؤ کرنا موجب ثقل ہے۔ معتدل توجہ کافی ہے ورنہ حدیث من شاق شاق الله علیه کا مصداق ہوگا اب اگر اس درجہ کے ساتھ دوسرے وساوس مستحضر ہو جاویں تو مضر نہیں کیونکہ یہ اس کا فعل نہیں اس کی ایسی مثال ہے کہ جیسے آنکھ سے کسی خاص لفظ کو قصداً دیکھیں تو اس کے ساتھ اس کے ماحول پر بھی نظر ضرور جاتی ہے مگر چونکہ یہ نظر قصداً نہیں اس لئے یہی کہیں گے کہ فلاں لفظ خاص دیکھا اور ماحول کو خود نہیں دیکھا بلکہ خود نظر آ گیا۔

سکوت مامور بہ بھی عبادت ہے کیونکہ وہ کف عن الکلام ہے

فرمایا کہ علمائے غیر حنفیہ نے لکھا ہے کہ صلوۃ جہری میں مقتدی کا فاتحہ پڑھنا تو حماقت ہے لیکن سری میں پڑھنا چاہئے کیونکہ سکوت شرعاً عبادت نہیں لیکن ہم کو یہ تسلیم نہیں کیونکہ یہ سکوت مامور بہ ہے اور امتثال مامور بہ عبادت ہے۔ نیز یہ ایسا سکوت نہیں جو عمل نہ ہو بلکہ کف عن الکلام ہے اور کف عمل ہے بس اس کے عبادت ہونے میں کچھ غبار نہیں جیسے کف عن المناہی عبادت ہے۔

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

ترک کی دو قسمیں

فرمایا کہ ترک کی دو قسمیں ہیں ترک وجودی و ترک عدمی۔ جس ترک کا انسان مکلف بنایا گیا ہے وہ ترک وجودی ہے جو اپنے اختیار و قصد سے ہو۔ مثلاً کوئی عورت چلی جا رہی ہے جی چاہا کہ لاؤ اسے دیکھیں پھر نگاہ کو روک لیا اجر اسی ترک پر ملتا ہے۔ اور ترک عدمی وہ ہے کہ اپنے قصد و اختیار کا اس میں کچھ دخل نہ ہو (اور چونکہ اختیار و قصد کا مسبوق بالعلم ہونا ضروری ہے اس لئے یہ ترک (عدمی) مسبوق بالعلم بھی نہیں۔ مثلاً اس وقت ہم ہزاروں گناہوں کو نہیں کر رہے ہیں۔ تو اس پر اجر بھی نہیں۔

سالک کے احوال کی تبدیلیوں کا بیان

فرمایا کہ جو خدا کے رستہ میں چلنا شروع کرتا ہے تو حق تعالیٰ سب سے پہلے اس کے ملکات کو بدلتے ہیں جس سے اعانت ہوتی ہے طاعت کے دوام و استقامت پر اور معاصی سے اجتناب پر (کیونکہ افعال تابع ہوتے ہیں ملکات کے جب ملکات درست ہو گئے تو معاصی سے بچنا آسان ہو جاتا ہے اور ملکہ وہ داعیہ ہے جو اندر سے تقاضا کرتا ہے جس کا اثر یہ ہے کہ فعل سہولت سے صادر ہو جاتا ہے) مطلب تبدیل ملکات سے یہ ہے کہ دواعی خیر کے تو قوی ہو جاتے ہیں اور دواعی کے شر کے ضعیف' نیکی کا تو ہر وقت تقاضا ہوتا رہتا ہے اور برائی کا بالکل تقاضا نہیں ہوتا بلکہ ترک طاعت اور ارتکاب معصیت ایسا دشوار ہو جاتا ہے کہ اگر اس کا قصد بھی کرے تو اس قدر جی برا ہو کہ گویا ذبح کر ڈالا اور اس تبدیل کو تبدیل ذات یا فنائے حسی کہتے ہیں یعنی مثلاً غصہ کا گویا وجود ہی نہ رہا بلکہ غصہ کے بجائے حلم پیدا ہو گیا۔ جب ایک زمانہ اس حالت پر گزر جاتا ہے اور جو اس میں حکمت خداوندی تھی کہ بندہ خوگر ہو جاوے طاعت کا یعنی نفرت ہو جاوے معاصی سے اور دلچسپی ہو جاوے طاعت سے جب یہ مقصود حاصل ہو گیا تو بعض اوقات اس میں ایک تغیر ہوتا ہے وہ یہ کہ جن ملکات سیئہ کو مغلوب و مضمحل کیا گیا تھا جب ان کی مقاومت بوجہ ملکات حسنہ کے راسخ ہو جانے کے آسان ہو گئی تو اب چاہتے ہیں کہ اپنے بندہ کا اجر بڑھانا اس واسطے اس وقت رفتار حکمت کی یہ ہوتی ہے کہ اول امور طبعیہ جو مغلوب ہو گئے

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

تھے پھر ابھرنا شروع ہوتے ہیں لیکن یہ نہیں کہ ابھرتے ابھرتے غالب ہو جاتے ہیں بلکہ اپنی اصلی فطرت پر آ جاتے ہیں۔ اب غصہ کے وقت لہجہ بھی سخت ہو جاتا ہے الفاظ بھی سخت نکلنے لگتے ہیں۔ پہلے تو کوئی جوتی بھی مار لیتا تھا تب بھی چونکہ مجاہدہ کر رہے تھے غصہ بالکل نہ آتا تھا۔ پہلے نہ غم کی باتوں سے غم ہوتا تھا نہ خوشی کی باتوں سے خوشی ہوتی تھی اب غم بھی ہوتا ہے خوشی بھی ہوتی ہے اور یہاں سالک یہ سمجھتا ہے کہ مردود ہو گیا۔ میری ساری محنت برباد ہو گئی (حضرت محنت برباد نہیں گئی بلکہ تبدیل اول کی عمر ختم ہو گئی۔ اب دوسری تبدیل شروع ہوئی تنزل نہیں ہوا بلکہ ترقی ہوئی ہے۔ غم کی بات نہیں بلکہ خوشی کی بات ہے پہلی تبدیل ذات کی تبدیلی تھی اب صفات کی تبدیلی ہے۔ وہاں تو غصہ کے بجائے حلم پیدا ہو گیا تھا اور یہاں غصہ کا وجود تو ہے لیکن اس میں اثر وہ ہے جو حلم میں تھا طمع طمع ہی رہی مگر اس میں وہ اثر ہے جو سخاوت و استغناء میں ہوتا چنانچہ حضرت حاجی صاحب رحمۃ اللہ علیہ کی عجیب وغریب تحقیق ہے کہ رذائل نفس کا ازالہ نہ کرے بلکہ امالہ کر دے۔ بخل رہے بخل ہی مگر اس کا بخل بدل دیا جاوے۔ بخل کو کھو کر سخاوت نہ پیدا کی جاوے۔ اسی طرح سمجھو کہ غصہ بھی بڑے کام کی چیز ہے اگر غصہ نہ ہوتا تو اسلام ہی نہ پھیلتا اسلام جو پھیلا تو غصہ ہی کی بدولت کیونکہ مقابلہ میں کافروں کے غصہ ہی میں جان دینا اور جان لینا آسان ہو سکتا ہے۔ اسی طرح اگر بخل نہ ہوتا تو رنڈیوں، بھڑووں، بدمعاشوں میں خوب مال لٹاتا یہاں تک کہ مستحقین کی بھی نوبت نہ آتی۔ اب مستحقین ہی کو چھانٹ چھانٹ کر دیتے ہیں۔ یہ بخل ہی کی تو برکت ہے۔ غیر مستحقین کو نہ دینا لیکن یہ بخل جو ہے سخاوت کی ماں ہے سخاوت خود محتاج ہے اس بخل کی۔ حضرت مولانا گنگوہی رحمۃ اللہ علیہ فرمایا کرتے تھے کہ اگر ہم کو پہلے سے یہ خبر ہوتی کہ تصوف میں اخیر میں کیا چیز حاصل ہوتی ہے تو میاں ہم تو کچھ بھی نہ کرتے مدتوں کے بعد معلوم ہوا کہ جس کے لئے اتنے مجاہدے اور ریاضتیں کئے تھے وہ ذرا سی بات ہے حضرت نے تو اپنی عالی ظرفی کی وجہ سے اس ذرا سی بات کو نہیں بتلایا۔ میں اپنی کم ظرفی سے بتلاتا ہوں کہ وہ ذرا سی چیز ہے کیا جس کو حاصل کرنے کے لئے اتنی محنتیں کرنی پڑتی ہیں وہ یہی ہے جس کو میں نے تبدیل ثانی کے عنوان سے بیان کیا ہے کیونکہ یہی ہے پیدا کرنے والی

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

تعلق مع اللہ کی اور یہی ہے محافظ تعلق مع اللہ کی اور یہی ہے بڑھانے والی تعلق مع اللہ کی۔ غرض وہ ذرا سی بات جو تصوف کا حاصل ہے یہ ہے کہ جس طاعت میں سستی ہو سستی کا مقابلہ کر کے اس طاعت کو کرے اور جس کو یہ بات حاصل ہوگئی اس کو پھر ضرورت نہیں نہ شیخ کی نہ سید کی نہ مغل کی نہ پٹھان کی۔ نہیں تو چاروں ذاتوں کی ضرورت ہے۔

کشند از برائے دلے بارہا　　خورند از برائے گلے خارہا

شیخ کا بس یہی کام ہے کہ اسی ذرا سی بات کے حاصل کرنے کی تدبیریں بتلاتا ہے اور کچھ نہیں کرتا بدوں شیخ کے اس کا حصول متعذر ہے۔ قدم قدم پر گاڑی اٹکے گی یہ پتہ نہ چلے گا کہ ادھر جاؤں یا ادھر۔ دونوں چیزیں ایک نظر آئیں گی۔

بحر تلخ و بحر شیریں ہمعناں　　درمیان شان برزخ لا یبغیاں

نعمائے آخرت اور جنت کی طرف طبیعت کے نہ ابھرنے کی وجہ

فرمایا کہ نعمائے آخرت اور جنت کی طرف جو طبیعت نہیں ابھرتی ہے اس کی وجہ یہ ہے کہ ایک تو جس مقصود کے اسباب کو انسان اختیاری نہیں سمجھتا اس کی طرف حرکت نہیں ہوتی اور دوسرے اسباب کو تو اختیاری سمجھتا ہے لیکن اسباب میں اور مقصود میں تعلق نہ معلوم ہو تب بھی حرکت نہیں ہوتی یعنی وہ نہیں سمجھتے کہ اعمال صالحہ اور حصول جنت میں وہی علاقہ ہے جو آگ کے جلانے اور کھانا پکنے میں یا پانی پینے اور پیاس کے بجھنے میں ہے۔ یہی وجہ ہے کہ ہرگز ہرگز ذہن اس طرف نہیں جاتا کہ اعمال صالحہ پر جنت ضرور مل جاوے گی۔

مقبول بندہ کا فیض بلا اطلاع بھی پہنچتا ہے

اللہ تعالیٰ کے بندے ایسے بھی ہیں کہ بلا قصد و بلا علم کسی کے ان سے مخلوق کو نفع پہنچ رہا ہے وہ قرینہ یہ ہے کہ جب کوئی مقبول بندہ مرتا ہے تجربہ ہے کہ اگر سب قلوب نہیں تو بہت سے قلوب ایسے ہیں کہ ان کو اپنے اندر فوراً ایک تغیر محسوس ہوتا ہے کہ وہ نورانیت اور برکت جو ان بزرگ کی حیات میں تھی کم ہوگئی حالانکہ ان کے پاس کبھی گئے بھی نہیں۔ خط و کتابت بھی نہیں کی دعا بھی نہیں کرائی۔ پھر وجہ کیا تغیر کی۔ معلوم ہوتا ہے ادھر سے کچھ مدد پہنچتی تھی وہ کم ہوگئی۔

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

ایک شخص عمر بھر جنتیوں کا کام کرتا ہے پھر اخیر میں ایک ایسا عمل کرتا ہے جو موجب نار ہوتا ہے اس کا مطلب

فرمایا کہ حدیث میں جو آیا ہے کہ ایک شخص عمر بھر جنتیوں کے عمل کرتا ہے پھر اخیر میں وہ ایک ایسا عمل کرتا ہے جو موجب نار ہو جاتا ہے اس کا مطلب یہ ہے کہ جان بوجھ کر ایسا عمل کرتا ہے اور بااختیار خود ناری ہو جاتا ہے یہ نہیں کہ کسی غیر اختیاری عمل پر اس کو دوزخ میں بھیج دیا جاتا ہے یعنی ایک تو یہ کہ وہ بات جو موجب نار ہو جاتی ہے وہ چھوٹی بات نہیں ہوتی بلکہ بہت بڑی بات ہوتی ہے دوسرے یہ کہ وہ بات غیر اختیاری نہیں ہوتی تو پس معلوم ہوا کہ دوزخ بھی جانا اختیار میں ہے اور جنت میں بھی جانا اختیار میں ہے۔

قبر کی حقیقت

فرمایا کہ اصطلاح شریعت میں قبر گڑھے کو نہیں کہتے بلکہ عالم مثال کو کہتے ہیں۔ (کیونکہ وہ مشابہ ہے اس عالم کے بھی یعنی باعتبار آخرت کے تو گویا وہ دنیا ہے اور باعتبار دنیا کے گویا کہ وہ آخرت ہے تو وہ سارا عالم ہے جیسا کہ باغ کا پھاٹک کہ بہ نسبت اندرونی حصہ باغ کے تو گویا وہ باغ نہیں ہے۔ لیکن بہ نسبت خارج حصہ باغ کے گویا کہ وہ باغ ہے۔ یا جیسے حوالات کہ بہ نسبت گھر کے تو وہ جیل خانہ ہے مگر بہ نسبت جیل خانہ کے گویا کہ وہ گھر ہے تو اللہ تعالیٰ نے عالم مثال کو دنیا کا بھی نمونہ بنایا ہے اور آخرت کا بھی نمونہ۔

تعویذ کے اثر کی وجہ قوت خیالیہ ہے

فرمایا کہ تعویذ سے اچھا ہو جانا کچھ تعویذ دینے والے کی بزرگی کی وجہ سے تھوڑا ہی ہوتا ہے بلکہ جس کی قوت خیالیہ قوی ہوتی ہے اس کے تعویذ میں اثر زیادہ ہوتا ہے یہاں تک کہ اگر کوئی شخص بہت زیادہ قوت خیالیہ رکھتا ہو تو اس کے محض سوچنے ہی سے جاڑا بخار اتر جاتا ہے۔ چاہے وہ کافر ہی ہو۔ کیونکہ یہ قوت تو اس میں بھی موجود ہے اور یہ مشق سے اور بڑھ جاتی ہے۔ بالخصوص بعض طبائع کو تو اس سے خاص مناسبت ہوتی ہے۔

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

نری عقل سے کچھ نہیں ہوتا جب تک کہ فضل نہ ہو

فرمایا کہ نری عقل سے کچھ نہیں ہوتا جب تک کہ فضل بھی نہ ہو۔ خدا کی قسم عقل پر ناز کرنا بے عقلی اور بے راہی ہے اس لئے اگر کسی کو اپنی عقل پر ناز ہو تو اس خیال کو دور کرے نری عقل کچھ کام نہیں آتی۔ بڑے بڑے عقلاء نے ٹھوکریں کھائی ہیں۔ دیکھئے بڑی رفتار گھوڑے کی یہ ہے کہ دامن کوہ تک پہنچ جاوے اس کے بعد گھوڑا بالکل بیکار ہے۔ وہاں تو ہوائی جہاز کی ضرورت ہے۔

فہم و خاطر تیز کردن نیست راہ — جز شکستہ می نگیرد فضل شاہ
ہر کجا پستی است آب آنجا رود — ہر کجا مشکل جواب آنجا رود
سالہا تو سنگ بودی دل خراش — آزمودن را یک زمانے خاک باش
در بہاراں کے شود سرسبز سنگ — خاک شوتا گل بروید رنگ رنگ
چوں تو یوسف نیستی یعقوب باش — ہمچو او باگریہ و آشوب باش
آزمودم عقل دور اندیش را — بعد ازاں دیوانہ سازم خویش را

یعنی وہاں تو شکستی اور پستی ہی کام دیتی ہے۔ عقل کچھ کام نہیں دیتی۔

تارک دنیا کا استغناء

فرمایا کہ جو شخص تارک دنیا ہوگا وہ تارک (سر) بھی ضرور ہوگا چنانچہ ایک بادشاہ نے اعراضاً ایک درویش کے سامنے پہنچتے ہی یہ مصرع پڑھا۔

در درویش را درباں نباید

اس درویش نے بے دھڑک بادشاہ کو اس مصرعہ کا جواب دیا۔

بباید تا سگ دنیا نیاید

پھر فرمایا کہ حضرت مرزا جان جاناں رحمۃ اللہ جس روز شہید کئے گئے تھے آپ کو کشف ہو گیا تھا چنانچہ آپ صبح ہی سے نہایت شاداں و فرحاں تھے موت کے خیال سے اور بار بار یہ کہتے تھے۔

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

سر جدا کرد از تنم یارے کہ بامایار بود　　قصہ کوتہ کرد ورنہ درد سر بسیار بود

یہ لوگ بڑے بے فکر ہوتے ہیں انہیں تو بس ایک ہی فکر ہے جیسے عصائے موسیٰ اتنا بڑا سانپ ہو گیا تھا کہ سارے سانپوں کو نگل گیا تھا ایسے ہی ان کی یہ فکر ایسی ہے کہ ساری فکروں کو نیست و نابود کر دیتی ہے۔

جنت ایک چٹیل میدان ہے اور اس کا درخت سبحان اللہ الخ ہے۔ اس حدیث کا مطلب

فرمایا کہ حدیث میں ہے کہ جنت ایک چٹیل میدان ہے اور اس کے درخت سبحان اللہ والحمد للہ لا الٰہ الا اللہ واللہ اکبر ہیں۔ اس سے بعض مبتدعین معتزلہ کو دھوکہ ہوا کہ جنت و نعمائے جنت فی الحال موجود نہیں۔ بلکہ ہم جیسے جیسے عمل کریں گے یہ عمل ہی اس شکل سے ظہور کریں گے حالانکہ جنت کا مع نعمائے حسیہ بالفضل موجود ہونا منصوص ہے مگر باوجود ہونے کے ہیں ان ہی اعمال کے ثمرات۔ کیونکہ خدا تعالیٰ کو معلوم ہے کہ کون شخص کیا کیا عمل کرے گا۔ اسی کے مناسب جزا سزا کی صورت پہلے سے بنا کر اس کے وجود واقعی کی خبر دینے کے لئے یہ فرمایا اعدت للکافرین اعدت للمتقین جیسے میزبان کو پہلے سے معلوم ہو کہ میرے مہمان کا مزاج علیل ہے اور وہ پہلے سے اس کے مزاج کے مناسب کھانا تیار کر کے رکھ دیوے۔ پس فی نفسہ قیعان یعنی چٹیل میدان نہیں بلکہ جنتیوں کے حق میں قیعان ہے جیسے ایک شخص نے دس ہزار روپیہ اپنے خادموں کے لئے خزانہ میں جمع کر دیئے اور فی کام دس بیس روپیہ علی قدر مراتب نامزد کر دیئے پھر وہ شخص سب کو خطاب کر کے یوں کہہ سکتا ہے کہ اتنا روپیہ خزانہ میں رکھا گیا ہے اگر تم خدمت کرو گے تو خزانہ میں سب کچھ ہے ورنہ یوں ہی سمجھو کہ بالکل خالی ہے اس کے معنی یہ ہیں کہ قبل خدمتیں کرنے کے تمہارے حق میں گویا خزانہ خالی ہے خدمتیں کرنا شروع کر دو گے تو اب سمجھو گے کہ وہ پر ہوگا۔ واقع میں تو وہ اب بھی پر ہے لیکن تمہارے حق میں وہ جبھی پر سمجھا جاوے گا جب تم خدمتیں کرو گے تو معنی حدیث کے یہ ہیں کہ اعمال کے ثمرات تو پہلے سے مہیا کر دیئے گئے ہیں لیکن ابھی وہ کسی کے ملک نہیں بنائے گئے

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

جیسے جیسے بندے عمل کرتے جاتے ہیں وہ ثمرات ان کے نامزد ہوتے جاتے ہیں۔

پل صراط کی حقیقت

فرمایا کہ پل صراط کی حقیقت یہ ہے کہ شریعت میں ہر چیز کا اعتدال مقصود ہے اور اعمال فرع ہیں اخلاق۔ کی اصل محل اعتدال کا اخلاق ہیں ان کا بیان یہ ہے کہ اخلاق کے اصول تین ہیں یعنی اصل میں تین قوتیں ہیں جو جڑ ہیں تمام اخلاق کی یعنی جن قوی سے اخلاق پیدا ہوتے ہیں تین ہیں۔ قوت عقلیہ' قوت شہویہ' قوت غضبیہ حاصل یہ کہ اپنے منافع کے حصول اور مضار کے دفع کے لئے خواہ وہ دنیویہ ہوں یا اخرویہ دو چیزوں کی ضرورت ہے۔ ایک تو وہ قوت کہ جس سے منفعت و مضرت کو سمجھے وہ قوت مدرکہ قوت عقلیہ ہے اور ایک یہ کہ منفعت کو سمجھ کر اس کو حاصل کرے یہ قوت شہویہ کا کام ہے۔ اور ایک یہ کہ مضرت کو سمجھ کر اس کو دفع کرے یہ قوت دافعہ قوت غضبیہ ہے۔ پھر ان تینوں سے مختلف اعمال صادر ہوتے ہیں پھر ان اعمال کے تین درجے ہیں افراط و تفریط و اعتدال۔ چنانچہ قوت عقلیہ کا افراط یہ ہے کہ اتنی بڑھے کہ وحی کو بھی نہ مانے جیسے یونانیوں نے کیا۔ تفریط یہ ہے کہ اتنی گھٹے کہ جہل و سفہ تک اتر آئے۔ اسی طرح قوت شہویہ کا ایک درجہ افراط ہے کہ حرام و حلال کی بھی تمیز نہ رہے۔ بیوی اجنبیہ سب برابر ہو جاویں اور ایک درجہ ہے تفریط یعنی ایسا پرہیز گار بنے کہ بیوی سے بھی پرہیز کرنے لگے یا مال کے ایسے حریص ہوئے کہ اپنا پرایا سب ہضم کرنے لگے یا ایسے زاہد بنے کہ ضرورت کی چیزیں بھی چھوڑ دیں۔ اسی طرح قوت غضبیہ کا افراط یہ ہے کہ بالکل بھیڑیا ہی بن جاویں اور تفریط یہ کہ ایسے نرم ہونے کہ کوئی جوتے بھی مار لے۔ دین کو بھی برا بھلا کہہ لے تب بھی غصہ نہ آئے یہ تو افراط و تفریط تھا۔ ایک تینوں قوتوں کا اعتدال ہے یعنی جہاں شریعت نے اجازت دی ہو وہاں تو ان قوتوں کو استعمال کرے اور جہاں اجازت نہ دی ہو وہاں ان قوتوں سے کام نہ لے۔ تو ہر قوت میں تین درجے ہوئے افراط' تفریط اور اعتدال ان سب درجوں کے نام الگ الگ ہیں جو قوت عقلیہ کے افراط کا درجہ ہے اس کا نام ہے جربزہ جو تفریط کا درجہ ہے اس کو سفاہت کہتے ہیں جو اعتدال کا درجہ ہے اس کا لقب حکمت ہے اسی طرح قوت شہویہ کے افراط کا درجہ فجور ہے تفریط کا درجہ جمود ہے۔

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

اعتدال کا درجہ عفت ہے اور قوت غضبیہ کا درجہ افراط تہور ہے۔ اور گھٹا ہوا درجہ جبن ہے۔ اعتدال کا درجہ شجاعت ہے تو یہ نو چیزیں ہوئیں جو تمام اخلاق حسنہ وسیئہ کو حاوی ہیں اور مطلوب ان نو درجوں میں صرف تین درجے اعتدال کے ہیں یعنی حکمت' عفت اور شجاعت' باقی سب رذائل ہیں تو اصول اخلاق حسنہ کے یہ ہیں اور ان تینوں کے مجموعہ کا نام عدالت ہے۔ اسی لئے اس امت کا لقب امت وسط یعنی امت عادلہ ہے۔ غرض انسان وہ ہے جس میں اعتدال ہو اب آپ دیکھیں کہ دنیا میں بزرگ تو بہت ہیں لیکن انسان بہت کم ہیں چنانچہ شاعر لکھتا ہے۔

زاہد شدی و شیخ شدی و دانشمند ایں جملہ شدی ولیکن انساں نہ شدی

جب یہ بات سمجھ میں آئی تو اب وہ سمجھئے کہ اعتدال حقیقی سب سے زیادہ مشکل ہوا۔ کیونکہ اعتدال حقیقی کہتے ہیں وسط حقیقی کو کہ اس میں ذرہ برابر نہ افراط ہو نہ تفریط اور مشاہدہ سے اس کا دشوار ہونا ظاہر ہے اور پل صراط اسی اعتدال کی صورت مثالیہ ہے اور اس کی دشواری تلوار کی تیزی اور بال سے زیادہ باریکی کی صورت میں ظاہر ہوئی۔

کرامت واستدراج کا فرق

اگر کسی خارق کے بعد قلب میں زیادہ تعلق مع اللہ محسوس ہو تب تو وہ کرامت ہے اور اگر اس میں زیادت محسوس نہ ہو تو نا قابل اعتبار ہے۔ اور کرامت واستدراج میں ایک ظاہر فرق یہ ہے کہ صاحب کرامت متصف بالایمان والعبادۃ وغیرہ ہوگا اور صاحب استدراج افعال منکرہ میں مبتلا ہوگا اور دوسرا فرق اثر کے اعتبار سے ہوگا کہ صاحب کرامت پر انکسار کا غلبہ ہوگا اور صاحب استدراج پر ظہور خارق پر تکبر کا۔

سماع کے حدود

فرمایا کہ اگر قرآن شریف سن کر نفسانی کیفیت پیدا ہو تو محمود نہ ہوگی مثلاً کسی امرد سے قرآن شریف سنا اس کی آواز یا صورت سے قلب میں ایک کیفیت پیدا ہوئی تو یہاں اسباب کو نہ دیکھیں گے آثار کو دیکھیں گے اور ظاہر ہے کہ وہ کیفیت یقیناً نفسانی ہوگی۔ ایسے ہی سماع کو سمجھ لیا جاوے۔ اس کے بھی حدود ہیں ہر شخص کو جائز نہیں جیسا کہ آج کل ہر کس و

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

ناکس کو اس میں ابتلا ہے شیخ شیرازی اس فرق کو کہتے ہیں کہ۔

سماع اے برادر بگویم کہ چیست　　مگر مستمع رابدانم کہ کیست

مولانا جامی فرماتے ہیں۔

زندہ دلاں مردہ تناں را رواست　　مردہ دلاں زندہ تناں راخطاست

سلطان نظام الدین قدس سرہٗ اس کے لئے چار شرائط بتاتے ہیں

۱-سامع از اہل دل باش از اہل ہوا و شہوت نباشد

۲-مستمع مرد تمام باشد زن و کودک نباشد

۳-مسموع مضمون ہزل نباشد

۴-آلہ سماع چنگ و رباب درمیان نباشد۔ فرمایا کہ میں ایک بار اپنے ایک صاحب سماع بزرگ کو تلاش کرنے سلطان جی کے عرس میں قبل از وقت عرس حاضر ہوا میں اس وقت کانپور میں تھا ان سے ملنے دہلی آیا تھا میں سمجھا کہ وہ عرس میں ملیں گے مگر اس وقت تک عرس میں نہ آئے تھے۔ میں قریب نماز ظہر کے لوٹا کہ پھر شہر میں مل لوں گا وہاں چشتی ہی جمع تھے انہوں نے مجھ کو گھیرا کہ چشتی ہو کر شروع ہونے کے وقت کہاں چلے۔ میں نے کہا کہ اگر میں شریک ہو جاؤں گا تو حضرت سلطان جی خفا ہو جاویں گے اور میں نے اوپر کا ملفوظ سلطان جی کا پڑھ دیا اور کہا کہ مجھ میں یہ شرائط نہیں۔ سب نے کہا کہ تم تو اس کے اہل ہو مگر ہم اہل نہیں۔ ایسی تبلیغ ہم کو آج تک کسی نے نہیں کی تھی۔

وسوسہ کی حقیقت

ایک مولوی صاحب نے عرض کیا کہ حضرت وسوسہ کیا شے ہے فرمایا کہ جو امر منکر بلا اختیار قلب پر وارد ہو جاوے میں اسی کو وسوسہ سمجھتا ہوں مگر چونکہ بلا اختیار ہے اس لئے مضر نہیں۔

بزرگوں کو اشعار لکھنا خلاف ادب ہے

فرمایا کہ بزرگوں کو جو خطوط لکھے جاویں ان میں اشعار کا لکھنا میں خلاف ادب سمجھتا ہوں ہاں بطور جوش نکل جائے تو دوسری بات ہے۔ قصداً ایسا کرنے کا حاصل یہ ہے کہ ان کو اشعار سے متاثر کر

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

کے کام نکالنا چاہئے۔ نیز اپنی لیاقت کا اظہار ہے۔ طالب کا کوئی فعل معلم کے ساتھ ایسا نہ ہونا چاہئے۔

حقوق شیخ کا خلاصہ

فرمایا کہ حقوق الشیخ کا آسان خلاصہ یہ ہے کہ اس کی دل آزاری نہ ہو نہ قول و فعل سے نہ حرکات و سکنات سے۔

ظنیات پر جزم نہ کرنا چاہئے

ایک مولوی صاحب نے عرض کیا کہ حضرت مجدد وقت ہیں فرمایا کہ چونکہ نفی کی بھی کوئی دلیل نہیں اس لئے اس کا احتمال مجھ کو بھی ہے مگر اس سے زائد جزم نہ کرنا چاہئے محض ظن ہے اور یقینی تعین تو کسی مجدد کا بھی نہیں ہوا۔ (الحمد لله حمداً كثيراً طيباً مباركاً فيه على هذا الاحتمال)

قطب التکوین دائماً اور قطب الارشاد احیاناً متعدد ہوتے ہیں

فرمایا کہ قطب التکوین کو اپنی قطبیت کا علم ضروری ہے مگر قطب الارشاد کو ضروری نہیں ابدال وغیرہ بھی تکوینیات سے متعلق ہیں۔ قطب الارشاد میں تعدد ضروری نہیں ہاں قطب التکوین متعدد ہوتے ہیں مگر قطب الاقطاب تمام عالم میں ایک ہوتا ہے اس کا نام غوث ہے اہل کشف ان کو پہچانتے ہیں۔ قطب التکوین دائماً اور قطب الارشاد احیاناً متعدد بھی ہوتے ہیں۔ اسی سلسلہ میں فرمایا کہ زمانہ تحریک خلافت میں خانقاہ کے پاس ذرا فصل سے گولر کے نیچے میرے مکان کے سامنے ایک نہ ایک مجذوب رہا کرتے تھے میں سمجھتا تھا کہ شاید من جانب اللہ حفاظت کے لئے مقرر ہیں۔ ایسے مجاذیب بدلتے بھی رہتے ہیں جیسے سرکاری حکام گورنمنٹ کے بدلتے رہتے ہیں۔

انبیاء کے لئے تعبیر بالمعصیت محض صورۃ ہے

فرمایا کہ میرا ذوق ہے کہ انبیاء سے معصیت صادر نہیں ہوتی بلکہ جو کچھ ہوتا ہے وہ طاعت ہی ہے گو خفی سہی اور عصیٰ و غویٰ وغیرہ جو صیغے مستعمل ہیں وہ باعتبار شق مقابل کے ہیں کہ وہ شق مقابل صادر سے افضل ہے نہ یہ کہ یہ معصیت ہے اور تعبیر بالمعصیت محض صورۃ ہے۔

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

معاصی کے تدارک کا طریقہ

فرمایا کہ معاصی ماضیہ کے تدارک کے لئے استغفار کرلے اور آئندہ کے لئے نفس پر جرمانہ مقرر کرلے خواہ بدنی ہو یا مالی ہو حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم نے اس حدیث میں من قال تعالیٰ اقامرک فلیتصدق اس کی لم پر نظر فرمائی ہے کہ مقامرۃ کی وجہ حب مال ہے تصدق سے محبت مال کی نکل جائے گی اس لئے جرمانہ مقرر فرمایا۔

تاسف من مافات احیاناً حجاب مستقبل ہے

فرمایا کہ یہ طریق بہت ہی نازک ہے اس لئے رہبر کامل کی ضرورت ہے بعض اوقات ماضی پر افسوس کرنا بھی حجاب مستقبل کا ہو جاتا ہے کہ اس تاسف میں غلو کے ساتھ مشغول ہو کر آئندہ کے لئے معطل ہو جاتا ہے۔

عمل دین کا مدار عظمت سلف صالحین پر ہے

فرمایا کہ اہل علم کے کام کی ایک بات بتلاتا ہوں کہ دین پر عمل کرنے کا مدار سلف صالحین کی عظمت پر ہے اس لئے حتی الامکان ان پر اعتراض و تنقیص کی آنچ نہ آنے دینا چاہئے۔

کامیابی کا مدار طلب پر ہے

فرمایا کہ کامیابی کا مدار طلب پر ہے حسب طلب جو مناسب ہوگا ملے گا اور جہاں ایک نظر میں کامیابی ہوئی ہے وہاں بھی مجاہدہ ہی کی بدولت ہوئی ہے بہت سے مجاہدات اس نظر سے مقدم رہے ہیں۔

ہر نفس کی سزا جدا ہے

فرمایا کہ ہر نفس کی جدا سزا ہے جیسے حضرات فقہاء نے شریف کی تعزیر لکھی ہے مثلاً یہ کہ محکمہ قضا میں بلا قدرے ملامت کر دیا جاوے مگر نفس غیر شریف کیلئے دوسری تعزیر ہے۔

طلب وقصد بھی قرب وقبول میں بجائے حصول ہی کے ہے

ایک مولوی صاحب نے شکایت کی کہ نماز کی حالت میں ایک کیفیت پر استقرار نہیں

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

ہوتا بلکہ بعض ارکان میں خطرات مستولی ہو جاتے ہیں فرمایا کہ یہ تقلبات سفر ہیں اور تثبت منزل ہے منزل پر رسائی سفر ہی سے ہوتی ہے اور کوئی طریق نہیں یوں ہی چلئے دیجئے ان شاء اللہ تعالیٰ ایک روز تثبت بھی عطا ہو جائے گا جس کی کوئی مدت متعین نہیں ہو سکتی جب تک حاصل نہ ہو اس کی طلب و قصد بھی قرب و قبول میں بجائے حصول ہی کے ہے۔

عجب کا علاج اور سرور علی النعم کا حکم

فرمایا کہ اگر استحضار نعم کے ساتھ اس کا استحضار بھی کر لیا جاوے کہ یہ نعمتیں میرے استحقاق کی وجہ سے نہیں ہیں بلکہ موہبت الٰہیہ ہیں وہ اگر چاہیں ابھی سلب کر لیں اور یہ ان کی رحمت ہے کہ بلا استحقاق عطا فرما رکھی ہیں اور دوسروں کے متعلق اس کا استحضار کر لیا جاوے اگر چہ یہ لوگ ان خاص فضیلتوں سے خالی ہوں لیکن ممکن ہے کہ ان کو ایسی فضیلتیں دی گئی ہوں کہ ہم کو ان کی خبر نہ ہو اور ان کی وجہ سے ان کا رتبہ حق تعالیٰ کے نزدیک بہت زیادہ ہو تو ان دونوں استحضار کے بعد جو سرور رہ جائے گا وہ عجب نہ ہوگا یا تو فرحت طبعی ہوگی جو مذموم نہیں یا شکر ہوگا جب منعم کے استحسان کا بھی استحضار ہو جس پر اجر ملے گا۔

غیر اختیاری امور میں بے حد مصالح اور منافع ہوتے ہیں

اس طریق میں جو حالت غیر اختیاریہ بھی پیش آوے خیر محض ہے اور اس میں بے حد مصالح و منافع ہوتے ہیں جو اس وقت تو سمجھ میں نہیں آتے لیکن آگے چل کر ایک وقت میں سب خود بخود سمجھ میں آنے لگتے ہیں۔

حق تعالیٰ کی محبت میں شان عقلیت غالب ہوتی ہے اور اپنے مجالس کی محبت میں شان طبیعت

فرمایا کہ حق تعالیٰ کی محبت میں شان عقلیت غالب ہوتی ہے اور اپنے مجالس کی محبت میں شان طبیعت غالب ہوتی ہے اور سرسری نظر میں محبت عقلی محبت طبعی کے سامنے ضعیف و مضمحل معلوم ہوتی ہے اس سے یہ شبہ ہو جاتا ہے کہ شیخ یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی محبت حق تعالیٰ سے بھی زیادہ ہے حالانکہ امر بالعکس ہے۔ چنانچہ اگر محبوب طبعی سے نعوذ باللہ حق تعالیٰ کی شان کے خلاف کوئی معاملہ فہمی یا قولی صادر ہو تو وہی محبوب فوراً مبغوض ہو جاوے

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

جس سے ثابت ہوا کہ حق تعالیٰ ہی کی محبوبیت غالب ہے۔

فیصلہ لطیف درمیان احناف اور غیر مقلدین

احناف و غیر مقلدین جو ایک ہی مسجد میں ایک جماعت کے ساتھ نماز پڑھتے تھے ان میں ایک مولوی صاحب بریلوی تفرقہ ڈالنا چاہتے تھے اس پر احناف نے مسائل مختلف فیہا کے متعلق دریافت کیا فرمایا کہ مختلف فیہ مسئلہ میں جانبین میں گنجائش ہوتی ہے اس لئے ایک مثل کے قول پر بھی نماز عصر درست ہو جاوے گی گو احتیاط احناف کے لئے یہی ہے کہ مثلین کے بعد پڑھیں لیکن اس احتیاط سے زائد اہم فتنہ سے بچنا ہے اس لئے بدوں اس کے اگر فتنہ نہ مٹے تو اس عارض کی وجہ سے مثلین پر عمل کرنے سے ایک مثل پر عمل کرنا اولیٰ ہوگا اسی طرح اگر حضرات اہل حدیث یہ اعانت کریں کہ اول وقت کی فضیلت کی تحصیل پر اتفاق کی فضیلت کو ترجیح دے کر مثلین کے بعد عصر پڑھنا گوارا کر لیں تو اس میں زیادہ ثواب ہوگا بلکہ زیادہ بہتر ہے کیونکہ مثلین کے بعد تو بالاتفاق عصر درست ہے اور مثل کے بعد بعض اقوال پر درست نہیں اور اگر اس صورت مذکورہ کو کوئی فریق نہ مانے تو صورت اسلم یہ ہے کہ اہل حدیث ایک مثل کے بعد اذان دے کر نماز ادا کریں اور پھر احناف اپنے وقت پر اسی اذان کو تسلیم کر کے نماز ادا کریں۔

شرط تبلیغ عام

فرمایا کہ زبانی بیان کرنا شرط تبلیغ نہیں کوئی چھپا ہوا وعظ یا کوئی کتاب وحدیث یا فقہ یا تفسیر کی ہاتھ میں لے کر اس کو دیکھ کر مع ترجمہ پڑھ دیا کریں اجمال یا ابہام ہو تو مختصر سی تفسیر یا تفصیل کر دی اگر اس پر بھی قدرت نہیں تو ایسا شخص تبلیغ عام کا مکلف ہی نہیں۔

طبیب جسمانی یا روحانی کا ایک ادب

فرمایا کہ طبیب سے یہ کہنا بھی بے موقع ہے کہ اگر مناسب سمجھیں خمیرہ گاؤزبان تجویز کر دیں اس سے تو حال کہہ کر مخلی بالطبع کر کے تدبیر پوچھنا چاہئے۔

سکون مطلوب ہی نہیں بلکہ عمل مطلوب ہے

کسی بی بی کے شوہر کا انتقال ہو گیا تھا اس کے عدم سکون پر یہ تحقیق بیان فرمائی کہ

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

سکون مطلوب ہی نہیں عمل مطلوب ہے ظاہری بھی باطنی بھی ظاہری تو معلوم ہے باطنی ہر وقت کے واسطے وہ عمل جو اختیار میں ہے مثلاً صبر اختیار میں ہے وہی مطلوب ہوگا سکون و دلجمعی اختیار میں نہیں اس لئے وہ مطلوب نہ ہوگا۔

تعلق مع الخلق سراسر مضرت ہے
جب تک نسبت مع الخالق راسخ نہ ہو

فرمایا کہ جب تک نسبت مع الخالق راسخ نہ ہو تعلق مع الخلق بلاضرورت سراسر مضرت ہے اور جو منفعت سوچی جاتی ہے کہ ادائے حق خلق ہے وہ حق خلق بھی جب ہی ادا ہوتا ہے کہ نسبت مع الخالق راسخ ہو جاوے ورنہ نہ حق خالق ادا ہوتا ہے نہ حق خلق یہ تجربہ ہے ایک کا نہیں بلکہ ہزاروں اہل بصیرت کا ہم اور آپ سے زیادہ اہل تمکین نے ایسے تعلقات کو چھوڑ دیا ہے حضرت ابراہیم بلخی حضرت شاہ شجاع کرمانی کے واقعات معلوم ہیں اور حضرت خلفا راشدینؓ پر اپنے کو قیاس نہ کیا جاوے۔

کار پاکاں را قیاس از خود مگیر

بغیر الارم کے تہجد کیلئے آنکھ نہ کھلنا

ایک مولوی صاحب مجاز نے یہ شکایت لکھی تھی کہ اب تک الارم کے بغیر تہجد کے لئے آنکھ نہیں کھلتی افسوس ہے کہ خارجی چیزوں کی اب تک حاجت باقی ہے اس پر جواباً فرمایا کہ کن کن خارجی چیزوں کے احتیاج سے بچو گے۔ کھانے کی احتیاج ہے لحاف بچھونے کی احتیاج ہے، صدہا چیزوں کی احتیاج ہے جس طرح باطنی کیفیات حق تعالیٰ کی نعمتیں ہیں الارم وغیرہ خارجی چیزیں بھی تو اللہ تعالیٰ ہی کی نعمتیں ہیں۔ کام نکلنا چاہئے چاہے خارجی نعمتوں سے نکلے خواہ باطنی نعمتوں سے پھر فرمایا کہ اس جواب سے ان کی بالکل تسلی ہوگئی اگر اور جگہ پوچھا جاتا نہ جانے کیا کیا مجاہدے تجویز کر دئے جاتے۔

اجانب کے ساتھ برتاؤ عدم تشدد کا نافع ہوتا ہے

ایک صاحب نے اپنے کرایہ داروں سے ترغیب نماز کے متعلق تشدد کیا اور کہا کہ اس

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

مکان میں رہنے کی شرط یہ ہوگی کہ بلا عذر شرعی جماعت و مسجد کی پابندی میں فرق نہ آئے تخفیف کرایہ کی لالچ دلانی چاہئے اس پر حضرت والا نے فرمایا کہ اگر آپ کی جگہ میں کم ہمت ہوتا تو رخصت پر عمل کرتا یعنی اپنے نفس کو تو یہ سمجھاتا کہ ان پر سختی اور ان تدبیروں سے اثر ڈالنا مجھ پر واجب نہیں پھر کیوں تعب میں پڑوں البتہ اتنا ضرور کرتا کہ ترغیب کے ساتھ ان کو جمع کر کے وعظ سناتا اور ان کی رعایتیں بلا کسی شرط اور بلا کسی ضابطہ کے کرتا۔ وہ مانوس و منبسط ہو کر خود بخود کام کرنے لگتے اور جو اس پر بھی متاثر نہ ہوتے ان کے حال پر چھوڑ کر صرف دعا پر اکتفا کرتا۔

صحت کی حفاظت مقدم ہے پورا ثواب ملے گا

ایک مریض کو ایک حکیم صاحب نے زیادہ سونے کی رائے دی اس پر انہوں نے معمولات میں کمی کی شکایت حضرت والا کو لکھی اس پر فرمایا کہ جتنا حکیم صاحب سونے کو بتلاتے ہیں اس سے زیادہ سو صحت کاملہ تک معمول میں تخفیف کر دو ثواب پورا ملے گا۔

اپنی طاعت کو جتلانا درحقیقت غیر اللہ کو مقصود بنانا ہے

فرمایا کہ اسلم طریق یہی ہے کہ اپنے محاسن اور طاعات کو زبان پر کبھی لاوے ہی نہیں بس اس مثل پر عمل چاہئے کہ نیکی کر اور دریا میں ڈال۔ آدمی یہ سوچ لے کہ جس کے واسطے میں نے طاعت کی ہے اس کو تو علم ہے اور وہ کبھی بھولے گا نہیں پھر کسی کو جتلانے کی کیا ضرورت ہے۔ اپنی طاعت کو جتلانا درحقیقت غیر اللہ کو مقصود بنانا ہے یہ کیا حماقت ہے۔

ہر امر میں بشمول نفسانیت' موجب نفرت ہے

فرمایا کہ جس بات میں نفسانیت کا شمول ہوتا ہے اس میں خاصیت یہی ہے کہ دوسرے کو اس سے نفرت ہوتی ہے لیکن چونکہ آدمی کی طبیعت میں اپنے ساتھ حسن ظن رکھا ہوا ہے اس واسطے خود اس کام کو کرتے ہوئے برائی نہیں معلوم ہوتی اسی واسطے محققین نے بھلے برے کی یہ بھی ایک شناخت مقرر کی ہے کہ جس کام کی نسبت یہ معلوم کرنا ہو کہ یہ اچھا ہے یا برا اور اس میں نفسانیت شامل ہے یا نہیں اس میں اس طرح غور کرو کہ یہ کام اگر دوسرا آدمی کرے تو ہم کو برا معلوم ہوگا یا نہیں اور اس سے اکثر باتوں کا حسن و قبح معلوم ہو جاتا ہے۔

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

کثرت سوال کا منشاء عمل نہ کرنا ہے

فرمایا کہ کثرت سوال کا منشا عمل نہ کرنا ہے (باریک بات ہے) جس کو کام کرنا ہوتا ہے وہ تو ذرا سا حکم پا کر اس کی تعمیل میں لگ جاتا ہے بلکہ وہ ڈرا کرتا ہے کہ اگر پوچھوں گا تو کوئی دشواری کام میں نہ پیدا ہو جاوے اور پھر مجھ سے نہ ہو سکے اور جس کو کام کرنا نہیں ہوتا وہ ہی تقریریں چھانٹا کرتا ہے۔

اصلاح کا ایک سریع التاثیر طریق

فرمایا کہ ہر کام کرنے سے پہلے یہ دیکھ لیجئے کہ یہ دین اور دنیا میں مضر تو نہیں۔ دیکھئے کتنی جلد اصلاح ہوتی ہے۔

بلندی اور رفعت کے تحصیل کا نافع طریق

یاد رکھو کہ لوگوں میں ایک کو دوسرے کے اوپر بلندی اور رفعت صرف اس سے حاصل ہوتی ہے کہ لوگوں کی تکلیف دہ باتوں پر صبر کیا جاوے اور کثرت سے صدقہ اور احسان کیا جاوے اور کسی سے حسد نہ کیا جاوے اور بدی کرنے والوں کا بدلہ بدی سے نہ دیا جاوے چنانچہ حق تعالیٰ کا ارشاد ہے۔ **جعلنا هم ائمة يهدون بامرنا لما صبرو او كانوا بايٰتنا يوقنون** (یہ ملفوظ حضرت والا کا نہیں۔ مفید ہونے کے سبب درج کیا گیا)

حرمت سود کی ایک ذوقی دلیل

فرمایا کہ سود لینے والے اگر ابتدائی حالت میں غور کریں تو ایک ذلت اور شرمندگی تب بھی محسوس ہوتی ہے۔ یہ ذوقی دلیل ہے۔ معلوم ہوا کہ سود ہندوستان میں کفار سے اگر حلال ہو تب بھی اس کی یہ خاصیت ہے جیسے کوئی لطیف المزاج اوجھڑی کھائے تو گو جائز ہے لیکن تکدر ضرور ہوگا۔ میں اس بارہ میں مستفتی کو لکھ دیا کرتا ہوں کہ میری رائے تو عدم جواز ہے باقی دوسرے علماء کا قول جواز پر ہے لہذا اختلاف سے فی الجملہ گنجائش ہے۔

زکوٰۃ کے روپیہ کی تملیک مدرسہ میں فوراً ہو جانا مناسب ہے

فرمایا کہ اہل علم کو چاہئے خصوصاً اہل مدارس کو زکوٰۃ کا روپیہ جو مدرسہ میں دیا جاتا ہے

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

اس کو فوراً تملیک کر کے مدرسہ میں داخل کر لیا کرے ورنہ بصورت عدم تملیک اگر مزکی مر گیا تو اس مال زکوٰۃ میں میت کے ورثا کا حق متعلق ہو جائے گا۔ حولان حول کے بعد اس پر زکوٰۃ بھی واجب ہوگی اگر وہ بقدر نصاب ہوا۔

مثنوی دانی کا بڑا کمال

فرمایا کہ تجربہ سے معلوم ہوا کہ مثنوی سے خالی الذہن شخص کا استنباط گمراہی ہے صحیح طریق یہ ہے کہ مسائل دوسری جگہ سے حاصل کر لے پھر اس پر مثنوی کو منطبق کر لے۔ یہ مثنوی دانی کا بڑا کمال ہے۔ اس اصل کو پیش نظر رکھو تو فائدہ کامل ہوگا۔

سالک کا دستور العمل

ایک مولوی صاحب کے سوال کے جواب میں فرمایا کہ علی التعاقب اپنے امراض کا علاج کرے اس طرح کہ جو اس کے نزدیک اہم ہو اس کو مقدم کرے اسی طرح ایک ایک کو مصلح سے دریافت کرے جب ایک مرض کے علاج میں رسوخ ہو جاوے تو دوسرا شروع کرے اور اول کی مقاومت بھی نہ چھوڑے پھر تیسرا شروع کر دے اور پہلے دو کو بھی نہ بھولے آخری بات یہ ہے کہ امراض کا معالجہ شروع کر دے اور اتفاقی تقصیر پر استغفار کرتا رہے اس فکر میں نہ پڑے کہ کتنا نفع ہوا اور کتنا باقی رہا ورنہ اسی حساب میں رہے گا اس کو چھوڑ کر کام میں لگے اور یوں سمجھے کہ میں کچھ بھی نہیں ہوا۔ روز اول ہی جیسا اہتمام رکھے اور اپنے کو معالجہ اور استغفار ہی میں ختم کر دے۔

صرف اذکار اصلاح کیلئے ہرگز کافی نہیں اور اس کی دلیل

فرمایا کہ بعض لوگ انا جلیس من ذکرنی سے استدلال کرتے ہیں کہ صرف اذکار ہی اصلاح کے لئے کافی ہیں کیونکہ ذکر سے قرب ہوگا اور قرب سے معاصی سے نفرت واجتناب ہوگا پس اور تدابیر کی ضرورت نہیں حالانکہ یہ بالکل غلط ہے کیونکہ ذکر نی میں خود تدابیر اصلاح بھی داخل ہیں پس بدوں معالجہ امراض کے ذکر ہی متحقق نہیں۔ دیکھو حصن

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

حصین میں بل کل مطیع اللہ فھو ذاکر بات یہ ہے کہ ذکر کے معنی ہیں یاد تو یاد محض زبان ہی سے نام لینے کا نہیں کہتے بلکہ اصل یاد وہ ہے جو سب طریقہ سے ہو۔ یہ کیا یاد ہے کہ جس کی یاد کا دعویٰ ہے نہ اس سے بات کرے نہ اس کے خط کا جواب دے نہ اس سے ملے نہ اس کا کہنا مانے۔ یہ ہرگز یاد نہیں تو جو ذکر بدوں اصلاح کے ہو وہ ایسی ہی یاد کی طرح ہے۔

اس طریق میں نفع کا مدار مناسبت پر ہے خواہ طبعی ہو خواہ عقلی اور اس کے حصول کا طریق

ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ اس طریق میں نفع کا مدار مناسبت پر ہے۔ پہلے مناسبت پیدا کرنے کا اہتمام کرنا چاہئے۔ میں جو لوگوں کو مشورہ دیتا ہوں کہ کچھ روز یہاں آ کر قیام کرو اور زمانہ قیام میں مکاتبت مخاطبت نہ ہو اس کی صرف یہی وجہ ہے کہ مناسبت پیدا ہو جائے لوگ اس کو بہت ہی سخت شرط بتلاتے ہیں حالانکہ اس کی ہی سخت ضرورت ہے جب تک یہ نہ ہو مجاہدات ریاضات مراقبات مکاشفات سب بیکار ہیں کوئی نفع نہ ہوگا۔ ایک مولوی صاحب نے عرض کیا اگر طبعی مناسبت نہ ہو اور عقلی پیدا کر لی جاوے فرمایا کہ کوئی بھی ہو ہونا چاہئے۔ نفع اسی پر موقوف ہے۔

تشویش کی چیز پس حق تعالیٰ کی عدم رضا ہے اور تدبیر کے بعد رضا و تفویض سے کام لینا چاہئے

ایک صاحب نے عرض کیا کہ حضرت میرے لڑکے بہت ہی بدشوق ہیں تعلیم کی طرف ان کو قطعاً التفات اور رغبت نہیں اس سے میرا قلب پریشان رہتا ہے فرمایا کہ قلب کو پریشان اور مشوش رکھنے کی کیا ضرورت ہے۔ مومن کو پریشان کرنے والی چیز بجز ایک چیز کے اور کوئی نہیں وہ حق تعالیٰ کی عدم رضا ہے۔ اس سے تو مومن کے قلب میں جتنی بھی پریشانی ہو اور جو بھی حالت ہو وہ تھوڑی ہے اور جبکہ رضا کا اہتمام ہے اپنی وسعت اور قدرت کے موافق تو

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

کوئی وجہ نہیں کہ مومن کا قلب پریشان اور مشوش ہو اس لئے کہ صرف تدبیر ہمارے ذمہ ہے۔ مثلاً تعلیم اولاد کے لئے شفیق استاد کا تلاش کر دینا' کاغذ قلم دوات کا مہیا کر دینا کتابوں کا خرید دینا۔ مزید برآں علم کے منافع وفضائل سنانا۔ اس کے بعد جو نتیجہ ہو اس پر رضا و تفویض ہی سے کام لینا مناسب ہے۔

رشوت کی زکوٰۃ نہ دینے کا حکم

فرمایا کہ رشوت کی رقم پر بھی زکوٰۃ واجب ہے گو مقبول نہ ہو لیکن نہ دینے سے زیادہ مردودیت ہوگی۔

طریق استشارہ

فرمایا کہ طریق مشورہ لینے کا یہ ہے کہ کئی شقوق لکھیں اور ہر شق کے مفاسد ومصالح لکھیں اور پھر ترجیح کی درخواست کریں۔

کثرت کلام کا تدارک

فرمایا کہ جب زبان کو ذرا بھی وسعت دی جاتی ہے تو گناہ میں ضرور مبتلا ہو جاتی ہے اس کی ایک تدبیر جو تدبیر ہونے کے ساتھ تدارک بھی ہے یہ ہے کہ جب دو چار آدمی جمع ہو کر باتیں کریں تو باتیں ختم کرنے سے پہلے کچھ ذکر اللہ اور ذکر الرسول صلی اللہ علیہ وسلم بھی کر لیا کرو اس کی ضرورت حدیث سے بھی ثابت ہے چنانچہ ارشاد ہے۔ **ما جلس قوم مجلساً لم یذکروا اللہ فیه ولم یصلوا علی نبیه صلے اللہ علیه وسلم الا کانت علیهم ترة** یعنی جس مجلس میں لوگ باتیں کرتے ہیں اور جس مجلس میں حق تعالیٰ کا ذکر نہیں کرتے اور پیغمبر صلے اللہ علیہ وسلم پر درود نہیں بھیجتے وہ مجلس ان کے لئے قیامت کے دن حسرت کا باعث ہوگی اور بھی کچھ نہ ہو تو ختم کرتے وقت یہی کہہ لیا کریں۔ **سبحان ربک رب العزة عما یصفون وسلام علی المرسلین والحمدلله رب العالمین** یہ لفظ جامع ہے ذکر اللہ اور ذکر رسول صلے

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

اللہ علیہ وسلم دونوں کو علماء نے لکھا بھی ہے کہ یہ کفارہ مجلس ہے۔

کثرت کلام کا منشاء کبر وغفلت ہے

فرمایا کہ کثرت کلام اسی وقت ہوتی ہے جبکہ اپنی بڑائی ذہن میں ہو اور اپنی بڑائی نظر میں اسی وقت آتی ہے جب حق تعالیٰ سے غفلت ہو۔ نتیجہ یہ نکلا کہ کثرت کلام کی اسی وقت ہوسکتی ہے جب حق تعالیٰ سے غفلت ہو اور خدا سے غفلت ایک مرض نہیں بلکہ مجموعۃ الامراض ہے تو جس شخص کو دیکھو کہ کثرت کلام میں مبتلا ہے تو سمجھ لو کہ وہ ایک مرض میں مبتلا نہیں بلکہ بہت سے امراض میں مبتلا ہے اور اس میں وہ تمام امراض موجود ہیں جو ترفع اور تکبر کی فرع ہیں۔

اپنے کو بڑا سمجھنے میں مفاسد ہی مفاسد ہیں اور اس کے دفعیہ کا طریقہ

فرمایا کہ صاحبو اپنے آپ کو بڑا سمجھنا ایسا فعل ہے جس میں مفاسد ہی مفاسد ہیں آدمی اپنے کو کبھی بڑا نہ سمجھے۔ اگر یوں ذہن میں نہ آوے تو چاہئے بہ تکلف اس کی مشق کرے اہل اللہ نے اس کی تدابیر لکھی ہیں وہ یہ ہیں کہ اگر اپنے سے چھوٹے کو دیکھے تو اس وقت خیال کرے کہ یہ مجھ سے عمر میں چھوٹا ہے اس نے گناہ کم کئے ہیں میری عمر زیادہ ہے گناہ میرے زیادہ ہوں گے اور اپنے سے بڑے کو دیکھے تو یوں خیال کرے کہ اس کی عمر میری عمر سے زیادہ ہے اس نے نیکیاں مجھ سے زیادہ کی ہوں گی لوگ ان باتوں کو توہمات سمجھتے ہیں لیکن یہ توہمات ہی کام دینے والے ہیں۔

شریعت نے بناوٹ اور محض ظاہری محبت سے منع کیا ہے

فرمایا کہ شریعت نے بناوٹ اور محض ظاہری محبت سے منع کیا ہے لیکن اس محبت کی تعلیم دی ہے جو ظاہر و باطن اور حاضر و غائب ہر حالت میں یکساں ہو جس میں للّٰہیت کے سوا کچھ نہ ہو ایسی محبت کی بے انتہا فضیلت حدیث میں وارد ہے چنانچہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

کہ قیامت کے دن ندا دی جائے گی۔ **این المتحابون فی اللہ اظلھم فی ظلی یوم لاظل الاظلی** یعنی وہ لوگ کہاں ہیں جو آپس میں حب فی اللہ رکھتے تھے آج میں ان کو اپنے سایہ میں جگہ دوں گا جب کہ کوئی سایہ سوا میرے سایہ کے نہیں ہے اور فرمایا کہ یاد رکھئے کہ اس محبت کے لئے سادہ ہی زندگی مناسب ہے اور جہاں مکلفات آئے بس محبت کی جڑ کٹی۔

سادہ معاشرت سے اصلی محبت و ہمدردی پیدا ہو جاتی ہے

فرمایا کہ محبت دونوں سے جب ہوتی ہے کہ تساوی ہو اور مسلمانوں میں تساوی یا تو اسی طرح ہو سکتی ہے کہ سب امیر ہو جاویں اور یا اس طرح ہو سکتی ہے کہ سب غریب ہو جاویں اور ظاہر ہے کہ سب کا امیر بننا تو اختیاری نہیں ہاں غریب بننا اختیاری ہے بس باہم محبت کی صورت یہی ہے کہ سب غریب بن کر رہیں۔ اس سے یہ مراد نہیں کہ اپنے اپنے اموال کو پھینک کر محتاج بن جائیں بلکہ غریب بننے سے مراد عادات اور معاشرات میں غریب بن جانا ہے اسی کو دوسرے لفظ میں کہا جاتا ہے کہ سادہ زندگی ہی میں محبت ہو سکتی ہے۔ کہاں ہیں آج کل کے فلسفی جو ہمدردی ہمدردی پکارتے پھرتے ہیں اور تنعم اور تکلف میں کھپے ہوئے ہیں کیا تنعم کے ساتھ ہمدردی و محبت جمع ہو سکتی ہے ہرگز نہیں۔ کیونکہ باہم محبت کے لئے مساوات شرط ہے۔

زیور کے مضرات دنیاوی و دینیہ

فرمایا کہ زیور میں یہ نفع بیان کیا جاتا ہے کہ مال محفوظ ہو جاتا ہے کیونکہ نقد روپیہ خرچ ہو جاتا ہے اور زیور بنوانے سے اس کی حفاظت ہو جاتی ہے۔ میں اس کو کسی درجہ میں تسلیم کرتا ہوں لیکن دیکھنا یہ ہے کہ اس میں کوئی مضرت بھی ہے یا نہیں۔ غور سے معلوم ہوا ہے کہ اس میں قومی ملکی ذاتی سب قسم کی مضرتیں ہیں۔ قومی مضرت تو یہ ہے کہ زیور دکھلاوے اور بڑا بننے کے لئے پہنا جاتا ہے اور اس سے دوسرے کی تحقیر مقصود ہوتی ہے اور جب اس سے کسی کی تحقیر کی گئی تو مساوات نہیں رہی اور قومی ترقی کا اصل الاصول مساوات ہے۔ ملکی ضرر یہ ہے کہ زیور کی محبت حب مال ہے اور جس قوم میں حب مال ہے وہ کوئی کام ملکی ترقی

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

کا نہیں کر سکتی۔ مال اس کے پیر ہیں ایک بیڑی ہے جو اس کو کہیں نقل وحرکت کرنے نہیں دیتی واقعات بخوبی اس کے شاہد ہیں کہ جس فوج کے دل میں حب مال داخل ہوگئی اس سے کچھ نہ ہو سکا سوا اس کے کہ لوٹ مار اور ظلم کیا جب کبھی دشمن نے ان کو اپنی طرف ملانا چاہا ذرا سا لالچ دلا کر ملا لیا اور ان کے بادشاہ سے ان کو توڑا کر بہت جلد اسے مغلوب کر لیا نتیجہ یہ ہوا کہ دشمن کے مقابلہ میں گئے تھے ترقی ملکی کے واسطے اور ذرا سے لالچ میں اپنے ملک کو تباہ و برباد کر دیا غرض ہزاروں تاریخی واقعات اس کی شہادت دیتے ہیں کہ حب مال ترقی ملکی کو مانع ہے اور ذاتی مضرت سب سے پہلے تو یہ ہے کہ اس کی حفاظت کرنی پڑتی ہے۔ ہر وقت خطرہ میں ہے کہ کوئی لوٹ نہ لے کوئی چرا نہ لے کہیں کھویا نہ جاوے۔ دوسرا ضرر یہ ہے کہ زیور پہن کر عورتیں کچھ کام نہیں کر سکتیں اچھی خاصی اپاہج بن جاتی ہیں جب وہ ملنے جلنے کے کام کی بھی نہ رہیں تو صحت کی جو گت ہوگی وہ معلوم ہے غرضیکہ زیور مانع صحت ہے اور صحت ہر کام کا موقوف علیہ ہے تو زیور کی زیادتی ہر مفید کام کی مانع ہوئی۔ تیسری مضرت یہ ہے کہ بعض دفعہ زیور ٹوٹ جاتے ہیں یا کھوئے جاتے ہیں اور بناتے وقت سنار ان میں کھوٹ ملاتے ہیں یہ سب مالی نقصان ہوا۔ علاوہ ان نقصانات دنیویہ کے دینی نقصانات تو اس قدر ہیں کہ کوئی منفعت اس کا مقابلہ ہی نہیں کر سکتی اضاعت وقت' اور اسراف اور حب مال اور ریا اور کبر اور تفاخر یہ اس کے نتائج ہیں جس کو ہم لوگوں نے بہت ہی معمولی سمجھ رکھا ہے ان کے متعلق جو وعیدیں قرآن وحدیث میں وارد ہیں ان کو کوئی دیکھے تو کبھی زیور کا نام نہ لے مگر طبائع میں ایسا انقلاب ہوا ہے کہ باوجود دینی و دنیوی نقصانات کے عورتوں کو دن رات اس سے فرصت ہی نہیں۔

عورتوں کے تکلف و تصنع وتزئین کے اصلاح کا طریقہ

فرمایا کہ اگر بیبیاں یہ طریقہ اختیار کر لیں کہ کپڑے میلے پہنے ہوئے ہوں تو بدل لیا کریں ورنہ ہرگز نہ بدلیں بلکہ جہاں جانا ہو ویسے ہی ہو آیا کریں تو بہت فتنوں سے نجات ہو

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

جاوے۔ اس پر عمل کر کے دیکھئے اس میں کتنے فائدے ہیں اس کو معمولی بات نہ سمجھیں بلکہ یہ منجملہ ضروریات دین کے ہے کیونکہ بناؤ سنگھار کر کے جانے کا منشا محض کبر ہے ہر شخص یہ چاہتا ہے کہ میں بڑا ہوں۔ اس عادت کو بدلئے کیونکہ بڑا بننے کی عادت بہت بری ہے حدیث میں ہے۔ **لایدخل الجنة من کان فی قلبه مثقال ذرة من کبر** یعنی جس شخص کے دل میں ذرہ برابر کبر ہوگا وہ جنت میں نہ جائے گا۔

سوال حرام پر دنیا بھی حرام ہے

فرمایا کہ فقہا نے لکھا ہے کہ جس شخص کو مانگنا حرام ہے اس کو اس کے مانگنے پر دینا بھی حرام ہے البتہ دینے والے کو اگر معلوم نہ ہو تو معذور ہے۔

کثرت سوال کا منشاء عمل نہ کرنا ہے

فرمایا کہ کثرت سوال کا منشا عمل نہ کرنا ہے (باریک بات ہے) جس کو کام کرنا ہوتا ہے وہ تو ذرا سا حکم پا کر اس کی تعمیل میں لگ جاتا ہے بلکہ وہ ڈرا کرتا ہے کہ اگر پوچھوں گا تو کوئی دشواری کام میں نہ پیدا ہو جاوے اور پھر مجھ سے نہ ہو سکے اور جس کو کام کرنا نہیں ہوتا وہ ہی تقریریں چھانٹا کرتا ہے۔

عارفین کے زہد کی علامت

فرمایا کہ جس کی نظر اللہ اور ما عنداللہ پر ہے اس کی نظر میں سونا چاندی تو کیا دنیا و مافیہا بھی کچھ نہیں۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے لئے اور اپنے جگر گوشوں اور خاص لوگوں کے لئے دنیا کو پسند نہیں کیا اور ایک دینار بھی رکھنا گوارا نہیں کیا۔

مال کی حقیقت

فرمایا کہ صاحبو مال کی قدر کرو مال دنیا کی زندگی کا سہارا ہے اس کو ہوش و عقل کے ساتھ خرچ کرو اور اگر خرچ کرنے ہی کا جوش ہے تو اللہ کی راہ میں دو اس میں حوصلہ آزمائی کرو۔

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

باب دوم

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

حسن انتظام' تواضع' حب جاہ سے نفرت ایذا مسلم سے سخت حذر' دین واہل دین کی محبت وعظمت' اتباع سنت' شان تربیت

جلال آباد جو تھانہ بھون سے قریب ہے وہاں کے ایک خان صاحب کے معرفت موذن مسجد اسٹیشن نے خانقاہ و مدرسہ کے جملہ متعلقین کی دعوت کرنا چاہا حضرت والا نے فرمایا کہ یہاں دعوت کے کچھ قواعد مقرر ہیں ان کو پہلے سن لیجئے۔ ایک تو وہ جو آزاد ہیں مثلاً مولوی احمد حسن صاحب اور مفتی فضل اللہ صاحب وغیرہ ایسے صاحبوں میں سے جن کی دعوت کرنا منظور ہو ان سے فرداً فرداً کہا جاوے ہر شخص کی جدا طبیعت ہے اس کو اختیار ہے قبول کرے یا نہ کرے۔ یا ممکن ہے کسی کو کچھ شبہات ہوں اور مجھے نہیں ہیں۔ لہذا میری وجہ سے کسی پر دباؤ نہ پڑے۔ اور کسی کو تکلیف نہ ہو کیونکہ مجھ کو یاد ہے کہ جب میں مدرسہ دیوبند میں پڑھا کرتا تھا تو مجھے کسی دعوت میں جانا نہایت گراں گزرتا تھا اور کچھ نہ کچھ بہانا بچنے کے لئے مل ہی جاتا تھا۔ جب مہتمم صاحب کو معلوم ہو گیا کہ اس کی ایسی طبیعت ہے تو پھر انہوں نے فرمانا ہی چھوڑ دیا پس مجھے وہی خیال پیش نظر ہو جاتا ہے کہ ایسا نہ ہو کہ کسی کو میری وجہ سے مجبوراً دعوت میں جانا پڑے پھر فرمایا کہ ہر ایک کو وقت بھی بتلا دیجئے اور یہ بھی کہہ دیجئے کہ پیدل چلنا ہوگا خواہ منظور کریں یا نہ کریں۔ میں خود تنہا جاؤں گا میرے ساتھ کوئی نہ چلے

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

اور لوگوں کو بھی چاہئے کہ وہ چار چار پانچ پانچ ہو کر جاویں زیادہ مجمع ایک ساتھ نہ جاوے۔ پھر فرمایا کہ مجھے اپنے ساتھ مجمع کا جانا اچھا نہیں معلوم ہوتا۔ ایسا معلوم ہوتا ہے کہ ایک تو انجن کی طرح آگے آگے چل رہے ہیں اور پیچھے پیچھے لوگ گاڑیوں کی طرح کھچے ہوئے چلے آ رہے ہیں۔ بہت سے مجمع کے ساتھ جانے کے نامناسب ہونے پر فرمایا کہ ایک مرتبہ کانپور میں سب طالب علم وغیرہ ایک جگہ دعوت میں جا رہے تھے میں نے خود اپنے کانوں سے بعض لوگوں کو کہتے سنا کہ خدا خیر کرے دیکھئے کس کے گھر پر چڑھائی ہوئی ہے۔ فرمایا کہ بس میں جب ہی سے یہ سن کر طالب علموں کا کسی کے مکان پر دعوت کھانے کے لئے جانا بالکل بند کر دیا۔ تھوڑے تھوڑے لوگوں کا الگ الگ راستہ سے جانا اس لئے بھی مناسب ہے کہ اگر بہت سا مجمع ہوگا تو آپس میں ہنستے بولتے جاویں گے اور بعض کو دعوت کے ساتھ تفریح بھی اس صورت میں مقصود ہوگی بخلاف دو دو چار چار کے جانے کے کہ اس میں قبول دعوت سے محض اتباع سنت مقصود ہوگا تفریح مقصود نہ ہوگی۔ پھر فرمایا کہ دوسری قسم میں طالب علم اور ذاکرین ہیں۔ یہ لوگ کسی جگہ دعوت میں نہیں جاتے ہیں۔ ذاکرین چونکہ زیر تربیت ہیں اس لئے وہ بھی طالب علموں کے حکم میں ہیں۔ ان لوگوں کی اگر دعوت کی جائے تو ان کے واسطے کھانا یہیں مدرسہ میں بھیج دیا جاوے۔ اور جو اس میں تکلف ہو تو ان لوگوں کی دعوت ہی نہ کی جاوے۔ بس آپ فہرست دونوں قسم کے لوگوں کی الگ الگ بنا لیجئے اور دوسری قسم کے لوگوں کی فہرست حافظ عبدالمجید صاحب کو دے دیجئے وہ اپنے طور پر ہر ایک کو مطلع کر دیں گے تاکہ جس کا جہاں کھانا پکتا ہے وہ تیار نہ کرادے۔ نیز حضرت والا نے یہ بھی فرما دیا تھا کہ میرا معمول صبح آٹھ بجے کھانا کھانے کا ہے (حسن العزیز حصہ دوم)

ف:۔ اس ملفوظ سے حضرت والا کا حسن انتظام، تواضع، حب جاہ سے نفرت، ایذاء مسلم سے سخت عذر، دین و اہل دین کی محبت و عظمت، اتباع سنت اور شان تربیت بلا تکلف ظاہر و باہر ہے۔

عملیات سے تنفر، حکمت و فراست

فرمایا کہ مجھے دس خط لکھنا آسان اور ایک تعویذ لکھنا موت ہے اور بہت سے آدمی تو

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

ان تعویذوں کی بدولت ہلاک ہو جاتے ہیں کیونکہ تعویذوں کے بھروسے پھر مریض کے مرض کا علاج کرتے نہیں اور مریض ختم ہو جاتا ہے (حسن العزیز حصہ دوم) ف اس ملفوظ سے حضرت والا کا عملیات سے تنفر نیز حکمت وفراست ظاہر ہے۔

حکمت سادگی' سہولت پسندی' عدم پابندی رسومات

ایک حاجی صاحب کے یہاں ولیمہ تھا انہوں نے کھانا مدرسہ میں بھیج دیا تھا فرداً فرداً دعوت نہ کی تھی۔ حضرت والا نے فرمایا کہ میں نے ہی ان کے پوچھنے پر ان سے کہہ دیا تھا کہ کسی کی بھی دعوت نہ کرو اس میں ایک تو سب سے کہنے کی دقت سے بچ جاؤ گے دوسرے یہ کسی کی شکایت نہ ہوگی جہاں دل چاہے کھانا بھیج دینا۔ اگر بے وقت پہنچے گا دوسرے وقت کھالیں گے (حسن العزیز حصہ دوم) (ف) اس سے حضرت والا کی حکمت' سادگی' سہولت پسندی اور رسومات کا پابند نہ ہونا ظاہر ہے۔

مناسبت یا تعبیر

ایک ڈپٹی کلکٹر نے خواب میں دیکھا کہ نواب کی مجلس میں ایک بالا خانہ پر موجود ہیں وہاں ایک بزرگ ہیں انہوں نے ڈپٹی صاحب سے کہا کہ میں تم سے اپنی لڑکی کا عقد کرنا چاہتا ہوں نکاح خواں بلائے گئے۔ لڑکی کا نام مثنوی مولانا رومؒ نے فرمایا اور وہ بزرگ خود مولانا رومؒ تھے۔ حضرت والا نے فرمایا خواب نہایت مبارک' مضمون کو محاورہ میں بنت فکر کہتے ہیں پس لڑکی سے مراد یہی مضمون ہے اس معنی کہ مثنوی شریف کو مولانا کی لڑکی کہا ہے۔ تعبیر اس کی یہ ہے کہ صاحب خواب کو مثنوی مولانا رومؒ سے مناسبت اور اس سے فیض ہوگا۔ پھر دریافت سے معلوم ہوا کہ واقعی ڈپٹی صاحب کو تصوف سے ذوق ہے (ف) اس سے حضرت والا کی مناسبت تعبیر سے معلوم ہوئی۔

عمل بالاحتیاط وتقویٰ

ایک صاحب نے دریافت کیا کہ سونے اور چاندی کے بٹن لگانا کیسا ہے اور ان میں زنجیریں ڈالنا کیسا فرمایا ہمارے علماء نے کہا ہے کہ اس میں حرج نہیں ہے فقہا کی یہ عبارت

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

ہے لاباس باز رارالذھب لانہ تابع تو زر میں بٹن کو داخل کرتے ہیں مگر قاری عبدالرحمان صاحب پانی پتی نے ناجائز کہا ہے۔ان کا بیان یہ ہے کہ زر کے معنی گھنڈی کے ہیں جس سے مراد وہ گھنڈی ہے جس پر کلابتون لپٹا ہوتا ہے۔بٹن مراد نہیں۔اسی واسطے میں دونوں قول نقل کر دیتا ہوں۔قاری صاحب کی بات ہے دل کو لگتی ہوئی۔کیونکہ تبعیت کی شان گھنڈی میں زیادہ ہے بٹن میں نہیں۔اس لئے احتیاط قاری صاحب کے مسلک میں ہے۔زنجیروں میں تو تبعیت کی شان ہی نہیں وہ کیسے جائز ہوں گی ہاں ان کو تابع کا تابع کہہ سکتے ہیں جس سے مقصود حاصل نہیں ہوتا۔(ف) اس سے حضرت والا کا عمل بالاحتیاط ثابت ہوا جو لازم ہے ورع وتقویٰ کے لئے۔

عمل بالاحتیاط ورع وتقویٰ

ایک صاحب حضرت کی خدمت میں ایک کاغذ لے کر آئے جس میں لکھا تھا کہ میں فلاں گاؤں میں عیدگاہ تعمیر کر رہا ہوں۔اس کے متعلق چندہ لوگوں سے چاہتا ہوں مطلب یہ کہ آپ تصدیق فرماویں گے تو آپ کی تصدیق فرمانے پر لوگ چندہ دیں گے اور چند علماء سے اس کاغذ پر بھی دستخط کرا کر لائے تھے حضرت نے دستخط سے انکار فرمادیا ان سے اس کے متعلق مسئلہ بھی بیان فرمادیا اور چند حکایات بزرگان وفقہائے پیشین کی اس کے متعلق بیان فرمائیں مگر یہ بات ان کے خیال میں نہ آئی دوسرے روز پھر وہ کاغذ لے کر آئے اور ایک ایسے شخص کو ہمراہ لائے جو حضرت والا سے خاص تعلق رکھتے تھے مقصود یہ ہوگا کہ ان کے دباؤ سے دستخط فرمادیں گے اور وہ کاغذ پیش کیا۔فرمایا کہ میں نے کل اس قدر سمجھایا تھا کچھ خیال نہ آیا۔معلوم ہوتا ہے کہ سمجھنے کا قصد ہی نہیں۔مکرر کہتا ہوں کہ جب تک میں اس موقع کو آنکھ سے نہ دیکھوں دستخط کرنا جائز نہیں کیونکہ یہ تو شہادت ہے اور شہادت بدوں خود دیکھے جائز نہیں۔مسئلہ کے خلاف کیسے دستخط کردوں یہ مسئلہ نہیں ہے کہ دوسرے کے دستخطوں پر دستخط کر دئے جاویں۔باقی بعض حضرات کا دستخط کر دینا تو انہوں نے موقع کو دیکھ لیا ہوگا اور اگر بلا دیکھے دستخط کر دئے تو وہ جانیں مجھ کو اس سے کیا۔دستخطوں پر اصرار کیوں ہے خدا کے لئے کام کرو۔دوسرے پر جبر کس لئے کرتے ہو۔پھر ان کے جانے کے بعد فرمایا کہ اس پر لوگ مجھ کو بداخلاق کہتے ہیں خلیق کے

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

معنی آج کل یہ ہیں کہ سب کی ہاں میں ہاں ملائے بس وہ خوش اخلاق ہے۔اب حافظ جی کو یہ شخص اپنے ساتھ لائے ہیں کہ دباؤ پڑے گا جب مرضی معلوم ہوگئی تو دباؤ ڈالنے کے کیا معنی۔ پھر فرمایا کہ خدا جانے جس گاؤں میں عیدگاہ کی بابت اس شخص کا ارادہ ہے اس میں عید اور جمعہ جائز بھی ہے یا نہیں۔اکثر دیہات کی ایسی ہی حالت ہے۔(ف) اس سے بھی حضرت والا کا عمل بالاحتیاط ورع وتقویٰ دین کی بات میں کسی کی ملامت کی پروانہ کرنا ظاہر ہے۔

حسن انتظام

فرمایا کہ وقت پر کام کرنے سے ذرا اہتمام تو کرنا پڑتا ہے مگر کام کر کے بے فکری ہو جاتی ہے اگر تساہل کیا جاوے تو بعد میں بڑا بار اور دقت پیش آتی ہے۔میں نے یہ اس لئے کہا کہ اور لوگ بھی پابندی کریں۔(ف) اس سے حضرت والا کا حسن انتظام وحکمت ثابت ہے۔

حکمت وظرافت وشان تربیت وحقیقت شناسی

فرمایا کہ آج کل تو تعلیم یافتوں کا مذاق یہ ہے کہ احکام شرعی کی علت اور حکمت سے بہت سوال کرتے ہیں چنانچہ ایک صاحب نے مجھ سے بذریعہ خط دریافت کیا کہ کافر سے سود لینا کیوں حرام ہے میں نے کہا کافر عورت سے زنا کرنا کیوں حرام ہے۔اسی طرح ایک صاحب کو میں نے جواب دیا تھا کہ خدا کے احکام میں تو کوئی نہ کوئی حکمت ضرور ہوگی۔آپ یہ بتلایئے کہ آپ کے سوال عن الحکمہ کرنے میں کیا حکمت ہے۔اس کو سن کر ان کی آنکھیں کھل گئیں۔لوگ ایسے جواب پر اعتراض کرتے ہیں کہ ڈھیلا سا مارتے ہیں حالانکہ ایسے ہی جواب سے ان کی بدتمیزی بالکل ظاہر ہو جاتی ہے۔یہ لوگ اپنے کو عقل کل سمجھتے ہیں میں کہتا ہوں کہ عقل کل نہیں بلکہ عقل گل ہیں۔یعنی ان کی عقل بالکل گل ہوگئی مگر یہ ضرور ہے کہ ان سے گفتگو میں مزہ آتا ہے کیونکہ یہ سمجھ میں آنے سے مان لیتے ہیں۔معقولیوں کی طرح نہیں کہ اپنی بات پر اڑے رہیں۔مولوی عبدالحق صاحب نے ایک مولوی صاحب کا لقب اڑیل ٹٹو رکھا تھا۔جمود واصرار بھی بری چیز ہے۔آج کل اس کو کمال سمجھا جاتا ہے۔اگر غور کیا جاوے تو اس میں عزت نہیں بلکہ سب ذلیل سمجھتے ہیں کیونکہ غلطی سب کو معلوم ہو ہی جاتی

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

ہے۔ بلکہ غلطی کا اقرار کر لینے میں عزت ہے۔ ایسے شخص کی نسبت لوگ بطور مدح کہا کرتے ہیں کہ یہ غلطی کا اقرار کر لیتے ہیں۔ بخلاف اڑنے والوں کے کہ لوگوں کی نظر میں ذلت ہوتی ہے اور وہ اس غرض سے اڑا کرتے ہیں کہ غلطی کا اقرار کر لینے پر لوگ ان کو حقیر سمجھیں گے۔

(ف) اس ملفوظ سے حضرت والا کی جسطرح شان تربیت واضح ہے اسی طرح حکمت وظرافت بھی۔

فراست وحقیقت شناسی

فرمایا کہ عملیات سے جو ہوتا ہے اس میں برکت نہیں ہوتی۔ قلوب پر اثر نہیں پڑتا البتہ اثر صاحب حق کا ہوتا ہے اس کی صورت دیکھ کر کشش ہوتی ہے جو بلا کرامت ہو تو اثر زیادہ ہوتا ہے کیونکہ کرامت میں تو سوچ میں پڑ جاتا ہے کہ کچھ اور بات نہ ہو۔ یہ عجیب اثر ہے حق میں اب کشش اتباع سنت میں ہے اور اتباع سنت میں دھوکہ نہیں ہوتا کیونکہ آدمی اپنے کو کہاں تک بناوے گا راز ایک نہ ایک روز کھل جاتا ہے۔

(ف) اس سے حضرت والا کی فراست وحقیقت شناسی ظاہر ہوتی ہے۔

رسومات سے حذر شان تربیت حقیقت شناسی

فرمایا کہ بزرگوں کے سامنے سے جو کھانا اٹھا کر ان ہی کے سامنے کھاتے ہیں میں تو اس طریق متعارف کے خلاف ہوں کیونکہ جس کے سامنے سے تبرک سمجھ کر کھانا لیا ہے اگر وہ متکبر ہے تو اس کا تکبر بڑھتا ہے اور اگر متواضع ہو تو اس کو اذیت ہوتی ہے بلکہ یوں کیا جائے کہ جب کھانا کھا کر اٹھ جائے تو مالک سے مانگ لے۔ سامنے سے لے کر کھانا چاٹنا ٹھیک نہیں۔

(ف) اس سے رسومات سے حذر شان تربیت، حقیقت شناسی وحکمت ظاہر ہے۔

تقویٰ واحتیاط، صفائی معاملہ عبدیت، تذلیل، سہولت پسندی

فرمایا کہ مجھ کو جب تک مسئلہ میں شرح صدر نہیں ہوتا جواب نہیں دیتا تردد کی صورت میں جواب دینا جائز نہیں اور اطمینان ہو جانے پر مواخذہ نہیں اور یہ بھی ضروری نہیں کہ ہر مسئلہ کا جواب دیا جاوے خواہ اس میں تردد ہی ہو۔ بلکہ اگر خود اطمینان نہ ہو تو اوروں کے حوالہ کر دیا جاوے کہ سائل دوسری جگہ دریافت کر لے۔ اور اس میں راحت کیسی ہے اور خوامخواہ جواب دینے میں یہ ہے کہ

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

روزانہ کتابیں دیکھو ٹکریں مارو پھر اعتراض پڑے جواب دو یہ ساری خرابیاں اپنے کو بڑا سمجھنے کی ہیں۔ یوں خیال کرتے ہیں کہ اگر ہم جواب نہ دیں گے تو لوگ کہیں گے کہ جواب بھی نہ دیا گیا۔

(ف) اس ملفوظ سے حضرت والا کا تقویٰ و احتیاط' صفائی معاملہ' عبدیت تذلل' سہولت پسندی ظاہر ہے۔

تکلیف و تصنع سے تواضع' عبدیت

فرمایا کہ میں تکلف کو پسند نہیں کرتا مگر لوگ مجھ کو حضرت حضرت کہا کرتے تھے مجھ کو ناگوار ہوتا تھا میں نے منع کر دیا۔ مولوی صاحب کہہ دیں۔ مولانا صاحب کہہ دیں سیدی و مولائی وغیرہ الفاظ سے مجھ کو تکلیف ہوتی ہے۔ سید و مولا تو کہتے ہیں آقا کو مجھ کو تو آقا بنایا اور اپنے کو غلام اور غلام کے معنی ہیں کہ جو چاہو اس میں تصرف کرو۔ حالانکہ مرید کہیں غلام تھوڑا ہی ہے۔ یہ مبالغہ ہے تعظیم میں۔ اسی طرح مجھ کو ہاتھ چومنے سے بہت تکلیف ہوتی ہے اسی طرح مخدوم العالم کا لفظ بھی سخت ہے۔ جھکنا وغیرہ سب مکلفات ہیں۔

(ف) اس سے تکلف و تصنع سے حذر اور تواضع و عبدیت ظاہر ہے۔

شان استغناء

فرمایا کہ جو لوگ مولویوں کو حقیر سمجھتے ہیں ان کے ساتھ جو مولوی نرمی کرتے ہیں مجھ کو برا معلوم ہوتا ہے ان کے ساتھ تو معاملہ ہونا چاہئے **التکبر مع المتکبرین عبادة** جیسے یہ لوگ علماء کو احمق سمجھتے ہیں ان کو بھی دکھانا چاہئے کہ تم کو بھی کوئی احمق سمجھتا ہے۔ ان سے تو یوں کہنا چاہئے کہ ہم میں تم میں سوائے تکلف کے کپڑوں کے اور کیا زیادہ ہے۔ سو جن پر کپڑوں کا رعب ہوگا ان پر ہوگا مگر ہم کپڑوں سے کیوں معزز سمجھیں۔

(ف) اس سے حضرت والا کے استغنا کی شان ثابت ہوتی ہے۔

حقیقت شناسی۔ انجام بینی

فرمایا کہ میاں جی صاحبان کا دستور ہے کہ لڑکوں سے دوسرے لڑکوں کے چپت لگواتے ہیں مگر میں اس سے منع کرتا ہوں۔ اس سے آپس میں عداوت ہو جاتی ہے۔

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

(ف) اس سے حضرت والا کی حقیقت شناسی' انجام بینی ثابت ہوتی ہے۔

عدل بین الزوجین تقویٰ احتیاط

ایک شخص حضرت کے لئے آم اور گھی ہدیہ میں لائے چونکہ حضرت معاملہ میں زوجین کے درمیان پورا عدل فرماتے ہیں حضرت والا نے اپنے ملازم سے ترازو منگائی اور یہ فرمایا کہ جو صاحب لائے ہیں وہی نصف نصف کر دیں تو مناسب ہے۔ پھر فرمایا کہ میں پسند نہیں کرتا کہ کوئی چیز میرے ایک مکان پر جائے اور وہاں سے تقسیم ہو کیونکہ میں ایک کو محتاج اور دوسرے کو محتاج الیہ بنانا نہیں چاہتا اور اگر یہ صورت کروں کہ دونوں میں سے کبھی کوئی اور کبھی کوئی نمبردار تقسیم کیا کریں تو اس کا یاد رکھنا مشکل ہے اس لئے تقسیم لانے والے کے ذمہ اور یہ عدل کے خلاف ہے کہ ایک کو محتاج اور دوسرے کو محتاج الیہ بناؤں۔ لوگوں نے نکاح ثانی آسان سمجھ لیا ہے مناسب ایک ہی ہے کیونکہ خدا تعالیٰ فرماتے ہیں ذالک ادنیٰ الاتعولوا میں زیادہ پسند کو مروج کرنا چاہتا ہوں اور کہتا ہوں کہ نکاح ثانی نہ کریں چنانچہ میں نے اپنے رسالہ الغلوب المذیبھہ میں لکھوا دیا ہے۔

من نہ کردم شما حذر بکنید

(ف) اس سے حضرت والا کا عدل بین الزوجین' تقویٰ' احتیاط ثابت ہوا۔

ترک لایعنی

کسی نے بذریعہ خط دریافت کیا تھا کہ جو لوگ حرام مال کھاتے ہیں ان کا کیا حشر ہو گا۔ فرمایا کہ مجھ کو فضول سوال سے سخت گرانی ہوتی ہے۔ جو بات دوسروں کے متعلق دریافت کی ہے اس کا جواب یہ ہے تجھ کو کسی کی کیا پڑی اپنی نبیڑ تو۔

(ف) اس سے حضرت والا کا تنفر لایعنی باتوں سے ظاہر ہے۔

دقت نظری۔ سلامت فہمی' حمول پسندی' تواضع وانکسار

کسی حکیم صاحب نے لکھا کہ میں ایک درزی کا علاج کر رہا تھا اور اس نے ایک چھتری دینے کا وعدہ کیا تھا وہ ایک عرصہ تک چھتری نہیں لایا۔ اس کے بعد وہ ایک خوبصورت چھتری

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

لایا دیکھ کر بہت خوشی ہے تو یہ اشراف نفس ہے یا نہیں۔ فرمایا کہ اشراف وہ ہے بس پر یہ آثار مرتب ہوں کہ نہ دینے پر غصہ آوے اور ناگواری و شکایت پیدا ہو۔ علاج کرنا چھوڑ دے علی ہذا القیاس اور محض اس احتمال کو نہیں کہتے کہ شاید وہ لے آوے۔ اور یہ بھی اہل توکل کے لئے ہے اور اہل تاکل کے لئے نہیں یعنی جو لوگ پیشہ کرتے ہیں مثلاً طبابت ان کے لئے اشراف کا بھی کوئی حرج نہیں اگرچہ وعدہ نہ پورا کرنے پر غصہ آوے۔ (مجھ کو بھی اشراف کی حقیقت معلوم نہ تھی ایک بزرگ کے سوال سے معلوم ہوگئی قصہ یہ ہوا کہ میں ایک جگہ گیا ہوا تھا مجھ سے ایک عالم درویش نے دریافت کیا کہ ہم لوگوں کو کبھی بلانے پر رئیسوں کے یہاں جانے کا اتفاق ہوتا ہے اور وہاں سے کچھ ملنے کی بھی امید ہوتی ہے تو یہ اشراف نفس ہے یا نہیں۔ پس محض احتمال کو اشراف نہیں کہتے تاوقتیکہ اس پر آثار مذکورہ بالا مرتب نہ ہوں یعنی اگر وہ نہ دیں تو ناگواری و شکایت پیدا ہو انہوں نے اس جواب کو پسند کیا تو یہ کمال ان بزرگ کا ہے جنہوں نے پوچھا تھا کہ ان کے سوال کی برکت سے یہ جواب میرے ذہن میں آ گیا میرا کوئی کمال نہیں۔

(ف) اس سے حضرت والا کی وقت نظری' سلامت فہمی اور حمول پسندی' تواضع و انکسار ثابت ہے۔

حقیقت شناسی' اشاعت دین کی مستعدی

فرمایا کہ اہل باطل کے مذہب کو جو کچھ ترقی ہوتی ہے وہ سعی اور روپیہ کے زور سے ہوتی ہے اور حق کو خود بخود ترقی ہوتی ہے۔ چنانچہ مرزا قادیانی وغیرہ کے مذہب کو جو کچھ ترقی ہوئی اس کا باعث یہی تھا مرزا نے کتنے دنوں سے دعویٰ کیا مگر قابل غور یہ بات ہے کہ مرزا نے کتنے مسائل دینیہ کی تحقیق کی۔ بس یہی رہا کہ میں مسیح موعود ہوں' میں فلاں ہوں میں کرشن ہوں مسیح بننے سے عیسائیوں کو نفرت ہوئی کرشن بننے سے ہندوؤں کو نفرت ہوئی۔ دعویٰ رسالتؐ سے مسلمانوں کو نفرت ہوئی' کسی کو بھی ہدایت نہیں ہوئی۔ رہا کمال الدین کا لندن پہنچنا اور وہاں کسی انگریز کا مسلمان ہو جانا سو اس میں کمال الدین کا کوئی کمال نہ تھا وہ انگریز خود پہلے سے مسلمان تھے۔ اس سے زیادہ تو حبیب احمد تھانوی نے کام کیا جو لندن میں تھے۔ ان کے اثر سے کئی انگریز مسلمان ہوئے ان کے خطوط یہاں آئے تھے۔ ایک خط

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

میرے بلانے کے لئے آیا تھا۔ میں اس شرط سے لندن جانے کو تیار تھا کہ سفر کا کوئی نفع مظنون ہو اور اس کا امتحان میں نے تجویز کیا تھا کہ وہ چند شبہات دہریوں کے اردو میں ترجمہ کر کے یہاں بھیجیں اور میں ان کے جواب لکھوں پھر وہ ان جوابوں کا انگریزی میں ترجمہ کر کے اہل شبہات کے سامنے پیش کریں اگر اس سے کچھ نفع کی امید ہو تو سفر کیا جائے ورنہ کیا فائدہ مگر وہاں سے اس خط کا جواب ہی نہیں آیا۔

(ف) اس سے حضرت والا کی حقیقت شناسی اشاعت دین کیلئے مستعدی بدرجہ کمال ظاہر ہے۔

کید نفس کی شناخت

فرمایا کہ آج کل ادعا اور اظہار بہت ہے حالانکہ جو کام کرتے ہیں وہ دو حال سے خالی نہیں یا تو اللہ کے لئے ہے یا نفس کے لئے۔ اگر اللہ کے لئے ہے تو اللہ میاں کا علم کافی ہے اور اظہار کی کیا حاجت اور اگر نفس کے لئے ہے تو کوئی نتیجہ نہیں پھر اظہار کس کا اس کا امتحان کہ یہ اللہ کے لئے یہ کام کر رہا ہے یا نفس کے لئے ہے کہ اگر دوسرا شخص اسی کام کا آجاوے تو یہ خود چھوڑ کر بیٹھ جاوے اور غنیمت جانے کہ اس نے میرا کام ہلکا کر دیا آج کل تو یہ حالت ہے کہ اگر ایسا ہو تو ذبح ہو جاویں نہ مولویوں میں اخلاص ہے نہ مشائخ میں الا ماشاء اللہ۔

(ف) اس سے ادعا و اظہار سے نفرت اور کمال عقل و حکمت' کید نفس کی شناخت ظاہر ہے۔

ادعا و اظہار سے نفرت' کمال عقل و حکمت'
فراست' شان تربیت و استغناء و رسم پرستی کی مخالفت

فرمایا کہ ایک شخص میرے پاس آئے اور بیعت ہونا چاہا مگر اخیر میں انہوں نے دو عیب نکالے ایک یہ کہ اچھے کپڑے پہنتے ہیں دوسرے یہ کہ لطائف کی تعلیم نہیں کرتے۔ جو کپڑے کہ میں اس وقت پہن رہا ہوں ان کو بڑھیا کپڑوں میں شمار کیا تھا حالانکہ میرے پاس جو مکلف کپڑے آجاتے ہیں ان کو پہنتا تک نہیں۔ بس میں نے ان سے کہا کہ آپ تشریف لے جایئے جہاں لنگوٹے بند ہوں وہاں جایئے۔ اور ایسے شخص کے پاس جایئے جہاں آپ سے پوچھ کر تعلیم کی جاوے۔ اگر میں لیپ پوت کر اور مختلف تدابیر سے ان کو اپنی طرف متوجہ

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

کرتا مرید کرتا جیسا آج کل شائع ہے تو کیا نتیجہ ہوتا۔ اسی لئے مصلحت یہ ہے کہ پیری مریدی چھوڑ دے ہاں تعلیم کر دے ہم خدمت کرنے کو تیار ہیں مگر کسی کو لپٹتے نہیں۔ فہیم کا رہنا اچھا اور بدفہم کا نکل جانا ہی اچھا اور فرمایا کہ حضرت آج کل پیری مریدی محض دوکانداری و رسم پرستی ہو رہی ہے روغن قاز مل کر کہیں طلب مال ہے اور کہیں طلب جاہ ہے اور کہیں اگر صدق بھی ہے تو تحقیق نہیں۔ بعض جگہ اس کی کوشش ہے کہ امراء کو کھینچا جاوے حالانکہ خاک نشینوں کا مرید ہونا علامت ہے شیخ کے کامل ہونے کی اور دنیادار امراء کا متوجہ ہونا علامت ہے خود شیخ کے دنیا دار ہونے کی کیونکہ الجنس یمیل الی الجنس یعنی جھپکتا وہی ہے جس میں مناسبت ہے۔ کہیں قاز اور مور جا رہے تھے لوگوں کو دیکھ کر تعجب ہوا کہ دونوں غیر جنس پھر ساتھ کیسے؟ کسی فہیم نے کہا کہ بدوں اس کے ساتھ ہو نہیں سکتا کہ دونوں میں کوئی امر مشترک ضرور ہے غور کر کے دیکھا تو دونوں لنگڑے تھے اور اگر اہل حق کے یہاں امراء بھی آتے ہیں تو مٹ کر آتے ہیں لہذا غربا ہی رہے بڑا ہو کر چھوٹا ہو جاوے یہ ہے کمال۔ یہ باتیں ہیں سمجھنے کی۔

(ف) اس سے حضرت والا کی فراست' شان تربیت' استغناء صاف ظاہر ہے' اور رسم پرستی کی مخالفت بھی۔

حب تقلیل تعلقات

ایک شخص نے دریافت کیا کہ یہاں مدرسہ میں روپیہ وغیرہ دینے سے رسید دی جاتی ہے فرمایا کہ یہاں کوئی رسید نہیں دی جاتی۔ یہاں تو یہ ہے کہ جس کا جی چاہے دو جس کا دل چاہے مت دو۔ رسید کا اہتمام تو جب کریں جب خود مانگتے ہوں ہم جب مانگتے نہیں تو کیوں جھگڑا کریں۔ ہمیں تو برات عنداللہ چاہئے تقلیل تعلقات میں بڑی راحت ہے ورنہ ایک تعلق سے دوسرا پیدا ہوتا ہے۔ دوسرے سے تیسرا' پھر سلسلہ ہی ختم نہیں ہوتا۔ دو بھائی تھے ایک بادشاہ دوسرا فقیر۔ فقیر لنگی باندھے پھرا کرتے۔ ایک روز بادشاہ نے بلا کر کہا کہ بھائی مجھ کو تمہارے اس حال سے لوگوں کے روبرو بڑی غیرت آتی ہے۔ تم پاجامہ تو پہنو۔ اچھی طرح رہو وہ بولے مجھ کو انکار نہیں پاجامہ کے ساتھ ایک کرتہ بھی ہو۔ بادشاہ بولے کرتے بہت وہ بولے پھر کرتے کے ساتھ ٹوپی بھی ہونی چاہئے۔ بادشاہ نے کہا کہ ٹوپی بھی

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

بہت وہ کہنے لگے کہ پھر گھوڑا بھی سواری کو ہونا چاہئے اس نے کہا کہ گھوڑے بھی بہت۔ فقیر نے اسی طرح سلسلہ وار بہت سی حوائج کی ضرورت بیان کی۔ بادشاہ نے کہا کہ سب چیزیں موجود ہیں آپ چلئے حتیٰ کہ تخت سلطنت بھی حاضر ہے۔ شاہ صاحب کہنے لگے کہ میں پاجامہ ہی کیوں پہنوں جس کے لئے اتنے جھگڑے کرنا پڑیں۔ اسی طرح یہاں کا قصہ ہے کہ ہم مانگیں کیوں جس کیلئے رسید وغیرہ کے قصے کرنے پڑیں۔

(ف) اس قصے سے حضرت والا کا کثرت تعلقات سے تنفر ثابت ہے۔

حکمت و عقل کامل، تجربہ

فرمایا کہ علی گڑھ کالج میں ایک فساد عقیدہ کا مرض ایسا مہلک ہے کہ دیگر امراض کا نہ ہونا کوئی تسلی کی بات نہیں۔ وہاں وعظ بھی میرا ہوا تھا طلباء وغیرہ سن کر بہت خوش ہوئے بات یہ ہے کہ اگر خیر خواہی مدنظر ہو اور تعصب نہ ہو تو اس کا اثر بھی ہوتا ہے۔ بعض طلباء کہتے تھے کہ ایسے واعظ نہیں ملے یا تو کافر بنانے والے ملے یا ہاں میں ہاں ملانے والے۔ دونوں سے نفع نہیں ہوتا۔ جب میرٹھ میں مؤتمر الانصار کا جلسہ تھا تو ایک مولوی صاحب نے وعظ میں یہ کہا کہ کالج علی گڑھ ملعونین پیدا کرتا ہے اور مدرسہ دیوبند مرحومین کو۔ یہ الفاظ سن کر لوگ بہت بھڑکے۔ اگلے روز میں کھڑا ہوا اور اس کے متعلق تقریر بیان کی۔ میں نے کہا تعجب ہے کہ فلسفی ہو کر آپ حضرات برا مانتے ہیں۔ ان مولوی صاحب نے گو لفظ سخت کہا مگر دیکھنا یہ ہے کہ نیت ان کی کیا تھی۔ ان شکایت کرنے والوں میں حکام بھی ہیں اور حکام یہ خوب سمجھتے ہیں کہ کوئی کتنا ہی بڑا مجرم ہو یہ دیکھتے ہیں کہ اس کی نیت کیا تھی اگر نیت اچھی تھی تو اس کو چھوڑ دیتے ہیں۔

دوسری بات یہ ہے کہ آپ صاحبوں کا مذہب فطرت پرستی ہے اور ظاہر ہے کہ خدا نے فطرۃً مختلف طبائع بنائے ہوئے ہیں کوئی سخت ہے کوئی نرم ہے۔ دیکھئے موسیٰ علیہ السلام کا مزاج کیسا تیز تھا اور عیسیٰ علیہ السلام کا کیسا نرم تھا۔ سو اگر ان مولوی صاحب کا مزاج موسیٰ علیہ السلام کا سا ہوا تو اس میں کیا قباحت ہے باقی ہمارا اصلی مذاق یہ ہے کہ ہم آپ کی دل شکنی نہ کریں کیونکہ ہم کو آپ سے کام لینا ہے۔ آپ کام کی جماعت ہیں اس لئے ہم آپ کے قلب کو شکستہ کرنا نہیں چاہتے۔ سب شگفتہ ہو گئے اور میں نے کہا کہ ان مولوی صاحب کا لفظ تو

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

ہم اپنی زبان سے نہ کہیں گے مگر آپ کے انصاف پر چھوڑتے ہیں ذرا دیکھئے آپ کے یہ اعمال ہیں یہ عقائد ہیں۔ آپ سوچئے کہ آپ ایسے شخص کو جس کو اسلام سے اتنا بعد ہو کیا کہیں گے ہم تو اقراری مجرم بنانا چاہتے ہیں ہم فتویٰ نہیں دیتے۔ آپ سے پوچھتے ہیں سب سرنگوں تھے حالانکہ اس سے زیادہ سخت کہہ دیا۔ میں نے یہ بھی کہا کہ آپ دین میں شبہات نکالتے ہیں اور علماء سے پیش کرتے ہیں اور بزعم خود اس طرح اپنی اصلاح چاہتے ہیں۔ مگر رفع شبہات اور اصلاح کا یہ طریق نہیں صحیح طریقہ یہ ہے کہ کم از کم چالیس دن فراغت کے تجویز کر لیجئے اور جس بزرگ محقق سے آپ کو مناسبت ہو اس مدت میں اس کے پاس رہئے اور جاتے ہی اپنے شبہات کی ایک فہرست اس کو دیدیجئے اور بولئے نہیں۔ جو کہئے زبان سے نہ کہئے چاہے اس فہرست میں روزمرہ بڑھاتے جایئے اور جو وہ کہے بغور اسے سنا کیجئے اور رات کو غور کیا کیجئے۔ اسی طرح چالیس روز تک عمل رکھئے۔ چالیس روز کے بعد اگر کوئی شبہ رہے تو کہنا میں زبانی نہیں کہتا مشاہدہ کراتا ہوں۔ المشیر کے ایڈیٹر صاحب وہاں بیٹھے تھے۔ وہ کہتے تھے کہ میں نے تعلیم جدید والوں سے جو وہاں بیٹھے تھے کہا کہ جو کچھ مولانا نے فرمایا اس میں آپ لوگوں کو کیا شبہ ہے تو بولے کہ اس میں کیا شبہ کریں اس میں تو کچھ کہنے کی گنجائش نہیں۔ پھر میں نے کہا کہ اس میعاد میں جنید بغدادی تو نہ بناؤں گا مگر ان شاء اللہ مسلمان بنا دوں گا۔ غرض متفرق طور پر قیل وقال ٹھیک نہیں ایک دفع تو مصلح کو اپنے امراض کی اطلاع دیدو پھر موقع پر وہ خود حل کر دے گا۔ طبیب کو امراض بتلا دو پھر وہ ان امراض میں خود ترتیب دے لے گا کہ سبب کیا ہے۔ فرع کیا ہے (یہ طبیب کا کام ہے کہ اصل کا علاج کرے فرع کا علاج خود ہو جاوے گا یہ لوگ باتونی ہوتے ہیں آتا کون ہے۔ البتہ بعض ان میں سے خط و کتابت رکھتے ہیں اصلی مذاق میرا یہ ہے کہ مجھ کو ان لوگوں سے محبت ہے یہ لوگ برے نہیں کوئی کام لینے والا ہو۔ البتہ پنجاب کے بعضے انگریزی خوانوں کی طرف سے دل دکھانے والے خط آتے ہیں کالج علی گڑھ سے ہمیشہ مہذب خطوط آئے مودب لوگ ہیں۔

(ف) اس ملفوظ سے حضرت والا کی حکمت و عقل کامل' تجربہ' فراست شائستہ عنوانی' حق گوئی' شان تربیت ثابت ہوئی۔

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

فراست وحقیقت پسندی

فرمایا کہ بدعات کی طرف میلان کی وجہ یہ بھی ہے کہ بدعات میں رونق خوب ہے مال خوب کھانے کو ملتے ہیں اور سنت پر عمل کرنے سے سوکھے بیٹھے رہو۔ نفسانی کیفیات بدعات میں ہے اور سنت میں روحانی کیفیت ہے مگر بدعات کی کیفیت سب کو محسوس ہے اور سنت کی کیفیت کی عام کو اطلاع نہیں بلکہ بعض اوقات خود اس کو بھی اس کا ادراک نہیں ہوتا جب تک کہ ادراک لطیف نہ ہو جاوے۔ روحانی کیفیات جیسے حضور مع اللہ اس کی مثال ایسی ہے جیسے کوئی شخص شیرہ چاٹنے والے کو قند دے تو اس کو اس کے مزہ کا ادراک نہ ہوگا ہاں اس کو اتنی مدت تک پلائے کہ شیرہ کا اثر رفع ہو جاوے تو ادراک ہوگا۔

(ف) اس سے حضرت والا کی فراست وحقیقت پسندی ظاہر ہے

حسن انتظام سلامت روی

حضرت سے ایک بی بی نے سرمہ طلب کیا تھا حضرت نے وعدہ نہیں فرمایا کہ میں دلا دوں گا بلکہ یہ فرمایا تھا کہ کسی لڑکے کو بھیج دینا میں دیدوں گا چنانچہ ایک لڑکے کو بعد ظہر بھیجا اور حضرت نے اسی وقت سرمہ کی پڑیہ بکس میں سے نکال کر اس کو دیدی اور حاضرین سے فرمایا کہ ترتیب اور ضبط سے خوب کام ہوتا ہے اس انتظام کو لوگ تنگی کہتے ہیں اگر میں یہ کہہ دیتا کہ سرمہ لا دوں گا اور کام میں بھول جاتا اور پھر وہ یاد دلاتیں اور پھر وعدہ لانے کا کرتا اور پھر بھول جاتا یہاں تک کہ اس میں ایک عرصہ گزر جاتا کام بھی دیر سے ہوتا۔ اور وعدہ خلافی بھی ہوتی۔ مگر دیکھئے اس ترتیب میں کیسی آسانی سے کام ہو گیا مگر آج کل اس ترتیب اختیار کرنے والے کو لوگ بداخلاق کہتے ہیں اور جو وقت کی صورت ہو وہ اختیار کی جاوے تو ایسا شخص خوش اخلاق کہلاتا ہے۔

(ف) اس سے حضرت والا کا حسن انتظام اور سلامت روی ثابت ہے۔

لایعنی سے احتراز' الماضی لا یذکر پر عمل' دوسروں کی دلجوئی

ایک صاحب نے حضرت سے دریافت کیا کہ آپ کی طبیعت ناساز ہو گئی تھی اب کیا حال ہے۔ کیا بیماری ہو گئی تھی۔ فرمایا ہو لیا جو ہو لیا۔ اب اس کا تذکرہ ہی کیا میں تو اپنی بیماری

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

کا تذکرہ بھی نہیں لکھتا۔ لکھنے میں یہ ہوتا ہے کہ پھر آپس میں جواب سوال کرتے ہیں کہ اب کیا حال ہے۔ کیا مرض ہو گیا تھا بعضے بیماریوں کی اس طرح فہرست گناتے ہیں کہ اس میں ناشکری کی نوبت آ جاتی ہے۔ ہاں بعض اوقات سائل کے خیال سے کہ اس نے تو حال پوچھا اگر طبیعت کا حال نہ کہا جاوے تو اس کی دل شکنی ہوگی اس لئے موجودہ مرض کا حال کہہ دے باقی مضیٰ مضیٰ۔ اسی طرح تعزیت میں بوجہ واقعہ گزر جانے کے غلو کو روکا ہے کہ اس کی مدت فقہا نے تین دن فرمائی ہے۔ اس کے بعد نہیں کیونکہ غم نہ رہا۔

(ف) اس سے حضرت والا کا لایعنی سے احتراز احتیاط و تقویٰ دوسروں کی دلجوئی ظاہر ہے۔

حسن انتظام حدود شرعیہ کا لحاظ تام

آموں کے موسم میں حضرت نے تمام اہل مدرسہ ذاکرین اور بعض اہل قصبہ کی دعوت آموں کی فرمائی اور یہ فرمایا کہ کل صبح سب صاحب مدرسہ میں جمع ہو جائیں چنانچہ وقت معین پر سب جمع ہو گئے اور باغ میں آم کھانے کے لئے گئے حضرت بھی تشریف لے گئے۔ مجمع میں بعض صاحب ایسے تھے جو چھلکا گٹھلی چلانے کی نیت سے گئے تھے چنانچہ انہوں نے اس کا ارادہ کیا حضرت نے تنبیہ فرمائی جس سے وہ رک گئے اور کسی کو جرات نہ ہوئی اور پھر فرمایا کہ اس مجمع میں دو قسم کے لوگ ہیں ایک وہ جو کھیل میں شریک ہونا چاہتے ہیں دوسروں وہ جو نہیں چاہتے تو جو شریک ہونا نہیں چاہتے ان کو مجبور کرنا ناجائز ہے وہ اگر شریک ہوں گے تو نفس کو مار کر شریک ہوں گے۔ اور جو کھیلنا چاہتے ہیں وہ دل کو مار کر رکھیں گے میں نہ نفس کو مارنا چاہتا ہوں نہ دل کو۔ یوں کریں کہ جو لوگ کھیلنا چاہتے ہیں وہ ایک فہرست بنائیں ان کے لئے علیحدہ سامان کر دیا جاوے۔ میں کھیل کو منع نہیں کرتا۔ ناجائز تھوڑا ہی ہے۔ مگر اس کا ایک ضابطہ ہونا چاہئے اور جو شرکت نہیں چاہتے ان کو کیوں مجبور کیا جاوے۔ ف۔ واقعی اہل اللہ اگر کسی غیر منہی عنہا کھیل کود کے موقع پر بھی شامل ہوتے ہیں تو ان سے وہاں بھی دینی فائدہ ہوتا ہے اور ایک انتظام کی صورت معلوم ہو جاتی ہے۔ مثلاً اسی موقع پر یہ معلوم ہو گیا کہ کونسی صورت جلسہ کے ساتھ آم کھانے کے لئے جائز ہے اور یہ بھی معلوم ہو گیا کہ کام ضابطہ سے ہونا چاہئے گو کہ

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

معمولی کام ہو اس سے حضرت والا کا حسن انتظام حدود شرعیہ کا لحاظ تام ثابت ہے۔

فراصت صحیحہ غیر الدین تصلب فی الدین

ایک صاحب نے دریافت کیا کہ ہندو اگر افطاری میں مٹھائی بھیجے تو اس کا کھانا کیسا ہے فرمایا کہ فتویٰ کی رو سے جواز تو ہے مگر مجھ کو غیرت آتی ہے کہ آئندہ یوں کہنے لگیں کہ اگر ہم مدد نہ کرتے تو کیسے بہار ہوتی مسجد میں ایسے موقع پر ان کی شریک کرنے سے دو خرابیاں ہیں ایک تو امتناں (کافر کا احسان) دوسرے مسلمان میں کرم غالب ہے سوچتے سمجھتے ہیں نہیں پھر ان کے تہواروں میں مدد دینے لگتے ہیں۔ ہندوؤں کا طریقہ یہ ہے کہ اول تو احسان کرتے ہیں پھر اپنا کام بناتے ہیں (ایک جگہ ہندوؤں نے کئی لاکھ روپیہ جمع کیا اور علماء سے کہا کہ مدرسہ عربی بناؤ اور یہ کہا کہ اس قدر روپیہ قربانی میں صرف ہوتا ہے قربانی موقوف کر دو۔ بعض علماء نے کہا کہ بہت روپیہ ہے لے لو۔ دیکھئے یہ دین پر اثر ہوا ہمارا مسلک تو یہ ہونا چاہئے کہ اگر تمام دنیا ملے اور ایک مسئلہ میں خلاف کرنا پڑے تو دنیا بھر کے خزائن کی طرف نظر بھی نہ کریں۔

(ف) اس سے حضرت والا کی غیر الدین حذر از امتنان، فراست تصلب فی الدین ثابت ہوا۔

حقیقت شناسی، زوائد سے نفرت

فرمایا کہ جو جو چیز اللہ تعالیٰ نے بلا اکتساب مرحمت فرمائی ہے واقعی وہ سب ضروری اور مبنی بر مصالح کثیرہ ہیں۔ ان میں کوئی چیز زائد نہیں جیسے دو ہاتھ دو پاؤں دو آنکھیں وغیرہ، چنانچہ ان میں جب کوئی چیز کم ہو جاتی ہے تو اس وقت قدر معلوم ہوتی ہے۔ غرض جن امور میں اکتساب کو دخل نہیں وہ تو سب ضروری ہیں ہاں جن میں انسان کے اکتساب کو دخل ہے ان میں بہت سے امور غیر ضروری ہیں جن کو ہم نے ان مکتسبات میں فضول بڑھا لیا ہے اور اپنی طرف سے حواشی چڑھائے ہیں پھر وہ حاشیہ اتنا بڑا ہے کہ اصل سے بھی بڑھ گیا ہے۔ چاہئے تو یہ تھا کہ حقیقت پہچان کر زوائد سے وحشت ہوتی مگر اب فساد مذاق کی وجہ سے الٹی ہم کو لذت حاصل ہوتی ہے۔ اس کی مثال تمباکو جیسی ہے کہ اس کے کھانے میں حالانکہ بہت سے نقصانات ہیں۔ سر اس سے گھومتا ہے۔ دماغ اس سے خراب ہوتا ہے۔ منہ میں بدبو اس

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

سے پیدا ہوتی ہے۔ جسم میں کاہلی اس سے آ جاتی ہے اور عادت ہو جانے پر یہ کیفیت ہو جاتی ہے کہ جب تک اس کو نہ کھا لیا جاوے انسان کوئی کام نہیں کر سکتا مگر باوجود اتنے نقصانات کے اس کو کھاتے ہیں اور بڑے مزے لے کر کھاتے ہیں۔

(ف) اس ملفوظ سے حضرت والا کی حقیقت شناسی اور زوائد سے نفرت ثابت ہوئی۔

پسندیدگی

پسندیدگی طرز سلف۔ عمل بطرز سلف' قوت توحید و توکل' اخلاص' سادگی استقلال' تواضع' استغناء و سیر چشمی' ورع و علو ہیت' امانت و دیانت عفو و حلم' مراعات اصحاب' حق پسندی' مشورہ حسن' شان ارشاد و تربیت' زہد کا طبیعت ثانیہ ہونا' شہرت سے تنفر' کمال خشیت از مواخذہ آخرت' ترجیح و ترغیب علم' امانت و دیانت' معاشرت بالمعروف

حافظ عبدالمجید صاحب جن کے سپرد سابق میں مدرسہ امداد العلوم تھانہ بھون کے بعض کاروبار تھے۔ حضرت کی خدمت میں آئے اور عرض کیا کہ اب میں مدرسہ کا اہتمام اپنے ذمہ نہیں رکھنا چاہتا میرے پڑھنے میں خلل پڑتا ہے فوراً منظور فرما لیا ارشاد فرمایا کہ میرا طرز عمل ہمیشہ یہی رہا ہے کہ کسی پر کسی کام کا بوجھ نہ ڈالا جاوے اسی لئے فرمائش کر کے کام نہیں دیا جاتا اگر کوئی صاحب اجر سمجھ کر لیں فبہا ورنہ کام ہی حذف (مدرسہ موقوف) میں نے کانپور میں ایک موقعہ پر ایسا ہی کیا تھا۔ ہمیشہ یہی مدنظر رہا کہ کوئی ذرہ برابر تکلیف نہ پائے کوئی خود کام کا بیڑا اٹھائے تو خیر۔ یہاں تعمیر کا کام سب کاموں سے زیادہ بکھیڑے کا ہے سو اس میں بھی یہ سوچ لیا ہے کہ حجرہ میں ایک آدمی رہنے سے اگر حجرے کافی نہ ہوں تو ایک ایک میں دو دو آدمی رہیں اگر یہ بھی نہ ہوں تو مساجد میں رہیں۔ اس کی بھی پروا نہیں کہ حجرہ ہی تو خانقاہ ہے خواہ مخواہ تو نہیں۔

۱- حضرت شاہ سلیمان صاحب پاک پٹن کے ہیں بڑے شخص ہیں حتیٰ کہ حضرت حاجی صاحب نے ان سے بیعت کا ارادہ کیا تھا مگر اللہ تعالیٰ نے حضرت میاں جیو صاحب کی خدمت میں پہنچا دیا۔ ان کے وقت میں سنا ہے کہ لوگ درختوں کے نیچے بستر کئے ہوئے پڑے رہتے تھے۔ بلکہ بعضے مع بال بچوں کے رہتے تھے جو کی روٹی کھاتے تھے۔ یہ حالت تھی۔

۲- مولانا گنگوہی کا دیکھئے کیا طریق تھا۔ درس شریف کے لئے نہ کوئی مکان تھا نہ

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

مدرسہ تھا۔ مساجد میں رہتے تھے کچھ وہاں ہی حجروں میں جن میں سے بعض حجرہ کی چھت ایسی کہ کہیں گر نہ جاوے۔ ساری عمر اسی طرح گزار دی۔

۳- مولانا گنگوہی کے یہاں ایک رئیس نے طلبہ کے لئے روپیہ بھیجا۔ درس ملتوی ہو چکا تھا حضرت نے واپس فرما دیا اور فرمایا کہ جس کام کے لئے بھیجا ہے وہ یہاں ہے نہیں اس لئے واپس ورنہ ممکن تھا کہ اور کسی کام کے لئے اگر مشورہ دیا جاتا تو وہ رئیس ضرور قبول کر لیتے۔

۴- جب گنگوہ میں جامع مسجد کی تعمیر ہو رہی تھی تو ایک رئیس نے حضرت کو یہ لکھ کر بھیجا تھا کہ اس کے کام کا تخمینہ کرا کے اطلاع فرماویں آپ نے تحریر فرمایا کہ میرے پاس کوئی انجینئر نہیں ہے اگر دل چاہے اپنا آدمی بھیج کر تخمینہ کرا لیجئے صاف جواب دیدیا یہ زندگی تھی ہمارے حضرات کی گو مدارس کی جو آج کل صورت ہے وہ بھی مصلحت پر مبنی ہے پھر سلف صالحین کا یہ طرز نہیں تھا۔ مگر اب ضرورت ہے اس طرز کی۔ لیکن ہمارے حضرات نے اس ضرورت کے زمانہ میں بھی طرز سلف کر دکھایا۔ ہم چونکہ ضعفاء ہیں اس لئے اسباب کے ساتھ تشبث رکھنے کی ضرورت ہے۔

پھر حافظ صاحب سے فرمایا کہ آپ کی سبکدوشی موافق شریعت کے ہے کیونکہ علم مقدم ہے۔ اگرچہ کام تو دونوں فرض کفایہ ہیں (دونوں کام یعنی خدمت مدرسہ اور تحصیل علم دین) مگر ایک فرض کفایہ دوسرے کے مقابلہ میں ترجیح رکھتا ہے۔ پڑھنا مقدم ہے۔ اللہ تعالیٰ عمل و اخلاص نصیب فرماویں۔ آپ کی علیحدگی سے گو مجھ کو فکر بڑھے گا مگر پھر بھی یہی کہوں گا کہ اچھا کیا۔ رہا فکر سو اگر انتظام نہ ہوگا تو آخر میں یہی کہوں گا جیسے کسی نے کہا تھا کہ شعر گفتن چہ ضرور۔ اسی طرح مدرسہ کردن چہ ضرور اور مجذوب کے لنگوٹہ کا قصہ بھی مجھے معلوم ہے (اس کا ذکر ملفوظ ویں میں آچکا ہے)

۵- شاہ غلام رسول صاحب ایک درویش تھے کانپور میں ایک زمانہ میں ان کی مسجد کا کوئی قصہ تھا ہندوؤں سے جھگڑا تھا۔ عدالت تک نوبت پہنچی شاہ صاحب کے نام سمن آیا آپ نے کہا کہ میں عدالت نہ جاؤں گا۔ لوگوں نے کہا کہ مقدمہ خارج ہو جائے گا۔ کہا کہ میں اپنا گھر نہیں بتاتا ہوں چنانچہ نہیں گئے حاکم کے دل میں آیا کہ ہم خود چل کر تحقیقات کریں گے۔ اس نے آکر وہیں اجلاس کیا شاہ صاحب گھر چلے گئے حاکم نے بلایا تو جواب

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

ملا کہ میں کافر کے سامنے نہیں آتا جو تمہاری سمجھ میں آئے وہ کر دو۔ حاکم نے فیصلہ میں لکھا کہ جو شخص اتنا بڑا محتاط ہے کہ عدالت میں نہیں آتا اور سامنے نہیں آتا وہ کیا جھوٹ بولے گا۔

۶- پیلی بھیت میں شاہ جی محمد شیر صاحب تھے لوگ اسٹیشن پر مسجد بنانا چاہتے تھے۔ ہندوؤں نے مندر بنانا چاہا جھگڑا ہوا۔ کلکٹر تھے مسلمان انہوں نے مسجد کو بھی روک دیا۔ شاہ صاحب کو اطلاع ہوئی کہنے لگے کہ میں کچھ کوشش نہ کروں گا میرا گھر تھوڑا ہی ہے جس کا گھر ہے اس کو منظور ہوگا وہ بنوالے گا اور کہا ساری زمین مسجد ہے لوگ زمین میں نماز پڑھ لیں گے چنانچہ وہ مسجد پڑی رہی۔ ایک دفعہ وہ کلکٹر صاحب شاہ صاحب کے یہاں پہنچے بعض لوگ پہچانتے بھی تھے ان سے منع کر دیا بتلانا مت دہلیز میں ایک تخت ٹوٹا پڑا تھا وہیں بیٹھ گئے شاہ صاحب اس حدیث کا مصداق ہوگئے۔ اتته الدنیا وهی راغمة کہ ایسے شخص کے پاس دنیا ناک رگڑتی آتی ہے۔ شاہ صاحب نے پوچھا مزاج اچھا ہے۔ کیسے آئے کہا کہ مجھ کو کچھ عرض کرنا ہے (شاہ صاحب نے کہا کہ کہو کہنے لگے کہ مسجد کا کیا قصہ تھا۔ شاہ صاحب بولے کہ ہم مسجد بنا رہے تھے ایک صاحب بہادر آ گئے ہیں وہ مانع ہیں۔ کہا کہ وہ صاحب بہادر میں ہوں میں معذرت کرنے آیا ہوں آپ تشریف لے چلئے چنانچہ فٹن پر سوار کر کے لے گئے اور ان کے ہاتھ سے بنیاد رکھوادی شاہ صاحب کی یہ حالت کہ کلکٹر کے منع کرنے پر نہ گلہ۔ نہ شکایت۔

۷- عبدالمطلب کو دیکھئے کہ جب ابرہہ بادشاہ کے سپاہیوں نے ان کے اونٹ بکریاں پکڑ لی تھیں اور وہ اس کے پاس گئے تو وہ یہ سمجھتا تھا کہ خانہ کعبہ کی سفارش کو آئے ہوں گے (کیونکہ وہ بادشاہ خانہ کعبہ کو شہید کرنے کو آیا تھا) انہوں نے اس کا تذکرہ بھی نہ کیا بلکہ اپنے مال کو چھوڑ دینے کو کہا۔ اس نے کہا کہ میں اور کچھ سمجھتا تھا۔ ایسی خفیف بات کو آپ نے کہا۔ اگر آپ کعبہ کی سفارش کرتے میں قبول کرتا۔ عبدالمطلب نے کہا کہ مجھ کو اپنی چیز کی فکر ہے وہ جس کا گھر ہے وہ جانے اس کا گھر جانے۔ اس نے ان کی اونٹ بکریاں چھوڑ دیں پھر دیکھئے کیا انجام ہوا سب کو معلوم ہے جس کے بارہ میں سورہ الم ترکیف نازل ہوئی۔

یہ مدرسہ بھی اللہ کا کام ہے۔ کسی ایک پر موقوف نہیں۔ دین کا کام ہے۔ اگر دین کا کام کسی ایک پر موقوف ہوتا تو حضور صلی اللہ علیہ وسلم پر موقوف ہوتا مگر باوجودیکہ آپ

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

اٹھائے گئے مگر دین باقی ہے۔ اور جب اللہ میاں کو موقوف کرنا ہوگا تو کام سے پہلے ان لوگوں کو قبض کرنا شروع کر دیں گے جن سے کام لیا جاتا ہے آج کل مشینیں ایسی نئی نئی چلی ہیں کہ ایک بچہ وہ کام کر سکتا ہے جس کو ایک ہزار آدمی کر سکیں۔ ایک ضعیف آدمی وہ کر سکتا ہے جو رستم سے بھی نہ ہو سکتا جب انسان کی یہ قدرت ہے تو اللہ تعالیٰ کی قدرت کو کیا پوچھنا۔ وہ ضعیف سے ضعیف شخص سے وہ کام لے سکتے ہیں کہ قوی سے قوی بھی عاجز ہو جاوے۔

۸- ایک زمانہ میں یہاں غلغلہ ہوا تھا کہ مدرسہ باضابطہ ہونا چاہئے۔ مجھ سے چھپاتے تھے اور مقصود ان کا یہ تھا کہ قوت پیدا کر کے ظاہر کریں گے۔ مجھ کو اطلاع ہو گئی۔ ان کا ایک جگہ عشا کے بعد جلسہ تھا میں جلسہ میں پہنچا اور میں نے کہا کہ منٹ کے لئے میں اجازت کچھ کہنے کی چاہتا ہوں اور میں نے کہا کہ میری تقریر سے آپ کی تقریرات کی اعانت ہی ہوگی گو ظاہراً ان تقریرات کا انقطاع معلوم ہوتا ہے مگر حقیقت میں انقطاع نہیں ہے۔ میں نے کہا کہ مجھ سے جن چیزوں کا تعلق ہے ان میں ایک چیز تو مکان ہے مدرسہ کا سو جس کا جی چاہے مدرسہ پر قبضہ کر لے۔ میں اپنے مجمع کو بیٹھک میں لے آؤں گا۔ البتہ اگر اجازت ہوگی نماز مسجد میں پڑھ لیا کروں گا ورنہ دوسری مسجد میں۔ دوسری چیز کتب خانہ ہے سو اس کے دو حصے ہیں۔ ایک وہ جو میرے آنے سے پہلے موجود تھا وہ تو ابھی سپرد کر دوں گا دوسرا وہ جو میرے سبب سے آیا ہے اور جس کا واقفین نے مجھ کو متولی بنایا ہے سو عاریۃً ابھی اس کو بھی سپرد کر دوں گا۔ رہا مستقلاً سو برس روز کام کو ہو جاوے گا اس وقت بالکل آپ کی طرف تولیت منتقل کر دوں گا۔ تیسری چیز روپیہ سو اس میں بھی دو قسم کی چیزیں ہیں کچھ جائیداد والد صاحب کی موقوفہ ہے۔ دوسرا روپیہ جو آتا جاتا رہتا ہے۔ سو جائیداد کی تولیت میاں مظہر کے نام ہے ان سے کہئے باقی آمدنی جو روزمرہ آتی ہے اس کو آنے کے بعد ایک ہفتہ رو کے رکھا کروں گا اور جس نے بھیجا ہوگا اس کا پتہ آپ کو بتلا دیا کروں گا جب آپ مرسل سے اجازت حاصل کر لیں گے آپ کے حوالے کر دوں گا بس کہہ چکا۔ اب آپ تقریر کیجئے۔

کیا مجھ کو مدرسہ سے جاہ حاصل کرنا ہے۔ اگر اس کی طلب ہوتی تو خوب بڑا مدرسہ کرتا۔ مگر بکھیڑے سے دل گھبراتا ہے۔ تہیہ یہ ہے کہ اگر کام نہ ہوگا حذف کر دوں گا۔ کیونکہ خانقاہ میں دو

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

قسم کے لوگ ہیں۔ طلباء اور ذاکرین اگر یہاں کام نہ ہوگا تو طلباء کے لئے اور مدارس بہت وہاں چلے جائیں گے۔ ان کی فکر ہی نہیں ہے ذاکرین تو ان سے کہوں گا کہ اگر رہنا ہے تو بے سروسامان رہو۔ اگر متوکلین ہیں رہیں گے ورنہ چلے جائیں گے۔ اسی لئے ان کی بھی کچھ فکر نہیں۔ اس لئے قلب کو راحت ہے۔ میں اپنی ذات کے لئے بھی اس پر آمادہ ہوں کہ جس روز کسی قسم کی مزاحمت پیش آئی۔ ایک گھر ہے اس کو چھوڑ کر کسی گاؤں میں یا کسی شہر میں جا بیٹھوں گا۔ صرف دو بیبیاں ہیں میں اور وہ سب چلے جائیں گے۔ یہ سوچ ہی نہیں کہ کیا ہوگا۔ میری حالت تو یہ ہے۔

ما ہیچ نداریم غم ہیچ نداریم دستار نداریم غم ہیچ نداریم

یہاں ایک تار بھی نہیں دس تار کیا ہوتے۔ پھر حضرت نے حافظ صاحب سے فرمایا کہ زمانہ تعلق میں ہر طرح کی باتیں پیش آجاتی ہیں اگر میری جانب سے کوئی خشونت ہوئی ہو یا دل آزاری ہوئی ہو یا کوئی بات خلاف طبع ہوئی ہو معاف کیجئے گا اور جو حق میرا فوت ہوا ہو وہ میں دل وجان سے معاف کرتا ہوں۔ پھر فرمایا تحصیل علم کے برابر کوئی چیز نہیں۔

ف۔ ان حکایات سے طرز سلف کی تعلیم مقصود ہے جس سے حضرت والا کے حسب ذیل صفات مستفاد ہوئے۔ پسندیدگی طرز سلف، عمل بطرز سلف، قوت توحید وقوت توکل، اخلاص سادگی استقلال، تواضع، استغنا وسیر چشمی، ورع وعلو ہمت، عفو وحلم، مراعات اصحاب، حق پسندی، مشورہ حسن، شان ارشاد تربیت، زہد کا طبیعت ثانیہ ہونا، شہرت سے تنفر، کمال خشیت از مواخذہ آخرت، ترجیح وترغیب علم، امانت ودیانت، معاشرت معروف۔

رعایت اصحاب

ایک منشی صاحب خورجوی نے عرض کیا کہ حضرت چمڑے کی تجارت کی حالت بہت ابتر ہے مجھ کو ایک صاحب دہلی میں ملازمت کے لئے بارہ سال سے بلا رہے ہیں اور پینسٹھ روپیہ تنخواہ دیتے ہیں میں اس وجہ سے نہیں گیا کہ ان کے یہاں نوٹ میں بٹہ لینے کا دستور ہے اور ہنڈوی آتی جاتی ہے ان میں سود کا حساب کتاب لکھنا پڑتا ہے اب وہ پھر بلا رہے ہیں اور یہ بھی لکھا ہے کہ ہم نے دونوں باتیں ترک کر دی ہیں۔ مگر میرا جی نہیں چاہتا ترک اسباب ہی مرغوب معلوم ہوتا ہے آئندہ جیسے حضور کی رائے ہو۔ فرمایا کہ گھر والے بھی آپ

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

کے آپ کی رائے ترک اسباب سے موافق اور خوش ہیں یا نہیں کہا کہ گھر والے تو خوش نہیں ہیں اس پر حضرت نے فرمایا کہ گھر والوں کے خوش کرنے کو کر لیجئے اور اگر گھر والے بھی بالفرض خوش ہوں تب بھی دوستوں کو خوش کرنے کو ملازمت کر لیجئے میں تو دہلی کی نوکری سن کر بہت خوش ہوا اور یہ منجانب اللہ ہے آپ کی خواہش تو ہے بھی نہیں۔

(ف) اس سے حضرت والا کی رعایت اپنے اصحاب کے ساتھ کس قدر معلوم ہوئی۔

تجربہ فراست' انجام بینی' دوراندیشی

فرمایا کہ جب مدرسہ کی ابتداء ہوئی تو بعض لوگوں کا خیال تھا کہ اس میں انگریزی بھی ہونی چاہئے میں نے مصالح مدرسہ کے خلاف ہونے کے سبب سے منع کیا تو بعض لوگوں نے اس پر کہا کہ جب معاش اس پر موقوف ہے تو کیا کریں۔ یہاں شیعی تھے قصبہ کے بخشی وہ بولے کیوں صاحبو اگر کوئی ایسا قانون ہو جاوے کہ نوکری جب ملے گی کہ نصرانی ہو تو کیا آپ کو یہ بھی گوارا ہوگا۔ سب لوگ سن کر چپ ہو گئے اور بخشی جی نے کہا کہ اگر کوئی امر شرعاً ممنوع ہے یہی مثال ہے۔

(ف) کسی دینی مدرسہ میں انگریزی داخل کر کے دین و دنیا کا ملغوبہ بنانا تجربہ سے سخت مضر ثابت ہوا ہے۔ اس سے حضرت والا کا تجربہ و فراست و انجام بینی دوراندیشی اظہر من الشمس ہے۔

دقت نظری' معنی شناسی حقائق رسی

ایک شخص نے دریافت کیا کہ مولویوں کو کیا ہوا جو حضرت حاجی صاحب کی طرف رجوع کرتے ہیں یہ لوگ تو خود لکھے پڑھے ہیں۔ وہاں کیا چیز ہے جس کے لئے وہاں جاتے ہیں وہ کونسی بات ہے جو کتابوں میں نہیں۔ فرمایا کہ میں ایک مثال بتاتا ہوں فرض کرو کہ ایک شخص تو وہ ہے کہ جس کے پاس مٹھائیوں کی فہرست موجود ہے مگر اس نے چکھی ایک بھی نہیں اور ایک شخص وہ ہے کہ نام تو ایک مٹھائی کا بھی اس کو یاد نہیں مگر ہاتھ میں لئے ہوئے کھا رہا ہے۔ بتلاؤ تو مٹھائی کے فوائد حاصل کرنے میں آیا وہ نام یاد رکھنے والا اس حقیقت جاننے والا محتاج ہے یا وہ حقیقت جاننے والا اس نام یاد رکھنے والے کا ظاہر ہے کہ پہلا دوسرے کا محتاج ہے نہ کہ برعکس۔ اسی طرح ہم اہل الفاظ ہیں اور حضرت معنی تو صاحب معنی

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

محتاج نہیں ہوتا اہل لفظ کا اور صاحب معنی کا محتاج ہوتا ہے۔ واقعی خوب حقیقت واضح ہوگئی جس سے علماء اور عرفاء میں فرق سمجھ میں آ گیا۔ ف اس سے حضرت والا کی دقت نظری معنی رسی حقیقت شناسی ثابت ہوئی۔

طرز سفارش مشتمل بر مراعات مذاق خود وصاحب حاجت ومخاطب

ایک سفارش کی درخواست پر ذیل کا خط لکھا گیا جس سے حضرت والا کا مذاق اس باب میں کس قدر دینی و دنیوی اور ظاہری و باطنی اور صاحب حاجت و نیز مخاطب کی رعایتوں کے تمام پہلو کو محیط ہے۔

یہ جناب پر روشن ہے کہ میری عادت متعارف سفارش کی نہیں خصوص اپنے مخصوص متعلقین کی۔ اور حال رقعہ ہذا میرے مخصوصین میں سے ہیں چنانچہ خود میرے اور میرے بزرگوں کے تعلقات ان کے بزرگوں سے بھی ہیں اور خود میرے تعلقات ان سے بھی ہیں شرکت وطن بھی شرکت برادری بھی۔ ان کا بچپن میں میرے پاس مدت تک مثل اولاد کے تعلیم کی تقریب سے رہنا گو تغیرات زمانہ سے دوسری تعلیم کی ضرورت نے ان کو مجھ سے جسماً جدا کر دیا اور روحانی تعلق الفت ومحبت اور ارتباعات کا اب بھی باقی ہے۔ بہر حال ان خصوصیتوں کے ہوتے ہوئے اپنی عادت کے موافق ان کی سفارش کرتے ہوئے۔ مجھ کو اور بھی پس وپیش ہونا چاہئے اور ہے اس لئے میں سفارش تو نہیں کرنا چاہتا لیکن اگر کسی مسلمان کی حاجت اور حالت کی اطلاع کر دی جاوے اور اس کے ساتھ ہی اس مسلمان کی کامیابی کے لئے کوشش کرنے پر زور نہ دیا جاوے تو اصلی مقصود بھی حاصل ہو گیا اور سفارش سے جو آج کل مخاطب کو گرانی اور کلفت ہوتی ہے اس سے بھی حفاظت رہے گی۔ پس یہ عریضہ اس مد میں حاضر ہوتا ہے۔ حامل رقیمہ بھی اپنے بزرگوں اور محسنوں کو جن میں جناب بھی داخل ہیں نہ تھوڑی نہ بہت تکلیف دینا نہیں چاہتے اسی طرح امیدواری وانتظار کی خود بھی زیادہ تکلیف اٹھانا نہیں چاہتے۔ معتدل انتظار سے کوئی کلفت نہیں اس قدر تو برداشت کریں گے اور کرنا چاہئے۔ بہر حال اس وقت صرف عرض یہ ہے کہ خدمات کے صلاحیت کی تفصیل تو ان کی زبانی اور ان کے اور ان کے لوازم کے متعلق اطمینان اپنے تجربہ وشہادت قلب سے فرما

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

کرا گر امید قریب ملازمت کی ہو تو ان کو قیام کی اجازت دی جاوے مصارف قیام کے یہ خود برداشت کریں گے۔ اگر توقع بعید یا موہوم ہو تو اظہار حقیقت واقعہ و مشورہ نیک سے بھی یہ اسی قدر ممنون ہوں گے جس قدر اصطلاحی کامیابی سے' غالباً اب اس بارہ میں زیادہ عرض کرنے کی حاجت نہ رہی ہوگی۔ سلام پر ختم کرتا ہوں۔

طرز بیعت مشتمل بر حقیقت و سہولت و مراعات طالبین

ایک شخص کی درخواست بیعت پر فرمایا مجھے خدمت سے عذر نہیں ہے مگر یہ ضرور ہے کہ جو شخص جو کام کرتا ہے وہ اس کے منافع' مضار اور طرق سے واقف ہوتا ہے اس لئے طالب کو بلا چون و چرا اس کا کہنا تسلیم کرنا چاہئے۔ اگر آپ طالب صادق ہیں تو ابھی بیعت میں جلدی نہ کیجئے۔ اور اضطراب نہ کیجئے جو میں پڑھنے کو بتلاؤں اس کو پڑھئے اور جو اصلاح نفس کی تجویز کروں اس کو عمل میں لائیے اس کے بعد جب مجھے مناسبت محسوس ہوگی بلا آپ کے تقاضے کے بیعت کرلوں گا لیکن تقاضے کا حق آپ کو نہ ہوگا ایک سال تک میری تعلیم پر عمل کیجئے پھر بیعت کی درخواست کیجئے۔ اگر اس عرصہ میں مناسبت ہوگئی بیعت کرلوں گا ورنہ مقصود تعلیم ہے وہ تو ہر حالت میں جاری رکھی جا سکتی ہے۔ بیعت ہو یا نہ ہو۔ تعلیم کے لئے بیعت شرط نہیں ہے۔ اگر آپ اس طرز پر راضی ہوں تو مطلع کیجئے۔ کہ کونسی میری تالیفات آپ نے دیکھی ہیں اور مطالعہ کی ہیں۔ اس کے معلوم ہونے کے بعد ذکر وغیرہ بتلاؤں گا۔ میرا کتابوں میں بجز تالیف کے کچھ علاقہ نہیں ہے۔ کتابیں کتب فروشوں سے طلب کیجئے۔ بجواب اس کے تحریر کیا کہ مجھ کو سب شرائط منظور ہیں۔ بجواب اس کے جناب اقدس نے ارقام فرمایا اگر آپ کے اوقات فرصت اور کیفیت قوت معلوم ہو تو پڑھنے کے لئے کچھ تجویز کیا جاوے اصلاح نفس کے لئے سردست میرے وعظوں کو جمع کر کے دیکھنا کافی ہے۔ آپ نے یہاں آنے کی اجازت چاہی ہے میرے یہاں کسی کی ممانعت نہیں البتہ دو امر خط سے طے کرنے کے قابل ہیں۔ ایک یہ کہ آنے کا مقصود صرف ملاقات ہے یا کچھ اور۔ دوسرے جس تاریخ میں آنا ہو اس تاریخ میں میرا مقیم وطن ہونا اول تحقیق کرلیا جاوے۔ تیسری بات یہ ہے کہ آتے ہی میرا وہ خط جس میں آنے کے متعلق مضمون ہو فوراً دکھلا دیا جاوے۔ اس کے بعد ایک خط میں تحریر کیا

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

کہ میں اسکول میں ملازم ہوں دس بجے سے چار بجے تک عموماً کام مدرسہ کا کرتا ہوں عمر میری ۲۶ یا ۲۷ سال کی ہوگی۔ رخصتیں ختم ہوچکیں اب حاضری سے معذور ہوں۔ پڑھنے کے لئے جو تجویز فرمائیں گے اس پر کاربند ہونے کو اپنی سعادت سمجھوں گا۔ اس خط کے جواب میں حضور عالی نے تحریر فرمایا کہ اس خط کے ساتھ میرا پہلا خط رکھنا چاہئے تھا کیونکہ اس کا مضمون میرے ذہن میں نہیں دونوں خطوں کو دیکھ کر مناسب تعلیم ممکن ہے۔ بجواب اس کے تحریر کیا کہ حسب ارشاد عالی نوازش نامہ ارسال ہیں جو کچھ میری اصلاح نفس کے لئے پڑھنے کے واسطے تجویز فرمائیں گے اس کی بجا آوری میں اپنی سعادت سمجھوں گا۔ بجواب اس کے حضرت نے ارقام فرمایا۔ معمولات ذیل تجویز کئے جاتے ہیں۔

۱- تہجد کی پابندی رکھئے زیادہ اچھا وقت اخیر شب ہے اور اگر اس میں دشواری ہو تو بعد عشاء کے پڑھ لیا کریں

۲- بعد تہجد کے اگر آسانی سے طبیعت متحمل ہو چھ سو بار لا الٰہ الا اللہ متوسط ضرب و جہر سے پڑھا کیجئے اور دو ہفتہ کے بعد پھر اطلاع دیجئے۔ اطلاع کے ساتھ خط بھی رکھ دیجئے صبح کو بعد نماز علاوہ معمولات کے ایک ہزار بار اسم ذات یعنی اللہ اللہ متوسط جہر وضرب سے پڑھا کیجئے۔

۳- باقی اوقات میں جب یاد آ جاوے استغفار کی کثرت رکھئے اور وقتاً فوقتاً اپنے معمولات وحالات سے اطلاع دیجئے۔ مکرر آنکہ میری تالیفات میں سے آپ نے کیا کیا کتابیں دیکھی ہیں اور آپ کے پاس کیا کیا موجود ہیں۔ ف اس مکاتیب سے حضرت والا کی شان تربیت جو اطلاع حقیقت اور طالبین کی سہولت اور ہر طرح کی مراعات کو شامل ہے اظہر من الشمس ہے۔

مراعات احباب۔ حفظ مسلم از معصیت

۱- مرید کو تحریر فرمایا کہ تمہاری بیوی چند شکایتیں لکھ رہی ہیں۔ (تم اس کو بہت تنگ رکھتے ہو شریعت کے موافق برتاؤ نہیں کرتے

۲- باوجود گنجائش کے لوگوں کا قرض ادا نہیں کرتے۔

۳- تم نے اس کا مال لے لیا

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

۴- خرچ کرنے کے موقع پر تم کہہ دیتے ہو کہ جائز نہیں اور آمدنی کے سب طریقوں کو جائز رکھتے ہو اور کبھی کہہ دیتے ہو کہ جہاں اور بہت سے گناہ ہیں ایک یہ بھی سہی یہ ہے خلاصہ شکایتوں کا۔ آیا یہ شکایتیں صحیح ہیں یا غلط اگر صحیح ہیں تو ایسا کیوں کرتے ہو اگر غلط ہے تو اس کو نرمی سے کہو کہ میری شکایتیں غلط کیوں لکھیں۔ اس معاملہ میں سختی ہرگز نہ کرنا اور اس کے شبہات کو دور کرو۔ (ف) اس سے بھی حضرت کی مراعات اپنے دوستوں کے ساتھ معلوم ہوئی نیز حفظ مسلم از معصیت۔

فضولیات سے نفرت اور خوابوں سے عدم اعتناء

ایک طالب کے خط کے جواب میں تحریر فرمایا کہ کوہ کندن وکاہ برآوردن سنا کرتے تھے مگر دیکھا نہ تھا آج اس سے زیادہ مشاہدہ ہوا کہ کوہ کندن تو ہوا اور کاہ بھی ہاتھ نہ آیا۔ تمام خط کو بہت محنت سے پڑھا مشکل سے پرچوں کا ارتباط سمجھ میں آیا اور حاصل اس کا بجز چند حکایات کے کچھ نہ معلوم ہوا۔ خط تو وہ ہے جس میں کوئی بات استفادہ کی ہو یا افادہ کی ہو صرف ایک مضمون البتہ کسی درجہ میں جواب طلب ہوسکتا ہے یعنی خواب کی تعبیر جو پوچھی ہے سو غالباً آپ کو معلوم ہوگا کہ مجھ کو خواب سے دلچسپی نہیں نہ تعبیر سے مناسبت نہ اپنے جیسوں کے خوابوں کو قابل تعبیر سمجھتا ہوں۔ (ف) اس سے حضرت والا کی نفرت زوائد وفضولیات سے اور عدم دلچسپی خوابوں اور اُن کی تعبیر سے ثابت ہوئی جو دلیل ہے عدم اعتناء بالرویا کی۔

شان تربیت شفقت علی الصغار

کسی مرید نے دریافت کیا کہ میری بہن کی لڑکی کی شادی ہے اور وہ کہتی ہے کہ تم چلو اور وہاں رسم بھی ہو تو بوجہ رسم کے جانا تو دل کو گوارا نہیں مگر ایک بات دریافت کرتا ہوں کہ کچھ دینا چاہئے یا نہیں اگر دینا مناسب ہو تو پہلے جا کر دے آؤں اور جو لوگ بیاہ ختنہ میں دعوت کرتے ہیں وہ کھالیا کروں یا نہ کھاؤں اور ایک میری لڑکی ہے اس کے دینے کا مجھ پر کچھ حق ہے یا نہیں۔ فرمایا کہ دنیاداروں کا کچھ اعتبار نہیں ہے۔ اس لئے جہاں تک ہو وہاں جانے کو ٹال دو اور تقریبات کی دعوت کو جو پوچھا ہے اگر اس میں کوئی خرابی رسم کی بھی نہ ہو

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

تب بھی یہ تو ضرور ہے کہ جس کا کھاؤ گے اس کو کھلانا بھی پڑے گا اور یہی جڑ ہے تمام رسموں کی اس لئے اس کا بھی ٹال دینا بہتر ہے۔ مگر دل شکنی کسی کی مناسب نہیں لطافت سے کوئی حیلہ کرنا چاہئے اور کسی عزیز کے ساتھ احسان کرنا اگر بصورت رسم کے نہ ہو تو مضائقہ نہیں لیکن اس کے لئے خود جانے کی کیا ضرورت ہے یہاں سے بھی بھیج سکتے ہو اور تم جو لڑکی کا حق پوچھتے ہو کس قسم کا حق مراد ہے۔ واجب یا غیر واجب۔ اور تمہاری بی بی نے کچھ شکایتیں لکھی تھیں میں نے تم سے اس کی معرفت اس کی تحقیق بھی کی تھی معلوم نہیں اس نے تم کو وہ خط دکھلایا یا نہیں۔ ان شکایتوں کی کیا اصل ہے کیا وہ بالکل جھوٹی ہیں یا کچھ سچی بھی ہیں۔ ف اس ملفوظ کے تمام اجزاء سے شان تربیت اور شفقت علی الصغار اظہر من الشمس ہے۔

سہولت پسندی، رفق ونرم خوئی، کمال شفقت وجامعیت

ایک صاحب نے لکھا کہ لڑکیوں کی شادی کی بہت فکر ہے۔ کوئی نسبت حسب دلخواہ نہیں آئی جو عقد کیا جاوے اگر کہیں سے داڑھی والے لڑکی کی بات آتی ہے تو نہایت مفلوک الحال ظاہر ہوتے ہیں اور جس کو دال روٹی سے خوش دیکھا جاتا ہے تو وہاں داڑھی صفاچٹ۔ کئی جگہ محض اس وجہ سے انکار کر دیا گیا۔ دعا کیجئے حق تعالیٰ آبرو رکھیں اور اس معاملہ میں شرمندگی کی نوبت نہ آوے۔ ہر شخص کہتا ہے کہ میاں اس خیال کو چھوڑو آج کی داڑھی بڑی مشکل سے ملے گی۔ جواب تحریر فرمایا۔ واقعی بڑی مشکل ہے میں پختہ رائے تو دیتا نہیں لیکن میرا خیال ہے کہ اس زمانہ میں پوری دینداری ڈاڑھی والوں میں بھی نہیں پس ایک داڑھی منڈانے کا گناہ کر رہا ہے دوسرا شہوت پرستی کا گناہ کر رہا ہے تو نری داڑھی لے کر کیا کریں گے اگر ہو تو حقیقی دینداری ہو جو بہت عنقا ہے۔ پس اس صورت میں اگر اس میں تھوڑی سی وسعت کی جاوے یعنی صرف دو چیزوں کو دیکھ لیا جاوے ایک یہ کہ اعتقاد اسلامیہ میں شک و شبہ یا تمسخر و استہزاء سے پیش نہ آوے۔ دوسرے طبیعت میں صلاحیت ہو کہ اہل علم اور بزرگوں کا ادب کرتا ہو نرم خو ہو کہ اپنے متعلقین کے حقوق ادا کرنے کی اس سے توقع ہو اور گنجائش مالی بقدر ضرورت ہونا تو ضروری ہی ہے تو ایسے شخص کو گوارا کر لیا جاوے پھر جب آمد و رفت اور میل جول اور مناسبت ہوگی تو ایسے شخص سے بعید نہیں کہ اس داڑھی کے معاملہ

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

میں بھی اس کی اصلاح ہو جاوے۔ ف اس سے حضرت والا کی سہولت پسندی۔ رفق ونرم خوئی' کمال شفقت وجامعیت ذرا تامل سے ثابت ہے۔

کمال احتیاط وتقویٰ' شفقت ورافت

ایک مرید نے حضرت والا سے تین سو روپیہ قرض ملنے کے باب میں مشورہ کیا تھا تو حضرت نے جواباً فرمایا کہ آپ نے مجھ سے تعلق ان ہی اغراض دنیویہ کے لئے پیدا کیا ہے افسوس۔ یہ تو نہ ہوا کہ کوئی دین کی خدمت مجھ سے لیتے۔ مجھ سے تین سو روپیہ قرض ملنے کے بارہ میں مشورہ کیا جاتا۔ اور اس سے بڑھ کر وہ حکایت ہے (اگر صحیح ہو ورنہ خیر) حکایت یہ ہے کہ آپ نے نواب ڈھاکہ سے اپنا تعلق مجھ سے ظاہر کر کے روپیہ مانگا اگر یہ حکایت غلط ہے تو میں راوی سے آپ کے منہ پر کہلوا سکتا ہوں۔ اگر آپ نے اس پر بھی تکذیب کی تو پھر میں یوں سمجھوں گا کہ ایک سچ کہتے ہیں دوسرے کو سہو ہوا۔ باقی نہ سچ بولنے والے کی تعیین کروں گا نہ صاحب سہو کی۔ ف اس سے حضرت والا کا کمال احتیاط وتقویٰ اور مریدوں پر شفقت ورافت ثابت ہوئی۔

کمال شفقت' حدود شرعیہ

کسی صاحب نے لکھا کہ حضور کی خدمت میں رہ کر اصلاح نفس اور مرض باطنی کا علاج چاہتا ہوں اور بال بچوں کو بھی ہمراہ لانا چاہوں اس لئے ایک مکان کی ضرورت ہوگی اس پر فرمایا کہ خود آنا۔ یا گھر والوں کو لانا دونوں امر کے لئے یہ شرط ہے کہ کسی کا قرض نہ کرنا پڑے کسی ضروری کام میں حرج نہ ہو۔ گھر والوں کے حقوق تلف نہ ہوں اگر ان سب شرائط کی طرف سے اطمینان ہو تو اس صورت میں یہ تفصیل ہے کہ گھر والوں کو خود بھی آنے کا شوق ہو تب تو ان کو ہمراہ لاویں۔ مکان کا انتظام عین وقت پر ان شاء اللہ ہو جاوے گا اور اگر از خود شوق نہ ہو تو لانا مناسب نہیں۔ ف اس سے بھی آنحضرت کی کمال شفقت اور حدود شرعیہ کی رعایت ثابت ہوئی۔

استغناء' تجربہ' فراست' صحیحہ' حقائق شناسی

ایک صاحب نو مسلم جنہوں نے اپنے آپ کو الہ آباد کا ساکن ظاہر کیا حاضر خدمت حضرت والا ہوئے اور یہ مسئلہ پیش کیا کہ ان کے والد نے جو کہ ہنوز کفر پر قائم ہیں تمام جائیداد

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

اپنی اور اپنے دوسرے بیٹوں کو جو کافر ہیں دیدی اور ان کو نہ دی۔ اس پر نو مسلم نے بیرسٹروں وغیرہ سے رائے لی تو معلوم ہوا کہ ان کو قانوناً مل سکتی ہے پھر انہوں نے علماء سے رجوع کیا چنانچہ حضرت والا کی خدمت میں بھی بغرض استمداد حاضر ہوئے حضرت والا نے فرمایا کہ قانون اسلام کی رو سے اجازت نہیں کہ آپ زبردستی اپنے والد کی جائیداد میں حصہ لیں آپ کے والد کی چیز ہے انہیں اختیار ہے چاہے جس کو دیں جس کو نہ دیں۔ آپ کو ملنے کی کوشش بالکل نہ کرنا چاہئے جس اللہ کو راضی کرنے کے لئے آپ نے دین حق یعنی اسلام قبول کیا اب آپ پرایا مال لے کر اسے ناراض کرنا چاہتے ہیں تو پھر کیا فائدہ ہوا۔ ہم اس میں کسی قسم کی امداد نہیں کر سکتے۔ اس پر ان نو مسلم نے عرض کیا کہ مل تو سکتی تھی۔ حضرت والا نے فرمایا کہ معلوم ہوتا ہے کہ میری بات آپ کے ذہن میں نہیں آئی ورنہ آپ یہ نہ کہتے کہ مل تو سکتی ہے۔ ایک چور چوری کرے اور اس کو پورا یقین ہو کہ میں چوری کے مال پر قابض ہو جاؤں گا تو کیا قانوناً اس کے واسطے چوری جائز ہو سکتی ہے۔ ہرگز نہیں پس اسی طرح اس کو سمجھ لیجئے۔ بیرسٹروں وکیلوں نے ان نو مسلم سے کہہ دیا تھا کہ کافروں کا مال جس طرح ہو سکے لینا جائز ہے۔ اس پر حضرت والا نے فرمایا کہ اگر ڈکیتی جائز ہے تو یہ بھی جائز ہے۔ قانون اسلام میں یہ بالکل ڈکیتی ہے۔ کیا کوئی ڈاکہ ڈالنے کی اجازت دے سکتا ہے۔ پھر فرمایا کہ نئی روشنی کے لوگوں کا یہ اسلام ہے۔ ان کو احکام اسلام سے کچھ مطلب ہی نہیں۔ پھر ان نو مسلم سے فرمایا کہ آپ خدا پر بھروسہ کر کے اپنی قوت بازو سے کما کر کھایئے۔ ان کے مال پر نظر نہ کیجئے کیا دنیا میں سب جائیداد والے ہی ہیں۔ ہزار میں دو تین صاحب جائیداد ہوں گے ورنہ سب بیچارے غرباء ہی زیادہ ہیں۔ اللہ پاک سب کو کھانے پہننے کو دیتے ہیں۔ پھر ان نو مسلم صاحب نے کہا کہ میں آج رات کو یہاں قیام کر سکتا ہوں۔ حضرت والا نے فرمایا کہ میں آپ کے اس بے تکلفی کے سوال سے بہت خوش ہوا۔ آپ قیام تو سرائے میں فرماویں اور خرچ وغیرہ کی اگر کچھ کمی ہو تو وہ مجھ سے لیں۔ انہوں نے کہا کہ نہیں خرچ تو میرے پاس موجود ہے اور یہ کہہ کر وہ نو مسلم حضرت کی خدمت سے چلے گئے۔ ان کے جانے کے بعد حضرت والا نے فرمایا کہ یہ صاحب بے باک تو بہت تھے۔ بے تکلف جرات کے ساتھ بولتے تھے۔ یہ ان کی بیباکی کچھ شکوک پیدا کرتی ہے اس لئے میں ان کے ساتھ بالکل بے مروتی سے

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

پیش آیا۔ف اس سے حضرت والا کا استغناء تجربہ فراست صحیحہ حقائق شناسی ثابت ہوئی۔

تواضع واتباع سنت

فرمایا کہ مجھے اپنا قصہ بچپن کا خوب یاد ہے کہ ایک مرتبہ نکلا ہوا جارہا تھا۔ دو شخص آپس میں میری بابت کہنے لگے کہ اس نے تو بالکل خاندان کی عزت ڈبودی۔ نائی کو بھی السلام علیکم۔ قصائی ملے اس کو بھی السلام علیکم سقہ کو بھی السلام علیکم۔ غرضیکہ ہر شخص کو السلام علیکم ہی کرتا ہے خواہ کوئی ہو۔ پھر فرمایا کہ لوگ بس اس کو عزت سمجھتے ہیں کہ فرعون سے بڑھ کر آپ کو سمجھے۔ف اس سے حضرت والا کی تواضع اتباع سنت اظہر من الشمس ہے۔

کمال تواضع وانکسار وافتقار وتوحید وشکر وامتنان واتباع سنت

ایک مرتبہ قبل نماز عصر حضرت والا کی مجلس میں تنہائی تھی۔ صرف بندہ (یہ جامع) بیٹھا ہوا تھا۔ کچھ تذکرہ ایصال ثواب کا آیا کہ ایصال ثواب سے موصل کے ثواب میں کچھ کمی نہیں ہوتی بلکہ اس ایصال کا الگ ثواب مزید ملتا ہے۔ نیز جن کو ایصال کیا جاتا ہے سب کو اتنا اتنا ثواب مل جاتا ہے اس کی تائید میں مولانا رومی کا یہ شعر پڑھا۔

در معانی قسمۃ و افراد نیست در معانی تجزیہ و اعداد نیست

(اس کے متعلق عجیب وغریب مدلل تحقیق باب دوم نمبر میں ہے۔

اس کی حسی مثال یہ ہے کہ مثلاً ایک چراغ سے ہزار چراغ روشن ہو سکتے ہیں اور ایک استاد ایک وقت میں سو شاگرد کو تعلیم دے سکتا ہے۔ نہ اس چارغ کی روشنی میں کچھ کمی آتی ہے نہ استاد کے علم میں۔ اس پر بندہ جامع نے کہا کہ حضرت میں تو روزانہ ہر وقت کے اذکار ونوافل کا ثواب سب اعزا واقربا و مسلمین ومسلمات احیاء واموات کو بخش دیتا ہوں ہاں جن سے خصوصیت ہے ان کا نام بھی خاص طور پر لے لیتا ہوں کہ اس سے تسلی زیادہ ہوتی ہے چنانچہ حضرت والا کا نام بھی لے لیتا ہوں۔ اس پر فرمایا کہ ہاں بھائی حق تعالیٰ نے جس طرح ہمارا رزق حسی دوسروں کے واسطہ سے رکھا ہے اسی طرح رزق باطنی بھی دوسروں کے ہاتھ ہے۔ف اس آخری جملہ سے حضرت والا کا کمال تواضع وانکسار وافتقار وتوحید وشکر وامتنان

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

ثابت ہے۔

تواضع عفو وحلم وحسن خلق وتربیت مریدین

فرمایا کہ بعض لوگ مجھے خطوں میں گالیاں لکھ کر بھیجتے ہیں مگر میں کچھ خیال نہیں کرتا ردی میں ڈال دیتا ہوں پھر فرمایا کہ غیر مرید کا تو مجھے کچھ خیال نہیں ہوتا البتہ اگر مرید سے کوئی بیجا بات ہو تو اس سے ضرور سختی کرتا ہوں چنانچہ شیخ نے بھی لکھا ہے۔

ناز بر آن کن کہ خریدار تست

(ف) اس سے حضرت والا کا کمال تواضع' عفو وحلم وحسن خلق وتربیت مریدین ثابت ہے۔

حکمت وشان تحقیق

فرمایا کہ اگر اطاعت حق کرنے پر لوگ طعن وملامت کریں تو کچھ پرواہ نہ کرنی چاہئے یہ ملامت پختگی کا ذریعہ ہے۔ خوشامد رسوائی کوئے ملامت۔ پھر فرمایا کہ ضد ہی کی بدولت جد پیدا ہوتی ہے۔ ف اس سے حضرت والا کی حکمت وشان تحقیق ثابت ہوئی۔

ترغیب فنا

فرمایا کہ بس اپنے سب دوستوں کے لئے چاہتا ہوں کہ اپنے کو ہیچ در ہیچ سمجھنے لگیں۔

شان تحقیق (متعلق اشغال صوفیہ)

ایک مولوی صاحب نے مثنوی شریف کے اس شعر کا مطلب دریافت کیا چشم بہ بند وگوش بہ بند ولب بہ بند' حضرت والا نے فرمایا کہ اس میں مولانا کی مراد اشغال نہیں ہیں بلکہ نامرضیات حق سے پرہیز کرنا ہے۔ یہ اشغال تو صوفیہ نے بہت اخیر زمانہ جوگیوں سے لئے ہیں اور اس میں کچھ حرج بھی نہیں۔ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اہل فارس کی حکایت سن کر خندق کھدوائی بوجہ مفید ہونے کے اور اشغال تو بہت ادنیٰ درجہ کی چیز ہیں۔ اور آج کل تو بزرگوں نے اکثر ان کو چھوڑ دیا ہے کیونکہ لوگوں پر ضعف غالب ہے اور اشغال سے دماغ ومعدہ وغیرہ سب خراب ہو جاتے ہیں۔ بعض لوگ اس میں ہلاک ہو گئے اور حضرت مولانا روم کے زمانہ میں تو اشغال تھے بھی نہیں۔ یہ تو بہت آخر زمانہ کی ایجاد ہے۔ ف: اس سے شان تحقیق اظہر من الشمس ہے۔

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

حکمت وشان تحقیق ومعرفت دقیقہ

فرمایا کہ لباس کا یہ معیار ہے کہ ایسا لباس پہنے کہ جو خود اس کی طرف ملتفت نہ ہو یعنی اپنی اس پر نظر نہ پڑے۔ اگر کوئی نواب دوسو روپیہ کا جوڑا پہن لے تو وہ اس کی طرف کچھ بھی توجہ نہ کرے گا۔ بخلاف معمولی غریب آدمی کے کہ اگر وہ پانچ روپیہ کا بھی پہن لے گا تو اس کے پھول بوٹوں کو ہی دیکھا کرے گا اس لئے اس کے لئے دوسو کا جائز اور اس کے لئے پانچ کا ناجائز۔ پھر فرمایا کہ اسی طرح اگر کوئی شخص بہت ہی ادنیٰ درجہ کے کپڑے پہنے تو اس کا قلب بھی ضرور اس میں مشغول ہو جائے گا۔ اول تو خیال کرے گا کہ میں بہت ذلیل وخوار ہو گیا۔ دوسرے یہ کہ ایسا نفس مردہ ہوں کہ مجھے کچھ پروا نہیں اپنی عزت کی۔ بس یہ بھی مشغولی ہے۔ ف اس سے بھی حکمت وشان تحقیق' معرفت دقیقہ ثابت ہے۔

عملیات سے تنفر

فرمایا کہ میں نے اعمال قرآنی کو اس وجہ سے لکھ دیا ہے کہ لوگ کافروں جوگیوں وغیرہ کے پھندے میں نہ پھنسیں اور حدیث وقرآن ہی میں مصروف رہیں ورنہ مجھے تعویذ گنڈوں سے زیادہ دلچسپی نہیں اور نہ میں اس فن کا آدمی ہوں۔ ف اس سے حضرت والا کا تنفر عملیات سے معلوم ہوا۔

حسن معاشرت' بیدار مغزی' حکمت واحتیاط

حضرت نے ایک خط ایک مولوی صاحب کو دکھلا کر فرمایا کہ دیکھئے سفارش کا طریقہ میرا یہ ہے کہ جس کو اہل حاجت ناپسند کرتے ہیں مگر اس سے تجاوز کرنا شریعت سے تجاوز سمجھتا ہوں لوگ درخواست کرتے ہیں کہ زوردار الفاظ لکھ دیجئے۔ بھلا دوسرے کو مجبور کرنا کہاں جائز ہے کہ یہ کام ضرور کردو۔ اس پر لوگ کہتے ہیں کہ اس کو بخل ہے ذرا زبان اور قلم ہلانے سے کام چل سکتا ہے۔ میں کہتا ہوں کہ ایک کو تو نفع پہنچاؤں جو کہ مستحب ہے اور دوسرے کو تکلیف دوں جو حرام ہے۔ ایک صاحب نے مجھ سے سفارش چاہی اور کچھ اپنی قرابت بھی مجھ سے ظاہر کی جس کا مجھ کو علم نہ تھا میں نے سفارش کا یہ مضمون لکھ دیا کہ فلاں صاحب آپ کے پاس حاضر ہوتے ہیں یہ کہتے ہیں کہ ہماری تم سے (یعنی حضرت سے)

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

قرابت بھی ہے جس کی صحت وعدم صحت کی مجھ کو تحقیق نہیں اور ان کی مجھ سے یہ پہلی ملاقات ہے۔ان کی کار برآری فرمایئے میں ممنون ہوں گا اور آپ کو ثواب ہوگا۔

اس مضمون کو اس سفارش خواہ کے لوگوں نے دیکھ کر ان سے کہا کہ یہ تو کچھ بھی نہیں۔ اس سے تمہارا کام ہرگز نہ ہوگا وہ اس کو لے کر میرے پاس آئے اور کہا کہ صاحب یہ تو کچھ بھی نہیں ذرا زوردار الفاظ لکھ دیجئے۔ میں نے کہا کہ لاؤ بس میں نے اس پرچہ کو لے کر چاک کر ڈالا۔ پھر انہوں نے بہت کہا کہ اچھا وہی مضمون لکھ دیجئے جو پہلے لکھا تھا میں نے کہا کہ اب نہیں لکھوں گا' یہ بھی کوئی دل لگی ہے۔ایک تو میں نے آپ کو لکھ دیا تھا۔آپ کی خاطر سے۔ میرے پاس آپ رہے نہیں۔ آپ کی بابت مجھے تجربہ نہیں۔ میں دوسرے کو آپ کی بابت کس طرح اطمینان دلاؤں۔

پھر فرمایا کہ ایسی سفارش میں جس میں کہ آزادی دی جاوے کہ چاہے کام کریں یا نہ کریں کبھی شرمندگی نہیں ہوتی۔ پھر فرمایا کہ بعض مجھے مجبور کرتے ہیں کہ یہ مضمون سفارش کا لکھ دو۔ میں ان سے کہہ دیتا ہوں کہ اچھا تم اس کا مسودہ کر لاؤ میں اس کی نقل کر دوں گا۔ چنانچہ وہ اپنی حسب منشا لکھ لاتے ہیں اس کی نقل کر کے روانہ کر دیتا ہوں مگر پیچھے سے فوراً ایک کارڈ ڈاک میں بھیج دیتا ہوں کہ فلاں فلاں مضمون کا خط تمہارے پاس پہنچے گا وہ میرا مضمون نہیں ہے تم اس کے موافق عمل کو ضروری نہ سمجھنا۔ پھر فرمایا کہ دوسرے کو مجبور کرنا خواہ موقع ہو یا نہ ہو کیا مناسب' اور دوسرے کی حالات کی کیا خبر۔

ف: اس سے حضرت والا کی حسن معاشرت بیدار مغزی' حکمت' احتیاط ثابت ہوئی۔

تواضع وحسن تربیت

ایک نووارد صاحب نے عشاء کے وقت حضرت والا کے اندر تشریف لے جاتے وقت در کا پردہ اٹھایا فرمایا کہ کیا مجھے فرعون بنانا چاہتے ہو۔ میرے ہاتھ نہیں ہیں۔ کیا میں خود اٹھا نہیں سکتا ہوں ہمارے یہاں یہ قاعدہ نہیں ہے۔ ہم اس کو بالکل ناجائز سمجھتے ہیں۔ پھر ان صاحب نے بعد فراغ نماز عشاء حضرت والا سے معافی چاہی۔ حضرت نے ان صاحب کو اس فعل کا قبیح ہونا خوب اچھی طرح سمجھا دیا اور آئندہ کے واسطے ہدایت فرمائی۔ ف اس

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

سے حضرت والا کی تواضع اور حسن تربیت معلوم ہوئی۔

کمال شفقت تطبیب قلب مساکین، مزاج رفق ونرم خوئی

ایک حافظ صاحب جو کہ بہت سیدھے ہیں وہ حضرت کے ہمراہ گڑھی گئے تھے۔ واپسی میں سواری میں جگہ نہ تھی لہذا حضرت والا نے ایک اور ہمراہی سے پیسے دلوائے کہ حافظ بیچارے بیماری کی وجہ سے کمزور ہیں۔ پیدل آنے میں انہیں تکلیف ہوگی۔ یہ ریل سے چلے آویں گے مگر حافظ صاحب نے پیسے تو بچائے اور پیدل ہی آئے۔ جب وہ حضرت کی خدمت میں حاضر ہوئے تو حضرت نے دریافت فرمایا معلوم ہوا کہ حافظ صاحب پیدل آئے۔ فرمایا تم نے برا کیا۔ بیمار اور کمزور آدمی خواہ مخواہ تکلیف اٹھائی پیسوں کے لالچ میں مزاحاً حافظ جی سے فرمایا کہ اچھا آپ نے جب خرچ نہیں کئے تو وہ پیسہ فلاں طالب علم کو واپس کیجئے ابھی لایئے وہ بیچارے جا کر لائے۔ پھر فرمایا کہ کچھ زیادہ دیجئے۔ کیونکہ اس نے آپ کے ساتھ احسان کیا۔ انہوں نے کہا زیادہ تو سود ہو جاوے گا فرمایا سود تو شرط سے ہوتا ہے۔ آپ احسان کے بدلے میں احسان کیجئے۔ انہوں نے سات کے عوض آٹھ پیسے دیئے۔ پھر فرمایا کہ حافظ جی سچ بتلانا دل بھی دکھا آپ کا پیسے دیتے ہوئے یا نہیں؟ انہوں نے کہا نہیں، فرمایا کہ یہ آپ نے سچ بولا حافظ جی نے کہا کہ کچھ کچھ دکھتا ہے۔ پھر ان طالب علم سے کہا کہ جب ان کا دل دکھتا ہے تو تم ہرگز نہ لینا پیسہ ورنہ ہضم نہ ہوں گے۔ ایک صاحب نے فرمایا کہ ان حافظ صاحب کو یہ پیسے پھر واپس کرنے چاہئیں فرمایا کہ نہیں میں نے تو ہنسی میں منگائے تھے پیسے تو ان کی ملک ہیں۔ یہ جو چاہیں سو کریں۔ ف اس سے حضرت والا کی شفقت، حسن تربیت، تطبیب قلب مساکین مزاج، رفق ونرم خوئی، بہ صفات مستفاد ہوئے۔

مزاح

ایک صاحب جو گوشت نہیں کھاتے ہیں حاضر خدمت ہوئے اور بیمار بھی تھے فرمایا کہ کہو جی گوشت خوار کیا حال ہے۔ پھر فرمایا کہ گوشت خوار کے یہ معنی ہیں کہ جس کی نظروں میں گوشت خوار ہو (یعنی گوشت اچھا نہ معلوم ہو) ف اس سے بھی حضرت کا مزاح وشفقت و تطیب قلب، قلب مسلم معلوم ہوا۔

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

کمال شفقت محبت بامریدین وحسن تربیت

ایک صاحب جو کہ سرکاری ملازم ہیں چھ ماہ کی رخصت لے کر بغرض قیام تھانہ بھون حاضر ہوئے چند دنوں بعد ان کے والد صاحب کا خط آیا کہ فلاں مولوی صاحب ان کو اپنے ساتھ لے گئے ہیں اور ان مولوی صاحب کے ایما سے آئندہ ملازمت بھی شاید ترک کر دیں اور اس خط میں ان مولوی صاحب کی اور بھی بیجا شکایتیں درج تھیں حضرت والا نے ان صاحب سے دریافت فرمایا کہ تمہارا ترک ملازمت کا ارادہ تو نہیں ہے صرف رخصت ہی لی ہے انہوں نے عرض کیا کہ جی ہاں صرف رخصت لی ہے۔ ترک ملازمت کا تو ارادہ نہیں ہے۔ میں اپنے والدین کو اطلاع بھی کر آیا تھا مگر انہیں اطمینان نہیں ہوا اور حضور تک نوبت پہنچائی۔ فرمایا کہ بجائے اس کے کہ میں آپ کا حال لکھوں یہ زیادہ مناسب ہوگا کہ آپ خود اس پر یہ مضمون لکھ دیں اور وہ خط ان کے والد صاحب کا ان کو دے دیا اور یہ فرما دیا کہ اس خط میں جو مضامین دوسروں کے متعلق ہیں ان کا کسی سے ذکر نہ کیا جاوے اور آپ لکھ کر یہ خط مجھے بھی دکھلا دیں میں بھی کچھ لکھ دوں گا۔ ان صاحب نے وہ خط مضمون مذکورہ لکھ کر حضرت کی خدمت میں پیش کیا تو دریافت فرمایا کہ تم نے اس کا ذکر مولوی صاحب سے تو نہیں کیا وہ خاموش ہوئے فرمایا کہ آپ نے مولوی صاحب کو خط دکھلا دیا حالانکہ میں نے منع کر دیا تھا۔ ان صاحب نے عرض کیا کہ ان مولوی صاحب کے پاس اور بھی خط شکایت کے آ چکے ہیں۔ فرمایا کہ آپ کے خط دکھلانے سے اور رنج مولوی صاحب کو زیادہ ہی تو ہوا۔ افسوس ہے جب میں نے منع کر دیا تھا تو پھر آپ نے کیوں دکھلایا۔ نہ معلوم آپ نے کیا تاویل کر لی۔ یہ خط میرے پاس امانت تھا میں نے آپ کے سپرد امانۃً کیا آپ نے خیانت کی کہ دوسروں کو دکھلایا۔ آپ کو بلا اجازت میری یا اپنے والد صاحب کے نہ دکھلانا چاہئے تھا۔ اگر دکھلانا ہی تھا تو مجھ سے اجازت تو لے لیتے اور پھر مجھ سے ذکر بھی نہیں کیا کہ میں نے دکھلایا ہے۔ اگر میں نہ پوچھتا تو آپ ذکر بھی نہ کرتے یہ آپ نے مجھے دھوکہ دیا۔ میں یہ سمجھتا کہ آپ نے نہ دکھلایا ہوگا۔ علاوہ اس کے یہ ان حقوق کے بھی خلاف ہے جو کہ میرے

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

آپ پر ہیں۔ آئندہ آپ پر کسی بات کا کیا بھروسہ کیا جا سکتا ہے۔ آپ کا اعتبار جاتا رہا ہم تو آپ کی بزرگی کے قائل تھے۔ مگر اب آپ کی یہ خوبیاں ظاہر ہوتی جاتی ہیں۔ معلوم ہوتا ہے کہ ابھی آپ کے اخلاق کی درستی نہیں ہوئی۔ کیا صرف تہجد پڑھنا اور تسبیح ہلانا ہی ضروری اور کافی ہے۔ کیا یہ امور شریعت کے خلاف نہیں ہیں اور ان پر عمل کرنا ضروری نہیں ہے۔ پھر فرمایا کہ کچھ سمجھ میں آیا یا نہیں' انہوں نے عرض کیا خوب سمجھ میں آ گیا۔ پھر فرمایا خبردار جو آئندہ کبھی کہنے کے خلاف کوئی کام کیا جاؤ اپنی اور میری دونوں تحریریں بھی مولوی صاحب کو دکھلا دو جبکہ کل خط کو تم نے دکھلا ہی دیا۔ ہمارے پیٹ میں نہ معلوم کس کس کی اور کیسی کیسی بھلی بری باتیں پڑی ہیں مگر کیا مجال کہ جو کبھی ان کا اظہار ہو آپ سے ذرا سی بات کا ضبط نہ ہو سکا جھٹ جا کر خط دکھلا دیا حضرت والا نے ان کے والد کو خط میں تحریر فرمایا تھا کہ آپ کے تمام خیالات کا مدار شبہات پر ہے مسلمان سے حسن ظن رکھنا چاہئے جو مضمون آپ کے لڑکے نے آپ کی تسلی کے لئے لکھا ہے فلاں مولوی صاحب بھی اس کے خلاف نہیں ہیں۔ پھر ان صاحب نے اسی دن بعد ظہر ایک پرچہ معذرت کا لکھ دیا اس میں یہ بھی لکھا تھا کہ مجھے اس بات کا سخت صدمہ ہے کہ میں نے آپ کے حکم کے خلاف کیا اس پر حضرت نے جواب تحریر فرمایا کہ آپ کس وہم میں پڑ گئے واللہ میرا دل آپ کی طرف سے بالکل صاف ہے۔

ف حضرت کی شفقت و محبت جو مریدوں کے حال پر ہے اس کا کچھ اندازہ اس ملفوظ کے آخری جملہ سے ہو سکتا ہے مگر اس کے ساتھ ہی اصلاح اخلاق کی جانب جو حضرت کی خاص توجہ رہتی ہے اس کا اندازہ بھی اسی ملفوظ سے ہو سکتا ہے۔

شریعت کا طبیعت ثانیہ ہو جانا

ایک مولوی صاحب کے پاس ایک خط آیا جس میں کچھ سخت الفاظ لکھے تھے انہوں نے حضرت والا سے ذکر کیا کہ میں ان کو جن کے نام سے خط آیا ہے لکھوں کہ انہوں نے ایسے الفاظ کیوں لکھے۔ فرمایا کہ اول یہ دیکھنا چاہئے کہ یہ ان کی تحریر ہے یا نہیں۔ اگر آپ خط پہچانتے ہوں تو معلوم ہو سکتا ہے۔ انہوں نے جواب دیا کہ یہ خط تو کسی دوسرے سے لکھایا

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

گیا ہے۔ فرمایا کہ خواہ مخواہ کسی پر کیوں شبہ کیا جاوے۔ اگر ان کا خط پہچانا جاتا تو اول ان سے دریافت کیا جاتا کہ آیا انہوں نے یہ خط بھیجا ہے یا نہیں اگر وہ انکار کریں تو بھی ان سے مخاطبت بے جا ہے مخاطبت تو ان سے جب ہی کی جا سکتی ہے کہ جب ان کی تحریر پہچانی جاوے اور وہ اس خط کے بھیجنے کا اقرار کریں پھر بعد کو ذکر آیا تو معلوم ہوا کہ وہ خط جو مولوی صاحب کے پاس آیا تھا جعلی تھا اور جس طرف ان کا شبہ تھا وہ غلط نکلا۔ اس پر حضرت والا نے فرمایا کہ دیکھئے اگر خط بھیج دیا جاتا تو ان سے کس قدر ندامت ہوتی کہ خواہ مخواہ اس پر شبہ کیا گیا جب شریعت کو ذرہ برابر چھوڑا جاوے گا ضرور کلفت ہوگی۔ آج کل علماء نے بھی معاملات میں شریعت کو چھوڑ دیا ہے۔ پس نماز روزہ میں شریعت پر عمل کرنا ضروری سمجھتے ہیں۔ ف اس سے حضرت والا میں شریعت کا طبیعت ثانیہ ہونا معلوم ہوتا ہے۔

بلا اجرت کسی سے کام نہ لینا دوسرے کی آزادی میں خلل نہ ڈالنا

ایک طالب علم جو کہ سر میں تیل ملنے کا خاص طریقہ جانتے ہیں جس سے کہ تیل سر میں بالکل کھپ جاتا ہے۔ ان سے حضرت والا نے کہلا بھیجا کہ اگر فرصت اور تعلیم کا حرج نہ ہو تو آ کر سر میں تیل مل جاویں۔ انہوں نے جواب میں کہلا بھیجا کہ اس وقت فرصت نہیں ہے (یہ بیچارے بے تکلف ہیں اگر فرصت ہوتی ہے تو بے کہے خود آ کر تیل ڈال دیتے ہیں) اس پر حضرت والا نے فرمایا کہ ان سے میں نے کہا تھا کہ ایک روپیہ ماہوار مجھ سے تیل ڈالنے کا لے لیا کرو انہوں نے جواب دیا کہ اس کا ذکر کرو گے تو پھر ویسے بھی سر میں تیل ڈالنا چھوڑ دوں گا۔ (ف) اس سے صاف ظاہر ہے کہ حضرت والا بلا اجرت کسی سے کام لینا نہیں چاہتے۔ نیز اپنے متعلقین کو آزادی دے رکھی ہے بلا تکلف اپنے مصالح کی رعایت کریں۔ مباحات میں کسی کا دباؤ نہ قبول کریں۔

حسن معاشرت، حسن تربیت، بے تکلفی، سادگی، تطبیب قلب مساکین

فرمایا کہ آج کل ہم لوگوں کی معاشرت نئے طرز کی ہوگئی ہے۔ اگر مہمان سے قیام کی مقدار پوچھی جاوے تو اس کو خلاف تہذیب سمجھا جاتا ہے۔ اسی طرح بعض مہمان بطور خود کھانے

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

کا انتظام کرتے ہیں مگر میزبان کو اطلاع نہیں کرتے۔ میزبان بیچارہ سامان کر کے کھانا تیار کرتا ہے وقت پر کہہ دیتے ہیں کہ صاحب ہمارے ساتھ کھانا موجود ہے اس سے میزبان کو کس قدر تکلیف اور اس کا کتنا نقصان ہوتا ہے۔ چنانچہ ایک صاحب جو میرے یہاں مہمان تھے اپنے ساتھ کھانا لائے تھے مگر انہوں نے اپنے پاس کھانا موجود ہونے کی مجھے اطلاع نہیں کی جب کھانا کھانے کا وقت آیا تو اپنا کھانا کھول کر بیٹھے۔ میں نے کہا کہ آپ نے مجھے اطلاع کر دی ہوتی کہ میرے پاس کھانا موجود ہے تو مضائقہ نہ تھا اب چونکہ آپ نے اطلاع نہیں کی اور مجھے تکلیف دی لہذا اس کھانے کو کہیں اور جا کر کھایئے یہاں نہ کھایئے پھر فرمایا کہ جب میں سفر کو جاتا ہوں اور سہارنپور میں کچھ قیام کرنا ہوتا ہے اور اسی عرصہ میں کھانے کا وقت ہو تو پہنچتے ہی اطلاع کر دیتا ہوں کہ کھانا ہمارے ساتھ موجود ہے یا یہ کہ فلاں جگہ کھائیں گے اور اگر ہمراہ ہو تو جاتے ہی میزبان کے گھر بھجوا دیتا ہوں کہ اس کو رکھ لیا جاوے اور اپنے یہاں کا کھانا بھیج دیا جاوے یا دونوں کو ملا جلا کر استعمال کیا جاوے۔ اس سے انہیں بھی تکلیف نہیں ہوتی ورنہ جلدی میں اگر کھانا تیار کرایا جاوے تو سخت پریشانی ہو اور اس طرح کھانا ہمراہ لے جانے سے میزبان کی اہانت بھی نہیں ہوتی کیونکہ میزبان کا کھانا بھی تو استعمال میں آتا ہے پھر فرمایا کہ بعض لوگ ایسا کرتے ہیں کہ خود تو میزبان کے یہاں کھاتے ہیں اور ساتھ کا کھانا کتوں وغیرہ کو ڈال دیتے ہیں افسوس کہ رزق کی ایسی بے قدری کہ آدمی کو نہ کھلایا جاوے خواہ کتے کھاویں۔ اگر وہ کھانا میزبان کے یہاں بھیج دیا جاوے تو کیا حرج ہے اسی سلسلہ میں فرمایا کہ میں نے محلہ میں کہہ دیا ہے کہ جب کسی کے یہاں ساگ پکا کرے تو میرے لئے بھیج دیا کریں۔ غریب بیچارے اس بات سے بہت ہی خوش ہیں کہ ہماری بہت ہی خاطر کرتے ہیں کہ جو بے تکلف سالن قبول کر لیتے ہیں کڑھائی کی دال بڑے مزے کی ہوتی ہے غریبوں میں شادی وغیرہ میں کڑھائی میں پکتی ہے مجھے جب اطلاع ہوتی ہے تو میں خود منگوا لیتا ہوں۔ (ف) اس سے حضرت والا کی حسن معاشرت، حسن تربیت، بے تکلفی، تطییب قلب مساکین ثابت ہوئی۔

کمال تراحم قلع وقمع رسوم اور تبلیغ احکام میں عدم خوف لومۃ لائم

ایک زمیندار صاحب نے گاؤں سے بارش کے دن حضرت والا کی خدمت میں کھیر

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

مٹی کے گھڑے میں ایک مزدور پر رکھوا کر بھیجی وہ آدمی بیچارہ قریب تھانہ بھون کے آ کر کیچڑ کی وجہ سے گر گیا۔ کھیر بھی سب گر گئی وہ بیچارہ کیچڑ ملی ہوئی کھیر لے کر آیا اور پرچہ جو زمیندار صاحب نے دیا تھا پیش کیا۔ حضرت والا نے بہت افسوس فرمایا کہ غریب کے چوٹ بھی لگی اور کھیر بھی رخصت ہوئی۔ ایسے میں تنہا چلنا مشکل ہے جبکہ بوجھ لے کر چلنا تو سخت ہی دشوار ہے۔ ایسی بارش میں بھیجنا سخت بے رحمی ہے پھر فرمایا کہ زمینداری میں کچھ قساوت ہو ہی جاتی ہے۔ پرچہ میں انہوں نے رسید مانگی تھی حضرت والا نے تحریر فرمایا کہ بجائے رسید کے نصیحت بھیجتا ہوں کیونکہ کھیر تو گر کر ختم ہو گئی پھر دوسرے دن اسی شخص کو دوبارہ کھیر دے کر بھیجا۔ حضرت والا نے اس مزدور سے دریافت فرمایا کہ کھانے کو کچھ پیسے دیئے ہیں یا نہیں اس نے جواب دیا نہیں دیئے۔ حضرت والا نے اس مزدور کو اپنے پاس سے پیسے دیئے اور ان زمیندار صاحب کو تحریر فرمایا کہ اس بیچارے کے کھانے کا بھی خیال نہیں کیا۔

ف۔ یہ آخر کا جملہ حضرت نے اس لئے تحریر فرمایا کہ عام طور سے رسماً مزدوری اور کھانے کا انتظام مہدی الیہ کے ذمہ سمجھتے ہیں۔ اس ملفوظ سے حضرت والا کا کمال ترحم اور قلع رسوم اور حق بات پہنچانے میں عدم خوف لومۃ لائم ظاہر ہے۔

حکمت: فرمایا کہ کسی کام کی پیشگی اجرت لینے کے تذکرہ میں فرمایا کہ پیشگی لینے کے بعد کام پورا کرنا مشکل پڑ جاتا ہے اور بیگار کی طرح پورا کیا جاتا ہے اس لئے پیشگی لینا ٹھیک نہیں چڑھا کر لینے میں خوشی زیادہ ہوتی ہے۔

ف۔ اس سے حضرت والا کا تجربہ و حکمت ثابت ہے۔

لطف و نرمی، رعایت حدود

فرمایا کہ جس امر میں شرعاً گنجائش ہو اس کے صدور سے دوسرے شخص کو سختی کے ساتھ اجتناب کا حکم کرنا یہ آداب احتساب کے خلاف ہے۔ لطف سے بھی تو یہ کام ہو سکتا ہے مگر اس بات کا خیال کرنا اور اس پر عمل کرنا بڑے متبحر عالم کا کام ہے۔

ف۔ اس سے حضرت والا کی نرم خوئی اور رعایت حدود شرعیہ صاف ظاہر ہے

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

کمال اتباع سنت

فرمایا کہ میں بچوں کو خط میں دعا بھی لکھ دیتا ہوں ان کی طیب خاطر کے لئے مگر اول سلام بھی کہہ دیتا ہوں کیونکہ سنت ہے سلام کو نہیں چھوڑتا۔ عبارت کی ترتیب یہ ہوتی ہے السلام علیکم بعد دعا کے واضح ہو کہ

ف۔ اس سے حضرت والا کی اتباع سنت کا طبیعت ثانیہ ہونا معلوم ہوا۔

زہد و کمال شفقت

فرمایا کہ اگر دنیادار تھوڑا سا بھی دین کی طرف متوجہ ہو تو غنیمت ہے اور اگر دیندار تھوڑا سا بھی دنیا کی طرف متوجہ ہو تو رنج ہوتا ہے۔ ف۔ اس سے حضرت والا کا زہد و شفقت معلوم ہوا۔

تعلیم حقوق العباد

فرمایا کہ ایک صاحب یہاں بغرض تعلیم و تلقین آئے میں نے ان سے دریافت کیا کہ بیوی کا کیا انتظام کر آئے ہو جواب دیا کہ اپنے میکہ میں موجود ہیں آخر کار کھلتے کھلتے معلوم ہوا کہ آپس میں نا اتفاقی ہے اور بیوی طلاق کی خواستگار ہے۔ میں نے کہا کہ پھر اس کو کیوں مقید کر رکھا ہے اس کا فیصلہ کرنا ضروری ہے آپ جایئے اور معاملہ صاف کیجئے تب آیئے یا تو وہ آپ کے پاس رہنا قبول کرے ورنہ اس کو طلاق دیجئے۔ چنانچہ وہ گئے اور طلاق دے کر آئے پھر کہتے تھے کہ جیسی یکسوئی سے میں نے اب کام کیا ہے۔ ویسا پہلے ہرگز نہ ہوتا پھر فرمایا کہ مقصود تو شریعت ہے۔ شریعت نہ ہوئی تو طریقت کیا چیز ہے۔ حقوق العباد زیادہ سخت چیز ہیں حقوق اللہ سے بھی۔ پھر فرمایا کہ خدا تعالیٰ کے بندے تو آلہ ہیں کہ حق تعالیٰ انہیں ایسی ایسی باتیں سوجھا کر کام کرا لیتے ہیں اصل کمال تو (الٰہ) کا ہے۔ آلہ کا کیا کمال ہے۔

ف۔ اس سے کمال لحاظ حقوق العباد کا ثابت ہوا۔

کمال اتباع شریعت و حسن تربیت

ایک مولوی صاحب نے جو کہ مدرسہ امداد العلوم میں مدرس تھے طلباء پر سبق کے یاد نہ کرنے کے جرم میں بلا اجازت و مشورہ حضرت والا کے کچھ جرمانہ کیا۔ جب حضرت والا کو

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

اطلاع ہوئی تو مولوی صاحب کو بلا کر فرمایا کہ آپ نے طلباء پر جرمانہ کیا ہے۔ انہوں نے اقرار کیا۔ فرمایا کہ یہ جائز کہاں ہے۔ انہوں نے کہا کہ مالکوں ہی کو بعنوان انعام دیدیا جائے گا حضرت والا نے فرمایا کہ کسی کے مال کا حبس کرنا بلا رضامندی کب جائز ہے۔ تیسرے یہ کہ جرمانہ تو بچوں پر نہ ہوا ان کے ماں باپ پر ہوا کیونکہ مال ان ہی کا ہے۔ آپ کا کام سکھلانے سمجھانے کا ہے نہ یاد کریں بلا سے مت یاد کرو۔ آپ نے شریعت کی مخالفت کیوں کی اور میری بلا اجازت یہ کام کیوں کیا گیا۔ ف۔ کمال اتباع شریعت وحسن تربیت ثابت ہوا۔

ظرافت تعلیم استیذ ان

حضرت والا دوپہر کو سہ دری میں آرام فرما رہے تھے اور پردے چھوڑے ہوئے تھے۔ ایک صاحب وہاں جا پہنچے اور حضرت والا کے منع فرمانے پر واپس چلے آئے۔ ان کے متعلق بعد نماز ظہر کچھ گفتگو کے بعد فرمایا کہ آدمی کو چاہئے جہاں جاوے اس کے اوقات کی تحقیق کر لے۔ اگر مجھ سے پوچھا جاتا تو میں اپنے معمولات خود ہی بتلا دیتا۔ مشرق مغرب شمال جنوب کہیں بھی آدمی جاوے سب کے ساتھ یہی معاملہ کیا جاوے۔ کچھ میری ہی تخصیص نہیں ہے میں ذرا آرام کرنے لیٹا تھا کہ بس آموجود ہوئے۔ کون آرام کرنے دیتا ہے۔ رانڈیں بیٹھیں تو جب رنڈوے بیٹھنے دیں۔ ان صاحب نے جب اپنے جانے کا یہ عذر کیا تھا کہ چونکہ پردوں کے اندر سے حضرت والا کے گفتگو فرمانے کی آواز آ رہی تھی اس وجہ سے میں چلا گیا اس پر حضرت والا نے فرمایا کہ اگر آواز سن کر جانے کی اجازت ہونے پر استدلال کیا جاوے گا تو میاں بیوی کی خلوت میں بھی جا گھسیں گے۔ پھر فرمایا کہ جو شخص ہاتھ میں تسبیح لے لیتا ہے اس کو لوگ یہ سمجھتے ہیں کہ وہ پتھر ہو جاتا ہے حالانکہ وہ سب سے زیادہ ذی حس ہو جاتا ہے۔ ف۔ اس ملفوظ سے ظرافت کے ساتھ تعلیم استیذ ان کے مسئلہ کی گئی۔

کمال زہد

دعا قبول ہونے کے متعلق فرمایا کہ کبھی جو کچھ آدمی مانگتا ہے اس سے بہتر چیز اس کو مل جاتی ہے۔ مثلاً کوئی سو روپیہ اللہ میاں سے مانگے اور دو رکعت آخر شب میں نصیب ہو جاویں اور سو روپیہ نہ ملیں تو دو رکعت قبول ہوگئی کیا دو رکعت سو روپیہ سے بھی کم ہیں۔ ف۔ اس سے حضرت والا کا کمال زہد ثابت ہے۔

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

حکمت

فرمایا کہ معدہ کمزور ہونے میں بھی حکمت ہے لذائذ سے پرہیز ہوتا ہے۔ یہ بھی سرکاری انتظام ہے کیونکہ زیادہ کھانے سے جسم تازہ اور قلب مکدر ہوتا ہے اور کم کھانے سے جسم کمزور ہو جاتا ہے مگر قلب کو تازگی ہوتی ہے۔ف۔اس سے حضرت والا کا حکیم ہونا ظاہر ہے۔

کمال عبدیت

ایک صاحب نے کہا کہ مجھ سے نماز کا حق ادا نہیں ہوتا فرمایا کہ بھائی نماز کا حق کس سے ادا ہوسکتا ہے تم تو یہ بھی سمجھتے ہو کہ ہم سے حق ادا نہیں ہوتا اور ہم اس جہل میں مبتلا ہیں کہ ہم بہت اچھی نماز پڑھتے ہیں اور حالانکہ خاک بھی نہیں پڑھتے بس بھائی اللہ میاں کو سجدہ کر لیتے ہیں وہ رحیم ہیں قبول فرمالیں گے ان سے امید قبولیت کی البتہ ہے گو ہماری نماز اس قابل نہیں۔

ف۔اس سے حضرت والا کی کمال عبدیت ظاہر ہے۔

کمال عبدیت

اپنے ضعف کے متعلق فرمایا کہ اگر کوئی اللہ کا بندہ دعا کر دے تو پھر دوا وغیرہ سب ایک طرف ہی رکھی رہے۔ف۔اس سے بھی کمال عبدیت ظاہر ہے۔

کمال شفقت وشان تربیت

ایک صاحب نے اپنی بی بی کی نسبت لکھا تھا کہ ان کو ماہ کا حمل تھا وہ کسی شادی میں گئیں پیر رپٹ گیا گر گئیں پیچش ہوگئی۔ میں ضعیف العمر ہوں اور یہ بچے چھوٹے ہیں دعا فرمایئے کہ اللہ تعالیٰ ان کو صحت عطا فرمادیں۔اس پر فرمایا کہ عورتیں رسومات نہیں چھوڑتیں اور ان صاحب کو جواب تحریر فرمایا کہ آپ ایسے موقع پر پھر جانے کی اجازت نہ دیں دوسرے یہ کہ خدا کرے آپ کے دل میں ایسی خودغرضی نہ رہے کہ اس کے لئے اس غرض سے شفا کی دعا کراتے ہیں کہ بچے چھوٹے ہیں۔

ف۔اس سے بھی حضرت والا کی کمال شفقت وشان تربیت ظاہر ہے۔

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

مزاح وشان تربیت

فرمایا کہ بعض لوگ مردوں کی چیزوں کا استعمال کرنا نحوست سمجھتے ہیں مگر مردے کی جائیداد کسی کو نہیں دیتے اس میں نحوست نہیں آتی۔ کپڑے اگر نئے بھی رکھے ہوں تو انہیں بھی دے ڈالتے ہیں۔ نحوست بھی عقلمند ہے کہ کم قیمت کی چیزوں میں گھستی ہے۔

ف۔ اس سے بھی حضرت والا کا مزاح وخوش طبعی ونیز شان تربیت ظاہر ہے۔

اعتدال نظر، تربیت مریدین، مزاح

ایک صاحب نے مع اپنی بیوی کے کسی شادی والوں کے مجمع کے ساتھ تھانہ بھون آئے اور وہ خانقاہ میں اور بیوی اس شادی والے گھر میں مقیم ہوئے اور بیان کیا کہ ہم دونوں حضرت کی خدمت میں حاضر ہوئے ہیں اس پر فرمایا کہ شادی والوں کے ساتھ آنا ٹھیک نہیں۔ طالب قدوس کو طالب عروس کے ساتھ جوڑ کھانا کیا مناسب ہے۔ ان لوگوں کے ساتھ آنے میں بالکل بے لطفی ہے۔ چنانچہ آپ یہاں موجود ہیں اور بیوی آپ کی وہاں ہیں۔ میرے دل کو آپ کا اور ان کا آنا لگتا نہیں۔ ایسا آنا رغبت اور شوق کا آنا نہیں ہوتا ان لوگوں کے ساتھ جانے کے پابند۔ یہاں آنے کی جو مصلحتیں ہیں ان سب پر پانی پھر گیا نہ آنا رہا نہ پائی۔ قاعدہ کلیہ ہے آدمی جہاں جاتا ہے اور وہیں قیام کرتا ہے تو وہ مصلحتیں مرتب ہوتی ہیں ورنہ نہیں۔ ان صاحب نے عرض کیا اپنی بیوی کی نسبت کہ اس نے مجھے مجبور کر دیا۔ اس پر فرمایا کہ مجھے یہ حیرت ہے کہ آپ ان کے تابع ہیں یا وہ آپ کے تابع۔ آپ اس کے کہنے میں نہ آتے۔ ہر چیز کو اس کے مرتبہ میں رکھنا چاہئے بیوی کے ساتھ بدخلقی نہ کرے مگر یہ بھی نہیں کہ اس کو میاں بنالیوے۔ بعض لوگ یہاں آتے ہیں اور ادھر ادھر ٹھہر جاتے ہیں تو ان کے آنے کی قدر نہیں ہوتی پھر فرمایا کہ حدیث **من کثر سوادقوم فھو منھم** کے مقتضا پر جو لوگ اس جماعت کے ساتھ آتے ہیں ان کا شمار انہیں میں ہوتا ہے۔

ف۔ اس سے حضرت والا کی اعتدال نظر۔ شان تربیت اور مزاح معلوم ہوا۔

تعلیم شفقت ومحبت

فرمایا کہ رعب شفقت سے ہوتا ہے اس قدر تخویف سے نہیں ہوتا چنانچہ مولانا محمد

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

یعقوب صاحبؒ کا بڑا رعب تھا لوگوں کی جان نکلتی تھی۔ حالانکہ ہر وقت ہنستے رہتے تھے۔

ف۔ اس سے معلوم ہوا کہ حضرت والا کو شفقت بہت زیادہ پسندیدہ ہے۔

معرفت عدو نفس

فرمایا کہ بعض انگریزی خواں طلبہ یہ کہتے ہیں کہ علماء ہمارے پاس آ کر ہمیں ہدایت کریں میں نے اس کا جواب دیا کہ جب تبلیغ کی ضرورت نہیں رہی تو اب علماء کے ذمہ یہ ضروری نہیں کہ وہ لوگوں کے گھروں پر جا کر ان کو ہدایت کریں۔ نیز اس میں شبہ ان کی حاجت مندی کا بھی ہوسکتا ہے۔ بس یہی مناسب ہے کہ علماء اپنے مکان پر رہیں اور لوگ ان سے دینی باتیں دریافت کریں سول سرجن پر آپ نے کبھی اعتراض نہ کیا کہ سول سرجن غیر شفیق ہے بیمار کے پاس گھروں میں آ کر علاج نہیں کرتا حالانکہ اس کو آپ کے پاس آنا آسان بھی ہے مگر خود اس کے پاس جاتے ہیں اس کی وجہ صرف یہی ہے کہ آپ امراض جسمانی کو تو مہلک سمجھتے ہیں اور امراض روحانی کو اس قدر مہلک نہیں سمجھتے بعض شبہ نکالتے ہیں کہ صاحب بعض ان میں مدعی ثابت ہوئے تو کس پر اعتماد کریں مگر میں کہتا ہوں کہ کیا مدعیان طب میں کوئی جھوٹا نہیں ہوتا مگر جس طرح ان میں سے اچھا چھانٹ لیتے ہیں اسی طرح کیا علماء میں چھانٹ نہیں سکتے۔ میرے ساتھ چلئے میں دکھلاؤں علماء کو یہ شبہات تو سب ڈھکوسلے ہیں۔ اصل یہ ہے کہ جس چیز نے فرعون کو اتباع موسیٰ سے روکا تھا اسی نے ان کو اتباع علماء سے روکا یعنی تکبر اور خاص طور پر اس نئی تعلیم کا اثر ہے کہ ذلیل سے ذلیل آدمی بھی اپنے آپ کو والیان ملک سے بڑھ کر سمجھتا ہے پرانے لوگوں میں شان وانکساری و شکستگی کی ہے گو گناہ گار ہوں۔ اس سے حضرت والا کا کمال معرفت عدو نفس معلوم ہوا۔

فراست و تجربہ

فرمایا کہ یہ عجیب بات تجربہ کی ہے کہ بددین آدمی اگر کسی اور بات کی نقل بھی کرے مثلاً بددین نحو کی کوئی کتاب لکھے۔ گو اس میں کوئی مسئلہ بددینی کا نہیں ہے مگر اس کے دیکھنے سے بھی بددینی کا اثر دل میں پیدا ہوگا۔ ف۔ اس سے بھی حضرت والا کا کمال تجربہ و فراست معلوم ہوئی۔

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

لطافت فہم، عمق نظر

ایک صاحب نے عرض کیا کہ حضور کے پاس جو معزز عہدہ داروں کے خطوط آتے ہیں ان کا چھپ جانا بیحد مفید ہے کیونکہ اس سے ایسے لوگوں کو معلوم ہوگا کہ ہم لوگوں کو بھی دینی فائدہ حاصل ہوسکتا ہے اس پر فرمایا کہ میاں اشتہار دینے کی کیا ضرورت ہے۔ اگر کسی کا سودا کھرا ہے تو انگلستان اور جرمن تک سے خریدار آتے ہیں اور جو مرغوب نہیں ہے تو لوگ اگر آ بھی گئے تو کہیں گے کہ بڑا احمق تھا اشتہار دے کر ہمیں مفت پریشان کیا۔ پھر فرمایا کہ پاس والوں کا معتقد ہوتا بمقابلہ دور والوں کے معتقد ہونے کے اور زیادہ اچھی دلیل ہے مرغوب ہونے کی۔ مثلاً جھنجھانہ والوں کے خطوط دور والوں کے خطوط سے زیادہ معتبر ہیں۔ اور جو خاص تھانہ بھون کے لوگ مانوس ہوں تو اور زیادہ قابل اعتبار ہے۔ اور جو عزیز قریب راغب ہوں تو اور زیادہ اچھی دلیل ہے بمقابلہ دور والوں کے کیونکہ دور والوں کی نسبت تو یہ کہہ سکتے ہیں کہ میاں دور کے ڈھول سہانے ہوتے ہی ہیں اور پاس والے چونکہ تمام حالات سے واقف ہوتے ہیں اس لئے بہت مشکل سے معتقد ہوتے ہیں۔

ف۔ اس سے حضرت والا کی لطافت فہم، عمق نظر کا پتہ چلتا ہے۔

صفائی معاملہ وشان تربیت

ایک صاحب نے اپنے قیام کا قصد بذریعہ تحریر ظاہر کیا اور مدت دو ماہ کی اصلاح کے لئے لکھی۔ تحریر فرمایا کہ دو ماہ کی قید اپنی طرف سے لگانا ٹھیک نہیں۔ عمر بھر کا ارادہ کر لے۔ پھر چاہے دو ہفتہ ہی لگیں اور اگر آپ غریب ہیں اور اس لئے نہیں ٹھہر سکتے تو یہاں بھی تو کل کا قصہ ہے۔ ذمہ داری آپ کی نہیں ہوسکتی آپ کو یہ سمجھنے کا حق نہ ہوگا کہ میں نے یہاں اجازت لے کر قیام کیا تھا تو بس میری ذمہ داری ہوگی۔

لطافت فہم، خشیت، حق ادب وعظمت الٰہی

فرمایا کہ خدا نے ہم کو عمل کے لئے پیدا کیا ہے سوالات کے لئے نہیں پیدا کیا عمل کا طریقہ جب معلوم ہے پھر سوالات کا کیا غرض ہے جس کی عظمت قلب کے اندر ہوتی ہے اس کی تجویزوں پر

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

سوال نہیں کئے جاسکتے مثلاً مجھ سے اس جلسہ میں کسی نے یہ سوال نہیں کیا کہ اس طرح کی ٹوپی کیوں پہنی کیونکہ میری عظمت ہے افسوس کہ خدا کی اتنی بھی عظمت نہیں جتنی ایک ناپاک مخلوق کی کہ احکام شرعیہ کی حکمت کا سوال کیا جاتا ہے میرے تو رونگٹے کھڑے ہوجاتے ہیں ایسے سوالات سے۔

ف۔اس ملفوظ سے حضرت کا خشیت حق اور لطافت فہم ادب وعظمت الٰہی ظاہر ہے۔

کشف حقائق وقوت کا استنباط

فرمایا کہ تصوف کا لوگوں نے ناس کر دیا۔رسوم کا نام تصوف رہ گیا۔عوام تو بدعت میں مبتلا ہوجاتے ہیں ان کا یہی تصوف ہے۔اور خواص میں جو غیر محقق ہیں وہ اوراد پڑھ لینے رات کو جاگنے اور حرارت ورارت ذوق وشوق ہونے کو بس تصوف سمجھنے لگتے ہیں اور یہ گمان عام ہو گیا تھا کہ حدیثوں میں تصوف نہیں ہے بس صوفیوں ہی کے کلام میں ہے۔ماموں صاحب تو فرمایا کرتے تھے کہ وہ تصوف نہیں جو حدیث میں نہیں اور وہ حدیث نہیں جس میں تصوف نہ ہو غرض تصوف تو اتنا پھیلا ہوا ہے کہ کوئی حدیث اس سے خالی نہیں اور لوگ سمجھتے ہیں کہ حدیث میں ہے ہی نہیں۔دہلی میں حقیقۃ الطریقت میرا رسالہ ایک غیر مقلد نے زمانہ تالیف میں دیکھا تھا۔دیکھ کر کہا یہ کس شخص کی ہے۔ایک دوست نے میرا نام بتایا پھر ان غیر مقلد نے کہا کہ ان کو لکھ دینا کہ اس میں اختصار نہ کریں خوب لکھیں۔اس رسالہ میں ایک مقام پر بیعت طریقت کا حدیث سے اثبات ہے ایک صاحب جن کو عدم تقلید کی طرف میلان تھا کہنے لگے ہم تو بیعت کو بدعت سمجھتے تھے میں نے کہا کہ دیکھ لو جس حدیث سے اثبات ہے وہ میری گھڑی ہوئی تو ہے نہیں۔دلالت کو دیکھ لو۔پھر وہ مجھ سے بیعت ہوئے اور غیر مقلدی چھوڑ دی۔

ف۔اس سے حضرت والا کی خاص صفت کشف حقائق کی اور قوت استنباط معلوم ہوئی۔

حب خمول، کتمان حال، تخرب سے نفرت، عقل وحکمت

فرمایا کہ عید کی نماز کے لئے بہت لوگوں نے چاہا کہ میں پڑھایا کروں مگر میں نے کبھی نہیں پسند کیا۔کسی بات میں بناء کے وقت مصلحت ہوتی ہے مگر بعد میں وہی مصلحت سبب ضرر بن جاتی ہے مثلاً اگر کسی خاص مصلحت سے امامت قبول کی جاتی تو ممکن ہے ہمارے

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

مرنے کے بعد ہمارے جانشین (اگر نالائق ہوئے) دعویٰ استحقاق کا کرنے لگیں مجھے تخرب اور مجمع بنانے سے سخت نفرت ہے چاہتا ہوں کہ ایسی گمنامی کے ساتھ زندگی ہو کہ کام تو سب ہوں مگر کسی کو خبر نہ ہو۔ اور لوگ تو تعلق کا بہانہ ڈھونڈھتے ہیں اور میں ترک تعلقات کا بہانہ ڈھونڈتا ہوں جی گھبراتا ہے تعلقات سے۔ یہ ایک طبیعت کا رنگ ہے۔ اشتہار و امتیاز کی کلفتوں اور تعب کو دیکھتا ہوں۔ مقتدا بننے میں بار بہت پڑتا ہے۔ بس اس بار کا تحمل نہیں۔

ف۔ اس سے حضرت والا کا حب خمول کتمان حال تخرب سے نفرت نیز عقل و حکمت ظاہر ہے۔

کمال استغناء

فرمایا کہ میں خود ترک سلام و کلام کی ابتداء نہیں کرتا مگر دوسری طرف سے ہو تو میں تیار رہتا ہوں جہاں رعایت ہوگی ضرور مغلوب ہونا پڑے گا۔ جلب منفعت کے لئے دبنا بددینی ہے اور دفع مضرت کے لئے دبنا البتہ خلاف دین نہیں۔ شریعت نے اجازت دی ہے۔

ف۔ اس سے حضرت والا کی شان کمال استغناء ثابت ہوئی۔

حق گوئی، اشاعت دین کی محبت، طبیعت کی آزادی

فرمایا کہ جب میں کانپور سے تھانہ بھون آیا تو جامع مسجد میں وعظ کہا کرتا تھا جس میں اکثر رسوم کا رد ہوتا تھا مجھے معلوم ہوا کہ لوگوں کو ناگوار ہوتا ہے میں نے ایک وعظ میں کہہ دیا کہ میری تو مصلحت یہ ہے کہ ثواب تو ملتا ہے لیکن اگر مجھے ثواب ہی مقصود ہوگا اور طرح سے مل سکتا ہے مثلاً نوافل و ذکر شغل سے۔ باقی زیادہ مصلحت تمہاری ہی اصلاح کی ہے۔ سو جب تم ہی اپنا نفع نہیں چاہتے تو مجھ کو کیا ضرورت پڑی ہے۔ اب تم لوگ خوش ہو جاؤ کہ آج سے وعظ بالکل بند۔ یہ سن کر پھر تو سب لوگ عاجزی کرنے لگے کہ خطا کس کی اور سزا بھگتیں سب میں نے کہا جسے وعظ کہلوانے کا شوق ہو اپنے گھر لے چلو وہاں کہوں گا یہاں جامع مسجد میں وعظ نہ کہوں گا۔ اس پر لوگ خوش ہو گئے پھر تو خوب دل کھول کر وعظ کہا۔ حدیث شریف میں ہے۔ رحم اللہ عمر ماترک الحق لہ من صدیق یعنی حق گوئی نے عمر کا کوئی دوست نہیں چھوڑا اس سے معلوم ہوتا ہے کہ حق گوئی کا یہ اثر ہے جو لوگ اس قدر شاکی

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

ہیں جی چاہتا ہے کہ حق پھیل جاوے۔ حق غالب ہو خواہ کسی کے ذریعہ سے ہو۔ اپنے گھر کا کام تو ہے نہیں کہ ہم سے نہ ہو سکے تو دوسرا نہ کرے ایک عورت روٹی ٹیڑھی پکا رہی ہے اگر کوئی کہے کہ تو خراب پکاتی ہے تو وہ پکاوے اچھا ہوا کہ وہ چولہے کی آگ سے بچی۔

ف۔ اس ملفوظ سے حضرت کی حق گوئی۔ اشاعت دین کی محبت طبیعت کی آزادی ظاہر ہے۔

تعلیم تواضع واصلاح اخلاق

فرمایا کہ جس میں رائی برابر بھی کبر ہوتا ہے اس سے مجھے بہت انقباض ہوتا ہے۔ سلف میں ذکر و شغل کا زیادہ اہتمام نہ تھا افعال و عادات و اخلاق کا زیادہ اہتمام تھا یہ ذکر و شغل کا غلبہ تو خلف میں ہوا کیونکہ وظیفوں میں حظ اور لذت ہے چنانچہ اگر حظ نہیں آتا تو شکایتیں کرتے ہیں اور مجاہدات میں کلفت ہے چنانچہ ایک قصہ یاد آیا کہ حضرت حافظ ضامن صاحب کے ایک خلیفہ تھے ان کے یہاں ایک مرتبہ چوری ہوگئی ان صاحب کا رئیسانہ مزاج تھا مگر تھے اہل سنت۔ ان کے سامنے کسی نے ایک جولاہہ کا نام لے دیا وہ نمازی تھا مگر کم وقعت تھا۔ ان صاحب نے ان کو بلایا وہ ڈر گیا اور باتیں دریافت کرتے وقت خوف کی وجہ سے اس کے کلام میں لغزش ہوئی۔ اس کی وجہ سے اس پر کچھ شبہ ہوا اور ان صاحب نے اس کو مارا۔ وہ مولانا گنگوہی کی خدمت میں حاضر ہوا اور اپنا حال بیان کیا۔ مولانا کو بہت ناگوار ہوا۔ بس مولانا نے ان صاحب کو رقعہ لکھا کہ اگر خدا تعالیٰ آپ سے سوال کریں کہ آپ نے اس غریب کو کس حجت شرعیہ سے مارا تو آپ کے پاس کچھ جواب ہے اس جواب کو آپ تیار کر لیں۔ اس رقعہ کو سن کر ان صاحب کا سر سے پاؤں تک سناٹا نکل گیا پس گنگوہ پیدل پہنچے۔ مولانا اس وقت حجرے میں لیٹے تھے۔ باہر ایک طالب علم بیٹھے تھے ان صاحب نے ان طالب علم سے کہا کہ مولانا کو اطلاع کر دو کہ ایک ناپاک کتا آیا ہے اگر منہ دکھانے کے قابل ہو تو منہ دکھاوے ورنہ کسی کنویں میں ڈوب مرے تاکہ یہ عالم پاک ہو۔ طالب علم نے اطلاع کی۔ مولانا نے بلا لیا۔ ان صاحب نے کہا کہ حضرت میں تو تباہ ہو گیا۔ مولانا نے فرمایا کیوں قصہ پھیلایا ہے۔ گناہ ہو گیا توبہ کر لو یہی علاج ہے۔ (ہمارے حضرت نے فرمایا کہ بعض دفعہ ایک شیخ دوسرے شیخ کے سامنے مبتدی ہو جاتا ہے) پھر وہ صاحب واپس آئے اور مجمع جمع کر کے جولاہہ کو بلایا

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

اور کہا جتنا میں نے مارا تھا اتنا ہی مجھ کو مارے۔ اس نے کہا مجھ سے ایسا نہ ہوگا۔ ان صاحب نے کہا کہ تو جب تک مجھے نہ مار لے گا جب تک تجھے نہ چھوڑوں گا۔ پھر لوگوں نے کہا کہ صاحب بھلا اس کی مجال ہے کہ جو آپ کے ساتھ ایسا کر سکے اگر اس پر مجبور کریں گے تو یہ اس پر دوسرا ظلم ہوگا تب ان صاحب نے اسے چھوڑا۔ پھر وہ صاحب جب تک زندہ رہے اس کی خدمت کرتے رہے۔ ف۔ اس سے حضرت والا کی شان تربیت معلوم ہوتی ہے کہ مقصود اس سے تعلیم تواضع واصلاح اخلاق ہے۔

تواضع وافتقار وعبدیت

فرمایا کہ دو کام ہیں ایک چھوٹا دوسرا بڑا چھوٹا تو تعلیم اخلاق ہے اور بڑا نسبت باطنی کی تحصیل ہے۔ سو بڑوں نے بڑا کام لیا ہے اور میں چونکہ چھوٹا ہوں اس لئے میں نے چھوٹا کام اپنے ذمہ لیا ہے جیسے کہ میانجی اول بچوں کو قاعدہ بغدادی پڑھاتے ہیں پھر جب وہ پڑھنے لگتے ہیں تو بڑے بڑے مدرسوں میں چلے جاتے ہیں۔ مگر بڑے بڑے عالموں کا کام بغیر میانجی کے نہیں چل سکتا۔ اگر میانجی قاعدہ نہ پڑھاویں تو اس طالب علم میں بڑے مدرسہ جا کر پڑھنے کی قابلیت نہیں ہو سکتی۔ ف اس سے حضرت والا کا تواضع وافتقار وعبدیت اظہر من الشمس ہے۔

عرفیات ورسوم سے آزادی۔ سلامت فہم

فرمایا کہ بھائی منشی اکبر علی صاحب ماشاء اللہ بہت خوش فہم تھے۔ ان کی ایک لڑکی کی شادی میں میں شریک نہیں ہوا تھا کہ ان کے گھر والوں نے مجمع کا اہتمام کیا تھا۔ انہوں نے پھر مجھ سے کہا بھی ہم مجمع نہ کریں میں نے کہا کہ اس میں تمہاری اہانت ہوگی اور ان لوگوں کی دل شکنی ہے کیونکہ پہلے ان کو مہمان بنایا گیا ہے۔ انہوں نے غایت خوش فہمی سے میری عدم شرکت منظور کر لی اور کہا کہ تم صاحب منصب ہو تمہارے متعلق دین کا کام ہے میں دین میں خلل ڈالنا نہیں چاہتا۔ ف اس ملفوظ سے بھی حضرت والا کی آزادی عرفیات ورسوم سے اور فہم کی سلامت ظاہر ہے۔

شان تربیت، فراست صحیحہ، خلوص فی اشاعۃ الدین

ایک صاحب حضرت کی خدمت میں حاضر ہوئے جو دھوتی باندھے ہوئے تھے ان

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

سے حضرت نے دریافت فرمایا کہ کس غرض سے آنا ہوا۔ انہوں نے جواب دیا کہ میں صرف ملنے آیا ہوں حضرت نے فرمایا کہ کچھ کہنا ہے تو کہو۔ انہوں نے کہا کہ مجھے کچھ کہنا نہیں ہے۔ پھر بعد ظہر حاضر ہو کر کہا کہ میں کچھ کہنا چاہتا ہوں۔ اس پر حضرت والا نے فرمایا کہ اس وقت میں نے صاف کہہ دیا تھا کہ کچھ اور کہنا ہے۔ تین مرتبہ پوچھا ہر دفعہ یہی کہا کہ کچھ نہیں کہنا ہے۔ میری سمجھ میں نہیں آتا تھا کہ ایک شخص جس سے خط و کتابت اور جان پہچان نہ ہو وہ اتنی دور سے محض محبت اور عشق میں بھاگا ہوا یہاں آوے اور اس شخص کے ساتھ ایسا بُرا برتاؤ کرے۔ ان صاحب نے کہا کہ میں گاؤں کا آدمی ہوں فرمایا کہ یہ خوب سیکھا ہے کہ ہم گاؤں کے ہیں۔ کلکٹر کے سامنے کوئی ایسی بے ہودگی نہیں کرتا۔ ملاہی مشق کے لئے رہ گئے ہیں۔ دراصل اہل دین کی وقعت نہیں ہے لوگوں کی قلب میں اس وجہ سے یہ بے پروائی کی جاتی ہے کچہری میں جا کر سارے لکھنؤ اور دلی کے بن جاتے ہیں۔ پھر حضرت نے ایک خادم کے ذریعہ سے دریافت کرایا کہ کیا کہتے ہیں۔ انہوں نے نذر پیش کرنے کو کہا۔ فرمایا کہ یہ طریقہ نذر پیش کرنے کا نہیں ہے پھر انہوں نے کہا مجھے پھر آنے کی اجازت دی جاوے۔ فرمایا کہ تین شرطوں سے اجازت دیتا ہوں۔

۱- اپنی دینی حالت درست کرو اور یہ جو دھوتی باندھے ہوئے ہو اس کو آگ لگاؤ۔

۲- جب تک پانچ یا چھ ماہ تک خط میرے پاس نہ بھیج لو تب تک میرے پاس نہ آؤ۔

۳- نذر دینے کا کبھی ارادہ نہ کرنا اگر اس ارادے سے آؤ گے تو مجھ کو کلفت ہوگی اس پر وہ صاحب مصافحہ کر کے چلے گئے۔ پھر حضرت نے فرمایا کہ ایسا بڑا شوق تھا اور فقط دینا ہی مقصود تھا تو منی آرڈر کر کے بھیج دیتے۔ ان صاحب نے چلتے وقت یہ بھی کہا تھا کہ غلام سے خطا ہوئی۔ فرمایا کہ غلام ایسی گستاخی کر ہی نہیں سکتا تم غلام نہیں ہو بلکہ بڑے آزاد آدمی ہو جو آ کر ایسی تکلیف دی۔ یہ ایسی مثال ہے کہ رؤسا اول نوکر کے تھپڑ لگاتے ہیں اور پھر کچھ دیدیتے ہیں کہ ذرا اس کا دل ٹھنڈا ہو جاوے۔ اسی طرح اول آپ نے تکلیف دی پھر نذرانہ سے اس کا تدارک کرنا چاہا۔ ان لوگوں کو پیرزادوں نے بگاڑا ہے تھوڑی سی خطا ان کی بھی ہے کہ حکام دنیوی کے ساتھ ایسا معاملہ کیوں نہیں کرتے گو ہم اس قابل نہیں لیکن وہ

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

محبت کا دعویٰ کرتے ہیں تو اس پر ان سے شکایت کی جاتی ہے۔

تکلفہ دارد کسے با ت کار ولیکن چو گفتی دلیلش بیار

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو کفار کس قدر ستاتے تھے مگر حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو کبھی ناگوار نہیں ہوا اور مسلمانوں کی ذرا ذرا سی بات پر ناگواری ہوتی تھی ایک ذرا سا مسئلہ لفظ ابل کا دریافت کیا گیا اس پر حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا چہرہ مبارک سرخ ہو گیا تھا۔ف۔اس سے بھی حضرت والا کی شان تربیت اور فراست صحیحہ اور اشاعت دین میں خلوص ثابت ہے۔

دقت فہم معنی رسی

فرمایا کہ حضرت قطب الدین بختیار کاکیؒ کی قبر کچی ہے میں نے اس کا سبب پوچھا لوگوں نے کہا کہ یہ متبع شریعت بہت تھے۔اس وجہ سے ان کی قبر کچی ہے۔پھر فرمایا کہ حضرت شمس الدین ترک پانی پتی کے مزار پر سماع نہیں ہوتا اور قطبؒ صاحب کی قبر پر عورت نہیں جانے پاتی لیکن سبب اس کا احکام کی وقعت نہیں ورنہ سب جگہ ہوتا بلکہ خاص ان بزرگ کی تعظیم ہے بس یہ حالت اعتقاد کی رہ گئی ہے کہ شریعت کی بات کو براہ راست نہیں مانتے اور جب کسی بزرگ سے اس کا تعلق ہو تب قابل عمل سمجھتے ہیں اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے فرمانے کی وقعت نہیں۔ف اس سے حضرت والا کی دقت فہم اور معنی رسی ظاہر ہوئی۔

بے تکلفی، سادگی، شان تربیت

فرمایا کہ ایک مرتبہ گلاوٹھی جاتے ہوئے ہاپوڑ اترا وہاں کے سب انسپکٹر صاحب کو ایک سپاہی نے اطلاع کر دی انہوں نے اپنے مکان پر ٹھہرایا اور شبیر علی کو پانچ روپیہ دینے لگے۔انہوں نے کہا کہ میں بے اجازت نہیں لے سکتا اس پر انہوں نے کہا مجھے اجازت دے دیجئے۔میں نے کہا کہ آپ ان کے باپ کو دیتے ہیں یا مجھے یا ان کو اگر آپ ان کو دیتے ہیں تو ان کے کام نہیں آ سکتا کہ ان کا نان ونفقہ ان کے والد کے ذمہ ہے بس اب یہ دینا ان کے والد کو ہوا ان کا نفع پانچ روپیہ کا ہو جاوے گا کہ پانچ روپیہ خرچ کے بچ جاویں گے غرض ان کے کام تو نہ آیا اور اگر ان کے والد کو دینا ہے تو ان کو تو خبر بھی نہیں جو مقصود ہے

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

ہدیہ کا یعنی باہمی تعلقات کا بڑھنا وہ حاصل نہ ہوا۔ اور اگر مجھ کو دینا ہے تو میرے ہوتے ہوئے ان کے ہاتھ میں دینا کیا معنی۔ اب آپ یہ کہئے کہ آپ کا مقصود کس کو دینا ہے تب انہوں نے بے تکلف کہہ دیا کہ مجھے تو آپ کو دینا مقصود ہے۔ تو میں نے کہا میرے ہاتھ میں دو چنانچہ انہوں نے مجھے دئے میں نے لے لئے پس بے تکلف بات یہ تھی۔ ف اس سے حضرت والا کی بے تکلفی، سادگی نیز شان تربیت معلوم ہوئی۔

حسن انتظام، تعلیم آداب معاشرت

ایک صاحب نے حضرت والا کی چھتری جہاں سے لی تھی بجائے اس کے دوسری جگہ رکھ دی فرمایا کہ یہ بھی آداب میں سے ہے کہ جو چیز جہاں سے لے وہیں رکھے اور صرف دوسرے ہی کی چیز نہیں بلکہ اپنی بھی جہاں سے لے وہیں رکھے۔ میں نے تو اپنے مکان میں تمام چیزیں مقررہ جگہوں پر رکھی ہیں۔ اس میں پریشانی نہیں۔ فرض کرو دیا سلائی کا بکس ہے اگر مقررہ جگہ پر رکھا ہوگا تو اگر آدھی رات کو بھی ہاتھ پڑے گا تو فوراً مل جاوے گا۔ (ف) اس سے حضرت والا میں حسن انتظام کا طبیعت ثانیہ ہونا معلوم ہوا اور تعلیم آداب معاشرت کی بھی۔

حقیقت شناسی

ایک پنشن دار کا خط آیا تھا ایک مولوی صاحب نے پوچھا کہ پنشن کی حقیقت کیا ہے فرمایا کہ پنشن کی حقیقت آسان ہے کہ یہ اب معذور ہو گیا اب کہاں جائے بس یہ ہبہ ہے۔ ف اس سے حضرت والا کی حقیقت شناسی ثابت ہے۔

رعایت مذاق مخاطب

فرمایا کہ میں نے تشبہ کے متعلق گورکھ پور میں ایک مضمون بیان کیا تھا کہ تشبہ عقلی طور پر بھی مذموم ہے اگر کسی جنٹل مین سے کہا جاوے کہ آپ اپنی بیگم صاحبہ کا لباس پہن کر باہر کرسی پر بیٹھ جایئے تو کیا گوارا کریں گے۔ اگر دعویٰ کریں کہ ہم گوارا کریں گے تو ہم ایسے نہ مانیں گے ذرا عملی طور پر کر کے دکھلاویں اور اگر ایسا نہیں کر سکتے تو منشا اس ناگواری کا تشبہ نہیں ہے تو اور کیا ہے۔ ف اس سے حضرت والا کی رعایت مذاق مخاطب معلوم ہوئی۔

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

حقیقت شناسی

فرمایا کہ بہت عرصہ تک میں یہ سمجھتا رہا کہ بخل زیادہ برا ہے اسراف سے لیکن واقعات سے معلوم ہوا کہ مضرتیں اسراف میں زیادہ ہیں۔ بخل میں اتنی مضرتیں نہیں ہیں مگر اہل عرف بخل کو زیادہ برا سمجھتے ہیں۔ بخیل اکثر نمازی اور وظیفچی بہت ہوتا ہے کہ کسی طرح لوگ اس کے معتقد ہوں۔ ف اس سے حضرت والا کا تجربہ اور حقیقت شناسی ظاہر ہے۔

دقت فہم

فرمایا کہ آیت مداینہ یاایھا الذین امنو اذاتدایتم بدین الخ سب سے زیادہ رحمت کی آیت ہے کیونکہ اس سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ اللہ میاں کو ایک پیسہ کا ہمارا نقصان گوارا نہیں پھر وہ ہمارے عذاب کو کس طرح گوارا فرمائیں گے۔ ف۔ اس سے حضرت اقدس کی دقت فہم ظاہر ہے۔

عزت دین، عقل و تجربہ و فہم سلیم

فرمایا کہ اگر کوئی دین کی حاجت لے کر آئے تب تو سبحان اللہ اور جو دنیا کی حاجت لے کر آتا ہے وہ نظروں سے گر جاتا ہے۔ پھر فرمایا کہ امیروں کو جس خاص اکرام کی عادت ہوتی ہے اگر ان کا وہ اکرام نہ کیا جاوے تو ان کو رنج ہوتا ہے اس لئے ان کے ساتھ معاملہ غربا سے ذرا ممتاز ہونا مصلحت ہے۔ ف یہ ملفوظ حضرت والا کے عظمت دین عقل و تجربہ و فہم سلیم پر دال ہے۔

کمال ادب بزرگان

فرمایا کہ مولانا احمد حسن صاحب امروہی میں متانت بہت تھی بعض کو خودداری کا شبہ ہو جاتا تھا ایک دفعہ مولانا کی خدمت میں حاضر ہوا۔ آدھی رات کو استنجے کی ضرورت ہوئی۔ اول شب میں دریافت کرنا یاد نہ رہا۔ بس خدا کی قدرت مولانا خود اندر سے تشریف لائے کہ کوئی حاجت ہے میں نے کہا جی ہاں بڑے استنجے کی حاجت ہے۔ مولانا نے فرمایا کہ اس وقت دونوں کو تکلیف نہ ہوگی اندر زنانہ مکان میں چلو اور خود استنجے کے ڈھیلے اور پانی رکھ آئے میں نے کہا یہ تو آب زم زم ہے اب استنجا کاہے سے کروں۔ اللہ اکبر کیا اخلاق ہیں۔

ف۔ اس سے حضرت والا کا کمال ادب بزرگوں کا معلوم ہوا۔

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

حقائق شناسی، عقل زرین، فہم سلیم

فرمایا کہ محبت وتعلق مع اللہ۔ خدا کا خوف۔ خدا کا شوق، دنیا سے بے رغبتی یہ اصل دین ہے۔ باقی کھانا کمانا دنیا ہے جو کہ غیر مقصود ہے۔ ہاں بعض اوقات معین دین ہے اور بالعرض مقصود بھی ہو جاتی ہے لیکن بالذات مقصود نہیں۔ پس اگر خدا تعالیٰ کسی کو ایسی کرامت دیں کہ اسے کھانے کی ضرورت ہی نہ رہے تو ایسا شخص پھر کھانے کمانے کا مکلف نہیں کہیں ایسا ہوتا ہے کہ بلا اکتساب ملتا ہے یا پہاڑوں وغیرہ میں بعض بزرگ رہے ہیں انہوں نے وہاں کے پھل وغیرہ کھا کر ہی گزر کی ہے تو ایسے شخص کو ضرورت نہیں کمانے کی جس سے معلوم ہوا کہ دنیا محض خادم دین ہے اور خادم ہونے کے درجہ میں مرتبہ تابعیت میں مجازاً اس کو دین کہہ دیتے ہیں۔ جیسے کوئی شخص کسی سے پوچھے کہ کھانا شہر میں کتنے داموں میں پڑ جاتا ہے اور جواب میں معلوم ہو کہ دس روپیہ میں حالانکہ ان ہی دس روپیہ میں دو روپیہ کے کنڈے بھی ہیں بھلا اسے کھانے سے کیا علاقہ مگر طبعاً وہ بھی کھانے کے متعلق ہیں۔ اسی طرح کمانا بال بچوں کے لئے فی نفسہ دین نہیں ہے البتہ معین دین ہے دین خالص تو نام ہے تعلق مع اللہ کا۔ البتہ دین کے موافق بال بچوں کی خدمت کرتا ہے تو ثواب ملتا ہے۔ ف حضرت والا کی حقائق شناسی اور عقل زرین۔ فہم سلیم پر بدرجہ کمال دال ہے۔

حق شناسی، عداوت نفس وحکمت

فرمایا کہ شیطان کے پاس شہوت وغضب وغیرہ جداگانہ آلات نہیں ہیں وہ انسان ہی کے ان آلات سے کام لیتا ہے۔ اسی واسطے سالکین کو تعلیم کی جاتی ہے کہ اپنے کو کسی وقت فارغ مت سمجھو پھر فرمایا کہ اپنے سے بھاگنا بہت مشکل ہے۔ جس شخص کی ہستی ہی اس کی دشمن ہو اسے چین کہاں اور ہستی کا مٹانا یہ ہے فنا کر دے (اپنے صفات رذیلہ کو اور اپنے وجود کو کالعدم کر دے موتوا قبل ان تموتوا کا مصداق بنا دے۔ جامع) ف اس ملفوظ سے بھی حضرت والا کی حقائق شناسی وحکمت ومعرفت اور عداوت نفس اظہر من الشمس ہے۔

تجربہ وعقل وفہم سلیم

ایک صاحب جو تھانہ بھون مستقل طور پر مع بی بی کے قیام کرنا چاہتے تھے حاضر خدمت والا ہوئے فرمایا کہ دو شخصوں کا معاملہ ہے (یعنی ان صاحب کا اور ان کی بیوی کا اس

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

کا مدار ہے تجربہ پر اور تجربہ دونوں کے رہنے سے ہوسکتا ہے سو عارضی طور پر چند روز یہاں رہیں اس وقت اندازہ ہو جاوے گا اور بدوں اس تجربہ کے اگر یہ تعلقات قطع کر کے آویں اور بی بی ان کی خبر لیں لڑائی بھڑائی ہو تو اس سے کیا فائدہ اول چندے رہ کر تجربہ کر لینا چاہئے۔ف اس سے بھی حضرت والا کا تجربہ وعقل وفہم سلیم ثابت ہے۔

حقیقت شناسی' انصاف' ذوق سلیم

فرمایا کہ حق تعالیٰ باطن اتنا ہے کہ خواہ مرر ہو مگر ظاہر نہ ہووے اور ظاہر اتنا ہے کہ خواہ مرر ہو مگر پوشیدہ نہ ہو۔آنکھوں سے بالکل پوشیدہ اور دل کے سامنے ظاہر (ف) یہ ملفوظ بھی حقیقت شناسی پر دال ہے۔

احتیاط وتقویٰ وتوکل

فرمایا کہ ایک بار علی گڑھ اور ایک بار بریلی میں مجھے خناق کی بیماری ہوگئی تھی شفاخانہ سے دوا منگائی اگرچہ ڈاکٹر نے اطمینان دلایا تھا مگر پھر بھی اس کے استعمال کے زمانہ میں ایک ایسا گندہ خواب دیکھا کہ عمر بھر بھی نہ دیکھا تھا بس پھر میں نے وہ دوا پھینک دی لوگوں نے کہا کہ استعمال کر لو میں نے کہا واہ جی حقیقی شفا دینے والا اللہ تعالیٰ ہے۔ پھر ایک دوست نے ایک جڑی ڈاک کے ذریعہ سے بھیج دی اس کا دھواں لینے سے مرض جاتا رہا پھر فرمایا کہ خمر سے کوئی انتفاع جائز نہیں۔اس کی طرف دل خوش کرنے کے لئے دیکھنا بھی ناجائز ہے۔فقہا نے لکھا ہے۔ف اس سے حضرت اقدس کی احتیاط وتقویٰ اور توکل اظہر من الشمس ہے۔

حقیقت شناسی' انصاف بذوق سلیم

فرمایا کہ اگر کوئی صاحب ذوق ہو تو سمجھ سکتا ہے کہ ایسا شخص جو تکلف کے ساتھ محبت کا دعویٰ کرے محبت رکھنے والا نہیں ہے۔محبت تو ایسی چیز ہے کہ ان دعووں کو بھی پھونک دیتی ہے۔

ف:۔یہ بھی حضرت اقدس کے صاحب ذوق اور حقیقت شناسی ہونے کی بین دلیل ہے۔

قلت تعلق مع الغیر

ایک مولوی صاحب کی بھتیجی کا انتقال ہوگیا تھا ان کا خط آیا جس میں کچھ غلو کے ساتھ رنج کا اظہار تھا فرمایا کہ اتنا تعلق بڑھانا بھی نہ چاہئے۔عذاب ہے زیادہ محبت۔

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

ف:۔اس سے حضرت والا کا قلت تعلق مع الغیر ظاہر ہے۔

فراست وحکمت ومعنی رسی

فرمایا کہ ایک مقام پر ایک مدرسہ کے جلسہ میں لوگوں نے مجھے بلایا اور ان لوگوں کے ایک پیر تھے جاہل ان کو بھی بلایا وہ پیر ایک مولوی کو پکڑ کر لائے تھے تاکہ اگر ان پیر صاحب کے کسی مصلحت کے خلاف کچھ بیان کروں تو وہ مولوی صاحب مناظرہ کریں۔ میں نے وعظ میں ظاہراً تو ایسے لوگوں کی کوئی مذمت نہیں کی مگر کلیات ایسے بیان کئے کہ جن میں علماء کی فضیلت اور غیر علماء کی اقتداء نہ کرنے کی تحقیق تھی اس کے بعد میں نے بیان کیا کہ کسی کی مالی خدمت کرنے کے لئے تو زیادہ جانچ کی ضرورت نہیں خاندانی سلسلہ والوں کی بھی خدمت کرنی چاہئے گو وہ قابل اقتدار کے نہ ہوں کیونکہ بوجہ کسی کمال نہ ہونے کے قابل رحم ہیں۔ ان کی روزی کیوں بند کی جاوے۔ برآوردن کار امید دار الخ وہ بزرگوں کی اولاد ہیں خدمت تو ان کی کرو مگر باتیں دین کی علماء سے پوچھو۔ ان کو ایک پیسہ بھی نہ دو۔ وہ پیر بعد وعظ کے میرے ہاتھ چومتے تھے حالانکہ میں نے ان کی جڑ ہی کاٹ دی کہ جب ان سے لوگ پوچھیں گے نہیں تو دیں گے کیوں۔

ف:۔اس سے حضرت والا کی فراست وحکمت ظاہر ہے۔

تحقیر دنیا۔شان تربیت

فرمایا کہ واقعی انتظام کے پہلو کی نظر سے دنیا کی طرف توجہ کرنا یہ بھی دنیا ہے۔ دنیا کو ہیچ سمجھنا تو یہی ہے کہ اس کے انتظام کی فکر بھی نہ کرے الا بوجوب شرعی۔ چنانچہ اگر کوئی ہمارے نام سے ٹھیکرے جمع کرے تو ہم اس کا کچھ انتظام نہ کریں گے۔ پھر فرمایا کہ حضرت حاجی صاحب کی خدمت میں ایک شخص نے چھ ہزار روپے بھیجے۔ حضرت کو پہلے سے اطلاع تھی فلاں شریف شخص کو کچھ پریشانی ہے حضرت نے فوراً ان کو بلا کر یکمشت سب روپے دے دیئے حضرت کا جب انتقال ہوا تو کچھ بھی نہ تھا۔ پھر فرمایا کہ حضرت اس کا بھی اہتمام رکھتے تھے۔

ا:۔حضرت والا کی تحقیر دنیا کی اور شان تربیت ثابت ہوئی۔

حقیقت شناسی علم وحکمت وشان تربیت

ایک صاحب انگریزی خواں تشریف لائے انہوں نے بے موقع سوالات کئے اس پر فرمایا

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

کہ انگریزی پڑھنے میں جو بری صحبت رہتی ہے اس سے آزادی اور خودرائی پیدا ہو جاتی ہے معلوم ہوا کہ وہ سائل کتابیں بھی دیکھا کرتے ہیں فرمایا کہ کتابوں کے مطالعہ سے حقیقت دین کی نہیں ہوتی۔ پھر ان سے کہا کہ جس حیثیت سے آپ آئے ہیں اس طریقہ کے مناسب یہ ہے کہ سوالات نہ کرنے چاہئیں۔ صرف یہاں کی باتیں سننی چاہئیں۔ ابھی آپ کا دین ضابطہ کا ہے ابھی آپ کو مناسبت نہیں۔ پھر جب یہ صاحب چلے گئے تو فرمایا کہ اگر وہ ایک ہفتہ رہتے تو کچھ معلوم ہوتا کہ ہاں دین کچھ چیز ہے۔ اب تو لوگ اصلاح ظاہری اعمال کو دین کہتے ہیں اس پر ایک مولوی صاحب حاضر مجلس نے کہا کہ صورت دین کی ہوتی ہے حقیقت دین کو سمجھے ہوئے نہیں ہوتے اس پر فرمایا کہ جی ہاں شیفتگی دین کے ساتھ بدوں صحبت کے نہیں ہوتی۔ بعض عوام الناس کو صورت کی خبر نہیں ہوتی لیکن ان میں جو ظاہر ہوتا ہے پھر فرمایا کہ یہ بڑی دولت ہے کہ رگ وریشہ میں دین گھس جاوے۔ یہ بدون صحبت کے نہیں ہوتا یہ امر فطری ہوتا ہے پھر بطور تفریع فرمایا کہ قدیم الاسلام میں جو جوش ہوتا ہے اکثر نو مسلم میں نہیں ہوتا اسی طرح دین کا فہم جیسا قدیم الاسلام میں ہوتا ہے اکثر نو مسلم میں نہیں ہوتا مگر جہاں کوئی قوی الاثر صحبت میسر ہو جاوے۔

ف:۔ اس سے حضرت والا کی حقیقت شناسی، علم وحکمت وشان تربیت ثابت ہے۔

احتیاط وتقویٰ وتوکل

فرمایا کہ میں بچپن سے جانتا تھا کہ زمینداری کے ساتھ دینداری جمع نہیں ہو سکتی میں نے بچپن میں ایک پرچہ پر لکھ دیا تھا کہ اگر کبھی زمین کا مالک ہوں گا تو اپنی ملک میں نہ رکھوں گا چنانچہ اس پر عمل کیا۔ اگر میں خود زمین رکھتا تو اگر کسی گنجائش کی صورت میں جواز کا فتویٰ دیتا تو لوگ یہی کہتے کہ مطلب کے فتوے ہیں جب چاہا جائز کہہ دیا۔

ف:۔ حضرت والا کا تقویٰ اور احتیاط وتوکل بدرجہ کمال ظاہر ہے۔

نظر بر حقیقت

ایک صاحب نے اپنے لڑکے کے نکاح کے متعلق حضرت والا سے مشورہ لیا (وہ لڑکا پڑھنے میں مصروف تھا ان صاحب نے یہ بھی عرض کیا کہ اب موقع اچھا ہے۔ اس پر فرمایا کہ

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

ہمارا مذہب ہے کہ اگر جولاہی مل جاوے تو وہی سہی مرد کو تو ایک عورت چاہئے اس وقت اس کا پڑھنا کیوں برباد کیا۔ جن بزرگوں پر ہم کو ناز ہے اکثر ان کے گھروں میں کنیزیں تھیں کوئی فارس سے آئی ہوئی تھی کوئی حبش کی تھی۔ چنانچہ جب یہاں مسلمان آئے تو کیا سب عورتیں ان کے ساتھ آئی تھیں۔ ف:۔ اس سے معلوم ہوا کہ حضرت والا کی نظر ہمیشہ حقیقت پر رہتی ہے۔

حقیقت شناسی

خواجہ صاحب کے دریافت کرنے پر فرمایا کہ تغنی وہ ہے جو قواعد موسیقی کے موافق قصداً ہو کا تغنی کو منع کیا گیا۔ قرآن مجید اچھی آواز سے پڑھنا گانا نہیں ہے۔

ف:۔ اس سے بھی حقیقت شناسی ظاہر ہے۔

اپنا بار کسی پر نہ ڈالنا

دہلی کے جلسہ میں جانے کے لئے یا حضرات تیار تھے فرمایا کہ سب لوگ مولانا (حضرت داعی) ہی کے ذمہ جا پڑیں گے اس کا اچھا طریقہ یہ ہے کہ کھانا یہاں سے تیار کرا کر لے چلیں اور وہاں پہنچ کر مولانا سے اجازت لیں۔ ف:۔ اس سے بھی ایذاء مسلم سے سخت حذر ثابت ہوا۔

دقت فہم: فرمایا کہ شریعت پر پورا عمل نہ کر سکنے کی وجہ یہ ہے کہ اس کے احکام آسان زیادہ ہیں۔ اس لئے ان پر عمل دشوار ہے۔ اس سے بھی حضرت والا کی دقت فہم و حقیقت شناسی ظاہر ہے۔

سہولت پسندی

فرمایا کہ جب میں کسی سے کام لیتا ہوں تو مجھے اس کا خیال رہتا ہے کہ کام آنے والے کو آسانی ہو۔ سہولت پسندی ظاہر ہوئی۔

احسان نہ لینا' رعایت مخاطب

ایک شخص کچھ پھوٹیں اور لیموا اور آم ہدیہ لایا حضرت والا نے فرمایا تم غریب آدمی ہو اور ہمیشہ کچھ نہ کچھ لے آتے ہو بڑا احجاب ہوتا ہے اس کو اپنے بال بچوں میں خرچ کرتے یا یوں کرو کہ قیمت لے لیا کرو مجھے یہ فائدہ ہوگا کہ بلا تلاش کے عمدہ چیز مل جایا کرے گی۔

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

ف:۔اس سے ثابت ہے کہ حضرت والا کسی کا احسان اپنے سر نہیں لینا چاہتے نیز اس میں رعایت مخاطب بھی کس قدر ملحوظ ہے۔

تواضع خشیت از ایذا دیگر وشان تربیت

ایک روز آدھی رات کے بعد ایک مریض کو حکیم محمد مصطفیٰ صاحب کی ضرورت ہوئی جو مولوی مظہر صاحب کے مکان میں مقیم تھے۔آدمی نے آکر پھاٹک کے باہر سے آوازیں دیں لیکن باوجود دیر تک چیخنے چلانے کے اندر سے کچھ جواب نہ ملا حتیٰ کہ حضرت والا پھاٹک سے ذرا فصل پر بیرونی مکان میں آرام فرما تھے اور مولانا احمد حسن صاحب سنبھلی جو دیوان خانہ میں سوتے تھے بیدار ہوئے مولوی صاحب نے کیواڑ کھولے حضرت والا کو سخت تعجب ہوا کہ پھاٹک کے متصل طالب علم سوتا ہے وہ کہاں ہے دیکھا تو وہ طالب علم تہجد میں مصروف ہے اور باوجود اتنے غل مچنے کے نہ انہوں نے نماز مختصر کی نہ قطع کی۔حضرت والا ان پر بہت ناراض ہوئے اور تادیباً مارا بھی اور فرمایا کہ اتنے دن یہاں رہ کر تمہیں یہ بھی نہ معلوم ہوا کہ دین کیا چیز ہے۔دین کثرت نوافل یا لمبی لمبی رکعتوں کا نام نہیں ہے۔دین اور ہی چیز ہے۔ پھر حضرت والا کو اس سے رنج ہوا کہ ایک نماز پڑھنے والے کو مارا گویا نہی عن الصلوٰۃ کی صورت پیدا ہوگئی۔بعد نماز فجر ان طالب علم کو بلا کر فرمایا میں اس وقت بحالت غصہ جو کچھ کہا سنا وہ اگرچہ تمہارے نفع کے لئے تھا مگر بعد میں مجھ کو ندامت ہوئی اللہ کے واسطے معاف کر دو۔یا بدلہ لے لو۔طالب علم نے حضرت والا کے پاؤں پکڑ لئے اور عرض کیا حضرت نے کیا زیادتی کی میرا قصور تھا۔میں تو گھر بار اسی کے واسطے چھوڑے پڑا ہوں اگر تادیب وتنبیہ نہ ہوگی تو میرے عیب کیسے نکلیں گے۔فرمایا بھائی عاقبت کے واسطے نہ رکھو وہاں کے بدلہ کا تحمل نہیں عرض کیا حضرت کچھ خیال نہ فرماویں میں تو اس کو اپنا فخر سمجھتا ہوں۔فرمایا کہ یاد رکھو کہ دین کثرت نوافل کا نام نہیں ہے۔تم کو یہ چاہئے تھا کہ جب پکارنے والے نے پکارا تھا تو سبحان اللہ زور سے کہہ دیتے یا قراءت زور سے کرنے لگتے تاکہ اس کو معلوم ہو جاتا کہ دروازہ میں کوئی موجود ہے وہ پریشان نہ ہوتا اور پکارے چلا نہ جاتا۔

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

آس پاس کے لوگ بھی پریشانی سے بچ جاتے۔ محلہ بھر جاگ اٹھا کہ خدا جانے کوئی مر گیا یا کنویں میں گر گیا یا چور آ گھسے یا کاہے کا غل ہے۔ عرض کیا میں نے سورہ والفجر شروع کر دی تھی جب تک وہ ختم ہوئی یہ تمام غل مچ گیا۔ سبحان اللہ یہ اور بڑھ کر ہوئی آپ کی تو قرات ہوئی اور مریض اور تمام محلہ کو پریشانی ہوئی۔ چاہئے یہ تھا کہ بقدر ضرورت قراءت کر کے نماز ختم کر دیتے اور فوراً دروازہ کھول دیتے۔ مریض مضطر ہوتا ہے اور اس دیر کرنے میں اس کی ایذا ہے اور حدیث میں ہے۔ **المسلم من سلم المسلمون من لسانه و یده** جس فعل سے مسلمان کو ایذا ہو وہ دین نہیں ہے ترک دین ہے بعض موقعوں پر نماز قطع کرنا اور توڑ دینا واجب ہے مثلاً تمہارے سامنے کوئی کنویں میں گرا جاتا ہو اور تم نماز میں ہو تو واجب ہے کہ نماز توڑ کر اس کو بچاؤ ورنہ بجائے ثواب کے گناہ ہوگا۔ اس کے بعد فرمایا آج سے تم دروازہ پر نہ سویا کرو۔ میں کسی طالب علم سے خدمت نہیں لیتا ہوں طالب علم اس واسطے نہیں ہیں ان کو اپنا ہی کام بہت ہے کسی کی خدمت کریں گے یا پڑھیں گے۔ نیز اس وجہ سے کہ خدمت کرانے سے مجھ پر ان کا ایک قسم کا دباؤ اور لحاظ ہو جائے گا پھر اگر تادیب کی ضرورت ہوگی تو میں نہ کر سکوں گا۔ نیز اس خیال سے کہ خدمت کر کے کوئی اپنے کو مقرب نہ خیال کرے اور لوگ اس کو بیچ میں نہ ڈالیں اس پر بہت سے مفاسد مبنی ہوتے ہیں جیسا کہ اکثر مشائخ کے یہاں موجود ہے اور ذاکرین کو تو اس قاعدہ کے ساتھ اور زیادہ خاص کر رکھا ہے۔ اگر کوئی طالب علم خود کوئی کام میرا کر دے تو میں منع بھی نہیں کرتا ہوں لیکن ذاکرین کو اس سے بھی روکتا ہوں ایک تو ذکر کا ادب اور دوسرے اس وجہ سے کہ کوئی ان میں سے میرے اوپر کسی بات پر اصرار کی جرأت نہ کرنے لگے نیز کسی کو یہ خیال نہ ہو جاوے کہ میں مقرب ہو گیا اس سے ذکر و شغل میں کمی کرنے لگے۔

ف:۔ اس سے حضرت اقدس کی تواضع خشیت حفظ ایذاء دیگر و شان تربیت صاف ظاہر ہے۔

لایعنی سے حذر

فرمایا کہ سمجھ دار اور تحقیق پسند لوگوں سے دلیل بیان کرنا اور تشفی کر دینا مناسب ہے واجب یہ بھی نہیں الا آنکہ معلم تنخواہ اسی کی پاتا ہو۔ حضرت والا کے پاس ایک سوال آیا کہ

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

اوج بن عنق اور حضرت موسیٰ علیہ السلام اور آپ کا عصا کتنے کتنے لمبے تھے جواب لکھا کہ جیسا یہ سوال غیر ضروری ہے اسی طرح جواب کی بھی ضرورت نہیں۔ کسی سوال لایعنی کے جواب میں فرما دیتے ہیں مجھے فرصت نہیں۔ کسی کو کہہ دیتے ہیں کسی اور عالم سے پوچھ لو۔ کسی کا جواب نہ دیتے۔ اور اگر جواب کے لئے ٹکٹ بھیجا ہو تو اس کو واپس کر دیتے ہیں۔ کسی کو لکھ دیتے ہیں کہ قرائن سے معلوم ہوتا ہے کہ تحقیق منظور نہیں لہذا تضیع وقت سمجھ کر سکوت کیا جاتا ہے کسی سے ایک دفعہ اصل مسئلہ کی تقریر کر کے فرمایا اس سے زیادہ مجھ کو معلوم نہیں آپ کی تشفی مجھ سے نہیں ہو سکتی۔ ف:۔ اس سے حذر از لایعنی جو اسلام کا حسن ہے صاف ظاہر ہے۔

مدارات مخاطب

ایک روز اخباری قصے کچھ دیر تک حاضرین مجلس میں ذکر ہوتے رہے ایک صاحب نے غیبت میں اعتراض کیا کہ مشائخ کے شان کے خلاف ہے کہ زائد از کار باتیں سنیں۔ مشائخ کے یہاں تو سوائے حقائق و معارف کچھ بھی نہ چاہئے۔ کسی نے یہ اعتراض حضرت والا کے کان تک پہنچا دیا تو فرمایا ہاں یہ اعتراض صحیح ہے۔ میں جو ایسی باتوں میں لوگوں کے ساتھ ہو جاتا ہوں تو اس کی وجہ مدارات مخاطب ہے کوئی میرے پاس آ کر بات کرے اور میں منہ موڑوں تو اس کو صدمہ ہوگا۔ بالخصوص مہمان جو دور سے آتے ہیں ان کی دل شکنی بہت زیادہ بری معلوم ہوتی ہے۔ زائد از کار باتوں کی برائی میرے نزدیک دل شکنی سے کم ہے ورنہ میرا دل ان باتوں سے بہت الجھتا ہے مگر کیا کروں اس ضرورت سے صبر کرتا ہوں۔

ف:۔ اس سے حضرت والا کی مدارات مخاطب ظاہر ہے۔

استغناء و ایثار

فرمایا کہ ریاست بہاولپور علم کی قدرداں ہے۔ اکثر علماء جاتے آتے رہتے ہیں مجھے گو اس قسم کا شوق نہیں مگر ایک مرتبہ مولوی رحیم بخش صاحب مدار المہام کے اصرار سے جانا پڑا مولوی صاحب اہل علم سے نہایت محبت رکھتے تھے۔ بڑی خاطر سے پیش آئے۔ مولوی صاحب نے نواب صاحب سے ملایا۔ ریاست کا دستور ہے کہ جب کوئی نواب صاحب سے

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

ملے تو خلعت اور دعوت ملتی ہے۔ مجھے بھی ڈیڑھ سو روپے خلعت کے اور اکیس روپیہ دعوت کے دیئے گئے اور مولوی صاحب نے مجمع عام میں دیئے اور یہ بھی کہا کہ آئندہ کے لئے انتظام کر دیا ہے کہ جب آپ تشریف لاویں یہ روپیہ ملا کرے گا میں نے بایں خیال کہ واپس کرنے میں ریاست کی توہین ہوگی وہ روپیہ لے لیا کہا گیا کہ رسید لکھنی پڑے گی میں نے رسید بھی لکھ دی۔ بعد ازاں تنہائی کے وقت ایک صاحب کے ہاتھ جو وہاں سپرنٹنڈنٹ پولیس تھے وہ روپیہ مولوی صاحب کے پاس بھیجا نہایت شرمندہ ہوئے اور لے لینے کے واسطے اصرار کیا مگر میں نے نہ مانا۔ فرمایا پھر جناب نے اسی وقت کیوں نہ واپس کر دیا تھا۔ میں نے کہا اس کو ریاست کے لئے باعث توہین سمجھا فرمایا یہ تو آپ کی توہین ہوئی اور ہم کسی طرح گوارا نہیں کر سکتے۔ میں نے کہا میری توہین تو جو کچھ ہونا تھی ہو چکی۔ ریاست کی توہین تو نہ ہوئی اور میری توہین کیا ہے توہین تو اس کی ہو جو شاندار آدمی ہو ازالہ شان کا نام توہین ہے۔ جب شان ہی نہیں ازالہ کس چیز کا ہوگا۔ اس وقت واپس نہیں کیا اب واپس لے لیجئے میں اس کو اپنے واسطے جائز نہیں سمجھتا۔ ریاست کا خزانہ بیت المال ہے۔ اس میں مساکین کا حق ہے یا قریب کے علماء کا جو یہاں کے لوگوں کو نفع پہنچا سکتے ہیں۔

ف:۔ اس سے حضرت والا کا کمال استغنا اور ایثار ظاہر ہے۔

رویا صحیحہ ایک شبہ کا جواب

فرمایا کہ ایک دفعہ ملکہ وکٹوریہ کو اس کی حیات کے زمانہ میں خواب میں دیکھا کہ ایسی گاڑی پر سوار ہے کہ نہ اس میں گھوڑا ہے نہ باگ نظر آتی ہے یونہی خود بخود چلتی ہے۔ (اس وقت تک موٹر کار جاری نہیں ہوئی تھیں) مجھ سے ملکہ کی ملاقات ہوئی اور اس نے کہا ہم کو اسلام ہی حق معلوم ہوتا ہے۔ صرف ایک شبہ باقی ہے وہ یہ کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے منقول ہے کہ آپ مزاح فرماتے تھے یہ بات عقل اور تہذیب سے بھی بعید ہے چہ جائیکہ نبوت۔ میں نے کہا حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے حالات کو غور سے پڑھئے کہ ہر بات میں حق تعالیٰ نے آپ کو ایسا کمال عطا فرمایا تھا کہ کسی کو بھی نہیں دیا اور منجملہ دیگر کمالات کے مہابت و رعب بھی ہے۔ حضور

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

صلی اللہ علیہ وسلم کی ہیبت ایسی تھی کہ کوئی آپ کے سامنے بات نہیں کرسکتا تھا اور نبوت کا فائدہ اور غرض ہے تعلیم۔ تو اس صورت میں اس کے پورا ہونے کی کیا صورت ہے جب تک کہ لوگوں کو انس نہ ہو۔ اس انس کو پیدا کرنے کیلئے آپ قصداً اپنی ہیبت گھٹاتے اور کبھی کبھی مزاح فرماتے تھے تاکہ لوگ دل کھول کر مافی الضمیر ظاہر کرسکیں اور جو پوچھنا ہو پوچھ سکیں اس جواب کو ملکہ نے بہت پسند کیا اور کہا اب کوئی شبہ اسلام کے متعلق باقی نہیں رہا۔

ف:۔ اس سے حضرت والا کا رویا صحیحہ کے علاوہ دقت نظر واضح ہوا۔

معاملہ کی صفائی۔ فراست وتواضع۔ ترحم ومراعات مع الخلق

ایک طالب علم کو اجرت پر نقل خطوط کا کام دیا ہوا تھا اس نے بہت غلطیاں کیں۔ حضرت والا نے ان پر تشدد فرمایا۔ انہوں نے معذرت کی۔ فرمایا کہ کتاب کا ناس کرانا منظور نہیں کہاں تک یہ غلطیاں بنائی جاویں۔ اور ایک رقعہ ان کو لکھا کہ کئی روز سے غلطیاں بہت زیادہ اور فاش دیکھی جاتی ہیں مجھے احساس ہوا ہے کہ میری خاطر سے یہ کام کیا جاتا ہے دلچسپی سے اور مزدوری سمجھ کر نہیں کیا جاتا اگر میرا خیال ٹھیک ہے تو صاف ظاہر کردو۔ کتاب کے خراب کرنے سے کیا فائدہ مجھے جواب صاف مل جانے میں کلفت نہ ہوگی اور کام خراب ہونے سے کلفت ہے انہوں نے جواب میں لکھا درحقیقت یہی بات ہے مجھ کو اس کام سے دلچسپی نہیں۔ کسی اور کے سپرد فرمایا جاوے۔ چنانچہ ایسا ہی کیا گیا پھر حضرت والا نے فرمایا لوگ مجھ کو متشدد کہتے ہیں حالانکہ ایسے لوگ موجود ہیں جو دس دس برس میرے پاس رہے اور کبھی اف کرنے کی نوبت نہیں آئی۔ یہ غلطیاں وہ ہیں جن کی وجہ تغافل ہے جو آج کل عام طور سے طبائع میں ہے۔ میں کسی سے بلا اجرت کام نہیں لیتا ہوں حالانکہ رواجاً اور قانوناً ہر طرح مجھے حق ہے کہ کام لوں کیونکہ کوئی مجھ سے بیعت ہے کوئی شاگرد ہے لیکن میں اس کو حرام شرعی سمجھتا ہوں میں اس کو داخل تکبر سمجھتا ہوں جیسا کہ رؤسا راہگیروں سے کام لیا کرتے ہیں کہ ارے فلانے بازار میں فلانے سے یہ کہتے جاتا۔ ایسا مذاق بگڑا ہے کہ لوگ اس کو کچھ بھی نہیں سمجھتے ہیں۔ وہ راہگیر نہ ان کی رعیت ہے نہ کوئی شناسا بمرتبہ دوستی مگر ابتداء

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

سے عادت حکومت کی پڑی ہوئی ہے ہر شخص سے کام کے لینے کو اپنا حق سمجھتے ہیں۔ اس حق کی حقیقت جب معلوم ہو کہ ان کے اوپر جو حاکم ہے وہ ان کو پکڑ پکڑ کر کسی ناگوار کام پر بھیج دے۔ ہم بہاولپور گئے گرمی کا موسم تھا پنکھا کھینچنے کے لئے قیدی بلائے گئے۔ مجھے سخت ناگوار ہوا اور چاہا کہ ان کو واپس کر دوں لیکن معاً خیال ہوا کہ جیل خانہ سے تو یہاں اچھے رہیں گے خدا جانے وہاں کیا کیا مشقت لی جاتی ہوگی اس واسطے واپس نہ کیا اور جب سب لوگ چلے گئے تو ان سے کہہ دیا کہ پنکھا بند کرو خالی بیٹھے رہو سو جاؤ کیونکہ بیگار لینا جائز نہیں پھر کھانا آیا تو ان کو بھی دلوا دیا۔ قیدیوں کی یہ حالت تھی کہ اس قدر خوش تھے کہ وہ کہتا تھا میں بلایا جاؤں وہ کہتا تھا میں بلایا جاؤں ایسا کھانا انہوں نے کہاں کھایا ہوگا۔

ف:۔ اس سے حضرت والا کا صفائی معاملہ ترحم و مراعات مع الخلق و فراست و تواضع اظہر من الشمس ہے۔

حسن معاشرت اہلیہ کے ساتھ عقل، کامل، احسان سیاسی

نقل فرمایا کہ اہل خانہ کا ارادہ قریب ایک سال سے بمقام جھانسی میرے بھائی منشی مظہر کے یہاں جانے کا تھا اور اب اس کا یہ بھی موقع ہوا کہ منشی مظہر کی والدہ کا انتقال ہو گیا اور ان کے گھر میں تنہا ہیں۔ کوئی بال بچہ ہے ہی نہیں جو اسی سے ذرا دل بستگی رہتی۔ میں نے اس سے کبھی منع نہیں کیا کیونکہ دل شکنی تھی۔ اب بالکل تیار تھیں۔ رات تک بات طے ہو چکی تھی اور تمام انتظامات ہو گئے تھے۔ اس وقت صبح میں نے ایک تقریر کی اس سے وہ تمام رائیں پلٹ گئیں وہ تقریر یہ تھی کہ یہ غور کر لینا چاہئے کہ اس سفر میں (ارادہ ان کا بریلی کانپور جھانسی کا تھا) مصالح زیادہ ہیں یا مضار۔ مصلحت تو صرف یہ ہے کہ مظہر کے گھر میں تنہا ہیں ذرا تقلیل وحشت ہوگی اور مضار یہ ہیں۔ صعوبات سفر، مہمان عورتوں کی دل شکنی گو اولی درجہ کی ہو روپیہ کی اضاعت کم از کم سو روپیہ کا خرچ ہے۔ ریل کا کرایہ جگہ جگہ اترنا دینا لینا کانپور میں ایک دوست کی حالت نازک ہے ان کے یہاں جس بہانہ سے بھی کچھ پہنچ جاوے بہتر ہے۔ تو منفعت تو ایک ہے اور مضرتیں کئی۔ دیکھ لو ترجیح کس کو ہونی چاہئے۔ انہوں نے کہا

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

اس تقریر سے تو ظاہر ہے کہ سفر نہ کرنا چاہئے۔ مگر آج سے پہلے کی بھی رائے تھی۔ میں نے کہا رائے نہیں بلکہ اجازت تھی اجازت اور چیز ہے اور رائے اور چیز۔ اجازت کے معنی ہیں کسی کام سے منع نہ کرنا۔ اور رائے کے معنی ہیں کسی درجہ میں اس کام کا امر کرنا۔ کہا خیر آپ منع تو نہیں کرتے ہیں کہا نہیں۔ منع تو اب بھی نہیں کرتا مگر عقل کی بات بتاتا ہوں۔ ہر کام میں آدمی کو سوچ لینا چاہئے کہ نفع زیادہ ہے یا نقصان بجز وایک فائدہ کے اگر کام کیا جاوے تو کوئی کام بھی فائدہ سے خالی نہیں اچھے اور برے کی تمیز کا کوئی معیار ہی نہ رہے گا۔ آخر میں میں نے کہا۔ میں نتیجہ ابھی سے بتائے دیتا ہوں کہ جاؤ گی خوشی خوشی اور آؤ گی پچھتاتی ہوئی۔ کہا آپ مجھے کوستے ہیں۔ میں نے کہا اگر یہ کوسنا ہے تو طبیعت تو دن رات مریضوں کو کوستے ہیں۔ کہتے ہیں اگر تم گائے کا گوشت کھاؤ گے تو بخار آجاوے گا۔ علاج نہ کروگے تو مرجاؤ گے۔ تو کیا اس کے یہ معنی ہیں کہ طبیب اس کو بخار آنا یا مرجانا چاہتا ہے۔

ف:۔ اس سے حضرت والا کی حسن معاشرت اہلیہ کے ساتھ۔ عقل کامل احسان سپاسی صاف ظاہر ہے۔

تواضع وانکسار اور دوسرے کی عدم دلشکنی واہانت کا خیال

فرمایا کہ مجھ کو نواب صاحب ڈھاکہ نے بلایا اور صرف سفر خرچ کے سو روپے بھیجے میں نے تیسرے درجہ میں سفر کیا۔ جب وہاں پہنچا تو صرف چالیس روپیہ خرچ ہوئے تھے باقی واپسی کے لئے رکھے۔ نواب صاحب نے واپسی کے لئے خرچ دینا چاہا کیونکہ ان کو یقین نہیں آیا کہ کل اتنا ہی خرچ ہوا ہے۔ میں نے مفصل حساب لکھ کر دکھلایا اور وجہ کمی کی یہ تھی کہ میں نے تیسرے درجہ میں اکثر حصہ سفر کا قطع کیا۔ نواب صاحب حیرت میں تھے۔ پھر جب وطن واپس آچکا تو پھر بھی چالیس ہی روپے خرچ ہوئے اور بیس بچ گئے۔ میں نے واپسی کو نواب صاحب کی اہانت سمجھا اس لئے بعد میں خرچ کر کے ان کو اطلاع دیدی۔ پھر فرمایا کہ ایک بار مجھ سے بھائی اکبر علی نے کہا کہ اب تم بڑے آدمی سمجھے جاتے ہو معمولی آدمی نہیں رہے۔ کم سے کم سیکنڈ کلاس میں سفر کیا کرو۔ میں نے کہا کیا کروں میری طبیعت کے خلاف

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

ہے۔ میں ریل میں گنواروں اور بھنگی اور چماروں کے ساتھ بیٹھتا ہوں۔ شان کیا چیز ہے۔ دو دن کے بعد بھنگی، چمار بھی مٹی ہوں گے اور میں بھی۔

ف:۔ اس سے حضرت والا کس قدر تواضع وانکسار افتقار وعبدیت اور دوسرے کی عدم اہانت ودلشکنی کا خیال ظاہر ہے۔

احتیاط وتقویٰ ودوراندیشی، عافیت بینی عقل وتجربہ

فرمایا کہ ایک سفر میں میرے ایک ملنے والے جن کے پاس تیسرے درجے کا ٹکٹ تھا تھوڑی دیر کے لئے اونچے درجہ میں جا بیٹھے تو میں نے کہا کہ اتنی دور کا کرایہ جو زائد ہوا ہے حساب کر کے ادا کر دینا۔ برابر میں ایک عالم بھی بیٹھے تھے بولے اس کا کرایہ ان کے ذمہ واجب نہیں کیونکہ یہ اس میں غاصب ہیں اور منافع مغصوب کے عدم ضمان کی تصریح فقہ میں موجود ہے مثلاً کسی کا گھوڑا کوئی چھین لے اور دن بھر چڑھا پھرے تو اس پر چڑھنے کا کرایہ واجب نہ ہوگا مجھے افسوس ہوا کہ قطع نظر صحیح ہونے نہ ہونے سے یہ فتویٰ بے محل دیا گیا۔ اس سے بڑی بڑی گنجائشیں نکالی جائیں گی۔ میں نے ان (عالم) سے کہا کہ مجھ کو یاد ہے کہ فقہ میں معد للاجارہ کو مستثنیٰ کیا ہے مثلاً اگر سواری کا گھوڑا چرایا اور سواری لی تو کرایہ دینا نہ ہوگا اور اگر کرایہ کا گھوڑا چرایا اور سواری لی تو کرایہ دینا ہوگا۔ ریل معدلکراء (یعنی کرایہ ہی کے لئے بنائی گئی ہے (پھر فرمایا کہ بہت سے مسائل ایسے ہیں کہ فی نفسہ گو صحیح ہوں مگر مفضی ہو جاتے ہیں مفاسد کی طرف عوام کو ان کی اطلاع ہوئی اور آفتیں کھڑی ہوئیں۔ میں نے بہت دفعہ بیان کیا ہے کہ علم دین بعض لوگوں کو مضر ہوتا ہے اور فرمایا کہ علماء کو نہ چاہئے کہ اپنے یا اپنے متعلقین کے لئے تو کتابوں میں روایتیں چھانٹ کر آسانی نکال لیں اور دوسروں پر جن سے کہ تعلق نہیں ہے دین کو تنگ کریں بلکہ علماء کو مناسب ہے کہ اس کے برعکس عمل کریں۔ یعنی دوسرے کے عیب میں تو حتی الامکان فقہ سے گنجائش نکالیں اور اپنے نفس پر تنگی کریں خصوصاً ان کاموں میں جن میں دین کا یا دنیا کا کوئی مفسدہ مرتب ہو جانے کا اندیشہ ہو۔ اسی وجہ سے بدعات مروجہ سے مطلقاً اہل علم کو روکا جاتا ہے کہ اس میں دوسروں کے

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

بگڑنے کا اندیشہ ہے گو فی نفسہ ان کو ضرر نہ ہو۔ اور اسی جنس سے یہ ہے کہ میں خطوط کے بارہ میں بہت احتیاط کرتا ہوں کوئی بات خلاف ڈاک نہیں کرتا ہوں۔ بہت سوں میں تو حقوق اللہ ہیں اور بہت سوں میں دنیاوی فتنہ کا احتمال ہے مثلاً ٹکٹ ذرا سا مشکوک ہو جاتا ہے تو میں نہیں لگاتا ہوں یا بہت سے لفافے کارڈ ایسے آجاتے ہیں کہ ان پر ڈاک خانہ کی مہر نہیں لگی ہوتی ہے میرا سب سے پہلا کام یہ ہے کہ ان کو چاک کر دیتا ہوں گو میں ان کو اگر دوبارہ استعمال کروں تو کسی ثبوت سے کوئی گرفت نہیں ہو سکتی لیکن اس کی دیانۃً اجازت نہیں ہے۔ علماء کو چاہیئے خود دین و دنیا دونوں کی آفات سے بچیں۔ بعض اوقات گنجائش پر عمل کرنے سے دین کی یا دنیا کی بڑی آفت کھڑی ہو جاتی ہے۔ ف:۔ اس سے حضرت والا کی احتیاط و تقویٰ و دور اندیشی عاقبت بینی، عقل و تجربہ ثابت ہوا۔

تواضع و رفق حسن اخلاق

فرمایا کہ اعظم گڑھ میں میں نے جو تعظیم علماء کی دیکھی وہ کہیں بھی نہیں دیکھی۔ اہل علم کو دیکھ کر لوگ کھڑے ہو جاتے ہیں حتیٰ کہ ہنود بھی۔ میں ایک راستہ سے گزرا درمیان میں سرکاری مدرسہ آیا تو مجھے دیکھ کر لڑکے اور مدرس سب کھڑے ہو گئے۔ حتیٰ کہ ہندو لڑکے اور مدرسین بھی۔ ان لوگوں کا یہ برتاؤ دیکھ کر گزرتا چلا جانا اچھا نہ معلوم ہوا۔ میں وہاں رکا اور ان سب سے ملا۔ لوگوں نے مصافحے کئے میں مدرسین سے ایک ایک سے ملا حتیٰ کہ ہندوؤں سے بھی اور مزاج پرسی وغیرہ کی۔ بڑے خوش ہوئے اور ان پر بڑا اثر ہوا۔ مجھے تعجب ہوا کہ اس قدر متاثر کیوں ہوئے۔ اس کے بعد معلوم ہوا کہ یہاں کے علماء کا گزرا کثر رہتا ہے کیونکہ لوگ قدر کرتے ہیں مگر ان بندگان خدا کا طرز عمل یہ ہے کہ رستہ میں گزرتے ہیں لوگ ہندو مسلمان ان کو سلام کرتے ہیں اور کھڑے ہو جاتے ہیں مگر وہ کسی کا سلام نہیں لیتے نہ کسی سے بات چیت کرتے ہیں۔ منہ چڑھائے ہوئے چلے جاتے ہیں اور اس کو اچھا سمجھتے ہیں کہ یہ علم کی شان ہے اور ہر کس و ناکس سے بات کرنا علم کو ذلیل کرنا ہے۔ حتیٰ کہ سنا کہ ایک غیر مذہب والے نے کسی مولوی کے وعظ میں بیٹھنا چاہا مولوی صاحب نے ڈانٹ پلائی نکالو اس مردود کو

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

ملعون کو یہ وجہ تھی میرے اس ذرا سے نرم برتاؤ سے اس قدر متاثر ہونے کی کہ آج ان کو بالکل نئی سی بات معلوم ہوئی کہ مولوی ایسے بھی ہوتے ہیں پہلے تو سب بھیڑیئے ہی دیکھے تھے۔

ف:۔اس سے حضرت اقدس کی تواضع ورفق وحسن اخلاق صاف ظاہر ہے۔

حقیقت شناسی واستغناء قطبیب قلب مسلم رسم سے تنفر

فرمایا جب اعظم گڑھ جانا ہوا تو وہاں ایک دستور دیکھا کہ لوگ آتے اور بڑے الحاح سے کہتے ذرا دیر کے لئے ہمارے گھر تبرکا تشریف لے چلئے میں نے کہا بہت اچھا۔ جب ایک شخص کے گھر پہنچا تو اس نے بڑی خاطر داری سے بٹھایا اور پان اور دو روپے پیش کئے۔ میں نے کہا یہ کیا کہا یہ حضور کا حق ہے ہمارے یہاں رواج ہے کہ کسی عالم کو خالی نہیں پھیرتے۔ میں سمجھ گیا کہ تبرک اور تیمن تو برائے نام ہے۔ یہ لب لباب ہے بلانے کا۔ یہ ان گشتی مولوی صاحبان کی ترکیبیں ہیں کہ اپنے مطلب کی رسمیں باندھ رکھی ہیں اور میں نے کہا کیا واہیات ہے یہ بھی تو رسم ہی ہوئی۔ رسوم کچھ شادی بیاہ کی رسموں کا نام نہیں ہے۔ ہر التزام مالا یلزم رسم ہے۔ میں ہرگز نہ لوں گا۔ صاحب خانہ نے بہت اصرار کیا کہ میری دل شکنی ہوگی اور یہ تو ہدیہ ہے اس کا قبول کرنا سنت ہے میں نے کہا اگر ہدیہ ہے تو اس کا دینا وہاں بھی ممکن تھا جہاں ٹھہرا ہوا ہوں۔ یہ صرف رسم اور اپنا کرم دکھلانا ہے کہ ہم عالم کو خالی نہیں جانے دیتے۔ اس میں اور خرابیوں کے علاوہ یہ بھی خرابی ہے کہ اگر کوئی غریب آدمی مجھے بلانا چاہے تو کیا کرے تو گویا تبرک بھی امیروں ہی کو مل سکتا ہے۔ اس صورت میں وہ تبرک ہی نہیں ہے جب میں نے وہ روپے پھیر دیئے تو متعدد آدمی اس مجمع میں سے کھڑے ہوئے اور قسم کھا کر کہا کہ ہم کو غایت درجہ کا اشتیاق تھا کہ ہم بھی آپ کو اپنے گھر لے چلیں گے مگر اس شرم کے مارے خاموش رہے کہ ہمارے پاس دینے کو نہیں ہے۔ میں نے ان لوگوں سے کہا لیجئے اپنی ہی نظروں سے ان نامعقول رسموں کی خرابیاں دیکھ لیجئے اور سب غرباء کے گھر گیا ان لوگوں کو کس قدر خوشی ہوئی اور اپنا بھی دل خوش ہوا۔

ف:۔اس سے حضرت والا کی حقیقت شناسی۔ رسم سے تنفر، استغنا، تطبیب قلب، مسلم صاف ثابت ہے۔

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

حقیقت شناسی استغناء عقل و تجربہ

فرمایا کہ ایک مقام پر ایک شخص ایک رومال میں باندھ کر دوسو روپیہ لائے اور میرے سامنے رکھ دیئے۔ میں نے کہا یہ کیا ہے۔ کہا کہ آپ کا نذرانہ اور سفر خرچ میں نے کہا آپ اپنے پاس سے دیتے ہیں یا چندہ سے۔ کہا تمام بستی کے چندہ سے اور یہ کوئی نئی بات نہیں ہر عالم کا ہم اپنے اوپر حق سمجھتے ہیں۔ ہر شخص سے بقدر استطاعت وصول کرتے ہیں اور پیش کرتے ہیں۔ میں نے کہا یہ ہدیہ نہیں ہے غصب ہے۔ جو مال بلا رضامندی وصول کیا جاوے وہ مال سخت ہے۔ سب نے مل کر اصرار کیا کہ قبول کر لیجئے۔ میں نے کہا ہرگز نہ لوں گا اس میں بہت سے مفاسد ہیں۔ ایک موٹی سی بات یہ ہے کہ ہدیہ سے اصل غرض محبت کا بڑھنا بدلیل **تھادو تحابو** یعنی آپس میں ہدیہ دیا کرو کہ ایک دوسرے کے دوست بن جاؤ گے اور اس ہدیہ میں ایسے لوگوں کی بھی شرکت ہے کہ انہوں نے مجھے دیکھا تک بھی نہیں۔ نہ کبھی میرا نام سنا تو کیا چیز بڑھے گی جس کی اصل ہی نہیں۔ کہا یہ ہم آپ کو یقین دلاتے ہیں کہ کسی نے ناخوشی سے نہیں دیا۔ یہاں سب کو علماء سے محبت ہے۔ میں نے کہا اچھا اس کا امتحان یہ ہے کہ اس کو جس جس سے لیا ہے اس کو واپس کیجئے کہ سب نے جتنا جتنا دیا ہے وہ کم زیادہ کا کچھ خیال نہ کریں اپنا اپنا ہدیہ خود لے کر چلیں میں سب سے لے لوں گا اسی طرح ان سے ملاقات بھی ہو جاوے گی پھر ہدیہ موجب محبت ہو جاوے گا۔ اس کا ان کے پاس کچھ جواب نہ تھا۔ وہ رقم لے گئے اور سب کو واپس کی۔ پھر قسم کھانے کو ایک پیسہ بھی تو کوئی لیکر نہ آیا۔ میں نے کہا دیکھ لیجئے یہ چندہ جبر کے ساتھ تھا ورنہ اتنے دینے والوں میں سے کوئی تو اپنا ہدایہ لاتا۔ معلوم ہوتا ہے کہ ایک شخص نے بھی ہدیہ سمجھ کر نہیں دیا صرف محصل کے دباؤ اور شرما حضوری سے اور ادائے رسم کے لئے دیا تھا۔ ان ہی باتوں کو دیکھ کر میں نے یہ مقرر کر لیا ہے کہ جب کوئی ہدیہ پیش کرتا ہے تو اس سے پوچھتا ہوں کہ تمہاری ماہوار آمدنی کیا ہے اگر اس نے کہا کہ بیس روپیہ ہے تو ایک روپیہ لے لیتا ہوں باقی واپس کر دیتا ہو یعنی ایک دن کی آمدنی سے زیادہ نہیں لیتا ہوں ایک شخص کو جب یہ معلوم ہوا تو کہنے لگے کہ اچھا ایک ہی دن کی آمدنی لے لیجئے مجھے زیادہ اصرار نہیں آپ کا کہنا کر دوں گا آج یہ لے لیجئے اور کل یا

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

پرسوں تو پھر اتنا ہی لادوں گا۔ میں نے کہا نہیں دوبارہ دوسرے مہینہ میں لوں گا۔

ف:۔اس سے بھی حضرت والا کی حقیقت شناسی' استغناء' عقل' تجربہ اظہر من الشمس ہے۔

شان استغناء خشیت حق تائید ایزدی

فرمایا کہ بھوپال کے ایک تحصیلدار صاحب میرے پاس آئے پچیس روپے پیش کئے۔ میں نے کہا یہ بہت ہیں۔ انہوں نے ہر چند اصرار کیا مگر میں نے دس روپیہ لئے باقی واپس کر دئے۔ جب تحصیلدار صاحب چلے گئے تو ایک دوسرے شخص میرے پاس بیٹھے تھے جو تحصیلدار صاحب کے ہمراہ آئے تھے انہوں نے بیان کیا کہ جب ہم لوگ گھر سے چلے تو تحصیلدار صاحب نے اول نذرانہ کے لئے دس روپے نکالے مگر پھر کہا کہ یہ بہت تھوڑے ہیں۔ میری شان کے خلاف ہے اور حضرت کی شان کے بھی۔ کم سے کم پچیس تو ہوں چنانچہ وہ پچیس ہی لائے تھے قدرت خدا کہ آپ نے دس ہی لئے فرمایا حضرت والا نے کہ مجھے تو اس کا علم بھی نہ تھا۔ میں شاید پانچ ہی لیتا اور بیس واپس کرتا مگر دس روپیہ لینے کی وجہ یہ ہوئی کہ میں نے ایک روز پہلے ایندھن قرض خریدا تھا جس کی قیمت دس روپیہ تھی صبح کو میں نے حق تعالیٰ سے دعا کی تھی کہ آج دس روپیہ بھیج دیجئے تو یہ قرض ادا ہو جائے۔ جس وقت یہ پچیس روپے آئے تو میں نے کم ہی لینا چاہا مگر پھر حق تعالیٰ سے ڈر معلوم ہوا کہ کہیں گے ہم بھیجتے ہیں اور یہ لیتا نہیں اس واسطے میں نے دس لے لئے۔ یہ حق تعالیٰ کا احسان ہے کہ مجھے مال سخت سے بچایا۔

ف:۔اس سے حضرت والا کی شان استغناء' خشیت حق' تائید ایزدی ثابت ہے۔

قوت تطبیق' ذہن رسی

فرمایا کہ علی گڑھ جانا ہوا تو کالج والوں نے سائنس کے کمرہ کی بھی سیر کرائی اور بجلی کے تصرفات دکھلائے تو قدرت کے کرشمے نظر آتے تھے کہ حق تعالیٰ نے کیا کیا چیز پیدا کی ہیں اور انسان کو سب پر غالب کیا ہے اس کے بعد میں نے وعظ میں اس کے متعلق بیان کیا کہ اہل سائنس اس برق کو دیکھ کر جو یہ سمجھتے ہیں کہ بس آسمانی برق کی یہی حقیقت ہے تو میں یہ کہتا ہوں کہ اس کے تصرفات کا تو انکار نہیں کیونکہ مشاہد ہیں۔ شریعت نے مشاہدات کے

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

انکار کا حکم نہیں کیا لیکن اہل سائنس کے پاس اس کی کوئی دلیل نہیں ہے کہ یہ بجلی اور آسمانی بجلی ایک ہی ہیں تو یوں کیوں نہ کہا جاوے کہ یہ بھی دو قسم کی ہوتی ہے ارضی اور سماوی (قدرتی اور مصنوعی) ارضی وہ ہے جو صنائع خاصہ سے بن سکتی ہے جو یہ موجود ہے اور سماوی وہ جو شریعت میں ثابت ہے اور جس کی حقیقت **سوط الملک** ہے اس کو کالج والوں نے بہت پسند کیا اس مجمع میں چند پروفیسر اور ماسٹر بھی تھے ان کو تو بہت ہی حظ ہوا۔

ف:۔اس سے حضرت والا کی قوت تطبیق و ذہن رسی معلوم ہوئی۔

تقویٰ و احتیاط موافق طرز سلف

ایک شخص نے پوچھا کہ ہم بریلی والوں کے پیچھے نماز پڑھیں تو نماز ہو جاوے گی یا نہیں۔فرمایا ہاں ہم ان کو کافر نہیں کہتے اگرچہ وہ ہمیں کہتے ہیں۔ ہمارا تو مسلک یہ ہے کہ کسی کو کافر کہنے میں بڑی احتیاط چاہئے اگر کوئی حقیقت میں کافر ہے اور ہم نے نہ کہا تو کیا حرج ہوا اور اگر ہم نے کافر کہا اور حقیقت حال اس کے خلاف ہے تو یہ بہت خطرناک بات ہے۔ ہم تو قادیانیوں کو بھی کافر نہ کہتے تھے اور وہ ہمیں کہتے تھے ہاں اب جبکہ ثابت ہو گیا کہ وہ مرزا صاحب کے رسالت کے قائل ہیں تب ہم نے کفر کا فتویٰ دیا ہے کیونکہ یہ تو کفر صریح ہے اس کے سوا ان کی تمام باتوں کی تاویل کر لیا کرتے تھے گو وہ تاویلیں بعید ہی ہوتی تھیں۔ ہم بریلی والوں کو اہل ہوا کہتے ہیں اور اہل ہوا کافر نہیں حضرت والا کا یہ طرز عمل سلف کے موافق ہے کہ انہوں نے معتزلہ تک کو کافر کہنے میں احتیاط کی ہے۔ اگرچہ ان کے عقائد صریح کفر کے ہیں لیکن سلف نے احتیاطاً یہ اصول رکھا ہے **لانکفر اھل القبلۃ** اور ان کے معاملہ کو حق تعالیٰ کے سپرد رکھا اور ان کے اقوال کے لئے ایک کلی تاویل کر لی کہ متمسک اپنا وہ بھی قرآن و حدیث ہی کو کہتے ہیں گو تمسک میں غلطی کرتے ہیں تو ان کا کفر لزومی ہوا نہ کہ کفر صریح ایک مرتبہ حضرت والا سے ایک مولوی صاحب نے گفتگو کی کہ ہم بریلی والوں کو کافر کیوں نہ کہیں۔ فرمایا کہ کافر کہنے کے واسطے وجہ کی ضرورت نہ کہ کافر کہنے نہ کے لئے۔ توجہ آپ بتلایئے کہ کیوں کہیں' مولوی صاحب نے بہت سی وجوہات پیش کیں اور حضرت والا نے سب کی تاویل کی گو بعید تاویلیں تھیں۔ مولوی صاحب نے کہا کہ اگر کچھ وجہ نہ ہو تو کیا یہ کافی نہیں ہے کہ وہ ہم

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

کو کافر کہتے ہیں اور یہ ثابت ہے کہ مسلمان کو کافر کہنے والا کافر ہے۔ پس اگر ہم اپنے آپ کو مسلمان جانتے ہیں اور وہ ہم کو کافر کہتے ہیں تو ہم کو یہ بات ماننی چاہئے کہ کفر لوٹ کر ان ہی پر پڑتا ہے ورنہ لازم آتا ہے کہ ہمیں اپنے اسلام میں شک ہے۔ فرمایا غایت سے غایت تمام دلیلوں کا نتیجہ یہ ہے کہ کفر لزومی ہے کفر صریح تو نہ ہوا پس اگر واقع میں کافر ہوں اور ہم نہ کہیں تو ہم سے کیا قیامت کے دن باز پرس ہوگی اور اگر ہم کافر کہیں تو کتنی رکعت کا ثواب ملے گا۔ سوائے اس کے کچھ بھی نہیں کہ تضیع وقت ہے اور بھی کام بہت ہیں۔ رہا یہ کہ کافر نہ کہنا بغرض احتیاط ہے مگر سوال نماز کے متعلق ہے اور اس کے لئے شبہ تکفیر مسلم (یعنی یہ شبہ کہ آیا یہ مسلم کافر ہے یا نہیں) کافی علت ہے عدم جواز اقتداء کی تو الیقین لا یزول بالشک اس کا جواب ہے۔

ف:۔ اس سے حضرت والا کا تقویٰ و احتیاط موافق طرز سلف ثابت ہوا۔

صفائی معاملہ و شدت تعلق مع اللہ

حضرت والا اور ایک خاص عزیز کے درمیان امور خانگی میں کچھ ناچاقی پیش آئی تو انہوں نے بہت لمبا چوڑا خط لکھا جس میں ان امور کا تذکرہ تھا اور کچھ جواب الزامی اور کچھ تحقیقی تھے۔ حضرت والا نے جواب لکھا کہ نہ مجھے مفصل جواب کی فرصت ہے نہ اس کی ضرورت مناظرہ کرنا مقصود نہیں۔ صرف اس پر اکتفا کرتا ہوں کہ جو جوابات تم نے لکھے ہیں اگر وہ تمہارے نزدیک شرح صدر کے ساتھ تمہارے اس معاملہ کی صفائی کے لئے کافی ہیں جو خدا تعالیٰ کے ساتھ ہے تو کسی کی خوشی ناخوشی کی پرواہ نہ کرو کیونکہ اصل دیانت اور ہر معاملہ کی انتہا حق تعالیٰ پر ہوتی ہے۔ جب حق تعالیٰ سے صفائی ہے تو اور کسی کی پرواہ نہیں۔ میں تو کیا چیز ہوں۔ میری خوشی ناخوشی کا اثر تم پر کیا پڑ سکتا ہے۔ میں تو کہتا ہوں اگر کسی کا معاملہ فیما بینہ و بین اللہ صاف ہو اور اس کا شیخ جس سے وہ بیعت ہے وہ بھی ناراض ہو تب بھی پرواہ نہ کرنا چاہئے اور اس کا کچھ نقصان نہیں پہنچ سکتا۔ کیونکہ شیخ معبود نہیں ہے بلکہ واسطہ الی المعبود ہے اور معاملہ عبد کا معبود کے ساتھ ہے اور اگر نہیں خود ہی ان جوابوں کی صفائی معاملہ مع اللہ کے لئے کافی ہونے کی نسبت شرح صدر نہ ہو بلکہ یہ تحریر صرف مشق اور ذہانت ہو اور دل اندر سے تکذیب کرتا ہو تو ذرا اس کا خیال کر لینا جو باتیں تمہارے ذمہ عائد

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

ہوتی ہیں وہ حق اللہ ہیں یا حق العبد اور ان سے سبکدوشی بلا صاحب حق کے عفو ہو بھی سکتی ہے یا نہیں پھر فرمایا واقعی عزیزوں کے ساتھ جان کھپاویں مگر بیکار۔

ف:۔ اگر لوگ مناقشات خانگی کے وقت اس کی تقلید کریں یعنی ہر شخص معاملہ فیما بینہ و بین اللہ کی صفائی پر نظر رکھے تو مناقشات کی جڑ ہی کٹ جاوے اور عیشہ' نقیہ اور حیاۃ طیبہ نصیب ہو اور اس کی عمدہ تدبیر یہ ہے کہ جیسے نماز روزہ کے مسائل علماء سے پوچھتے ہیں ایسے ہی جب خانگی جھگڑا ہو علماء حقانی سے بصورت استغناء اس کو دریافت کرلیں جو امر اللہ و امر الرسول صلی اللہ علیہ وسلم ہو اس کو تسلیم کرلیں۔ ان شاء اللہ ایسا سیدھا راستہ نکلے گا کہ متناقضین خوش رہیں گے اور کسی کی حق تلفی بھی نہ ہوگی اور اس وقت قدر معلوم ہوگی کہ شرعی قانون میں کیا کیا خوبیاں ہیں۔ غرضیکہ اس قصہ سے حضرت والا کا شدت تعلق مع اللہ و صفائی معاملہ معلوم ہوا۔

حفظ مراتب و صفائی معاملہ و غایت اعتناء بالاحکام الشرعیہ

ایک بیدار مغز عہدہ دار حضرت والا کے خادم دو سو روپیہ تنخواہ پاتے تھے اور بوجہ غایت اتقا پوری تنخواہ اپنی والدہ کے ہاتھ میں لاکر دیتے تھے۔ جب یہ خود والدہ کے اتنے مطیع تھے تو گھر میں کسی کی کیا مجال تھی کہ ان کے سامنے دم مارے۔ سب انہیں گھر کا مالک ذی اختیار سمجھتے تھے حتیٰ کہ وہ اس رقم میں سے کچھ گھر میں خرچ کرتیں اور کچھ پس انداز کر کے اپنے دوسرے بیٹوں کو بہوؤں کو امداد دیتیں ان کی بی بی کو یہ انتظام پسند نہ ہوا اور گھر میں بے لطفی پیدا ہونے لگی۔ حضرت والا کے سامنے یہ سب واقعات ظاہر کئے گئے تو حضرت والا نے کل اختیار بی بی کو دلوا دیا اور خرچ والدہ کا کل ان کے ذمہ اور جیب خرچ دس روپیہ ماہوار مقرر کر دیا اور بھائی بہنوں بھاوجوں سب کو الگ کر دیا۔

ف:۔ قرآن شریف میں ہے لینفق ذوسعة من سعته مقدور والے کو عورت کا نفقہ اپنے مقدور کے موافق دینا چاہئے۔ نیز حدیث میں ہے کہ عورت اس واسطے ہے کہ خاوند کے مال کی حفاظت کرے۔ حفاظت کرنا پہرا دینے کا نام نہیں بلکہ بدنظمی سے بچانے کا نام ہے۔ اس سے صاف ظاہر ہے کہ گھر کا انتظام بی بی کے ہاتھ میں ہونا چاہئے اور بھاوج تو بالکل ہی غیر ہوتی ہے۔ بھائی کا مال بھائی پر خرچ کرنا والدہ کو جائز نہ تھا اس واسطے اس

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

سے روک دیا اور والدہ کی خدمت یہ بہت ہے کہ علاوہ خرچ کے دس روپیہ فاضل دئے جاویں۔ واخفض لهما جناح الذل کی کافی تعمیل ہے۔ اس طرح مناقشات کس خوشی سے رفع ہو گئے کہ نہ والدہ کا حق مارا گیا نہ بی بی کا نہ حفظ مراتب ہاتھ سے گیا اس سے حضرت والا کا حفظ مراتب نیز۔ صفائی معاملہ وغایت اعتنا بالاحکام الشرعیہ معلوم ہوا۔

احسان شناسی حسن معاشرت بالاہل' غایت تقویٰ

مولوی ریاض الحسن الہ آبادی (یہ ایک طالب علم تھے جنہوں نے ڈاک لانے اور لے جانے کی خدمت اپنے ذمہ لے رکھی تھی) کی غلطی سے ایک خط ڈاک میں بیرنگ پڑ گیا انہوں نے عرض کیا کہ ابھی ڈاک روانہ نہیں ہوئی ہوگی۔ میں پوسٹ ماسٹر سے کہہ کر وہ خط نکلوالوں اور ٹکٹ لگادوں۔ فرمایا کہ اس کا احسان ہوگا۔ عرض کیا یہ کیا احسان ہے ہمارا خط ہے ہم ہی واپس لیتے ہیں کسی کی چوری نہیں کرتے۔ فرمایا حسب قواعد ڈاک خانہ ایک روپیہ کا اسٹامپ دینا چاہئے جبکہ وہ تمہارے یا میری خاطر سے بلا اسٹامپ دے دے گا تو گویا ایک روپیہ کا احسان کرے گا اور سرکاری نقصان بھی کرے گا جو اس کو جائز نہیں یاد رکھو کہ اگر تمہاری ایک چیز بالشت بھر سے اٹھا کر دے دے تو اس کو بھی احسان سمجھو ہمیشہ اس کو یاد رکھو۔ حتی الامکان کسی کا احسان نہ لو اور اگر کوئی چھوٹے سے چھوٹا بھی احسان کرے تو اس کو احسان سمجھو۔ آج کل اس سے بہت غفلت ہے۔ میرے والد صاحب کی جب میراث تقسیم ہوئی تو میری پھوپھی صاحبہ دادا صاحب کی میراث میں سے اور نانی صاحبہ نانا صاحب کی جائیداد میں سے اپنے حصے ہم سب بھائیوں کو دیتی تھیں مگر میں نے انکار کر دیا اس وجہ سے کہ عورت کا احسان لینا طبیعت کے خلاف ہے۔ میرے گھر میں کا مہر پانچ ہزار تھا اور انہوں نے معاف کر دیا مگر میں نے کہا یہ تمہارا فعل تھا اور میرا فعل یہ ہے کہ میں ادا کرتا ہوں چنانچہ میں نے اتنی ہی قیمت کا مکان دیا اور کچھ نقد بھی دیا۔ اب مکان مسکونہ خالص ان کی ملک ہے جو چاہیں کر سکتی ہیں (چنانچہ انہوں نے مولوی شبیر علی کو بیعاً دیدیا) اور پھر مجھ کو بھی احسان گوارا نہیں ہوا کہ ان کے مکان میں رہوں اس لئے پانچ سو روپیہ اور زائد دے دیئے جس کو میں نے بطور کرایہ سمجھا ہے گو ان سے اس کا اظہار نہیں کیا کہ یہ کرایہ ہے کیونکہ موجب دل شکنی ہے۔

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

ف:۔اس سے حضرت والا کی احسان شناسی حسن معاشرت بالاہل اور غایت تقویٰ ثابت ہوا۔

تواضع وعبودیت کالشّمس فی النصف النہار ظاہر وباہر

حضرت پیرانی صاحبہ اپنے بھائی کے یہاں گئی ہوئی تھیں۔مکان میں حضرت والا کے خادم نیاز خاں کی بی بی آ گئی جب مکان میں اتر گئی تو معلوم ہوا کہ راستہ میں کوئی اس کا زیور گر گیا تو نیاز خاں اس کے ڈھونڈھنے کے لئے چلے عشاء کے قریب کا وقت تھا حکیم محمد مصطفیٰ صاحب اور حضرت والا بیرونی مکان میں تھے۔حضرت والا نے نیاز خاں سے فرمایا کہ تم جانتے ہو اتنے بڑے مکان میں بہو اکیلی ڈرے گی لہذا یوں کرو کہ میں دروازہ پر بیٹھ جاتا ہوں بہو سے کہو بیرونی مکان میں آ جاوے اور دروازہ اندر سے بند کر لے جب تک تم لوٹ کر آؤ گے میں بیٹھا رہوں گا حکیم محمد مصطفیٰ صاحب نے عرض کیا۔حضرت خدام کس واسطے ہیں۔حضور والا مدرسہ تشریف لے جاویں بندہ دروازہ پر بیٹھا رہے گا فرمایا نہیں اس میں کیا حرج ہے۔اگر ایسا ہی اصرار ہے تو آؤ ہم تم دونوں بیٹھیں حکیم صاحب نے چارپائی بچھا دی اور دونوں بیٹھ گئے اور جب تک نیاز خاں لوٹ کر آئے مزہ کی باتیں ہوتی رہیں۔

ف:۔اس سے حضرت اقدس کی تواضع وعبودیت کالشّمس فی النصف النہار ظاہر وباہر ہے۔

حسن تدبیر

حضرت والا سے ایک بار دریافت کیا گیا کہ نوکر پر زبان سے یا ہاتھ سے زیادتی ہو جاتی ہے اور بعد میں پچھتانا پڑتا ہے کوئی ایسی تدبیر ارشاد ہو جس سے زیادتی نہ ہو اور سیاست میں بھی فرق نہ آوے۔فرمایا تدبیر یہ ہے زبان سے کچھ کہنے یا ہاتھ بڑھانے سے پہلے یہ سوچ لیا جاوے کہ فلاں فلاں لفظ میں کہوں گا یا اتنا ماروں گا پھر اس کا التزام کیا جاوے کہ جتنا سوچا ہے اس سے زیادہ نہ ہونے پاوے۔(سبحان اللہ کیا چٹکلا ہے)

ف:۔اس سے حضرت والا کی حسن تدبیر ظاہر ہے۔

پابندیٔ اوقات

حضرت والا نے ظہر کے لئے وضو کیا تو وقت جماعت کا ہو گیا لہذا بلا سنتیں پڑھے

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

ہوئے امامت کی۔ حکیم محمد مصطفیٰ صاحب نے بعد نماز دریافت کیا کہ امام نے الرسنتیں نہ پڑھی ہوں تو امامت کرنے میں کیا حرج تو نہیں۔ فرمایا کہ میں نے مولانا محمد یعقوب صاحب رحمۃ اللہ علیہ سے پوچھا تو فرمایا کچھ حرج نہیں۔ حضرت والا اوقات کے ایسے پابند ہیں کہ نظیر کا ملنا مشکل ہے تمام دن و رات کے اوقات ایسے تقسیم ہوئے ہیں کہ ایک لحظہ بیکار نہیں رہتا۔ لیکن ساتھ ہی اس کے وقتوں کی پابندی عامیانہ اور جاہلانہ نہیں جیسے بعض جگہ دیکھا کہ صف میں بیٹھے ہیں اور نظر گھڑی پر ہے۔ ادھر گھنٹہ بجنا شروع ہوا اور ادھر تکبیر ہوئی اور اس پر لڑتے مرتے ہیں۔ حضرت والا کے یہاں ایسا نہیں ہے کیونکہ یہ تو لہو ولعب ہے۔ عارف کی نظر ہر کام میں حقیقت پر ہوتی ہے اور زوائد کو بقدر ضرورت اختیار کرتا ہے۔ پابندی وقت کوئی مقصود بالذات فعل نہیں۔ انتظام جماعت کے لئے ذریعہ ہے اس کو مقصود قرار دے لینا حقیقت ناشناسی ہے۔ حضرت والا کی مسجد میں قصبہ کے نمازی ایک دو سے زائد نہیں ہوتے کیونکہ یہ مسجد ایک کونہ پر ہے تمام جماعت طلبہ اور خدام مدرسہ اور مہمانوں کی ہوتی ہے یہاں دو چار منٹ ادھر ادھر ہو جانے سے کسی کا حرج نہیں ہوتا اس واسطے حضرت والا کی عادت ہے کہ جب گھڑی میں وقت ہو گیا تو ادھر ادھر دیکھ لیتے ہیں۔ سب لوگ تیار ہیں یا نہیں اگر تیار ہیں تو دو چار منٹ کا کچھ خیال نہیں فرماتے حتیٰ کہ رمضان میں اذان مغرب ہو جانے کے بعد اطمینان سے مہمانوں کو افطاری سے فارغ ہونے اور کلی کر لینے کا موقع دیتے ہیں حتیٰ کہ کبھی دس منٹ کے قریب بعد ختم اذان لگ جاتے ہیں نہ عوام کی طرح کہ موذن نے اذان ختم کی اور ادھر تکبیر شروع ہو گئی حتیٰ کہ موذن کلی کرنے نہیں پایا۔ امام کے منہ میں بھی لقمہ ہوتا ہے۔ جماعت میں سے کوئی بھی تکبیر اولیٰ میں شریک نہیں ہو سکتا یہ صرف لہو ولعب اور بے علمی ہے۔

ف:۔ اس سے حضرت والا کی پابندی اوقات عاقلانہ ثابت ہے۔

ظرافت

مدرسہ کے پچدرہ میں چڑیا کے گھونسلے میں سے دو پیسے گرے وہ حضرت والا کے سامنے پیش کئے گئے ہنس کر فرمایا کہ ایک کی دال منگاؤ اور ایک کے چاول اور کھچڑی پکاؤ اور چڑیا اسے کھائے اور جب چڑا آوے تو کہے دور موئے میری آنکھیں دکھتی ہیں۔ یہ قصہ تو

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

پرانے زمانے کا ہے کہ چڑا چڑیا دال چاول لائے تھے اب ترقی کا زمانہ ہے حیوانوں کو بھی روپیہ پیسے ہی کی سوجھتی ہے۔ فرمایا کہ یہ لقطہ ہے مصرف میں صرف کرو یعنی خیرات کردو۔

ف:۔ اس سے ظرافت صاف ظاہر ہے۔

شدت تعلق مع اللہ۔ مراعات حدود شرعیہ

حضرت والا کے پیر میں بال توڑ نکل آیا تھا پچیس روز تک چلنے پھرنے سے معذوری رہی اول اول یہ رہا کہ فجر کے وقت مدرسہ میں تشریف لائے اور عشاء کی نماز کے بعد تشریف لے جاتے اور نماز کھڑے ہوکر پڑھتے۔ تجربہ سے ثابت ہوا کہ چلنے سے نقصان ہوتا ہے اس واسطے یہ کیا کہ گڈو لنے میں بٹھا کر نیاز خاں ملازم یا کوئی خادم صبح کو پہنچا دے اور عشاء کے بعد اسی طرح مکان پہنچا دیتے مگر جماعت ترک نہ کرتے اور نماز کھڑے ہوکر پڑھتے پھر ثابت ہوا کہ کھڑے ہوکر نماز پڑھنا بھی مضر ہے تو نماز بیٹھ کر اختیار کی مگر نوافل حسب معمول پورے پڑھتے۔ پھر ثابت ہوا کہ گڈو لنے کی حرکت بھی مضر ہوتی ہے لہذا مکان پر قیام فرمایا۔ مسجد جانا موقوف کردیا۔ زیارت کنندگان مکان ہی پر آتے۔ کبھی کوئی کہتا بڑی تکلیف اٹھائی تو فرماتے جیسی تکلیف بال توڑ میں لوگ بیان کرتے ہیں وہ تو بحمداللہ مجھے کچھ بھی نہیں ہوئی۔ ہاں چلنے پھرنے سے قدرے مجبوری ہے۔ حق تعالیٰ کو خلوت کا مزہ چکھانا تھا وہ حاصل ہوا اور ثابت ہوا کہ خلوت واقعی بہت اچھی چیز ہے گو مفید اور موجب ثواب زیادہ جلوت ہو مگر خلوت لذیذ بہت ہے اس واسطے کہا ہے۔

قعرچہ بگزید ہر کو عاقل است زانکہ درصورت صفاہائے دل است

ف:۔ اس سے حضرت والا کا شدت تعلق مع اللہ۔ مراعات حدود شرعیہ اظہر من الشمس ہے۔

ضبط و تحمل

ایک صاحب نے سیکڑوں صورتیں ناجائز آمدنی کی لکھ کر علماء اور درویشوں پر طعن کیا تھا کہ اس زمانہ میں کھانا کھانے پر لوگ مرے ہوئے ہیں نہ کوئی عالم پوچھے نہ کوئی درویش کہ کھانا کیسا ہے کیسا نہیں۔ اور واقعی دیکھ بھال ہی میں مصیبت ہے تو آیا شرع شریف میں تجسس کرنا

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

منع ہے۔ پھر سود خواری اور غلہ کی ناجائز صورتیں بیع کی لکھ کر لکھا کہ وہ سب نان وحلوا کے مثل سب کھا پی جاتے ہیں۔ پیر جی اپنے نذرانے لے جاتے ہیں اور مولویوں نے اور بھی لٹیا منجدھار میں ڈبودی حرام بھی کرتے جاتے ہیں اور کھاتے بھی جاتے ہیں۔ یہ بھی لکھا کہ قبل اس کے ایک قطعہ خط آنجناب کی خدمت میں ارسال بغرض استفسار فرمایا تھا آپ نے اس کا جواب یہ لکھ دیا کہ تین سوالوں سے زیادہ نہ بھیجو اتنی باتوں کا جواب کیونکر دیا جاوے سو مولوی صاحب سوال تو ایک ہی تھا اس کی صورتیں جدا جدا تھیں۔ تھوڑی سی عبارت میں آپ جواب دے سکتے تھے۔ اب میں وہ سوال مکرر روانہ کرتا ہوں۔ سوچ کر غور کر کے جواب تحریر فرمایئے گا یہ بھی لکھا تھا کہ مضمون ختم نہیں ہوتا ناچار ختم کر کے ملتمس ہوں کہ ان شبہات کو آپ رفع کر دیجئے اگر آپ نہ کریں گے تو اور کس سے یہ شبہات رفع ہو سکتے ہیں۔ اور یہ پتہ کن حضرات سے آپ نے لکھوایا تھا پتہ بھی پورا نہ لکھا۔ میں نے یہ پورا پتہ لکھ دیا تھا۔ افسوس پڑھے لکھوں میں یہ لاپروائی اور بدخلقی۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ایسے ہی اخلاق تعلیم کر گئے تھے۔ اب میں ان کے سو سوال بناؤں اور تین مسئلے سے زیادہ نہ بھیجوں تو پچاس آنے کے تین ٹکٹ لفافوں میں خرچ کروں، جب جواب آئے۔ اب اللہ واسطے ان اپنی گستاخیوں کی معافی چاہتا ہوں میں تو آپ کا معتقد ہوں مخالف نہیں مگر دور از کار باتیں قلم سے نکل گئیں۔

ملامت کناں دوستدار تواند ستایش سرایاں نہ یار تواند

جواب:۔ طالب ہو کر جس سے طلب کرنا ہو اس پر اتنا غصہ کرنا علامت عدم طلب کی ہے کیا امیدواروں کو اہلکاروں کے ناز اٹھاتے نہیں دیکھا۔ مریضوں کو اطباء کے ناز اٹھاتے نہیں دیکھا۔ اگر وہ زیادتی بھی کریں تو جھیلتے ہیں نہ یہ کہ ان کو قواعد بتلانے اور نصیحت کرنے بیٹھ جائیں۔ اور بتلانا بھی بے قاعدہ مثلاً آپ نے جو بہت سے سوالوں کو ایک سوال قرار دیا دو حال سے خالی نہیں یا تو انکا جواب آپ کو معلوم ہے اگر معلوم ہے تو پھر پوچھنا بیکار اور اگر معلوم نہیں تو کیسے خبر ہوگئی کہ ان سب کا ایک ہی جواب ہے ممکن ہے کہ ہر ایک کا جواب جدا ہو پھر اگر سب کا ایک ہی جواب ہو سکتا تھا تو اسی طرح سب کا ایک ہی سوال ہو سکتا تھا پھر خواہ مخواہ اتنا طول دیا۔ پھر طرز سوال سے صاف معلوم ہوتا ہے کہ آپ جوابوں سے بے خبر

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

نہیں۔ چنانچہ بعض بعض صورتوں کو نہایت طعن آمیز عنوان سے ذکر کیا ہے اور براہ زیادتی سب کو ایک لکڑی ہانکا ہے۔ تو کون کہہ سکتا ہے کہ پوچھنا مقصود ہے صریح سب وشتم مقصود ہے جس میں ایک کا جواب بھی ذمہ نہیں۔ یہ تو سوال نہیں حکومت ہے جس کا آپ کو کوئی حق حاصل نہیں۔ آپ کو جس طرح اپنی مصلحت پر نظر ہے دوسرے کو بھی اپنی مصلحت پر نظر ہے پھر اگر کسی کثیر المشاغل نے اپنے سہولت کے واسطے کچھ خاص انتظامات تجویز کر لئے تو کونسا گناہ کیا جو آپ خواہ مخواہ آپے سے باہر ہوتے ہیں۔ ناتمام پتہ کا آپ بہت آسانی سے انتظام کر سکتے تھے کہ خود لفافہ پر لکھ کر وہ لفافہ خط کے اندر رکھ دیتے گویا آپ تو نواب ہوئے اور دوسرا آپ کا نوکر۔ اس پر پھر اعتقاد کا دعویٰ۔ مہربانی کر کے جو بے نفس یا بے حس اور اس خطاب کو منافی اعتقاد نہ سمجھے اس سے اپنے سوالوں کو حل کر لیجئے۔ ہم خوشامد پسندوں کو چھوڑ دیجئے۔ آپ فتویٰ کیا پوچھ رہے ہیں خود فتویٰ دے رہے ہیں بہت صبر کر کے اتنا لکھا ہے قیامت میں معلوم ہوگا کس کی زیادتی ہے۔

ف:۔ اس قدر ضبط وتحمل سے حضرت والا کا ابوالحال ہونا صاف ظاہر ہے۔

رسوخ عظمت حق شدت تعلق مع اللہ

فرمایا اللہ تعالیٰ کی اس قدر بڑی شان ہے کہ اگر شاہان دنیا کی طرح اس کے خطاب کے لئے مناسب شان القاب وآداب کی قید ہوتی تو عمریں تمام ہو جاتیں اور ایک بار بھی اس کے نام لینے کی نوبت نہ آتی۔ القاب وآداب ہی کبھی ختم نہ ہوتے۔ لوگ نام لینے کے لئے ترس جاتے لیکن اللہ اکبر کیا رحمت ہے کہ اپنے نام لینے کے لئے کسی قسم کی قید نہیں۔ جس وقت اور جس حالت میں جی چاہے اس کا نام لے کر خطاب کر سکتے ہیں بجز چند خاص موقعوں اور چند خاص حالات کے کہ اس وقت زبان سے ذکر کرنا خلاف ادب ہے۔ غریب سے لے کر امیر تک اور عابد وزاہد سے لے کر فاسق وفاجر تک ہر شخص کو بے تکلف خطاب کرنے کی اجازت ہے ورنہ اس کی عظمت وجلال کا مقتضا تو یہ تھا کہ ہماری زبان اگر سات سمندر کے پانی سے بھی دھوئی جاتی تب بھی اس کے نام لینے کے قابل نہ ہوتی کسی نے خوب کہا ہے۔

ہزار بار بشویم دہن زمشک وگلاب ہنوز نام تو گفتن کمال بے ادبی است

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

ف:۔ اس ملفوظ سے حق تعالیٰ کی عظمت اور اس کے ساتھ تعلق کس قدر حضرت والا کے قلب میں راسخ معلوم ہوتی ہے۔

تواضع وافتقار وعبودیت

بارہا فرمایا کہ میں بقسم کہتا ہوں کہ مجھے آخرت کے درجوں کا وسوسہ بھی کبھی نہیں ہوتا بلکہ صرف تمنا یہ ہے کہ جنت میں جگہ مل جاوے چاہے جنتیوں کے جوتیوں ہی میں ہو اور یہ تمنا بطور استحقاق کے نہیں بلکہ اس وجہ سے کہ عذاب کا تحمل نہیں۔ ایک مولوی صاحب کو خط اس طرح لکھا تھا۔ از احقر نام اشرف برائے نام بخدمت الخ۔ ف:۔ اس سے حضرت والا کے تواضع وافتقار وانکسار کا کس قدر رسوخ حضرت والا کے قلب میں معلوم ہوتا ہے۔

ناپسندیدگی تکلف، مزاج، دلجوئی

ایک صاحب نے بلا مشورہ واجازت بازار سے مٹھائی منگا کر بطور ہدایہ حضرت والا کی خدمت میں پیش کی۔ ناپسند فرمایا کہ جب آپ نے یہیں سے منگائی ہے تو مجھ سے بے تکلف دریافت کر لینا چاہئے تھا کیونکہ دیکھئے آپ کا تو روپیہ خرچ ہوا اور میرے یہاں یہ مٹھائی کس کام آوے گی۔ میرے کوئی بچہ نہیں جو کھاوے بس ہم دو میاں بی بی ہیں ہمیں مٹھائی کا شوق نہیں۔ اب سوائے اس کے کہ اوروں کو تقسیم کر دی جاوے اور کیا ہو سکتا ہے احسان اور بوجھ تو میرے اوپر ہوا۔ بھلا ایسا ہدیہ لینے سے کیا جی بھلا ہو لیکن آپ کی دل شکنی کے خیال سے خیر اتنا کرتا ہوں کہ نصف لی و نصف لک آدھی میں لے لوں گا اور آدھی آپ رکھئے تاکہ آپ کو بھی معلوم ہو کہ بے دلی سے جو چیز کھائی جاتی ہے وہ کیسی بری معلوم ہوتی ہے۔ اب آپ ہی اس مٹھائی کے دو حصے آدھے آدھے کیجئے (ہنس کر فرمایا) لیکن استادی نہ کیجئے گا ان صاحب نے اپنی طرف کا حصہ کم رکھا حضرت کی طرف کا زیادہ۔ حضرت نے ان کی طرف کا حصہ اٹھا لیا کہ آپ اس کے خلاف تو کر ہی نہیں سکتے کہ یہ آدھا نہیں ہے کیونکہ آپ کے نزدیک اس کا آدھا ہونا مسلم ہے۔ وہ صاحب بے چارے دیکھتے کے دیکھتے رہ گئے۔ میں آخر شیخ زادہ ہوں شیخ زادے بڑے فطرتی ہوتے ہیں۔ مجھے بھی

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

فطرتیں بہت آتی ہیں۔لیکن الحمد للہ انہیں کبھی استعمال نہیں کرتا ہوں ہاں اگر کبھی ضرورت ہوتی ہے اور دوسرے کا نقصان نہیں ہوتا تو اپنے دفع ضرر کے لئے استعمال بھی کر لیتا ہوں جیسے اس وقت کیا۔ ف:۔اس سے تکلف کو ناپسند کرنا نیز دل جوئی مزاج ثابت ہوا۔

حقیقت شناسی دقت نظری

فرمایا کہ موجدان یورپ کا یہ دعویٰ ہے کہ ہم نے ایسی ایسی ایجادیں کی ہیں حالانکہ ان سب ایجادوں کی جو چیز جڑ ہے وہ کسی کے بھی اختیار میں نہیں یعنی کسی صورت وصنعت کا قوت فکریہ میں فائض ہو جانا اگر یہ ان کے اختیار میں تھا تو قوت فکر تو بیس برس پہلے بھی تھی اس وقت کیوں وہ صورت ذہن میں نہیں آ گئی۔ بسا اوقات ایسا ہوتا ہے کہ کوئی بات ذہن سے اتر جاتی ہے تو لاکھ قوت فکر کو عمل میں لائے وہ یاد ہی نہیں آتی۔کسی بات کا سوجھا دینا یہ حق تعالیٰ کے اختیار میں ہے۔ف:۔دقت نظری وحقیقت شناسی اس سے صاف ظاہر ہے۔

خشیت حق

فرمایا کہ جب میں کسی ہدیہ کو رد کرتا ہوں تو گو وجہ کے ساتھ ہو لیکن بہت ڈرتا ہوں کیونکہ غور کرنے سے کسی قدر شک کبر کا ہوتا ہے جس سے خوف ہوتا ہے۔اللہ تعالیٰ معاف فرمادیں۔استغناء اور کبر میں فرق نہایت دشوار ہے۔دونوں بہت مشابہ ہیں کبھی اس میں دھوکہ ہو جاتا ہے کہ جس کو ہم استغناء سمجھ رہے ہیں وہ دراصل ہوتا ہے کبر۔خدا ہی محفوظ رکھے تو انسان محفوظ رہ سکتا ہے ورنہ ہمارا قول فعل حال قال۔سب ہی پر از خطر ہے مجھے تو اب وہ شعر یاد آیا کرتا ہے جو کبھی بچپن میں پڑھا تھا۔

من نہ گویم کہ طاعتم بہ پذیر قلم عفو برگنا ہم کش

تقاضا شدید امتثال امر کا اور عبدیت

فرمایا کہ ایک مرتبہ میں نے اپنے گھر کے لوگوں سے ایک روپیہ لیا تھا۔آدھی رات کو خیال آیا کہ دینا ہے بس چین نہ پڑا۔اٹھ کر یہ دیکھا کہ آیا جاگ رہی ہیں یا سو رہی ہیں چونکہ ان کی نیند بھی کم ہے انہوں نے کہا کیا ہے میں نے کہا یہ روپیہ لے لو انہوں نے کہا اللہ ایسی

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

کیا جلدی تھی میں نے کہا کہ میرے پاس سے لے لو ورنہ مجھے رات بھر نیند نہیں آئے گی۔ جب ان کو دے دیا تب نیند آئی۔ اسی طرح رات میں جب کوئی مضمون آتا ہے ذہن میں تو اسی وقت چراغ جلا کر پرچہ پر لکھ کر سرہانے رکھ لیتا ہوں جب اطمینان ہوتا ہے۔ اسی جلدی اور تقاضا کی بناء پر کبھی بطور ناز کے میں حق تعالیٰ سے دعا کیا کرتا ہوں کہ یا اللہ مجھے آپ بلا سزا کے بخش دیجئے گا۔ ورنہ سزا میں مجھے کیسے صبر ہو سکے گا کہ کب مغفرت ہوگی۔

احسان نہ لینا

فرمایا کہ میں ہرگز یہ پسند نہیں کرتا کہ میرے عزیزوں کو میرے تعلق کی وجہ سے دیا جاوے اس کا بھی تو احسان آخر میرے ہی اوپر ہوتا ہے میں ایسے بار کا متحمل نہیں ہو سکتا۔

ف:۔ اس سے حضرت والا کی نفرت احسان لینے سے معلوم ہوئی۔

عقل و حکمت

فرمایا کہ بیماری میں اگر حق تعالیٰ ایک تکلیف دیتے ہیں تو اس کے ساتھ پچاس راحتیں بھی مہیا فرما دیتے ہیں چنانچہ میری اس بیماری میں بہت سے مسلمان دعا کرتے ہیں اور جو دعا نہیں کرتے وہ صحت کی تمنا ہی کرتے ہیں تو اتنے قلوب کا کسی کی طرف متوجہ ہو جانا کتنی بڑی رحمت ہے۔ دوسرے ہر شخص کو ہمدردی ہو جاتی ہے ناز نخرے اٹھانے والے بہت سے ہو جاتے ہیں۔ اگر کوئی خفگی یا ترشی بیمار کی طرف سے ہو جاتی ہے تو کوئی خیال نہیں کرتا کہ بیماری کی وجہ سے مزاج چڑچڑا ہو گیا ہے۔ پھر فرمایا کہ بیماری میں تیزی نہیں رہتی۔ خستگی اور شکستگی پیدا ہو جاتی ہے۔ متانت اور وقار بھی آ جاتا ہے۔ چھچھورا پن نہیں رہتا غرضیکہ بیماری خوش اخلاق بنا دیتی ہے۔

درد از یار ست و درماں نیز ہم　　دل فدائے اوشد و جاں نیز ہم

حقیقت رسی و توحید

ایک صاحب نے پوچھا کہ طبیعت کیسی ہے۔ فرمایا کہ طبیعت تو اچھی ہے ناک البتہ بری ہے۔ حضرت خواجہ صاحب نے عرض کیا کہ چھوٹی سی پھنسی نے تمام جگہ اپنا اثر پھیلا رکھا ہے۔ فرمایا کہ جناب خدائی لشکر ہے خدائی لشکر کا ایک ادنیٰ پیادہ بھی کچھ کم نہیں وہ بھی بہت

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

کچھ کرسکتا ہے۔ف:۔ حقیقت رسی وتوحید صاف ظاہر ہے۔

فراست لایعنی سے حذر

ایک گمنام خط آیا جس میں کچھ اعتراض واہی تباہی لکھا تھا حضرت والا نے فرمایا کہ جوابی تو ہے نہیں جس کے جواب لکھنے کی ضرورت ہو اس کو علیحدہ رکھنے پڑھنے کی بھی ضرورت نہیں۔ایک تو اس نے لایعنی حرکت کی اور ایک میں لایعنی حرکت کروں کہ اس کو سنوں اور خواہ مخواہ اپنا جی خراب کروں چنانچہ بلا سنے ردی میں رکھوا دیا۔پھر فرمایا کہ موضع اعظم گڑھ دوران وعظ میں ایک شخص نے ایک پرچہ لاکر مجھ کو دیا اور دیتے ہی چلا گیا میں نے بعد وعظ وہیں پر چراغ میں بلا پڑھے اس کو جلا دیا۔ایک صاحب کہنے لگے کہ بلا پڑھے جلا دینے کا آپ کا جی کیسے مانا ہم کو تو بے پڑھے صبر نہ آتا۔کہا کہ جی عقل کی تو یہی بات ہے کیونکہ اگر جواب کی ضرورت ہوتی تو وہ دینے والا بلا جواب لئے کیسے چلا جاتا ہے پھر میرے پڑھنے کی کیا ضرورت تھی کیونکہ نہ معلوم اس میں گالیاں لکھی تھیں یا نہ جانے کیا بلا لکھی ہو۔

ف:۔اس سے حضرت والا کی فراست اور لایعنی سے حذر صاف ظاہر ہے۔

کمال شفقت ورافت

ایک بار حضرت خواجہ صاحب نے عرض کیا کہ حضور دعا سے ضرور یاد رکھا کریں۔فرمایا کہ آپ کیا یہ سمجھتے ہیں کہ میں دعا سے غافل ہوں۔آپ سے تو خیر تعلق ہے۔اب تو نہیں لیکن ایک زمانہ مدت تک میں نے جانوروں تک کے لئے دعا مانگی ہے۔کیونکہ ان کے بھی حقوق ہیں۔

کمال شفقت ورافت

فرمایا کہ بعضے استاد بچوں کو بہت مارتے ہیں بعضوں کا فہم قدرۃً کم ہوتا ہے لہذا ان کو مارنا پیٹنا زیادتی ہے۔بچوں کو جو زیادہ مارتے ہیں ان سے مواخذہ ہوگا۔پھر فرمایا کہ الحمدللہ غصہ میں میرے ہوش بجا رہتے ہیں اور ضرورت کے وقت رسی سے مارتا ہوں اس میں خطرہ ہڈی وغیرہ کے ٹوٹنے کا نہیں ہوتا۔اعتدال سے مارنا پیٹنا چاہئے مجھے بچوں کے پیٹنے سے سخت تکلیف ہوتی ہے۔

ف:۔اوپر کے دونوں واقعوں سے حضرت والا کی شفقت ورافت صاف ظاہر ہے۔

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

کمال شفقت علی المخلوق

کسی مسلمان کی ماخوذی کی خبر سن کر نہایت افسوس کے لہجہ میں فرمایا کہ خدا جانے مسلمان کوئی ہو کہیں کا ہو رائی برابر بھی اسے گزند پہنچے تو دل پگھل جاتا ہے۔ مسلمان کی تکلیف سے بڑا دل دکھتا ہے۔ پانچوں وقت دل سے دعا مانگتا ہوں۔

ف:۔ اس سے حضرت والا کی کمال شفقت علی المخلوق اظہر من الشمس ہے۔

شفقت وحکمت

ایک صاحب مع اہل وعیال کے ایک سال یہاں رہ کر رخصت ہونے لگے۔ گھر بھر رونے لگا۔ حضرت ہنستے رہے۔ فرمایا دل تو میرا بہت کڑھتا ہے کسی کے رونے سے۔ لیکن ایک تو مجھے رونا نہیں آتا دوسرے میں ہنسا اس لئے کرتا ہوں کہ رونے والوں کو تسلی ہو جاوے۔

ف:۔ اس سے بھی حضرت والا کی شفقت وحکمت ظاہر ہے۔

شان استغناء دین کی عظمت وحکمت

فرمایا کہ امراء کی طرف اگر خود التفات کیا جاوے خواہ کیسے ہی خلوص سے ہو لیکن ان کو بھی گمان ہوتا ہے کہ ان کی کچھ غرض ہے۔ برخلاف غرباء کے کہ ان سے ذرا شیریں کلامی کی جاوے تو پانی پانی ہو جاتے ہیں نثار ہونے لگتے ہیں دین کی وقعت محفوظ رکھنے کے لئے میں امراء سے از خود کبھی تعلق نہیں پیدا کرتا۔ ہاں وہ خود ہی تعلق پیدا کرنا چاہیں تو انکار بھی نہیں کرتا کیونکہ وہ جب ہمارے پاس دین کی وجہ سے آیا تو وہ نرا امیر نہیں رہا وہ **نعم الامیر علی باب الفقیر** دنیادار سمجھ کر ہرگز اس سے بے التفاتی نہ کرنا چاہئے۔

ف:۔ اس سے حضرت والا کی شان استغناء دین کی عزت وعظمت اور حکمت صاف ظاہر ہے۔

حقیقت شناسی، کمال عقل

فرمایا کہ عافیت بڑی نعمت ہے اس سے دین میں مدد ملتی ہے باقی زیادہ تمول تو بھلا ہی دیتا ہے عذاب ہے ہر وقت ہزاروں فکریں پھر بدون عافیت ہیچ۔ ایک نواب لکھنؤ کے تھے ان کا

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

معدہ ایسا ضعیف ہو گیا تھا کہ ململ میں قیمہ رکھ کر چوسا کرتے تھے۔ وہ بھی ہضم نہیں ہوتا تھا۔ کنارہ شہر کے مکان تھا ایک لکڑہارے کو دیکھا سر پر سے لکڑیوں کا گٹھا اتارا۔ پسینہ پونچھا۔ گرمی کے دن تھے منہ ہاتھ دھوئے دو روٹ نکالے اور پیاز سے کھائے پھر وہیں پڑ کر سو رہا۔ ان حضرت کو نیند بھی نہیں آتی تھی۔ اس کو دیکھ کر وہ اپنے مصاحبوں سے کہتے تھے کہ میں دل سے راضی ہوں کہ اگر میری یہ حالت ہو جائے تو اس کے عوض میں اپنی ساری نوابی اور ریاست دینے کے لئے تیار ہوں۔ ان کے پاس سب کچھ تھا ان کے کتے تک سب کچھ کھاتے تھے لیکن ان کو میسر نہ تھا۔ واقعی ایسی دولت جو اپنے کام نہ آوے سوا اس کے کہ حمالی ہے اور کیا ہے۔ ہاں اگر اللہ تعالیٰ بدوں انہماک کے دے تو ہر حال میں پھر وہ نعمت ہے اس کا حق ادا کرے۔

ف:۔ اس سے حضرت والا کی حقیقت شناسی' کمال عقل ظاہر ہے۔

انکسار و تواضع

ایک صاحب نے عرض کیا حضور کا تو ہر کام عبادت سونا بھی عبادت ہے۔ فرمایا کہ جی عبادت تو کہاں۔ ہاں سونے میں اتنا تو ہے کہ گناہوں سے حفاظت رہتی ہے۔

ف:۔ اس سے حضرت والا کا انکسار و تواضع ظاہر ہے۔

توقیر اہل علم

فرمایا کہ ڈھاکہ میں ادھر ادھر سے اہل علم میرے ملنے کے لئے آئے تھے میں نے ان سے کہہ دیا کہ آپ اپنے کھانے کا انتظام علیحدہ کر لیجئے کیونکہ آپ مدعو نہیں ہیں۔ نواب صاحب کو معلوم ہو گیا انہوں بہ اصرار ان کو بھی مدعو کیا۔ ان لوگوں نے مجھ سے پوچھا۔ میں نے کہا کہ ہاں اب قبول کر لو۔ اب عزت سے کھاؤ گے پہلے ذلت سے کھاتے۔

ف:۔ اس سے بھی معلوم ہوا کہ حضرت والا اہل دین و اہل علم کی ذلت کو گوارا نہیں فرماتے۔

حسن انتظام' اہتمام حفظ نظام دین' غایت احتیاط

وعظ المراد کے متعلق فرمایا کہ یہ وعظ شاہی جامع مسجد مراد آباد میں ہوا تھا وہاں ہمیشہ ڈھائی بجے جمعہ کی نماز ہوتی ہے اور اسٹیشن پہنچنے کے لئے مجھ کو چار بجے وہاں سے روانہ ہو

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

جانا ضروری تھا کیونکہ پانچ بجے گاڑی چلتی تھی تین بجے کہیں نماز ختم ہوتی تب وعظ شروع ہوتا چار بجے تک کیا ہوسکتا تھا وہاں لوگوں نے خاص اس دن کے لئے جمعہ کا وقت بدل دیا اور سب جگہ خوب اعلان کر دیا کہ بجائے ڈھائی بجے کے ڈیڑھ بجے نماز ہوگی لیکن مجھ کو یہ گوارا نہ ہوا کہ نماز کا وقت بدلہ جاوے۔ میں نے اس رائے کی مخالفت کی کیونکہ میں نے کہا کہ اگر ایک متنفس کو بھی نماز نہ ملی تو اس کی محرومی کا باعث میں ہوں گا۔ دوسرے ایسی حرکتوں سے مولوی لوگ خواہ مخواہ بدنام بھی ہوتے ہیں اور یہ ممکن نہیں کہ ہر شخص کو اعلان کی خبر پہنچ جاوے چنانچہ میں نے تجویز کیا کہ نماز تو اپنے مقرر وقت ہی پر پڑھو یعنی ڈھائی بجے میں البتہ اپنے وعظ کو مقدم کر دوں ڈیڑھ بجے وعظ شروع کر دیں گے ڈھائی بجے بند کر کے نماز پڑھیں گے نماز سے فارغ ہو کر پھر وعظ کہنا شروع کر دیں گے۔ اس میں کیا حرج ہے۔ چنانچہ میں نے ایسا ہی کیا۔ نماز سے قبل تو گھنٹہ بھر تک تمہید ہی کی تقریر رتا رہا۔ بعد نماز کے پھر شروع کر کے ٹھیک چار بجے ختم کر دیا لیکن سب ضروری مضامین بیان ہو گئے۔ بہت کافی وقت مل گیا تھا۔ گاڑی مسجد کے دروازے پر پہلے سے مع اسباب کھڑی کرا رکھی تھی۔ انتظام تو آخر کرنے ہی سے ہوتا ہے بے کئے تو کچھ ہو نہیں سکتا اور گو انتظام میں تھوڑی بہت کلفت ضرور کرنی پڑتی ہے لیکن انجام میں بڑی سہولت اور راحت ہوتی ہے۔

ف:۔ اس ملفوظ سے حضرت والا کا حسن انتظام و اہتمام حفظ نظام دین و غایت احتیاط صاف ظاہر ہے۔

تواضع و بزرگوں کا ادب

فرمایا کہ میرا قاعدہ ہے کہ جہاں کوئی بزرگ ہو وہاں میں کچھ بیان کرنا مناسب نہیں سمجھتا ہاں ان بزرگ کی خود فرمائش ہو تو اور بات ہے۔ ف:۔ اس سے معلوم ہوا کہ بزرگوں کا ادب حضرت کی فطرت میں اور تواضع حضرت کی سرشت میں داخل ہے۔

حذر از ایذاء مسلم احتیاط و تقویٰ

فرمایا کہ لوگ ایسا کرتے ہیں کہ جب مسجد میں آئے تو اوروں کی جوتیوں کو ادھر ادھر ہٹا کر جگہ کر کے اپنی جوتیاں اتار دیں اور مسجد میں داخل ہو گئے میں اس کو ناجائز سمجھتا ہوں کیونکہ

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

جس نے اپنی جوتیاں جس جگہ اتاری ہیں وہ وہیں ان کو تلاش کرنے آئے گا اور جب نہ پائے گا تو پریشان ہوگا۔ دوسرے کو ایذا دینا کہاں جائز ہے کہ جہاں تک جوتیاں رکھی جا چکی ہیں اس سے علیحدہ اپنی جوتیاں اتارے دوسروں کی جوتیاں منتشر کرنے کا کوئی حق نہیں۔

ف:۔ اس سے غایت احتیاط وتقویٰ وحذر از ایذاء مسلم ثابت ہے۔

قدر طلباء استغناء شان تربیت وطرز سلف سے موافقت

کسی کو ایک صاحب نے قریب مغرب طالب علموں کی دعوت کی اطلاع کرنے کو بھیجا۔ حضرت والا نے فرمایا کہ عین کھانے کے وقت اطلاع کا طریقہ نہیں۔ یہی علامت اس کی ہے کہ ان کو طلباء سے محبت نہیں۔ صرف اس نیت سے طلباء کو کھلاتے ہیں ایسے موقعوں پر کہ کوئی الا بلا ہو تو دور ہو جاوے۔ اگر محبت تھی تو جیسے برادری کو صبح کے وقت اطلاع کی تھی ان کو بھی اسی وقت کی ہوتی۔ انہیں تو صبح اطلاع کی اور ان غریبوں کو شام کو اطلاع کرنے آئے ہیں۔ بس وجہ یہی ہے کہ ان کو فضول بیکار سمجھا گیا۔ سو ہمارے یہاں کے طلباء گو غریب ہیں لیکن ایسے گرے پڑے نہیں۔ یہ کسی کے بھروسے یہاں نہیں پڑے ہوئے۔ خدا کے بھروسہ ہیں۔ عزت سے روکھی روٹی کھانا اس سے اچھا ہے کہ بریانی اور تنجن کھائیں مگر ذلت ہو۔ پھر یہ حکایت بیان فرمائی کہ حضرت جنیدؒ کے پاس ایک شخص آیا اور عرض کیا کہ کچھ کام ہے ایک درویش کو میرے ساتھ کر دیجئے۔ حضرت نے خانقاہ میں ایک درویش سے کہا کہ ہم لوگ اسی واسطے ہیں کہ مخلوق کی خدمت کریں کیونکہ

طریقت بجز خدمت خلق نیست　　بہ تسبیح و سجادہ و دلق نیست

بھائی جاؤ مسلمان بھائی کا کام کر آؤ وہ سمجھے کہ اس کا کوئی کام ہوگا تھوڑی دیر کے بعد وہ شخص لوٹا اور درویش کے سر پر خوان تھا۔ خانقاہ والوں کے لئے کھانا لایا تھا اسی واسطے یہاں سے آدمی لے گیا تھا۔ حضرت جنید دیکھ کر مارے غصہ کے سرخ ہو گئے فرمایا کیوں صاحب کیا یہی قدر ہے اللہ اللہ کرنے والوں کی۔ انہیں کے لئے تو کھانا اور انہیں کے سر پر رکھوا کر لائے۔ اسی وقت وہ کھانا واپس کر دیا کہ ایسے کھانے کی ہمیں ضرورت نہیں۔ پس اگر یہ تکبر ہے تو ہمیں حضرت جنیدؒ نے سکھلایا ہے وہ درویش بھی تھے اور عالم بھی تھے۔ اب اس میں یہ

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

شبہ ہوسکتا ہے کہ اسی طرح طالب علم بڑے مغرور ہو جائیں گے لیکن اس کے لئے میں نے کہ رکھا ہے کہ مزدوری کرلیا کرو چنانچہ مہمانوں کا سامان اسٹیشن تک پہنچانے کے لئے طالب علم چلے جاتے ہیں اور چار آنے آٹھ آنے کما لیتے ہیں۔ سر پر اسباب لے جانا اور مزدوری کرنا ذلت نہیں۔ اور اس طرح لینا (کھانے کا) ذلت ہے۔ تکبر کا تو میں نے یہ علاج کیا اور ذلت کا یہ کہ کسی کے دروازہ پر نہ جاؤ۔ پھر فرمایا کہ کیا کروں جہاں کسی کے کلام سے ذرا طالب علموں کی اہانت مترشح ہوئی بس فوراً طبیعت متغیر ہو جاتی ہے۔ اجی اگر وہ (داعی) یہ کرتے کہ دعوت کو تو کہتے نہ۔ کھانا بھیج دیتے اور اس طرح کہتے کہ اجی ہم ایک چیز کھانے بیٹھے جی چاہا کہ اپنے محبوب کو بھی کچھ بھیج دیں۔ اس میں کیا حرج ہے۔ مگر ایسی ترکیب و باتیں صحبت سے معلوم ہوتی ہیں۔ ف:۔ اس سے قدر طلباء و شان تربیت و طرز سلف سے موافقت ظاہر ہے۔

تجربہ سہولت پسندی، عقل سلیم

ایک طالب علم نے عرض کیا کہ میری سمجھ میں کتابیں تمام فن کی نہیں آتی فرمایا کہ بس یہ کافی ہے کہ استاذ کی تقریر کے وقت نفس مطلب سمجھ میں آ جاوے یاد رہے یا نہ رہے۔ کتاب اگر حل ہو جاوے ان شاء اللہ بعد ختم کے جب خود مطالعہ کریں گے استعداد ہو جاوے گی بیدل نہ ہو جایئے۔ یاد رہے یا نہ رہے کچھ پرواہ نہ کیجئے۔ پھر فرمایا کہ اگر کسی کو نفس مطلب بھی سمجھ میں نہ آوے تو ایسی صورت میں ضروری مسائل اردو میں پڑھ لینا کافی ہے۔

ف:۔ اس سے حضرت والا کا تجربہ سہولت پسندی عقل سلیم صاف ظاہر ہے۔

تجربہ: فرمایا کہ دو چیزیں باوجود تکرار و مطالعہ کے بھی ضبط نہیں رہتیں۔ مطالب مثنوی شریف و معانی قرآن مجید

شفقت و سہولت پسندی

ایک صاحب نے دق کے لئے تعویذ مانگا فرمایا پڑھنے کا زیادہ اثر ہوگا تعویذ کا کیا اثر۔ پابندی کے ساتھ روزانہ بعد فجر چودہ بار الحمد شریف پانی پر دم کر کے دن بھر پلاتے رہیں جب پانی کم رہ جاوے اور ملا لیں۔

ف:۔ شفقت و سہولت پسندی صاف ظاہر ہے۔

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

عدم تصنع، نفاست طبع

فرمایا کہ کسی کا جھوٹا خواہ اپنے بزرگ کا ہو مجھ سے نہیں کھایا پیا جاتا طبیعت کی بات ہے۔

ف:۔ یہ دلیل نفاست طبع کی ہے اور صاف کہہ دینا علامت بے تکلفی وعدم تصنع کی ہے۔

کمال فہم، تجربہ وفراست۔ محبت اعزا

حضرت کے ایک عزیز ہیں جو واعظ ہیں انہوں نے اپنے لڑکوں کو انگریزی پڑھائی ہے۔ حضرت ان سے بہت ناراض ہیں۔ حضرت نے ان کو منع کر دیا ہے کہ میرے پاس خط نہ بھیجا کرو فرمایا کہ انہوں نے اس بات کو گوارا کر لیا انگریزی پڑھانا نہ چھوڑا یا۔ فرمایا کہ میں نے کہا شرم نہیں آتی وعظ کہتے ہو اور انگریزی اپنے بچوں کو پڑھاتے ہو اگر مولوی نہ ہوتے تو اتنا ناگوار نہ ہوتا اب کیا منہ رہا۔ منبر پر بیٹھ کر دین کی ترغیب دینے کا۔ انہوں نے یہ عذر پیش کیا کہ لڑکے کم عقل ہیں۔ اس لئے علم دین پڑھانے کے قابل نہ تھے۔ میں نے کہا سبحان اللہ اس صورت میں تو ان کو علم دین پڑھانا اور بھی زیادہ ضروری تھا کیونکہ اگر کم عقل نہ ہوتے تو ان کے بگڑنے کا اندیشہ نہ تھا عقل ان کو برائیوں سے روکے رہتی اب جبکہ عقل بھی نہیں اور علم دین نہ ہوگا تو کیا چیز ان کے پاس رہی جو شر اور فتنوں سے محفوظ رکھ سکے یہی دو چیزیں ہیں جن کے ذریعہ سے آدمی برائیوں سے بچ سکتا ہے اس کا ان سے کچھ جواب نہ بن سکا۔

ف:۔ اس سے حضرت والا کا کمال فہم و تجربہ وفراست اور اصلی محبت عزیزوں کے ساتھ صاف ظاہر ہے۔

ضبط اوقات

فرمایا کہ میں جب کوئی مضمون یا کتاب لکھتا ہوں تو ناغہ نہیں کرتا بعض روز بالکل فرصت نہ ملی تو برکت کے لئے صرف ایک ہی سطر لکھ لی اس سے تعلق قائم رہتا ہے ورنہ اگر ناغہ ہو جائے تو پھر بے تعلق ہو کر مشکل سے دوبارہ نوبت آتی ہے۔

ف:۔ اس سے کمال ضبط اوقات ظاہر ہے۔

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

ملکہ شناخت کیو دنفسانیہ' کمال تجربہ' ظرافت' مبتلا کی تسلی پر تشفی

ایک ذی علم عشق مجازی میں مبتلا ہو گئے۔ ان کو دھوکہ ہوا کہ یہ نفسانی محبت نہیں حضرت نے قطعاً محبوب سے علیحدگی کرادی۔ ان صاحب کی رائے ہوئی کہ اس افتراق سے بجائے نفع کے نقصان ہوا۔ وہ کہتے تھے کہ میں اپنی طبیعت سے خوب واقف ہوں اگر مجھے علیحدہ نہ رکھا جاوے تو میں اس بلا سے نکل کر دکھلاؤں۔ وہ یہ بھی کہتے تھے کہ گو زہر عام طبائع کے اعتبار سے مضر ہے لیکن بعض خاص طبائع کے لئے مفید ثابت ہوتا ہے۔ حضرت کو ان کے اس رائے کی اطلاع ہوئی تو فرمایا کہ اول تو مریض کو حق نہیں کہ طبیب کی تجویز میں دخل دے۔ دوسرے یہ کہ زہر تو کبھی جائز بھی ہے۔ لیکن معصیت تو ہر حال میں معصیت ہے۔ جب میں اسے معصیت سمجھتا ہوں پھر اختلاط کی کیسے اجازت دے سکتا ہوں البتہ خود ان کو اپنی نیت کا حال معلوم ہے اگر وہ اس کو معصیت نہیں سمجھتے تو وہ بطور خود جو تدبیر نافع سمجھیں کریں مگر اس طور پر کہ مجھے علم نہ ہو کیونکہ جب میں معصیت سمجھتا ہوں تو میں اجازت دے کر کیوں گنہگار ہوں۔ پھر فرمایا کہ یہ ان کا خیال غلط ہے کہ اختلاط سے کمی ہو جاوے اس وقت ایک تسلی سی ہو جاتی ہے۔ لیکن پھر افتراق کے بعد معلوم ہوتا ہے کہ محبت کم نہیں ہوئی بلکہ اور بڑھ گئی یہ بھی فرمایا کہ یہ نفسانی ہی محبت ہے لیکن ان کی سمجھ میں نہیں آتا۔ اور ان کی گریہ و بکا کی حالت سن کر ہنس کر یہ فرمایا کہ برسات کا موسم ہے۔ ہوا ہے بارش ہے سب ٹھیک ہو جاویں گے۔ میرے دل میں حق تعالیٰ نے ڈال رکھا ہے کہ انہیں جلد اس سے نجات ہو جاوے گی اس لئے مجھے اطمینان ہے انہوں نے اس کو اپنے توہمات سے بڑھا لیا ہے اور بھی۔ اور بہت بڑا سمجھ رکھا ہے۔ مجھے معمولی سی بات معلوم ہوتی ہے پھر فرمایا کہ مبتلا پر مجھے غصہ نہیں آتا۔

ف:۔ اس ملفوظ سے حضرت والا کا ملکہ شناخت کیو دنفسانیہ کا اور کمال تجربہ اور ظرافت اور مبتلا کو بغایت درجہ تشفی و تسلی دینا معلوم ہوا جس کو بے حد دخل ہے مرض کے ازالہ میں۔

کمال تجربہ

ایک طالب جو حضرت کی خدمت میں حاضر تھے ان کے پانچ روپیہ قرض کسی دوسرے طالب علم کے ذمہ تھے جو سہارنپور کے مدرسہ میں پڑھتے ہیں ان کو روپیہ کی

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

ضرورت ہوئی انہوں نے قرض دار طالب علم کو لکھا ہوگا قرض دار طالب علم نے سہارنپور سے حضرت کو لکھا کہ آپ پانچ روپیہ میری جانب سے دیدیجئے میں آپکو بھیج دوں گا حضرت نے فرمایا کہ اس قصہ میں کون پڑے۔ یاد رکھنے اور پھر وصول کرنے کا کام اپنے ذمہ کیوں بڑھایا جاوے۔ اس سے یہ سہل ہے کہ خود ان موجودہ طالب علم کو مدرسہ سے بطور امداد کے خرچ دیدیا جاوے پھر یہ اپنا روپیہ ان سے جب چاہیں وصول کریں۔ (یہ طالب علم غریب ہیں) پھر فرمایا کہ مجھے قرض لینا دینا دونوں ناپسند ہیں چنانچہ حضرت ملا جامی فرماتے ہیں۔

مدح شاں قرض مستاں نیم حبہ فان القرض مقراض المحبۃ

ف:۔ اس سے حضرت والا کا کمال تجربہ اور قلب کو ہر وقت ہلکا پھلکا رہنا۔ نگرانی سے فارغ رکھنا ظاہر ہے۔

نور معرفت' نورانیت قلب' نورانیت

فرمایا کہ اب تو کانپور کے گلی کوچوں میں ظلمت برستی ہے شہر کی شکل بھونڈی بھونڈی معلوم ہوتی ہے۔ یوں معلوم ہوتا ہے کہ یہاں نہ دین ہے نہ علم بالکل ظلمت ہے۔

ف:۔ اس سے حضرت والا کا نور معرفت ونورانیت قلب صاف ظاہر ہے۔

دوسرے کی گرانی قلب کا لحاظ

فرمایا میں تو یہاں تک احتیاط کرتا ہوں کہ ایسے شخص سے بھی قرض نہیں لیتا جس کی امانت میرے پاس ہو یا مجھے علم ہو کہ اس کے پاس روپیہ آنے والا ہے اور اسے بھی علم ہو کہ اسے علم ہے۔ ہمیشہ ایسے شخص سے لیتا ہوں جو انکار کر سکے اور کسی قسم کا اس پر اثر یا دباؤ نہ ہو ان امور کا ضرور لحاظ رکھنا چاہئے۔ جو اپنا لحاظ کرے کیا اس کا یہی حق ہے کہ اس سے منتفع ہوا کرے۔ طالب نفع تو ایسے شخص سے ہونا چاہئے جو اگر چاہے تو صاف آزادی سے انکار کر سکے اور جو انکار پر بوجہ عقیدت یا لحاظ یا دباؤ کے قادر نہ ہو اس سے کبھی نہ چاہے۔

ف:۔ اس سے معلوم ہوا کہ حضرت والا دوسرے کی گرانی قلب کا کس قدر لحاظ فرماتے ہیں۔

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

مراعات بالا اہل کی تعلیم وتاکید

فرمایا کہ میں تو فتویٰ نہیں دیتا لیکن مشورہ ضرور دوں گا کہ گھر کے انتظام بیوی کے ہاتھ میں رکھنا چاہئے یا خود اپنے ہاتھ میں۔ اوروں کے ہاتھ میں نہیں ہونا چاہئے۔ چاہے وہ بھائی یا بہن ہو یا ماں باپ ہی کیوں نہ ہوں۔ اس سے بیوی کی بڑی دل شکنی ہوتی ہے یا تو خاوند خود اپنے ہاتھ میں خرچ رکھے ورنہ اور رشتہ داروں میں سب سے زیادہ مستحق وہی ہے بیوی کا صرف یہی حق نہیں کہ اس کو کھانا کپڑا دے دیا بلکہ اس کی دلجوئی بھی ضروری ہے دیکھئے فقہا نے بیوی کی دلجوئی کو یہاں تک ضروری سمجھا ہے کہ اس کی دلجوئی کے لئے جھوٹ بولنا بھی جائز فرما دیا۔ اس سے کتنی بڑی تاکید اس امر کی ثابت ہوتی ہے یہاں سے بیوی کے حق کا اندازہ ہوسکتا ہے کہ اس کی دلجوئی کے لئے خدا نے بھی اپنا ایک حق معاف کر دیا۔

ف:۔ اس سے حضرت والا کی مراعاۃ بالا اہل کی تعلیم وتاکید اظہر من الشمس ہے۔

سادگی طبیعت' مراعاۃ احباب' تکلف وتصنع سے حذر

حضرت خواجہ صاحب جبکہ بوضع تنخواہ طویل رخصت لے کر تھانہ بھون حاضر ہوئے تھے تو ان کی اہلیہ نے حضرت کی دعوت کرنے کا معہ متعلقین و چند اعزا و مہمانان کے ارادہ کیا۔ حضرت نے منع فرمایا اور ہدایت فرمائی کہ آپ یہاں مقیمانہ زندگی نہ بسر کیجئے۔ بلکہ مسافرانہ طور پر رہیے دعوتوں کو بالکل حذف کیجئے نہ میری نہ کسی کی اگر ایک پیسہ بھی کہیں سے بچ سکے تو بچایئے۔ اگر گھر میں کوئی خاص چیز پکی اور محبت سے کھلانے کو جی چاہا تو ایک پیالہ میں رکھ کر بھیج دی جاوے دو روٹیاں بھی اوپر رکھ دیں۔ کوئی خاص تکلف کی ضرورت نہیں۔ یہ کیا ضرور ہے کہ دعوت ہی ہو اور خاص طور سے اہتمام کر کے کوئی نئی چیز بھی پکوائی جاوے۔ اور آپ سے یہ بھی کہنا ہے کہ فلاں وقت آپ کے یہاں سے جو کھانا آیا تھا وہ زیادہ تھا۔ اجی ہم دو میاں بیوی ہیں باقی اور تو سب جی جوڑا کنبہ ہے جس وقت چاہیں حذف کر دیں اگر کبھی کوئی چیز بھیجی جاوے تو بس صرف اس قدر کہ ہم دونوں مل کر کھالیں مع اس کھانے کی رعایت کے جو خود ہمارے یہاں پکا ہو یعنی بس وہ کھانا ایک شخص کے لائق ہو پھر ہم چاہے سب خود کھالیں

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

چاہے تھوڑا تھوڑا سب کو تقسیم کر دیں۔ آپ ایک شخص کے اندازہ سے زیادہ نہ بھیجیں۔

ف:۔ اس سے حضرت والا کی کس قدر سادگی طبیعت کی اور مراعاۃ اپنے احباب کی معلوم ہوتی ہے اسی طرح تکلف و تصنع سے حذر صاف ظاہر ہے۔

طرز سفارش، کمال عقل و تجربہ

فرمایا کہ میں سچ کہتا ہوں کہ مجھے مال خرچ کرنا تو آسان مگر سفارش میں زبان ہلانا جہاں یہ وہم ہو کہ ہمارا دباؤ مانے گا موت ہے کیونکہ یہ وہم پیدا ہو جاتا ہے کہ نہ معلوم بیچارے کی کیا مصلحت فوت ہو کیا اثر ہو۔ ایک صاحب سفارش لکھانے آئے میں نے سفارش کی مذمت بھی کی باتیں بھی سنائیں مگر پھر بھی انہوں نے کہا کہ لکھ دو۔ میں مغلوب ہو گیا۔ میں نے کہا تم ایک رقعہ میرے نام لکھ لاؤ جس میں سفارش کی درخواست ہو میں اس پر لکھ دوں گا (میں جب سفارش کرتا ہوں تو ایسا ہی کرتا ہوں تا کہ اس بیچارے مخاطب کو معلوم ہو جائے کہ کاتب کی ابتدائی رائے نہیں ہے دوسرے کی درخواست پر لکھا ہے غرض حد تو معلوم ہو کہ آیا سفارش کرنے والا ایسا شخص ہے کہ اس کی خود کوشش ہے یا محض دوسرے کے کہنے کا اثر ہوا) چنانچہ انہوں ین رقعہ لکھ دیا میں نے اس پر لکھ دیا کہ انہوں نے مجھ سے سفارش کی یہ درخواست کی ہے۔ اگر آپ کی کوئی مصلحت فوت نہ ہوتی ہو اور آپ کی تواضع کے بھی خلاف نہ ہو کسی قسم کا بار بھی نہ ہو تو یہ صاحب آپ کے ممنون ہوں گے اور دعا کیا کریں گے۔ (میں یہ نہیں لکھتا کہ میں ممنون ہوں گا لکھتا ہوں کہ یہ ممنون ہوں گے پھر لفافہ پر اس لئے لکھا کہ یہ صاحب قیام و طعام کا بندوبست خود کریں گے آپ تکلیف یا تکلف نہ کیجئے۔ لفافہ پر اس لئے لکھا کہ یہ صاحب بھی دیکھ لیں۔ ورنہ جناب یہ ہوتا ہے کہ سفارش کا خط لے لیا اور پڑے ہیں مہینوں روٹیاں کھا رہے ہیں۔ لوگوں کو کچھ سہارا چاہئے یوں ہو رہے ہیں قصے اس قدر بے حیا بے مروت بننا پڑتا ہے کہ کچھ پوچھئے نہیں۔

ف:۔ اس سے حضرت والا کے سفارش کا طرز صاف ظاہر ہے کہ کسی کے مصلحت کو فوت کرنا یا کسی کے قلب پر ذرا بھی گرانی ڈالنا خصوصاً جو اپنا لحاظ کرتا ہو ذرا بھی نہیں چاہئے

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

نیز کمال عقل و تجربہ پر بھی دال ہے۔

دین کی عزت کا خیال، عقل کا کمال

فرمایا کہ ہماری طرف جو کچھ لوگوں کی توجہ ہے وہ سب دین کی بدولت ہے پس ہم کو اس دین کی عزت قائم رکھنے کی سخت ضرورت ہے اگر اس کی عزت نہ رہے پھر ہمیں کون پوچھتا ہے۔ کوئی فعل یا قول ہمارا ایسا نہ ہونا چاہئے جس سے دین کی ذلت یا بدنامی ہو۔

ف:۔ اس سے حضرت والا کی دین کی عزت کا خیال اور عقل کا کمال ثابت ہے۔

سلامتی طبیعت قوت استنباط

فرمایا کہ اگر بڑی رقم کا کوئی ہدیہ دیتا ہے تو گو دینے والے کی حیثیت زیادہ ہو اور خلوص میں بھی کمی نہ ہو لیکن مجھے زیادہ معلوم ہوتا ہے اور طبیعت پر بوجھ سا معلوم ہوتا ہے اور واپس کو جی چاہتا ہے مگر ساتھ ہی ساتھ کوئی عذر شرعی سمجھ میں نہ آتا تھا مگر چونکہ طبعی بات کی مخالفت مشکل ہوتی ہے میں انکار کر دیتا تھا اور یہ سمجھتا تھا کہ یہ طبعی معذوری ہے۔ سنت میں اس کی اصل نہیں ہے لیکن الحمدللہ میرا یہ شبہ جاتا رہا جب سے کہ میں نے ایک حدیث دیکھی کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں کہ کوئی خوشبو پیش کرے تو واپس مت کرو اور خود ہی اس کی علت فرماتے ہیں کیونکہ بار اس کا کچھ زیادہ نہیں ہوتا اور فرحت کی چیز ہے پس علت عدم رد کی خفیف المحمل ہونے کو بتلایا میں نے کہا الحمدللہ اس حدیث سے ثابت ہے کہ بوجھ پڑنا طبیعت پر یہ بھی ایک عذر معقول و مشروع رد ہدیہ کا ہے۔ ف:۔ اس سے حضرت والا کی طبیعت کا نہایت سلیم اور اوفق بالسنۃ ہونا اور استنباط صاف ظاہر ہے۔

زہد و استغناء

فرمایا کہ مسلمانوں کو بے فکر کرنے کے لئے اچھی حیثیت بنا کر سفر کرنا عبادت ہے۔ چنانچہ دو چار جوڑے جو اچھے ہوئے وہی چھانٹ کر سفر میں لے جاتا ہوں تاکہ لوگ سمجھیں کہ اس کو کسی چیز کی حاجت نہیں سب بے فکر رہیں گے۔

ف:۔ اس سے حضرت والا کا زہد و استغناء صاف ظاہر ہے۔

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

عملی تعلیم۔ اتباع سنت۔ نعمت الٰہی کی توقیر وعظمت

جناب شیخ معشوق علی صاحب جو ہمارے حضرت کے خلفاء میں سے ہیں حاضر مجلس تھے انہوں نے عرض کیا کہ حضرت واقعی عملی تعلیم کا بہت اثر ہوتا ہے۔ چنانچہ ایک بار میں اور خواجہ صاحب حضور کے ساتھ ریل کے سفر میں تھے۔ کھانا کھانے کے دوران ایک بوٹی گر گئی میں نے اس کو تختہ کے نیچے سرکا دیا حضور نے دیکھ کر فرمایا کہ بوٹی گر گئی ہے چنانچہ وہ بوٹی حضرت نے اٹھوائی اور فرمایا کہ اس کو دھو لیجئے میں کھالوں گا پھر وہ بوٹی حضرت خواجہ صاحب نے دھو کر خود ہی کھالی وہ دن ہے اور آج کا دن ہے کہ کبھی دستر خوان پر سے ایک ریزہ بھی زمین پر گر گیا ہے تو اس کو اٹھا کر کھالیا ہے۔ عملی تعلیم کا اتنا اثر ہوتا ہے۔

ف:۔ اس سے حضرت والا کی عملی تعلیم' اتباع سنت' نعمت الٰہی کی توقیر وعظمت صاف ظاہر ہے۔

تجربہ ولحاظ ومروت

فرمایا کہ خدمت سے کسی کو راحت نہیں ہوتی لیکن خدمت کے لئے تین شرطیں ہیں ایک تو یہ کہ خلوص' یعنی اس وقت کوئی غرض اس خدمت سے نہ ہو محض محبت سے ہو۔ اکثر لوگ خدمت کو ذریعہ بناتے ہیں عرض حاجت کا۔ یہاں تک کیا ہے کہ بعد عشاء کے میں تھوڑی دیر کے لئے لیٹ رہتا ہوں طالب علم بدن دبانے لگتے ہیں۔ چونکہ بدن دبانے سے راحت ہوتی ہے میری آنکھ لگنے لگتی ہے۔ جس وقت میری آنکھ لگنے لگی تو ایک صاحب جو بدن دبانے میں شریک ہو گئے تھے مجھ سے کہا کہ مجھے کچھ پوچھنا ہے۔ ان ہی واقعات سے میں دوسروں پر بدگمانی کرنے لگا۔ اسی لئے میں تحقیق کر لیتا ہوں کہ کون کون بدن دبا رہا ہے اور سوائے دو چار طالب علموں کے باقی سب کو رخصت کر دیتا ہوں۔ دوسری شرط خدمت کی یہ ہے کہ دل ملا ہوا ایک نو وارد آ کر بدن دبانے لگے یا پنکھا جھولنے لگے تو لحاظ بھی ہوتا ہے شرم بھی آتی ہے۔ اب آدمی تختہ مشق کیسے سب کا بن جاوے۔ تیسرے یہ کہ کام بھی آتا ہو مثلاً بعضوں کو بدن دبانا نہیں آتا اور بعضا موقع لحاظ کا ہوتا ہے اب ان سے کیسے منہ پھوڑ کر کہہ دیا جاوے کہ آپ سے بدن دبانا آتا نہیں آپ چھوڑ دیجئے۔ مجبوراً چپ رہنا پڑتا

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

ہے وہ سمجھتے ہیں کہ ہم خدمت کر رہے ہیں۔ میں سمجھتا ہوں کہ میں ان کی خدمت کر رہا ہوں کہ کچھ بولتا نہیں وہ سمجھتے ہیں کہ ہم تکلیف اٹھا رہے ہیں اس کے واسطے اور میں سمجھتا ہوں کہ میں ان کے واسطے تکلیف اٹھا رہا ہوں طالب علموں سے دل کھلا ہوا ہے اور ان کو طریقہ بھی آتا ہے ان سے کچھ تکلیف بھی نہیں ہے چاہے پاؤں پھیلا دیا چاہے پیٹھ کر کے سو رہا اب دو چار تو ایسے ہوتے ہیں سب ایسے کہاں ہو سکتے ہیں۔ ف:۔ اس سے حضرت والا کے شرائط خدمت لینے کے معلوم ہوئے جو دال ہے تجربہ اور لحاظ اور مروت پر۔

دوسرے کی دل شکنی کا لحاظ

ایک صاحب نے کچھ تیل عطر وغیرہ ہدیہ بذریعہ ڈاک بھیجا۔ بذریعہ خط دریافت کیا کہ صحیح وسالم پہنچ گئے یا نہیں اس پر فرمایا کہ اگر راستہ میں نقصان ہو جاوے تو اطلاع نہیں کرنا چاہئے ایک تو بوتل ٹوٹی پھر دوسرے کا دل کیوں توڑے۔ ف:۔ اس سے معلوم ہوا کہ حضرت والا دوسرے کی دل شکنی کا کس قدر لحاظ فرماتے ہیں۔

شان تربیت، ضبط وتحمل، تناسب طبیعت

ایک دیہاتی آ کر بیٹھا حضرت نے پوچھا کہ کیسے آئے کہا کہ ملنے آیا تھا حضرت نے دوبارہ پوچھا کہ کچھ کہنا ہو تو کہہ لو اس نے مقدمہ کے لئے کوئی وظیفہ پوچھا حضرت نے فرمایا کہ پہلے صرف یہ کیوں کہا تھا کہ ملنے آیا تھا یہ تو دھوکہ دینا ہوا۔ ہمیشہ یاد رکھو کہ جب کسی کے پاس جاؤ تو بات صاف کہو۔ اگر تمہارے اس کہنے پر کہ ملنے آیا تھا میں خاموش ہو جاتا اور اٹھ کر چل دیتا تو کہتے بڑے روکھے ہیں پوچھا تک نہیں۔ اس نے کہا کہ میں تنہائی میں کہنا چاہتا تھا کہ اول تو یہ بات کوئی تنہائی کی نہ تھی دوسرے یہی کہتے ہیں کہ صاحب مجھے تنہائی میں کہنا ہے تاکہ آنے کا مطلب تو معلوم ہو جاتا۔ پھر حضرت نے مقدمہ کے لئے فرمایا کہ "یا حفیظ" ہر نماز کے بعد سو سو مرتبہ پڑھا کرو۔ اول آخر درود شریف اور ویسے بھی ہر وقت یا حفیظ کی کثرت رکھا کرو پھر گھر جانے کے لئے اٹھے تو چلتے میں پوچھا کہ کیا مقدمہ ہے اس نے کہا کہ خود میں نے دائر کیا ہے فرمایا کہ بھلے مانس پہلے ہی کیوں نہ کہا میں سمجھا کہ کوئی فوجداری کا مقدمہ تمہارے اوپر ہے پھر

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

فرمایا کہ اس صورت میں یا حفیظ کے بجائے یالطیف پڑھنا چاہئے۔

ف:۔اس سے حضور والا کی شان تربیت' ضبط وتحمل اور طبیعت کا تناسب معلوم ہوا۔

سادگی' معاملہ کی صفائی' تکلف وتصنع سے سخت حذر قولاً بھی فعلاً بھی۔ناپسندیدگی ابہام

حضرت خواجہ صاحب کے ایک دوست نے ان کو لکھا کہ فلاں صاحب حضرت والا کے دربار کے آداب سے ناواقف ہیں۔آپ ان کو مدد دیجئے گا۔حضرت نے دربار اور آداب کے الفاظ پر کراہت کے ساتھ فرمایا کہ لاحول ولاقوۃ کہاں کا دربار اور کیسے ادب۔ پھر فرمایا کہ یہاں کا ادب یہی ہے کہ کوئی ادب نہ ہو۔یعنی بالکل بے تکلفی اور صفائی ہو۔ مکلف اور زیادہ ادب آداب ہی سے تو یہاں کام نہیں چلتا۔بس جو سیدھی سیدھی بات ہے وہ ہونی چاہئے۔اس لئے جس خط میں کوئی ابہام ہوتا ہے میں جرح قدح کرتا ہوں کیونکہ جب تک میں خود نہ سمجھ لوں جواب کیسے دوں اگر کوئی بیعت کی غرض سے آنا چاہتا ہے تو لکھ دیتا ہوں کہ اس غرض سے نہ آویں محض ملاقات اور باتیں سننے کے لئے آنا ہو تو آجاویں ابہام کو میں پسند نہیں کرتا تاکہ یہ نہ ہو کہ دل میں تو لائے کچھ اور یہاں پائے کچھ اور۔

ف:۔اس سے حضرت والا کی سادگی معاملہ کی صفائی۔تکلف وتصنع سے سخت حذر' فعلاً بھی قولاً بھی اور ناپسندیدگی ابہام اظہر من الشمس ہے۔

دین کی عزت کا خیال دوسروں کی گرانی قلب کا لحاظ اور عدم خداع

فرمایا کہ دعوت اور ہدیہ میں حلال وحرام کو زیادہ نہیں دیکھتا کیونکہ میں متقی نہیں بس جو فتویٰ فقہی کی رو سے جائز ہو اسے جائز سمجھتا ہوں لیکن اس کا بہت خیال رکھتا ہوں کہ دین کی عزت میں کمی نہ ہو۔دھوکہ نہ ہو۔بوجھ نہ ہو یعنی گنجائش سے زیادہ نہ ہو نہ حالاً نہ قالاً یعنی دیتے وقت غلبہ محبت کی وجہ سے گرانی محسوس نہ ہو پھر نانی یاد آوے کہ افوہ دس دے دئے۔

ف:۔اس سے حضرت والا کے دین کی عزت کا بہت خیال اور عدم خداع دوسرے کے گرانی قلب کا بے حد لحاظ ثابت ہے۔

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

امراء سے سخت استغناء

فرمایا کہ امراء عموماً اہل علم کو بے قدر سمجھتے ہیں بجز ان کے جنہوں نے صحبت اہل علم کی اٹھائی ہے۔ اہل علم خود جا جا کر گھستے ہیں مجھے تو بڑی غیرت آتی ہے۔ اپنی پیاز روٹی اچھی اس بریانی سے جس میں ذلت ہو اور امراء جو اہل علم کو بے قدر سمجھتے ہیں تو وجہ یہ ہے کہ ان امراء کو ایسے ہی اہل علم ملے جو قابل ذلت تھے اس لئے میں امراء کو بھی معذور رکھتا ہوں۔ ایک صاحب ذی استعداد اہل علم کا واقعہ بیان کیا کہ وہ ایک دنیا دار فاسق فاجر شرابی کے یہاں کسی کی سفارش کے لئے پہنچے وہ ہوا خوری کے لئے ٹہلنے پر جا رہا تھا کہا اس وقت فرصت نہیں پھر آیئے گا۔ مولوی صاحب پھر پہنچے پھر فرمایا کہ امراء کی کیا خطا۔

ف:۔ اس سے امراء سے سخت استغناء صاف ظاہر ہے۔

سوال۔ چندہ سے نفرت' پسندیدگی طرز سلف صالحین' اعتدال طبع

فرمایا کہ میں تو چندوں کی بابت بھی علماء کا زبان سے کہنا بالکل پسند نہیں کرتا۔ لوگ بڑی تہمت لگاتے ہیں بالکل یہ سمجھتے ہیں کہ کھانے کمانے کو مولویوں نے مدرسے کھول رکھے ہیں۔ ان کے دروازہ پر چندے کے لئے کبھی نہ جائے۔ پھر فرمایا کہ اپنی ذات سے جو خدمت دین کی ہو وہ کردے۔ اگر چندہ نہ آوے نہ سہی۔ اگر ہم لوگوں کے قلوب درست ہو جاویں تو سلف صالحین کے طرز پر دین کی خدمت کریں ان کو ہرگز حاجت بڑے بڑے مکانوں کی نہ تھی عالم اپنے گھر پر درس دیتا تھا لیکن اس حالت پر یہ رائے نہ دوں گا کہ مدرسے موقوف کر جاویں۔ مدرسوں کا وجود خیر عظیم ہے یہ موقوف نہ ہونے چاہئیں۔ کیونکہ یہ زمانہ ہی ایسا ہے مگر اعتدال سے تو نہ گزرے۔

ف:۔ اس سے حضرت والا کی نفرت چندہ مانگنے سے۔ طرز سلف صالحین کی پسندیدگی اور ہر امر میں اعتدال کا پورا پورا لحاظ ثابت ہے۔

ظرافت اور حاضر جوابی

ایک صاحب نے کہا کہ عورتیں بہشتی زیور کو اس لئے اور بھی پسند کرتی ہیں کہ اس کی

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

عبارت بہت آسان ہے فرمایا کہ جی ہاں اگر عبارت مشکل ہوتی تو وہ بہشتی زیور کیا ہوتا بہشتی عمامہ ہو جاتا پیچ در پیچ۔ف:۔اس سے حضرت والا کی حاضر جوابی صاف ظاہر ہے۔

تنفر از رسوم شان تربیت

ایک ذاکر صاحب کی مزید درخواست ذکر پر حضرت نے فرمایا کہ زیادہ ذکر کا تحمل ہو سکے گا۔انہوں نے کہا اگر مصلحت ہو تو زیادہ بتلا دیا جاوے۔اس پر حضرت نے ناخوش ہو کر اٹھا دیا کہ مجھ پر یہ بھی احتمال ہے کہ میں خلاف مصلحت بھی تعلیم کرتا ہوں۔کھودیا رسموں نے' یہ بھی کہنا رسم ہے کہ اگر مصلحت ہو یہ نہ سمجھے کہ اس سے دوسرے معنی کیا لازم آ گئے۔جب وہ صاحب اٹھ کر چلے گئے تو مسجد میں جا کر حضرت کی طرف منہ کر کے بیٹھے۔حضرت نے فرمایا کہ جب میری مجلس میں نہیں ہو تو میری طرف منہ کر کے کیوں بیٹھتے ہو پھر فرمایا کہ کھودیا رسوم نے۔

ف:۔اس سے کس قدر تنفر رسوم سے اور شان تربیت ظاہر ہے۔

فضولیات سے سخت عذر

فرمایا کہ مجھے خدا جانتا ہے ذرا سی بات بھی فضول ہو تو اس سے نہایت انقباض ہوتا ہے بلکہ ہنسی مذاق یہاں تک کہ فحش تک سے بھی' چاہے وہ عقلاً منکر ہو لیکن اس سے انقباض نہیں ہوتا اور پھر سب فضول باتوں میں بھی اتنی ناگواری نہیں ہوتی جتنی ان فضولیات میں جن کو کہنے والا خود بھی سمجھے کہ یہ فضولیات ہیں۔

ف:۔اس سے حضرت والا کا فضولیات سے سخت عذر صاف ظاہر ہے۔

تحدث بالنعمہ' اعتناء بالمقاصد

فرمایا بحمداللہ یہاں رہ کر یہ تو ضرور حاصل ہو جاتا ہے کہ طریق اور غیر طریق میں تمیز ہو جاتی ہے۔پھر چلنا اس کا فعل ہے لیکن خود چلنا تو جبھی ہو سکتا ہے جب رستہ معلوم ہو۔آج کل یہ حالت ہے کہ کتابیں بھی ختم' مدرس بھی ہو گئے مگر آج تک یہ خبر نہیں کہ رستہ کیا ہے۔لوگ زوائد میں مبتلا ہیں مقاصد کو چھوڑے ہوئے ہیں۔

ف:۔اس سے تحدث بالنعمہ مقصود پر نظر صاف ظاہر ہے۔

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

شان تربیت کمال تجربہ وعقل علم طریقت

ایک مدرس سے فرمایا کہ جتنی خدمت اختیار میں ہو وہ کرتا رہے۔ اگر بالکل روپیہ نہ رہے اور سب مدرسین مدرسہ کو چھوڑ چھوڑ چلے جاویں تو خود اکیلا ہی اپنے گھر پر طالب علموں کو لے کر بیٹھ جاوے کیونکہ اس سے زیادہ پر اس کو اب قدرت نہیں رہی۔ کام کے کسی خاص درجے کو مقصود کیوں سمجھے۔ کام سے مقصود تو رضا ہے اور وہ غیر اختیاری امور پر موقوف نہیں پھر فرمایا کہ یہ قاعدہ کلیہ عمر بھر یاد رکھنے کے قابل ہے کہ جو امور اختیار میں ہوں اور فضول نہ ہوں ان کا تو قصد کرے اور جو اختیار میں نہ ہوں ان کا ہرگز قصد نہ کرے۔ اس طرح اگر زندگی بسر کرے تو اس کی دین و دنیا دونوں درست ہو جائے۔ پریشانی تو ایسے شخص کے پاس بھی نہیں پھٹک سکتی۔ خدا سے اپنا دل لگائے رکھے۔ جس کو پریشانی نہ ہوگی دل بھی اسی کا خدا کی طرف لگ سکتا ہے۔ ورنہ پریشانی میں آدمی عبادت بھی نہیں کر سکتا جمعیت بڑی دولت ہے مگر پھر پریشانی بھی وہی مضر ہے جو اپنے اختیار سے لائی جاوے اور جس پریشانی میں اپنے اختیار کو دخل نہ ہو وہ ذرا بھی مضر نہیں۔ بلکہ مفید ہے۔ ف:۔ اس ملفوظ سے حضرت کا کمال تجربہ وعقل اور شان تربیت وعلم طریقت صاف ظاہر ہے۔

پرانے فیشن کی مرغوبیت

ایک ہندو ہیڈ ماسٹر نے حضرت مولانا کی بڑی تعریف کی لیکن کہا کہ پرانے فیشن کے ہیں۔ حضرت نے فرمایا کہ ہمیں تو فخر ہے کہ ہم پرانے فیشن کے ہیں۔

ف:۔ اس سے حضرت والا کا پرانے فیشن کو موجب فخر سمجھنا صاف ظاہر ہے۔

سوال اور تملق امراء سے نہایت تنفر

فرمایا کہ رائے پور کے سفر میں بہٹ کے قریب سے پیدل گیا گو شاہ زاہد حسین صاحب نہایت محبت سے پیش آتے ہیں اور نہایت خوشی سے سواری کا انتظام کر دیتے لیکن مجھے شرم آئی۔ حافظ فصیح الدین صاحب بہٹ میں اتر پڑے کیونکہ وہ پیدل نہ چل سکتے تھے ان کے ساتھ میں نے شیخ رشید احمد صاحب کو بھیجا کہ بلا اطلاع کئے دروازہ تک پہنچا کر چلے آؤ کیونکہ

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

وہ بڑے آدمی ہیں تنہا جانے میں ان کی سبکی بھی ہے اور خوف بھی ہے کہ کہیں کتا وغیرہ نہ پریشان کرے میں امراء کی خوشامد تو نہیں کرتا لیکن اس کا بہت خیال رہتا ہے کہ کوئی بات ان کے شان کے خلاف نہ ہو۔ حافظ صاحب سے میں نے کہہ دیا کہ ایک گھنٹہ کے بعد آپ میری اطلاع کرنا کہ میں دور پہنچ جاؤں۔ گاڑی شیخ صاحب کے انتظار میں وہیں کھڑی رہی لیکن میں اتر کر پیدل چلنے لگا تا کہ بہٹ سے جتنا بڑھ جاؤں اچھا ہے غرض اس کا بڑا اہتمام کیا کہ شاہ صاحب کو اطلاع نہ ہونے پاوے گو وہ بہت مخلص اور بڑے رئیس ہیں ان کے نزدیک ایک چھکڑا کر دینا کچھ بھی نہیں تھا۔ لیکن مجھے خود اس کا سبب بننا ہرگز گوارا نہ ہوا۔ شرم آئی کہ ان سے ملنا تو گویا خود سواری مانگنا ہے۔ ہاں لوٹتے وقت ملنے کا خود ارادہ تھا۔ پھر اگلے روز وہ خود رائے پور آ گئے۔ اور واپسی میں انہوں نے خود اپنی ٹم ٹم پر بٹھلایا اس میں میں نے ذرا عذر نہیں کیا۔ کیونکہ خود مانگنا تو تذلل تھا اور کہنے پر نہ جانا تکبر ہے اور یہ دونوں برے۔

ف:۔ اس سے حضرت والا کی نفرت سوال سے نیز تملق امراء سے بدرجہ غایت ثابت ہوئی۔

حیاء و غیرت

فرمایا کہ الحمد للہ مجھ میں غیرت کا مادہ بہت ہے یہاں تک کہ اس پر بھی غیرت ہوئی کہ شاہ صاحب کو (جن کا قصہ اوپر کے ملفوظ میں ہے) میری غیرت کا بھی حال معلوم ہو اور اس غیرت کو بھی میں نے ان سے چھپایا تا کہ ان کی دل شکنی نہ ہو بلکہ ان سے کچھ اور عذر کر دیا تھا۔ پھر فرمایا کہ غیرت ایک ایسی چیز ہے جس سے آدمی سینکڑوں گناہوں سے خود بخود محفوظ رہتا ہے غیرت قریب قریب سب گناہوں کے لئے محافظ ہے۔ بہت سے ایسے ایسے باریک گناہ ہیں کہ جن کو عقل بھی نہیں سوچ سکتی لیکن جس میں غیرت کا مادہ ہوتا ہے اس کی طبیعت میں خود بخود کھٹک جاتے ہیں پھر سوچنے سے معلوم ہوتا ہے کہ واقعی یہ تو کھلا ہوا گناہ تھا۔ عقل کہاں تک سوچ سکتی ہے۔ جب ہی تو ایمان کے شعبوں میں سے افضل اور ادنیٰ کا ذکر کر کے حیا کا خاص طور سے حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ذکر فرمایا کہ الحیاء شعبة من الایمان حالانکہ ضرورت نہ تھی کیونکہ اور شعبے بھی تو غیر مذکور تھے۔ اس سے معلوم ہوتا ہے کہ حیاء اور غیرت بڑا بھاری شعبہ ہے ایمان کا۔

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

لاضرر ولاضرار فی الاسلام کا مصداق ہونا

حضرت والا بلا جوابی ٹکٹ یا لفافہ کے جواب نہیں دیتے۔ ایک صاحب نے عرض کیا کہ وہ جواب کا منتظر ہوگا۔ بیرنگ بھیج دیا کیجئے۔ فرمایا کہ میں پہلے ایسا ہی کیا کرتا تھا لیکن بعضوں نے واپس کر دیا تھا۔ پھر محصول مجھ کو اپنے پاس سے دینا پڑا جب یہ احتمال ہے تو میں کیوں نقصان برداشت کروں۔ ان صاحب نے عرض کیا کہ اپنا نام نہ لکھا کیجئے۔ فرمایا کہ اس صورت میں اگر اس نے واپس کیا تو سرکار کا نقصان ہے۔ سرکار کا نقصان کرنا کہاں جائز ہے۔ ف:۔ اس سے معلوم ہوا کہ حدیث میں لاضرر ولاضرار فی الاسلام اس کے حضرت والا بالکل مصداق ہیں۔

کمال عقل خوش فہمی رعایت متضادین

فرمایا کہ حسن پور میں علی گڑھ کالج کے ایک طالب علم مجھ سے ملے پوچھا کہ میں نے سنا ہے کہ آپ کو علی گڑھ کے لڑکوں سے بہت نفرت ہے۔ میں نے کہا کہ ان کی ذات سے تو نفرت نہیں ان کے افعال سے نفرت ہے۔ انہوں نے پوچھا کہ مثلاً مجھ میں کون سے افعال ہیں میں نے کہا کہ مجمع میں جتلانا خلاف تہذیب ہے۔ آیئے کوٹھری میں آپ کو بتلاؤں گا۔ وہ بھی ایک جلسہ میں نہیں بلکہ اس کی صورت یہ ہے کہ تھانہ بھون آیئے وہاں دو تین مہینہ میں تو باہم مناسبت ہوگی اور دل ملے گا۔ اس کے بعد میں آپ کے افعال سے مطلع کروں گا۔ اس وقت چونکہ دل ملا ہوا ہوگا آپ سمجھیں گے خیر خواہی سے کہہ رہے ہیں اس کا اثر بھی ہوگا۔ اس تقریر کا ان پر اثر ہوا وعظ میں بیٹھے رہے۔ ان پر دھوپ بھی آ گئی۔ لوگوں نے ہٹانا بھی چاہا لیکن وہیں بیٹھے رہے۔ پھر ہمارے حضرت نے فرمایا کہ انہوں نے تو مجھ کو متعصبین میں داخل کیا میں نے انکار بھی کیا اور اقرار بھی کیا میں نے کہا کہ ذات سے تو نفرت نہیں افعال سے ہے پھر فرمایا کہ اصلاح کے طریقے سے اصلاح کرنا نافع ہوتا ہے ورنہ محض دل دکھانا ہے اور کچھ بھی نہیں۔

ف:۔ اس سے حضرت والا کا کمال عقل۔ خوش فہمی رعایت متضادین صاف ظاہر ہے۔

کمال تجربہ حقیقت رسی

اس کا ذکر تھا کہ لڑکیوں کے لئے اچھے لڑکے بہت کم ملتے ہیں۔ فرمایا کہ میں نے تو

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

اپنے خاندان کی عورتوں کے سامنے ایک مرتبہ یہ کہا کہ اس کی وجہ یہ ہے کہ لڑکیوں میں تو صرف لڑکی ہونا دیکھا جاتا ہے اس لئے یہ معلوم ہوتا ہے کہ لڑکوں کے لئے لڑکیاں بہت اور لڑکوں میں سینکڑوں باتیں دیکھی جاتی ہیں کہ خوبصورت بھی ہو۔ وجاہت بھی رکھتا ہے کھاتا پیتا بھی ہو غیرت بھی ہو۔ عہدہ بھی ہو۔ میں نے کہا کہ اگر اتنی شرطیں جتنی کہ تم لڑکوں میں لگاتی ہو لڑکیوں میں بھی دیکھی جاویں تو ان شاء اللہ ایک بھی شادی کے قابل نہ نکلے۔ اکثر بے سلیقہ اور نالائق ہوتی ہیں غرض لڑکوں میں بھی غالب نالائق ہی ہیں اور لڑکیوں میں بھی۔

ف۔ اس سے حضرت والا کا کمال تجربہ حقیقت رسی صاف ظاہر ہے۔

کمال اتباع سنت ہر چیز کیساتھ مناسب برتاؤ کرنے میں اہل مجلس کیساتھ بے تکلفی رہنے میں احباب کی دلجوئی میں

ایک نفیس قالین سہ دری میں بچھانے کے لئے حضرت خواجہ صاحب نے پیش کیا تو ان کی خوشی کے لئے بچھالیا۔ خطوط تحریر فرما رہے تھے۔ فرمایا کہ دیکھئے جب قلم کو دوات میں ڈال کر اٹھاتا ہوں خیال ہوتا ہے کہ کہیں سیاہی گر کر دھبہ نہ پڑ جاوے الجھن ہونے لگی یکسوئی جاتی رہی مضامین کی آمد میں فرق آ گیا اگر معمولی گدا ہوتا تو دھبہ پڑھنے کا خیال بھی نہ ہوتا۔ خواجہ صاحب نے عرض کیا کہ اس کو معمولی ہی سمجھیں۔ دھبہ پڑنے کا کچھ خیال نہ فرمائیں۔ فرمایا کہ طبیعت اس کو گوارا نہیں کرتی کیونکہ ہر چیز کے ساتھ اس کی حیثیت کے موافق برتاؤ کرنا چاہتا ہوں پھر دوسرے دن وہ اٹھا دیا اور فرمایا کہ اصل وجہ یہ ہے کہ ایسی چیز پر بیٹھنے سے مجلس خواہ مخواہ بارعب ہو جاتی ہے۔ پاس بیٹھنے والوں پر رعب پڑتا ہے اور میں چاہتا ہوں کہ کسی کے قلب پر میری ذرا ہیبت نہ ہو۔ لوگ مجھ سے بالکل بے تکلف رہیں تاکہ جو کچھ جس کے جی میں آوے پوچھ سکے۔

ف:۔ اس ملفوظ سے حضرت والا کے یہ صفات صاف ظاہر ہیں۔ ہر چیز کے ساتھ اس کی حیثیت کے موافق برتاؤ کرنا جو عین اتباع سنت ہے۔ حدیث میں آیا ہے **کلموا الناس علی عقولھم** یعنی لوگوں کے ساتھ ان کی حیثیت کے موافق برتاؤ کرنے

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

کا حکم ہے تو چیزوں کے ساتھ اس کی حیثیت کے مطابق برتاؤ کرنا تو مزید کمال ہوا۔ دوسرے اپنے مجلس والوں کے ساتھ بے تکلف رہنے کو چاہنا جو دوسرا شعبہ اتباع سنت کا ہے۔ تیسرے اپنے احباب کی دلجوئی جو تیسرا شعبہ اتباع سنت کا ہے۔

زہد عن الدنیا' کمال عقل و تجربہ' اہل دین کی ذلت کو گوارا نہ کرنا

حضرت والا ہمیشہ جائزہ لے کر زائد از ضرورت چیزوں کو فروخت کر دیتے ہیں اکثر مدرسہ سہارنپور میں فروخت کے لئے بھیجتے ہیں اور چوتھائی قیمت مدرسہ میں دے دیتے ہیں فرمایا کرتے ہیں کہ چاہے سابقہ کبھی نہ پڑے لیکن مجھے اس علم ہونے سے بھی وحشت ہوتی ہے کہ میری ملک میں اتنی چیزیں ہیں۔ سبحان اللہ زہد عن الدنیا اسے کہتے ہیں اور فروخت کردہ چیزوں کے متعلق کبھی یہ تفتیش نہیں فرماتے کہ کونسی چیز کتنے کو بکی۔ فرماتے ہیں کہ اگر اعتبار نہیں ہے تو وہاں بھیجنا ہی نہ چاہئے اور اگر اعتبار ہے تو پھر شبہ نہ کرنا چاہئے۔ جتنے میں چاہیں بیچیں یہ بھی فرمایا کرتے ہیں کہ میں مدرسین کے کام کی جانچ نہیں کرتا کیونکہ میں غیر معتبر مدرسین کو رکھتا ہی نہیں۔ پھر جب معتبر سمجھ کر رکھ لیا پھر روز روز کی جانچ کیسی اس میں ان کی بڑی ذلت ہے یہ گوارا نہیں۔

ف:۔ اس ملفوظ سے حضرت والا کے یہ صفات زہد عن الدنیا' کمال عقل و تجربہ۔ اہل دین کی ذلت کو گوارا نہ کرنا صاف ظاہر ہے۔

ہر بات میں اصول اور قاعدہ کی پابندی

حضرت والا اگر کسی طبیب سے علاج کراتے ہیں تو بالکل اپنے آپ کو اس کے سپرد کر دیتے ہیں بلا اس سے دریافت کئے نہ کوئی چیز کھاتے ہیں نہ کچھ ردوبدل کرتے ہیں۔ ذرا ذرا سی بات کو پوچھ کر کرتے ہیں۔ غرض پورا پورا اتباع نہایت سختی کے ساتھ کرتے ہیں۔ ہاں اگر مناسب سمجھا گیا تو طبیب ہی کو بدل دیتے ہیں۔ مگر جس طبیب کا علاج ہوتا ہے اس کے علاج کے دوران اسی کا اتباع کرتے ہیں۔ کوئی دوسرا طبیب بھی اگر کوئی مشورہ دیتا ہے تو اسی طبیب سے اس مشورہ کو پیش کر کے اس کی رائے کے مطابق عمل فرماتے ہیں غرض جو بات ہے نہایت درجہ اصول اور قاعدہ کے موافق۔

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

صفائی معاملات

ایک بار حضرت خواجہ صاحب نے حضرت کی چیزیں خریدنے کی خواہش کی فرمایا کہ اس شرط پر کہ بالکل آزادی کے ساتھ معاملہ کریں۔ میری خاطر سے نہ خریدیں اور قیمت تیسرے شخص سے تشخیص کرائی جاوے یا بازار سے اندازہ قیمتوں کا لگایا جاوے اور مجھ کو قیمتوں کی اطلاع کی ضرورت نہیں جو مجموعی قیمت طے پاوے وہ دیدی جاوے بشرطیکہ اس پر آپ بھی نہایت آزادی اور خوشی کے ساتھ لینے پر تیار ہوں۔ چنانچہ ایسا ہی کیا گیا۔ صفائی معاملات تو حضرت پر ختم ہے بلکہ سچ یہ ہے کہ حسن معاشرت۔ علم معرفت۔ زہد وتقویٰ۔ شفقت وایثار وغیرہ من الاوصاف کثیرہ سبھی باتوں میں ہمارے حضرت بفضلہ تعالیٰ یگانہ روزگار ہیں جیسا کہ ملفوظات بالا سے اظہر من الشمس ہے۔

ز فرق تا بقدم ہر کجا کہ می نگرم — کرشمہ دامن دل می کشد کہ جا اینجاست

انچہ خوباں ہمہ دارند تو تنہا داری — بسیار خوباں دیدہ ام لیکن تو چیزے دیگری

اللہ تعالیٰ حضور کے وجود باوجود کو بایں فیوض و برکات مدت مدید تک بعافیت تمام سلامت باکرامت رکھے اور ہم لوگوں کو اخذ فیوض کی توفیق دیں آمین ثم آمین۔

غلبہ عبدیت

فرمایا کہ میں تو بقسم کہتا ہوں کہ میں اپنے اندر کوئی کمال نہیں پاتا نہ علمی نہ عملی نہ حالی نہ قالی بلکہ مجھ میں تو سراسر عیوب بھرے پڑے ہیں میری اگر کوئی برائی کرتا ہے تو یقین جانئے مجھے کبھی وسوسہ بھی نہیں ہوتا کہ میں برائی کا مستحق نہیں۔ بلکہ اگر کوئی تعریف کرتا ہے تو واللہ تعجب ہوتا ہے کہ مجھ میں بھلا کونسی تعریف کی بات ہے جو اس کا یہ خیال ہے۔ اس لئے مجھے کسی کا برا بھلا کہنا مطلق ناگوار نہیں ہوتا اور اگر کوئی میری ایک تعریف کرتا ہے تو اسی وقت دس عیب مجھے پیش نظر ہو جاتے ہیں۔ ف:۔ لفظ لفظ سے عبدیت ظاہر ہے۔

عفو، رحم، شفقت، خوف وخشیت از حق

فرمایا کہ میں مدت سے یہ دعا مانگ رہا ہوں اور اب بھی تازہ کرلیا کرتا ہوں کہ اے اللہ

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

میری وجہ سے اپنے کسی مخلوق پر مواخذہ نہ کیجئے۔ جو کچھ کسی نے میرے ساتھ برائی کی ہو یا آئندہ کرے وہ سب میں نے دل سے معاف کی۔ اس لئے مخلوق خدا کو میری طرف سے بالکل بے فکر رہنا چاہئے۔ بلکہ اگر کبھی ضرورت ہو تو میری طرف سے پوری اجازت ہے کہ جو کچھ چاہے مجھے کہہ سن بھی لے۔ پھر فرمایا کہ اگر میں معاف بھی نہ کر دیا کروں اور دوسرے کو عذاب بھی ہوا تو مجھے کیا نفع ہوا۔ حضرت خواجہ صاحب نے عرض کیا کہ اس کی نیکیاں جو ملیں گی فرمایا کہ ایسی قانونی نیکیاں لے کر میرا کیا بھلا ہو سکتا ہے اور اگر یہ فعل میرا مقبول ہو گیا تو اس کی بدولت انشاء اللہ مجھے نیکے (یعنی نیکی کا مذکر) ملیں گے۔ اللہ میاں کے ساتھ قانونی حساب کتاب کرنے سے کہیں کام چل سکتا ہے کیا اس کو یہ اختیار نہیں ہے کہ ایک شخص کو بلا استحقاق نیکیاں دے دے کیا اس کے یہاں نیکیوں کی کمی ہے یہی خیال کیوں نہ رکھے پھر فرمایا کہ میں تو اس لئے سب کے حقوق معاف کر دیتا ہوں کہ اگر یہ فعل مقبول ہو گیا تو حق تعالیٰ سے امید ہے کہ وہ اوروں سے ان حقوق کو جو میرے ذمہ ہیں خود ہی معاف کرا لیں گے۔

ف:۔ اس سے عفو و حلم شفقت خوف و خشیت از حق سب بدرجہ اتم ظاہر ہے۔

سلامتی فہم، جامعیت، رعایت متضادین

فرمایا کہ مشہور ہے کہ یک من علم را دہ من عقل می باید۔ اس پر ایک حکایت بیان کی کہ ایک مشہور مولوی صاحب سے ایک صاحب نے جو بہت موٹے تھے اور جن کا پیٹ آگے کو بہت بڑھا ہوا تھا یہ پوچھا کہ میں موئے زیر ناف کس طرح لیا کروں کیونکہ پیٹ بڑھ جانے سے وہ موقع نظر نہیں آیا اور بدون دیکھے اندیشہ استرہ لگ جانے کا۔ اس پر مولوی صاحب نے بتلایا کہ بیوی سے بال اتروالیا کرو پھر انہوں نے مجھ سے یہی سوال کیا لیکن ان مولوی صاحب کا جواب مجھ کو نہیں بتلایا تھا میں نے کہا کہ چونہ ہڑتال لگا کر نورہ کر لیا کرو بال خود بخود جھڑ جائیں گے اس جواب کو سن کر وہ بہت خوش ہوئے پھر انہوں نے کہا کہ ان مولوی صاحب نے تو یہ بتلایا تھا کہ بیوی سے بال اتروالیا کرو۔ میں سخت پریشان تھا کہ بیوی سے یہ کام کیسے لوں گا۔ اللہ تعالیٰ تمہیں جزائے خیر دے۔ بڑی مصیبت سے نجات دی پھر فرمایا کہ واقعی بالکل سچ ہے کہ یک من علم را دہ من عقل باید۔

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

ف:۔اس سے حضرت والا کی سلامتی فہم جامعیت حکمت رعایت متضادین صاف ظاہر ہے۔

طبیعت کا موزونیت جو ہونا

فرمایا کہ کیا کہوں ایسی طبیعت ہے کہ ذرا سی بے جوڑ بات سے بھی نہایت الجھن ہوتی ہے مسجد کے ٹاٹ پر ایک دن سیاہی گر گئی فوراً اس دھبہ کو دھلوایا اور فرمایا کہ دھبوں کو میں دیکھ نہیں سکتا اس قدر خلجان ہوتا ہے چاہے کپڑا میلا ہو ہوا ایک سا' کبھی کپڑوں پر کوئی دھبہ پڑ جاتا ہے تو یا فوراً اس کو دھلواتا ہوں ورنہ کپڑے بدلتا ہوں۔ ہر چیز میں موزونیت کو طبیعت ڈھونڈتی ہے ذرا کوئی بے جوڑ بات ہوئی اور مجھے پریشانی ہوئی۔

ف:۔اس سے حضرت والا کی طبیعت کا موزونیت جو ہونا ثابت ہے۔

الفت غلبہ وعقلیت' نرم خوئی

فرمایا کہ مجھ میں الفت کا بے حد مادہ ہے لیکن الحمد للہ میں اس سے مغلوب نہیں ہوتا چنانچہ ایک نوعمر طالب علم سے مجھے بہت محبت تھی لیکن بوجہ بعض بے عنوانیوں کے مجھے اس کے نکال دینے میں ذرا تامل نہیں ہوا۔ پھر فرمایا کہ مجھ سے بس نرم بات کہنا غضب ہے میرا دل فوراً پانی پانی ہو جاتا ہے چنانچہ جب ایک طالب علم نے ایک تحریر مشتاقانہ طرز پر لکھی تو میں نے اس کو آنے کی اس شرط پر اجازت دیدی کہ اپنے اطوار کو ٹھیک رکھیں۔

ف:۔اس سے حضرت والا کی صفات الفت وغلبہ عقلیت ونرم خوئی بدرجہ اتم ثابت ہے۔

اہتمام حق العبد اتباع شریعت

فرمایا کہ ہمارے یہاں تو بس اپنی نیند سوؤ۔ اپنی بھوک کھاؤ چین کی زندگی بسر کرو۔ ہاں حدود کے اندر رہو۔ یہاں بحمد اللہ نہ کسی کی لگائی نہ کسی کی بجھائی۔ آزادی بڑی ہے ذاکرین شاغلین کی بابت اس کی بھی نگرانی نہیں کرتا کہ کون شخص جماعت میں شریک ہے کون نہیں، ہاں اس بات کا خیال رکھتا ہوں کہ کوئی ایسا فعل نہ کیا جاوے جس سے دوسروں کو تکلیف یا ایذا پہنچے یا دوسروں کے ضلال کا اس میں اندیشہ ہو یا صریح خلاف شریعت ہو باقی اگر ایک آدھ وقت کی جماعت فوت بھی ہوگئی تو کون سا ایسا بڑا جرم ہوگیا بعض ذاکرین کو

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

میں دیکھتا ہوں کہ آج کل رمضان میں صبح کو سو جاتے ہیں بعد سورج نکلنے کے نماز پڑھتے ہیں کوئی تنبیہ نہیں کرتا نہ یہ دیکھتا ہوں کہ کون کام کر رہا ہے کون تہجد کو اٹھتا ہے کون نہیں کیونکہ ان باتوں کا تعلق حق تعالیٰ کے ساتھ ہے باقی جن باتوں کا تعلق مخلوق کے ساتھ ہے ان کی بابت مجھے خاص طور سے اہتمام ہے کہ مخلوق کو دوسرے سے کیوں ایذا پہنچے۔

مباش در پئے آزار و ہر چہ خواہی کن کہ در شریعت ما غیر ازیں گناہے نیست

ف۔ اس ملفوظ سے حضرت والا کا کس قدر اہتمام حق العبد کے متعلق ہونا ثابت ہے۔

اتباع سنت

فرمایا کہ حالات باطنی تو بہت ہیں مگر ان میں کامل وہ ہے جو سنت کے ساتھ زیادہ موافق ہو بس معیار یہ ہے۔ ف:۔ یہ ملفوظ بھی اتباع سنت کے تعلیم کے اہتمام پر دال ہے۔

صفائی معاملہ کسی پر کسی کا بار بلا اجرت نہ رکھنا مزاح نظر بر حقیقت' دلجوئی فقراء

حضرت کا معمول ہے کہ اگر کوئی وظیفہ یا عمل کسی حاجت کے لئے کوئی پڑھوانا چاہتا ہے تو اس کی مناسب اجرت پڑھنے والے طالب علموں کو پڑھانے والے سے دلواتے ہیں ایک صاحب نے اولاد کے محفوظ رہنے کے لئے اجوائن اور سیاہ مرچ پڑھوانی چاہی اس کے لئے چودہ بار سورۂ والشمس پڑھی جاتی ہے۔ ایک بار تو حضرت خود پڑھ دیتے ہیں اور چالیس مرتبہ کسی غریب طالب علم سے پڑھوا دیتے ہیں اور چار آنے دلواتے ہیں چنانچہ پیشتر یہ تحقیق کیا کہ کون صاحب زیادہ غریب ہیں۔ ایک صاحب کو حضرت نے تجویز فرمایا جو عیالدار ہیں یعنی بہت سے متعلقین ان کے ذمہ ہیں لیکن ان کی شادی نہیں ہوئی ہے۔ عرض کیا گیا کہ وہ عیالدار بھی ہیں مزاح میں فرمایا کہ ایال دار تو ہیں لیکن دم دار نہیں ہیں (یعنی بیوی نہیں ہے) چار آنہ پیسہ ان کو دے کر فرمایا کہ یہ بلا کراہت جائز ہیں کیونکہ یہ رقیہ ہے اس پر اجرت لینا جائز ہے پھر فرمایا کہ گو عرفاً یہ اتنی اجرت کا کام نہیں لیکن جو نفع اس سے متوقع ہے اس کے مقابلہ میں چار آنہ کیا چیز ہے یعنی چار آنہ وہ اس امید پر دیتا ہے کہ بچہ

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

کھلانے کو مل جاوے گا۔ ف:۔ اس سے حضرت والا کا صفائی معاملہ کہ کسی پر کسی کا بار بلا اجرت نہ رکھنا مزاج نظر بر حقیقت دلجوئی فقراء صاف ظاہر ہے۔

افراط تفریط سے بالکل مبرا ہونا

فرمایا کہ مجھے فضول عبارت سے سخت الجھن ہوتی ہے غیر ضروری مضامین کی آمیزش سے سخت کلفت ہوتی ہے۔ کیونکہ مجھے یہ تو معلوم ہوتا نہیں کہ یہ فضول ہے میں تو یہی سمجھتا ہوں کہ فضول عبارت کیوں لکھے گا۔ اس لئے سب کا جوڑ لگاتا ہوں اس وجہ سے اور بھی مطلب خبط ہو جاتا ہے عرض کیا گیا کہ اپنے نزدیک تو توضیح کی غرض سے ایسا کیا جاتا فرمایا کہ غیر ضروری توضیح سے تو اور بھی مطلب خبط ہو جاتا ہے۔ ف:۔ اس سے معلوم ہوا کہ حضرت والا کو حق تعالیٰ نے ایسی فطرۃً موزونیت طبع عطا فرمائی ہے کہ افراط تفریط سے بالکل مبرا ہے۔

انکسار و تواضع، مشورہ حسن

بھوپال سے ایک خط آیا جس کا مضمون یہ تھا کہ جناب قاضی صاحب بوجہ علالت ایک سال کی رخصت لینا چاہتے ہیں۔ 75 میں سے 50 خود لیں گے 25 تم کو ملیں گے۔

چونکہ یہ امر عظیم ہے بدوں بڑوں کے مشورہ کے کرنا مناسب نہیں۔ اس وجہ سے عرض ہے کہ اس عہدہ کے فرائض اور منافع و مضار کو غور فرما کر رائے تحریر فرمایئے مگر رائے محض عقلی نہیں چاہتا بلکہ آپ کے قلب مبارک میں جو آئے وہ تحریر فرمایئے۔

تحریر فرمایا کہ جس امر میں مشورہ لیا ہے اول تو امر عظیم میں مشورہ دینا عظماء ہی کا کام ہے اب اپنے مجمع میں مولانا رائے پوری ہیں جن کے قلب کو بابرکت کہا جا سکتا ہے وہاں رجوع فرمانا مناسب ہے۔ باقی اپنے قلب کی کیفیت اس مضمون کے پڑھنے کے وقت جو ہوئی وہ بھی عرض کئے دیتا ہوں حسب الحکم۔ وہ یہ کہ قلب اس سے اباء کرتا ہے خواہ یہ اباء وجدانی ہو یا اس لئے ہو کہ قضاء امر خطیر ہے اور اس کے اختیار کرنے پر کوئی مجبوری و اضطرار ہے نہیں نہ تو کسی کے اکراہ سے اور نہ اس سے کہ دوسرے وجوہ معاش بند ہیں۔ نیز چند روز کے لئے اور بھی بدنامی ہے لوگ کہیں گے کہ روپیہ کے طمع میں ایک نوکری یا ایک کام کو چھوڑ

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

کر دوسری جگہ چلے گئے۔ نیز یہ معاملہ تجزیہ تنخواہ کا بھی شرح صدر کے ساتھ سمجھ میں نہیں آیا گوتاویلیں ذہن میں آتی ہیں۔ ف:۔اس سے حضرت والا کا انکسار اور اپنے احباب کی رعایت سے مشورہ حسن بلاتکلف دینا صاف ظاہر ہے۔

سلامت طبع۔ حقیقت شناسی' اخلاص' شان تربیت تاکید حقوق العباد

فرمایا کہ میرے جو ملازم تنخواہ دار ہیں ان کو بھی جب تنخواہ دیتا ہوں یا کبھی کوئی ان کی مالی خدمت کرتا ہوں تو روپیہ پیسہ کبھی ان کی طرف پھینکتا نہیں بلکہ سامنے رکھ دیتا ہوں یا ہاتھ میں دیتا ہوں۔ جیسے ہدیہ دیتے ہیں۔ پھینکنے میں ان کی اہانت معلوم ہوتی ہے کیونکہ یہ ایک تحقیر کی صورت ہے اور ملازم کو حقیر اور ذلیل سمجھنے کا کوئی حق نہیں کیونکہ نوکری ایک قسم کی تجارت ہے تجارت میں کبھی اعیان کا مبادلہ اعیان سے ہوتا ہے کبھی اعیان کا مبادلہ منافع سے ہوتا ہے اور منافع میں منافع بدنیہ ارفع ہیں جس کا حاصل یہ ہے کہ نوکر نے اپنی جان پیش کی جو اس مال سے کہیں افضل واعلیٰ ہے۔ منافع بدنیہ کو پیش کرنا یہ زیادہ ایثار ہے۔ پس تجارات میں اجارات زیادہ افضل ہیں تو اس کے تحقیر کی کیا وجہ میں کبھی ان معمولات کو بحمداللہ بیٹھ کر سوچتا نہیں سب امور طبعیہ ہیں خود بخود ذہن میں آتے ہیں۔ جتلانا مقصود نہیں۔ احسان کرنا مقصود نہیں اپنے دوستوں سے صرف اس لئے ظاہر کر دیتا ہوں کہ یہ باتیں کانوں میں پڑ جائیں تاکہ حقوق العباد کا خیال رکھیں اور عدل کو ہاتھ سے نہ جانے دیں اور کوئی غرض سنانے سے نہیں۔

ف:۔ اس ملفوظ سے حضرت والا کی سلامت طبع حقیقت شناسی اخلاص شان تربیت تاکید حقوق العباد صاف ظاہر ہے۔

سلسلہ روایات سے تنفر' شان تربیت' تصلب فی الدین' پابندی ضوابط

فرمایا کہ اللہ کا لاکھ لاکھ شکر ہے یہاں پر کوئی روایت کسی شخص کی کوئی نہیں پہنچا سکتا خود

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

میرے اصول اور قواعد ایسے ہیں کہ اس کے خلاف کی کوئی ہمت نہیں کرسکتا اگر ضوابط میں ذرا ڈھیل دی جاتی تو یہاں پر بھی سلسلہ جاری ہو جاتا چنانچہ حاجی عبدالرحیم صاحب جو بھائی مرحوم کے ملازم تھے ان کے متعلق میرے بڑے گھر میں ایک معاملہ میں مجھ سے شکایت کی میں نے فوراً آدمی بھیج کر حاجی جی کو بلایا اور دروازہ میں کھڑا کر کے کہا کہ تمہارے متعلق یہ روایت بیان کرتی ہیں حاجی جی نے کہا کہ غلط شکایت ہے اس پر میں نے گھر میں سے کہا کہ یہ انکار کرتے ہیں اور تم نے دعویٰ کیا ہے لہذا ثبوت تمہارے ذمہ ہے ثبوت ندارد کہنے لگیں کہ توبہ تم تو ذرا سی دیر میں آدمی کو فضیحت کر دیتے ہو۔ میں نے کہا کہ میں فضیحت نہیں کرتا نصیحت کرتا ہوں۔ یہ سلسلہ روایات اچھا نہیں معلوم ہوتا۔ اس سے دل میں عداوتیں پیدا ہو جاتی ہیں اور جہاں یہ سلسلہ ہے وہاں ہر وقت ہر شخص کو یہ شبہ رہتا ہے کہ نہ معلوم میری طرف سے کسی نے کیا کہہ دیا ہوگا اور کہنے سے کیا کیا خیالات پیدا ہو گئے ہوں گے۔

ف۔ اس سے حضرت والا کا تنفر سلسلہ روایات سے اور شان تربیت اور تصلب فی الدین پابندی ضوابط صاف ظاہر ہے۔

قوت استنباط، تطبیق متضادین وشان تربیت

فرمایا کہ حضرت مولانا محمد قاسم صاحب رحمۃ اللہ علیہ تو روایات سنتے ہی نہ تھے شروع ہی میں روک دیتے اور حضرت حاجی صاحب رحمۃ اللہ علیہ کا عجیب معمول تھا کہ سب سن لیتے تھے دوسرے دیکھنے والوں کو یہ معلوم ہوتا تھا کہ حضرت پر بڑا اثر ہو رہا ہے اور جب بیان کرنے والا خاموش ہو جاتا تو حضرت بے تکلف فرما دیتے کہ سب غلط ہے وہ شخص ایسا نہیں اور اس کہنے کا یہ مطلب تھا کہ چاہے واقع میں صحیح ہو مگر چونکہ شرعی شہادت نہیں اس لئے اس کے ساتھ کذب کا سا معاملہ کیا جاوے یہی محمل ہے اس آیت کا **فاذلم یاتوا بالشھداء فاولئک عنداللہ ھم الکاذبون** عنداللہ سے یہاں مراد ہے فی دین اللہ فی قانون اللہ یعنی شریعت کے قانون کی رو سے تم جھوٹے ہو۔ تمہارا کہنا سب غلط ہے بس اس تقریر کے بعد یہ شبہ نہ رہا کہ محتمل الصدق کو جزماً کیسے کاذب فرما دیتے تھے اس سے یہ مسئلہ بھی صاف مستنبط ہے کہ

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

حسن ظن کے لئے تو کسی دلیل کی ضرورت نہیں۔ سوءظن کے لئے دلیل کی ضرورت ہے۔

ف۔ اس ملفوظ سے حضرت والا کی قوت استنباط تطبیق متضادین صاف ظاہر ہے۔

تجربہ: ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ میں تو کہا کرتا ہوں کہ بڑوں کو حوصلہ ہوتا ہے وہ درپے آزار نہیں ہوا کرتے اور نہ ضرر پہنچاتے ہیں۔ چھوٹے ہی نقصان پہنچایا کرتے ہیں اس لئے ویسرائے سے اتنے ڈرنے کی ضرورت نہیں جتنی کانسٹیبل سے ڈرنے کی ضرورت ہے۔

ف۔ اس سے حضرت والا کا تجربہ ظاہر ہے۔

حقیقت شناسی، معنی رسی، قوت تمثیل

فرمایا کہ جو تعظیم دفع ظلم کے لئے کی جاتی ہے وہ درحقیقت ذلت ہی کہلاتی ہے حقیقی تعظیم تو یہ ہے کہ دل میں وقعت وعظمت ہو گو بظاہر نہ ہو محض ظاہری تعظیم کی حقیقت اس مثال سے سمجھ میں آجائے گی مثلاً خدانہ کرے کہ یہاں پر اس مجلس میں سانپ نکل آئے تو سب تعظیم کے لئے کھڑے ہو جاویں گے مگر اس کے ساتھ ہی جوتہ کی تلاش ہوگی پس اس سے زیادہ وقعت نہیں ظاہری تعظیم کی۔

ف۔ اس سے حضرت والا کی حقیقت شناسی معنی رسی اور قوت تمثیل صاف ظاہر ہے۔

اپنی طرف سے کسی پر ذرہ برابر بھی بار نہ ڈالنا

ایک صاحب نے استفتا پیش کر کے عرض کیا کہ اگلے جمعہ کو اس کا جواب لے لیا جائے گا اس لئے کہ جلدی جواب ہو نہیں سکتا فرمایا کہ یہ صحیح ہے۔ مگر اگلے جمعہ تک یہ کاغذ امانت کس کے پاس رہے گا۔ کیونکہ کام کی کثرت کی وجہ سے مجھ پر اس کا بار ہوتا ہے۔ عرض کیا کہ حضرت کی سہولت کے لئے ایسا عرض کیا گیا فرمایا یہ بھی صحیح ہے مگر جس وقت لکھ کر تیار ہو جاوے آخر کس کو دوں تا کہ امانت کا بار نہ رہے عرض کیا کہ حافظ صاحب کو دے دیں فرمایا کہ آپ یہی بات ان سے کہلوا دیں کیا خبر ان کو قبول بھی ہے یا نہیں اگر آکر وہ مجھے کہہ دیں میں ان کو دے دوں گا حافظ صاحب نے آکر عرض کیا کہ حضرت جواب تحریر فرما کر مجھ کو دیدیا جاوے فرمایا دیکھئے میں اس قدر احتیاط کرتا ہوں کہ براہ راست ان سے کہنا نہیں چاہا شاید میرے اثر سے

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

عذر نہ کرتے۔ انتظام ایسا ہونا چاہئے کہ کسی کو تکلیف نہ ہو اب حافظ صاحب نے ان کو کہنے سے بار اٹھایا اگر میں خود ان کے سپرد کرتا تو اس وقت میری طرف سے سمجھا جاتا اس صورت میں ان کا جی چاہتا یا نہ چاہتا قبول کرتے مجھ کو اتنا بھی کسی پر بار ڈالنا گوارا نہیں حاصل انتظام کا یہ ہے کہ نہ اپنی طرف سے کسی دوسرے پر بار ہو نہ دوسرے کا اپنے اوپر بلا ضرورت بار ہو۔ اس قدر تو میں رعایتیں کرتا ہوں اور پھر بھی سخت مشہور کیا جاتا ہوں۔

ف:۔ اس سے معلوم ہوا کہ حضرت والا کا عمل بالکل اس شعر کا مصداق ہے۔

بہشت آنجا کہ آزارے نباشد کسے رابا کسے کارے نباشد

اس سے طرح قوت انتظامیہ بھی صاف ظاہر ہے۔

ڈاک کا اہتمام

فرمایا کہ مجھ کو ڈاک کا بڑا اہتمام ہے کہ روز کے روز فارغ ہو جاؤں اس میں طرفین کو راحت ہوتی ہے ادھر تو میں فارغ مجھے راحت ادھر خط کا جواب پہنچ جائے اس کو راحت انتظار کی تکلیف نہ ہو۔ دور دراز سے خطوط آتے ہیں جن میں نئی نئی ضروریات ہوتی ہیں اس لئے روزانہ ڈاک نمٹا دیتا ہوں۔ اپنی طرف سے اس کا انتظام رکھتا ہوں کہ دوسرے کو تکلیف نہ ہو اور انتظار کی تکلیف تو مشہور ہی ہے۔

صفائی معاملات' دوسرے کے معاملہ میں دخل نہ دینا' کسی پر بار نہ ڈالنا' کسی کی آزادی میں یا اپنی آزادی میں خلل نہ ڈالنا

ایک صاحب نے عرض کیا کہ حضرت قصبہ میں ایک عالم مدرس کی ضرورت ہے اگر حضرت مولوی صاحب سے فرما دیویں اور وہ قبول فرمالیں تو اہل قصبہ کو امید ہے کہ ان شاء اللہ تعالی بہت نفع ہوگا۔ فرمایا کہ فرمانا تو بڑی چیز ہے میں تو ایسے معاملات میں رائے بھی کسی کو نہیں دیتا بلکہ خود صاحب معاملہ کے مشورہ لینے پر بھی کہہ دیتا ہوں کہ مجھ کو آپ کے مصالح اور حالات کا کما حقہ علم نہیں۔ میں مشورہ سے معذور ہوں آپ خود اپنے مصالح پر نظر کر کے جو اپنے لئے بہتر مناسب خیال کریں عمل کر لیں ہاں دعا سے مجھ کو انکار نہیں عافیت اسی میں ہے کہ کسی کے

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

معاملات میں دخل نہ دے۔ ہر شخص کو آزادی رہے۔ البتہ شریعت کے خلاف کوئی کام نہ ہو۔ مولوی صاحب یہاں پر موجود ہیں ان سے خود تمام معاملات طے کر لئے جاویں میری طرف سے بالکل آزادی ہے میرا معمول ہے کہ اگر دونوں طرف جائز بات ہو تو کسی جانب پر مجبور نہیں کرتا بلکہ دونوں طرف آزادی دیتا ہوں حتیٰ کہ اگر کسی ایک شق میں میری بھی کوئی مصلحت ہو تب بھی اپنے مصالح پر ان کے مصالح کو ترجیح دیتا ہوں اور نہایت صفائی کے ساتھ اپنی اس تخییر کو ظاہر کر دیتا ہوں اور اللہ کا لاکھ لاکھ شکر ہے کہ اپنے بزرگوں کی دعا کی برکت سے میری کوئی بات الجھی ہوئی نہیں ہوتی۔ ہر بات نہایت صاف ہوتی ہے اگر مخاطب ذرا بھی فہیم ہو تو فوراً سمجھ میں آ جاتی ہے۔ ف۔ اس سے حضرت والا کی صفائی معاملات دوسرے کے معاملہ میں دخل نہ دینا کسی پر بار نہ ڈالنا کسی کی آزادی میں نیز اپنی آزادی میں خلل نہ ڈالنا صاف ظاہر ہے۔

حد شریعت تک دوسرے کو آزادی دینا اپنا دباؤ نہ ڈالنا' مقاومت نفس

فرمایا کہ اگر کوئی اپنے معاملہ میں مباح شق کو اختیار کرے میں اس کے ساتھ موافقت کر لیتا ہوں اس میں آدمی بہت ہلکا رہتا ہے۔ بحمد للہ کسی شق کو ترجیح دیکر کسی پر حکومت نہیں کرتا کوئی بات بھی میری ایسی نہیں ہوتی جس سے دوسرے کو شبہ بھی ہو کہ یہ حکومت کی راہ سے کہہ رہا ہے اور اس کا خیال میں اس وجہ سے رکھتا ہوں کہ نہ معلوم دوسرے کا جی چاہے کرنے کو یا نہ چاہے تو نہ کسی بات کے کرنے کا حکم دیتا ہوں اور نہ کسی بات سے منع کرتا ہوں۔ مولوی صاحب کے جانے سے اول وہلہ میں خیال ہوا کہ جو کام ان کے سپرد تھا اس کام کو کون کرے گا میں نے قوت سے اس خیال کی مقاومت کی اور یہ سمجھ لیا کہ **مایفتح اللہ للناس من رحمۃ فلا ممسک لھا و ما یمسک فلا مرسل لہ من بعدہ وھو العزیز الحکیم** ہو العزیز میں بتلا دیا کہ وہ بڑے قادر ہیں جو کام بند ہو اس کو جاری کر سکتے ہیں اور جاری کو بند کر سکتے ہیں اور اگر اس کے بند ہونے سے یہ وسوسہ ہو کہ اس سے تو دین کا نقصان ہوگا تو الحکیم میں فرما دیا کہ ہم حکیم بھی ہیں اگر بند ہی کر دیں تو اس میں بھی حکمت ہوگی۔

ف۔ اس سے حد شریعت تک دوسرے کو آزادی دینا اپنا دباؤ نہ ڈالنا مقاومت نفس توکل و تفویض سب صفات ظاہر ہیں۔

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

سلامت عقل، رسائی ذہن، بلاضرورت کافر کو کافر کہنا مخالف سے بھی عنوان شائستہ کو استعمال کرنا

مولانا نے فرمایا کہ ایک لکچرار آریہ مجھ سے کہنے لگا کہ اگر اجازت ہو تو میں آپ سے کچھ پوچھنا چاہتا ہوں میں نے کہا کہ ضرور پوچھئے معلوم ہوگا عرض کردوں گا نہ معلوم ہوگا لاعلمی ظاہر کردوں گا۔ اس نے سوال کیا کہ مثلاً دو شخص ہیں انہوں نے ایک نیک کام کیا ایک نیت ہے ایک ہی کام ہے۔ اس کام کا ایک ہی نفع ہے فرق صرف یہ ہے کہ ایک فاعل مسلم اور ایک غیر مسلم تو کیا ان دونوں کو اجر وثواب برابر ہوگا یا نہیں۔ میں سمجھ گیا کہ اس سوال سے مقصود اس کا یہ ہے کہ جواب تو یہی ملے گا کہ مسلم کو اجر وثواب ہوگا اور غیر مسلم کو نہ ہوگا اس جواب پر اس کو گفتگو کی گنجائش تھی کہ یہ حکم میں تو بڑا تعصب ہے حالانکہ اس کا جواب ظاہر تھا کہ اذافات الشرط فات المشروط مگر میں نے اس کو اتنی گنجائش نہیں دی دوسرے طرز پر جواب دیا۔ چنانچہ میں نے کہا کہ مجھے تعجب ہے کہ آپ ایسے شائستہ اور مہذب اور دانشمند ہو کر ایسی بات پوچھتے ہیں جس کا جواب آپ کو معلوم ہے کہنے لگا کہ یہ آپ کو کیسے معلوم ہوا کہ اس کا جواب مجھے معلوم ہے میں نے کہا کہ اس کے مقدمات آپ کے ذہن میں پہلے سے ہیں اور مقدمات کے لئے مطلوب لازم ہے۔ جب مقدمات کا علم ہے تو نتیجہ کا بھی علم ہے کہنے لگا یہ آپ کو کیسے معلوم ہوا کہ اس کے مقدمات میرے ذہن میں پہلے سے ہیں میں نے کہا کہ میں ابھی بتاتا ہوں سنئے آپ کو معلوم ہے کہ مذاہب مختلفہ سب تو حق ہو نہیں سکتے ضرور ایک ہی حق ہوگا اور باقی سب باطل، یہ معلوم ہے آپ کو۔ کہا جی معلوم ہے میں نے کہا کہ ایک مقدمہ تو یہ ہوا اب یہ بتلایئے کہ صاحب حق مثل مطیع سلطنت کے ہے اور صاحب باطل مثل باغی سلطنت کے۔ یہ آپ کو معلوم یہ کہنے لگا ہاں۔ میں نے کہا کہ ایک مقدمہ یہ ہوا آگے سنئے ایک شخص مطیع سلطنت ہے اور ایک باغی سلطنت اور وہ باغی سلطنت ایک بڑا ڈاکٹر ہے جو بہت بڑا ماہر فن ہے انگریزی کی اعلیٰ درجہ کی قابلیت ہے بیدار مغز ہے۔ دنیا میں اس کا ثانی نہیں مگر باوجود ان سب کمالات کے اس میں ایک بات ایسی ہے کہ اس کے ہوتے ہوئے اس کے یہ سب کمالات گرد ہیں اور باغی

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

ہونا ہے کہ سلطنت سے بغاوت کرتا ہے۔ اس پر گورنمنٹ اس کو پھانسی کا حکم دیتی ہے اس وقت اگر کوئی کہے کہ ہائے بڑا ظلم ہے محض بغاوت کے الزام میں پھانسی کا حکم دے دیا حالانکہ یہ شخص ایسا تھا ویسا تھا تو کیا عقلاء کے نزدیک یہ اعتراض صحیح ہوسکتا ہے یا نہیں۔ میں نے کہا کہ بس اسی طرح آپ یہاں بھی سمجھئے دیکھئے یہ آپ کے ذہن میں پہلے سے تھا یا نہیں کہنے لگا ہاں۔ پس ایسی حالت میں سوال کرنا استفادہ یا افادہ کے لئے نہیں ہوسکتا۔ بلکہ حاصل اس سوال کا یہ نکلتا ہے کہ میں اپنی زبان سے آپ کو کافر کہوں۔ اس شخص نے قسم کھا کر کہا کہ واقعی منشا میرا یہی تھا کہ ایسی زبان سے کافر سننا چاہتا تھا۔ ایسی زبان سے کافر سننا میرے لئے لذت کا باعث ہے۔ میں نے کہا کہ یہ تو آپ کی خوبی ہے۔ مگر میرے لئے نہایت بدنما بات ہے۔ میری اسلامی تہذیب مانع ہے کہ میں بلاضرورت آپ کو کافر کہوں۔

بلاضرورت کی قید اس لئے لگائی کہ کافر تو ہم کہتے ہیں مگر بیٹھے ہوئے تسبیح پڑھا کریں یہ بھی نہیں وہ شخص بیحد متاثر ہوا۔

ف:۔ اس سے حضرت والا کی عقل سلیم، رسائی ذہن، بلاضرورت کافر کو کافر نہ کہنا۔ مخالفت ومعاندسے بھی عنوان شائستہ کو استعمال کرنا صاف ظاہر ہے۔

قوت استنباط

ذیل کی احادیث سے جو امور حضرت والا نے مستنبط کئے ہیں اس سے حضرت والا کی قوت استنباط ظاہر ہے۔

1-الحدیث من اخون الخیانة تجارة الوالی فی رعیته سب سے بڑی خیانت یہ ہے کہ صاحب حکومت اپنی رعیت میں تجارت کرے فقہاء نے اس کو عام کہا ہے اور اس کی علت یہ بیان کی ہے کہ اس سے معاملہ کرتے ہوئے لوگوں کو دبنا پڑے گا۔ اور اس سے تنگی ہوگی۔ نیز اس میں ایک خودغرضی کی بھی صورت ہے کہ اگر ایسی تجارت کے متعلق کوئی قانون مقرر کیا جاوے خواہ اس میں رعایت کی کیسی ہی مصلحت مضمر ہو مگر عام طور سے یہی شبہ ہوگا کہ اپنے نفع کے لئے ایسا کیا گیا ہے۔ حضرت والا نے فرمایا کہ اسی علت کے اشتراک سے صاحب افادہ کو بھی ایسی چیزوں کی تجارت مناسب نہیں جن کا تعلق استفادہ

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

سے ہے۔ مثلاً یہ شخص بعض خاص کتب کے مطالعہ کی ان کو رائے دیتا ہے اگر یہ ان کتب کی تجارت کرے گا تو یہ شبہ ضرور ہوگا کہ اپنی کتابیں فروخت کرنے کے لئے یہ رائے دی گئی ہے اور اس شبہ کا مانع وصول برکات ہونا ظاہر ہے تو شیخ کو ایسے امر مانع کا سبب بننا مناسب نہیں بلکہ اگر کوئی دوسری تجارت کرے تو اپنے زیر اثر لوگوں سے معاملہ نہ کرے۔

2-الحدیث من فقه الرجل ان یصلح معیشته و لیس من حب الدنیا طلب ما یصلحک آدمی کی خوش فہمی کی بات ہے کہ اپنے معاش کا مناسب انتظام کرے اور جو چیز تمہارے مصلحت کی ہو اس کو طلب کرنا حب دنیا میں داخل نہیں۔ فرمایا کہ اس حدیث سے ان لوگوں کا جہل ظاہر ہو گیا جو اہل اللہ پر اعتراض کرتے ہیں کہ درویش ہو کر تجارت کیوں کرتے ہیں یا جائیداد کیوں خریدتے ہیں۔ ملازمت کیوں کرتے ہیں۔

3-الحدیث من اتیٰ فراشه وهو ینوی ان یقوم یصلی من اللیل فغلبته عینه حتیٰ اصبح کتب له مانوٰی و کان نومه صدقة علیه من ربه یعنی جو شخص (سونے کے لئے) اپنے بستر پر آنے کے وقت یہ نیت رکھے کہ بیدار ہو کر رات کی نماز پڑھوں گا پھر صبح تک اس کی آنکھ لگ گئی تو اس کے لئے اس کی نیت کئے ہوئے عمل کا (یعنی صلوٰۃ اللیل کا) اجر لکھا جاوے گا۔ اور اس کا وہ سونا اس کے رب کی طرف سے انعام ہوگا فرمایا کہ اس سے معلوم ہوا کہ ایسی معذوری کے ناغہ پر زیادہ قلق نہ کرے کیونکہ اصل مقصود یعنی ثواب سے محرومی نہیں ہوئی اور یہی مذاق ہے محققین کا۔ اور عام سالکین حد سے زیادہ پریشان ہو جاتے ہیں جو ظاہر اً علامت ہے حب دین کی جو نافع ہے لیکن یہ پریشانی مفرط اپنے اثر کے اعتبار سے مضر ہوتی ہے کہ قلب میں ضعف ہو کر تعطل اعمال کی طرف مفضی ہو جاتی ہے۔

4-الحدیث من اتته هدیته وعنده قوم جلوس فهم شرکاء فیها یعنی جس شخص کے پاس ہدیہ آوے اور اس کے پاس کچھ لوگ بیٹھے ہوں تو وہ سب اس ہدیہ میں اس کے شریک ہیں فرمایا کہ قواعد شرعیہ حدیث کو اطلاق ظاہری پر محمول کرنے سے مانع ہیں کیونکہ تملک تابع ہے تملیک کے اور تملیک تابع ہے نیت کے اور اپنی مملوک چیز بلا سابقہ وجوب کے کسی کو دینا تبرع ہے اور تبرع میں لزوم نہیں ہوتا پس حدیث یا تو محمول ہے مکارم

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

اخلاق پر جیسا بعض اہل طریق کا معمول ہے جو اہل وعیال نہیں رکھتے کیونکہ صاحب عیال پر مقدمہ حق عیال کا ہے پھر فاضل سے دوسروں کو نفع پہنچانا چاہئے اور مقید ہے اس صورت کے ساتھ کہ قرائن سے معلوم ہو جاوے کہ مہدی کا مقصود سب کو دینا ہے مگر ادب کے سبب صدر مجلس کے روبرو پیش کر دے کہ وہ اپنے انتظام سے سب کو تقسیم کر دے جیسے اکثر اہل تمدن کی عادت غالبہ ہے باقی اگر قرائن سے خاص شخص کو مالک بنانا مقصود معلوم ہو تو اس میں طلباء کو شریک کرنا واجب نہیں۔ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں ملوک نے ہدایا بھیجے کہیں منقول نہیں کہ آپ (صلی اللہ علیہ وسلم) نے طلباء کو شریک فرمایا ہو۔

5-الحدیث من اتقی اللہ عاش قویا وسارا منافی بلادہ یعنی جو شخص اللہ تعالیٰ سے ڈرتا ہے وہ قوی رہ کر زندہ رہتا ہے اور خدائے تعالیٰ کے ملک میں بے فکری سے چلتا پھرتا ہے اور ایک روایت میں یہ ہے کہ اپنے دشمن کے ملک میں بے فکر پھرتا ہے۔ فرمایا کہ جس کا دل چاہے مشاہدہ کر لے کہ اہل اللہ پر کسی کی ہیبت نہیں ہوتی جس سے وہ پریشان ہو جائیں اور ان کی ہیبت سب پر ہوتی ہے الا لعارض نادر۔

6-الحدیث من تطبب ولم یعلم منہ طب فھو ضامن یعنی جو شخص کسی کا علاج کرے اور اس کی طب کا (ماہرین کو) علم نہ ہو تو اس پر ضمان لازم ہے (اگر کوئی غلطی ہو جاوے تو آخرت میں معصیت کے سبب) فرمایا کہ اشتراک علت سے یہی حکم ہے اس شخص کا جو طب روحانی نہ جانتا ہو اور پھر منصب مشیخت کا مدعی بن کر طالبین کی رہزنی کرنے لگے بلکہ یہ زیادہ قابل شناعت ہے کیونکہ طبیب جاہل صرف جان یا ابدان میں تصرف کرتا ہے اور یہ پیر جاہل ایمان وادیان میں تصرف کرتا ہے۔ فاین ھذا من ذالک

7-فرمایا کہ حدیث میں ہے من امر بمعروف فلیکن امرہ بمعروف یعنی جو شخص کسی کو کسی اچھی بات کی نصیحت کرے سو اس کی نصیحت اچھے طریق سے (یعنی نرمی وخیر خواہی کے ساتھ) ہونا چاہئے۔

8-فرمایا کہ حدیث میں ہے من تبتل فلیس منا یعنی جو شخص نکاح نہ کرے (باوجود تقاضائے نفس وقدرت کے) وہ ہمارے طریقہ سے خارج ہے (کیونکہ یہ طریقہ

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

نصاریٰ کا ہے کہ وہ نفس نکاح کو وصول الی اللہ سے مانع سمجھ کر اس کے ترک کو عبادت سمجھتے ہیں) پھر فرمایا کہ یہاں سے ان صوفیوں کی غلطی ثابت ہوتی ہے جو اسی بنا پر بے نکاح رہتے ہیں باقی اگر کسی کو عذر بدنی یا مالی یا دینی ہو وہ مستثنیٰ ہے۔ بدنی و مالی تو ظاہر ہے دینی یہ ہے کہ نکاح کے بعد ضعف ہمت کے سبب دین کی حفاظت نہ کر سکے گا۔

اللہ و رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی محبت' دنیا سے نفرت' معاملہ کی صفائی

فرمایا کہ میں سچ عرض کرتا ہوں کہ مجھ کو امور تکوینیہ کے مصالح سے مناسبت ہی نہیں۔ قلب کی یہ کیفیت ہے کہ جب تک اللہ و رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا ذکر رہتا ہے طبیعت خوش رہتی ہے اور جہاں دنیوی قصے شروع ہوئے مجھے وحشت شروع ہوئی۔ اس کی وجہ بھی آج ہی قلب میں آئی وہ وجہ یہ ہے کہ میں ایک مجذوب کی دعا سے پیدا ہوا ہوں یہ سبب ہے اس حالت کا اور ممکن ہے کہ یہ وجہ ہو کہ مجھ کو بکھیڑوں سے الجھن ہوتی ہے۔ جی چاہتا ہے کہ ہر بات صاف ہو خود بھی اس کا اہتمام رکھتا ہوں اور دوسروں سے بھی یہی چاہتا ہوں مگر لوگوں کو اس کی عادت ہی نہیں۔ ہر بات کے الجھانے ہی میں مزہ آتا ہے۔ یہی وجہ ہے لوگوں سے لڑائی کی اور بدنامی کی کہ سخت ہے۔ یہ سختی ہے کہ بات صاف کہو۔ معاملہ صاف رکھو تاکہ نہ تم کو تکلیف ہو اور نہ دوسرے کو۔ یہ حاصل ہے میری تعلیم کا۔ ف:۔ اس ملفوظ سے اللہ و رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی محبت دنیا سے نفرت۔ معاملہ کی صفائی صاف ظاہر ہے۔

طریق سفارش مشتمل بر رعایت شریعت و عقل و غیرت و حیا و مخاطب

فرمایا کہ میں سفارش نہیں کیا کرتا ہاں واقعات لکھا کرتا ہوں تاکہ نہ جبر کا اثر ہو اور نہ ذلت کا اثر ہو الحمد للہ شریعت کی عقل کی غیرت کی حیاء کی مخاطب کی سب کی رعایت رکھتا ہوں چنانچہ مدرسہ نانوتہ کا مستقل چندہ جو ریاست بھوپال سے آتا تھا جب اس کے بند ہو جانے کی خبر پر کارکنان مدرسہ کی درخواست پر سفارش لکھی ہے وہ حسب ذیل ہے۔

بعد الحمد للہ والصلوٰۃ احقر اشرف علی تھانوی عفی عنہ سے کارکنان مدرسہ ہذا نے توثیق کے لئے تصدیق کی درخواست کی چونکہ مدت طویلہ سے میرا سفر متروک ہے اس لئے بجائے مشاہدہ

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

کے روایات ثقات کی بناء پر جس کو میرا قلب بھی قبول کرتا ہے مضمون ہذا کی تصدیق کرتا ہوں اور بجائے عادت متعارفہ سفارش کے تعلیم دینی کی اعانت کے فضائل کی تذکیر کرتا ہوں اور بعد تصدیق وتذکیر کے دعا کرتا ہوں کہ اللہ تعالیٰ اس درخواست میں کامیابی عطا فرماوے۔

طریق تقریظ مشتمل برانکسار وتواضع وحذر از جدال ولایعنی

ایک رسالہ آیا اس میں مجتہدانہ رنگ سے قریب قریب تعدد وجمعہ کا عدم جواز ثابت کیا گیا تھا اس پر تقریظ کی درخواست تھی حضرت والا نے حسب ذیل جواب تحریر فرمایا۔

مولانا المحترم دامت فیوضہم۔ السلام علیکم ورحمۃ اللہ برکاتہ۔ رسالہ بالاستیعاب دیکھنے کی تو فرصت نہیں ملی نہ آئندہ توقع تھی۔ معمولات یومیہ ہی میں صعوبت ہونے لگی ہے کہیں کہیں سے دیکھا۔ چونکہ رسالہ مجتہدانہ رنگ میں لکھا گیا ہے جس میں مجھ جیسا مقلدین کا بھی مقلد شخص حرف زنی نہیں کرسکتا اس لئے رائے قائم کرنے سے معذور رہا بجائے رائے قائم کرنے کے دعا کرتا ہوں کہ اللہ تعالیٰ صواب کو قبول فرماوے اور خطا کو عفو فرماوے میں بھی دعا کا محتاج اور طالب ہوں والسلام اشرف علی۔ ف:۔ اس تقریظ سے حضرت والا کا انکسار وتواضع وعبدیت اور لایعنی مباحثہ سے سخت حذر اظہر من الشمس ہے۔

اظہار حق بہ پیرایہ حکمت

ایک شخص نے دریافت کیا کہ غیر مقلد امام کے پیچھے ہم حنفیوں کی نماز ہو جاتی ہے یا نہیں جواباً تحریر فرمایا کہ وہ خلافیات میں مقتدیوں کے مذہب کی رعایت کرتا ہے یا نہیں اور تقلید کو جائز سمجھتا ہے یا نہیں اور سلف کی شان میں گستاخی کرتا ہے یا نہیں اور مقلدین کو شرکت یا بدعتی کہتا ہے یا نہیں۔ ف:۔ اس سے حضرت والا کا اظہار حق بہ پیرایہ حکمت صاف ظاہر ہے۔

جواب مخالفین مشتمل بر تحقیق وحکمت وجدال حسن وحذر از لایعنی وخشیت حق وعبدیت

پارچہ بافوں کی انجمن سے ایک خط آیا جس میں حضرت والا کے ایک وعظ کی بعض

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

مثالوں پر یہ شکایت کی گئی ہے کہ اس میں پارچہ بافوں کی (جواب اپنے کو نصاری کہنے لگے ہیں) دل آزاری کی گئی ہے وہ جواب ذیل میں نقل کیا جاتا ہے۔

السلام علیکم۔ اول تین وجہ سے جواب نہیں دیا گیا تھا ایک وجہ یہ کہ میں اس سے زیادہ اہم خدمات دینیہ میں فاقد الفراصت تھا دوسری وجہ یہ کہ وہ سوال خلاف اصول تھا حقیقت کے اعتبار سے بھی کیونکہ میرا فعل میری رائے میں خلافت شریعت نہیں اور صحیح طریق کے اعتبار سے بھی اس لئے کہ صحیح طریق یہ ہے کہ جواب کے لئے ٹکٹ بھی رکھا جاوے۔ تیسری وجہ یہ کہ غایت وضوح کے سبب یہ توقع تھی کہ خود ہی جواب ذہن میں آجائے گا لیکن بار بار کے سوال سے وہ توقع نہ رہی گو خلاف اصول ہونے کے سبب اب بھی جواب میرے ذمہ نہیں لیکن تفہیم کی مصلحت سے تبرعاً جواب لکھتا ہوں وہ یہ کہ میرا یہ فعل اگر خلاف شریعت سمجھا جاتا ہے تو مستند علماء اہل فتویٰ سے استفتاء کر کے حکم حاصل کر لیا جاوے میں اس حکم کو دل و جان سے قبول کرنے کے لئے اور اس پر عمل کرنے کے لئے تیار ہوں اور احتیاط یہ ہے کہ ان علماء کی خدمت میں یہ بھی عرض کر دیا جاوے کہ جواب لکھتے وقت احیاء العلوم و درمختار مع ردالمختار کو بھی ملاحظہ فرمالیں۔ نیز اس استفتاء کے ساتھ دوسرا استفتاء کر لینا مناسب ہے کہ بدوں دلیل شرعی کے کسی نسبت کا دعویٰ کرنا تحقیق سے یا تاویل سے کیسا ہے اور اس دلیل اور تاویل کو بھی ظاہر کر دیا جاوے اور اگر میرا فعل محض خلاف طبیعت ہی ہے تو میری قوم یعنی فاروقیین کی بزعم خود تنقیص کر کے دل ٹھنڈا کر لیا جاوے۔ آگے نیتوں کا حقیقی فیصلہ انما الاعمال بالنیات پر وقت پر ہو رہے گا اور اگر اس پر بھی قناعت نہ ہو تو احکام شرع و عقوبت آخرت کو پیش نظر رکھ کر اختیار ہے والسلام۔ ف:۔ جواب کا حکمت و تحقیق وجدال حسن وحذر از لایعنی وخشیت حق وعبدیت پر مشتمل ہونا ظاہر ہے۔

دلیل عجیب وغریب العمارۃ برقبر النبی صلی اللہ علیہ وسلم
بناء قبر حضرات شیخین تحت القبہ مع النبی صلی اللہ علیہ وسلم

ایک صاحب نے لکھا کہ اخبار الجمعیۃ میں ایک مضمون سید سلیمان صاحب ندوی کا

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

میری نظر سے گزرا جس میں سید صاحب موصوف نے تحریر فرمایا ہے کہ نجدیوں کے دست تظلم سے بعض مزارات وموالد کی تخریب جو بعض اخباروں میں شائع کی گئی ہے اول تو پایہ ثبوت کو نہیں پہنچی۔ دوسرے مزارات وموالد مذکور اصلی نہیں بلکہ خلفائے بنی امیہ وعباسیہ کی تعمیر کردہ ہیں اور ان کو منہدم کرنے میں کوئی مضائقہ نہیں۔ تیسرے ان مقامات پر بدعاتی رسوم جاری ہیں جن کا انسداد ضروری ہے۔ چوتھے ان قبور میں مساجد کے ساتھ مماثلت ہے۔ اگر یہ توجیہ درست ہے تو کیا سرور کائنات صلی اللہ علیہ وسلم کا قبہ شریف اس حد میں نہیں آتا اور اگر آتا ہے تو کیا اس کے ساتھ بھی ایسا سلوک جائز ہے۔

جواباً تحریر فرمایا کہ سید القبور یعنی قبر سید اہل القبور صلی اللہ علیہ وسلم ما اختلف القبول والد بور کا قیاس دوسری قبور پر قیاس مع الفارق ہے۔ حدیثوں میں منصوص ہے کہ آپ کا دفن کرنا موضع وفات ہی میں مامور بہ ہے چنانچہ مراقی الفلاح میں ہے **ویکرہ الدفن فی البیوت لاختصاص بالانبیاء علیھم الصلوۃ والسلام** اور موضع وفات ایک بیت تھا جو جدران وسقف پر مشتمل تھا اس سے معلوم ہوا کہ آپ کی قبر شریف پر جدران وسقف کے بنی ہونے کی اجازت ہے اور بناء علی القبر سے جو نہی آئی ہے وہ وہ ہے جہاں بناء القبر ہو اور یہاں ایسا نہیں۔ اب رہا اس کا بقاء یا ایفاء سو چونکہ بعد دفن کے خلفاء راشدین میں سے کسی نے اس بناء کے بقاء پر نکیر نہیں فرمایا بلکہ ایک موقع پر استسقاء کی ضرورت شدیدہ سے صرف سقف میں ایک روشن دان کھولا گیا تھا جس سے اس بناء کے بقاء کا مشروع ہونا بھی معلوم ہو گیا اور ظاہر ہے کہ بقاء ایسی اشیاء کا بدون اہتمام بقاء کے عادۃً ممکن نہیں اس لئے اہتمام بقاء کی مطلوبیت بھی ثابت ہو گئی اور چونکہ عمارت کا استحکام ادخل فی الابقاء ہے اس لئے اس کی مقصودیت بھی ثابت ہو گئی خصوص جب اس میں اور مصالح شرعیہ بھی ہوں مثلاً حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کے جسد مطہر کو اعداء دین سے محفوظ رکھنا کہ ان کا تسلط (نعوذ باللہ منہ) یقیناً مفوت احترام ہے اور جسد مبارک کے احترام کا مقصود ہونا اجلیٰ بدیہیات سے ہے اور اسی حکمت پر علماء اسرار نے شہادت جلیہ کے انتفاء کو مبنی فرمایا ہے۔ اور مثلاً آپ کی قبر معطر کو عشاق کی نظر سے مستور رکھنا کہ اس کا نظر آنا غلبہ عشق میں محتمل تھا۔ **افضاء الی التجاوز عن الحدود الشرعیہ** کو جیسا مرض وفات میں

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

کئی وقت کے بعد حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا چہرہ انور دیکھ کر قریب تھا کہ نماز کا انتظام ہی درہم برہم ہو جاوے جس کا فوٹو حضرت شیخ دہلوی نے اس شعر میں کھینچا ہے۔

در نمازم خم ابروئے تو چوں یاد آمد　　حالتے رفت کہ محراب بہ فریاد آمد

اور یہ دونوں امر (جو کہ حافظ للمصالح الشرعیہ ہونے کے سبب مقصود ہیں) بدون بقاء بناء کے خاص اہتمام واستحکام کے محفوظ رہ نہیں سکتے اس لئے مقدمہ مقصود ہونے کے سبب یہ اہتمام بھی مقصود ہو گیا۔ نیز قبر منور ایسے موقع پر ہے کہ اس کے پیچھے مسجد کا حصہ ہے۔ بدون حائل کے قبر کی طرف واقع ہوتا تو اس بناء میں حیلولۃ کی بھی مصلحت ہے۔ پس ثابت ہو گیا کہ ایکم مثلی کی طرح قبر ایکم مثل قبری کا حکم بھی کیا جاوے گا۔ واللہ اعلم۔

اب رہ گیا یہ شبہ کہ اس میں حضرات شیخین کی قبریں کیوں ہیں اس کا جواب سوائے اس کے اور کوئی سمجھ میں نہیں آتا کہ حضرت عائشہ صدیقہؓ نے خواب میں دیکھا تھا کہ میرے حجرے میں تین سورج یا تین چاند نکلے (اس وقت صحیح یاد نہیں کہ سورج ہے یا چاند) اور بروقت وفات کے حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے فرمایا تھا کہ ایک چاند آنحضرت سرور کائنات صلی اللہ علیہ وسلم ہیں اور اس کے علاوہ بھی بشارات (ادلہ مبشرہ بالفضل نہ کہ منامات) شاید ہوں گی جس کی وجہ سے حضرات شیخین یہاں دفن فرمائے گئے۔ خلاصہ یہ کہ حضرات شیخین تبعاً وہاں دفن ہوئے ہیں اور حضرت عمر بن عبدالعزیز نے جو تعمیر جدید فرمائی وہ اصل میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے لئے تھی نہ بالقصد حضرات شیخین کے لئے۔

ف:۔ اس سے حضرت والا کا علم وحکمت۔ قوت استنباط۔ رعایت متضادین۔ حب رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اظہر من الشمس ہے۔

سلامت فہم، نور فراست، علم وحکمت، دور بینی

کسی صاحب نے عیدگاہ میں بوقت نماز وخطبہ عیدین آلہ مکبر الصوت کے متعلق استفتاء کیا تھا تو جواباً تحریر فرمایا جو ملخصاً مرقوم ہے اگر اس آلہ کی آواز صدائے بازگشت ہے جیسا کہ مظنون ہے تو چونکہ یہ آلات اور بلیوں پر کے ابنوب (ہارنس) نہ خود مکلّف ہیں اور نہ داخل نماز جماعت بلکہ خارجی ایسی چیزیں ہیں جن کے ذریعہ سے مقتدیوں کو تلقین وتعلیم کی جاتی ہے اس

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

لئے جولوگ فقط ان آلات کے ذریعہ سے نماز ادا کریں گے ان سب کی نماز فاسد ہو جاوے گی جیسا کہ حسب قاعدہ فقہی ظاہر ہے اور اگر اس آلہ سے عین صوت بلند ہو جاتی ہے تو شرعاً خطبہ میں حضور ضروری ہے نہ کہ سماع صوت اور سماع کی کوشش وہیں تک شرعاً مندوب ہے جو تکلف و تعمق کے حد تک نہ پہنچے جیسا کہ حدیث میں حضرت ابوموسیٰ کے تنزہ عن البول کے لئے شیشی کے استعمال کرنے پر نکیر کی گئی ہے اور اس آلہ کے استعمال میں یقینی تکلف ہے اس لئے یہ غلو ممنوع میں داخل ہے اگر یہ کہا جاوے کہ تکبیرات نماز کا استماع تو ضروری ہے تو اس میں یہ مفسدہ محتمل ہے کہ لوگ اس سے گنجائش سمجھ جاویں گے اس آلہ کو لہو میں استعمال کرنے کی یا دوسرے آلات (مثل گراموفون وغیرہ) کے استعمال کرنے کی اور افضاء الی المفسدہ بھی حسب تصریح فقہا مفسدہ میں داخل ہے نیز تشبہ ہے مجالس غیر مشروعہ کے ساتھ مثلاً مجلس رقص وسرود کہ اس میں تبلیغ صوت الی البعید کے لئے استعمال کیا جاوے۔ اگر اس کا وقوع نہ ہوا تو قرب وقرع تو عادۃً یقینی ہے۔ چنانچہ اس تشبہ کی بناء پر فقہاء نے غرس اشجار فی المسجد کو منع فرمایا ہے اور تشبہ بالبیعہ والکنیسۃ سے معلل کیا ہے۔ غرضیکہ دوسرے شق پر بھی اس آلہ کا استعمال مسجد میں ممنوع ہے اور اگر دونوں احتمال علی السواء ہوں یعنی اس کے صدائے بازگشت ہونے میں اور عین صوت کے بلند ہونے میں گمان برابر درجہ کا ہو تو عین صوت کا عدم بلوغ الی البعید پہلے سے متیقن ہے اور اب اس میں شک ہو گیا اور الیقین لا یزول بالشک اس لئے عدم بلوغ کا حکم کر کے اس صوت کو مثل صدیٰ کے سمجھیں گے اور صدیٰ کا حکم وہی ہوگا جو شق اول پر لکھا گیا۔ (النور)

ف:۔ اس فتوے سے حضرت مولا کی سلامت فہم، نور فراست، علم وحکمت، دور بینی استحضار قواعد صاف ظاہر ہے۔

تعدیہ ثواب، منقص ثواب عامل نہیں

تحقیق وصول ثواب بلا تجزی موصل علیہم لا علی السواء

احقر نے ایک مرتبہ دریافت کیا کہ عمل کا ثواب اگر دوسروں کی روح کو بخش دیا جاوے تو کیا بخشنے والے کو بھی ثواب اس عمل نیک کا رہ جاوے گا اور جن جن کو ایصال ثواب کیا گیا ہے

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

انہیں وہ اجر متجزی ہوکر مساوی درجہ کا پہنچے گا جیسا کہ عدل کا مقتضا ہے۔ یا ہر ایک کو بلا تجزی پورا پورا اجر اس عمل کا ملے گا جیسا کہ اس کے فضل کا مقتضا ہے۔ جواباً تحریر فرمایا۔ فی شرح الصدور بتخریج الطبرانی عن ابن عمر قال قال رسول الله صلی الله علیه وسلم اذا تصدق احدکم صدقةً تطوعاً فیجعلها عن ابویه فیکون لهما اجرها ولا ینقص عن اجره شیئاً یہ حدیث نص ہے اس میں کہ ثواب بخش دینے سے عامل کے پاس پورا ثواب رہتا ہے اور صحیح مسلم کی حدیث سے بھی اس کی تائید ہوتی ہے۔ من سنه سنة حسنة فله اجرها واجرمن عمل بها من غیر ان ینقص من اجره شیئاً او کماقال وجہ تائید ظاہر ہے کہ دوسرے شخص کی طرف تعدیہ ثواب سے بھی عامل کا ثواب کم نہیں ہوتا اتنا فرق ہے کہ حدیث طبرانی میں تعدیہ بالقصد ہے اور حدیث مسلم میں بلا قصد سو یہ فرق حکم مقصود میں کچھ موثر نہیں فقہا نے بھی ان روایات کے مدلول کو بلا تاویل تلقی بالقبول کیا ہے۔ کما فی ردالمختار عن التاتار خانیه عن المحیط الافضل لمن یتصدق ان ینوی الجمیع المومنین والمومنات لانها تصل الیهم ولا ینقص من اجره شیئی اور راز اس میں احقر کے ذوق میں یہ ہے کہ معانی میں توسیع اس قدر ہے کہ تعدیہ الی المحل الاخر سے بھی محل اول سے زوال نہیں ہوتا چنانچہ تعدیہ علوم و فیوض میں مشاہدہ ہے بخلاف اعیان کے کہ وہاں ایسا نہیں بلکہ ہبہ کرنے کے بعد شے موہوب واہب کے پاس نہیں رہتی وذکر العارف الرومی فی المثنوی بعض آثار التوسع المعنوی

در معانی قسمت و اعداد نیست　　در معانی تجزیہ و افراد نیست

اور رہا امر کہ اجر متجزی ہوکر پہنچتا ہے یا بلا تجزی اس میں پہلے بھی کلام ہوا ہے کما فی ردالمختار و یوضحه لواهدی الی اربعة یصل لکل منهم ربعه فلذالواهدی الربع الواحد وابقی الباقی لنفسه ہ ملخصاً قلت لکن سئل ابن حجر المکی عمالوقرء لاهل المقبرة الفاتحة هل یقسم الثواب بینهم اویصل لکل منهم مثل ثواب ذالک کاملاً فاجاب بانه افتیٰ جمع بالثانی وهو اللائق بسعة الفضل ج 1 صفحہ 944 مگر کسی نے دلیل میں کوئی نص ذکر نہیں کی اور

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

ظاہر ہے کہ مسئلہ قیاسی ہے نہیں اس لئے بدون نص اس میں کوئی حکم نہیں کیا جا سکتا۔ البتہ جواب میں جو اوپر حدیث طبرانی کی مذکور ہے اس کو ظاہر الفاظ سے عدم تجزی پر دال کہا جا سکتا ہے کیونکہ اجرہا کا مرجع صدقہ ہے جس کا حقیقی مفہوم کل الصدقہ ہے نہ کہ جز الصدقہ اور لہما سے متبادر اور شائع اطلاق کے وقت اکل واحد ہوتا ہے اور مجموعہ مراد ہونا محتاج قرینہ ہوتا ہے اور قرینہ کا فقدان ظاہر ہے پس معنی یہ ہوئے کہ دونوں میں سے ہر ہر واحد کو پورے صدقہ کا اجر ملے گا اور دوسرے احتمالات غیر ناشی عن دلیل ہیں اس لئے معتبر نہیں اور مسئلہ قطعیات میں سے نہیں اس لئے بھی ایسے احتمال مضر نہیں۔ نیز اوپر کے جواب سے جیسے معلوم ہوا کہ تعدیہ ثواب من محل الیٰ محل موجب نقص احد المحلین نہیں اسی طرح اس سے یہ بھی لازم آیا کہ آیا تجزیہ جیسا کہ مقتضائے ظاہری تشریک لمحل مع محل کا ہے نیز موجب نقص فی احد المحلین نہیں کیونکہ تعدیہ و تجزیہ آثار میں متماثل ہی ہوتے ہیں واللہ اعلم۔

ف:۔ اس سے حضرت والا کا علم و قوت استنباط در جاء من اللہ اظہر من الشمس ہے۔

تبحر علم و حقائق و شفقت علی المخلوق

فرمایا کہ قبر پرستوں اور تعزیہ پرستوں میں جو لوگ اہل قبور یا تعزیہ کی نسبت تاثیر غیبی کے معتقد ہیں وہ مشرک ہیں اور جو محض ظاہری تعظیم کے طور پر ان کو سجدہ وغیرہ کرتے ہیں اور ان کی تاثیر کے معتقد نہیں وہ شرک عملی کی وجہ سے فاسق ہیں کافر نہیں۔ اعتقاد تاثیر و عدم کا معیار فرق یہ ہے کہ بعض کا تو یہ اعتقاد ہوتا ہے کہ اللہ تعالیٰ نے کسی خاص مخلوق کو جو اس کا مقرب ہے کچھ قدرت مستقلہ نفع و ضرر کی اس طرح سے عطا فرما دی ہے کہ اس کا اپنے معتقد و مخالف کو نفع و ضرر پہنچانا مشیت جزئیہ حق پر موقوف نہیں گو اگر روکنا چاہے تو قدرت حق ہی غالب ہے جیسے سلاطین اپنے نائبین حکام کو خاص اختیارات اس طرح دے دیتے ہیں کہ ان کا اجراء اس وقت سلطان اعظم کی منظوری پر موقوف نہیں ہوتا گو رد کرنا چاہے تو سلطان ہی کا حکم غالب رہے گا سو یہ عقیدہ تو اعتقاد تاثیر ہے (اور مشرکین عرب کا اپنے الہہ باطلہ کے ساتھ یہی اعتقاد تھا) اور بعض کا یہ عقیدہ ہوتا ہے کہ ایسی قدرت مستقلہ تو کسی مخلوق میں نہیں مگر بعض مخلوق کو قرب و قبول کا ایسا درجہ عطا ہوتا ہے کہ یہ اپنے متوسلین کے لئے سفارش

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

کرتے ہیں پھر اس سفارش کے بعد بھی ان کو نفع وضرر کا اختیار نہیں دیا جاتا بلکہ حق تعالیٰ ہی نفع وضرر پہنچاتے ہیں لیکن اس سفارش کے قبول میں تخلف کبھی نہیں ہوتا اور اس سفارش کے تحصیل کے لئے اس کے ساتھ بلاواسطہ یا بواسطہ معاملہ مشابہ عبادت کرتے ہیں یہ عقیدہ اعتقاد تاثیر نہیں ہے لیکن بلادلیل شرعی بلکہ خلاف دلیل شرعی ایسا عقیدہ رکھنا معصیت اعتقادیہ ہے اور مشابہ عبادت معاملہ کرنا معصیت عملیہ ہے اور اسی مشابہت کے سبب اطلاقات شرعیہ میں اس کو مشرک کہہ دیا جاوے۔ **من ههنا لم یکفر مشائخنا واکابرنا عابدی القبور والساجدین لها وامثالهم لحمل حالتهم علی الصورة الثانیة دون الا ولی و قرینته دعویٰ هؤلاء الاسلام والتوحید والتبری من الشرک بخلاف مشرکی العرب والهند فانهم یتوحشون عن التوحید و من نفی القدرة المستقلة عن الهتهم وقالوااجعل الالهة الٰها واحدًاه واللہ اعلم** (ماخوذ من النور ذوالحجہ 1345ھ)

ف:۔اس فتویٰ سے حضرت والا کا تبحر علم وحقائق رسی شفقت علی المخلوق صاف ظاہر ہے۔

تبحر فقہ ونور فہم، حقیقت شناسی

احقر نے دریافت کیا کہ زکوٰۃ کا روپیہ بذریعہ منی آرڈر بھیجنے میں فیس منی آرڈر کی اس رقم زکوٰۃ میں لی جاسکتی ہے؟ محصلین زکوۃ کی اجرت تو زکوٰۃ میں سے دینا جائز ہے اس لئے اس پر قیاس کیا فیس منی آرڈر کا کیا جاسکتا ہے؟ فرمایا کہ اول تو ہم میں قیاس واجتہاد کی صلاحیت نہیں ثانیاً یہ قیاس بھی ظاہر الفساد ہے کیونکہ عامل کی اجرت کو تحصیل زکوٰۃ میں دخل ہے وہ ملحق بالزکوٰۃ ہوسکتی ہے اور منی آرڈر کی فیس کو تحصیل زکوٰۃ میں دخل نہیں بلکہ ترسیل زکوٰۃ میں دخل ہے جس کی حقیقت بعد حصول کے جدا کرنا ہے۔ ثالثاً وہ تصرف ہے امام کا اور یہ تصرف ہے غیر امام کا فاین هذا من ذالک رابعاً وہاں عامل مسلم ہے یہاں عملہ ڈاک بعض اوقات غیر مسلم بھی ہوتے ہیں۔ خامساً خود مقیس علیہ خلاف قیاس ہے پس حکم مورد نص پر مقتصر رہے گا اس پر قیاس مجتہد کو بھی جائز نہیں۔

ف:۔اس سے بھی حضرت والا کا تبحر فقہ ونور فہم، حقیقت شناسی صاف ظاہر ہے۔

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

سیف و جذیہ نہ جزائے کفر ہیں نہ مقصود بالذات سیف و جذیہ راز قتل مرتد و حبس مرتدہ تبحر علم استحضار قوانین

۱-فرمایا کہ قتل عورت اور اپاہج اور شیخ فانی اور اندھے کا قتل باوجود ان کے بقاء علی الکفر کے جائز نہیں اگر سیف اکراہ علی الاسلام کے لئے ہوتی تو ان کو ان کی حالت پر کیسے چھوڑا جاتا۔

۲-جزیہ مشروع کیا گیا اگر سیف جزاء کفر ہوتی تو باوجود بقاء علی الکفر کے جزیہ کیسے مشروع ہوتا

۳-پھر جزیہ بھی سب کفار پر نہیں چنانچہ عورت پر نہیں اپاہج اور نابینا پر نہیں رہبان پر نہیں اس سے معلوم ہوا کہ مثل سیف کے جزیہ بھی جزاء کفر نہیں ورنہ سب کفار کو عام ہوتا جب جزیہ کہ سیف سے اخف ہے جزائے کفر نہیں تو سیف جو کہ اشد ہے کیسے جزائے کفر ہوگی

۴-اگر کسی وقت مسلمانوں کی مصلحت ہو تو کفار سے صلح بلا شرط مال بھی جائز ہے

۵-اگر حالات وقتیہ مقتضی ہوں تو خود مال دے کر بھی صلح جائز ہے۔ ان اخیر کی دو دفعات سے معلوم ہوا کہ جزیہ جس طرح جزائے کفر نہیں جیسا دفعہ نمبر 3 سے معلوم ہوا اسی طرح وہ مقصود بالذات بھی نہیں ورنہ صلح بلا مال یا بہ بذل مال جائز نہ ہوتی۔ پس سیف یا جزیہ نہ جزائے کفر ہیں نہ مقصود بالذات۔

حسب تصریح حکمائے امت (کما فی الہدایہ وغیرہ) سیف کی غرض اعزاز دین و دفع فساد ہے اور جزیہ کی غرض یہ ہے کہ جب ہم ہر طرح ان کی حفاظت کرتے ہیں اور اس حفاظت میں اپنی جان و مال صرف کرتے ہیں تو اس کا صلہ یہ تھا کہ وہ بھی حاجت کے وقت ہماری نصرت بالنفس بھی کرتے مگر ہم نے قانوناً اس سے بھی سبکدوش کر دیا اس لئے کم از کم ان کو کچھ مختصر ٹیکس ہی ادا کرنا چاہئے تا کہ یہ نصرت بالمال اس نصرت بالنفس کا من وجہ بدل ہو جاوے۔ یہ اغراض ہیں سیف اور جزیہ کے اور یہی وجہ ہے کہ جب اعداء دین سے احتمال فساد کا نہیں رہتا۔ سیف مرتفع ہو جاتی ہے جس کے تحقیق کی ایک صورت قبول جزیہ ہے ایک صورت صلح ہے اور یہی وجہ ہے کہ جو لوگ نصرت بالنفس پر جو کہ عقلاً ان پر واجب تھی قادر نہیں ان سے نصرت بالمال بھی معاف کر دی گئی۔ رہا مرتد کا قتل اسلام کی طرف عود نہ کرنے

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

کی حالت میں سواس کی حقیقت اکراہ علی قبول الاسلام نہیں ہے بلکہ اکراہ علی ابقاء الاسلام بعد قبولہٗ ہے۔اس کی بناء بھی وہی دفع فساد ہے جو اصل مسئلہ سیف کی بناء ہے۔اتنا فرق ہے کہ کفر قبل الاسلام کا شر اور ضرر اخف ہے اس لئے اس کا تدارک جذیہ یا صلح سے جائز رکھا گیا اور کفر بعد الاسلام یعنی ارتداد کا شر اور ضرر اغلظ ہے کہ ایسا شخص طبعًا بھی زیادہ مخالف و محارب ہوتا ہے اور دوسروں کو اس کی حالت دیکھ کر حق میں تذبذب و تردد بھی ہو جاتا ہے نیز اس میں علت ہتک حرمت بھی ہے اس لئے اس کا تدارک سیف تجویز کیا گیا اور مرتدہ چونکہ عادۃً محارب نہیں ہوتی صرف تذبذب و ہتک کا ضرر اس کے حبس دائم سے دفع کر دیا گیا کہ عقوبت میں فطرۃً خاصہ زجر کا ہے۔ بہرحال قانون اسلام کا (مع رفع تمامی شبہات) اعتراض اشاعت اسلام بالسیف کے لئے دافع ہونا ظاہر ہو گیا جو کہ حقیقت شناسان اہل انصاف کی شفا کے لئے کافی ہے۔(النور ماہ صفر 1346ھ)

ف:۔اس سے حضرت والا کا تبحر علم۔استحضار قوانین اسلام ظاہر ہے۔

تراویح میں صبی کی اقتداء کا حکم

فرمایا کہ صبی کی تراویح نفل محض ہے اور بالغ کی سنت موکدہ ہے۔دوسرے یہ کہ صبی کی نفل شروع کرنے سے واجب نہیں ہوتی اور بالغ کی واجب ہو جاتی ہے پس صبی کی نماز ضعیف ہوئی اس پر غالب بالغ کی قوی نماز کا بنی کرنا (جیسا کہ تراویح میں نابالغ کی امامت سے ہوتا ہے) خلاف اصول ہونے کے سبب جائز نہیں۔اور بچوں کے حفظ قرآن وغیرہ کی ترغیب میں رکاوٹ ہو جانے کا عذر مسموع نہیں کیونکہ احکام کی بناء دلائل پر ہے مصالح پر نہیں دوسرے یہ کہ بجائے تراویح کے نوافل میں انکا پڑھ لینا اس محتمل رکاوٹ کا تدارک ہے چنانچہ اس کا کافی ہونا مشاہدہ ہے علاوہ اس کے یہ ہے کہ صبی میں ان مصالح کے ساتھ مفاسد بھی ہیں کہ اکثر وہ احکام طہارت وصلوٰۃ سے ناواقف اور متساہل بھی ہوتے ہیں پس اس کی تجویز میں بالغین کی نمازوں کا فساد بہت غالب ہے۔فرمایا کہ بلوغ کی اگر کوئی علامت نہ دیکھی جاوے تو بقول مفتی پندرہ سال کی عمر میں بلوغ کا حکم کر دیا جاتا ہے اس وقت اس کے پیچھے تراویح میں اقتداء جائز ہے۔

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

وجوہ ترجیح شروع نماز بعد از اختتام تکبیر تحریمہ
علم وتفقہ اعانت متضادین حقیقت رسی

فرمایا کہ قد قامت الصلوٰۃ کے کہنے کے وقت امام کا نماز شروع کر دینا منجملہ آداب کے ہے جس کا ترک موجب اساءت یا عتاب نہیں تو اس کے تارک پر نکیر نہ کرے عامل بالادب ہے اور اگر نکیر کرے مبتدع ہے دوسرے یہ کہ گو منجملہ آداب کے ہے مگر باوجود اس کے تاخیر کو ایک عارض سے اعدل واصح فقہا نے کہا ہے جو مستلزم ہے افضل ہونے کو اور وہ عارض موذن کی اعانت ہے۔ شروع مع الامام پر ایسے ہی ایک عارض سے (کہ وہ عامۃ ناس کے اعتبار سے مثل لازم کے ہو گیا ہے) اس میں بھی گنجائش ہے کہ قبل اقامت کے قیام کو افضل کہا جاوے اور وہ عارض تسویہ ہے صفوف کا جو نہایت موکد ہے اس لئے کہ عامۃ ناس کے عدم اہتمام وقلت مبالاۃ کی وجہ سے مشاہد ہے کہ حی علی الصلوۃ پر کھڑے ہونے سے امام کی تحریمہ کے وقت صفوف کا تسویہ نہیں ہو سکتا بلکہ اکثر دیکھا جاتا ہے کہ پہلے سے کھڑے ہو جانے پر بھی اگر تسویہ صفوف کا انتظار کیا جاوے تو اقامت اور تحریمہ امام میں فصل کی ضرورت ہوتی ہے۔ (النور ماہ رمضان 1350ھ)

ف:۔ اس سے حضرت والا کا علم وتفقہ ورعایت متضادین حقیقت شناسی صاف ظاہر ہے۔

کمال حذم واحتیاط

ایک صاحب نے لکھا کہ ایک واعظ صاحب نے یہاں بیان کیا کہ انبیاء علیہم السلام کا بول وبراز پاک ہوتا ہے اور خصوصاً ہمارے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے فضلات پاک تھے کیونکہ آپ سراپا نور تھے۔ اور انبیاء علیہم السلام کے بول وبراز کو زمین فوراً ہضم کر جاتی ہے۔ ان روایات کے متعلق جناب کی کیا تحقیق ہے جواباً تحریر فرمایا کہ خواہ مخواہ انہوں نے ایسی باتیں بیان کر کے مسلمانوں کو پریشان کیا جو نہ عقائد ضروریہ ہیں نہ احکام میں سے اور وعظ میں بیان کرنے کی چیز عقائد واحکام ہیں نہ کہ ایسی روایات جن پر دوسری اقوام ہنسیں ایسی روایات بسند ضعیف آئی ہیں اس لئے ان کی نہ تصدیق واجب ہے نہ تکذیب لہذا ایسے

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

امور میں مشغول ہی نہ ہونا چاہئے نہ تصدیقاً نہ تکذیباً ہاں ایسے مضامین کی کھپت فضائل میں ہوسکتی ہے اور ایسے واعظوں کا وعظ ہی کیوں سنا جاتا ہے اور ان سے مطالبہ سند کا کیوں نہیں کیا گیا کہ اسی جلسہ میں حقیقت کھل جاتی۔

ف:۔اس جواب سے حضرت والا کا کمال حزم واحتیاط اظہر من الشمس ہے۔

کمال حذم واحتیاط واقتداء طرز سلف

فرمایا کہ اگر کسی خاص شخص کے متعلق یا کسی خاص جماعت کے متعلق حکم بالکفر کے تردد ہو خواہ تردد کے اسباب علماء کا اختلاف ہو خواہ قرائن کا تعارض ہو یا اصول کا غموض ہو تو اسلم یہ ہے کہ نہ کفر کا حکم کیا جاوے اور نہ اسلام کا۔ حکم اول میں تو خود اس کے معاملات کے اعتبار سے بے احتیاطی ہے اور حکم ثانی میں دوسرے مسلمانوں کے اعتبار سے بے احتیاطی ہے پس احکام میں دونوں احتیاطوں کو جمع کیا جاوے گا یعنی نہ اس سے عقد مناکحت کی اجازت دیں گے نہ اس کی اقتداء کریں گے نہ اس کا ذبیحہ کھائیں گے اور نہ اس پر سیاست کافرانہ جاری کریں گے اگر تحقیق کی قدرت ہو اس کے عقائد کی تفتیش کریں گے اس تفتیش کے بعد جو ثابت ہو ویسے احکام جاری کریں گے اور اگر تحقیق کی قدرت نہ ہو تو سکوت کریں گے اور اس کا معاملہ اللہ تعالیٰ کے سپرد کریں گے۔ اس کی نظیر وہ حکم ہے جو اہل کتاب کی روایات کے متعلق حدیث میں وارد ہے۔ **لاتصدقوا اهل الكتاب ولا تكذبوهم وقولوا امنا بالله وماانزل الينا الايه رواه البخاری** دوسری فقہی نظیر احکام خنثیٰ کی ہیں (النور ماہ جمادی الاولی 1352ھ)

ف:۔اس جواب سے بھی حضرت والا کا کمال حزم واحتیاط واقتداء طرز سلف ثابت ہے۔

معیار کفر واسلام

ایک صاحب نے دریافت کیا ایک مدعی اسلام کی تکفیر کیسے ہوسکتی ہے۔ کافر اور مسلمان ہونے کا آخر معیار کیا ہے۔ فرمایا کہ اصول ذیل اس امتیاز کے لئے کارآمد ہوں گے جو بدلائل ثابت ہیں۔

1۔حلول کا قائل ہونا کفر ہے جیسا کہ بعض لوگ سر آغا خاں کے اندر خدائی حلول کے

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

قائل ہیں۔ بقول لقد کفر الذین قالوا ان اللہ ھو المسیح بن مریم .

2- جو رسوم و عادات کفار کے ساتھ ایسی خصوصیت رکھتے ہیں کہ بمنزلہ ان کے شعار کے ہو گئے ہوں۔ اگر عرفاً وہ شعار مذہبی سمجھے جاتے ہیں وہ بھی کفر ہیں۔ اسی اصل پر فقہا نے شد زنار کو کفر فرمایا ہے۔ اسی طرح تصویر کی پرستش کرنا یا کرشن کی تصویر عبادت خانہ میں رکھنا جو شعار کفار کا ہے یا بجائے بسم اللہ کے لفظ اوم لکھنا کہ یہ بھی انکار شعار ہے۔ لقولہ تعالیٰ ماجعل اللہ من بحیرۃ ولا سائبۃ ولا وصیلۃ ولاحام ولکن الذین کفروا یفترون علی اللہ الکذب.

3- اگر وہ رسوم عادات کفار شعار مذہبی نہ سمجھے جاتے ہوں تو تشبہ بالکفار ہونے کے سبب معصیت و حرام ہیں جیسے دیوالی سے بہی کھاتہ کا حساب شروع کرنا یا مقتداؤں کو لفظ خداوند سے خطاب کرنا یا ان سے دعا مانگنا جیسا کہ آغا خانیوں کا طرز ہے۔ لقولہ تعالیٰ ولا ترکنوا الی الذین ظلموا فتمسکم النار

4- عادات مخصوصہ بالمسلمین دلیل اسلام ہیں بشرطیکہ کوئی یقینی دلیل کفر کی نہ ہو ورنہ کفر ہی کا حکم کیا جاوے گا اور اسلام کی وجہ واحد کو کفر کی وجوہ متعددہ پر ترجیح اسی وقت ہے جبکہ وہ وجوہ کفر محتمل ہوں۔ متیقن نہ ہوں لقولہ صلی اللہ علیہ وسلم من صلی صلوتنا واستقبل قبلتنا واکل ذبیحتنا فذالک المسلم رواہ البخاری ولقولہ تعالیٰ ان الذین یکفرون باللہ ورسلہ و یریدون ان یفرقوا بین اللہ ورسلہ و یقولون نؤمن ببعض ونکفر ببعض و یریدون ان یتخذوا بین ذالک سبیلا اولئک ھم الکافرون حقاً.

5- موجبات کفر کے ہوتے ہوئے محض دعویٰ اسلام وصلوۃ وقیام واستقبال بیت الحرام ترتب احکام اسلام (مثلاً اس پر نماز جنازہ کا پڑھنا اور مقابر مسلمین میں دفن کرنا) کے لئے کافی نہیں جب تک ان موجبات سے تائب نہ ہو جاوے۔ لقولہ النبی صلی اللہ علیہ وسلم آیۃ المنافق ثلث رواہ الشیخان. زاد مسلم و ان صام و صلی و زعم انہ مسلم.

6- باوجود ثابت کفر کے اسلام ظاہر کرنے والوں کے ساتھ بنا بر مصالح اسلامیہ مسلمانوں کا سا برتاؤ کرنا مخصوص تھا حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کے عہد مبارک کے ساتھ

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

اب وہ حکم باقی نہیں رہا۔عن حذیفة قال انما النفاق کان علی عهد رسول الله صلی الله علیه وسلم فاماالیوم فانما هوالکفر اوالایمان و فی اللمعات فی شرح الحدیث ای حکمه بعدم التعرض لاهله والستر علیهم کان علی عهد رسول الله صلی الله علیه وسلم المصالح کانت مقتصرة علی ذالک الزمان اماالیوم فلم یبق تلک المصالح فنحن ان علمنا انه کافر کافر سراً قتلناه حتی یومن بلکہ بعض احکام کے اعتبار سے خود حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کے اخیر عہد میں معاملہ کا مسلمین میں تغیر ہو گیا تھا چنانچہ آیت ولاتصل علیٰ احدمنهم مات ابداً ولاتقم علیٰ قبره مصرح ہے۔

7- جو کافر اصول اسلامیہ کا بھی مقر ہو اس کے حکم بالاسلام کے لئے محض تلفظ بکلمتی الشهادة کافی نہیں جب تک اپنی کفریات سے تبری کا اعلان نہ کرے۔ فی ردالمختار احکام المرتد تحت قول الدرالمختار لان التلفظ بها صار علامة علی الاسلام مانصه افادبقوله صاء الی ان ماکان فی زمن الامام محمد تغیر لانهم فی زمنه ماکانوا یمتنعون عن النطق بهافلم تکن علامة الاسلام فلذااشرطوامعها التبری لها فی زمن قاری الهدایة فقد صارت علامة الاسلام لانه لایاتی بها الاالمسلم.

8- کافر کا مقابر مسلمین میں دفن کرنا جائز نہیں۔ فی الدرالمختار احکام غسل المیت ومحل دفنهم کدفن ذمیة حبلی من مسلم الخ.

9- جس شخص کا کفر ثابت ہو جاوے اس کے اقوال وافعال محتملہ للکفر والاسلام میں تاویل کرنے سے اس کا کفر مانع ہوگا مثلاً دیوالی سے بھی کھاتہ کا حساب شروع کرنا یا مقتداؤں کو لفظ خداوند سے خطاب کرنا ان سے دعا مانگنا ان کا صدور اگر مسلمان سے ہوتا تو اس میں تاویل کر کے مباح یا معصیت پر محمول کیا جاتا مگر جب اس کا صدور کافر سے ہے تو تاویل کی ضرورت نہیں فی مختصر المعانی بحث الاسناد مانصه و قولنا فی التعریف بتاویل یخرج نحوما مرمن قول الجاهل انبت الربیع البقل الخ و فیه بحث

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

وجوب القرینته واسناد المجاذی مانصه عطف علی استحالته اے و کصدور عن الموحد فی مثل اشاب الصغیر پس کسی مصلحت دنیوی کے سبب کافر کو مسلمان کہنا اور اس کے ساتھ مسلمانوں کا سا معاملہ کرنا ہرگز مناسب نہیں کیونکہ جب کفریات کے ہوتے ہوئے کسی کو مسلمان کہا جاوے گا تو ناواقف مسلمانوں کی نظر میں ان کفریات کا قبح خفیف ہو جاوے گا اور وہ آسانی سے ایسے گمراہوں کے شکار ہو سکیں گے تو کافروں کو اسلام میں داخل کہنے کا انجام یہ ہوگا کہ بہت سے مسلمان اسلام سے خارج ہو جاویں گے کیا کوئی مصلحت اس مفسدہ کی مقاومت کر سکے گی چنانچہ ارشاد ہے۔ قل فیھما اثم کبیر الخ.

عقل سلیم، حکمت، شفقت علی المخلوق و رعایت متضادین

کسی صاحب نے سوال کیا کہ گورنمنٹ اپنی مملوکہ اراضی میں رفاہ عام کے لئے ایک شفاخانہ بنانا چاہتی ہے اس اراضی میں بعض منہدم مساجد بھی ہیں ان کو گورنمنٹ اپنی خرچ سے بنانے کا وعدہ کرتی ہے مگر عام لوگوں کو وہاں آنے کی اجازت دینا مشکل ہے۔ البتہ شفاخانہ کے مریضوں کو اور ملازموں کو ہر وقت اجازت ہے اور ایک مسجد کو بنانے سے کسی وجہ سے عذر کرتی ہے مگر اس کے تحفظ کے لئے احاطہ اس کا بھی بنا دینے کو کہتی ہے سوال یہ ہے کہ اس صورت کو اگر مسلمان منظور کر لیں جائز ہے یا نہیں۔ جواباً تحریر فرمایا کہ احکام شرعیہ دو قسم کے ہیں ایک اصلی دوسرے عارضی صورت مسئولہ میں حکم اصلی یہ تھا کہ مساجد ہر طرح آزاد ہیں ان میں سے کسی وقت کسی کو نہ نماز پڑھنے سے ممانعت کی جاوے نہ آنے جانے سے۔ الا لمصالحته المساجد اور یہ حکم اس وقت ہے جب مسلمان کسی شورش کے (یعنی بدون وقوع فی الخطر یا لحوق ضرر بالمسلمین کے) اس پر قادر ہوں اور حکم عارضی یہ ہے کہ جس صورت پر صلح کی جاتی ہے اس پر رضا مند ہو جاویں اور یہ حکم اس حالت میں ہے جب مسلمان حکم اصلی پر قادر نہ ہوں نظیر اس کی مسجد الحرام ہے جب تک اس پر مشرکین مکہ مسلط رہے حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم وہاں نماز بھی بیت اللہ کا طواف بھی فرماتے رہے اسی درمیان میں وہ زمانہ بھی آیا کہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم مدینہ منورہ سے عمرہ کے لئے مکہ

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

میں تشریف لائے اور مشرکین نے آنے نہیں دیا پھر اس پر صلح ہوئی کہ تین روز کے لئے تشریف لاویں اور عمرہ کر کے چلے جاویں۔ آپ نے اس صلح کو قبول فرمایا اور وقت محدود تک قیام فرما کر واپس تشریف لے گئے یہ سب اس وقت ہوا جب آپ کا تسلط نہ تھا۔ عذر کی حالت میں آپ نے اس حکم عارضی پر عمل فرمایا پھر جب اللہ تعالیٰ نے آپ کو باقاعدہ مسلط فرمادیا اس وقت اصلی حکم پر عمل فرمایا گیا پس یہ تو تفصیل ہے اس صلح کے منظور کر لینے ہیں اور گورنمنٹ کا مساجد مذکورہ کی مرمت کا وعدہ کر لینا اس کی بھی اسی مسجد حرام میں ایک نظیر ہے کہ مشرکین نے اس کی تعمیر کی اور آپ نے قدرت کے وقت بھی اس تعمیر کو باقی رکھا البتہ اس وعدہ میں اتنی ترمیم کی درخواست مناسب ہے کہ جس مسجد کو صرف احاطہ سے محفوظ کرنا چاہتے ہیں ان کو بھی مسجد ہی کی صورت میں بناویں گو چبوترہ ہی بناویں اور اگر کوئی قوی مجبوری ہو تو احاطہ پر قناعت کریں لیکن ایک پتھر کندہ کر کے نصب کر دیں۔ ف:۔ اس جواب سے حضرت والا کی عقل سلیم، حکمت، شفقت علی المخلوق، رعایت متضادین اظہر من الشمس ہے۔

فہم، سلیم، حکمت، دقت نظر

کسی صاحب نے استفسار کیا کہ مولوی انوار اللہ خاں صاحب مرحوم ساکن حیدر آباد دکن نے عید میلاد کے متعلق یہ استدلال کیا ہے کہ جس لونڈی نے ابولہب جیسے معاند رسالت پناہ صلی اللہ علیہ وسلم کو آپ کی ولادت باسعادت کا مژدہ سنایا تھا اسے ابولہب نے فرط مسرت سے اپنی انگلی کے اشارے سے آزاد کر دیا تھا۔ اس کے صلہ میں یوم ولادت یعنی ہر دوشنبہ کو اس پر عذاب میں تخفیف کر دی جاتی ہے۔ جب ایسے سرکش و باغی کو اس ابتہاج و مسرت کا یہ صلہ ملا تو ہم گنہگاران امت کو بھی اس دن کی خوشی منانے میں ضرور اجر عظیم ملے گا۔ آیا یہ روایت درست ہے اگر ہے تو ہمارے یہاں اس کا کیا جواب ہے۔ فرمایا کہ جواب ظاہر ہے اول تو وہ وقتی و مفاجاتی خوشی تھی اس پر قصدی و اکتسابی و اہتمامی خوشی کا قیاس کیسا ہم کو تو اس خوشی کا موقع ہی نہیں مل سکتا ہاں قطع نظر اس قیاس کے ہماری یہ خوشی بھی جائز ہوتی اگر دلائل شرعیہ منکرات کو منع نہ کرتے اور ظاہر ہے کہ مباح و غیر مباح کا مجموعہ غیر مباح ہوتا ہے۔

ف:۔ اس سے بھی حضرت والا کا فہم سلیم و حکمت و دقت نظر ثابت ہے۔

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

حقیقت رسی استحضار قواعد فقہیہ

فرمایا کہ کافر کا نابالغ بچہ جب تک عاقل وممیز نہ ہو مستقلاً مسلمان نہیں سمجھا جائے گا بلکہ تبعاً للدار الاسلامی یا تبعاً لاحد الابوین المسلم مسلمان کہا جائے گا۔ اگر نہ احد الابوین مسلم ہے نہ خود بچہ ممیز ہے تو اس کے مسلمان ہونے کا حکم صرف تبعاً لدار الاسلام ہوسکتا ہے۔ پس اگر ہندوستان دار الاسلام نہیں تو اس بچہ کو مسلمان نہ کہا جائے گا اور اگر دار الاسلام ہے تو اس کو مسلمان کہا جائے گا اور ہندوستان کے دار الاسلام ہونے نہ ہونے میں اختلاف ہے لیکن ایسے اختلاف میں بچہ کی نفع کی رعایت کو ترجیح دی جائے گی اور اس کو مسلمان سمجھا جاوے گا اور اس پر جنازہ کی نماز پڑھی جاوے گی۔ ف:۔ اس جواب سے حضرت والا کا استحضار قواعد فقہیہ صاف ظاہر ہے۔

حقیقت رسی استحضار قواعد فقہیہ

ایک صاحب نے یہ مسئلہ پیش کیا کہ ہندہ کا نکاح زید سے ہوا لیکن رخصتی نہیں ہوئی زید نے نکاح کا دعویٰ کیا تو عدالت نے قانون کے مطابق نکاح ثابت نہ کیا۔ زید کا دعویٰ خارج کر دیا گیا لیکن بے شمار لوگ ہندہ کے گاؤں کے زید کے نکاح کا ثبوت دیتے ہیں۔ کیا عدالت کے نفوذ حکم سے اب ہندہ دوسری جگہ نکاح کر سکتی ہے یا زید ہی کے نکاح میں رہی۔ فرمایا کہ اول تو حاکم عدالت کا مسلمان ہونا شرط ہے دوسرے حاکم مسلم کی قضا بھی صرف عقد وفسخ میں نافذ ہوتی ہے اور عدم ثبوت عقد نہ عقد ہے نہ فسخ لہذا یہ قضا موثر نہیں اس کے مقتضا پر دیانۃً عمل جائز نہیں۔

ف:۔ یہ جواب بھی حضرت والا کی حقیقت واستحضار قواعد فقہیہ پر دال ہے۔

دور اندیشی اظہار حقیقت سلامت فہم

ایک صاحب نے استفسار کیا کہ موجودہ زمانہ میں مسلمانوں کی غیر منظم حالت کو مدنظر رکھتے ہوئے ضرورت اس امر کی مقتضی ہے کہ امارت الاسلام کی کوئی صورت نکالی جاوے تو کیا ہم کو کل ہندوستان کے لئے یا کسی خاص علاقہ کے لئے اپنا امیر مقرر کرنے کا حق

۱- حاصل ہے یا نہیں۔ ۲- اگر حق حاصل ہے تو کیا شرائط ہیں۔

۳- اور آپ کی رائے عالی میں اس کے حصول کے لئے کیا ذرائع اور صورتیں بہم

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

پہنچائی جاسکتی ہیں۔ جواب نمبروار حسب ذیل فرمایا۔(۱) حاصل ہے بشرط قدرت اور مشاہد ہے کہ حالت موجودہ میں امارت ارادیہ پر قدرت ہے اور امارت قہریہ پر نہیں۔(۲) تدین اور عقل (۳) یہ حکم شرعی کا سوال نہیں کہ جس کا جواب اہل علم سے لیا جاوے۔ تدبیر کا سوال ہے اس کا جواب اہل تجربہ سے لینا چاہئے۔ ف:۔ اس سے بھی حضرت والا کی دور اندیشی اظہار حقیقت' سلامت فہم صاف ظاہر ہے۔

حکیم الامۃ رحمۃ اللہ علیہ

فرمایا کہ میرے نزدیک وقت عشا دریافت کرنے کا قاعدہ کلیہ یہ ہے کہ صبح صادق سے طلوع شمس تک جتنا فصل ہوتا ہے اتنا ہی غروب سے وقت عشاء تک ہوتا ہے سو اگر پہلا فصل معلوم ہو سکے تو اتنا ہی دوسرا سمجھا جاوے اور زوال اور عصر کا وقت دریافت کرنے کا قاعدہ کلیہ یہ ہے کہ طلوع سے غروب تک کا وقت نصف کرنے سے زوال دریافت ہوسکتا ہے اور مقدار شفق سے ایک ربع کم کے قریب جب غروب میں وقت رہے تو عصر کا وقت شروع ہوگا۔

ف:۔ اس سے حضرت والا کی سہولت پسندی مسلمانوں کے لئے ظاہر ہے جس سے حضرت والا کا حکیم الامۃ ہونا اظہر من الشمس ہے۔

دور اندیشی' مسلمانوں کی خیر خواہی' معاملہ رسی' استحضار قواعد فقیہہ

ایک مقام پر ایک گستاخ کافر نے حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کے جناب میں گستاخانہ حالات شائع کئے تھے مسلمانوں کے مواخذہ پر اس نے علماء کے ایک با قاعدہ جمعیت سے معافی چاہی اور آئندہ احتیاط رکھنے کا اور فی الحال اپنی اس غلطی و درخواست معافی کا اخباروں میں اعلان کر دینے کا وعدہ کیا اس میں اکثر مسلمانوں کی رائے اس کو منظور کر لینے کی ہوگئی اور بعض نے اختلاف کیا اور حکومت موجودہ میں استغاثہ دائر کرنے کی رائے دی اور استغاثہ کے ناکام ہونے کے احتمال پر بھی استغاثہ ہی کو ترجیح دی اور دلیل یہ بیان کی کہ یہ حق اللہ ہے اور اس کی معافی کا حق صرف سلطان اسلام کو ہے اس کے متعلق سوال آیا تھا جس کا جواب حسب ذیل لکھا گیا۔

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

معافی کی جو حقیقت صاحب شبہ نے سمجھی ہے اس معنی کر یعنی بعد معافی کے ناگواری نہ رہنا۔ یہ معافی مذکور فی السوال صرف صورۃ معافی ہے اسی لئے بعض حضرات کو شبہ ہو گیا کہ حق تعالیٰ کے حق معاف کرنے کا کسی کو حق نہیں مگر یہ واقع میں معافی نہیں بلکہ صلح ہے اور صلح سے کوئی امر مانع نہیں اور صلح جیسے بلا شرط ہو سکتی ہے اسی طرح شرط پر بھی ہو سکتی ہے جیسے یہاں یہ شرط مقرر کی جاتی ہے کہ آئندہ ایسی حرکت نہ کرے البتہ صلح میں شرعاً یہ قید ہے کہ مسلمانوں کے حق میں وہ مصلحت ہو اور یہاں مصلحت ہونا ظاہر ہے کہ فی الحال اسلام کا اعزاز اور کفر کا اذلال ہے اور فی المال ایک منکر قبیح کفری کا انسداد ہے خود معاہد میں بھی اور امید ہے کہ دوسرے متجرئین میں بھی کہ اس منکر کا نتیجہ دیکھ کر بعضے عبرت پکڑیں گے اور بعضے مسلمانوں کی رواداری سے متاثر ہوں گے اور یہ توقعات حکومت سے استغاثہ میں مظنوں بھی نہیں بلکہ مشکوک ہیں چنانچہ فضائے موجودہ اس کی شاہد ہے پھر اگر خدانخواستہ استغاثہ میں کامیابی نہ ہوئی تو اس پر جو مفاسد یقیناً مرتب ہوں گے ان کے انسداد پر مسلمانوں کو کوئی کافی قدرت نہیں ہمیشہ کے لئے ایسے لوگوں کی جرات بڑھ جاوے گی بلکہ ترقی کر کے کہا جاتا ہے کہ اگر کامیابی بھی ہو گئی تو ظاہر ہے کہ سزائے موت کا احتمال بھی نہیں صرف قید یا جرمانہ ہو سکتا ہے سو بہت سے مفسد ایسے ہیں کہ قید و جرمانہ کی پرواہ بھی نہیں کرتے ان کو ایک نظیر ہاتھ آ جاوے گی اور گو اس صلح کے بعد بھی ایسے واقعات محتمل ہیں مگر مفاسد کی قلت وضعف و مشکوکیت اور کثرت و شدت و مظنونیت کا تفاوت ضرور قابل نظر و قابل عمل ہے۔ رہا یہ شبہ کہ معافی کا حق صرف سلطان اسلام کو ہے عامہ مسلمین کو نہیں سو شبہ میں جو دلیل بیان کی گئی ہے کہ یہ حق اللہ ہے اس کا مقتضا تو یہ ہے کہ سلطان کو بھی یہ حق نہیں کیونکہ سلطان حقوق اللہ کو معاف نہیں کر سکتا باقی اگر اس دلیل سے قطع نظر کر کے اور اس معافی کو صلح قرار دے کر یا معافی کی تفسیر عدم انتقام فی الدنیا قرار دیکر یہ حکم کیا جاوے تو اول تو اس حکم کے لئے ایسی دلیل کی حاجت ہے جو سلطان کے ساتھ خاص ہو سلطان اور عامہ مسلمین میں مشترک نہ ہو دوسرے خود شریعت نے بہت سے احکام ضرورت کے وقت عامہ مسلمین کو قائم مقام سلطان کے ٹھہرایا ہے جیسے نصب

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

امام وخطیب جمعہ ونصب متولی وقف اور یہاں اس معاملہ کا احکام مذکورہ سے زیادہ مہتم بالشان ہونا اور ضرورت بھی ہونا ضروری ہے۔ لفقدان السلطان المسلم واللہ اعلم.

ف: اس جواب سے بھی حضرت والا کی دوراندیشی مسلمانوں کی خیرخواہی معاملہ رسی اور قواعد فقیہ کا استحضار صاف ظاہر ہے۔

تتمہ باب اول

رسمیں چھوڑنے کیلئے سب کا انتظار نہ کریں

فرمایا کہ بعض لوگ کہتے ہیں کہ سب مل کر چھوڑیں تو رسمیں چھوٹ سکتی ہیں یہ بھی ایک شیطانی دعویٰ ہے تم تنہا ہی سب رسمیں ایک دم چھوڑ دو برادری کا انتظار مت کرو کیونکہ اس طرح تو قیامت تک بھی رسمیں نہیں چھوٹیں گی کیونکہ برادری میں مختلف مزاج اور مختلف خیال کے لوگ ہوتے ہیں۔ سب کا اجتماع ایک بات پر نہیں ہوسکتا خصوصاً امر خیر پر۔ شرک کی بات پر تو اجتماع ہوجاتا ہے جیسا کہ آج کل موجود ہے کہ ہر عاقل وغیر عاقل ادنیٰ واعلیٰ ان رسموں میں متفق ہیں جن کے بری ہونے کے خود بھی قائل ہیں۔

اہل اللہ کا مال سے اجتناب

فرمایا کہ جو شخص مال کو درجہ ضرورت میں رکھتا ہے وہ محبّ مال نہیں ہے۔ محبّ مال جب کہلاتا ہے کہ اکتساب مال میں حرام وحلال کی تمیز نہ کرے یا خرچ کرنے میں وجوب و مروت کے مواقع میں تنگی کرے۔ مال بشرائط مذکورہ بری چیز نہیں ہے لیکن ان شرائط کا پایا جانا ذرا کم ہے فی صدی ایک دو آدمی بھی ان کے پابند مشکل سے نکلتے ہیں اس واسطے سداً للباب اہل اللہ نے مال سے اجتناب رکھا ہے اور اس کے خلاف پر تحریص کی ہے ورنہ مال میں عیب ہی عیب نہیں بلکہ کچھ فوائد بھی ہیں مثلاً جب مال بقدر کفایت پاس ہوتا ہے اور قلب کو اطمینان رہتا ہے دنیا کے کام بھی ٹھیک ہوسکتے ہیں اور دین کے کام بھی۔ فراغ عجیب چیز ہے جب یہ فراغ قلب جاتا رہتا ہے تو آدمی سے کچھ کام نہیں ہوسکتا جس کو پورا توکل حاصل

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

نہ ہو اس کے لئے مال ہی فراغ کا ذریعہ ہے اس کو خصوصیت کے ساتھ ہرگز مال ضائع نہ کرنا چاہئے یعنی بے موقع خرچ نہ کریں۔ آج کل قوی القلب لوگ کم ہیں اور یہ حالت ہے کہ ذرا سی تنگی پیش آئے تو بھٹکتے پھرتے ہیں حتیٰ کہ نعوذ باللہ بعضے مرتد ہو جاتے ہیں۔ مال کا نہ رکھنا اور فقر و زہد اختیار کرنا تو استحباب کا درجہ ہے اس کے لئے ایمان کھونا کیسی سخت بات ہے اس واسطے آج کل عام مجمع میں زہد کی تعلیم دینا ٹھیک نہیں۔ ہاں اس تعلیم کی ضرورت ہے کہ مال حرام ذرائع سے نہ کماؤ یہ درجہ زہد کا ہر حالت میں ضروری ہے۔

کثرت قیل وقال و کثرت سوال واضاعت مال کے مناشی اور انکا رظاہر باطنی علاج

فرمایا کہ کثرت قیل وقال کی جڑ ترفع ہے اور کثرت سوال (بمعنی مانگنا) کی جڑ بے حیائی ہے اور کثرت سوال (بمعنی زیادہ پوچھنا) یعنی علماء کو لایعنی سوالات سے دق کرنا) اس کی اصل عمل کا ارادہ نہ ہونا ہے۔ مطلب یہ کہ زیادہ چون و چرا وہی کرتا ہے جس کو کام کرنا نہیں ہوتا' وراضاعت مال یعنی اسراف کی اصل قلت شکر تو یہ چار چیزیں تو عمل ظاہری کے مرتبہ میں ہوئیں یعنی کثرت قیل وقال کثرت سوال بہر دو معنی واضاعت مال۔ مجموعی علاج ان ظاہری اعمال کا یہ ہے کہ ہمت کر کے ان سب کو ترک کرے۔ اور باطنی چار چیزیں جو ان چار ظاہری اعمال کی اصل تھیں یعنی ترفع بے حیائی عمل کا ارادہ نہ کرنا اور قلت شکر ان کا مجموعی علاج ایک ذکر اللہ ہے۔ ذکر سے میری مراد زبانی ذکر نہیں بلکہ قلبی ہے جو مرکز ہے ذکر لسانی کا' مطلب یہ ہے کہ ذکر کی اتنی کثرت کی جاوے کہ وہ قلب میں رچ جاوے جب ذکر قلب میں رچ جاتا ہے تو معاصی دور ہٹ جاتے ہیں۔ اور دوسری چیز یہ ہے کہ ہر کام کا انجام سوچا کرو قلب کی اصلاح اس سے بہت ہوتی ہے اگر اس کا پورا التزام کر لیا جاوے تو نہ قیل وقال رہے کیونکہ خیال ہوگا کہ اس کا نتیجہ کیا ہے کم سے کم لایعنی تو ضرور ہے اور نہ کثرت سوال رہے گی بہ ہر دو معنی کیونکہ مانگنے کا انجام خیال میں آئے گا کہ ذلت ہے جو طبعاً و شرعاً دونوں طرح مذموم ہے اور بیجا سوالات کا انجام یہ خیال میں آئے گا کہ اہل اللہ کو تکلیف دینا

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

اور عمل کا قصد نہ کرنا بیہودہ بات ہے یا کم سے کم فعل لایعنی تو ضرور ہے اور انجام سوچنے سے اضاعت مال بھی نہ ہوگی کیونکہ اس میں دنیا و دین دونوں کی خرابیاں پیش نظر ہو جاویں گی۔ خلاصہ یہ کہ فکر کی ضرورت ہے اور اس کے لئے عمل و ذکر دائم لازم ہے۔

ترغیب فنا

فرمایا کہ بس اپنے سب دوستوں کے لئے چاہتا ہوں کہ اپنے کو ہیچ در ہیچ سمجھنے لگیں۔

تعریف تمکین

فرمایا کہ تمکین کے معنی رسوخ نسبت باطنہ کے ہیں جبکہ اخلاق حمیدہ اور ذکر اللہ حال سے مقام بن جائیں۔

ذکر قلبی کی حقیقت

فرمایا کہ قلب سے اللہ تعالیٰ کی طرف بااختیار توجہ کرنا ذکر قلبی ہے دل کی حرکت کو ذکر قلبی نہیں کہتے اور قلب کا یہ اختیاری ذکر عادۃً دائم نہیں ہوتا اور جو بے اختیاری ہو گو دائم ہو وہ حال ہے عمل نہیں اور اس سے ترقی لازم نہیں وفی ہذا قیل۔

در بزم عیش یکدو قدح نوش کن برو یعنی طمع مدار وصال دوام را

کمال اعمال کو دخل ہے کمال ایمان میں اور اسی طرح اسکا برعکس

فرمایا کہ کمال اعمال کو کمان ایمان میں دخل ہے اور کمال ایمان کو کمال اعمال میں دخل ہے پھر اس کمال اعمال سے کمال ایمان ہوتا ہے پھر اس کمال اعمال سے کمال ایمان ہوتا ہے اسی طرح سلسلہ چلا جاتا ہے۔

نسبت صوفیا کیا چیز ہے

فرمایا کہ کثرت ذکر اور دوام طاعت سے جو تعلق خاص ہو جاتا ہے اس کا نام نسبت ہے اور یہ نسبت خاص دور معاصی سے زائل ہو جاتی ہے ہاں اگر توبہ کرے گا پھر عود کر آئے گی۔

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

وسوسہ کا وہ درجہ جو قابل مواخذہ ہے

فرمایا کہ وسوسہ کے دو درجے ہیں ایک حدوث وسوسہ اور دوسرا بقائے وسوسہ پس وسوسہ جو ذہول وعدم تنبہ سے ہو وہ حدوث وسوسہ ہے جو غیر اختیاری ہے اور اس پر کسی سے مواخذہ نہیں نہ اس امت سے نہ امم سابقہ سے اور بقائے وسوسہ جو عدم تنبہ سے ہو سو یہ درجہ تنبہ نہ ہونے تک امم سابقہ سے معاف نہ تھا کیونکہ اگر ہر وقت تیقظ و تنبہ رہے تو نسیان وخطا کا ہونا ممکن نہیں اور ہر وقت تیقظ تو مشکل ہے لیکن ہے اختیاری اور ہماری اس امت سے وہ درجہ وسوسہ کا (یعنی بقائے وسوسہ جو عدم تنبہ سے ہو) معاف ہے۔ باقی تنبہ ہو جانے کے بعد پھر وسوسہ وغیرہ کا ابقاء وامتداد یہ کسی سے بھی معاف نہیں۔ اسی لئے حق تعالیٰ نے اس دعا کی تعلیم فرمائی ہے۔ ربنا لاتواخذنا ان نسینا او اخطانا اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے بھی یہ الفاظ فرمائے رفع عن امتی الخطاء والنسیان

علاج الخیال

ایک طالب اصلاح ان گناہوں کے بارہ میں جو خیال کے متعلق ہیں سخت خلجان میں رہتے تھے یہاں تک کہ اپنے کو قریب قریب مردود ہی سمجھ لیا تھا اور خیالات فاسدہ کے ہجوم نے زندگی تلخ کر رکھی تھی اور اپنی اصلاح سے قریب قریب مایوس ہو چکے تھے حضرت والا نے ایسا سہل جامع اور کلی علاج تحریر فرمایا کہ جس کو ہمیشہ کے لئے بہ آسانی دستور العمل بنایا جا سکتا ہے اور خیالی گناہوں سے مثلاً کبر، عجب، سوء ظن، خیالات شہوانی، حسد، کینہ وبغض وغیرہ وغیرہ سے نہایت سہولت کے ساتھ اپنے آپ کو بچایا جا سکتا ہے بلکہ امید قوی ہے کہ جس کو ذرا بھی طریق باطن سے مناسبت ہوگی وہ اس کلیہ سے انشاء اللہ اپنے جملہ امراض باطنی کا بسہولت علاج کر سکتا ہے۔

وھو ھذا۔ سہل علاج یہ ہے کہ جب تخیلات کا ہجوم ہو اپنے قصد واختیار سے کسی نیک خیال کی طرف فوراً متوجہ ہو جانا اور متوجہ رہنا چاہئے۔ اس کے بعد بھی اگر تخیلات باقی رہیں یا نئے آویں تو ان کا رہنا یا آنا یقیناً غیر اختیاری ہے کیونکہ مختلف قسم کے دو خیال ایک وقت میں اختیاراً جمع نہیں ہو سکتے پس اشتباہ رفع ہو گیا اور اگر بالاختیار اچھے خیال کی طرف توجہ

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

کرنے میں ذہول ہو جاوے اور جب تنبہ ہو ذہول کا تدارک تو استغفار سے پھر اسی تدبیر پر استحضار سے کام لیا جاوے۔ یہ طریق عمل اس قدر سہل ہے کہ اس سے سہل کوئی چیز نہیں پس اس کو دستور العمل بنا کر بے فکر ہونا چاہئے۔

مجموعہ کلیات امدادیہ

از شیخ العرب والعجم حضرت مولانا حاجی امداد اللہ صاحب مہاجر مکی نور اللہ مرقدہ۔ یہ وہ بزرگ ہستی ہیں جن کے بڑے بڑے جلیل القدر خلیفہ مثلاً حضرت مولانا رشید احمد صاحب گنگوہی رحمۃ اللہ علیہ' حضرت حکیم الامۃ مولانا اشرف علی صاحب تھانوی رحمۃ اللہ علیہ اور حضرت مولانا محمد قاسم صاحب نانوتوی رحمۃ اللہ علیہ وغیرہ وغیرہ۔ جیسے ہیں' حضرت حاجی امداد اللہ صاحب عرب' پاکستان اور ہندوستان کے بہت بڑے شیخ ہیں' یہ ان کا مکمل مجموعہ دس کتابوں پر مشتمل ہے' اس مجموعہ میں سلوک و تصوف اور تمام سلسلوں سے تعلق رکھنے والے پیروں اور مریدوں کے لئے بہترین رہنما اور شریعت و طریقت کے بہترین راستے دکھانے والی یہ واحد کتاب ہے۔ اس مجموعہ میں مندرجہ ذیل دس کتابیں ہیں۔ (1) ضیاء القلوب (2) فیصلہ ہفت مسئلہ (3) ارشاد مرشد' (4) مثنوی تحفۃ العشاق' (5) رسالہ وحدۃ الوجود' (6) غذائے روح' (7) گلزار معرفت' (8) رسالہ درد غمناک' (9) جہاد اکبر' (10) نالہ امداد غریب۔

النفائس المرغوبہ فی حکم الدعاء بعد المکتوبہ

از مولانا مفتی کفایت اللہ صاحب پاکستان میں چونکہ نماز کے بعد دعا کے عجیب عجیب طریقے رائج ہیں جو حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی سنت کے خلاف ہیں۔ حضرت مفتی صاحب نے احادیث کی روشنی میں دعا کا مسنون طریقہ بتلایا ہے اور آج کل جو اعتراض کئے جاتے ہیں ان سب کے جوابات بھی دیئے ہیں' ایک اور چیز جس کی وجہ سے کتاب کی وقعت زیادہ ہو گئی ہے یہ ہے کہ اس کی ایک سو سے زائد علمائے کرام نے تصدیق کی ہے تصدیق کرنے والے حضرات میں علماء دہلی' رنگون مولمین مانڈے' مولانا شاہ عبدالرحیم صاحب رائپوری' حضرت مولانا تھانوی' حضرات علماء دیوبند' سہارنپور' میرٹھ' مراد آباد' امروہہ' علمائے بریلی'

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

شاہجہانپور، کانپور، اجمیر شریف، ریاست بھوپال، رتلام، لکھنؤ مولانا شبلی نعمانی، ڈابھیل، صورت، راندیر، مولوی احمد رضا خان صاحب بریلوی، علمائے صوبہ بہار، علمائے لاہور و دیگر اضلاع پنجاب، مکہ معظمہ کے قاضی القضاۃ غرض یہ ہے کہ پورے ہندو پاکستان کے بڑے بڑے حضرات علماء کرام کی اس کتاب پر تصدیقات ہیں، نماز کے بعد آج کل جو بدعت طریقہ کئی کئی دعا کرنے کا مساجد میں اختیار کرلیا ہے اس کتاب سے مسنون طریقہ معلوم ہوگا۔ اور ان شاء اللہ اس بدعت سے نجات مل جاوے گی۔ اس کتاب کا مطالعہ از بس ضروری ہے۔

خیر الاختیار، خبر الاختیار

یعنی ملفوظ شریف حضرت مرشدی و مولائی سیدی وسندی حجۃ اللہ فی الارض حکیم الامۃ مجدد الملۃ حضرت مولانا شاہ محمد اشرف علی صاحب تھانوی مدفیوضہم العالی۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

نحمد و نصلی علی رسولہ الکریم لاحول ولاقوۃ الا باللہ العلی العظیم

4 رمضان المبارک 1315ھ یوم یکشنبہ

مجلس بعد نماز

حسن العلاج امور غیر اختیاریہ کا

فرمایا ایک صاحب نے خط میں یہ شکایت لکھی ہے کہ جو جمعیت قلب حضرت والا کی خدمت بابرکت سے لے کر آیا تھا وہ یہاں آ کر رفتہ رفتہ رخصت ہوگئی۔ فرمایا میں نے جواب میں لکھا ہے کہ اگر یہ کیفیت رخصت ہوگئی تو ضرر کیا ہوا کیونکہ کیفیت مقصود ہی نہیں۔ حاضرین مجلس میں سے ایک صاحب نے عرض کیا کہ حضرت ضرر تو ہوا ہے، فرمایا کیا ضرر ہوا۔ عرض کیا گیا کہ ایک چیز نصیب ہوئی تھی وہ جاتی رہی۔ فرمایا اس کی کیا دلیل ہے کہ وہ چیز اس کے لئے نافع ہی تھی ممکن ہے کہ وہ مضر ہوتی۔ حق تعالیٰ ہی مفید اور مضر کو خوب جانتے ہیں اور اس بندہ کے لئے کس وقت کیا مناسب ہے لوگ کیا کیفیات کے پیچھے پڑے ہوئے ہیں اور لذت کے طالب ہیں۔ ہے تو فحش بات مگر میں تو اس لذت کی طلب پر یہ کہا کرتا ہوں کہ اگر مزے ہی کی

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

خواہش ہے تو میاں مزہ تو مذی میں ہے۔ بیوی کو بغل میں لے کر بیٹھ جاؤ چومو چاٹو۔ مذی نکلے گی بہت مزہ آئے گا۔ اگر یہ کہا جائے کہ مزہ سے اعمال میں سہولت پیدا ہو جاتی ہے تو میں کہتا ہوں کہ سہولت ہی کی کیوں طلب ہے۔ کیا انسان دنیا میں سہولتوں کے لئے بھیجا گیا ہے۔ اللہ تعالیٰ تو فرماتے ہیں لقد خلقنا الانسان فی کبد ہم نے انسان کو مشقت میں پیدا کیا اور یہ طالب ہے سہولت کا۔ الغرض اس غم میں ہی نہ پڑنا چاہئے کیونکہ اس غم میں پڑنا کہ وہ حالت نہیں رہی۔ فلاں کیفیت جاتی رہی قلب کا برباد کرنا۔ آخر یہ توجہ مخلوق کی طرف نہیں تو اور کس کی طرف ہے۔ اس میں بھی عنوان کو اچھا اختیار کیا گیا ہے مگر ہے نفس کا کید کہ لذت اور سہولت کا طالب ہے اور شیطان بھی اس طرف مشغول رکھ کر توجہ بحق سے غافل رکھنا چاہتا ہے۔

دوسرے جمعیت قلب کا ذمہ دار شیخ کس طرح ہو سکتا ہے کیونکہ وہ تو غیر اختیاری ہے اور غیر اختیاری چیز کی کون ذمہ داری لے۔ اچھا یہاں تو شیخ کو ذمہ دار سمجھ لیا اگر ناسور ہو جائے اور کسی طرح اچھا ہونے کی امید نہ ہو ہر وقت رستا رہے تب بھی جمعیت برباد ہوگی اور قلب ہر وقت مشوش رہے گا اس کا کیا علاج کرو گے وہ تو نہ پیر کے بس کی نہ مرید کے بس کی دیکھنا یہ ہے کہ ہم مکلف کس بات کے ہیں اور مامور کس چیز کے ہیں۔ بڑی چیز تو حقیقت سے باخبر ہونا ہے۔ اس کے بعد بہت سے فضول اور عبث امور سے نجات ہو جاتی ہے۔ حق تعالیٰ تو غایت شفقت کی وجہ سے فرماتے ہیں لایکلف اللہ نفسا الا وسعھا یعنی اللہ تعالیٰ تکلیف نہیں دیتے مگر اس کی طاقت کی بقدر ایک خادم نے عرض کیا کہ حضرت ان آثار کے مناشی تو مطلوب ہیں۔ فرمایا کہ مناشی تو مطلوب نہیں نواشی مطلوب ہیں۔ منشا تو سب کا قوت شہویہ ہے جو فعل مباح کے ساتھ بھی متعلق ہو جاتی ہے۔ کسی فقیہ یا کسی محقق صوفی کے کلام میں دکھاؤ کی یہ چیزیں مطلوب ہیں البتہ اس سے جو آثار ناشی ہوتے ہیں جیسے سہولت فی العباد وہ کسی درجہ میں مطلوب ہو سکتے ہیں مگر بالذات نہیں۔ ایک باریک بات کہتا ہوں اس کی طرف کم التفات ہوتا ہے وہ یہ کہ اگر جمعیت قلب ہی کی طلب ہے تو اس کی فکر میں ہر وقت رہنا کہ جمعیت میسر ہو خود جمعیت کے بالکل منافی ہے جب یہ فکر رہی تو جمعیت کہاں رہی اور نہ اس صورت سے قیامت تک جمعیت میسر ہو سکتی ہے جمعیت جبھی ہو سکتی ہے کہ

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

قلب کو اس کی تحصیل سے خالی کرے سوچ اور فکر ہی میں نہ پڑے ورنہ ہر وقت یہ فکر کہ جمعیت میسر ہو۔ خود ایسی چیز ہے کہ اگر کچھ جمعیت نصیب بھی ہوئی تو یہی فکر کر کے یہ اپنے ہاتھ سے خود اس کو برباد کر رہا ہے ایسا کرنا بالکل اس شعر کے مصداق ہے۔

یکے برسر شاخ و بن مے برید　　خدا وند بستاں نگہ کرد و دید

جس شاخ پر بیٹھا ہے اسی کو کاٹ رہا ہے۔ اسی طرح یہ لوگ اپنے ہاتھوں قلب کو مشوش کر رہے ہیں۔ اور مشوش رہنے کی وجہ یہی ہے کہ غیر اختیاری چیزوں کے پیچھے پڑے ہوئے ہیں۔ جمعیت نہ ہونے کے سبب نماز میں بھی لوگوں کو وساوس آتے ہیں اور اکثر ان کی شکایت کیا کرتے ہیں اور دفع کی تدبیر پوچھا کرتے ہیں۔ میں کہا کرتا ہوں کہ اس طرف خیال ہی مت کرو التفات ہی مت کرو بلکہ ایسے موقع پر مفید صورت یہی ہے کہ اپنے کام میں لگے رہیں۔ ان وساوس کی طرف التفات ہی نہ کریں نہ جلباً نہ سلباً کیونکہ یہ التفات ایسا ہے جیسے بجلی کے تار کو ہاتھ لگانا کہ چاہے دفع کے واسطے ہو چاہے اپنی طرف کھینچنے کے واسطے ہو۔ ہر صورت میں وہ پکڑ لیتا ہے اور میں کہتا ہوں وساوس کی فکر کیوں ہے قلب تو مثل ایک سڑک کے ہے اگر سڑک پر بھنگی چمار بھی چل رہے ہیں اور آپ بھی اس پر سے گزر رہے ہیں تو آپ کا حرج ہی کیا ہے۔ اگر سڑک کے خالی ہونے کے انتظار میں آپ کھڑے رہیں تو کبھی بھی منزل مقصود تک نہ پہنچ سکیں گے البتہ نظام دکن کے لئے تو سڑک خالی بھی ہو سکتی ہے مگر ہر شخص تو نظام نہیں۔ افسوس اب تو ہر شخص نظام بننا چاہتا ہے کہ جیسے ان کے لئے سڑک روک دی جاتی ہے ایسے ہی ہمارے لئے بھی سب گزرنے والوں سے سڑک خالی کر دی جائے۔ ارے بھائی پہلے نظام کے درجہ کے تو ہو جاؤ پھر یہ تمنا کرنا جو نظام کے درجہ کے ہو جاتے ہیں ان کے لئے سڑک بھی صاف کر دی جاتی ہے لوگ وساوس کو حضور قلب میں مخل سمجھتے ہیں لیکن میں کہتا ہوں کہ خود حضور قلب ہی مقصود نہیں صرف احضار قلب مقصود ہے حضور ہو یا نہ ہو جب ہم اس کے شرعاً مکلف ہی نہیں پھر شرع پر زیادت چہ معنی۔

بزہد و ورع کوش و صدق و صفا　　و لیکن میفزائے بر مصطفےٰ

معلوم بھی ہے جیسے عقائد و اعمال کی زیادت علی الحدود بدعت ہے ایسے ہی احوال کی

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

زیادت بھی بدعت ہے یہ ظاہری و باطنی غیر اختیاری امور کا مطلوب نہ ہونا اور اختیاری کا مطلوب ہونا تو نص قطعی سے ثابت ہے۔ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں **ولا تتمنوا مافضل الله به بعضكم علىٰ بعض للرجال نصيب مما اكتسبوا وللنساء نصيب مما اكتسبن واسئلوا الله من فضله ان الله كان بكل شيى عليما**

ترجمہ۔ (اور تم ایسے امر کی تمنا مت کرو جس میں اللہ تعالیٰ نے بعضوں کو بعضوں پر فوقیت بخشی ہے۔ مردوں کے لئے اعمال کا حصہ ثابت ہے اور عورتوں کے لئے ان کے اعمال کا حصہ ثابت ہے اور اللہ تعالیٰ سے اس کے فضل کی درخواست کیا کرو۔ بلاشبہ اللہ تعالیٰ ہر چیز کو خوب جانتے ہیں) تفسیروں میں اس کی شان نزول یہی لکھی ہے کہ مجاہدین کے اجر جہاد کو جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سن کر حضرت ام سلمہؓ نے عرض کیا کہ کاش ہم بھی مرد ہوتیں تو جہاد کرتیں۔ اس پر یہ آیت نازل ہوئی۔ **ما فضل الله به** چونکہ بمقابلہ اکتساب واقع ہوا ہے اس لئے اس سے مراد امور غیر اختیاریہ ہیں آیت کا حاصل یہ ہوا کہ فضائل دو قسم کے ہیں موہوبہ یعنی غیر اختیاریہ مکتسبہ یعنی اختیاریہ حق تعالیٰ نے **ولاتتمنوا ما فضل الله به** میں غیر اختیاری کی تمنا سے نہی فرما دی ہے اور **للرجال نصيب مما اكتسبوا الخ** میں اختیاری کے اکتساب کی ترغیب دی ہے پھر **واسئلوا الله من فضله** میں اس کی اجازت دی ہے کہ اگر فضائل غیر اختیاریہ کو دل ہی چاہے تو بجائے درپے ہونے اور ہوس کرنے کے اس کی دعا کر لیا کرو اس لئے ارشاد فرماتے ہیں۔ **واسئلو الله من فضله** یعنی ثمرات و فضائل کے لئے دعا کرنے کا اذن فرمایا ہے بشرطیکہ اور کوئی امر مانع دعا نہ ہو مثلاً کسی امر کا غیر عادی ہونا جیسے عورت کا مرد بن جانا پھر دعا کر کے بھی حصول کا منتظر نہ رہنا چاہئے۔ اس سے بھی پریشانی ہوتی ہے بلکہ یہ سمجھ لینا چاہئے کہ **ان الله كان بكل شئى عليماً** پس اس میں تعلیم ہے کہ حق تعالیٰ ہی کو مصلحت اور حکمت معلوم ہے وہ ہر ایک کی استعداد کے موافق فضائل و ثمرات خود عطا فرماتے ہیں کبھی دعا سے کبھی بدوں دعا کے تم ایسی غیر اختیاری چیزوں کی ہوس مت کرو اور نہ ان کی افراط کے ساتھ تمنا کرو اور آج کل اکثر لوگوں نے ایسی ہی چیزوں کی تمنا کو اختیار کر رکھا ہے کہ جن کے حصول کے درپے ہونے سے منع کیا ہے یہی سبب

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

ہے زیادہ تر لوگوں کی ناکامی کا۔ اور پریشانی کا۔ ایک مولوی صاحب نے دریافت کیا کہ حضرت بلاقصد اگر پچھلے گناہ یاد آجائیں تو اس وقت کیا کرنا چاہئے۔ فرمایا کہ توبہ خالص وکامل کر چکنے کے بعد دو امر کی ضرورت ہے۔ ایک تو یہ کہ خود ان گناہوں کا قصداً استحضار نہ کرے جو ماضی میں گزر چکے ہیں اور جن سے توبہ کر چکا ہے اور دوسرے آئندہ کے نہ ہونے کی فکر میں پڑے۔ ماضی کا غم اور مستقبل کی فکر یہ دونوں حجاب ہیں اسی کو مولانا فرماتے ہیں۔

ماضی و مستقبلت پردۂ خدا است

خلاصہ یہ ہے کہ قصداً گناہوں کا استحضار نہ کرنا چاہئے اس سے بندے اور خدا کے درمیان حجاب ہو جاتا ہے۔ البتہ جو گناہ بلاقصد یاد آجاوے اس پر مکرر استغفار کر کے پھر اپنے کام میں لگ جاوے زیادہ کاوش نہ کرے۔ البتہ اگر کسی کو استحضار سے ہی کیفیت حجاب کی نہ ہوتی ہو اس کے لئے مضر نہیں مگر پھر بھی ایسا مبالغہ اور غلو نہ کرے جیسے مولانا رائپوری کے پہلے پیر شاہ عبدالرحیم صاحب ایک قصہ فرماتے تھے کہ رمی جمار کے موقعہ پر میں نے ایک شخص کو دیکھا کہ ایک لمبا سا جوتہ لئے شیطان کو مار رہا ہے اور کہہ رہا ہے کہ تو نے فلاں دن مجھ سے زنا کرایا تھا فلاں دن چوری کرائی تھی فلاں فلاں دن گناہ کرائے تھے۔ شاہ صاحب نے ٹوکا کہ یہ کیا واہیات حرکت ہے تو بہت خفا ہوا اور کہا کہ جو اس کا ساتھی ہے وہ بھی آجاوے۔ شاہ صاحب نے کہا کہ بھائی میرا کیا بگڑتا ہے بلکہ میری طرف سے بھی دو جوتے لگا دے۔ مجھے بھی بہت پریشان کیا ہے۔ بعضے جاہل ترک تو وہاں بجائے کنکریوں کے بندوق سے گولیاں مارا کرتے تھے۔ یہ سمجھتے ہوں گے کہ کنکریوں سے شیطان پر کیا اثر ہوگا اس خبیث پر تو گولیاں برسانی چاہئیں۔ ایسی فضولیات اور خرافات میں پڑنا حقیقت میں اپنے وقت کو برباد کرنا ہے۔ حضرت رابعہ بصریہ نے تو بلاضرورت شیطان پر لعنت کرنے کو بھی پسند نہیں فرمایا۔ پھر ان ہی مولوی صاحب نے حدیث کی اس دعا کا مطلب دریافت کیا اللھم اجعل وساوس قلبی خشیتک وذکرک واجعل ھمتی وھوای فیما تحب و ترضیٰ فرمایا کہ اس کے تین معنی ہو سکتے ہیں۔ ایک یہ کہ بجائے وساوس کے خشیت و ذکر قلب میں پیدا ہو جائے اور جعل ایسا ہوگا جیسا اس حدیث میں ہے من

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

جعل الهموم هما واحداً یعنی پہلی چیز زائل ہو جاوے اور دوسری پیدا ہو جاوے۔ دوسرے یہ کہ وساوس ذریعہ خشیت وذکر کا بن جائیں جیسا کہ حضرت حاجی صاحب رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا تھا کہ وساوس کو مراۃ جمال خداوندی بنالے اس طرح سے کہ جب وساوس بند نہ ہوں مراقبہ کرے کہ اللہ اکبر قلب کو بھی کیسا بنایا ہے کہ اس کے خیالات کی انتہا ہی نہیں پس اس صنعت کے مراقبہ میں لگ جاوے۔ تیسرے یہ کہ حق تعالیٰ کو یہ بھی قدرت ہے کہ خود وساوس ہی کو خشیت وذکر کر دیں جیسا کہ مولانا فرماتے ہیں۔

کیمیا داری کہ تبدیلش کنی　　گرچہ جوئے خوں بود نیلش کنی

ایں چنیں مینا گریہا کارتست　　ایں چنیں اکسیر ہا ز اسرارتست

اسی دوران گفتگو میں کسی موقع پر ایک صاحب نے عرض کیا کہ حضرت عارف تو اپنے کو رائی کے برابر سمجھتا ہے۔ فرمایا جی ہاں جو رائی (یعنی مبصر) ہوتا ہے وہ اپنے آپ کو رائی سمجھتا ہے۔ پھر ایک مولوی صاحب نے عرض کیا کہ حضرت بعض مرتبہ کسی حسین کا خیال بلاقصد آتا ہے۔ اس کا کیا علاج ہے۔ فرمایا کہ بااختیار خود نہ لایئے اور اگر خود آتا ہے تو آنے دیجئے ذرہ برابر بھی ضرر نہیں مگر قصد سے اس کا ابقاء نہ کرے۔ اور اس کشمکش ہی میں تو اجر بڑھتا ہے اور اگر دفع ہی کرنا ہے تو ایک مراقبہ مفید ہوگا کہ کسی ایسے بنئے کا جو اندھا چوندھا بدشکل ہو جس کی ناک پچکی ہوئی ہونٹ بڑے بڑے توند بڑی سی نکلی ہوئی اور ناک سے رینٹ اور منہ سے رال بہہ رہی ہو تصور کرے انشاء اللہ تعالیٰ وہ خیال جاتا رہے گا اور اگر نہ بھی گیا تو کمی ضرور ہو جائے گی کیونکہ یہ عقلی مسئلہ ہے کہ النفس لاتتوجہ الی شیئین فی آن واحد۔ نفس کو ایک وقت میں دو چیزوں کی طرف پوری توجہ نہیں ہو سکتی۔ لیجئے ہم نے کافر سے بھی دین کا کام لے لیا۔ بس تو جب وسوسہ آئے ہمت سے اپنے قلب کو بہ تکلف دوسری طرف متوجہ کر دے اور بالکل نکل جانا تو مطلوب ہی نہیں اگر آدمی بچنا چاہے اور ہمت اور قوت سے کام لے تو خدا مدد کرتا ہے رفتہ رفتہ بالکل بھی نکل جاتا ہے اور اگر نہ بھی نکلے تو کلفت برداشت کرے اگر خدانخواستہ کوئی مرض عمر بھر لگ جائے تو وہاں کیا کرو گے عمر بھر تکلیف کو طوعاً و کرہاً برداشت ہی کرنا پڑے گا یہاں بھی یہی کرو اور اگر اس پر راضی نہیں تو

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

کوئی دوسرا خدا تلاش کرو حضرت سرمد نے خوب فیصلہ فرمایا ہے۔ کہتے ہیں۔

سرمد گلہ اختصار می باید کرد　　یک کار ازیں دو کار می باید کرد
یا تن بہ رضائے دوست می باید داد　　یا قطع نظر زیار می باید کرد

میں کسی کو سعی و کوشش سے اپنی اصلاح کی فکر سے منع نہیں کرتا ہاں غلو سے منع کرتا ہوں نہ تو خلو ہو نہ غلو بلکہ علو ہو اور اگر کسی کو ہوس ہوتی ہو کہ عارفین کو عبادت میں کیا کچھ لطف اور مزے آتے ہوں گے چنانچہ خود آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں جعلت قرة عینی فی الصلوٰة نماز میری آنکھ کی ٹھنڈک ہے تو خوب سمجھ لیجئے کہ جہاں ان کے لئے لذت اور مزہ ہے وہاں ایک شے اور بھی تو ہوتی ہے جو سارے مزوں کو ملیا میٹ کر دیتی ہے وہ ہیبت اور خشیت ہے کہ جس سے سارا مزہ گرد ہو جاتا ہے۔ خود جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی نماز میں یہ حالت ہوتی تھی۔ له ازیز کازیز المرجل یعنی نماز میں جس کو حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی آنکھوں کی ٹھنڈک فرمایا ہے۔ آپ کے سینہ مبارک کی بوجہ غلبہ خوف و خشیت کے ایسی حالت ہوتی تھی جیسے کوئی ہانڈی چولہے پر چڑھی ہوئی ہو اور اس میں ابال آ رہا ہو کھد بد کھد بد آواز آ رہی ہو۔ نیز حضور صلی اللہ علیہ وسلم قہقہہ نہیں فرمایا کرتے تھے اور دائم الفکر رہا کرتے تھے۔ تو جناب آپ کو کیا خبر کہ جن کو آپ سمجھتے ہیں کہ بڑے مزے میں ہوں گے ان پر کیا کیا گزرتی رہتی ہے۔ اسی کو ایک عارف فرماتے ہیں۔

اے ترا خارے بہ پا شکستہ کے دانی کہ چیست　　حال شیرانے کہ شمشیر بلا بر سر خورند

اس سے معلوم ہوتا ہے کہ اصل مقصود تو ہیبت و خشیت ہی کا القاء کرنا ہے اور مزہ اس واسطے دے دیتے ہیں کہ ہیبت و خشیت کا تحمل ہو سکے اسی کو فرماتے ہیں ؎

گر تو ہستی طالب حق مرد راہ　　درد خواہ و درد خواہ و درد خواہ

اردو کا بھی ایک شعر اسی کو ظاہر کرتا ہے ؎

درد دل کے واسطے پیدا کیا انسان کو　　ورنہ طاعت کیلئے کچھ کم نہ تھے کروبیاں

اس پر مجھے اپنے بچپن کی ایک حکایت یاد آئی۔ ایک مرتبہ مجھ کو خارش کا عارضہ ہو گیا والد صاحب اس زمانہ میں میرٹھ میں ملازم تھے اول یہاں وطن میں علاج کیا کوئی نفع نہ

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

ہوا۔ خون میں اس قدر حدت پیدا ہوگئی تھی کہ بعض اطباء نے احتراق کا اندیشہ بتلا دیا تھا چنانچہ میں علاج کے لئے والد صاحب کے پاس میرٹھ چلا گیا۔ والد صاحب پر بوجہ شفقت کے بیحد اثر ہوا ایک جراح کو دکھلایا اس نے ایک نہایت تلخ دوا دی جو دہی میں کھائی جاتی تھی۔ والد صاحب یہ کرتے کہ کچھ دہی پہلے ہاتھ پر رکھتے پھر اس پر دوا رکھتے اور پھر اس پر دہی رکھ کر مجھ کو کھلا دیتے اس کے کھانے سے تمام حلق کڑوا ہو جاتا اور بہت دیر تک اس کی تلخی کا اثر رہتا۔ اب ظاہر ہے کہ مقصود دہی کھلانا نہ تھا بلکہ اس تلخ دوا کا کھلانا تھا۔ اور دہی کے ساتھ اس لئے کھلاتے تھے کہ تلخی کی ناگواری کسی قدر کم ہو جائے اور وہ دوا کھائی جا سکے ورنہ اس میں اس قدر تلخی تھی کہ بلا دہی کے میں کھا ہی نہیں سکتا۔ لیکن باوجود اس کے بھی اس دوا ہی کی تلخی غالب رہتی تھی اسی طرح یہاں سمجھ لیجئے کہ لذت مقصود نہیں۔ مقصود خوف وخشیت ہی ہے لیکن لذت اس لئے دے دی جاتی ہے کہ خشیت کی سہار ہو سکے۔ پھر بھی غلبہ خشیت ہی کا رہتا ہے اور کیوں نہ ہو بندہ پیدا ہی اس واسطے ہوا ہے کہ وہ اس کشمکش میں رہے ورنہ عالم ارواح ہی سے آنے کی کیا ضرورت تھی اس امتحان ہی کے لئے تو یہاں بھیجے گئے ہیں اور یہی تو حکمت روح کو جسد کے ساتھ متعلق کرنے میں ہے۔ جب تک جسد کے ساتھ روح کا تعلق ہے یہی کشاکش رہے گی اس سے چھٹکارا کی تمنا ہی کرنا فضول ہے انسان اس کشمکش ہی کے لئے پیدا کیا گیا ہے ورنہ عبادت کے لئے فرشتے کیا کچھ کم تھے۔ شاہ نیاز اسی کو کہتے ہیں۔

کیا ہی چین خواب عدم میں تھا نہ تھا زلف یار کا کچھ خیال
سو جگا کے شور ظہور نے مجھے کس بلا میں پھنسا دیا

مجذوب کا قول ہے

کہاں تھا کون تھا اور اب کہاں ہوں کیا ہوں میں
اس آب و گل کے جو دلدل میں آ پھنسا ہوں میں

تھے کہاں گردش تقدیر کہاں لائی ہے
بادہ پیمائی تھی یا بادیہ پیمائی ہے

{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1

یہ بندہ ہے مگر خدا بن کر رہنا چاہتا ہے کہ جو میرا جی چاہے وہ ہو۔ بس حقیقت یہ ہے کہ لذت مقصود ہی نہیں۔ مقصود نصب و وصب ہے۔ اسی واسطے انبیاء علیہم السلام بھی اس سے خالی نہ رہے۔ خود حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو بخار میں شدت ہوئی تا کہ ثواب مضاعف ہو۔ اگر یہ کوئی چیز مقصود نہ تھی تو انبیاء علیہم السلام بالخصوص ہمارے حضور صلی اللہ علیہ وسلم اس سے کیوں بری نہ رہے۔ مولانا فرماتے ہیں۔

زاں بلاہا کانبیاء برداشتند　　سر بہ چرخ ہفتمیں افراشتند

خود حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا **اشد الناس بلاءً الانبیاء ثم الا مثل فالامثل** دیکھئے اشد بلاءً فرمایا اکثر راحۃ نہیں فرمایا اور وساوس کی طرف سے تو ہم کو بالکل مطمئن فرما دیا گیا ہے۔ حضرات صحابہ سے بڑھ کر تو ہم نہیں ہو سکتے ان حضرات کو بھی ایسے ایسے وسوسے آتے تھے کہ جن کے بارہ میں انہوں نے اس عنوان سے حضور میں عرض کیا کہ ان کو ظاہر کرنے سے جل کر کوئلہ ہو جانا سہل ہے تو دیکھئے ان حضرات کو بھی کیسے کیسے خوفناک وسوسے آتے تھے مگر حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے جواب میں ارشاد فرمایا **ذالک صریح الایمان** ظاہر ہے کفر کے وسوسہ سے بڑا وسوسہ تو کوئی نہیں ہو سکتا اس کا بھی یہی حکم ہے اور جب اس قسم کے وساوس کا قلب پر ہجوم ہو تو وہی نسخہ استعمال کرے کہ اپنے خیال کو کسی دوسری طرف متوجہ کر دے خواہ کسی دنیا ہی کی طرف مثلاً گاجر کا حلوا، شلجم کا اچار اور اس کے اوزان اور ترتیب میں قلب کو مشغول کر دے۔ اس طرح قلب کو متوجہ کرنے میں چند روز تو تعب ہوگا مگر پھر انشاء اللہ تعالیٰ بڑی سہولت سے وساوس کی مرافعت پر قدرت ہو جائے گی آخر میں بطور تحدث بالنعمۃ کے فرمایا کہ میں سچ عرض کرتا ہوں کہ مجھ کو ہر الجھن میں سیدھا راستہ نظر آ جاتا ہے۔ اللہ تعالیٰ کا لاکھ لاکھ شکر ہے کہ طریق کے سمجھنے میں اب کوئی پیچیدگی نہیں رہتی۔



{Telegram} https://t.me/pasbanehaq1